DUE DATE

Cl. No. Acc. No.

L... ... ...ary ... 25 Paise ... ... Text Book
Re. 1 ... ... Night Book Re. 1 ... ... day.

تهذيب الاخلاق

جلد سوم

بابت سال تمام سنه ۱۲۸۹ هجري

سنه ۱۲۸۹ هجري مطابق سنه ۱۸۷۳ ع

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران تہذیب الاخلاق

اُن صاحبوں کو جنکے پاس تہذیب الاخلاق سنہ ۱۲۸۹ ہجری جمع ہی مناسب ہی کہ اب اُسکو ایک جلد میں مجلد فرمالیں اور یہہ دو ورقہ جس میں پہلا ورق بطور ٹیٹل بھیج کے ہی اور دوسرے ورق پر فہرست مضامین کی اُس جلد کے اول لگادیں تاکہ وہ سب پرچے بصورت کتاب بن جاویں اور فہرست سے مضامین کا نکالنا جب چاہیں آسان ہو جاوے *

فہرست مضامین تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۸۹ ہجری

اطلاع

بخدمت معاونان و خریداران تہذیب الاخلاق

اُن صاحبوں کو جنکے پاس تہذیب الاخلاق سنہ ۱۲۸۹ ہجری جمع ہی مناسب ہی کہ اب اُسکو ایک جلد میں مجلد فرمالیں اور یہہ دو ورقہ جس میں پہلا ورق بطور تیتل پیج کے ہی اور دوسرے ورق پر فہرست مضامین کی اُس جلد کے اول لگادیں تاکہ وہ سب پرچے بصورت کتاب کی ہوجاویں اور فہرست سے مضامین کا نکالنا جب چاہیں آسان ہو جاوے *

اشتهار

معاوضهٔ اخبار

هم نے کچهه عرصه سے تهذیب‌الاخلاق کا معاوضه اور اخباروں سے صرف اس خیال سے نهیں کیا تها که جو اخبار معاوضه میں همارے پاس آوینگے اُن سے صرف مجهکو فائده هوگا اور تهذیب‌الاخلاق کے اور ممبروں کو اُن سے کچهه فائده نه پهونچیگا — لیکن اب اکثر صاحبوں کی رائے هوئی هی که معاوضه کرنا چاهیئے اسلیئے اب هم اطلاع دیتے هیں که جو مهتممان اخبار همارے پرچه تهذیب‌الاخلاق سے معاوضه کرنا چاهینگے تو هم بهت خوشی اور شکرگذاری سے معاوضه کو منظور کرینگے *

راقم

سید احمد

منیجر اور ممبر تهذیب‌الاخلاق

اطلاع

بخدمت خریداران تهذیب‌الاخلاق

چونکه ماه محرم قریب آیا هی اور سال سنه ۱۲۸۹ هجری ختم هونے کو هی اسلیئے خریداران تهذیب‌الاخلاق کی خدمت میں التماس هی که قبل اختتام سال هجری چار روپیه زر قیمت تهذیب‌الاخلاق بابت سال سنه ۱۲۹۰ هجری پیشگی مرحمت فرماویں جن صاحب کے پاس سے پیشگی زر قیمت قبل اختتام سال هجری نه آویگا اُن کے نام پر یکم محرم سنه ۱۲۹۰ هجری سے تهذیب‌الاخلاق روانه نهوگا *

راقم

سید احمد

از بنارس

فہرست مضامین تہذیب الاخلاق بابت

سنہ ۱۲۸۹ ہجری

حافظ محمد حسین صاحب
از اجمیر از ابتدای شوال سنہ ۱۲۸۷
لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري .. لعہ

بابو کاشي ناتهہ بسواس بہادر
سب آرڈینٹ جج الہ آباد بابت
سنہ ۱۲۸۹ هجري .. ... للعہ

مولوي منیرالدین صاحب منصف
جونپور ابتدای شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت
سنہ ۱۲۸۹ هجري .. ... لعہ

راجہ جیکشن داس بہادر سي
ایس آئي ابتدای شوال سنہ ۱۲۸۷
لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري ... لعہ

سید میر بادشاہ صاحب منصف
کانپور ابتدای شوال سنہ ۱۲۸۷
لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري .. لعہ

ڈاکٹر محمد شایق خاں صاحب
سب اسسٹنٹ سرجن گورکهپور ابتدای
شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت سنہ ۱۲۸۹
هجري ... ... لعہ

منشي بنیاد علي صاحب منصرم
عدالت صدر امیني گورکهپور بابت
سنہ ۱۲۸۹ هجري ... ... للعہ

منشي غلام حسین صاحب صوبہ دار
رجمنٹ ۲۸ بابت سہ ماهي سنہ ۱۲۸۷
و سالتمام سنہ ۱۲۸۹ هجري ... صمہ

شیخ رعایت حسین صاحب وکیل
عدالت هر دوئي بابت سنہ ۱۲۸۹
هجري ... . للعہ

مولوي محمد اکرام‌الله خاں صاحب
اکسترا اسسٹنٹ کمشنر هر دوئي بابت
سنہ ۱۲۸۹ هجري .. .. للعہ

سکرتري انجمن علمي دهلي
بابت سنہ ۱۲۸۹ .. .. للعہ

پادري رجب علي صاحب از
ابتدای ۱۵ صفر سنہ ۱۲۸۹ لغایت
۱۵ صفر سنہ ۱۲۹۰ هجري . للعہ

جناب جي آرریک صاحب بہادر
مہتمم بندوبست اعظم گڈہ بابت سہ
ماهي سنہ ۱۲۸۹ هجري ... صمہ

شیخ الطاف حسین صاحب از لکهنو
بابت سنہ ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

هز هینس مہاراجہ رچہ نگرم
از ابتدای شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت
سنہ ۱۲۸۹ هجري .. .. لعہ

سید عزت حسین صاحب وکیل
عدالت بلند شہر ابتدای شوال
سنہ ۱۲۸۷ لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري لعہ

محمد حسین خاں صاحب وکیل
عدالت بلند شہر ابتدای شوال
سنہ ۱۲۸۷ لغایت سنہ ۱۲۸۹ .. لعہ

قاضي محمد جمال‌الدین صاحب
وکیل عدالت بلند شہر بابت
سنہ ۱۲۸۹ ... ... للعہ

منشي چني لال صاحب وکیل
عدالت بلند شہر ابتدای شوال
سنہ ۱۲۸۷ لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري لعہ

سید امداد حسین صاحب مختار
عام منشي گوپال رای صاحب بابت
سنہ ۱۲۸۹ هجري .. .. للعہ

مولوي عبدالحي صاحب وکیل
عدالت بلند شہر بابت سنہ ۱۲۸۹
هجري .. .. .. للعہ

سید عنایت علي صاحب محرر
منشي چني لال صاحب وکیل بلند شہر
بابت سنہ ۱۲۸۹ .. .. للعہ

لالہ سدها شنکر صاحب وکیل
عدالت بلند شہر بابت سنہ ۱۲۸۹
هجري ... ... للعہ

سید عنایت علي صاحب نایب
بخشي سرکار پٹیالہ بابت سنہ ۱۲۸۹
هجري ... . للعہ

حساب جمع خرچ پرچۀ تهذیب‌الاخلاق بابت سنۀ ۱۲۸۹ هجري *

باقیات سابق تحویل منیجر .. ۱۱۲ عــه ۹ر

آمدني از چندۀ ارممبران *

مولوي محمد سمیع‌الله خان صاحب وکیل هائي کورت الهٔ‌آباد ســه

مولوي سید زین‌العابدین صاحب صدر امین بلند شهر .. .. ســه

منشي الهي بخش صاحب سب اسسٹنٹ انجینیر بهادر نهر گنگ ســه

میر سید ظهور حسین صاحب وکیل هائي کورت الهٔ‌آباد .. ســه

مرزا عابد علي بیگ صاحب منصف هاترس ضلع علیگڈھ .. ســه

حافظ احمد حسن صاحب رئیس بدایون مقیم لندن سفیر نواب صاحب سابق والي ٹونک .. ... ســه

قاضي شهاب‌الدین صاحب وزیر مهاراجه کچهه بالفعل وارد زنجبار ســه

سید محمد احمد خان صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر گونڈه متعلق اودهٔ .. .. ســه

میر تراب علي صاحب ڈپٹي کلکٹر مین پوري .. .. ســه

مرزا محمد رحمت‌الله بیگ صاحب رئیس بنارس وکیل عدالت .. ســه

مولوي سید مهدي علي صاحب رئیس اٹاوه ڈپٹي کلکٹر بهادر مرزاپور ســه

مولوي محمد یوسف صاحب رئیس علیگڈه وکیل عدالت و انریري مجسٹریٹ .. .. .. ســه

سید احمد خان بهادر سي ایس آئي جج سمال کاز کورٹ بنارس ســه

آمدني سالانه از خریداران اخبار

پادري ایم اے شیرنگ صاحب ایم اے بابت سنۀ ۱۲۸۹ هجري للعه

خواجه احمد حسن صاحب انسپکٹر پولس شاهجهانپور ابتدای ۱۹ ذیقعده سنۀ ۱۲۸۸ لغایته آخر سنۀ ۱۲۸۹ هجري للعه ۸ر

مولوي فدا علي صاحب از مقام میرٹهه بابت سنۀ ۱۲۸۹ ... للعه

شیخ فخرالدین احمد صاحب هیڈ ماسٹر ضلع اسکول نرسنگهپور بابت سنۀ ۱۲۸۹ ... ... للعه

مولوي عبیدالله صاحب پروفسر عربي و انگریزي هوگلي کالج بابت سنۀ ۱۲۸۹ هجري .. .. للعه

مولوي علي بخش خان صاحب بهادر سب آرڈینٹ جج گورکهپور ابتدای شوال سنۀ ۱۲۸۷ لغایت آخر سنۀ ۱۲۸۹ هجري ... لعه

محمد معصوم خان صاحب منصرم عدالت ججي گورکهپور ابتدای شوال سنۀ ۱۲۸۷ لغایت سنۀ ۱۲۸۹ هجري لعه

صفدر حسین خان صاحب ناظر عدالت دیواني گورکهپور ابتدای شوال سنۀ ۱۲۸۷ لغایت سنۀ ۱۲۸۹ هجري .. .. لعه

شيخ محمد قدرت‌الله صاحب
سوداگر مقيم پټياله بابت سنه ۱۲۸۹
هجري ... ... للعہ

جنابعالي خليفه سيد محمد
حسن صاحب وزير اعظم رياست پټياله
از ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت
سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... لعہ

سيد محمد علي صاحب
سرشته دار اجلاس خاص سريحضور
مهاراجه پټياله بابت سنه ۱۲۸۹
هجري ... . للعہ

شيخ فخرالدين صاحب سول جج
پټياله بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

سيد مر... كرامت علي صاحب وكيل
... سنه ۱۲۸۹ هجري للعہ
سركار پټياله بابت
... صاحب تحصيلدار
مرزا احمد بيگ
۱۲۸۹ هجري ... للعہ
پټياله بابت سنه
... علي خان صاحب وكيل
نواب تفـ...
...پور بابت سنه ۱۲۸۹ هجري للعہ
عدالت

شيخ ولايت علي صاحب رئيس
كانپور بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

سيد عبدالحكيم صاحب وكيل
عدالت كانپور بابت سنه ۱۲۸۹ هجري للعہ

سيد محمد صاحب رئيس قصبه
سواي كهنا از ابتداي شوال
سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري لعہ

سيد وزير حيدر صاحب بابت
سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... للعہ

سيد علاءالدين صاحب تحصيلدار
رتلام بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

منشي اودة بهاري لال صاحب
پيشكار كلكٹري بنارس بابت سنه ۱۲۸۹
هجري ... ... للعہ

منشي رادهے كشن صاحب پيشكار
بنارس بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

محمد سلطان خان صاحب ڈپٹي
مجسٹريٹ نهر گنگ بابت سنه ۱۲۸۹
هجري ... ... للعہ

سيد عطاءالله صاحب از ناگپور
بابت سنه ۱۲۸۹ ... ... للعہ

نواب محمد علي خان صاحب
رئيس جهانگير آباد بابت سنه ۱۲۸۹ للعہ

شيخ عبدالقادر صاحب انسپكٹر
پولس پونا بابت سنه ۱۲۸۹ ... للعہ

محمد ركن‌الدين احمد صاحب
ڈپٹي انسپكٹر مدارس ضلع گورکهپور
ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت
سنه ۱۲۸۹ ... ... لعہ

منشي سيد ابراهيم صاحب
حسيني بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

منشي تفضل حسين صاحب
سرشته دار كلكٹري ضلع بستي
بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للعہ

منشي درگا پرشاد صاحب مترجم
عدالت بنارس ابتداي شوال
سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۸ هجري عہ

راجه شمبهو نراين سنگه بهادر
راجه بنارس از ابتداي شوال
سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري لعہ

مولوي سيد فضل‌الرحمن صاحب
رئيس پٹنه ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷
لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري ... لعہ

ٹهاكر گرپرشاد سنگه صاحب بهادر
رئيس بيسواں ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷
لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري ... لعہ

مولوي فخرالدين خان صاحب
ڈپٹي انسپكٹر مدارس بدايوں ... لعہ
بابت قيمت پرچه هاى متفرق ... للعہ
۲ر۹ پائي

پیشگی جو خریداروں سے وصول ہوا بابت سال آیندہ

مولوي سید علاءالدین صاحب تحصیلدار وللام از ابتدای محرم سنہ ۱۲۹۰ لغایت ۱۵ صفر سنہ ۱۲۹۰ ۸ر

منشي محمد سلطان خاں صاحب ڈپٹي مجسٹریٹ نہر گنگ از ابتدای محرم سنہ ۱۲۹۰ لغایت ۱۵ صفر سنہ ۱۲۹۰ .. .. .. ۸ر

سید عطاءالله خاں صاحب از ناگپور ابتدای محرم سنہ ۱۲۹۰ لغایت ۱۵ صفر سنہ ۱۲۹۰ .. ۸ر

ٹھاکر گرپرشاد سنگھ صاحب بہادر رئیس بیسواں بابت سنہ ۱۲۹۰ .. للعہ

حکیم محمد امجد علي خاں صاحب تحصیلدار متھرا بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ .. .. للعہ

مولوي سید فضل الرحمن صاحب رئیس پٹنہ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ وسہ ماهي اول سنہ ۱۲۹۱ صمہ

منشي الهي بخش صاحب اسسٹنٹ انجینیر نہر گنگ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ .. .. للعہ

منشي غلام مُرتضي خاں صاحب وکیل منصفي فتح آباد ضلع آگرہ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ .. للعہ

سید عنایت علي صاحب نایب بخشي سرکار پٹیالہ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ .. .. للعہ

شیخ قدرت الله صاحب سوداگر پٹیالہ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ ... للعہ

بابو مادھو داس عرف سوندی داس رئیس بنارس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ للعہ

لاله اندي سہاي صاحب تعلقہ دار فتح پور هسوا بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ ... ... للعہ

شیخ عبدالقادر صاحب انسپکٹر پولس پونا بابت سہ ماهي اول سنہ ۱۲۹۰ ... ... صمہ

مولوي علي بخش خاں صاحب سپار ڈینٹ جج بہادر گورکھپور بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ ... للعہ

مولوي فخرالدین خاں صاحب ڈپٹي انسپکٹر مدارس بدایوں بابت سنہ ۱۲۹۰ ... . للعہ

میزان کل الـ ۲ صا ۱۳ر ۹ پائي

اخراجات بابت سنہ ۱۲۸۹ هجري

خرید کاغذ از کلکتہ و لندن معہ اخراجات ۹

حسب انسپکٹر

اُجرت چھپائي اخبار لغا ذي الحجہ سنہ ۱۲۸۹ .. للعہ

اُجرت چھاپہ حساب و طریقہ تعلیم مدرستہ العلوم مسلمانان جو میڈیکل هال پریس بنارس میں چھپا .. .. .. ۸ر للعہ

محصول خطوط و تقسیم پرچہ تهذیب الاخلاق معہ محصول آمد و رفت صندوقہای پرچہ مذکور از علیگڈہ و بنارس .. .. ۱۴ر ۹ پائي

بابت اخراجات هنڈآوں ... ۳ر

دو عدد الماري واسطے رکھنے تهذیب الاخلاق کے ... ...

دو صندوق واسطے آمد و رفت اخبار کي از علیگڈہ تا بنارس ...

تنخواہ محرر بابت سال سنہ ۱۲۸۹ هجري ... ...

سایر خرچ ... ... للعہ ۸ر

میزان کل الـ ۱۳ ۱ر ۹ پائي

باقي بتحویل منیجر لغایت آخر ذي الحجہ سنہ ۱۲۸۹ ... ۱۱ر ۹ پائي

سید مر
سرکار پٹیالہ بابت
مرزا احمد بیگ
پٹواتہ بابت سند
نواب ثاقب
عدالت کا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

یکم محرم الحرام سنہ ۱۲۸۹ ہجری

[نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و تصرف منافع
تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت
ول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے
را و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور
ندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ
تضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ
ت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ
ق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ
ر آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا
ر بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین
تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنہی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط امور اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

تہذیب الاخلاق　　یکم محرم سنہ ۱۲۸۹ ہجری　　تہذیب الاخلاق

مضمون نمبر ۶۴

تہذیب الاخلاق

ہمارے اس پرچہ کی عمر سوا برس کی ہوئی اور تریسٹھ مضمون اس میں چھپے اب ہمکو سوچنا چاہیئے کہ ہم کو اس سے قومی تہذیب اور قومی ترقی حاصل ہونے کی کیا توقع ہی *

انسان ایک ایسی ہستی ہی کہ آیندہ کی خبر اُس کو نہیں ہوسکتی مگر گذشتہ زمانہ کے تجربہ سے آیندہ زمانہ کی اُمیدوں کو خیال کرسکتا ہی پس ہم نو اس پرچہ کی بابت آیندہ زمانہ کی پیشین گوئی کرنے کے لیئے پچھلے حالات اور واقعات پر نظر کرنی چاہیئے *

جب ہم اچھہ اُوپر پچھلے ڈیڑہ سو برس کی دنیا پر نظر ڈالتے ہیں تو ہم پاتے ہیں کہ لندن میں بھی وہ زمانہ ایسا ہی تھا جیسا کہ اب ہندوستان میں ہی اور وہاں بھی اُس زمانہ میں اسی قسم کے پرچے جاری ہوئے تھے جن کے سبب تمام چیزوں میں تہذیب و شایستگی پیدا ہوئی تھی پس اول ہم اُن پرچوں کا کچھہ حال بیان کرتے ہیں اور پھر اس پرچہ تہذیب الاخلاق کو اُن سے مقابلہ کرینگے اور پھر آیندہ کی حالت ہندوستان کا اُس پر قیاس کرکر اپنی قومی ترقی کی نسبت پیشین گوئی کرینگے *

جب کہ یورپ میں باہمی ملکی لڑائیوں کا زمانہ تھا تو بہت سے بڑے بڑے شہروں میں اخبار کا چھپنا اور پھیلنا شروع ہوگیا تھا اور خاص لندن میں بھی اخبار چھپنے لگا تھا مگر اپنی قوم کی روز مرہ کی زندگی اور اُس کے مزاج اور عادت اور خصلت پر نکتہ چینی کرنے اور اُس میں سے برائیوں کے نکالنے اور عمدہ اور نیک خصلتوں کو ترقی دینے کا کسی کو کسی ملک میں خیال نہ تھا ہاں البتہ فرنچ لوگوں نے اس پر اچھہ خیال کیا تھا اور سولھویں صدی میں مانٹین صاحب نے جو ایک مشہور فرنچ عالم تھے خصلت و عادت پر کچھہ مضمون چھپوائے تھے اُس کے بعد لابروے صاحب نے جو ایک فرنچ عالم تھے ایک کتاب چھاپی تھی جس میں چودھویں لوئی بادشاہ فرانس کے دربار کی بناوٹوں کو نہایت سلیقہ کی طعنہ ظنی سے بیان کیا تھا لیکن کسی شخص کو یہہ خیال نہ آیا تھا کہ کوئی ایسا پرچہ یا رسالہ نکالے جو جلد جلد ایک مناسب میعاد پر چھپا کرے اور قومی برائیوں کو جتایا کرے اور لوگوں کو قومی بھلائی کی ترقی پر رغبت دلاتا رہے مگر خدا نے یہہ کام لندن کے پیغمبروں اور سویلیزیشن کے دیوتاؤں سر رچرڈ اسٹیل اور مسٹر اڈیسن کی قسمت میں لکھا تھا *

سر رچرڈ اسٹیل صاحب نے سنہ ۱۷۰۹ ع میں ایک پرچہ نکالا جس کا نام ٹیٹلر تھا اس کے اصلی ایڈیٹر تو اسٹیل صاحب تھے مگر اڈیسن صاحب بھی کبھی کبھی مدد دیتے تھے یہہ پرچہ ہفتہ میں تین دفعہ چھپتا تھا پہلا پرچہ اس کا بارھویں اپریل سنہ ۱۷۰۹ ع کو نکلا تھا *

سر رچرڈ اسٹیل صاحب نے خود کہا ہی کہ اُن کی غرض اس پرچہ کے نکالنے سے یہہ تھی کہ انسان کی زندگی جو جھوٹی بناوٹوں سے عیب دار ہوتی ہی اُسے بے عیب کریں اور مکاری اور جھوٹی شیخی کو مٹاویں اور بناوٹی پوشاک کو اُتاریں اور اپنی قوم کی پوشاک اور گفتگو اور برتاؤ میں عام سادہ پن پیدا کریں *

اس پرچہ کے صرف دو سو اٹھتر نمبر چھپے چنانچہ اخیر پرچہ اسکا دوسری جنوری سنہ ۱۷۱۱ ع کو چھپا اور پھر بند ہوگیا *

اس کے بعد سر رچرڈ اسٹیل اور مسٹر اڈیسن صاحب نے ملکر ایک اَور پرچہ نکالا اور اُس کا نام "اسپکٹیٹر" رکھا یہہ پرچہ ہر روز چھپتا تھا اور وہی دونوں صاحب اخیر تک اُس میں مضمون لکھا کرتے تھے پہلا پرچہ اسکا یکم مارچ سنہ ۱۷۱۱ ع کو چھپا تھا اور صرف تین سو پینتیس نمبر اس کے چھپے تھے *

یہہ پرچہ اپنے زمانہ میں بے نظیر تھا اور صرف ٹیٹلر ہی اس نے نہیں بہلا دیا تھا بلکہ اُس زمانہ میں جس قدر کتابیں قسم کی تصنیف ہوئی تھیں اُن سب پر فضیلت رکھتا تھا — عمدہ اخلاق و اداب اس میں لکھے جاتے تھے خویش و اقارب کے ساتھ سلوک کرنے کے عمدہ قاعدے اُس میں بیان ہوتے تھے اس بات انسان اپنی اُس قوت کو جس کا نام شوق ہی کس طرح دیکھہ بھال اور سوچ بچار کر کس بات میں صرف کرے نہایت عمدگی سے ذکر ہوتا تھا اور ہر ایک مضمون نہایت خوبی اور بردباری اور عجیب و غریب مذاق سے بھرا ہوتا تھا *

یہہ پرچہ اس لیئے بھی بے انتہا تعریف کا مستحق ہی کہ اس نے طرز تحریر لوگوں کو سکھادی اور لوگوں کی گفتگو کو جو بری کلمات اور بد محاورات اور ناپاک قسموں سے خراب ہو رہی تھی درست کردیا *

ہر روز صبح کو یہہ پرچہ نکلا کرتا تھا اور حاضری کھانے کے وقت تک لوگوں کے پاس آجاتا تھا اور حاضری ہی کی میز پر لوگ اُس کو پڑھا کرتے تھے سنہ ۱۷۱۳ ع میں اس کا چھپنا موقوف ہوگیا *

اُس کے بعد سر رچرڈ اسٹیل نے مسٹر اڈیسن صاحب کی مدد سے ایک اور پرچہ نکالا جس کا نام گارڈین تھا یہہ پرچہ بھی

تہذیب الاخلاق — یکم محرم سنہ ۱۲۸۹ ہجری — تہذیب الاخلاق

ہر روز چھپتا تھا اور صرف ایک سو چھہتر نمبر اس کے نکلے تھے جو بند ہوگیا *

اس کے بعد اٹھارویں صدی میں بہت سے پرچے اسی مقصد سے نکلے جو اُن میں سے رامبلر اور ایڈونچرر اور آئیڈلر اور ورلڈ اور مرر اور لاونجر نے کچھہ شہرت پائی اور اِن کے سوا اور کسیکو کچھہ فروغ نہوا *

ان پرچوں کے جاری ہونے سے انگریزوں کے اخلاق اور عادات اور عملداری کو نہایت فائدہ پہنچا اور ہرایک کے دل پر اُس کا اثر ہوا جس زمانہ میں کہ پہلے پہل ٹیٹلر نکلا ہی انگلستان کے لوگوں کی جہالت اور بد اخلاقی اور ناشایستگی نفرت کے قابل تھی وضع دار لوگ کیا مرد کیا عورت تحصیل علم سے نفرت رکھتے تھے اور علم پڑھنے کو [illegible]ہ فروشی و باد فروشی کہتے تھے اور کمینوں کا کام سمجھتے جو اب عام لوگوں میں پھیلا ہوا ہی شاذ و نادر کہیں کہیں پایا جاتا تھا علم کا دعوی تو درکنار جہالت کی شرم بھی کسیکو نہ تھی عورت کا پڑھا لکھا ہونا اُس کی بدنامی کا باعث ہوتا تھا امراؤں کے جلسوں میں اُمورات سلطنت کی باتیں ہوتی تھیں اور عورتیں آپسمیں ایک دوسرے کی بدگوئی کیا کرتی تھیں قسموں پر قسمیں کھانا اور خلاف تہذیب کے باتیں کرنا گویا ایک بڑی وضعداری [illegible]لی جاتی تھی قمار بازی اور شراب خواری اور خانہ جنگی کی کچھہ حد نہ تھی چارلس دوم کے عہد میں جو خرابیاں تھیں وہ شریف اور اعلی درجہ کے لوگوں کی گویا عادت ہوگئی تھی — بیلوں [illegible] بچھڑوں کو کتوں سے پھڑوانا لوگوں کو انعام دیکر لڑوانا اور خود ایسے تماشوں کو دیکھکر خوش ہونا گویا ہرایک امیر کے شوق کی بات تھی *

ان تمام خرابیوں کی درستی میں اسٹیل اور اڈیسن نہایت ہی سرگرم تھے اور جس سرگرمی سے وہ اُس میں مصروف ہوئے ویسی ہی کامیابی بھی اُس میں اُن کو ہوئی *

اسپکٹیٹر میں ایک دفعہ لکھا تھا کہ " میں اخلاق میں خوش طبعی کی جان ڈالونگا اور خوش طبعی کو اخلاق سے ملاؤنگا تاکہ جہاں تک ممکن ہو اُس کے پڑھنے والے دونوں باتوں میں نصیحت پاویں اور تاوقتیکہ لوگ ان تمام خرابیوں سے جن میں اِس زمانہ کے لوگ پڑے ہیں سنبھل نہ جاویں ہر روز اُن کو نصیحت کی باتیں یاد دلاتا رہونگا کیونکہ جو دل ایک دن بھی بیکار پڑا رہتا ہی اُس میں بے شمار عیب جڑ پکڑ جاتے ہیں جنکی ریشے بہت ہی مشکل سے دور ہوتے ہیں — سقراط کی نسبت ایسا کہا گیا ہی کہ اُس نے فلسفہ کو آسمان سے اُتروایا اور اِنسانوں میں بسایا مگر میں اپنی نسبت صرف اِتنا ہی کہلانا چاہتا ہوں کہ میں نے فلسفہ کو مدرسوں اور مکتبوں کے کتب خانوں کی کوٹھریوں میں سے نکالا اور جلسوں اور چاہ و قہوہ پینے کی مجلسوں تک میں پھیلایا اور ہرایک دل میں بسایا " *

اسٹیل اور اڈیسن کی ایسی عمدہ تحریریں ہوتی تھیں کہ اُن کا اثر صرف مجلسوں کی تہذیب و زبان و گفتگو کی شایستگی ہی پر نہیں ہوتا تھا بلکہ اُس زمانہ کے مصنفوں پر بھی اُس کا نہایت عمدہ اثر ہوا تھا *

ڈاکٹر دریک صاحب کا قول ہی کہ عام لوگوں کو علم ادب کا شوق اُسوقت سے ہوا جب سے کہ ٹیٹلر چھپنا شروع ہوا اور اسپکٹیٹر اور گاردین نے اِس شوق کو اور زیادہ بھڑکا دیا — ان پرچوں کی تاثیر صرف لطف دو لحظہ کے لیئے نہ تھی بلکہ انگلستان میں ہر فرقہ کے لوگوں میں نہایت مضبوطی سے پھیل گئی تھی — ان پرچوں سے عام کو جو فائدہ ہوا وہ ہمیشہ یاد رہیگا — اِن پرچوں نے اول اول نہایت خوش اسلوبی سے گذشتہ و حال کے زمانہ کے عمدہ اور لایق مصنفوں کو بتلایا اور اُن کی خوبیوں کی قدر کرنے کا شوق دلایا مشہور ہی کہ ملٹن صاحب کی پارَیڈیز لاسٹ کا جو نہایت عمدہ اور بے نظیر کتاب ہی انھی پرچوں کی بدولت فروغ ہوا — ان پرچوں کے مذاق تحریر اور خیالات کے رنگ ڈھنگ نے بری تحریروں کے اسباب کو بتا دیا اور جھوٹی عبارت آرائی اور لغو انشا پردازی کو جو کسبیوں کے بناؤ سنگار کی مانند تھی اور رنڈیوں کے سے طعنے مہنے یا لونڈوں کی سی گالی گلوج کو تحریروں میں سے بالکل دور کردیا — اچھی و بری تحریروں میں تمیز کرنا اور سنجیدہ اور متین نکتہ چینی اور تحقیقات کا شوق پیدا کیا ذہانت اور متانت دونوں کو ترقی دی اور تحریر میں مناسبت اور تہذیب کا خیال لوگوں کے دل میں بٹھا دیا ان باتوں سے ان پرچوں کے پڑھنے والے لئیق اور عالم مصنفوں کی تصنیفوں سے حظ اُٹھانے لگے اور تمیز کے ساتھہ اُن کی قدر کرنے لگے *

اڈیسن صاحب کی تحریروں سے بالتخصیص طرز عبارت بہ نسبت سابق کے بہت زیادہ صاف و شستہ و سلیس نہایت دلچسپ ہوگئی اور در حقیقت اڈیسن صاحب کی تحریر سے انگریزی زبان کے عام انشا میں ایک انقلاب عظیم واقع ہوگیا — باوجودیکہ زمانہ حال میں تحریروں کے عیب و ہنر کو لوگ خوب جانچتے ہیں اِس پر بھی اڈیسن صاحب کی تحریر پر بجز تعریف کے اور کچھہ نہیں کہسکتے *

علاوہ ان باتوں کے اسپکٹیٹر کے پرچوں میں انسان کے خیالات کے مخرج اور اُن خیالات سے جو خوشیاں حاصل ہوتی ہیں اُنکی تفریق نہایت خوبی اور خوش اسلوبی سے بتلائی گئی اور اِس سے نتیجہ یہہ ہوا کہ شاعروں کے خیالات اور اُن کے اشعاروں کی خیال بندی

نہایت عمدہ اور درست ہوگئی نظم اور بیہودہ مضمون اشعار میں سے خارج ہوگئے اور اُن کی جگہہ پر تاثیر مضمونوں نے جگہہ پائی ہر ایک کو لئیق اور قابل مصنفوں کی تحریروں کے جانچنے اور اُن کی قدر کرنے اور اُن سے مزا اُٹھانے کی خواہش پیدا ہوگئی اور رفتہ رفتہ تمام قوم عالم اور محقق کے لقب کی مستحق ٹھہر گئی اسپکٹیٹر کے پڑھنے والوں کو علم انشاء کی وہ خوبی جو اڈیسن کے ذہن میں تھی معلوم ہوئی سب لوگ اُس کی تحریر کے لطف و صفائی کی تعریف کرنے لگے اور سب لوگوں کو ایسے شخصوں کی تحریروں کے جانچنے کی جو علم انشاء میں ناموری کے خواہاں ہوتے تھے لیاقت حاصل ہوگئی *

اِن پرچوں سے صرف علم ادب اور علم انشاء ہی میں ترقی نہیں ہوئی بلکہ اخلاق اور عادت اور خصلت کو بھی بہت کچھہ ترقی ہوئی نیکی کے برتاؤ میں جو خود انسان کی اپنی ذات سے اور اپنے خویش اور اقربا دوست آشنا یگانہ و بیگانہ سے علاقہ رکھتی ہی نہایت اعلی درجہ کی تہذیب حاصل ہوئی اور خود تہذیب و شایستگی کو ایسی عمدہ صیقل ہوئی جس کی آج تک کوئی نظیر نہیں ملکی اُموراٹ کی بحث و مباحثہ میں جو تیزی اور عداوت اور دشمنی پیدا ہوتی تھی وہ تھوڑے سے عرصہ میں نہایت کم ہوگئی اور جو لیاقت کہ صرف بحث و مباحثہ میں صرف ہوتی تھی وہ خوشگوار پانی کی مانند خوبصورت نہروں میں بہنے لگی جنھوں نے اخلاق اور علم و ادب کو سیراب کرکر لوگوں کے دلوں کے برے اور خراب جوش کو پاک و صاف کردیا *

ہندوستان میں ہماری قوم کا حال اُس زمانہ سے بھی زیادہ بدتر ہی اگر ہماری قوم میں صرف جہالت ہی ہوتی تو چنداں مشکل نہ تھی مشکل تو یہہ ہی کہ قوم کی قوم جہل مرکب میں مبتلا ہی علوم جنکا رواج ہماری قوم میں تھا یا ہی اور جسکے تکبر اور غرور سے ہر ایک پھولا ہوا ہی دین و دنیا دونوں میں بکار آمد نہیں غلط اور بے اصل باتوں کی پیروی کرنا اور بے اصل اور اپنے آپ پیدا کیئے ہوئے خیالات کو امور واقعی اور حقیقی سمجھہ لینا اور پھر اُنپر فرضی بحثیں بڑھاتے جانا اور دوسری بات کو گو وہ کیسی ہی سچ اور واقعی کیوں نہو نمانننا لغاي جھگڑوں پر علم و فضیلت کا دار مدار ہونا اُنکا نتیجہ ہی *

علم ادب و انشاء کی خوبی صرف لفظوں کے جمع کرنے اور ہموزن اور قریب التلفظ کلموں کے تک ملانے اور دور از کار خیالات بیان کرنے اور مبالغہ آمیز باتوں کے لکھنے پر منحصر ہی یہاں تک کہ دوستانہ خط و کتابت اور چھوٹے چھوٹے روز مرہ کے رقعوں میں بھی یہہ سب برائیاں بھری ہوئی ہیں کوئی خط یا رقعہ ایسا نہوگا جسمیں جھوٹ اور وہ بات جو حقیقت میں دلمیں نہیں ہی مندرج نہو خطوط رسمیہ نے پڑھنے سے ہرگز تمیز نہیں ہوسکتی کہ حقیقت میں اُس خط کا لکھنے والا ایسا ہی ہمارا دوست ہی جیسا کہ اسمیں لکھا ہی یا یہہ صرف معمولی مضمون ہی جسکے لکھنے کا عموماً رواج پڑ گیا ہی پس ایسی طرز تحریر نے تحریر کا اثر ہمارے دلوں سے کھودیا ہی اور ہمکو جھوٹی اور بناوٹی تحریر کا عادی کردیا ہی *

فن شاعری جیسا ہمارے زمانہ میں خراب اور ناقص ہی اُس سے زیادہ کوئی چیز بری نہوگی مضمون تو بجز عاشقانہ کے اور کچھہ نہیں ہی وہ بھی نیک جذبات انسانی کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ اُن بد جذبات کی طرف اشارہ کرتا ہی جو ضد حقیقی تہذیب و اخلاق کے ہیں *

خیال بندی کا طریقہ اور تشبیہہ و استعارہ کا قاعدہ ایسا خراب و ناقص پڑ گیا ہی جس سے ایک تعجب تو طبیعت پر آتا ہی مگر اُسکا اثر مطلق دلمیں یا خصلت میں یا اُس انسانی جذبہ میں جس سے وہ متعلق ہی کچھہ بھی نہیں ہوتا شاعروں کو یہہ خیال ہی نہیں ہی کہ فطرتی جذبات اور اُنکی قدرتی تحریک اور اُنکی جبلی حالت کسی پیرایہ یا کنایہ و اشارہ یا تشبیہہ و استعارہ میں بیان کرنا کچھہ دل پر اثر کرتا ہی عاشق کی پاریدیرابلاسٹ کچھہ چیز نہیں ہی بجز اس کے کہ انسان کی طبیعت کی حالت کی تصویر ہی جسکا ہر ہر شعر دل میں گھر کرتا جاتا ہی شکسپیر میں کچھہ نہیں ہی بجز اس کے کہ اُس نے انسان کا نیچر یعنی قدرتی بناوٹ طبیعت بیان کیا ہی جو نہایت موثر انسان کی طبیعت پر ہی *

علم دین تو وہ خراب ہوا ہی جیسا خراب ہونے کا حق ہی اُس معصوم سیدھے سادے سچے اور نیک طبیعت والے پیغمبر نے خدا تعالے کے احکام بہت سدھارت و صفائی و بے تکلفی سے جاہل ان پڑھ بادیہ نشین عرب کی قوم کو پہونچائے تھے اُس میں وہ نا چینیاں باریکیاں گھسیڑی گئیں اور وہ مسائل فلسفیہ اور دلایل منطق ملائی گئیں کہ اُس میں اُس صفائی اور سدھارت اور سادہ پن مطلق اثر نہیں رہا بمجبوری لوگوں کو اصلی احکام کو جو قرآن و معتمد معتمد حدیثوں میں تھے چھوڑنا پڑا اور زید و عمر کے بنائے ہوئے اصول کی پیروی کرنی پڑی *

علم مجلس اور اخلاق اور برتاؤ دوستی کا ایک ایسے طریقہ پڑگیا ہی جو نفاق سے بھی بدتر ہی اخلاق صرف منہہ پر میٹھی باتیں بنانی اور اوپری تپاک جتانے کا نام ہی آپس میں شخص ایسی محبت اور دل سوزی کی باتیں کرتے ہیں کہ دیکھنے والے اُن دونوں کو یک مغز و دو پوست سمجھتے ہیں مگر جب اُن کے دل کو دیکھو تو یک پوست و دو مغز سے زیادہ بے میل ہیں مکاری اور ظاہرداری کا نام اخلاق رہ گیا ہی اور بے ایمانی اور دغابازی کا نام ہوشیاری *

سنئہ پر خیال کرو تو عجب هي لطف دکھائي دیتا هی اگرچه اُنکے لفظ تو نهیں هوتے مگر هزاروں انکے مضمون زبانوں سے نکلتے هیں بہت سے مهذب اور معقول ثقه نیک و دیندار آدمي بهي اپني گفتگو میں تهذیب و شایستگي کا مطلق خیال نهیں کرتے دوست کي بات کو جهوٹ کهدینا دوست کي نسبت جهوٹ کي نسبت کردینا یهه تو ادنی ادنی روز مرہ کي بات هی ایک نهایت نیک آدمي اپنے بڑے مقدس دوست کے بیٹھے سے میں، حالت تپاک اور خوش اخلاقي اور جوش محبت کي باتوں میں کهه رها تها که تمهارے باپ تو جهوٹوں کے بادشاہ هیں وہ تو دن رات سیکڑوں گپیں هانک دیتے هیں اُنکي بات پر کیا اعتبار هی پس افسوس هی همکو خود اپنے پر نه همارے ایسے دوست هوں *

ان اشراف جوان دوستوں کي محفل میں جاؤ تو سنو که وہ آپسمیں کیسي گالم گلوج اور فحش باتیں ایک دوسرے کي نسبت کرتے هیں ایک نهایت معزز شریف خاندانی آدمي نے جو صاحب تصانیف هیں اور اُردو کے علم ادب میں مشهور هیں تیس منٹ مجهه سے دوستانه گفتگو کي اور میںنے خوب خیال کرکر گنا که اُنکے منهه سے چهتیس لفظ گالیوں کے نکلے جسمیں سے کچهه اپني نسبت تهیں اور کچهه اُس کتاب اور اُسکے مصنف کي نسبت جسکا ذکر تها اور کچهه ادهر اودهر بیٹھنے والوں اور سننے والوں کي نسبت *

امیروں کا حال دیکهو تو اُنکو دن رات بٹیر لڑانے اور مرغ لڑانے اور کبوتر اوڑانے اور اور اسیطرح تمام لغویات میں اپني زندگي بسر کرنے کے سوا اور کچهه کام و دهندا نهیں *

نیکي پر متوجه هوتے هیں تو اُسکو اتنا گهونٹتے هیں که بد مزہ هوجاتي هی اور جب بدي پر اُترتے هیں پهر تو شیطان کے بهي کان کترتے هیں *

غرضکه جو کچهه که اُس زمانه میں فرنگستان میں تها وهي کچهه بلکه اُس سے بهي زیادہ اب هندوستان میں موجود هی اور بلاشبهه ایک ٹیٹلر اور اسپکٹیٹر کي یهاں ضرورت تهي سو خدا کا شکر هی که یهه پرچه اُنهي کے قایم مقام مسلمانوں کے لیئے هندوستان میں جاري هوا مگر افسوس که یهاں کوئي اسٹیل اور اڈیسن نهیں هی *

اسٹیل اور اڈیسن کو اپنے زمانه میں ایک بات کي بهت آساني تهي که اُنکي تحریر اور اُنکے خیالات جهاں تک که تهے تهذیب و شایستگي و حسن معاشرت پر محدود تهے مذهبي مسائل کي چهیڑ چهاڑ اُنمیں کچهه نهیں تهي هم بهي مذهبي خیالات سے بهت بچنا چاهتے هیں مگر همارے هاں تمام رسمیں اور عادتیں مذهب سے ایسي مل گئي هیں که بغیر مذهبي بحث کیئے ایک قدم بهي تهذیب و شایستگي کي راہ میں نهیں چل سکتے جس بات کو کهو که چهوڑدو فوراً جواب ملیگا که مذهباً ثواب هی اور جس بات کو کهو که سیکهو اُسیوقت کوئي بولیگا که مذهباً منع هی پس هم مجبور هیں که تهذیب و شایستگي اور حسن معاشرت سکهانے میں همکو مذهبي بحث کرني پڑتي هی *

مذهبي بحث کا ایک عجیب سلسله هی که ایک چهوٹي سي بات پر بحث کرنے سے بڑے بڑے مسائل اور اصول مذهب بحث میں آجاتے هیں اور اس لیئے لاچار کبهي علم فقه سے بحث کرني پڑتي هی اور کبهي اصول فقه سے اور کبهي حدیث سے بحث کرني هوتي هی اور کبهي اصول حدیث سے اور کبهي تفسیر سے بحث کرني پڑتي هی اور کبهي اصول تفسیر سے پس هندوستان میں صرف اسٹیل اور اڈیسن هي کي ضرورت نهیں هی بلکه مقدس لوتهر کي بهي بهت بڑي حاجت هی *

اسٹیل اور اڈیسن کي خوش قسمتي تهي که اُنکے زمانه کے لوگ اُنکي تحریروں کو پڑهتے تهے اور قدر کرتے تهے اور هماري یهه بدنصیبي هی که هماري تحریروں کو مذهب کے برخلاف کهاجاتا هی اور اُنکا پڑهنا باعث عذاب سمجها جاتا هی اسٹیل اور اڈیسن اپنے هر پرچه کے مشتهر هونے کے بعد واہ واہ کي آواز سننے سے اپني محنت و مشقت فکر و خیال کي کلفت کو دور کرتے هونگے اور هم اپني تحریروں کے مشتهر هونے کے بعد بجز لعنت و ملامت سننے کے اور کسي بات کي توقع نهیں رکهتے هیں اسٹیل و اڈیسن جن لوگوں کي بهلائي کرتے تهے اُن سے بهلا سنتے تهے هم جنکي بهلائي چاهتے هیں اُن سے برائي پاتے هیں جن کے حق میں بهلا کهتے هیں اُن سے برا سنتے هیں اسٹیل اور اڈیسن کو هزاروں دل اپني طرف کرلینے کچهه مشکل نه تهے اور همکو ایک دل بهي اپني طرف کرنا نهایت مشکل هی اسٹیل اور اڈیسن کو بنے بنائے دل اپني طرف جهکانے تهے همکو یهه مشکل هی که دل بهي هم هي کو بنانا هی اور هم هي کو اُس کا جهکانا هی *

لوگ همارے ان خیالات کو جنون اور مالیخولیا بتاتے هیں مگر دیوانه بکار خود هوشیار هم خوب سمجهتے هیں که هم کیا کر رهے هیں اور اسي قلیل زمانه میں همنے کیا کچهه کیا هی اسلیئے هم آینده کي بهتري کي خدا سے توقع رکهتے هیں اور اچهے دن آنے والوں کي پیشین گوئي کرتے هیں گو اُنکے آنے کا زمانه هم نهیں جانتے مگر یقین کرتے هیں که ضرور بے شک آنے والے هیں *

هم یهه نهیں کهتے که هم اس مسکین پرچه کے ذریعه سے هندوستان میں وہ کچهه کرینگے جو اسٹیل اور اڈیسن نے انگلستان میں کیا بلکه هم یهه کهتے هیں که جهاں تک همسے هوسکتا هی هم اپنا فرض پورا کرتے هیں ــ الله درمن قال السعي مني والاتمام من الله تعالی *

راقم
سید احمد

نمبر ۲۵

علوم معقول و منقول

گو اگلے زمانہ میں ایسے لوگ گذرے ہوں جو منقول موجودہ اور معقول قدیم یونانیہ کے جامع ہوئے ہوں اور جامع معقول و منقول کہلائے ہوں مگر اس زمانہ میں منقول مروجہ اور معقول جدیدہ کا جامع ہونا غیر ممکن ہی اور اسی وجہہ سے ہم کہتے ہیں کہ اب نئے معقولات پر احاطہ کرکے کسی آدمی کا جامع معقول و منقول ہونا غیر ممکن ہی *

ہماری اسبات پر یقینی لوگ تعجب کرینگے اور اس امر کو نہ مانینگے لیکن ہم ثابت کرتے ہیں کہ ہمارا قول نہایت صحیح اور درست ہی کیونکہ ہماری مذہبی تعلیم آج کل کے علوم و فنون کی تعلیم کے بالکل خلاف ہی اور دونوں میں تناقض کی نسبت ہی جو ہمارے مذہبی عقاید ہیں اُنہیں آج کل کے تربیت یافتہ اوہام اور خیالات کہتے ہیں اور جو مسائل علوم و فنون جدیدہ کے ہیں اُنہیں ہمارے عالم ذریعہ الحاد جانتے ہیں پس جب دونوں میں باہم ایسی نقیض اور اختلاف ہی تو ایک دل میں دونوں قسموں کے خیالات کا آنا حقیقت میں نقیضین کا جمع ہوجانا ہی فرض کرو کہ ایک طالبعلم نے دونوں قسم کی تعلیم شروع کی جب وہ مدرسہ میں گیا اور اُسنے جغرافیہ میں پڑھا کہ زمین چلتی ہی اور آفتاب کے گرد گھومتی ہی پھر جب وہ اپنے ملاجی کے پاس آیا اُنہوں نے پڑھایا کہ زمین گاے کے سینگ پر رکھی ہوئی ہی اور گاے مچھلی پر ہی اور سورج زمین کے گرد پھر رہا ہی اور یہہ بھی مولوی جی نے کہدیا ہی کہ یہہ سچا عقیدہ دین کا ہی اسکا نماننا کفر ہی پس سوچو کہ وہ طالب علم کیا کریگا ایسی تعلیم سے کچھہ فائدہ پاریگا یقینا وہ ایک مصیبت میں مبتلا ہوجاویگا اور اُسکی عقل جاتی رہیگی اور ضرور دونوں تعلیموں سے ایک کو چھوڑ بیٹھیگا *

اگر کوئی خیال کرے کہ یہی امر پرانے معقولات کی تعلیم میں بھی پیش آیا تھا پھر کیونکر ایک ہزار برس تک منقولات کے ساتھہ اُسکا سلسلہ جاری رہا اُسکا جواب ہم یہہ دینگے کہ حال کے معقولات کا قیاس پچھلے معقولات پر کرنا حقیقت میں قیاس مع الفارق ہی اور بڑی غلطی اور دھوکہ کی بات ہی دو سبب سے اول یونانیوں کے معقولات کا مدار فرضی اور وہمی دلیلوں پر تھا اور خود پڑھنے والے کا دل اُسکی حقیقت پر کامل یقین نہ کرتا تھا اکثر دلیلیں اُنکی مخدوش اور مجروح تھیں اور اُنپر یہہ مقولہ بناء فاسد علی الفاسد کا صادق تھا اس لیئے اُن مسائل عقلی سے جنکی دلائل و براہین مخدوش و مجروح تھیں مسائل شرعی پر کوئی نقصان صریح نہیں پہونچتا تھا اور اُن معقولی مسائل کے جاننے والوں کا دل اپنے مذہبی مسائل سے دور نہیں ہوسکتا تھا بخلاف اُن تحقیقاتوں کے جو آج کل ہوئی ہیں اور اُن مسائل حکمیہ کے جنکی تعلیم اِن دنوں میں ہوتی ہی کہ اُس کے جاننے کے بعد اُن مسائل کی حقیقت سے وہی شخص انکار کرسکتا ہی جو اپنی آنکھہ سے دیکھی ہوئی کسی چیز سے انکار کرے یونانیوں کی حکمت کے عمدہ مسائل مثل ابطال جزءلایتجزی اور اثبات ہیولے و صورت اور استحالہ خلاء اور حرکت فلک علی الاستدارہ اور ابطال خرق و التیام الواحد لایصدرمنہ الا الواحد اور کرویۃ اجسام بسیطہ کیا ایسے ہیں جنکے دلایل ایک فرضی و وہمی دلیل سے کچھہ زیادہ رتبہ رکھتے ہوں یا عناصر بسیط اور اسطقسات ہیں اربعہ اور کائنات الجو کی تحقیقاتیں اُن کی اِس قابل ہیں کہ عقلی پس دلیل یا تجربہ اور مشاہدہ سے اُس کا کامل ثبوت ہوتا ہو — حقیقت میں ایک دلیل بھی اُن کی ایسی قوی اور مضبوط نہیں بخلاف اِس زمانہ کی تحقیقاتوں کے کہ کوئی دلیل فرضی اور وہمی نہیں ہو سب چیزوں کا ثبوت مشاہدہ اور تجربہ پر ہی جسکے سمجھنے کے بعد کسی شخص کو اُس کی حقیقت میں شبہہ پیدا ہو ہی نہیں سکتا پس پرانی معقولات کی تعلیم منقولات کے ساتھہ کچھہ نقصان نہیں پہنچا سکتی تھی اور پڑھنے والے کی طبیعت کو کامل پریشانی نہیں ہوتی بخلاف حال کی معقولات کے نہ اُس کے سمجھنے کے بعد جو تعلیم اُس کے مخالف ہوگی اُس کو کوئی قبول ہی نکریگا *

علاوہ اِس کے پرانی معقولات کی تعلیم کا منقولات کے ساتھہ جاری رہنے کا ایک دوسرا سبب تھا کہ ہمارے قدیم عالموں نے ہرپہلو تحقیقات کرکے دونوں میں تطبیق دی اور جہاں تک ہوسکا ایک کو دوسرے سے ملادیا یا ایک کی غلطی کو ظاہر کردیا اِسیواسطے علم کلام کی کتابیں یونانی مسئلوں سے بھری ہوئی ہیں اور اُن کی تطبیق یا تردید کی دلیلیں لکھی ہوئی ہیں بخلاف اِس زمانہ کے کہ اب تک یہہ کام کسی نے شروع ہی نہیں کیا اور حال کی معقولات کے کسی مسئلہ کو اپنے دینی کسی عقیدہ سے نہ تطبیق دیا نہ اُس کی تردید کی پس وہ پرانا معقولات جسکے مسائل کو ہزار برس کی مختلف عالم اپنے دینی مسئلوں سے مقابل کرتے آئے اور تطبیق یا تردید کرتے رہے کیونکر اُس معقولات سے مقابل ہوسکتا ہی جسکے ایک مسئلہ کو بھی اب تک کسی نے اپنے دینی مسئلہ سے نہیں ملایا — غرض کہ اب نئے علوم کی تعلیم کے ساتھہ مذہب قایم رکھنے کے لیئے ضرور ہی کہ مذہبی عقاید اور مذہبی اوہام میں تفریق کی جاوے اور تخیلات و توہمات مذہب کے سچے صحیح عقیدوں سے جدے کردیئے جاویں اور لوگوں کی فرضی اور وہمی باتیں جو دین میں داخل ہوگئی ہیں اور اصلی خدا کی بتلائی ہوئی باتوں سے خلط ملط ہوگئی ہیں دین سے نکال دی جاویں تب جو اصلی اور سچی باتیں ہیں وہ حال کے علوم سے مطابق کی جاویں اور نئی نئی تالیفات علم کلام میں کیجاویں اور یہہ بات گو بظاہر نہایت ہی مشکل معلوم ہوتی ہی مگر حقیقت میں کچھہ مشکل نہیں ہی اگر مسلمانوں کو مذہبی عقاید اور عقلی علوم دونوں کی تعلیم اپنی قوم میں جاری کرنی منظور ہی تو اُن کو ایسا کرنا ضروریات سے ہی ورنہ دونوں میں سے ایک چھوڑنا پڑیگا — ہم اُن دقتوں اور مشکلات سے بیخبر نہیں ہیں جو اِس میں پیش آوینگی اور نہ اُس انقلاب عظیم سے غافل ہیں جو ہمارے قدیمی سلسلہ تعلیم میں علوم جدیدہ کی تطبیق سے واقع ہوگا مگر سواے اس کے دوسرا علاج نہیں پاتے اور چار و نا چار ہمکو کرنا چاہیئے *

راقم

سید مہدی علی تہتی کلکٹر

نمبر ٦٦

جوتي پهنے هوئے نماز پڑهني

ايك شخص نے انگريزي بوٹ پهنے هوئے نماز پڑهي ايك نيك شخص نے اُس كو نهايت برا جانا اور كها كه مجهے خوف كے مارے پسينا آگيا پس هم كهتے هيں كه يهي باتيں اوهام مذهبي هيں اور وسواس ميں داخل هيں جوتا پهنكر نماز پڑهني سنت هے اور اُس پر نجس هونے كا گمان كرنا وسواس ميں داخل هے صرف اتنا ديكهه لينا چاهيئے كه كوئي نجاست ظاهري اُس ميں لگي هوئي نهو اور اگر هو تو اُس كو سخت چيز سے يا زمين سے رگڑ ڈالے اور پهر نماز پڑهلے انگريزي جوته به نسبت هندوستاني جوته كے يا عرب كي نعلين كے بهت زيادة صاف رهتا هے اس ليئے كه اُن جوتوں كا تمام تلا زمين پر لگتا هے اور انگريزي بوٹ كي ايڑي بهت اُنچي هوتي هے اور اس سبب سے بهت كم زمين ميں لگتا هے *

اس امر كي نسبت شيخ امام ابو عبدالله محمد بن ابي بكر عرف ابن قيم نے اپني كتاب اغاثةاللهفان في مصايدالشيطان ميں بهت بحث كي هے اور اس كتاب كي تلخيص هشام بن يحيى شامي نے كي هے اور اُس كا نام تبعيدالشيطان به تقريب اغاثةاللهفان ركها اُس ميں بهي وه تمام بحث نقل كي هے يهه كتاب عربي زبان ميں هے اور اُس كا ترجمه مولوي محمود احسن صاحب نے جو اس زمانه كے مولويان نامي ميں سے هيں اُردو زبان ميں كيا هے اور تقريب الايمان اُس كا نام ركها هے اور سنه ١٢٨٣ هجري ميں مطبع صديقي بريلي چهاپه هوا هے چنانچه هم اُس مقام كو بجنسه اس جگهه نقل كرتے هيں *

اُنهوں نے اپني كتاب ميں بهت وسواسوں كا جو انسان كو مذهبي امور ميں هوتے هيں ذكر كيا چنانچه وه لكهتے هيں كه "منجمله اُنكے يهه هے كه موزه اور جوتے كے نيچے جب نجاست لگ جاتي هے تو اُس كو زمين سے رگڑنا مطلقا كافي هے اور اُس كو پهنكر نماز سنت صحيح كي رو سے درست هے امام احمد نے اس كي تصريح كي هے اور اُن كے محقق ياروں نے اُس كو پسند فرمايا هے چنانچه ابوالبركات كهتے هيں كه روايت مطلق رگڑ ڈالنے كي سيدهے طور پر صحيح هے اس ليئے كه حضرت ابو هريرة آں حضرت صلعم سے روايت كرتے هيں كه آپ نے فرمايا كه جب تم ميں سے كوئي جوتا پهنكر نجاست پر كو چلے تو مٹي اُس كے واسطے پاك كرنے والي هے اور ايك روايت ميں يهه هے كه جب هم ميں سے كوئي اپنے موزوں سے ناپاكي كو پامال كرے تو موزوں كو پاك كرنے والي مٹي هے ان دونوں روايتوں كو ابو داؤد نے بيان كيا هے اور ابو سعيد روايت كرتے هيں كه رسول الله صلعم نے نماز پڑهي پس اپني جوتياں نكاليں لوگوں نے بهي اپني جوتياں اُتار ديں جب آپ نماز سے فارغ هوئے لوگوں سے پوچها كه تمنے كيوں اُوتاريں اُنهوں نے عرض كيا كه همنے آپ كو ديكها كه جوتياں اُتاريں هم نے بهي اُتاريں آپ نے فرمايا كه ميرے پاس جبرئيل نے آكر خبر دي كه ان ميں ناپاكي هے تو جب تم ميں سے كوئي مسجد ميں آوے تو چاهيئے كه اپني جوتيوں كو اولٹ كر ديكهے اگر اُن ميں كچهه خبث يعني ناپاكي هو تو اُس كو زمين سے رگڑ دے پهر اُن سے نماز پڑهلے اس حديث كو امام احمد نے روايت كيا هے اور اُس كے معني جو يهه كهتے هيں كه ناپاكي سے غرض مكروه چيزيں هيں مثل رينٹ وغيره پاك اشياء كے تو يهه تاويل كئي وجهه سے درست نهيں اول تو يهه كه اس طرح كي چيزيں خبث نهيں كهلاتيں دوسرے يهه كه نماز كے وقت ان اشياء كے پونچهنے كا حكم نهيں كيونكه اس سے نماز نهيں جاتي تيسرے يهه كه اُن كے ليئے نماز ميں جوتياں نهيں اُتارني چاهيئيں اس ليئے كه يهه كام بے ضرورت هے ادني بات هے كه مكروه هوگا چوتهے يهه كه روايت دار قطني كي ابن عباس سے يهه هے كه رسول مقبول صلعم نے يهه فرمايا كه جبرئيل نے ميرے پاس آكر خبر دي كه اُن ميں خون حلمه كا هے جو بڑي قسم كي کلني هوتي هے اور اسوجهه سے كه جوتي ايسي جگهه هے كه اكثر نجاست اُسكو بهت دفعه پهونچتي هے تو رفع حرج كے ليئے سخت چيز سے اُسكا مل ڈالنا كافي هوا" *

بعد اس كے اُنهوں نے يهه بات لكهي هے كه "جوتياں پهنكر نماز پڑهنے سے وسواسيوں كا دل خوش نهيں هوتا حالانكه يهه سنت رسول خدا صلعم اور اُنكے اصحاب كي هے فعل اور حكم دونوں كے اعتبار سے — انس بن مالك روايت كرتے هيں كه آنحضرت صلعم اپني جوتيوں سے نماز پڑهتے تهے اور شداد ابن اوس كهتے هيں كه آپ نے فرمايا كه يهوديوں كے خلاف كرو كه وه اپنے موزوں اور جوتوں سے نماز نهيں پڑهتے روايت كيا هے اسكو ابو داود نے" *

اس تمام تحقيقات سے جو ابن قيم نے كي هے صاف ثابت هوتا هے كه اُس زمانه ميں جوتي پهنے هوئے مسجد ميں جانا اور جوتي پهنے هوئے نماز پڑهنا ايك عام عادت تهي مگر اس زمانه ميں اور بالخصوص هندوستان ميں مسلمانوں نے اس بات كو اپني غلطي سے معيوب سمجها هے *

راقم
سيد احمد

نمبر ٦٧

قومي عزت

هم اُس بات كو قبول كرتے هيں كه كسي اگلے زمانه ميں مسلمان علوم كے عالم اور فنون كے ماهر تهے اور تهذيب اور شايستگي اور انسانيت كو بذريعه تعليم و تعلم كے اُنهوں نے بخوبي حاصل كيا تها ليكن اب اُنكو غور كرنا چاهيئے كه آيا فقط اس بات كا ثابت كردينا هماري عزت كے ليئے كافي هے يا همكو اسپر فخر و ناز كرنا زيبا هے يا دوسري قوموں كي نظروں ميں يهي امر هماري عزت كے لايق بس هے يا تهذيب و شايستگي پر همارے يهي ثبوت كافي هے اگر ايسا هو تو هم اپني عزت كے ثبوت ميں موٹي موٹي كتابيں لكهديں اور تمام دنيا كي قوموں كے اچهے اچهے نامي آدميوں كي سند سے اپنے اس دعوى كو ثابت كرديں ليكن حقيقت ميں يهه كافي نهيں هے بلكه هماري حالت موجودة هي هماري عزت اور ذلت كي باعث هے اس ليئے همكو اپني حالت موجودة پر نظر كرني چاهيئے كه آيا آج همكو ملكي نظر اور قومي عزت حاصل هے يا نهيں چنانچه اسي امر كو

پہلے ہمیں اپنی ملکی اور قومی تعلیم پر لحاظ کرنا چاہیئے کیونکہ علم ہی عزت اور ذلت کی کسوٹی ہی پس اگر ہماری تعلیم آج کل اور قوموں سے بہتر ہو اور دنیا کے اور ملکوں کے رہنے والے ہمارے علوم کی قدر و منزلت کرتے ہوں اور ہمارے ملک سے علوم و فنون کی تحصیل کرتے ہوں تو بیشک ہمکو ملکی فخر اور قومی عزت حاصل ہی اور اگر ایسا نہو تو ملکی فخر اور قومی عزت کا ہمکو نام لینا بھی زیبا نہیں *

ہمکو اپنی قومی عزت ظاہر کرنے کے لیئے اتنی بات ثابت کردینا ہی کافی نہیں ہی کہ جو علوم ہمارے بزرگوں نے نکالے یا اور قوموں سے لیکر اپنے ہاں جاری کیئے تھے وہ ہم میں جاری ہیں اور جن علوم و فنون کی اُن کے زمانہ میں تعلیم ہوتی تھی وہی ہماری قوم میں رائج ہیں کیونکہ عزت اور ذلت اور ترقی اور تنزل امور اضافی ہیں اُنکا اطلاق بہ لحاظ حالات زمانہ کے ہوتا ہی پس ہمارے بزرگوں کو علوم و فنون کے سبب سے جو عزت تھی وہ اُس زمانہ کے موافق تھی کیونکہ جو علوم و فنون اُسوقت اور قوموں میں جاری تھے اُن سب کو اُنھوں نے سیکھا اور علم و ہنر کے خزانے جو اور ملکوں میں گڑے ہوئے تھے اُنپر رسائی حاصل کی اور جو پورانے جواہر تھے اُنکی جلا کاری کی اور اُنکو تراش خراش سے چمکاکر خوبصورت بنایا اور پھر بہت سے بیش قیمت علم کے نئے جواہر خود تلاش کیئے آخر اُنکا خزانہ علوم و فنون کا ایسے شاہوار موتیوں اور نایاب جواہر سے بھرگیا جن سے اور قوموں کے خزانے خالی تھے لیکن چونکہ اب ہمارے زمانہ میں علم و ہنر کو اور قوموں نے نہایت ترقی پر پہونچایا اور علوم و فنون کے نورانی چہرہ سے پردہ اور حجاب اُٹھادیا ہی اور اس دریاے ناپیدا کنار میں سے اور بہت سے نئے نئے اور عمدہ عمدہ موتی و جواہر ڈھونڈ کر نکالے ہیں پس اگر ہمارے علوم و فنون اُن سے بڑھکر ہوں اور ہمارے ملک اور قوم کے لوگ علوم و فنون میں اور قوموں پر فایق ہوں تو بیشک آج ہمکو ملکی فخر اور قومی عزت حاصل ہی لیکن چونکہ یقینی معلوم ہی کہ بمقابل یورپ کے یہہ فخر و عزت ہمارے ملک کو حاصل نہیں ہی اِس لیئے اب ہمکو دیکھنا چاہیئے کہ آیا مثل اُنکے علوم و فنون میں ہمکو دستگاہ بھی ہی یا نہیں اور جو صورت تعلیم کی اُس ملک میں ہی وہ ہمارے ملک میں بھی ہی یا نہیں اگر ایسا ہو تب بھی برابری کا دعوی ہم کرسکتے ہیں لیکن جب ہم اپنی ملکی تعلیم پر لحاظ کرتے ہیں اور اپنے ہاں کے علوم و فنون پر نظر کرتے ہیں تو ملکی فخر و عزت کا دعوی کرنا کیسا اپنی جہالت اور نادانی کے خیال سے اور اپنی بےتہذیبی کے لحاظ سے ایسی شرمندگی ہوتی ہی کہ طبیعت بے اختیار چاہتی ہی کہ کاش ہم اس ملک سے منسوب نہوں اور ہمکو کوئی اس قوم سے نسبت نکرے کیونکہ ہم بجاے اسکے کہ کچھہ پیدا کرتے اپنے بزرگوں کی کمائی ہوئی دولت کو کھو بیٹھے اور علم کی دولت میں ترقی کرنے کے بدلے بزرگوں کے پیدا کیئے ہوئے سرمایہ کو بھی ہمنے ضائع کردیا ایسی غفلت کی نیند میں سوئے کہ ہمارے بزرگوں کے سرمایہ کو اور لوگ تو لے گئے اور ہم خالی ہاتھہ رہ گئے اور دنیا کی اور اقبالمند قومیں تو علوم و فنون میں اعلی درجہ کی ترقی کرگئیں اور ہم ذلت اور نکبت کی حالت میں مبتلا ہوگئے پس اب ہمکو اپنی دشت کی حالت پر رونا چاہیئے نہ کہ اپنے بزرگوں کے ناموں پر مغرور ہونا *

یہہ ملکی ذلت اگرچہ نہایت قابل افسوس کے ہی مگر جب سلسلہ کلام کا قومی ذات پر پہونچتا ہی اور خاص مسلمانوں کی تعلیم پر نظر کی جاتی ہی تو نہ زبان سے کچھہ کہاجاتا ہی نہ قلم سے کچھہ لکھا جاتا ہی کیونکہ اور قومیں ہمارے ملک کی کچھہ کچھہ خواب غفلت سے بیدار ہوتی جاتی ہیں اور تعلیم اور تربیت پر اپنی مستعدی ظاہر کرتی ہیں گو اُنکو ابتک کچھہ کامل ترقی نہیں ہوئی مگر بعض بعض قوموں کے آثار نیک نظر آتے ہیں اور اُنکی عزت اور بہتری کے سامان دکھلائی دیتے ہیں مگر مسلمانوں کے حال پر افسوس اور ہزار افسوس ہی نہ اُنکی آنکھوں میں غفلت کی نیند ویسی ہی بھری ہوئی ہی اور اُن کے چونکنے اور جاگنے کی کوئی نشانی ابھی دیکھنے میں نہیں آتی کیسے افسوس کی بات ہی کہ بجاے اسکے کہ آج کیمبرج یونیورسٹی کے موافق مسلمانوں کا کوئی عربی مدرسہ علوم کا دہلی میں ہوتا یا مثل اکسفورڈ یونیورسٹی کے ہماری تربیت کے لیئے کوئی دارالعلم لکھنؤ میں ہوتا اور جو علوم و فنون اُن یونیورسٹیوں میں انگلش زبان کے ذریعہ سے سکھائے جاتے ہیں ہم مسلمانوں کے مدرسوں میں بذریعہ عربی یا دیسی زبان کے تعلیم دیئے جاتے کوئی چھوٹا سا مکتب تو نظر نہیں آتا جس میں کسی قسم کے علم و فن کی تعلیم ہوتی اور کسی شہر میں ایک بھی مقام تو ایسا سننے میں نہیں آتا جہاں کہ بھی تہذیب و شایستگی کی باتیں سکھائی جاتی ہوں *

اگر ہم عربی یا دیسی زبان سے بھی قطع نظر کریں اور بھائیوں کو اس لایق بھی نہ جانیں لیکن اس غفلت کی کیا انتہا کہ جو مدرسے گورنمنٹ نے ہماری تعلیم کے لیئے جاری کیئے اور جو علوم اور فنون کی تعلیم ہمارے ملک کے فائدے کے لیئے شروع اُنمیں بھی ہماری قوم کے آدمیوں کی صورتیں کم ہی دکھلائی ہیں اور مسلمان لڑکے تعلیم کے لیئے بہت ہی تھوڑے جاتے ہیں *

ہمنے مانا کہ ہم مسلمانوں کو اب علوم و فنون کے ایجاد کی قوت اور کیمبرج اور اکسفورڈ یونیورسٹی کے موافق علوم کے جاری کرنے کی قدرت باقی نہیں رہی بلکہ کسی ادنی درجہ کی کے واسطے بھی ابتدائی مدارس کے مقرر کرنے کی ہمت نہیں ہی وہ کون سی چیز ہی جو سرکاری کالجوں اور گورنمنٹ اسکولوں جانے کے لیئے مسلمانوں کے لڑکوں کے پاؤں کی زنجیر ہی اور وہ کیا بات ہی جو اُنکو اس ابتدائی تعلیم کے حاصل کرنے کی مانع ہی اس سے بھی زیادہ تعجب اس بات پر ہی کہ سب کے سب پر پردہ غفلت کا ڈالے ہوئے اور منہہ پر خاموشی کی مہر لگائے ہیں نہ کسی کے دل میں تعلیم کے موانع کا خیال آتا ہی نہ زبان اپنی اس علمی تنزلات کے اسباب بیان کرنے کو کھولتا ہی سب کے سب چپ چاپ خاموش بیٹھے ہوئے ہیں *

راقم
سید مہدی

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باہتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۱۰ محرم الحرام سنه ۱۲۸۹ هجري [نمبر ۲

بسم الله الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و تصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیه بابت اس پرچه کے بطور چنده خواه بطور قیمت
آوے وه کسی خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکه اس پرچه کے
منافع و ترقي میں صرف کیا جاویگا ٭

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹهه روپیه سالانه پیشگي بطور
چنده دیوے وه اس پرچه کے متعلق معاملات میں ممبر متصور هوگا ٭

یهه پرچه هر مهینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا که
موقع مضامین هوگا چهپا کریگا خریداروں کو چار روپیه سالانه
پیشگي دیني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه
تعلق نهوگا ٭

جو کوئي شخص کوئي خاص پرچه خریدنا چاهیگا اُس کو فی پرچه
... مع اخراجات روانگي پرچه دینا هوگا ٭

ممبروں کو بلا قیمت یهه پرچه ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا
بلا قیمت جسکو وه چاهیں اختیار هوگا ٭

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني
منظور هو یا خریداري اس پرچه کي مد نظر هو یا کوئي مضمون اس
پرچه میں مندرج هونے کے لیئے بهیجنا هو یا زر قیمت اخبار یا
زر چنده یا کچهه روپیه بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا هو تو سید احمد
خان صاحب بهادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بهیجا جاوے غرضکه
تمام خط و کتابت بابت اس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کیونکه یهه
پرچه علیگڈه میں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هی اور وهاں سے
تقسیم هوتا هی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هی ٭

اس پرچه میں صرف مضامین مفیده جو مسلمانوں سے متعلق
هیں چهاپے هوتے هیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں
مندرج نهیں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے یهه هی که
مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذیب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام
اُس ترقي کے مانع هیں وه مٹائے جاویں ٭

شكرية صحت

٢٧ فروري سنه ١٨٧٢ع روز سه شنبه كو ساڑهے نو بجے مسلمانان بنارس نے سجدهٔ شكر صحت هز رايل هائينس پرنس آف ويلز كا بدرگاه خداوند كريم ادا كيا اور عربي خطبه كے بعد جو مناجات اور شكريه اردو ميں پڑها گيا اور جس كے خاتمه پر سجدهٔ شكر هوا وه يهه هى *

بسم الله الرحمن الرحيم

اى خدا اى خدا بے شك خدا تو هي هى تيرے سوا كوئي نهيں ـ اى خدا اى خدا بے شك توهي ازلي هى اور توهي ابدي هى تيرے سوا كوئي نهيں توهي همارا خالق هى اور توهي همارا مالك توهي همارا معبود هى اور توهي همارا مسجود توهي هماري دعا هى اور تو هي همارا مدعو تو هي همارا مقصد هى اور توهي همارا مقصود الهي هم تجهي كو چاهتے هيں اور تجهي سے چاهتے هيں الهي هم تجهي كو مانگتے هيں اور تجهي سے مانگتے هيں اى ميرے پيارے الله همارا دل هماري جان هماري روح تيري هي هى اور تيرے هي ليئے هى اى قادر مطلق خدا يهه تمام قوى جو هم ميں هيں تجهي سے هيں اور تيرے هي ليئے هيں پس اپني چيز كو اپني هي مرضي كے تابع ركهه *

الهي هم اپنے گناهوں سے اقرار كرتے هيں هماري شامت اعمال نے همكو گناهوں كے كالے دريا ميں ڈبو ديا هى الهي همنے تيري تقصير كي هى اور تيري امانت ميں خيانت كي هى جو چيزيں تونے همكو جن كاموں كے ليئے دي تهيں اُنسے همنے وه كام نهيں ليا الهي همارے نفس امارة نے همكو بهكايا اور گناه ميں ڈالا الهي همنے تيري نافرماني كي اور تجهه سے يكتا خدا كي حكم عدولي كي هم بال بال گنهگار هيں گناهوں كے كالے دريا ميں غرق هيں مگر تيرے هي سہارے كي اُميد هى پس اے همارے غفورالرحيم خدا هماري دستگيري كر اور همكو گناهوں سے نكال اور آپ رحمت سے همارے گناهوں كو دهو اور همارے دل كو برف سے زيادة سفيد اور اپني ذات كے نور سے سورج سے بهي زيادة چمكيلا كر *

اے خدا تو بےشك بےنياز هى تيري بےنيازي همكو تسليم هى مگر كيا تو همسے بهي بےنياز هى گيرم كه فرصت نيست غم ما هم نيست نهيں نهيں حاشا و كلا تو همارے ما باپ سے بهي زيادة همارا غمخوار هى جيسے كه هم تجهسے بےنياز نهيں هيں ويسا هي تو بهي هم سے بےنياز نهيں اے خدا اے خدا همارا اور تيرا يهه رشته نه تو همارا خدا هى اور هم تيرے بندے اور تو همارا خالق هى اور هم تيري مخلوق كبهي ٹوٹ نهيں سكتا اے همارے عظيم الشان خدا اگر تجهكو خداے ذوالجلال وحدة لاشريك هونے كي عزت و جلال هى تو همكو بهي تيرے بندے هونے پر بهت هي كچهه فخر هى پس اپنے جلال كو ديكهه اور اپنے بندوں كي دستگيري كر *

الهي همارا دل اور هماري جان محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم خاتم النبيين و رحمة للعالمين پر فدا هو جنكو تونے هماري هدايت كے ليئے بهيجا اور جنكي هدايت سے همنے تجهكو جانا پس تجهه سے همنے رسول الله كو پايا اور محمد رسول الله سے تجهكو ـــ

محمد از تو ميخواهم خدا را * خدايا از تو خواهم مصطفى را

پس اے خدا تو هميشه همكو اُنكي راه پر ركهه اور اُنپر اور انكے آل و اصحاب پر اپني رحمت نازل كر اللهم صل على محمد و على آل محمد كما صليت على ابراهيم و على آل ابراهيم انك حميد مجيد *

اے مسلمانوں جان لو كه همارا دين اسلام بالكل سچائي اور بالكل نيكي هى همدردي اور محسن كي احسانمندي اور تمام خلايق كي خيرخواهي بهت بڑا ركن اسلام كا هى جسطرح همكو اپنے خداے پاك كا شكر كرنا هى اُسيطرح همكو اُس انسان كا بهي شكر كرنا هى جسكا احسان هم پر هى بادشاه عادل كا احسان اپني رعيت پر جسقدر هوتا هى اُتنا احسان كسي انسان كا كسي انسان پر نهيں هوسكتا پس همارا سچا مذهب اور همارا روشن ايمان همكو يهه تعليم كرتا هى كه هم دل سے بادشاه عادل كے شكر گذار هوں نوشيروان جو ايك آتش پرست بادشاه تها مگر عادل اس كے عهد ميں هونے سے رسول مقبول صلى الله عليه وسلم نے بهي اپني خوشي و خوشنودي ظاهر فرمائي هى پس بادشاه عادل كا كسي رعيت پر متولي هونا در حقيقت خدا تعالى كي اپنے بندوں پر رحمت هى اور بلا شبهه تمام رعيت اُس عادل بادشاه كي احسانمند هى پس هم رعاياے هندوستان جو ملكه معظمه ركتوريه دام سلطنتها ملكه هند و انگلند كي رعيت هيں اور جو هم پر عدل و انصاف اور بغير قومي يا مذهبي طرفداري كے حكومت كرتي هيں سرتاپا احسانمند هيں اور هم پر همارے پاك اور روشن مذهب كي تعليم سے هم كو اس احسانمندي كا ماننا اور اُس كا شكر بجا لانا واجب هى رعايا كي بادشاه عادل كے ساتهه همدردي يا احسانمندي صرف اُس كے رنج و راحت ميں شريك هونا هى شكر خدا كا كه دن گئے اور خوشي ميں شريك هونے كے دن آئے يعني همارى ملكه معظمه كے فرزند ارجمند وليعهد هند و انگلينڈ هز رايل هائينس پرنس آف ويلز جو نهايت بيمار هوگئے تهے اُنهوں نے صحت پائي اور خدا تعالى نے اپنے فضل و كرم سے اُنكو شفاء كامل عطا فرمائي جسكا شكرانه بجا لانے اور شادي حقيقي ادا كرنے كو آج كا دن مقرر هوا هى پس هم خدا تعالى كي اس موهبت عظمى كا دل سے شكر ادا كرتے هيں هم يقين كرتے هيں كه تمام بلاؤں كا ٹالنے والا اور بيماري سے بيماروں كا شفا ديني والا صرف وهي ايك خدا هى جسكا كوئي شريك نهيں اور هم خدا تعالى كي تمام نشانيوں پر ايمان ركهتے هيں و قد قال الله تبارك و تعالى انما يومن بايتنا الذين اذا ذكروابها خروا سجداً و سبحوا بحمد ربهم و هم لايستكبرون *

راقـــــــم

سيد احمد

بمقام عليگڈه ـــ مطبع عليگڈه انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور باهتمام
حافظ محمد عبدالرزاق كے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

[جلد سوم] ۲۰ محرم الحرام سنہ ۱۲۸۹ ھجری [نمبر ۳]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و تصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاھیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاھیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اُس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ھی اور وھاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس [illegible]

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ھیں چھاپے ہوتے ھیں اور اس سبب سے اخبار اضلاع و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ھی مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو قضا ارھام اُس ترقی کے مانع ھیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۷۳

خط معہ جواب

برادر من سید مہدیعلی صاحب زاد لطفہ

بعد سلام مسنون کے مدعا یہہ ہی کہ آپ میرے پرانے یار ہیں اور میرے عزیز اور بھائی ہوں اس لیئے مجھے اُمید ہی کہ آپ میری تحریر سے جو صرف براہ محبت کرتا ہوں ناراض نہوینگے بھائی مجھ سے مجھے نہایت افسوس ہی کہ تم سید احمد خاں کی صحبت میں لامذہب ہوگئے اور اُسکا تنصر تم میں بھی آگیا اور اُسکے خلیفہ مشہور ہوگئے وہ وعظ کا کہنا اور مجلس میلاد میں ذکر خیر کرنا اور علماء کی تقلید کرنا اور اسلام کی وضع کا لحاظ رکھنا سب تمنے چھوڑ دیا اور اُسی کرسٹان کی طرح تم مضامین لکھنے لگے تقلید کے تارک ہوگئے علماء سے مخالفت کرنے لگے وضع اپنی لباس و خوراک میں بدل ڈالی سو بھائی اب بھی کچھہ نہیں بگڑا تم اُسکی صحبت چھوڑو اور اپنے آپ کو بدنام نہ کرو آیندہ اختیار ہی والسلام علی من اتبع الہدی *

جواب خط

جناب بھائیصاحب آپ کا نصیحت نامہ جسکے لفظ لفظ سے محبت کی بو آتی تھی اور جسکی ہر سطر سے درد اور دلسوزی ظاہر ہوتی تھی میں نے پایا میں دل و جان سے اُسکا شکر کرتا ہوں اور نہایت ادب سے اُسکا جواب لکھتا ہوں *

بھائیصاحب جبتک میں نے سید احمد خاں کو نہ دیکھا تھا اور اُنکے اصلی حالات اور مذہبی خیالات سے مجھے ناواقفیت تھی میں سب سے بڑھکر اُنکا دشمن تھا بلکہ اُنکے الحاد اور ارتداد اور تنصر کا قایل تھا مگر جب سے میں اُن سے ملا ہوں اور اُنکے حالات اور خیالات مجھکو معلوم ہوئے ہیں تب سے مجھے اُنکی سچائی اور ایمان اور اُنکے عقاید کی خوبی اور اُنکے مذہبی خیالات کی صفائی کا ایسا یقین ہوگیا ہی کہ لو کشف الغطاء ماازددت یقیناً *

میں اُنکے مذہبی خیالات کی خوبی اور صفائی کا صرف اقرار ہی نہیں کرتا بلکہ اس پر حیرت بھی کرتا ہوں کہ ایسے زمانہ میں جبکہ اکثر لوگوں کے دلوں سے سچائی اور حق کی تحقیق کا نور جاتا رہا تھا اور رسم و رواج کی پابندی اور ہندوؤں کی تقلید اور عوام کی نگاہوں میں جھوٹی وقعت پیدا کرنے کی آرزو اور ریائی اتقا اور تورع کی شہرت کے شوق نے جاہلانہ تعصبات میں لوگوں کو مبتلا کر رکھا تھا اور تقلید نے حقایق اشیاء کے ادراک کی قوت کو جو ہر انسان کی فطرت میں خدا نے رکھی ہی معطل اور بیکار کردیا تھا اور خدا و رسول کی اصلی ہدایتوں اور پاک حکموں سے چشم پوشی کرکے لوگوں نے زید و عمرو کی روایات اور جھوٹے قصص و حکایات پر دین و مذہب کا مدار ٹھہرا رکھا تھا اور مذہبی احکام کے علل اور اغراض اور اسرار کی تحقیق کا شوق دلوں سے جاتا رہا تھا اور برادری کی قوم اور جمہور کی مخالفت کے خوف اور کفر کے فتوی کے ڈر نے حق و باطل میں تمیز کرنے کی راہ بند کردی تھی کیونکر ہماری ہی قوم میں سے ایک شخص کو حق کی تحقیق کا خیال آیا اور کسطرح حقایق اشیاء کے ادراک پر متوجہ ہوا اور کیونکر اسلام کی محبت نے اُسکے دل کو ایسا قوی کردیا کہ حق کے ظاہر کرنے اور سچی راہ پر چلنے اور تقلید کے چھوڑنے میں نہ برادری کا خیال کیا نہ جمہور کی مخالفت سے ڈرا نہ کفر کے فتوی سے خایف ہوا فللہ درہ و علی اللہ اجرہ *

پس بھائیصاحب جب میرے دل میں اُس شخص کی نسبت اسلام کی محبت کا یہہ خیال ہو تو میں کیونکر اُسکی صحبت چھوڑوں اور کسطرح اُسکو برا سمجھوں سچ یہہ ہی کہ جسطرح آپ اور اَور ناواقف لوگ صرف اسلام کی وجہہ سے اُن سے عداوت رکھتے ہیں ویساہی میں فقط اُنکے سچے ایمان کے سبب سے اُن سے محبت رکھتا ہوں و للناس فیما یعشقون مذاہب *

حضرت مولوی ہونا فقیہ بنجانا عربی عمامہ سر پر باندہ لینا ہزار دانہ کی تسبیح زناّرون کی زیب گلو فرمالینا قباء نورانی سے بدن کو مزین کرلینا مقدس و ابرار اور شیخ وقت ہوجانا مجلس وعظ میں نکات و اسرار بیان کرکے سامعین کو ہلادینا خانقاہ میں بیٹھہ کر تصوف کے دقائق اور توحید کے نکتے ارشاد فرماکر سننے والوں کو وجد میں لےآنا یا کسی مزار و درگاہ میں جاکر مریدان باصدق و صفا کو حلقہ توجہہ میں بیٹھا کر عرش کی زیارت کرادینا آسان ہی اور نہایت آسان ہی مگر مشکل اور سب سے زیادہ مشکل ہی مسلمان ہونا اور خدا سے یکرنگی اور یکدلی کے ساتھہ معاملہ رکھنا اور ریا اور مکر اور نفاق سے بچنا *

شراب پیکر مردار کھاکر علانیہ سب کے سامنے اقرار کردینا اور ممبر پر چڑھکر اپنے اصلی حالت اور اپنے دلی خیالات کا خطبہ پڑھ دینا اسلام کی سچائی ہی نہ کہ نورانی کرتہ پہنکر اپنے داموں کو چھپانا اور عربی عمامہ باندہ کر اپنے تئیں مقدس جتانا اور میٹھی میٹھی باتیں کرکے اپنے آپکو حضرت اور شیخ بنانا اور قرآن کے دام میں موٹی موٹی چڑیوں کا شکار کھیلنا اور روکھی سوکھی صورت بناکر لقمہ تر نوش فرمانا اسلام سے اور اِن مکاریوں سے کیا نسبت ـــ

سود ایں رہ را نشانے دیگر است

بھائی صاحب افسوس ہی کہ آپ لوگوں نے سید احمد خاں کی حقیقت ابتک نہیں جانی اور تعصب اور تقلید یا بغض اور حسد نے اُن کی خوبیوں کو آپ کی نظروں سے چھپا دیا ورنہ آپہ لوگوں کی دینی اور

دنیاوی بھلائی کے لیئے جو کچھہ اُنہوں نے کیا ہی اور کر رہے ہیں اُسکا شکر آپ لوگوں سے ادا نہوتا اور جو کچھہ اُنکے مساعی جمیلہ سے فائدہ ہوا اُس سے آپ محروم نہ رہتے مگر اُمید ہی کہ آیندہ آنیوالی نسل اُنکے بوئے ہوئے بیج کا پھل پاوے اور آپ لوگوں کی اولاد اُن کے احسان و بازو کا شکر ادا کرے ان اللہ لایضیع اجر المحسنین ٭

علماء کی مخالفت کا الزام اُن کی نسبت کرنے سے مجھے کچھہ تعجب نہیں ہوتا کیونکہ اگر اس مہلک بیماری میں آپ لوگ مبتلا نہوتے اور تقلید نے اسلام کو مجموعہ قصص و حکایات نہ بنا دیا ہوتا اور زید و عمرو کے اقوال اور بہمان و فلاں کی رائیں مثل وحی کے واجب الاتباع نہ سمجھی جاتیں تو اُن کو مخالفت کرنے کی ضرورت ہی نہ ہوتی اور تحقیق کے جھنڈے کا پرچم کھولنے پر اُن کا ہاتھہ ہی نہ اُٹھتا آپ کی تقلید اور اتباع اقوال قدما کی عالمگیر مصیبت ہی نے اُن کو اس طرف متوجہ کیا اور اُسی توجہ نے یہہ شور و شغب ہندوستان میں مچا رکھا ہی مگر سچ یہہ ہی کہ اگر چندے ہندوستان کے مسلمان اسی نیند میں سوتے رہتے اور حضرات علماء اپنی کہانیاں کہہ کہہ کر آیندہ آنے والی نسل کو بھی خواب خرگوش میں سلایا کرتے اور کوئی اُن کا چونکانے والا اور تازیانہ لیکر جگانے والا نہ ہوتا اور لوگ اسی طرح تقلید کے پابند رہتے اور مخالفت جمہور کے خیال سے تحقیق کا شوق نہ کرتے بلکہ ہر بات کی صحت و غلطی کے ادراک کے لیئے اپنے پرانے نسخوں اور لعل کتابوں ہی کے کھولنے کی بد عادت میں مبتلا رہتے اور خدا اور رسول کے کلام کو چھوڑ کر پرانے لوگوں کے قولوں ہی پر تحقیق کو منحصر سمجھتے اور حضرات علماء رحمۃ اللہ علیہم تعصب کے سبب سے یا اپنے خیالات کی غلطی کی وجہہ سے یا اپنے تقلد اور تورع کی اشاعت کی نظر سے کفر کے فتوؤں سے ڈرایا کرتے اور ہم لوگ بھی جنت و دوزخ کی کنجیاں اُنہیں کے اختیار میں اور رضوان خازن جنت اور مالک داروغہ جہنم کو اُنہیں کا نوکر سمجھہ کر اُن کی تحریر ہی پر اپنے آپ کو قطعی جنتی اور یقینی دوزخی سمجھا کرتے اور اُن کے کفر کے فتوؤں کے ڈر سے نہ تحقیق حق کا قصد کرتے اور نہ جس کیچڑ اور دل دل میں پھنسے ہوئے تھے اُس سے نکلنے پر ہمت باندھتے تو بلاشبہہ دین و مذہب پر مرثیہ پڑھنے اور اسلام اور ایمان پر نوحہ کرنے اور سچائی اور صفائی پر ماتم کرنے کا وقت آگیا تھا لان العلماء هم ادلة الطريق و قد شغر منهم الزمان ولم يبق الا المترسمون و قد استحوذ على اكثرهم الشيطان و استغواهم الطغيان و اصبح كل واحد منهم بعاجل حظه مشغوفا فصار يرى المعروف منكرا والمنكر معروفا ٭

بھائی صاحب میرے اوپر بھی ایک ایسا زمانہ گذرا ہی کہ میں علماء کی مخالفت کو ارتداد اور الحاد کہتا تھا بلکہ عربی عبارت میں جو کتاب لکھی ہوتی تھی اُس کے ایک حرف سے انکار کرنے کو بھی بد اعتقادی جانتا تھا اور آپ کی طرح ہر عالم اور ہر مولوی کی کتاب کو کالوحی المنزل من السماء سمجھہ کر اُس پر یقین کرنے کو ایمان کا نتیجہ سمجھتا تھا مگر ایک روز امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کی چند سطروں کو دیکھہ کر میں بد اعتقاد ہوگیا اور حضرات علما کے اقوال اور رایوں کے اتباع کرنے اور اُن کی ہر بات کو سچ جاننے اور اس کے ہر امر میں تقلید کرنے کو ضعف اسلام کا ثمرہ سمجھنے لگا اور مخالفت جمہور کا جو خوف میرے دل میں تھا وہ بالکل جاتا رہا امام صاحب اول تو حضرات علما کی نسبت لکھتے ہیں کہ "اُنہوں نے علم کی حقیقت کو لفظوں پر منحصر کردیا ہی اور تبدیل الفاظ سے لوگوں کو دھوکہ میں ڈال دیا ہی فقہ اور حکمت اور تصوف اور کلام کو حرام مال پیدا کرنے کا دام بنا رکھا ہی اور جو مراد خدا اور رسول کی ان لفظوں سے تھی اُسے بدل دیا ہی اور اپنی وعظ گوئی اور قصہ خوانی اور فصاحت و بلاغت اور اصطلاحات جدیدہ اور عبارات مزخرفہ پر علم دین کا مدار ٹھہرا رکھا ہی" اور پھر امام صاحب مخالفت جمہور کی نسبت لکھتے ہیں کہ "بڑا مانع تحقیق حق کا مخالفت جمہور کا خیال ہی کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ سب لوگ ہمکو مجنون و دیوانہ بتاوینگے اور ہم سے مسخرگی اور ٹھٹھہ کرینگے اسلیئے اگر ہم باطل پر ہیں تو خیر کیا مضایقہ ہی جو سب کا حال ہوگا وہی ہمارا ہوگا مرگ انبوہ جشنے دارد مگر ایسے خیال کرنے والے کو سوچنا چاہیئے کہ اگر اُس کے ساتھی ڈوبنے لگیں مگر وہ ایک کشتی پاوے اور اُس پر سوار ہوکر بچنے پر یقین کرے اور اُن کے چھوڑنے پر اپنی نجات سمجھے تو کیا اُس وقت لوگوں کا ساتھہ دیگا اور اپنی نجات کے ذریعہ کو چھوڑ دیگا کوئی نادان بھی ایسی رفاقت کو پسند نہ کریگا ولم يهلك الكفار الا موافقة اهل زمانهم حيث قالوا انا وجدنا اباءنا على امة و انا على اثارهم مقتدون" ٭

حضرت من بلا شبہہ تحقیق حق کا بڑا مزاحم یہی خیال مخالفت جمہور کا ہی اور جاہلانہ خوش اعتقادی ہی راہ راست کے ڈھونڈنے کی بڑی مانع ہے اچھے پڑھے لکھے یہی خیال کرکے کہ اگلوں نے کوئی بات نہیں چھوڑی اور سارے اُمور کی تحقیق کرلی ہی قصد ہی نہیں کرتے کہ اصلیت اور حقیقت کو کماہی ہی دریافت کریں مگر وہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ سب اگلے اور سارے بزرگ یہی کرتے آئے ہیں اور تحقیق ہی کے سبب سے وہ بزرگ اور محقق کہلائے ہیں اگر ائمہ دین اور مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین یہہ خیال کرتے کہ اگلے سب کچھہ کرگئے ہیں تو اصول فقہ اور فقہ کی تدوین کا کب قصد کرتے اور پھر آیندہ علماء اسلام علم کلام کے اصول و فروع کی تمہید کا کیوں ارادہ کرتے

اور بعد اُس کے علوم معقولات کی اشاعت پر حضرات علماء کب توجہ فرماتے اور جو جو ترقیاں علمی اسلام میں ہوئیں وہ کیونکر ہوتیں اگر ہم سفی مسلمانوں کی طرح وے حضرات بھی خوش اعتقاد ہوتے اور مخالفت سلف کے خیال سے تحقیق کسی چیز کی نہ کرتے اور جن علموں کی ضرورت اور حاجت ہوتی گئی اُس کی تدوین نہ فرماتے اور تقلید کی دلدل میں پھنسے رہتے تو اسلام میں آج تک نہ کوئی عالم ہوتا نہ امام نہ کوئی مجتہد کہلاتا نہ کوئی محقق پس ہم لوگوں کی غفلت اور جہالت اور بد نصیبی ہی جو ہم تحقیق کو مخالفت علماء کی سمجھتے ہیں اور اجتہاد اور حقیقت اشیاء کے ادراک کو بد اعتقادی جانتے ہیں اور ساری تحقیقاتوں اور تمام اشیاء کی حقیقتوں کے دریافت کو اپنے اگلوں پر منحصر اور ختم سمجھتے ہیں

فنعم القول قول القائل الماھر کم ترک الاول للآخر وھذا ھو قول الذی علیہ التعویل و من ذھب الی غیرہ لم یھتد الی سواء السبیل فان فضل اللہ لیست محصورۃ فی قوم ولا مختصۃ بیوم دون یوم *

بھائی صاحب اس تقلید اور پابندی مراسم نے جیسے بد نتیجے اسلام اور مسلمانوں کے حق میں پیدا کئے ہیں اُس پر اُس شخص کو رونا آتا ہی جو اِن باتوں پر غور کرتا ہی اور جو مسلمانوں کے علوم و فنون اور عقاید و اعمال کو نظر غور سے دیکھتا ہی مگر حضرات علما اور ابرار ہماری قوم کے وہ آنکھہ ہی نہیں رکھتے جس سے ان خرابیوں کو دیکھیں اور وہ دل ہی نہیں رکھتے جس سے اپنی قوم کے تنزلات روز افزوں کو سوچیں بلکہ وہ تو ایمان اور اسلام اور ورع اور تقوی اور تہذیب اور وضعداری کو اسی پر منحصر سمجھتے ہیں کہ تیلی کے بیل کی طرح آنکھہ پر پٹی باندھکر رات دن ایک محدود تنگ دائرہ کے اندر گھوما کریں اور اُن وسیع میدانوں کو جو تختہ جنت کی طرح ہر قسم کے گل بوٹوں سے آراستہ ہیں آنکھہ اُٹھا کر بھی نہ دیکھیں *

اِسی تقلید کا سبب ہی کہ مسلمانوں کے علوم گھٹ گئے اُنکے عقاید مذہبی بگڑ گئے اُن کے اعمال ہندوانہ ہوگئے اُن کی دنیاوی ترقیاں رک گئیں اُن کی عزت اور منزلت جاتی رہی غیر قوموں کی نظروں میں ذلیل ہوگئے تربیت یافتہ لوگ جاہل سمجھنے لگے اگر کسی کو شک ہو وہ امتحان کرلے اور اپنی آنکھہ سے دیکھہ لے *

کسی اپنے بڑے سے بڑے نامی مدرسہ میں جاکر تعلیم کی کیفیت دیکھو جس کے مدرس کوئی بڑے مشہور منطقی اور نامی فلسفی اور جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول ہوں کہ وہاں بھی جلوہ تقلید کا چمکتا اور پابندی رسم کا نور جھلکتا ہوگا حضرت استاد علامہ زماں نہایت خوبی اور کمال قابلیت سے اصطلاحات اربعہ کی کیفیت بیان فرماتے ہونگے اور قرابت فصاحت و بلاغت سے طبیعات کے مسائل کی تشریح کرتے ہونگے اور کمال خوبی سے برہان ترسی اور برہان سلمی کو ثابت کرتے ہونگے اور صدرا کی مثناۃ بالتکریر کے عقدے حل کرتے ملک العلماء اور بحر العلوم کے حاشیہ کھولے ہونگے اور میر زاہد مواقف کے منوئی نہایت خوش تقریری سے طالب علم کو سمجھاتے ہونگے حالانکہ اگر وہی حضرت علامی فہامی اُن مسائل حکمیہ کو مسائل جدیدہ سے مقابلہ کریں اور اُس طرز تعلیم کو جو اب جاری ہی دیکھیں تو وہ خود اقرار کرینگے کہ ہم جہل مرکب میں گرفتار ہیں اور اپنی اور اپنی قوم کے لڑکوں کی عمر فضول بحثوں اور عبث باتوں میں ضایع کرتے ہیں اور ہیچ پوچ بیہودہ باتوں کو علم اور حکمت سمجھتے ہیں *

مگر غزارت علم اور شہرت فضیلت اور غیرت زہد و تقوی حضرت مولانا کی ایسی بلا جان ہی کہ وہ کب اُس تقلید سے نکلنے اور علوم و فنون جدیدہ کے دریافت کرنے اور موافق حال اور ضرورت وقت کے علوم مفیدہ کی تعلیم کرنے کا ارادہ کرسکتے ہیں *

اگر علوم و فنون سے بھی قطع نظر کی جاوے اور دین و مذہب پر خیال کیا جاوے تو اُسی تقلید کے سبب سے اُس کا بھی حال ابتر ہی اول تو تقلید ائمہ اربعہ رحمۃ اللہ علیہم کی ایمان کی نشانی سمجھی جاتی تھی اب ہر خاندان میں اُس خاندان کے بزرگوں کی چال و چلن کی تقلید نشانی اسلام کی خیال کی جاتی ہی اور ہر رسم کی ٹھیک ٹھیک پابندی پرہیزگاری اور دینداری سے تعبیر کی جاتی ہی اگر کسیکو شک ہو تو وہ حضرات صوفیہ کرام کی خانقاہوں اور مشائخ عظام کی درگاہوں اور حضرات علماء کے وعظ کی مجلسوں اور عاشقان اہلبیت کے امام باڑوں میں ذرا قدم رنجہ فرماوے اور خدا کی کتاب کو ہاتھہ میں لیکر اُن کے عقاید و اعمال کو اُس سے ملاوے اور انصاف کرے کہ اُس میں اسلام کتنا ہی اور کفر اور شرک اور بدعت کسقدر *

امور دنیاوی پر اگر خیال کیاجاوے تو وہی بلا تقلید کاسہ و ادبار کے نتیجے دکھا رہی ہی معاشرت کے طریقے زندگی بسر کرنے کے قاعدے معاش حاصل کرنے کی تدبیریں مخالطت اور مجالست کے طور شادی اور غمی کی رسمیں جو کچھہ ہیں وہ سب تقلیدی ہیں اور گو خود ہمارے بھائی بعض یا اکثر باتوں کی برائی کے مقر ہوں اور اُس کی پابندی کو ذریعہ ذلت اور رسوائی اور افلاس اور نالایقی کا سمجھتے ہوں مگر وہی ترک تقلید اور مخالفت جمہور کا خوف کچھہ کرنے نہیں دیتا اور کسیکو اُس پابندی سے نکلنے کی جرأت نہیں ہوتی *

پس بھائی صاحب ایسی حالت میں جب کہ تقلید اور پابندی رسم کی سیاہی نے دلوں کو تاریک کردیا ہو اور وہ نور جسے عقل کہتے ہیں چھپ گیا ہو اور سارے عقیدے اور اعمال تقلیدی ہوگئے ہوں اور غیر قومیں ہمارے تعصب و جہالت پر خندہ زن اشارے کرتی ہوں اور شب و روز کتابیں اور اخبار ہماری ذلت کی باتوں سے سیاہ کیئے جاتے ہوں اگر چند

کسی کی آنکھ کھولے تو وہ کیا کرے یا کہ جمہور کی موافقت کرکے جاہلانہ تقلید کی دلدل میں پھنسا رہے یا اسلام کی محبت اور اپنی قوم کی ہمدردی کے جوش میں آکر خود اپنا پاؤں اُس کیچڑ سے نکالے اور اپنے بھائیوں کے نکلنے کی خواہش کرے *

بھائی میرے برا ماننے کی بات نہیں ہی لیکن آپ لوگ ہمدردی اور محبت قومی اور ملکی ترقی اور اسلام کی روشنی پھیلانے کی حقیقت ہی سے ناواقف ہیں اور اُس کے اصول ہی سے بیخبر ہیں سچ یہہ ہی کہ یہہ الفاظ آپ کے نزدیک مہمل اور بے معنی ہیں ورنہ کیا اب تک مسلمانوں کی یہی حالت رہتی اور آیندہ کو سوائے تنزلات روز افزوں کے کوئی بھی صورت ترقی کی نہ دکھائی دیتی میں یہہ نہیں کہتا کہ ہمارے بھائی سخاوت نہیں کرتے فیاضی ظاہر نہیں فرماتے اب تک خدا کے فضل سے ایسے بلند حوصلہ عالی ہمت صاحب جود و سخا موجود ہیں کہ لاکھوں روپیہ ایک دم میں صرف کردیتے ہیں لیکن چاہیئے کہ اپنے بھائیوں کی بھلائی میں کچھہ خرچ کریں اس کا کیا ذکر ہی *

اُن بدمعاشوں نالایقوں کا کچھہ ذکر نہیں جو مواحش اور اور معصیت کے کاموں میں اسراف کرتے ہیں بلکہ ہم اُن بلند ہمتوں کا ذکر کرتے ہیں جو اپنی شہرت اور عزت اور دین کے لیئے بہت کچھہ صرف کرتے ہیں جب اُن کے اسراف پر نظر کی جاوے تو معلوم ہوگا کہ وہی تقلید اور پابندی رسم کی اُن کے روپیہ کو برباد کرتی ہی اور جھوٹی شہرت اور بے اصل عزت کے حاصل ہونے کی تمنا اُن کا روپیہ لٹواتی ہی *

کیا کسی نے سنا ہی کہ سوائے شادی بیاہ میں ہزار ہا روپیہ لگانے یا بھائیوں کو تو رہ بندی کھانا تقسیم کرنے یا بڑی بڑی عالیشان عمارتیں بنانے یا حاکموں کی خوشامد سے غیر مفید کاموں میں روپیہ لگانے یا جھوٹی دینداری اور جاہلانہ تعصب سے خانقاہوں اور مزاروں اور امام باڑوں میں شرک اور بدعت کے کاموں میں دولت برباد کرنے کے کسی نے ابتک کوئی زر خطیر یا رقم کثیر بلکہ کچھہ حصہ بھی اپنی کمائی کا اپنی قوم کی بھلائی کے کاموں میں لگایا ہو یا لگانے پر رغبت کرتے ہوں پس کیا سبب اسکا صرف پست ہمتی اور بخل ہی ہرگز نہیں بلکہ سبب اِسکا یہہ ہی کہ تقلید اور پابندی رسم کے سبب سے ہمکو اُس بات کے کرنے کی جرأت ہی نہیں ہوتی جو ابتک ہمنے نہ کی ہو اور اگر جرأت بھی ہو تو بوجہہ نہونے عادت کے اُس طرف رغبت ہی نہیں ہوتی اور اُس کام کو کچھہ مفید یا باعث ثواب یا موجب عزت ہی نہیں سمجھتے ورنہ اگر وہ روپیہ جو محرم اور عرس میں بتیوں کے جلانے اور چراغاں کرنے اور ڈھول بجانے میں صرف کیا جاتا ہی مسلمانوں کی تربیت اور تعلیم میں ایک جگہہ جمع کرکے بہ طرز مناسب صرف کیا جاوے تو خود مسلمان دیکھیں کہ اُنکو کیسی ترقی ہوتی ہی اور اُنکی اولاد کیا عزت حاصل کرتی ہی *

غرضکہ اس زمانہ میں پہلا کام مسلمان کا یہہ ہی کہ وہ شرک کی طرح تقلید اور رسم کی پابندی چھوڑے اور اپنی گردن کو اس پھانسی کے پھندے سے نکالے اور کفر کے فتووں اور برادری کے طعنوں سے نہ ڈرے اور جب تک مسلمان یہہ نہ کرینگے تب تک ہمارے نزدیک کوئی اُمید اُنکی ترقی کی نہیں ہی الا ان یشاء اللہ پس بھائی صاحب وہ شخص جس نے پہلا یہہ کام ہندوستان میں کیا ہی اور جس نے فقط اسلام اور مسلمانوں کے پیچھے اپنا وقت اور مال بلکہ اپنی جان کو قربان کیا ہی وہی ہی جسے لوگ سید احمد کہتے ہیں اور جسپر ہزاروں طعنے کفر اور ارتداد کے ہوتے ہیں اگر محبت قومی کی کچھہ حقیقت آپ کو دریافت کرنی ہو تو ذرا اُس کے پاس آئیئے اور اِس درد کو اُسکے دل سے پوچھیئے اور اس جانسوز مصیبت کا افسانہ اُسی ملعون کی زبان سے سنیئے *

بطواف سوے کعبۂ احزان او شبی
تا بنگری کہ عشق کو با او چہ میکند

راقــــــم
مہدی علی ڈپٹی کلکٹر مرزاپور

نمبر ۷۴

تحریف الفاظ علوم

اِس زمانہ میں جو علوم شرعی علوم سمجھے جاتے ہیں اور جو باتیں بڑی دینداری اور ایمان کی خیال کی جاتی ہیں جب اُسکی حقیقت پر غور کیا جاتا ہی اور خدا و رسول کے کلام سے اُسکی تطبیق دیجاتی ہی تو معلوم ہوتا ہی کہ نہ وہ علوم حقیقت میں شرعی علوم ہیں اور نہ وہ باتیں فی نفسہ دینداری اور ایمان کی ہیں بلکہ دنیا طلبی اور نفس پروری اور غرور و حب جاہ کے سبب سے لوگوں نے تحریف کرکے شارع کے مقصود کے برخلاف اُن ناموں کی حقیقت کو چھپاکر اور اپنی بنائی ہوئی باتوں پر اطلاق دینداری اور ایمان کا کرکے لفظوں کے التباس سے لوگوں کو دھوکہ اور مغالطہ میں ڈالدیا تاکہ اِس فریب سے وہ لوگ علماء ربانی سمجھے جاویں اور نائب رسول اور جانشین نبی ٹھہریں *

بالشبہہ وہ علوم اور وہ باتیں فی نفسہ سلف صالح اور قرن صحابہ میں شرعی علوم اور دین کی باتیں تھیں اور اُنکے جاننے والے بڑے دیندار بلکہ نائب رسول تھے مگر اب اُنمیں ایسی تحریف اور تبدیل و تغیر ہوگئی ہی کہ سوائے لفظوں کے اُن کے معنی ہی باقی نہیں رہے اور جو مراد اُن علموں سے اُسوقت لیجاتی تھی وہ بالکل فوت ہوگئی پس اب اُن علوم کے جاننے والوں کا اپنے آپ کو محقق اور مدقق

سمجھنا اور جو شخص اُنکي اصطلاحات اور محاورات کے لفظوں کو زبان پر نہ لاتا ہو اور اُنکي بنائي ہوئي بولیاں نہ جانتا ہو اُسکو جاهل اور دین کي باتوں سے بےخبر کہنا اور جو کوئي اُن علوم کي مذمت کرے یا اُنکو جھوٹي علوم نہ جانے اُسے مرتد اور بد دین بتلانا حقیقت میں اُسي تحریف کا نتیجه هی پس جب تک کہ اُن لفظوں کي اصلي حقیقت بیان نہ کي جاوے اور جو معني اُسکے سلف‌صالح اور صحابہ سمجھے تھے ظاهر نہ کیئے جاویں اور جو کچھہ تحریف اُسمیں کي گئي هی وہ ثابت نہ کي جاوے تب تک یہہ مغالطہ اور دھوکہ رفع هوهي نہیں سکتا *

منجمله اُن لفظوں کے چند لفظوں کا هم بیان کرتے هیں — اول لفظ علم دوسرے لفظ فقه تیسرے لفظ حکمت چوتھے لفظ وعظ و تذکیر *

اول لفظ علم

لفظ علم کا اطلاق خدا اور اُسکے رسول کے کلام میں اُن چیزوں کے جاننے پر هی جو متعلق ذات اور صفات اور ایات اور افعال خدا عزوجل کے هوں اور جس سے اُسکي قدرت اور عظمت اور جلال کي تاثیر دل پر هووے مگر اس لفظ کي تحریف اس طرح کي گئي هی کہ لوگوں نے اُسے مخصوص اپنے مصطلحات اور محاورات پر کردیا هی اور جن باتوں کا کچھہ ذکر بھي قرن اول میں نہ تھا اُنکو اصل علم قرار دیا هی اِسیواسطے جو شخص علم‌کلام خوب جانتا هو اور مسائل فقهیه میں خوب مناظرہ اور مباحثہ کرتا هو اور لوگوں کے گھڑے هوئے اصول سے بخوبي واقف هو اور کتابي لفظوں کو اچھي طرح یاد رکھتا هو وهي بڑا عالم اور علامه سمجھا جاتا هی اور جو فضائل علماء کے شارع نے بیان کیئے هیں اُن کا مستحق ٹھہرایا جاتا هی لیکن حقیقت میں وہ فضیلتیں اُن علماء کي نسبت بیان کي گئي هیں جو کہ الله جلشانه کي ذات و صفات اور قدرت اور جلال کے جاننے والے هیں *

دوسرا لفظ فقه †

اس لفظ میں تحریف اس طرح کي گئي هی کہ اُسے مخصوص کردیا هی فروعات کے جاننے اور احکام کي علتوں کے دقایق دریافت کرنے اور مشکل اور عجیب مسئلوں کے یاد رکھنے اور مصطلحات اور محاورات مخترعه کے الفاظ کے حفظ هونے پر * اسي واسطے جو شخص اُن فروعات سے خوب واقف هو اور جسي اُن اصطلاحوں اور اقوال سے زیادہ آگاهي هو اور جو دقیق اور باریک مسئلوں کو مثل معمی اور پہیلی کے خوب حل کرتا هو وهي بڑا فقیهه سمجھا جاتا هی حالانکه زمانہ میں صحابہ کے اس لفظ کا اطلاق طریق آخرت کے جاننے والے اور آفات نفوس کي باریکیوں کے پہچاننے اور دنیا کي بےثباتي پر یقین کرکے نعیم جنت کي خواهش کرنے پر کیا جاتا تھا اور اسي واسطے جو شخص خدا سے خائف اور دنیا سے متنفر اور آخرت کا طالب هوتا تھا اُسکو فقیه کہتے تھے اور یهي مراد خدا کے کلام میں اس لفظ سے هی جیسے کہ خدا تبارک و تعالی لیتفقهوا في الدین ولینذروا قومهم اذا رجعوا الیهم تاکہ فقیهه هوں دین میں اور ڈراویں اپني قوم کو جب کہ لوٹیں اُن میں اور ظاهر هی کہ یہہ ڈرانا اور لوگوں کو خدا کا خوف دلانا اُسي فقه سے هوسکتا هی جو قرن صحابه میں جاري تھي نہ اُس فقه سے جو آجکل بنام فقه کے مشهور هی کیا کوئي شخص طلاق اور عتاق اور لعان اور سلم اور اجارہ کے مسائل سے کسي کو دنیا کي بےثباتي اور آخرت کي نعمتوں کا یقین یا اُن فرعي مسایل سے خدا کا خوف دلاسکتا هی بلکہ فقط اسي میں مبتلا رهنا اور انهیں باتوں کو فقه سمجھنا آدمي کو قسي‌القلب اور نڈر کردیتا هی اور خدا کا خوف ایسے فقیهه کے دل سے جاتا رهتا هی جیسا کہ هم اپنے زمانہ کے فقیهوں کا حال دیکھتے هیں جنکے حق میں خدا کا یہہ قول صادق هی لهم قلوب لایفقهون بها اسيواسطے حضرت حسن بصري رحمة‌الله علیه نے ایک شخص سے جبکہ اُس نے کوئي مسئله اُن سے پوچھا اور اُنهوں نے کچھہ جواب دیا اور اُس پوچھنے والے نے کہا کہ یہہ فقہا کے مخالف هی فرمایا کہ هل رایت فقیها بعینک انما الفقیه الزاهد في الدنیا الراغب في الاخرة البصیر بدینه المداوم علی عبادة ربه الورع الکاف نفسه عن اعراض المسلمین العفیف عن اموالهم الناصح لجماعتهم کہ آیا تونے کسي فقیهه کو آنکھہ سے بھي دیکھا هی فقیهه وهي هی جو کہ دنیا کا تارک هو آخرت پر راغب هو اپنے دین کو جانتا هو اپنے پروردگار کي عبادت پر مداومت کرتا هو پرهیزگار هو اپنے نفس کو مسلمانوں کي آبرو اور اُن کے مالوں سے بچاتا رهتا هو اور اپنے بھائیوں کو نصیحت کرتا رهتا هو *

یہہ سب صفات فقیهه کي حضرت حسن بصري نے بیان کیں مگر ایک لفظ بھي ایسا نہ فرمایا جس سے معلوم هوتا کہ فقیهه وہ هی جو مسایل فروعات کو خوب جانتا هو *

† الفقه فقد تصرفوا فيه بالتخصيص لابالنقل والتحويل اذ خصصوه بمعرفة الفروع الغريبة في الفتاوى والوقوف على دقائق عللها واستكثار الكلام فيها و حفظ المقالات المتعلقة بها فمن كان اشد تعمقا فيها و اكثر اشتغالا بها يقال هو الافقه و لقد كان اسم الفقه في العصر الاول مطلقا على علم طريق الاخرة و معرفة دقائق آفات النفوس و مفسدات الاعمال و قوة الاحاطة بحقارة الدنيا و شدة التطلع الى نعيم الاخرة و استيلاء الخوف على القلب و يدلك عليه قوله عز و جل ليتفقهوا في الدين ولينذروا قومهم اذا رجعوا اليهم وما يحصل به الانذار و التخويف هو هذا الفقه دون تفريعات الطلاق والعتاق واللعان والسلم والاجارة فذلك لايحصل به انذار و لاتخويف بل التجرد له على الدوام يقسي القلب و ينزع الخشية منه كما نشاهد الان من المتجردين له وقال تعالى لهم قلوب لايفقهون بها واراد به معاني الايمان دون الفتوى (احياء العلوم)

تیسرا لفظ حکمت

حکمت کا لفظ اکثر قرآن مجید میں اور احادیث میں واقع ہوا ہی اور جس شخص کو خدا نے حکمت دی ہی اُس کی خود خدا نے بڑی صفت کی ہی جیسا کہ خود فرماتا ہی ومن یؤت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا مگر جو مراد خدا کی اس حکمت سے ہی وہ صرف معرفت ذات و صفات باریتعالی ہی مگر اب یہہ لفظ اُس علم پر اطلاق کیا جاتا ہی جس سے انسان اَوْر گمراہ ہوتا ہی اور وہمی اور خیالی باتوں میں پھنس جاتا ہی اور حکماء یونان کے خیالی مسئلوں کا جاننے والا ہی حکیم سمجھا جاتا ہی پس جو شخص اُن کے قولوں کو جانتا ہو اور اُن کی بیان کی ہوئی باتوں سے واقفیت رکھتا ہو اور جو لوگوں نے اُن باتوں کو مشکل مشکل لفظوں اور دقیق دقیق عبارتوں میں اپنی زبان میں کرلیا ہی اُسے بخوبی یاد رکھتا ہو وہ اُس صفت سے موصوف تصور کیا جاتا ہی جو خدا نے حکمت کی کی ہی حالانکہ یہہ بڑا دھوکہ ہی ؀

چوتھا لفظ وعظ و تذکیر †

وعظ و تذکیر کی بڑی صفت اللہ جلشانہ نے کی ہی اور اُس کی فضیلت میں خدا نے فرمایا ہی وذکرفان الذکری تنفع المؤمنین اور حضرت سرور کائنات علیہ الصلوات والتحیات نے بھی مجالس ذکر کی بڑی بزرگی بیان فرمائی ہی لیکن اب اس زمانہ میں جس بات پر اطلاق وعظ و تذکیر کا ہوتا ہی وہ حقیقت میں تحریف ہی یعنی اس زمانہ کے واعظ اپنے وعظ میں قصے بکتے ہیں جھوٹی کہانیاں بیان کرتے ہیں شہوت انگیز شعر پڑھتے ہیں جھوٹا مذہبی جوش دلانے والی روایتیں جنکی کچھہ بھی اصلیت نہیں نہایت خوش تقریری سے ایک عمدہ قصہ خواں کی طرح نقل کرتے ہیں اور انبیا اور بزرگان دین کی نسبت بے اصل باتیں منسوب کرکے اُسے بڑی دینداری بلکہ ذریعہ نجات سمجھتے ہیں

اور لوگوں کے دلوں میں اُن بےاصل باتوں کا ایسا یقین دلاتے ہیں کہ سننے والے اُسے خدا و رسول کے قول کی برابر جانتے ہیں حالانکہ قصص اور حکایات کا وعظ میں بیان کرنا بدعت ہی اور اُسکا سلفا سلف صالح نے نہایت برا جانا ہی اور قصہ گویوں کے پاس بیٹھنے سے منع کیا ہی یہاں تک کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما مسجد سے نکل گئے اور کہنے لگے کہ ان قصہ گویوں نے مجھہ سے مسجد چھڑوائی اور حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ نے سوائے حضرت حسن بصری کے سب واعظوں کو مسجد سے نکال دیا ؀

جو شخص اس زمانہ کے واعظوں کی باتیں سنے وہ خود اس امر پر یقین کرسکتا ہی کہ اُنکا وعظ قصوں کہانیوں سے بھرا ہوا ہوتا ہی اور جھوٹی روایتوں اور بےاصل حکایتوں اور لغو اور خرافات باتوں سے مملو ہوتا ہی اور حضرات واعظین اُسے ہدایت کا ذریعہ سمجھتے ہیں بلکہ غیر صحیح روایتوں کا بیان کرنا وعظ و تذکیر کے لیئے جایز جانتے ہیں اور اُسکو راہ حق پر پہونچنے اور دل میں سوز و گداز پیدا کرنے کا وسیلہ کہتے ہیں حالانکہ یہہ وسوسہ شیطان کا ہی کیونکہ کبھی حق جھوٹھہ سے حاصل نہیں ہوتا اور بیراہ چلنے سے کوئی دین کی منزل پر نہیں پہونچ سکتا اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تکلف اور سجع اور تصنع سے اپنی امت کو منع فرمایا ہی حالانکہ اب مدار وعظ کی خوبی کا اُسی پر ہی سب سے زیادہ خرابی اور بربادی دین کی ان واعظوں کے وعظ سے ہی جو شعریں پڑھتے ہیں اور شہوت انگیز اشعار پڑھہ پڑھہ کر لوگوں کو وجد میں لاتے ہیں اور وصال و فراق کے مضمون بیان کرکے اس شہوت کو تیز کرتے ہیں اور اُسے عشق حقیقی کا ذریعہ کہتے ہیں ؀

اور اُس سے بھی زیادہ برائی اُن لوگوں کے بیان سے پیدا ہوتی ہی جو کہ بڑے لنبی چوڑے دعوی خدا کے عشق و محبت کے کرتے ہیں اور وصال اور اتحاد کی حقیقت بیان کرکی اپنے نزدیک لوگوں کو خدا سے ملا دینے کی راہ دکھاتے ہیں اور اُسکی خوبی بعض بزرگوں کے حالات اور حکایات کی نقل کرنے سے لوگوں کے دلوں میں کالنقش فی الحجر بیٹھا دیتے ہیں اسیواسطے اکثر جاہل احمق نادان آدمی ان باتوں سے گمراہ ہوجاتے ہیں اور منصور کی طرح انا الحق کہنے لگتے ہیں اور آخرکار دنیا اور دین دونوں سے بےنصیب ہوجاتے ہیں ؀

علاوہ اس کے اکثر حضرات واعظین خدا کے کلام میں تحریف کرتے ہیں اور جو مراد خدا کی اور اُسکے رسول کی ہی اُسکو چھوڑ کر اپنے علم و فضل ظاہر کرنے اور لوگوں کے دلوں کو خوش کرنے کے لیئے غلط معنی بیان کرتے ہیں اور اُسکو نکتہ اور باریکی کہتے ہیں اور الفاظ قرآنی کو اپنے ظاہر معنی سے پھیر کر اُسکی بیجا تاویلیں کرتے ہیں اور غلط تفسیریں کرکے اپنے تئیں فصیح و بلیغ اور علامہ مشہور کراتے ہیں جیسا کہ بعضوں نے بیان کیا ہی بلکہ تفسیروں میں بھی لکھہ دیا ہی کہ والضحی سے مراد رخسارے اور واللیل سے مراد زلفیں ہیں یا آیہ اذھب الی فرعون انہ طغی میں مراد فرعون سے دل ہی یا صم بکم عمی فہم لایرجعون سے اہل تصوف اور عاشقان خدا ہیں کہ ایسے معنی بیان کرنے والے اپنی بڑی قابلیت اور عالمیت ان معنوں سے ظاہر کرتے ہیں اور سننے والے بھی اُسے سنکر وجد میں آجاتے ہیں مگر حقیقت میں

---

† فعل ذالک الی ماتری اکثر الوعاظ فی ہذا الزمان یواظبون علیہ و ہو القصص والاشعار والشطح والطامات اما القصص فہی بدعۃ وقد ورد نہی السلف عن الجلوس الی القصاص وقالوا لم یکن ذالک فی زمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا فی زمن ابی بکر ولا عمر رضی اللہ عنہما حتی ظہرت الفتنۃ وظہر القصاص و روی ان ابن عمر رضی اللہ عنہما خرج من المسجد فقال ما اخرجنی الا القصاص ولولاہ لما خرجت احیاء

ومن الناس من یستجیز وضع الحکایات المرغبۃ فی الطاعات ویزعم ان قصدہ فیہا دعوۃ الخلق الی الحق و ہذا من نزغات الشیطان فان فی الصدق مندوحۃ عن الکذب و فیما ذکراللہ تعالی و رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم غنیۃ عن الاختراع فی الوعظ کیف و قد کرہ تکلف السجع وعد ذلک من التصنع ۔ احیاء

واما الاشعار فتکثیرہا فی المواعظ مذموم قال اللہ تعالی والشعراء یتبعہم الغاوون الم تر انہم فی کل واد یہیمون وقال تعالی وما علمناہ الشعر وماینبغی لہ و اکثر ما اعتادہ الوعاظ من الاشعار مایتعلق بالتواصف فی العشق و جمال المعشوق وروح الوصال و الم الفراق والمجلس لا یحوی الا اجلاف العوام وبواطنہم مشحونۃ بالشہوات و قلوبہم غیر منفکۃ عن الالتفات الی الصور الملیحۃ فلاتحرک الاشعار من قلوبہم الا ماہو مستکن فیہا فتشتعل فیہا نیران الشہوات فیزعقون و یتواجدون و اکثر ذلک او کلہ یرجع الی نوع فساد

یہ وعظ بالکل حرام ہی اور کہنے والا اُسکا دشمن اسلام کا ہی بلکہ تہمت کرنے والا پیغمبر کا ہی صلی اللہ علیہ وسلم فقد عرفت کیف صرف الشیطان دواعی الخلق من العلوم المحمودة الی المذمومة فکل ذلک من تلبیس علماء السوء بتبدیل الاسامی *

راقـــــم

مہدیعلی

نمبر ۷۵

طریقہ تناول طعام

ضد اور نفسانیت انسان کے بہت بڑے دشمن ہیں کسی اچھی بات کو ضد سے نماننا اور اُسکی نیک و بد پر غور نکرنا گرحقیقت انسان کا کام نہیں ہی *

اسوقت ہمکو نہ انگریزوں کی طرح چھری کانٹے سے میز کرسی لگاکر کھانے پربحث ہی اور نہ ہمکو ترکوں کی تقلید کی ہوس ہے بلکہ ہم نہایت سیدھی طرح سے کھانے کے طریق پرغور کرتی ہی اور بلاتبدیل وضع جسقدر کہ اوسکی نقصان رفع ہو سکتے ہیں اوسی پر بحث کرنے سے غرض ہی *

ہندو چوکہ میں چھوٹی چھوٹی پیالیوں یا تشتریوں یا پتاوں میں تھوڑا تھوڑا سب قسم کا کھانا چن کر آگے رکھہ لیتے ہیں اور ہرایک میں سے کچھہ کچھہ کھاتے جاتے ہیں اور جو بچتا ہی وہ اُسی برتن میں دھرا رہتا ہی جس میں اُنہوں نے کھایا تھا اور اس سبب کھانے کے وقت اُنکے سامنے جھوٹے برتن اور نیم خوردہ کھانا سب دھرا رہتا ہی اور کھاچکنے کے بعد وہ سب اُٹھہ جاتا ہی *

ہندوستان میں مسلمانوں کے کھانا کھانے کا بھی یہی طریق ہی جو ہندوؤں کا ہی صرف اتنا فرق ہی کہ ہندو چوکہ میں بیٹھتے ہیں مسلمان دسترخوان بچھاکر بیٹھتے ہیں جس طرح ہندو سب طرح کا کھانا ایک ساتھہ اپنے آگے رکھہ لیتے ہیں اسیطرح مسلمان بھی قابوں اور رکابیوں اور فوریوں اور تشتریوں اور پیالوں میں سب طرح کا کھانا اور سب قسم کی روٹی اور ہر طرح کے کباب اور فیرنی کے خوانچے اور زردے کے پیالے اور اچار مربہ کی پیالیاں سینی کے پرچاپے کی طرح سب اپنے آگے رکھہ لیتے ہیں اور اُس ایک دسترخوان پر کوئی تو فقط انگلی شہادت کی انگلی سے اور کوئی دست بغیر چاروں انگلیوں سے چاٹ رہا ہی کوئی پلاو میں اوری کا سالن ملاملا کر کہارہا ہی کسی نے سالن ملا ہوا پلاو کہاکر نان ایسی سے لتہڑا ہوا پنجہ مبارک پونچھہ کر روٹی کو سالن میں ڈبو ڈبو کر کہانا شروع کیا ہی کسی نے زردے کے پیالے کو منہہ سے لگا سڑپا بہر اور یہہ کہہ کر واللہ بڑی دیر سے اوہ اوہ کرنا شروع کیاہی تمام جھوٹی برتن اور نیم خوردہ کہا نا اور چچوڑی ہوئی ہڈیاں اور روٹی کے ٹکڑے اور سالن میں کی نکالی ہوئی مکہیاں سب اگے رکھی ہوئی ہیں اس عرصہ میں جو شخص کہا چکاہے اوسنے ہاتہہ دھونا کہنکار کہنکار کر گلا صاف کرنا اور دانتوں سے دالیں رگڑ نے اور زبان پر دو انگلیاں رگڑ رگڑ کر زبان صاف کرنا شروع کیا ہی اور اور بےتکلف بیٹھے کہانا نوش فرماتے ہیں نہ اُن

ہاتہہ منہہ دھونے والوں کو خیال ہی کہ ہم کہانا کہانے والوں کے قریب ایسی حرکات ناشایستہ کرتے ہیں اور نہ کہانا کہانے والوں کو اُن لوگوں کی کریہہ آواز سننے اور زرد زرد ہلدی کے ملے ہوئے رنگ کا لعاب نکلنے اور بلغم کے لوتھڑے تہوک کرکر چلمچی یا تاش میں تہوک دیکھنے اور بتاشے کی طرح اُس کے پانی پر تیرتے پھرنے کی دیکھنا گوارا ہی نعوذباللہ منہا *

انگریز جس طرح کہانا کہاتے ہیں وہ سب پر روشن ہی اور اسکا بیان بھی کچھہ ضرور نہیں ہی کیونکہ ہمارے ایک متبع سنت ہم وطن آپ تو حدیث من تشبہ بقوم فہو منہم کا چھرا ماریںگے *

عرب میں کہانا کہلانے کا یہہ دستور ہی کہ ایک چوکی پر چھوٹاسا خوان بچھایا جاتا ہی اور ایک برتن میں ایک قسم کا کہانا آتا ہی اور جو لوگ چوکی کے گرد بیٹھتے ہیں وہ سب اُس میں کہانا شروع کرتے ہیں چند لقمہ کہانے پر وہ برتن اُٹھہ جاتا ہی اور دوسری قسم کا کہانا دوسرے میں آتا ہی اور چند لقمہ کے بعد وہ بھی اُٹھہ جاتا ہی اور اسیطرح آتا جاتا رہتا ہی اس طرح پر کہانے میں یہہ فائدہ ہی کہ جھوٹے برتن اور چھوڑا کہانا سامنے نہیں رہتا *

مگر جو فہچلا پن ہندوستان کے مسلمانوں میں کہانے کی مجلس میں ہوتا ہی نعوذباللہ منہا کسی ملک کے کہانے کی مجلس میں نہیں ہوتا پس نہایت شرم اور افسوس کی بات ہی کہ ہم اپنی ضد و نفسانیت سے اس فہچلے پن میں پڑے رہیں اور اُس کی درستی و تہذیب پر متوجہ نہوں *

ہمارا یہہ مطلب نہیں ہی کہ خواہ نخواہ میز کرسی پر بیٹھکر چھری کانٹے سے کہانا کہاؤ یا عرب کی طرح چھوٹی چوکی پر ایک خوان بچھاؤ لکہ شوق سے بسم اللہ دسترخوان پر کہانا تناول فرماؤ اور کو بہت سی سنن ہدی کے ادا کی فکر نہو زمین پر بیٹھکر کہانا کہانے ہی کی سنت عادی کی پیروی کرو مگر براے خدا یہہ فہچلا پن چھوڑو اور سب طرح وضع پر کہانا کہانے میں جہاں تک اصلاح و صفائی ہوسکے اُس کو اختیار کرو صفائی و پاکیزگی اختیار کرنا تو شریعت میں ممنوع نہیں ہی *

مگر یہہ بات یاد رکھنی چاہئیے کہ جب تک کسی کام کے لئے کوئی قاعدہ اورطریقہ مقرر نہیں ہوتا اور بخوبی اوسکی پابندی نہیں کی جاتی اُسوقت تک وہ چلتا نہیں اور جبوہ قاعدہ مقرر ہوتا ہے تورفتہ رفتہ ازخود اوسکا رواج ہوجاتاہے اور سب لوگ اُسکو کرنے لگتے ہیں اور چندعرصہ بعد اُسکی ایسی عادت ہوجاتی ہی کہ طبیعت ثانی گنی جاتی ہی *

پس ہمارا مقصد یہہ ہی کہ طریقہ تناول طعام کے کچھہ قواعد سوانچی جاویں اور یہی طریقہ جو دسترخوان پربیٹھکر کہانا کہانیکا ہی اسی میں ایسی اصلاح کی جاوے جسکو لوگ مورد طعن من تشبہ بقوم بھی نکریں اور اس فہچلے پنے سے نجات پاویں چنانچہ ہملے اسباب میں کچھہ قواعد تجویز کیئے ہیں اور ہم اُنکو آیندہ کے پرچہ میں لکھینگے *

راقـــــم

سید احمد

بمقام علیگڈہ ـــــ مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم]　　۱۵ صفر سنہ ۱۲۸۹ ھجري　　[نمبر ۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاھیگا اُس کو فی پرچہ ... معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاھیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ھی اور وھاں سے تقسیم ہوتا ھی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ھی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ھیں چھاپے ہوتے ھیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ھی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو امور اُس ترقي کے مانع ھیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۷۶

علم تفسیر

چند روز ہوئے کہ ہمنے ایک مختصر مضمون تفسیر بالرائے کی تعریف میں لکھا تھا اُس پر لوگوں نے بہت کچھہ اعتراض کیا اور ہمکو منکر تفاسیر اور مخالف علما ٹھرایا اس لیئے اب ہم تفسیر کی حقیقت اور مفسرین کے طبقات اور تفاسیر کی کیفیت اور نئی تحقیقات کی ضرورت بیان کرتے ہیں تاکہ سمجھہ دار لوگ انصاف کریں کہ ہمارا قول اگلے عالموں کے موافق ہی یا اُنکے مخالف اور جس ضرورت سے ہم تحقیق کی آرزو کرتے ہیں وہ ہی یا نہیں *

ہمارے بھائیوں کا یہہ حال ہی کہ جہاں اُن کے کان تک وہ آواز پہونچی جسے اُنہوں نے پہلے نہ سنا ہو چونک اُٹھتے ہیں اور ماسمعنا بہذا فی آبائنا الاولین کہکر کہنے والے کو مرتد اور کافر بتاتے ہیں نہ یہہ سوچتے ہیں کہ یہہ کہنے والا اُسی بات کو کہہ رہاہی جسے ہزار برس پہلے ہمارے دین کے پیشوا اور امام کہتے تھے نہ اسپر غور کرتے ہیں کہ یہہ باتیں وہی ہیں جسکو ہمارے مذہب کے محقق اور عالم لکھہ گئے ہیں نہ اُسکی حقیقت اور اصلیت کو دیکھتے ہیں نہ اُسکے ماخذ اور مبداء پر نظر فرماتے ہیں بلکہ عامیانہ طور سے کہنے والے کی طرف الحاد و ارتداد کی نسبت کرنے لگتے ہیں اور قد نفر قد کفر کا شور آسمان تک پہونچاتے ہیں حالانکہ یہہ بات بڑی نادانی کی ہی عاقل کا کام ہی کہ وہ کہنے والے کی بات کو غور سے سنے اور گو بوجھہ اسکے کہ اُسنے پہلے اُسے نہ سنا ہو اُس پر متعجب ہووے مگر تحقیق سے تساہل نکرے اُس کی حقیقت کو سوچے اگر کہنے والے کا قول حق اور صحیح ہو مانے ورنہ کالے ہد بریش خاوند اُسکو کہنے والے کے سرپر مارے *

اب میں اصل مطلب کو لکھتا ہوں اور اس مضمون کو چند بحثوں پر تقسیم کرتا ہوں پہلی بحث علم تفسیر کی تعریف میں — دوسری بحث مفسرین کے طبقات کے بیان میں — تیسری بحث کتب تفاسیر کی حقیقت میں *

پہلی بحث علم تفسیر کی تعریف میں

ہمارے متقدمین علماء علم تفسیر کی تعریف میں مختلف ہیں بعضے کہتے ہیں † کہ علم تفسیر وہ علم ہی جس میں بحث کی جاتی ہی نظم قران سے بقدر طاقت بشری کے موافق قواعد عربی کے واسطے استنباط کرنے احکام شرعی کے اور بعضے یہہ لکھتے ہیں ‡ کہ علم تفسیر وہ علم ہی جس میں بحث کی جاتی ہی اللہ جلشانہ کی مراد و مقصود سے جو قران مجید میں ہی اور بعضے یہہ فرماتے ہیں کہ وہ وہ علم ہی جس میں بحث کی جاتی ہی الفاظ کلام اللہ سے تاکہ دلالت کرے مراد پر اللہ جلشانہ کی — ہمارے مذہب کے ایک بڑے محقق نے ان تعریفوں کو جامع مانع نہیں جانا اور یہہ لکھا کہ اللہ جلشانہ کی مراد سے بحث کرنا علم تفسیر نہیں ہی کیونکہ تفسیر دو ہی طرح پر ہوتی ہی یا روایتاً یا درایتاً چونکہ اکثر روایتیں تفسیر کی احاد ہیں اس لیئے وہ مفید یقین نہیں ہوسکتیں پس از روے روایت کے مراد خدا کی یقیناً معلوم نہیں ہوسکتی باقی رہا ازروے درایت کے یعنی موافق اپنی سمجھہ کے معنی سمجھنا یہہ امر بھی ظنی ہی اسی واسطے تفسیروںمیں ایک دوسریسے اختلاف ہی پس کیونکر اُسپر یقین کیاجاوے کہ یہی مراد و مقصود خدا ہی پس اصل تعریف جامع مانع علم تفسیر کی یہہ ہی § کہ تفسیر وہ علم ہی جس سے کیفیت خدا کے کلام کی من حیث القرانیۃ اس طرحپر دریافت کی جاوے کہ جس سے علم یا ظن اللہ جلشانہ کی مراد اور مقصود کا بقدر طاقت بشری کے حاصل ہو *

پس علم تفسیر کی تعریف میں جو باہم علماء کے اختلاف ہی اور جو تعریف جامع مانع اُس علم کی بعض محققین نے بیان کی ہی یہہ اختلاف اور یہہ تعریف ہی اِس بات پر اشارہ کرتی ہی کہ تفسیر جو کچھہ اگلے لوگوں نے کی ہی وہ نہ سب واجب الیقین ہی اور نہ وہ معانی جو بیان کیئے گئے ہیں سب منقول مخبر صادق علیہ السلام سے ہیں بلکہ جو کچھہ مفسرین نے معانی اور مطالب بیان کیئے ہیں اُن سب کا منقول ہونا صحابہ یا تابعین سے بھی نہیں پایا جاتا پس وہ معانی جو باخبار مشہورہ یا بروایات صحیحہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے منقول نہیں ہیں صرف ظنی ہیں اور اگر اُنمیں سے کسیکی غلطی ظاہر ہو جاوے تو اُس کا ماننا کچھہ لازم نہیں *

البتہ تفسیر میں ایک قسم خاص ہی جس میں سواے بہ طریق سمع اور نقل کے تفسیر کرنا ناجائز ہی یعنی بیان کرنا اسباب نزول اور ناسخ و منسوخ کا (جن کے نزدیک نسخ جائز ہی) اور قرأت اور لغات اور قصص اور اخبار کا مگر سواے اِس کے استنباط کرنا احکام اصلی

---

† و ہو علم باحث من معنی نظم القران بحسب الطاقۃ البشریۃ وبحسب ماتقتضیہ القواعد العربیۃ و فائدتہ حصول القدرۃ علی استنباط الاحکام الشرعیۃ علی وجہ الصحۃ — ہذا ما ذکرہ ابوالخیر و ابن صدرالدین

† ہو ما یبحث فیہ من مراد اللہ سبحانہ و تعالی من قران المجید — مولانا قطب الدین الرازی فی شرحہ للکشاف

‡ شارح تفتازانی —

§ فالا ولی ان یقال علم التفسیر معرفۃ احوال کلام اللہ سبحانہ و تعالی من حیث القرانیۃ و من حیث دلالتہ علی مایعلم او یظن انہ مراد اللہ سبحانہ و تعالی بقدر الطاقۃ الانسانیۃ — کشف الظنون

[تفسیروں] کا ایسا ہونا جو مطابقت عہد زمانہ کلام الٰہی کا حقایق موجودہ [...] اور تفصیل کرنا اُن نکات و اسرار کا جو اُن لفظوں سے اجمالاً [سمجھے] جاتے ہیں اور دفع کرنا اُن شکوک و شبہات کا جو آیات [و] متشابہات سے پیدا ہوتے ہوں اور جن سے ملحدین و منکرین کو اُس کلام کی حقیقت پر طعنہ کرنے کا موقع ملتا ہو نہ صرف جائز ہی بلکہ بعض [زمانوں] میں ضروری اور واجب ہی ⁕

دوسری بحث طبقات مفسرین کے بیان میں

پہلا طبقہ — مفسرین کا طبقہ صحابہ ہی جسمیں خلفاء اربعہ اور حضرت ابن مسعود اور ابن عباس اور ابی بن کعب اور زید بن ثابت اور ابو موسیٰ اشعری اور عبداللہ بن زبیر اور انس بن مالک اور ابوہریرہ اور جابر اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں مگر منجملہ اُنکے بڑے مفسر حضرت عبداللہ بن عباس ہیں جنکو ترجمان قرآن کہتے ہیں ⁕

حضرت عبداللہ بن عباس سے جو تفسیر † منقول ہی اُس کے بہت سے سلسلے ہیں جنمیں سے بعض صحیح بعض مشتبہ اور بعض بالکل غلط اور جھوٹے ہیں صحیح سلسلہ اُنکا وہ ہی جو ‡ علی بن ابی طلحہ ہاشمی سے (جنہوں نے سنہ ۱۴۳ ہجری میں وفات پائی) منقول ہی اور جنپر بخاری نے اعتبار کیا ہی اور سلسلہ قیس بن مسلم کوفی کا (جس نے سنہ ۱۲۰ ہجری میں وفات پائی) عطاء بن سائب کی روایت سے بھی صحیح ہی ایک واہی سلسلوں میں سے اُنکی تفسیر کا وہ سلسلہ ہی جو ابونصر محمد بن سائب کلبی (جس نے سنہ ۱۴۶ ہجری میں وفات پائی) نے ابو صالح کی روایت سے بیان کیا ہی اور اگر اس میں روایت محمد بن مروان سدی صغیر کی (جس نے سنہ ۱۸۶ ہجری میں وفات پائی) ملی ہی وہ سلسلہ بالکل ہی غلط اور جھوٹا ہی اور اسی طرح پر مقاتل § بن سلیمان بن بشیر ازدی کا (جس نے سنہ ۱۵۰ ہجری میں وفات پائی) موضوع اور جھوٹا ہی اور سلسلہ ضحاک بن مزاحم کوفی کا (جس نے سنہ ۱۰۲ ہجری میں وفات پائی) منقطع ہی کیونکہ ضحاک حضرت عبداللہ بن عباس سے نہیں ملا اور اگر اِس میں روایت بشیر بن عمارہ کی ملالی جاوے تو اَور بھی زیادہ ضعیف ہی اور اگر روایت جویبر کی ضحاک سے ہو تو بہت ہی زیادہ غیر قابل اعتبار کے ہی ⁕

دوسرا طبقہ — مفسرین کا طبقہ تابعین ہی جس میں مجاہد بن جبر مکی † اور سعید بن جبیر اور عکرمہ اور طاؤس بن کیسان یمانی اور عطاء بن ابی رباح مکی ہی جو اصحاب عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہلائے جاتے ہیں اور علقمہ بن قیس اور اسود بن یزید اور ابراہیم نخعی اور شعبی ہیں جو کہ یاران ابن مسعود ہیں اور عبدالرحمن بن زید اور مالک بن انس اور حسن بصری اور عطاء ابن ابی سلمہ اور محمد بن کعب اور ابوالعالیہ اور ضحاک ابن مزاحم ‡ اور عطیہ بن سعید اور قتادہ بن دعامہ § اور ربیع بن انس ہیں مگر ان میں سے کسی نے کوئی کتاب تفسیر کی تالیف نہیں کی ⁕

تیسرا طبقہ — مفسرین کا وہ ہی جنہوں نے کتابیں تفسیر کی تالیف کیں اور اقوال صحابہ اور تابعین کو جمع کیا اُنکے نام یہہ ہیں سفیان بن عیینہ وکیع بن جراح شعبہ بن حجاج یزید بن ہارون عبدالرزاق علی بن ابی طلحہ ابن جریر ابن ابی حاتم ابن ماجہ حاکم ابن مردویہ ابن حبان ابن منذر ⁕

چوتھا طبقہ — اُن مفسرین کا ہی جنہوں نے تفسیریں تالیف کیں مگر سلسلہ سند کو اڑا دیا مثل ابواسحاق زجاج اور ابوعلی فارسی اور ابوبکر نقاش ‖ اور ابوجعفر نحاس اور مکی بن ابی طالب اور ابوالعباس مہدوی ⁕

---

† یاد رکھنا چاہیئے کہ عبداللہ ابن عباس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے صرف چار حدیثیں سنیں ہیں کیونکہ وہ بہت چھوٹے تھے سن میں مگر اُن کی مرسل روایتوں کو قبول کرنے پر بھی اجماع ہی — شرح اصول بزدوی

‡ قال قوم لم یسمع ابن ابی طلحۃ من ابن عباس التفسیر و انما اخذہ من مجاہد او سعید بن جبیر — اتقان

قال یعقوب بن سفیان ضعیف الحدیث یعنی علی ابن ابی طلحۃ — میزان ذہبی

§ قال وکیع ان مقاتل ابن سلیمان کان کذابا وقال ابن حبان انہ کان یکذب بالحدیث — میزان ذہبی

---

† قال ابوبکر ابن العیاش قلت للاعمش مالہم تفسیر مجاہد قال اخذھا من اھل الکتاب — میزان الاعتدال ذہبی

‡ قال یحیی بن سعید الضحاک ضعیف عندنا و اما روایاتہ عن ابن عباس و ابی ھریرۃ و جمیع من روی عنہ ففی ذلک کلہ نظر (میزان ذہبی) الضحاک ضعیف ولم یستمع من ابن عباس — لآلی مصنوعہ فی الاحادیث الموضوعۃ السیوطی

§ قال جریر ابن عبدالحمید عن مغیرۃ عن الشعبی قیل لہ ھل رایت قتادۃ قال نعم رایتہ کحاطب لیل وقال سفیان ابن عیینۃ قال الشعبی قتادۃ حاطب لیل — مختصر تہذیب الکمال ذہبی

‖ کان یکذب فی الحدیث والغالب علیہ القصص وسئل ابوبکر البرقانی عن النقاش فقال کل حدیثہ منکر و قال البرقانی وذکر تفسیر النقاش فقال لیس فیہ حدیث صحیح — انساب سمعانی

کان النقاش یکذب فی الحدیث والغالب علیہ القصص — میزان ذہبی

النقاش صاحب التفسیر فانہ کذاب اوھو احد من الدجاجیل — لسان المیزان عسقلانی

فی حدیثہ مناکیر باسانید مشہورۃ و ذکر النقاش عند طلحۃ ابن محمد ابن جعفر فقال کان یکذب فی الحدیث والغالب علیہ القصص وقال البرقانی لیس فی تفسیرہ حدیث صحیح — وفیات الاعیان یافعی

پانچواں طبقه — † اُن لوگوں کا هی جنهوں نے بےسند قولوں کو نقل اور هر قسم کي روايات صحيح اور غلط اور ضعيف اور موضوع کو بيان کيا اور بلا تصحيح و تميز کے هر قسم کي روايتوں سے اپني تفسيروں کو بهرديا يا جن علموں سے وه واقف هونگے يا جن باتوں پر اُنکا ميلان طبع هوا اُسي پر آيات قرآني کو مائل کيا اور اُنهيں علموں اور اُنهيں باتوں سے ورق کے ورق تفسيروں کے سياه کيئے مثل ثعلبي اور کلبي ‡ اور واحدي اور امام رازي اور محمود بن حمزه کرماني وغيره کے *

تيسري بحث کتب تفاسير کي حقيقت ميں

جتني تفسيريں آج کل مشهور هيں اُن ميں کوئي ايک بهي تفسير کي کتاب ايسي نهيں هی جس پر بجميع الوجوه صحت کا يقين کيا جاوے اور جسکي ساري روايتيں اور ساري اقوال مانے جاويں اور جس ميں غلطي کا احتمال نهو کيونکه کوئي تفسير نهيں هی جو صرف احاديث صحيحه اور اقوال مخبر صادق عليه السلام هي کي جامع هو اور لوگوں کي رائيں اور اُنکے قول نه ملے هوں اور کوئي تفسير ايسي بهي نهيں هی جو صرف اقوال صحابه کي جامع هو هاں ايک تفسير هی جو حضرت ابن عباس رضي الله تعالى عنه کي طرف منسوب هی مگر هم اوپر طبقات کي بحث ميں لکهه آئے هيں که وه تفسير جو منسوب به حضرت عبدالله بن عباس هی اُسکے کئي سلسلے هيں اور اکثر جهوٹے اور وضعي هيں سچا سلسله اُن کي تفسير کا جو هی وه بهت هي تهوڑا هی اور اُسے شاه ولي الله صاحب رحمة الله عليه نے اپني کتاب فوزالکبير کے آخري حصه ميں لکهديا هی جو چاهے وه ديکهلے اُس ميں يا الفاظ غريب قرآن مجيد کے معني هيں يا مختصر تفسير بعض آيات کي هی مکرر وه لمبي چوڑے قصے اور کهانياں جو اُنکي طرف منسوب کي گئي هيں اُن کا نام و نشان بهي نهيں هی *

غرض که جب ان طولاني تفسيروں ميں کوئي ايک بهي ايسي نهيں هی که جو صرف جامع احاديث نبوي اور اقوال صحابه کبار هو تو اب هر تفسير کے اوپر اعتبار کرلينا اور بغير تحقيق کے جو کچهه کسي عالم کے قلم سے نکل گيا اُس کا مان لينا اور مثل آيات قرآن مجيد کے اُس کے انکار کو کفر جاننا حقيقت ميں اسلام کا نتيجه نهيں هی بلکه تقليد کا ثمره *

اگرچه هم اُن مفسرين کي نهايت تعظيم کرتے هيں اور اکثر کو اُن ميں سے اپنا پيشوا اور امام اور مقتدا جانتے هيں اور جو کچهه اُنهوں نے اپني نيک نيتي اور صفاء طينت سے نيک کوششيں کيں اُسکا شکر کرتے هيں اور اپنے اوپر اُن کے علم اور تحقيقات اور تاليفات کا بڑا احسان سمجهتے هيں اور اُن کي کتابوں اور تفاسير سے بهت بڑي مدد پاتے هيں اور همکو بهت سے عمده اور اعلى مباحث ميں اُن سے فائده پهونچتا هی مگر باايں همه هم اُن کو معصوم اور محفوظ نهيں جانتے اور اُن کي راے اور سمجهه اور بيان اور تاليف کو غلطي سے مبرا نهيں سمجهتے اور مثل اپنے پيغمبر صلعم کے اُن کي هر بات پر آمنا و صدقنا نهيں کهتے کيونکه هم يهه حق صرف اُسي ايک کا جانتے هيں جسکي شان ميں همارے خدا نے فرمايا هی وما ينطق عن الهوى ان هو الا وحي يوحى پس اگر دوسرے کي نسبت بهي هم ايسا هي اعتقاد رکهيں تو حقيقت ميں هم مشرک في صفة النبوة هيں *

يهه عقيده يا يهه قول همارا هي نهيں هی تمام متقدمين اور سارے اگلے محدثين اور مجتهدين کا يهي عقيده اور يهي قول تها بلکه وه اصحاب نبوي کي نسبت يهي کهتے تهے که اُن کي روايت معصوم هی مگر اُن کي راے معصوم نهيں هی اور سوائے اُن کے اَوروں کي نسبت تو صاف کهتے تهے که کانوا رجالاً ونحن رجال والامر بيننا و بينهم بحال *

پس جب کسي کي راے اور کسي کا قول هر طرح پر تسليم کرنا اور اُس کو گو کيسي هي کهلي غلطي پائي جاوے مان لينا ضروري نه هوا تو هر شخص کو تحقيق کرنے اور اُس کے ماله ماعليه کے سوچنے کي عقلاً اور نقلاً اجازت هوئي پس کسي مسلمان پر بحيثيت اسلام کے کسي تفسير کي کتاب کا بجميع الوجوه ماننا نه ضروري هی نه جايز بلکه هر مسلمان پر خصوصاً اُس پر جو اپني هر بات اور اپنے هر عقيده کا جواب دينا خدا کے روبرو يقيني جانتا هو ضرور هی که وه

---

† علامه سيوطي اس طبقه کي نسبت لکهتے هيں که ثم الف في التفسير طائفة من المتاخرين فاختصروا الاسانيد ونقلوا الاقوال تبرا فدخل من هنا الدخيل والتبس الصحيح بالعليل ثم صار کل من سنح له قول يورده و من خطر بباله شئ يعتمده ثم ينقل من ذلک خلف عن سلف ظاناً ان له اصلا غير ملتفت الى تحرير ما ورد عن السلف الصالح ۱۲

‡ حموي ذکر ميں تفسير طبري کے لکهتے هيں که ولم يتعرض ابن الطبري لتفسير غير موثوق به فانه لم يدخل في کتابه شيئا من کتاب محمد بن السائب الکلبي ولا مقاتل ابن سليمان ولا محمد ابن عمر الواقدي لانهم عنده اظناء

الکلبي فهو معروف بالتفسير ولا لاحد تفسير اطول منه ولا اشبع وبعده مقاتل ابن سليمان الا ان الکلبي يفضل لما في مقاتل من المذاهب الردية — اتقان

قال احمد بن زهير لاحمد بن حنبل يحل النظر في تفسير الکلبي قال لا وقال الجوزجاني وغيره انه کذاب وقال الدار قطني متروک وقال ابن حبان مذهبه في الدين و وضوح الکذب فيه اظهر من ان يحتاج الى الاغراق في وصفه — ميزان ذهبي

قدقال احمد في تفسير الکلبي من اوله الى آخره کذب لايحل

تطبيق کرے اور اُن کتابوں کے اندر جو کچھہ لکھا ہوا ہی اُس کي جانچ کرے جسے صحيح پاوے اُسے سر پر آنکھوں پر رکھے جسے غلط پاوے اُس پر خط نسخ کھينچ دے † *

تفسيروں ميں جہانتک غور کرنے سے پايا جاتا ہی سواے اُن باتوں کے جو نقل و سمع پر موقوف ہيں مثل اسباب نزول وغيرہ کے چند چيزيں ہيں يا احاديث رسول خدا صلی الله عليه وسلم کي يا اقوال صحابه کبار اور تابعين کے يا قصص اور اخبار يا واقعات زمانه آينده کے يا استنباط مسائل اصول و فروعي کا يا تطبيق حقايق موجودات کي مطابق علوم عقلي کے *

ذکر احاديث نبوي کا جو تفسيروں ميں ہيں

احاديث نبوي ‡ جو کتب تفاسير ميں منقول ہيں اکثر بلا سلسله رواة اور بغير ذکر اسناد کے مذکور ہيں مگر بعض تفسيروں ميں اُسکي رعايت ہی پس جو حديث بے سند ہی يعني جسميں نه راويوں کے نام نه بيان کرنے والے کا ذکر مفسر نے کيا ہی اُس کي تنقيح کرنا اور جو حديث بسلسله رواة مذکور ہی اُس کے رواة کي تحقيق کرنا محدثون کا کام ہی کيونکه جب ہمارے پچھلے عالموں نے اُن حديثوں کي تحقيق کي جو تفسيروں ميں بھري ہوئي ہيں تو اُنہوں نے اقرار کيا که تفسير کي کتابيں نه صرف ضعيف اور منکر حديثوں سے بھري ہوئي ہيں بلکه موضوع حديثوں کا مجموعه ہی جيسا که علامه عبدالرؤف مناوي فيض القدير شرح جامع صغير ميں لکھتے ہيں که قال ابن الکمال کتب التفسير مشحونة بالاحاديث الموضوعة *

† کتب التفسير التي ينقل فيها الصحيح والضعيف مثل تفسير الثعلبي و الواحدي والبغوي و ابن جرير و ابن ابي حاتم لم يکن مجرد رواية واحد من هو له دليلا على صحته باتفاق اهل العلم فانه اذا عرف ان تلک المنقولات فيها صحيح وضعيف فلا بد من بيان ان هذا المنقول من قسم الصحيح دون الضعيف — ابن تيميه

‡ و من تلبيس ابليس على علماء المحدثين رواية الحديث الموضوع من غير أن يبينوا انه موضوع و هذا خيانة منهم على الشرع و مقصود هم تنفيق احاديثهم و کثرة رواياتهم الى قوله و من هذا الفن تدليسهم في الرواية فتارة يقول احدهم فلان عن فلان او قال فلان عن فلان يوهم انه سمع منه ولم يسمع و هذا قبيح لانه يجعل المنقطع في مرتبة المتصل — تلبيس ابليس علامه ابن جوزي

و کان الاعمش و الثوري و ابن عيينة و ابن اسحاق وغير هم يفعلون هذا النوع اى تدليس الاسناد — شرح الشرح نخبة الفکر لملا على قاري

و انما عجبت من ابي بکر ابن ابي داؤد کيف فرقه يعني هذا الحديث على کتابه الذي صنفه في فضائل القران و هو يعلم انه حديث محال ولکن شرہ بذلک جمهور المحدثين فان من عادتهم تنفيق حديثهم و لو بالبواطيل و هذا قبيح منهم — علامه ابن جوزي

علاوہ موضوع حديثوں کے ضعيف اور منکر حديثوں کا ہونا تو تفاسير ميں بعض کے نزديک موجب قدح نہيں ہی کيونکه بڑے بڑے اماموں اور محدثين نے فرمايا ہی که سواے اُن احاديث کے جن سے استخراج احکام ہوتا ہی اَور حديثوں کي تنقيح ميں ہم نے خود تساهل کيا ہی † اور بعض فرقوں نے تو حديث کا وضع کرلينا ترغيب و ترہيب کے ليئے جائز تصور کيا ہی جيسا که خلاصة الخلاصه ميں لکھا ہی ذهب الکرامية و الطائفة المبتدعة لبعض الصوفية الى جواز وضع الحديث في الترغيب و الترهيب *

اور تفاسير وغيرہ ميں غير صحيح حديثوں کو عالموں نے کچھه جان بوجھه کر ہي نہيں لکھا بلکه اُنہوں نے کچھه تحقيق کرنے پر زيادہ توجهه نہيں کي اور سواے احکام کے اور احاديث کي صحت کو کچھه بہت ضروري نہيں جانا اور دوسروں کے لکھے ہوئے اور کہے ہوئے پر اعتبار کرليا اور يهه غلطي کچھه کم علم آدميوں سے نہيں ہوئي بلکه بڑے بڑے نامي مشہور محققين سے بھي يهه سہو ہوگيا جيسا که ‡

† الرابع انهم قد يروون عنهم احاديث في الترغيب و الترهيب و فضائل الاعمال و القصص و احاديث الزهد و مکارم الاخلاق و نحو ذلک مما لا يتعلق بالحلال و الحرام و سائر الاحکام و هذا الضرب من الحديث يجوز عند اهل الحديث و غيرهم التساهل فيه و رواية ما سوى الموضوع فيه و العمل به لان اصول ذلک صحيحة مقررة في الشرع معروفة عند اهله و على کل حال فان الائمة لا يروون عن الضعفاء شيئا يحتجون به على انفرادہ في الاحکام هذا شيئى لا يفعله امام من ائمة المحدثين ولا محقق من غيرهم من العلماء و اما فعل کثير من الفقهاء او اکثر هم ذالک و اعتماد هم فليس بصواب بل قبيح جداً — خلاصة الخلاصه

‡ عبدالرؤف مناوي فيض القدير شرح جامع صغير ميں لکھتے ہيں اجتهدت في تهذيب الاحاديث الى مخرجيها من ائمة الحديث من الجوامع والسنن والمسانيد فلا اعزو الى شيئى منها الا بعد التفتيش عن حاله و حال مخرجه ولا اکتفي بعزوه الى من ليس من اهله کعظماء المفسرين قال ابن الکمال کتب التفسير مشحونة بالاحاديث الموضوعة و کاکابر الفقهاء فان الصدر الاول من اشياخ المجتهدين لم يعتنوا الى ضبط التخريج و تمييز الصحيح من غيره فوقعوا في الجزم بنسبة احاديث کثيرة الى النبي صلى الله عليه وسلم و فرعوا عليها کثيرا من الاحکام مع ضعفها بل ربما دخل عليهم الموضوع و ممن عدت عليه في هذا الباب عثرات و حفظت عليه غلطات الاسد بن الاسد الکرار الغير الفرار الذي رجع على جلالة الموافق والمؤالف والمعادي والمخالف وطارصيته في المشرقين والمغربين السناد الاعظم امام الحرمين وتبعه عليها معمار القواعد دهقان المعاقد المعقول والمعاقد الذي اعترف بامامته الخاص والعام مولانا حجة الاسلام في کثير من علماء المذاهب الاربعة و هذا لا يقدح في جلالتهم بل لاني اجتهاد المجتهدين اذ ليس في شرط المجتهد الاحاطة لکل حديث في الدنيا قال الحافظ الزين الدين العراقي في خطبة تخريجه الکبير للاحياء عادة المتقدمين السکوت عما اوردوه من الاحاديث في تصانيفهم وعدم بيان جرحه وبيان الصحيح من الضعيف الانادرا وان کانوا من ائمة الحديث حتى جاء النووي وقصدالواهي اى لا يغفل الناس النظر في کل علم في مظنته انتهى بلفظه

فیض القدیر شرح جامع صغیر میں لکھا ہی کہ وہ اسد ابن اسد کرار غیر فرار جسکے علم اور فضیلت پر سب متفق ہیں اور جسکا شہرہ مشرق و مغرب میں ہی یعنی امام الحرمین اور مولانا حجۃ الاسلام بھی اِس غلطی میں مبتلا ہیں اور اُن کی کتابوں میں بھی موضوع حدیثیں منقول ہیں اور سبب اُس کا یہہ ہی نہ صدر اول مجتہدین نے کچھہ اعتنا ضبط تخریج اور تمیز صحیح پر نہیں فرمایا اور باوجود ضعف بعض احادیث کے احکام کی تفریع اُن پر کرھی بلکہ موضوع حدیثیں بھی اُنہوں نے غلطی سے قبول کرلیں اور حافظ زین الدین عراقی نے لکھا ہی کہ اگلے لوگوں کی یہہ عادت تھی نہ جو حدیثیں اپنی کتاب میں وہ نقل کرتے اُس سے سکوت کرجاتے یعنی اُس کے جرح کو بیان نہ کرتے اور اُس کی صحت و ضعف کو ظاہر نہ کرتے یہاں تک کہ بڑے بڑے ائمہ حدیث نے ایسا ہی کیا ہی یہاں تک کہ آخر امام نووی پیدا ہوئے اور اُنہوں نے لوگوں کو اِس غفلت سے نکالنا چاہا *

پس سوائے موضوع حدیثوں کے ضعیف حدیثوں کا بعض احکام کے اور باتوں میں قبول کرلینا تو مسلمات سے ٹھہر چکا اب موضوع حدیثوں پر غور کرنا چاہیئے کہ ان کتابوں میں اُنکو کسطرح عالموں نے لکھدیا اُسکی تحقیق ہمارے اگلے محققین نے کی ہی اور اُسکے اسباب بیان کیئے ہیں چنانچہ ملا علی قاری شرح الشرح † نخبۃ الفکر میں لکھتے ہیں کہ " حدیثوں کے وضع کرنے کا سبب یا بد دینی ہی مثل زندیقوں کے یا غلبہ جہل ہی مثل بعض اُن لوگوں کے جو اپنے آپ کو بڑا عابد زاہد جانتے ہیں کہ اُنہوں نے حدیثیں فضائل میں اور رغبت دلانے کے لیئے بنالیں جس طرح نصف شعبان اور لیلۃ الرغائب کی نماز کی فضیلت میں حدیثیں بنالیں اور اپنی نادانی اور جہالت سے اُسے ثواب کا کام جانا اور اپنے تئیں اور دوسروں کو نقصان پہونچایا اپنی ذات کو تو اسطرح نقصان پہونچایا کہ وہ اُسے ثواب جانتے اور اُسپر اجر کی اُمید رکھتے دوسروں کو اس طرح ضرر پہونچایا کہ لوگوں نے اُن پر اعتماد کیا اور بسبب اُنکے زہد اور نیکی اور پرہیزگاری کے اُنکی اقتدا کی اُنکے قولوں کو نقل کیا اُنکی باتوں کو صحیح جانا یہانتک کہ بعض بڑے بڑے عالموں سے یہہ حقیقت پوشیدہ رہی اور بڑے نامی گرامی علما اس دھوکہ میں آگئے اور ان بزرگوں کے اوپر بھروسہ اور اعتماد کرکے اُن موضوع حدیثوں کو نقل کردیا اس لیئے وہ بھی اُسی بلا میں مبتلا ہوگئے جس میں اصل واضعین مبتلا تھے اور جامع الاصول میں بیان طبقات مجروحین میں لکھا ہی کہ سب سے بدترین طبقات مجروحین میں وہ طبقہ ہی جس میں وہ لوگ داخل ہیں جنہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت جھوٹی حدیث کو منسوب کیا کیونکہ آں حضرت نے فرمایا ہی کہ جو شخص مجھہ پر عمدا جھوٹھہ لگاتا ہی چاہیئے کہ وہ ٹھکانا اپنا دوزخ میں ٹھہراوے اور ایسے جھوٹھہ کا ارتکاب ایک بڑی جماعت نے کیا ہی جنکی جھوٹی حدیث بنانے سے غرضیں مختلف تھیں بعضوں نے الحاد و زندقہ کے سبب سے اسکا ارتکاب کیا مثل مغیرہ ابن سعید کوفی اور محمد ابن سعید شامی کے اور سوائے اُنکے اوروں نے حدیثوں کو بنایا اور واسطے شک پیدا کرنے کے لوگوں کے دلوں میں اُسکو صحیح حدیث کی طرح بیان کیا جیساکہ محمد ابن سعید نے انس ابن مالک سے اس حدیث کو روایت کیا انا خاتم النبیین لانبی بعدی الا ان یشاء اللہ پس اپنے الحاد کے سبب سے اس استثناء کو زیادہ کردیا اور بعضوں نے بسبب فساد عقیدہ کے حدیثوں کو موافق اپنے عقیدہ کے بنایا تاکہ لوگ اُس طرف مایل ہوں چنانچہ ایسے لوگوں میں سے بعضوں نے توبہ کی اور جھوٹی حدیث بنانے کا اقرار کیا چنانچہ ایک شخص نے خوارج میں سے بعد توبہ کے کہا کہ حدیثیں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دین ہیں پس دیکھو کہ کس سے تم دین لیتے ہو کیونکہ ہمنے جس بات کو چاہا اُس کے لیئے ایک حدیث بنالی اور ابو عونا نے کہا کہ میئے اور جاحظ نے حدیث لدک کی بنائی اور اُسکو بڑے بڑے شیوخ بغداد سے نقل کیا کہ سبہوں نے اُسے مانا سوائے ابن شیبہ علوی کے کہ اُسنے کہا کہ اس حدیث کا آخر اول سے نہیں ملتا اور اُس کے قبول کرنے سے انکار کیا سلیمان ابن حرب لکھتے ہیں کہ میں ایک بزرگ کے پاس گیا اُسے روتا ہوا پایا جب میئے رونے کا سبب پوچھا تو وہ کہنے لگا کہ میئے چارسو حدیثیں بناکر لوگوں میں مشہور کردی ہیں اب میں نہیں سمجھتا کہ کیا علاج کروں اور بعضی اُن واضعین سے وہ لوگ ہیں جنہوں نے حدیثوں کو اپنے گمان میں بنظر ثواب کے وضع کیا مثل ابو عصمہ نوح ابن ابی مریم المروزی اور محمد بن عکاشہ کرمانی اور احمد بن عبداللہ جویباری وغیرہ کے چنانچہ ابو عصمہ سے کسی نے پوچھا کہ روایت عالک کی عکرمہ سے اور عکرمہ کی عباس سے قرآن کی سورتوں کی فضایل میں تمھے کہاں سے ہاتھ آئی اُس نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ لوگ قرآن کو چھوڑ کر ابو حنیفہ کی فقہ اور محمد بن اسحاق کی تاریخ پر متوجہہ ہوگئے ہیں اس لیئے بنظر

† والحاصل للواضع علی الوضع اما عدم الدین کالزنادقۃ اوغلبۃ الجہل کبعض المتعبدین المنتسبین الی العبادۃ والزہادۃ وضعوا الاحادیث فی الفضائل والرغائب کصلاۃ لیلۃ نصف شعبان ولیلۃ الرغائب و نحو ہما ویتدینون بذلک فی زعمہم وجہلہم وہم اعظم الاصناف ضررا علی انفسہم وغیرہم لانہم یرونہ قربۃ و یرجون علیہ المثوبۃ فلایمکن ترکہم لذلک والناس یعتمدون علیہم و یرکنون الیہم لمانسبوا الیہ من الزہد والصلاح ویقتدون بافعالہم و یعتنون بنقل اقوالہم حتی قد یخفی علی بعض علماء الامۃ واکابرہم ثقۃ واعتمادا علی ماتقدرہ یرقعون فیما وقعوا —

قرآن کے معنی اِن حدیثوں کو بنا لیا اور بعض اُن راویوں میں سے وہ لوگ ہیں جنہوں نے حدیث کو صرف بنظر تقرب بادشاہوں کے وضع کیا مثل غیاث بن ابراہیم کے کہ وہ خلیفہ مہدی ابن منصور کے پاس گیا اُس خلیفہ کو اُڑنے والے کبوتروں سے شوق تھا اس لیئے اُس نے ایک حدیث بنادی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ لاسبق الا فی خف اوحافر او نصل او جناح خلیفہ نے اُسے دس ہزار درم دیئے جب وہ چلا گیا تو خلیفہ نے اپنے نوکر سے کہا کہ کبوتروں کو ذبح کردے چنانچہ وہ ذبح کردیئے گئے لوگوں نے پوچھا کہ یا امیرالمومنین کبوتروں کا کیا گناہ ہی کہا انہیں کے سبب سے اس شخص نے پیغمبر خدا کی طرف جھوٹھ لگایا میں گواہی دیتا ہوں کہ یہہ راوی پیغمبر پر جھوٹھ لگانے والا تھا کبھی حضرت نے نہیں فرمایا او جناح اور مامون بن احمد مروزی سے لوگوں نے کہا کہ دیکھو شافعی اور اُن کے توابعین کو کہ کس کثرت سے خراسان میں ہیں اُس نے فوراً یہہ حدیث بنادی کہ حدثنا احمد بن عبداللہ قال حدثنا عبداللہ بن معدان الازدی عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون فی امتی رجل یقال لہ محمد ابن ادریس اضر علی امتی من ابلیس و یکون فی امتی رجل یقال لہ ابو حنیفہ ھو سراج امتی اور اور بعض واضعین سے وہ لوگ ہیں جو بازاروں اور مسجدوں میں بیٹھکر حدیثیں بنایا کرتے تھے اور باسناد صحیح جو اُنہیں یاد تھیں اُن موضوعات کو روایات کیا کرتے تھے چنانچہ جعفر ابن محمد طیالسی نے کہا ہی کہ ایک مرتبہ ہم نے اور احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے مسجد میں نماز پڑھی کہ ایک قصہگو کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ حدثنا احمد بن حنبل و یحیی بن معین قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن قتادہ عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم من قال لاالہ الااللہ یخلق اللہ من کل کلمۃ منہا طائراً منقارہ من ذہب وریشہ من مرجان یعنی جس نے لاالہ الااللہ کہا پیدا کرتا ہی خدا ہر کلمہ سے اُس کے ایک جانور جس کی چونچ سونے کی اور جس کے پر مونگے کے ہوتے ہیں اور اُسی طرح پر وہ قصہ کو بکنے لگا اور قریب بیس ورق کے بک گیا یہہ سن کر احمد بن حنبل یحیی بن معین کو اور یحیی بن معین احمد بن حنبل کو دیکھنے لگے اور ایک نے دوسرے سے پوچھا کہ کیا تمنے یہہ حدیث روایت کی ہی دونوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ ہم نے تو اس کو اسی وقت سنا ہی پس ہوتوں چپ ہو رہے جب کہ وہ شخص فارغ ہوا تو یحیی نے پوچھا کہ تجھہ سے اس حدیث کو کس نے روایت کیا ہی اُس نے کہا کہ احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے یحیی نے کہا کہ میں یحیی بن معین ہوں اور یہہ احمد بن حنبل ہیں ہم نے تو کبھی اس حدیث کو سنا بھی نہیں تب وہ کہنے لگا کہ میں سنتا تھا کہ یحیی بن معین بڑا احمق ہی اور اب مجھے اُس کا یقین ہوگیا یحیی نے پوچھا کیوں تب اُس نے جواب دیا کہ کیا دنیا میں سوائے تمہارے یحیی بن معین اور احمد بن حنبل دوسرا کوئی نہیں ہی میں تو سترہ احمد بن حنبل سے سوائے اس احمد بن حنبل کے روایت پاتی ہی اور یہہ کہہ کر اپنے منہہ پر آستین رکھہ کر ٹھٹھا کرنے والے کی طرح مسجد سے چل دیا انتہی ترجمتہ بالفاظہ *

اور منجملہ اُن لوگوں کے جو وضع کرنے اور جھوٹھہ بولنے میں مشہور ہیں ابن ابی یحیی مدینہ میں اور واقدی بغداد میں اور مقاتل بن سلیمان خراسان میں اور محمد بن سعید شام میں تھا حالانکہ مقاتل بن سلیمان کو لوگوں نے تفسیر کا امام اور باقی لوگوں کو تفسیر میں اُس کا مقتدی جانا ہی اور واقدی سے باوجود اُس کے ضعف کے سند لی ہی جیسا کہ مجمع البحار میں لکھا ہی محمد بن الواقدی قاضی العراق اختلفوا منہ العلم علی ضعفہ بل اجمعوا علیہ اخرج لہ ابن ماجہ اور جویباری اور ابن عکاشہ اور محمد بن تمیم فاریابی کی روایتیں بھی داخل کتابوں کے ہوگئی ہیں حالانکہ زیادہ دس ہزار حدیث سے اُنہوں نے وضع کی ہیں اور نعیم بن حماد سے بھی بعض محققین نے روایت † کی ہی حالانکہ ابن عدی نے اُس کی شان میں کہا ہی کان نعیم یضع الحدیث فی تقویۃ السنۃ کہ وہ سنت کی تقویت میں حدیثیں بنایا کرتا تھا اور منجملہ واضعین کے اسحاق بن بشر ہی جس سے بیہقی اور دار قطنی نے روایت لی ہی حالانکہ ابن جوزی موضوعات میں لکھتے ہیں کہ اسحاق بن بشر حدیثیں بناتا تھا اور بہت سے ایسے ہی جھوٹی حدیث کے بنانے والے گذرے ہیں جس کی تنقیح محققین نے نہایت تحقیق سے کی ہی میزان

† ملا علی قاری کتاب رجال میں لکھتے ہیں و ما یقولہ الناس ان من روی لہ الشیخان فقد جاز القنطرۃ ھذا ایضا من التجاہل فقد روی مسلم فی کتابہ عن اللیث عن ابی مسلم وغیرہ من الضعفاء فیقولون انما روی عنہم فی کتابہ للاعتبار والشواھد المتابعات و ھذا لایقوی لان الحفاظ قالوا الاعتبار امور یتعرفون بہا حال الحدیث وکتاب مسلم التزم فیہ الصحۃ فکیف یتعرف حال الحدیث الذی فیہ بطرق ضعیفۃ الی قولہ و روی مسلم ایضا حدیث الاسراء فیہ و ذلک قبل ان یوحی الیہ وقد تکلم الحفاظ فی ھذہ القصۃ و بینوا ضعفہا الی قولہ و قد قال الحافظ ان مسلما لما وضع کتابہ الصحیح عرضہ علی ابی زرعۃ فانکر علیہ و تغیظ و قال سمیتہ الصحیح و جعلتہ سلما لاھل البدع وغیرہم انتہی والحاصل انہ صحیح من ظن مصنفہ و غلبۃ ظنہ و اما السہو و النسیان فمن لوازم طبع الانسان و قد ابی اللہ الا ان یصحح کتابہ لقولہ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون —

الاعتدال ذهبي اور تقريب ابن حجر عسقلاني اور موضوعات ابن جوزي اور اور كتابوں سے جو تحقيق رجال میں هیں تنقيح اس كي هوتي هی غرض كه جس بات پر اطلاق حديث كا كیا گیا هی اُسے حديث نبوي جاننا بڑي غلطي هی بلكه مذهب میں رخنه پیدا كرنے اور عقايد حقه میں شبهه ڈالنے اور غير مذهب والوں كي زبان طعن كهولنے اور دين اسلام كو مطاعن كے تيروں كا نشانه بنانے كا ذريعه هی چنانچه میں اس مقام پر هر قول اپنے مذهب كے بڑے اماموں كے نقل كرتا هوں ٭

امام رازي فرماتے هیں كه † بعضوں نے پيغمبر خدا صلی الله عليه و سلم سے اس حديث كو روايت كيا كه حضرت ابراهيم نہیں جهوٹهه بولے مگر تین مرتبه تو میںنے جواب دیا كه ايسي حديثوں كو نه ماننا چاهيئے تو كهنے والے نے براه انكار كها كه اگر هم نه مانیں تو راويوں كي تكذيب لازم آتي هی اسپر میںنے جواب دیا كه اگر هم مانیں تو حضرت ابراهيم كي تكذيب كرني پڑتي هی حالانكه حضرت ابراهيم كو كذب كي نسبت سے بچانا بهتر هی چند نامعتبر آدميوں كي طرف جهوٹهه كے منسوب هونے سے ٭

امام ابو حنيفه رحمة الله عليه سے ‡ ابو مطيع بلخي نے پوچها كه آپ كیا فرماتے هیں اُس حديث كي نسبت جو لوگوں نے روايت كي هی كه جب مومن زنا كرتا هی تو ايمان اُس كے سر سے ایسا نكل جاتا هی جيساكه قميص بدن سے آيا اس حديث كے راويوں كي آپ تصديق كرتے هیں یا شک یا تكذيب فرماتے هیں اگر تصديق كرتے هیں تو آپكا اعتقاد خوارج كيسا هوا جاتا هی اور اگر آپ شک كرتے هیں تو خوارج كے قول میں شک رهتا هی اور اگر آپ تكذيب كرتے هیں تو اُن بهت سے آدميوں كي تكذيب لازم آتي هی جنهوں نے بسند اس حديث كو آں حضرت صلی الله عليه و سلم سے نقل كیا هی تو امام نے جواب دیا كه میں اُن سب راويوں كي تكذيب كرتا هوں اور میرا جهوٹلانا اُن لوگوں كو اور رد كرنا اُنكے قولوں كا كچهه تكذيب پيغمبر خدا عليه التحية والثناء كي نہیں هی اس لیئے كه تكذيب قول پيغمبر كي یهه هی كه كوئي شخص كهے كه میں پيغمبر خدا كے قول كو نہیں مانتا ليكن جبكه وه یهه كهے كه میں هر بات پر جو آں حضرت نے فرمائي هی ايمان ركهتا هوں اور اُس كي تصديق كرتا هوں ليكن میں یهه جانتا هوں كه كوئي بات پيغمبر خدا نے خلاف قران شريف كے نہیں فرمائي تو یهه حقيقت میں تصديق پيغمبر كي اور تصديق قران كي هی اور اس سے تنزيه اور پاكي آں حضرت كي مخالفت قرآن سے ثابت هوتي هی اور اگر پيغمبر خدا خلاف قران كے كچهه كهتے تو خدا كب چهوڑتا اور كيونكر هوسكتا هی كه خدا كا نبي ايسي بات كهے جو مخالف خدا كي كتاب كے هو اور جو مخالف خدا كي كتاب كا هو وه كيونكر خدا كا نبي هوسكتا هی پس یهه حديث خلع ايمان كي زنا سے جو لوگوں نے روايت كي هی خلاف هی قران كے پس ایسے آدميوں كے قول كو رد كرنا جو پيغمبر خدا كي طرف ايسي بات منسوب كرے جو مخالف هو قران كے پيغمبر كي بات كا رد كرنا نہیں هی اور نه اُنكي تكذيب هی بلكه حقيقت میں وه رد هی اُسكے قول كا جو كه پيغمبر خدا كي طرف سے ايک باطل بات كو نقل كرتا هی اور آں حضرت پر تهمت لگاتا هی اور هم هر بات كو پيغمبر خدا كي خواه همنے سني هو یا نه سني هو بسرو چشم قبول كرتے هیں اور اُسپر ايمان ركهتے هیں اور شهادت دیتے هیں كه وه بات ايسي هي هوگي جيسا كه آں حضرت نے فرمايا هو ليكن اسي طرح پر هم یهه

† واعلم ان بعض الحشوية روى عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ماكذب ابراهيم الا ثلث كذبات فقلت الاولى ان لايقبل مثل هذه الاخبار فقال على طريق الاستنكار ان لم نقبله لزمنا تكذيب الرواة فقلت له يا مسكين ان قبلناه لزمنا الحكم بتكذيب ابراهيم عليه السلام و ان رددناه لزمنا الحكم بتكذيب الرواة ولاشك ان صون ابراهيم عن الكذب اولى من صون طائفة من الجاهل عن الكذب ٭

‡ كتاب العالم والمتعلم میں لكها هی كه قال ای ابو مطيع البلخي ما قولک في الناس رووا ان المؤمن اذا زنى خلع الايمان من راسه كما يخلع القميص ثم اذا تاب اعيد الله ايمانه اتشک في قولهم ارتصدقهم فان صدقت قولهم دخلت في قول الخوارج وان شككت في قولهم شككت في قول الخوارج و رجعت عن العدل الذي وصفت وان كذبت قولهم الذي قالوا كذبت بقول النبي عليه السلام فانهم رووا عن رجال عن شتى حتى ينتهي به الى رسول الله عليه السلام قال الامام اى ابو حنيفة اكذب هؤلاء ولا يكون تكذيبي لهؤلاء وردي عليهم تكذيبا للنبي عليه السلام انما يكون التكذيب لقول النبي عليه السلام ان يقول الرجال انا مكذب للنبي عليه السلام واما اذا قال انا مومن بكل شيء تكلم به النبي عليه السلام غير ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يتكلم بالجور ولم يخالف القران فهذا من التصديق بالنبي و بالقران و تنزيه له من الخلاف على القران و لو خالف النبي عليه السلام والقران تقول على الله لم يدعه تبارک و تعالى حتى ياخذه باليمين ويقطع منه الوتين كما قال الله تعالى فى القران ونبي الله لايخالف كتاب الله و مخالف كتاب الله لايكون نبي الله وهذا الذي رووه خلاف القران الاترى الى قوله تعالى الزانية والزاني ثم قال واللذان يأتيانها منكم ولم يعن به من اليهود ولا من النصارى ولكن عنى به المسلمين فرد على كل رجل يحدث عن النبي عليه السلام بخلاف القران ليس ردا على النبي ولا تكذيبا له ولكن ردا على من يحدث عن النبي عليه السلام بالباطل والتهمة دخلت عليه لا على نبي الله و كلشي تكلم به النبي عليه السلام سمعنا به اولم نسمعه فعلى الراس والعين قد آمنا به نشهد انه كما قال النبي عليه السلام و نشهد ايضا على النبي عليه السلام انه لم يامر بشي نهى الله عنه يخالف امر الله تعالى ولم يقطع شيا وصله الله تعالى ولا وصف امر وصف الله تعالى ذلک الامر بخلاف ما وصفه النبي عليه السلام و نشهد انه كان موافقا لله عزوجل في جميع الامور لم يبتدع ولم يتقول غيرما قال الله تعالى ولا كان من المتكلفين ولذلک قال الله تعالى من يطع الرسول فقد اطاع الله ـ

ہدایت ہوتی ہیں کہ کوئی بات آنحضرت صلعم نے خلاف قرآن کے نہیں فرمائی نہ کسی ایسی چیز کا حکم دیا جسے خدا نے منع کردیا ہو نہ کسی ایسی چیز کو جدا کیا جسکے ملانے کا اللہ نے حکم کیا ہو اور نہ کسی چیز کی ایسی صفت بیان کی جو مخالف بیان خدا کے ہو اور ہم شہادت دیتے ہیں کہ آنحضرت صلعم کا ہر قول موافق تھا خداے عز وجل کے اور اسی لیئے خدا نے فرمایا ہی کہ جس نے اطاعت کی رسول کی اُس نے اطاعت کی خدا کی *

پس اب ہم مسلمانوں کو ان دونوں قولوں پر ذرا غور کرنا اور انصاف سے دیکھنا چاہیئے کہ ان اماموں نے اُن حدیثوں کو جنکا سلسلہ سند آنحضرت تک پہونچتا ہی صرف اصول صحیحہ عقلی پر تمسک کرنے سے غلط ٹھہرایا اور راویوں کی روایتوں کو غلط کہہ کر اصول دین کو بچایا ورنہ ایک حدیث سے ایک پیغمبر کا جھوٹا ہونا ثابت ہوتا ہی اور دوسری حدیث سے پیغمبر کا قول مخالف قرآن کے ہونا لازم آتا ہی پس کیا حال بیان کیا جاوے اُن غلط قولوں کا جسے جاہلوں نے اپنی جہالت سے یا متعصبین نے اپنے تعصب سے یا ملحدوں نے اپنی لامذہبی کے سبب سے یا نادان دینداروں نے اپنی نادانی کی وجہہ سے یا بے سمجھہ واعظین نے لوگوں کے ڈرانے اور خوش کرنے کے لیئے آنحضرت سے منسوب کیا اور اُن اباطیل کو احادیث نبوی ٹھہرایا اور پھر کیا بیان کی جاوے تقلید کی وہ مصیبت جسنے اُن قولوں سے کتابوں کو بھر دیا اور ایک نے دوسرے سے اور دوسرے نے تیسرے سے نقل کرکے اُنکو تواتر کے درجہ پر پہونچادیا ہو *

الحاصل یہہ خیال کرنا کہ جس کتاب میں قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا ہو اُسے سچی حدیث رسول خدا کی سمجھہ لینا اور اُس پر دین کی عمارت کھڑی کرنا نادانی ہی کیونکہ دین ایک بڑا نازک معاملہ ہی اور کسی قول کو بلا تحقیق یقین کر لینا کہ ہمارے پیغمبر صلعم صاحب کا قول ہی نہایت خطرہ کی بات ہی اس واسطے کہ پیغمبر صلعم کا قول ایک عام آدمی کا قول نہیں ہی جس کا نہ ماننا کچھہ نقصان کا سبب نہو آنحضرت کا قول ہمارے دین و مذہب کی بنیاد ہی اُس کو بعد صحت کے نہ ماننا یا اُس پر [illegible] نہ کرنا یا اُس کے مطابق عمل نہ کرنا ہمارے دین کی بربادی کا سبب ہی پس اُس شخص کا قول جو ہماری ہدایت کا ذریعہ ہو جس کے اوپر ہمارے دین و دنیا کی بھلائی برائی موقوف ہو اور جس پر ہمارے اعتقاد اور اعمال کی بنا ہو ایسا ہی اُسکو نہایت غور اور فکر سے اُس کی تحقیق کرنا اور نہایت محنت اور دقت سے اُس کی صحت ثابت کرنا واجبات سے ہی پس جب کہ ہمکو اُس کی صحت ثابت ہو جاوے اُس وقت ہم کو اُس پر یقین کرنا اور اُس کو ہر وقت اپنے پیش نظر رکھنا ضرور ہی پھر اگر ساری خدائی اُس قول کے مخالف ہو ہم کو کچھہ اعتنا نہ چاہیئے پس ہمارا عقیدہ تو اپنے پیغمبر کے اقوال کی نسبت یہہ ہی مگر جو لوگ اُسے سعدی و نظامی کا قول سمجھتے ہوں یا زید و عمر کی باتوں کی طرح اُسے آسان جانتے ہوں وہ مختار ہیں کہ ہر بات کو حدیث سمجھیں یا ہر شخص کے قول کو قول رسول جانیں *

باقی رہا یہہ امر کہ اب تحقیق اور تنقیح احادیث کی کیونکر کی جاوے اُسکی نسبت کچھہ بہت زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہی کیونکہ ہمارے اگلے محققین یہہ کام کرگئے ہیں اور احادیث کے ضعف اور صحت کی تنقیح کرچکے ہیں اور کتاب الرجال میں راویوں کے حالات لکھہ گئے ہیں ہمارے واسطے اب کوئی زیادہ دقت نہیں ہی بجز اِسکے کہ ہم اُنکی تحقیقاتوں کو دیکھیں اور اُن محققین محدثین کی اُن تحقیقاتوں سے فائدہ اُٹھاویں جو اُنہوں نے تنقیح احادیث میں کی ہیں پس جو حدیث ایسی ہو کہ جسکا تواتر یا شہرت یا صحت درجہ یقین پر پہونچے اُسے مثل آیات قرآن کے واجب الیقین اور واجب العمل جانیں جسے موضوع اور غلط اور غیر صحیح پاویں اُس کی طرف حدیث کے لفظ کی نسبت کرنے سے بھی تامل کریں *

غرض کہ اب انصاف پسند مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ غور کریں کہ ہم مسلمانوں کا کمال اسلام یہہ ہی کہ جو بات جس تفسیر میں بنام حدیث لکھی ہو اُسے بلا تامل بلا تردد حدیث سمجھیں یا کمال اسلام یہہ ہی کہ اُسکی صحت کی تحقیق کریں اُس کے ماخذ و مبداء پر غور کریں جب امام الحرمین اور امام حجۃ الاسلام سے موافقین اور ہدایہ سی معتبر کتاب کے تالیف کرنے والوں کو احادیث غیر صحیح میں دھوکھہ ہوگیا تو پھر کس کی کتاب پر بلا تحقیق اعتبار کیا جاوے پس اگر ہم کافر یا مرتد ہیں تو صرف اس گناہ میں کہ ہماری خواہش یہہ ہی کہ ہمارے پیغمبر کا قول اوروں کی باتوں سے جدا ہوجاوے اور ہمارے محبوب رسول کی طرف کوئی جھوٹی بات کو منسوب لکھے اور وہ اعتراضات اور مطاعن جو دین اسلام پر وضعی اور غیر صحیح حدیثوں کے سبب سے ہوتے ہیں مرتفع ہوجاویں اور وہ باتیں جو [illegible] مخالف اقوال رسول کی حقائق محققہ سے سمجھی جاتی ہیں باطل ٹھہریں اور سب لوگ مذہب اسلام کو ایک مجموعہ ایمان اور سچائی اور عقل اور حقیقت کا جانیں سواے اس کے دوسری خواہش ہی نہ اور کوئی تمنا ہی یہی ہماری خطا ہی اور یہی ہمارا گناہ ہی — نیست یاران طریقت غیر ازیں تقصیر ما *

ذکر اقوال صحابهٔ کبار و تابعین کا جو تفسیروں میں هیں

اقوال صحابهٔ کبار کے دو قسم کے هیں ایک وه جسے اُنهوں نے آنحضرت صلی الله علیه وسلم سے سنا پس وه تو حدیث میں داخل هیں دوسرے وه جو کچهه اُنهوں نے اپنی راے اور اپنی سمجهه سے کها پس یهه عقیده محققین کا هی که روایت اُنکی معصوم هی راے اُنکی معصوم نهیں مگر قطع نظر اس کے اُن اقوال کا ثبوت بهی به سند صحیح چاهیئے حالانکه بعد تحقیقات کے بهت هی کم ثابت هوگا که جو اقوال اُن بزرگوں سے منسوب هیں وه سب کے سب صحیح هوں چنانچه صرف حضرت عبدالله ابن عباس سے هزارها روایت تفسیروں میں بهری هوئی هیں اور اکثر اُنمیں سے جهوٹی اور وضعی هیں اور حضرت عبدالله ابن عباس پر تهمت هی جیسا که اوپر هم بیان کرچکے اور خود حضرت عبدالله ابن عباس نے صرف چار حدیثیں آنحضرت صلی الله علیه وسلم سے سنی هیں مگر همارے علما نے اُنکی روایت کو اور احادیث کی نسبت بهی قبول کیا هی لیکن وه اقوال جو حضرت عبدالله ابن عباس سے تفسیروں میں منقول هیں خواه وه اُنکی روایت هو یا درایت اُسکی نسبت تحقیق کرنا که اسکا ثبوت هوتا هی یا نهیں ضرور هی باقی رهے اقوال تابعین کے اگر اُنکی صحت بهی ثابت هوجاوے تو گویا هم رجال

ونحن رجال والامر بیننا و بینهم سجال #

ذکر قصص اور اخبار کا جو تفسیروں میں هیں

خدا اُن قصوں اور کهانیوں کو کسی مسلمان کو نه دکهاوے نه سناوے جو لوگوں نے تفسیروں میں بهر دیئے هیں اکثر جهوٹے اور بے بنیاد هیں اور یهودیوں سے سنے سنائے هوئے هیں احادیث صحیحه سے قصص اور اخبار کا هونا بهت هی کم پایا جاتا هی آن حضرت صلی الله علیه وسلم نے اپنی حدیثوں میں اخبار امم سابقه کو بهت هی تهوڑا بیان کیا هی همارے پچهلے عالموں نے اکثر قصے † یهودیوں سے

† جو قصص اور اخبار اور غیب کی باتیں مفسرین نے لکهی هیں اُنکا لینا اهل کتاب سے به تحقیق همارے محققین کے ثابت هی اور صرف پچهلے علما کی نسبت ابوالامداد ابراهیم حاشیه نخبة الفکر میں جسکا نام قضاء الوطر هی لکهتے هیں که عبدالله ابن سلام اور عبدالله عمرو بن عاص نے اهل کتاب سے نقلیں کی هیں اور جب شام کا ملک فتح هوا تب ایک بار شتر کتابوں کا اهل کتاب سے عبدالله عمرو بن عاص نے

سنکر اپنی کتابوں میں نقل کردیئے اور جنهوں نے اپنی تالیف کو زیاده طول دینا چاها اُنهوں نے اور اُسمیں دخل درمعقولات فرمایا همارے نزدیک اکثر قصے اور اخبار امیر حمزه کیسی داستان هی نه اعتبار کے لایق نه اعتماد کے قابل من شاء فلیقبل و من شاء فلینکر #

ذکر واقعات آینده کا جو تفسیروں میں هیں

واقعات زمانه آینده کے جو کچهه بیان کیئے گئے هیں اُنکی نسبت تحقیق کرنا چاهیئے که اُسکا سلسله روایت آنحضرت صلی الله علیه وسلم تک پهونچتا هی یا نهیں اور اُسمیں بهی وه روایت بدرجه شهرت یا صحت پهونچی هی یا نهیں اور اُسمیں محدثین نے وه تساهل جو ایسی حدیثوں میں جائز سمجها گیا هی کیا هی یا نهیں اگر ...

پایا اور اسکو روایت کیا اسی واسطے اُنکی حدیثیں کم هیں مگر وه باتیں جو کثرت سے اُن سے منقول هیں وه صرف اخبار اور قصے بنی اسرائیل کے اور روایات اهل کتاب کی هیں که اسمیں اُنکی حدیثیں ابوهریره رضی الله تعالی عنه سے بهی زیاده هیں و هذه عبارته — و مثل الصحابی الذی لم یاخذ من الاسرائیلیات ابوبکر و عمر و ... و ... الاخذ عنا † ... عبدالله بن سلام و ... عبدالله عمرو بن عاص فانه لما فتح الشام اخذ حمل بعیر من کتب اهل الکتاب و کان یحدث منها ولذا اتقاه الناس نقل حدیثه و ان کان اکثر حدیثا من ابی هریرة باعترافه والمراد بها قصص بنی اسرائیل و ماجاء فی کتبهم — اور ملا علی قاری شرح الشرح نخبة الفکر میں لکهتے هیں — ای الحدیث الذی یقوله الصحابی الذی عرف بالنظر فی الاسرائیلیات کعبدالله بن سلام و کعبدالله عمرو بن عاص فانه کان حصل له من وقعة الیرموک کتب کثیرة من اهل الکتاب و کان یخبر بمافیها من الامور الغیبیة حتی کان بعض اصحابه ربما قال حدثنا من النبی صلی الله علیه وسلم ولاتحدثنا من الصحیفة — اور علامه سیوطی عبدالله عمرو بن عاص کی تفسیر کی نسبت لکهتے هیں که "و ماشبهها بان تکون مما یحمله من اهل الکتاب" اور دوسرے طبقه کے بڑے مفسر مجاهد رحمة الله علیه هیں اُنکی نسبت میزان الاعتدال ذهبی میں لکها هی که "قال ابوبکر بن العیاش قلت الاعمش ما بال تفسیر مجاهد قال اخذها من اهل الکتب" اور تیسرے طبقه کے بڑے مفسر مقاتل بن سلیمان هیں جو امام المفسرین کهلائے جاتے هیں اُنکی نسبت میزان الاعتدال ذهبی میں لکها هی که قال ابن حبان کان یاخذ من الیهود و النصاری من علم القران مایوافق کتبهم و کان یکذب بالحدیث و قال البخاری قال سفیان بن عیینة سمعت مقاتلا یقول ان لم یخرج الدجال فی سنة خمسین و مائة فاعلموا انی کذاب —

تحقیقات کے اُسکی صحت ثابت ہو (حالانکہ یہہ بہت کم ہوگا) تو اُسے ماننا چاہئیے ورنہ اُسکو ایک دل خوش کن کہانی سمجھنا چاہئیے اور اس بات پر نازاں نہونا چاہئیے کہ بڑے بڑے بزرگوں نے اُن واقعات کو بیان کیا ہی اور اچھے اچھے عالموں نے اُسپر قبول کیا ہی کیونکہ بعض بلکہ اکثر باتیں ایسی ہیں کہ جن سے کذب کی نسبت آنحضرت کی طرف ہوتی ہی و نعوذ باللہ من ذالک *

میں ایک حدیث کو بیان کرتا ہوں † جو کہ اگلے زمانہ میں بہت مشہور تھی اور لوگوں کی زبان پر تھی کہ پیغمبر خدا ہزار برس سے زیادہ قبر میں نرھینگے گویا ہزار برس کے اندر قیامت آجائیگی

† شیخ جلال الدین سیوطی کتاب الکشف عن مجاوزۃ ہذہ الامۃ الالف میں فرماتے ہیں — و بعد فقد کثر السوال عن الحدیث المشہور علی السنۃ الناس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لایمکث فی قبرہ الف سنۃ وانا اجیب بانہ باطل لااصل لہ ثم جاء فی رجل فی شہر ربیع من سنۃ ۸۹۸ معہ ورقۃ بخطہ ذکر انہ نقلہا من نقیا افتی لہا بعض اکابر العلماء ممن ادرکتہ فیہا انہ اعتمد مقتضی ہذا الحدیث و انہ یقع فی المائۃ العاشرۃ خروج المہدی و الدجال و نزول عیسی و سائر الاشراط و الدخ فی الصور و یمضی الاربعون سنۃ التی بین النفختین و تنفخ نفخۃ البعث قبل تمام الالف فاستبعدت صدور ہذا الکلام من ہذا العالم المشار الیہ و کرہت ان اصرح بردہ تادباً منہ فقلت ہذا شیء لااعرفہ فحاولنی السائل تحریر المقال فی ذلک فلم اجبہ مقصودہ الی ان قال فاجبت لی ماسالوا و عرضت لہم منہا فان عاشوا اماجلوا و ان عاشوا امولوا و سمیتہ الکشف عن مجاوزۃ الامۃ الالف فاقول او الذی دلت علیہ الآثار ان ہذہ الامۃ تزید علی الالف سنۃ و لایبلغ الزیادۃ علیہا خمسمائۃ سنۃ الی آخر ماقال فی تلک الرسالۃ رایت فی آخر بعض النسخ ماصورتہ و حکی بعض اہل التاریخ ان تاریخ الدنیا من لدن آدم علیہ السلام حین ہبط من الجنۃ الی طوفان نوح علیہ السلام الفی عام و مائتے عام و من طوفان نوح الی زمن ابراہیم علیہ السلام الف عام و مائۃ عام و من زمن ابراہیم الی زمن موسی علیہ السلام الف عام و من زمن موسی علیہ السلام الی زمن عیسی علیہ السلام الف عام و من زمن عیسی علیہ السلام الی زمن نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم خمسمائۃ عام و من الہجرۃ الی الان تسعمائۃ عام و اربعۃ و عشرون سنۃ مجموع ذلک ستۃ آلاف و سبعمائۃ سنۃ و اربعۃ وعشرون سنۃ و علی ہذا یقال الباقی لقیام الساعۃ من یومنا ہذا و ہو سنۃ اربعۃ و عشرین و تسعمائۃ مائتا سنۃ و ستۃ و سبعون سنۃ بدلیل قولہ صلعم عمر الدنیا سبعۃ ایام من ایام الاخرۃ و بعثت فی آخر یوم السادس و قال اللہ تعالی و ان یوما عندربک کالف سنۃ مماتعدون —

اس حدیث کو اُن لوگوں نے جو آٹھہ سو برس تک ہوئے مانا اور دسویں صدی میں منتظر قیامت کے رہے مگر بعد جبکہ دسویں صدی ہوئی اور کچھہ بھی آثار قیامت کے نظر نہ آئے تو اُس سے سبھوں نے انکار کیا اور اُس کو غلط جانا پس اگر وہ لوگ زندہ رہتے جو اُس حدیث کی صحت کے معتقد تھے تو دسویں صدی میں اُن کو اسلام چھوڑنا پڑتا کیونکہ وہ تکذیب رسول کی کرتے اور اگر وہ بزرگ پہلے ہی سے اُس حدیث کی تحقیق نہ کرتے اور اُسے بے اصل سمجھہ کر اُس پر اعتقاد نہ رکھتے تو دس صدی کیا اگر آٹھہ صدیاں گذرجاتیں تب بھی اُن کے اعتقاد اور یقین میں کچھہ شبہہ نہوتا شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے زمانہ میں یعنی ۹۲۴ ہجری میں اُس حدیث کو غلط بتایا کیونکہ وہ دسویں صدی میں تھے مگر افسوس ہی کہ اُنہوں نے بھی ایک دوسری حدیث سے کہ عمر الدنیا سبعۃ ایام من ایام الاخرۃ و بعثت فی اخر الیوم السادس اپنی کتاب میں لکھدیا کہ اب عمر دنیا ۲۷۶ باقی ہی اب ہم اپنے پاک اور نیک سچے مسلمانوں سے پوچھتے ہیں کہ وہ ۲۷۶ برس بھی گذر گئے اور عمر دنیا کی ابھی تمام نہوئی تو اب مسلمان کیا کریں نبی کی سچائی میں شبہہ کرکے اسلام کو چھوڑ بیٹھیں یا اُس حدیث کی صحت میں شبہہ کریں ہمارے نزدیک ہمارے مسلمانوں کو پہلی بات تو منظور ہوگی مگر دوسری بات پسند نہ کرینگے کیونکہ اُس تحقیقات کی غلطی ثابت ہوتی ہی جو بڑے نامی مشہور مفسرین نے کی ہی اور علامہ سیوطی سے محقق محدث مفسر نے لکھی ہی پس کیا ہمارے وکی مسلمان ملحد اور مرتد ہیں جو ایسے محدثین کی باتوں کو غلط جانیں اور اُن کے قول سے انکار کریں *

غرضکہ یہہ افسانہ درد کہاں تک بیان کیا جاوے اور کتابوں کی کثرت اور اقوال غیر معتمد کے بھرنے سے جو کچھہ خرابیاں ہوگئیں ہیں اُسکا کیا بیان کیا جاوے بڑے مرد اور کامل کا کام ہی کہ وہ اب صحیح کو غلط سے تمیز کرے اور بے اصل باتوں کو دینی کتابوں سے خارج کرے ورنہ ایسی ایسی روایتوں اور کہانیوں سے دین اسلام کی صحت سے اعتقاد آج نہیں تو کل نہیں پرسوں اُٹھہ جاویگا *

ذکر استنباط مسائل اصولی و فروعی کا جو تفسیروں میں ہی

جو مسائل اصولی و فروعی صاف صاف قران مجید میں مذکور ہیں اُس سے قطع نظر کرکے جو کچھہ استنباط اُن آیات کے اشارات و

کتابوں سے کیا ہی اُسمیں اختلاف کا ہونا بھی دلیل اسپر ہی کہ وہ سب منقول صاحب الشریعۃ سے بلکہ سلف صالح سے نہیں ہیں اور اِس لیئے جہاں تک موافق قواعد عربیہ کے استنباط اُسکا ہی وہ واجب القبول ہی اور جو بعض فقہا نے بعض مسائل کے اثبات میں ایسی آیتوں سے استدلال کیا ہی جنکو حقیقت میں اُن آیتوں سے کچھہ تعلق نہیں ہی وہ واجب القبول نہیں *

بعض متکلمین نے بھی دائرہ احتیاط سے پانوں باہر نکالا ہی اور اُنہوں نے فریق مخالف کے الزام اور اپنے عقیدہ کے اثبات کے واسطے آیتوں کی ایسی ایسی تفسیر کی ہیں کہ جس سے کچھہ تعلق اُس عقیدہ کو نہیں ہی اور اُس کا ثبوت اُن کتابوں کے دیکھنے سے ہوتا ہی جو معتزلی اور دیگر فرق مبتدعہ کے عقاید کی تردید میں تالیف ہوئی ہیں *

بعض متصوفین نے بھی اپنے عقاید کے اثبات میں تفسیر میں بہت بے احتیاطی کی ہی بلکہ نوبت بہ تحریف پہونچادی ہی کہ اپنے فاسد عقیدوں کے مطابق ایسے معانی قران کے بیان کیئے ہیں کہ جن کو کچھہ تعلق الفاظ سے نہیں ہی اور بلا رعایت اصول شرع کے اور بلا لحاظ قواعد عربیہ کے نئے معنی پیدا کیئے ہیں جیسے کہ تفسیر محمود ابن حمزہ کرمانی کی ہی جس کا نام عجایب غرایب ہی اُس میں ایسے عجیب اقوال لکھے ہیں کہ سننے والے کو تعجب آتا ہی اور بسبب غرابت کے عوام کو اچھے معلوم ہوتے ہیں مگر حقیقت میں وہ اقوال ایسے ہیں کہ اُن پر اعتقاد کرنا ایسا نقل بھی اُن کلمات کی جایز نہیں *

باطنیہ فرقہ نے بھی اپنے عقیدوں کے اثبات میں ایسی تفسیریں کی ہیں کہ اُنہوں نے دین ہی کو بدل ڈالا اور تمام ظواہر آیات کو پھیر کر اور ہی کچھہ معنی بنائے مگر جو لوگ محققین ہیں اور اہل باطن اُنہوں نے نصوص کو اُن کے ظاہر معانی پر رکھا مگر اُس کے اصلی مطالب اور حقایق و دقایق کو ظاہر کیا کہ یہہ امر عین ایمان اور کمال عرفان ہی کیونکہ خود حدیث میں آیا ہی لکل آیۃ ظہر و بطن *

غرض کہ ہر فریق نے موافق اپنے اپنے عقیدہ اور خواہش کے تفسیر کی اور اُس سے استنباط مسائل اصولی و فروعی کا کیا لیکن حقیقت میں اصل تفسیر وہ ہی جو مخالف قواعد عربی اور اعجاز قران کے نہو اور جس سے نصوص واقعہ کی تحریف لازم نہ آوے اور نظم قرانی اپنی فصاحت و بلاغت پر باقی رہے *

غرض کہ جو مسائل اصولی و فروعی آیات قرانی سے استنباط کیئے گئے ہیں اُسکی صحت پر صرف تفسیروں میں لکھا ہونا ہی کافی نہیں ہی بلکہ اُس استنباط کو دیکھنا اور آیات قرانی سے استخراج کو جانچنا محقق کا کام ہی کیونکہ جو تفسیریں لوگوں نے بعد طبقہ تبع تابعین کے کی ہیں † اُن کا یہہ حال ہی کہ جو مفسر جس علم اور جس فن کا شایق ہوا اُس نے اُسی علم اور اُسی فن کو اپنی تفسیر میں بھر دیا اور یہاں تک مبالغہ کیا کہ اُس کے نزدیک گویا خدا کو قران کے نازل کرنے سے انہیں علموں کا بیان کرنا مقصود تھا اور اپنے کلام کو خدا نے اسی لیئے نازل کیا تھا مثلاً جو لوگ بڑے نحوی تھے اُنہوں نے اپنی تفسیروں میں اعراب اور قواعد کو بھر دیا اور سارے مسائل نحو کے قران سے نکالے اور تفسیر کو اُنہوں نے کافیہ کی شرح بنا دیا جو لوگ تاریخ میں خوب ماہر تھے اُنہوں نے اپنی تفسیروں کو قصوں سے بھر دیا اور اگلی پچھلی خبریں جھوٹی سچی تفسیروں میں بھردیں اور اُنہوں نے تفسیر کو الف لیلہ بنا دیا جیسا کہ ثعلبی نے کیا (جسے لوگ بڑا مفسر جانتے ہیں) جو لوگ فقہ کو خوب جانتے تھے اُنہوں نے تفسیر سے سوا ے فقہ اور مسائل فروعی کے دوسری غرض ہی نہیں چاہی اور اُن مسائل کا استنباط آیات سے کیا جو کسیطرح اُن لفظوں سے نہیں نکلتی مثل علامہ قرطبی کے اور جو لوگ علم کلام کے شایق تھے اور عقلی مسائل سے اپنے عقیدوں کو ملاتے تھے اُنہوں نے تو تفسیر کو فلسفہ یونان کے قولوں کا مجموعہ کردیا اور اُن مباحث کو ایسا طول دیا کہ دیکھنے والے کو حیرت

† ثم صنف بعد ذلک قوم برعوا في شيئ من العلوم و منهم من ملاء کتابه بما غلب على طبعه من الفن و اقتصر فيه على ما تمهر هو فيه کان القران انزل لاجل هذا العلم لا غير مع ان فيه تبيان کل شيئ فالنحوي تراه ليس له الا الاعراب وتکثير الاوجه المحتملة فيه و ان کانت بعيدة و ينقل قواعد النحو و مسائله و فروعه و خلافياته کالزجاج والواحدي في البسيط وابي حيان في البحر والنهر والاخباري ليس له شغل الا القصص و استيفاؤها والاخبار عمن سلف سواء کانت صحيحة او باطلة و منهم الثعلبي والفقيه يکاد يورد فيه الفقه جميعا و ربما استطرد الى اقامة ادلة الفروع الفقهية التي لا تعلق لها بالاية اصلا والجواب عن الادلة للمخالفين کالقرطبي و صاحب العلوم العقلية خصوصا الامام فخر الدين الرازي قد ملاء تفسيره باقوال الحکماء والفلاسفة وخرج من شيئ الى شيئ حتى يقضي الناظر العجب قال ابو حيان في البحر جمع الامام الرازي في تفسيره اشياء کثيرة طويلة لا حاجة بها في علم التفسير و لذلک قال بعض العلماء فيه کل شيئ الا التفسير —

ہوئی ہے جیسیکہ تفسیر امام فخرالدین رازی کی ہے جسکی نسبت ابو حیان وغیرہ محققوں نے کہا ہے کہ فیہ کل شئی الا التفسیر کہ اُس میں سواے تفسیر کے سب کچھہ ہے ٭

پس اب ہم نہایت ادب سے اپنے پاک نیک بھائیوں سے عرض کرتے ہیں کہ جب کتب تفاسیر کی نسبت ہمارے محققین یہہ فرما گئے ہوں اور اُسکی ایسی حقیقت لکھہ گئے ہوں تو اگر ہم اُن کتابوں پر اجمالی ایمان نہ رکھیں اور سبکو مثل قران کے واجب التسلیم نہ جانیں بلکہ اُن مختلف کتابوں اور غیر معدود روایتوں اور بیشمار قولوں اور لا انتہا قصوں کی تحقیق پر مستعد ہوں اور اُسکی اصلیت دریافت کرنے پر توجہ کریں تو یہہ ہمارے ایمان کی کمالی ہے یا الحاد ارتداد کی اگر یہی الحاد اور ارتداد ہے تو وہ ہزار اسلام سے بہتر ہے ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء ٭

ذکر تشریح حقائق موجودات کا مطابق علوم عقلی کے جو تفسیروں میں ہے

[illegible]

کہ کیا اور حکمت اور فلسفہ یونان سے کوئی واقف نہ تھا مگر بعد اُسکے وہ زمانہ آیا جسمیں مسائل فلسفہ کا جاری ہونا شروع ہوا آخر اُسکی یہاں تک ترقی ہوئی کہ وہ مسائل دین میں داخل ہوگئے اور مذہبی کتابوں میں اُن پر بحثیں ہونے لگیں اور رفتہ رفتہ یہہ نوبت پہنچی کہ اُن سے تفسیریں بھردی گئیں اور جسطرح تفسیر میں اقوال پیغمبر اور صحابہ کے نقل کیئے جاتے تھے اُسی طرح افلاطون اور ارسطو وغیرہ حکماء یونان کے قول نقل ہونے لگے اور جب یہہ سلسلہ جاری ہوا تو پھر ایک مفسر نے دوسرے مفسر سے اور دوسرے نے تیسرے سے اُس کا نقل کرنا یا انتخاب کرنا شروع کیا اور اُن قولوں کے قائلوں کا نام بھی لکھنا چھوڑ دیا یہانتک کہ آخر وہ اقوال تفسیروں میں ایسے مل گئے کہ لوگوں کو تمیز کرنا مشکل ہوگیا کہ یہہ قول ارسطو کا ہے یا صاحب شریعت کا یا کسی صحابی کا یا کسی امام کا اور اسیواسطے اُن اقوال پر دین کا مدار ٹھہر گیا اور اُنسے انکار کرنا بھی انکار آیات کے برابر سمجھا گیا چنانچہ ہمنے مختصراً وجود آسمان کی بحث میں اسے بیان کیا ہے کہ اب لوگوں کے نزدیک اس امر سے انکار کرنا کہ آسمان مثل گنبد کے وجود مجسم محیط ارض ہے اور ستارے اُسمیں جڑے ہوئے ہیں کفر ہے حالانکہ سبب اُس کا یہہ ہے کہ تفسیروں میں ہیئات یونانیوں کے مسائل مفسرین نے بھر دیئے ہیں اُسے لوگ دیکھتے سنتے رہے ہیں اور اِسیواسطے وہ اُن اقوال کو بھی دینی مسائل جانتے ہیں گو وہ بھی ہی غلط اور لغو اور بے اصل ہوں ٭

اُن معقولی مسائل کے تفسیروں میں داخل کردینے سے ایک بڑا نقص یہہ ہوا کہ وہ باتیں جنکی واقع میں کچھہ حقیقت نہ تھی اور جنکی اب غلطی کھل گئی لیکن اب اُن سے انکار کرنا اور اُن مسائل ہی کو غلط کہنا تنصر اور الحاد سمجھا جاتا ہے بہت ہی کم لوگ ایسے ہونگے جو یہہ سمجھیں کہ اُن مسائل کا تفسیروں میں داخل کرنا ہی بیجا تھا اور [illegible] اُس سے انکار کرنا اور جو حقائق موجودات اب ثابت ہوئیں اور ہوتی جاتی ہیں اُس کا ماننا کچھہ قادح اسلام نہیں ٭

بہت سی باتیں بہ نسبت اخبار اور واقعات اور کیفیت موجودات کے تفسیر کبیر وغیرہ میں ایسی بھری ہوئی ہیں کہ جنکو دیکھنے سے ہنسی آتی ہے اور جنکے ذکر کرنے سے کسی پڑھے لکھے ہوئے تربیت یافتہ آدمی کے سامنے شرم معلوم ہوتی ہے اور گو وہ باتیں وہی ہیں جو کہ نہ اُن کی کچھہ صحت ہے مگر اب اُس سے بھی انکار کرنا اور اس کو غلط سمجھنا ارتداد کی نشانی سمجھی جاتی ہے پس سواے اُن پاک مسلمانوں کے جو خانقاہ سے باہر نہیں نکلتے اور جو سواے اپنے پیروں کے مکتوبات و ملفوظات کے کچھہ نہیں دیکھتے اور جو کچھہ کسی شخص نے عربی زبان میں عربی خط سے لکھدیا ہو اُس پر ایمان رکھتے ہیں اور جو بڑی بڑی موٹی موٹی کتابوں سے روایتوں اور حکایتوں کے نقل کرنے ہی کو اُسکی صحت کی سند جانتے ہیں اور حقایق موجودات سے سواے اِس کے کہ کوہ قاف زمرد کا ہے اُسکی چوٹی پر ساتوں آسمان کے رکھے ہوئے ہیں اور زمین گائے کے سینگ پر ہے اور گائے مچھلی کے پشت پر کھڑی ہے کچھہ نہیں سمجھتے اور اُسی کو خدا کی قدرت سمجھہ کر وجد و حال میں مصروف رہتے ہیں وہ شخص جو اب معقولات سے کسیقدر واقف ہو اور تحقیقات جدیدہ سے جس سے موجودات کی حقیقت ظاہر ہوتی ہے آگاہ ہو کیونکر اپنے عقیدہ میں اُن روایتوں اور حکایتوں کو اصل دین سمجھیگا اور اس طرح اُسکا دل اُن قولوں کی صحت پر یقین کریگا اور وہ اپنے ایمان اور اسلام کی تقویت میں کس لیئے کفر کے فتووں سے ڈریگا ٭

ضرورت نئی تحقیقات کی بلکہ نئی تفسیر لکھنے کی

ہمارے نزدیک اس زمانہ میں نہایت ضرورت نئی تفسیر لکھنے کی ہے جو حشو وزواید سے خالی ہو اور جو غلط روایتوں سے اور جھوٹی حکایتوں سے پاک ہو اور جس میں کچھہ یونانی باتوں کا ذکر نہو اور جس میں حقایق موجودات کی تشریح کماحقہ کی ہو جس میں وہ احادیث صحاح جنکی صحت بلکہ جنکی شہرت درجہ یقین پر پہونچی ہو اپنے اپنے موقع پر مذکور ہوں اور جس میں وہ اقوال صحابہ کبار کے جس سے مسائل اصولی و فروعی کا اُنہوں نے استنباط کیا ہو مذکور ہوں اور جس میں اُن شبہات کا جو اہل عقل اس زمانہ کے کرتے ہیں ایسا جواب ہو کہ مخالف قواعد عربی اور مغائر شریعت محمدی کے نہو اور جس میں ان اخبار کی صداقت ظاہر کی جاوے جو الفاظ قران سے ثابت ہیں اور جس کی تصدیق میں بعض منکرین بہ سبب مخالفت تاریخ اور تحقیقات زمانہ حال کے شبہہ کرتے ہیں اور جس میں اُن اقوال اور روایات کی تکذیب بہ سند صحیح بیان کی جاوے جو غفلت سے یا سہو سے یا تساہل

کچھہ نقصان نہ تھا مگر اب وہی روایتیں اور وہی اقوال مادہ الزام کا قران اور صاحب الوحی پر ٹہرائے گئے ہیں تاکہ اب جو زمانہ آیا ہی اور جو لوگ علوم عقلی کی تعلیم پاتے جاتے ہیں وہ اسلام پر ثابت قدم رہیں اور اُن کا دل کسی طرح پر کسی ایک نقطہ سے بھی قران کے نہ پھرے اور وہ اپنے دین کو نہایت سچا اور خدا کا دیا ہوا جانیں اور نہ صرف ہماری ہی اولاد اُس سے فائدہ پاوے بلکہ ساری دنیا کے دانشمند اور حکیم اور عاقل اور محقق اُس کی تصدیق کریں اور وہ خدا کے اقوال کو مطابق اُسکے فعل کے جانکر لقد صدق اللہ و رسولہ صدق دل سے کہنے لگیں اگرچہ اس خواہش کا پورا ہونا نہایت دشوار ہی مگر سب مسلمانوں پر اس طرف توجہ کرنا فرض کفایہ ہی اور کو کچھہ اُمید نہیں لیکن خدا سے اُمید ہی کہ ضرور ایسا کریگا اور ہم مسلمانوں کو ایسی توفیق دیگا ؁

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

راقم ————

مہدی علی ڈپٹی کلکٹر مرزاپور

اشتہار

صدر کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان ہندوستان

واضح ہو کہ کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کی رپورٹ بنارس میں چھپ رہی ہی اُس رپورٹ کے تخمیناً تین سو بیس صفحہ ہیں اور اُس میں تین حصہ ہیں ؁

پہلے حصہ میں جو رسالے انعام کے لیئے منتخب ہوئے اُن کا ذکر ہی ؁

دوسرے حصہ میں چار بحثیں ہیں ؁

بحث اول میں گورنمنٹ کالجوں اور اسکولوں میں مسلمان طالب علموں کے کم داخل ہونے کے اسباب سے بحث ہی ؁

بحث دوم میں تحصیلی و حلقہ بندی مکتبوں میں مسلمان طالب علموں کے کم داخل ہونے کے اسباب سے بحث ہی ؁

بحث سوم میں مسلمانوں میں علوم قدیمہ کے گھٹ جانے کے اسباب سے بحث ہی ؁

بحث چہارم میں مسلمانوں میں علوم جدیدہ کے رواج نہ پانے کے اسباب سے بحث ہی ؁

تیسرے حصہ میں مسلمانوں کی ترقی تعلیم کی تدبیریں اور وہ طریقہ جس طرح پر کہ اُن کی تعلیم و تربیت اس زمانہ میں ہونی چاہیئے اور جس طرح کے مدرسہ اور مکتب اُن کی تعلیم کے مقرر ہونے چاہیئیں اُن کا بیان ہی ؁

خاتمہ میں اُن پچیس رسالوں کا خلاصہ مندرج ہی جو حسب اشتہار کمیٹی تصنیف ہوئے تھے اور جن کے ہر ایک مضمون پر کمیٹی نے بحث کی ہی ؁

اس رپورٹ کی قیمت پانچ روپیہ مقرر ہوئی ہی جس صاحب کو اُس کا خریدنا منظور ہو راقم اثم پاس زر قیمت ارسال فرماکر رپورٹ مذکور طلب فرمائے ؁

واضح ہو کہ بموجب تجویز کمیٹی منعقدہ ۳۱ جولائی سنہ ۱۸۷۱ع اس رپورٹ کے چھپنے کے لیئے عام چندہ ہونا تجویز ہوا ہی پس جن ممبروں نے خاص اس رپورٹ کے چھپنے کے لیئے زر چندہ بقدر پانچ روپیہ یا اُس سے زیادہ دیا ہوگا ان کے پاس یہہ رپورٹ بموجب تجویز کمیٹی منعقدہ ۷ مارچ سنہ ۱۸۷۲ع مرسل ہوگی ؁

(دستخط) سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی
سکرٹری کمیٹی مقام بنارس

بمقام علیگڈہ —— مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد سوم] یکم ربيع‌الاول سنه ۱۲۸۹ هجري [نمبر ۵

بسم‌الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشريح قيمت و مصرف منافع تهذيب‌الاخلاق

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قيمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که ملتنا مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو چار روپيه سالانه قيمت پيشگي ديني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهيگا اُس کو اي پرچه چهار آنه معه اخراجات روانگي پرچه دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بلا قيمت جسکو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خريداران و ناظرين تهذيب‌الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو يا خريداري اِس پرچه کي مد نظر هو يا کوئي مضمون اِس پرچه ميں مندرج هونے کے ليئے بهيجنا هو يا زر قيمت اخبار يا زر چندہ يا کچهه روپيه بطور ڈونيشن کے عنايت فرمانا هو تو سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجا جارے فرشته تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کيونکه يهه پرچه عليگڈه ميں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هي اور وهاں سے تقسيم هوتا هي اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هي *

اس پرچه ميں صرف مضامين مفيدہ جو مسلمانوں سے متعلق هيں چهاپه هوتے هيں اور اس سبب سے اخبار امصار و ديار اس ميں مندرج نهيں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے يهه هي که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذيب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُن ترقي کے مانع هيں وہ مٹائے جاويں *

مضمون نمبر ۷۷

آدم کي سرگذشت

تم کون ہو اور تمہارا نام کیا ہی — یہہ تو میں نہیں جانتا کہ میں کون ہوں مگر میرا نام آدمؑ ہی — تم پر کیا گذری — میں نے اپنے تئیں اسي دنیا میں پایا مگر نہ جانا کہ کسطرح بنا اور کسنے بنایا میںنے اَوْر بھي بہت سے چرند و پرند کیڑے مکوڑے دنیا میں دیکھے میں سمجھا کہ جسطرح یہہ بنے ہونگے اُسیطرح میں بھي بنا ہونگا — مگر میں دیکھتا تھا کہ وہ سب تو ایک سا کام کرتے جاتے ہیں اور کبھي اوڑ بات کا ارادہ بھي نہیں کرتے مگر میرے دل میں بہت سے خیال آتے تھے کبھي دل چاہتا تھا کہ یہہ کروں کبھي دل چاہتا تھا کہ وہ کروں کبھي کہتا تھا نہ یہہ کیا ہی کبھي کہتا تھا وہ کیا ہی دل گھبراتا تھا اور اُن چرند و پرند کے پاس بیٹھتا تھا کسیکو اپنا سا نہ پاتا تھا اور دل نہ لگتا تھا تنہائي میرے دل کو گھبراتي تھي اور اُس بیقراري سے یہہ بات دلمیں آتي تھي کہ میرے لیئے میري ھي سي کچھہ اَوْر چیز چاھیئے *

ایک دن میں نے اپنے بائیں پہلو کے پاس ایک اپني هي سي صورت کي چیز بیٹھي ہوئي دیکھي دل بہت خوش ہوا پے قصد باچھیں کھلنے لگیں دل بھي دھکڑ پکڑ کرنے لگا اور اُسیکي طرف کھچنے لگا وہ بھي میرے پاس بیٹھنے سے نہایت خوش معلوم ہوتي تھي اور پیاري پیاري نگاہوں سے مجھے دیکھتي تھي اور مسکراتي تھي آخر میں بیقرار ہوگیا اور مجھہ سے نرہا گیا اور میں نے اُس سے پوچھا کہ بوا تم کون ہو اور تمہارا کیا نام ھی وہ بولي کہ بھائي یہہ تو میں نہیں جانتي کہ میں کون ہوں جو تم ہو وہي میں ہوں مگر میرا نام حوا ھی میں بہت خوش ہوا اور تالیاں بجاکر خوب اُچھلا اور خوب کودا اور ادہر کو دیکھہ دیکھکر ایک بڑي ہستي اور بڑے قادر مطلق کا خیال کرکو خوب گیت گائے اور نہایت ذوق و شوق سے یوں چلایا *

اُو اُو لوے اُو ارے اُو ارے وہ جو ھی — ارے وہ جو ھی — ارے وہ جو رھیگا — ارے وہ جو رھیگا — ارے وہ جو توهي ھی — ارے وہ جو توهي ھی — میري شکر لے — اُس انجان جانب کار نے میرا شکر لیا اب تم اُسي برکت کے پھل پھول ہو *

اجي دادا جان یہہ تو تمنے حال کي کہي ھم تو اُس سے بھي پچھلي پوچھتے ہیں — میرے پیارے وہ تو ھمارے ہوش اور تمیز سے پہلے کي بات ھی مگر اُس کي کچھہ نشانیاں ھم پاتے ہیں اور خدانے اپني قدرت سے جو کچھہ ھم میں بنایا ھی اُسي سے وہ پچھلا حال سمجھہ سکتے ہیں اگر تم کو اُس کے جاننے کا شوق ھی تو سنو *

تمام زمین پر بسنے والي چیزیں زمین سے پیدا ہوئي ہیں گو اُسکي آیندہ نسل چلنے کا کوئي قاعدہ بنایا ہو مگر سب سے پہلي فرد صرف اُس کي قدرت سے بني اُس نے کہا کہ ہو وہ ہوگئي پس اسي طرح میں بھي زمین سے پیدا ہوگیا پلا اور بسا اور بڑا ہوا مگر جب زمین سے نکلا تھا تو ایسا نہ تھا جیسا اب ہوں رفتہ رفتہ ھمکو یہہ صورت ملي ھی اگر تم میري وہ ہیئت دیکھو جو زمین سے نکلي تھي تو نہایت تعجب کرو بال سے بھي باریک اور رائي کے دانے سے بھي چھوٹا بھنگا تھا اور اُسي میں حسن و جمال عقل و کمال سب چھپا ہوا تھا جیسے بیج میں درخت کے تمام پھل پھول ٹہني پتے چھپے ہوتے ہیں یہہ اُس صانع کي قدرت ھی جو ایسي ضعیف و ناچیز چیز کو ایسا کیا ھی جسکے حسن و جمال پر لوگ فریفتہ ہوتے ہیں فرھاد سر پھوڑتا ھی زلیخا ھاتھہ کاٹتي ھی مجنوں سر بصحرا نکل جاتا ھی اپنے تقدس و کمال سے فرشتوں پر فوق لیجاتا ھی اور اپنے آپ سے اپنے صانع کو پہچانتا ھی اور پھر اُس کي مرضي اور خوشي کے بیان کرنے کو اَوْروں کے لیئے واسطہ بنتا ھی *

تمام قوتیں حیواني اور انساني ملکي و شیطاني اُس میں تھیں اور سب اُس کي اطاعت و فرمان برداري میں حاضر تھیں جس جس کام پر وہ مامور تھیں اُنکو کر رھي تھیں اور اپنے کام میں ذرا سي بھي خطا نہیں کرتي تھیں مگر ایک قوت نہایت قوي اور سرکش تھي وہ میري کوئي خدمت نہیں کرتي تھي بلکہ طرح طرح کے جذبات کو جو غصہ اور غضب اور بغض و کینہ عداوت و دشمني قتل و خون ریزي چوري و زناکاري کے منشاء ہیں تحریک دیتي رھتي تھي اُسکے کرتبوں سے میں نے جان لیا تھا کہ وہ میري بڑي دشمن ھی اُسي پر قدم پانا میرا بڑا کام ھی مگر وہ بھي جتاتي تھي کہ میں تیري دشمني کبھي نہیں چھوڑنے کي جہاں پاؤنگي اپنا کام کرونگي اور جس طرف سے قابو پاؤنگي ماروںگي *

وہ قوت ایک عجیب و غریب چیز تھي دشمن تو ایسي سخت تھي لیکن اگر وہ نہوتي تو ایک اَوْر چیز ھم میں نہوتي جو انسان کے کمال کي بھي وھي باعث ھی اور اُس کے وبال کي بھي وھي باعث ھی اور اسي سبب سے وہ قوت کبھي سخت دشمن دکھائي دیتي تھي اور کبھي دوست سمجھہ میں آتي تھي مگر میري اطاعت میں کبھي نہ تھي *

خدا نے ایک ایسي مرکب چیز کو جو مختلف قوتوں کا مجموعہ تھي یعني مجھکو ایک جگہہ ڈال دیا جہاں نہ مجھکو بھوک تھي نہ پیاس نہ دھوپ کي گرمي لگتي تھي نہ کپڑا پہنے کي حاجت ہوتي تھي میں رفتہ رفتہ بڑا ہوتا جاتا تھا اور تمام قوتیں جو مجھہ میں

[illegible] کام آتی تھیں ایک قوت مجھہ میں تو تھی مگر میرے [illegible] کوئی نہ میں اُس کو کام میں لاتا تھا جب میں بڑا ہوا [illegible] تمیز کو پہونچا تو اُسی دشمن قوت نے مجھکو بتایا کہ اُس سے بھی کام لے کیونکہ وہ جانتی تھی کہ جب میں اُس سے کام لونگا تب ہی مصیبت میں پھسونگا مگر اُسی قوت سے کام لینا کمال کا بھی سبب تھا اس لیئے اُس دشمن قوت نے بہکایا کہ اگر اُس سے کام لیگا تو فرشتہ ہو جاویگا اور کبھی مرنا نہوویگا وہ قوت میری ہی تو تھی اور میں اُس کو کام میں لانے کے قابل بھی ہوچکا تھا میں اُس کو کام میں لایا اور اُسی وقت میرے عیب مجھہ پر کھل گئے میں نے جانا کہ میں تو ایک نہایت ناچیز ہستی ہوں بے شک مجھہ میں فرشتہ ہونے اور ہمیشہ رہنے کی قوت ہی مگر اُس کے ساتھہ بڑا قوی دشمن بھی لگا ہوا ہی اُس سے بچنا نہایت مشکل ہی میں اپنے عیبوں کے چھپانے کی فکر میں پڑا اور خدا نے للکارا کہ خبردار اب تو اپنا آپ مالک ہوا ہرصد دشمن سے واقف ہوا اب جب تک زمین پر رہنا ہی نیک و بد کو سمجھہ اور اپنا کام کر میں نہایت حیران ہوا کہ کیا کام کروں اور کس طرح پر چلوں پھر میں سمجھا کہ خدا کی نشانیاں اور خدا کی ہدایتیں ہمارے ساتھہ ہیں اُنہی کو سمجھو اور اُنہی کو مانو اُنہی کی ہدایت پر چلو اور دشمنوں سے نجات پاؤ مگر یہہ سمجھہ میں نہ آتا تھا کہ گذشتہ بدی کا کیا علاج ہو بہت غور کے بعد سمجھا کہ کسی دوسرے سے اُس کا علاج نہیں ہوسکتا بلکہ اُس کا علاج خود مجھہ میں ہی جو چیز مجھہ میں ٹیڑھی ہوگئی ہی اُسی کا سیدھا کرنا اُس کا علاج ہی تب میں نے خدا سے کہا

ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم تغفرلنا و ترحمنا لنکونن من الخاسرین —

فتاب علیہ انہ ھوالتواب الرحیم پھر تو خدا نے مجھکو ایسا رتبہ بخشا [illegible] زمین پر اپنا نایب کردیا اور فرشتے غل ہی مچاتے رہے *

دادا جان آپ کی باتیں تو ہماری سمجھہ میں نہ آئیں اور ہم نہ سمجھے کہ کن قوی کا مجموعہ خدا نے تمکو بنایا تھا وہ کیا قوی [illegible] جو تمہارے مطیع و فرمانبردار بھی تھے وہ کیا قوت تھی جو سرکش اور نا فرمانبردار تھی وہ کیا چیز تھی جو دشمن بھی تھی اور دوست بھی [illegible] دیتی تھی اُسی نے وبال میں ڈالا اور اُسی نے کمال کا رستہ بتایا یہہ سب باتیں تو ہماری سمجھہ سے باہر ہیں اگر اَوْر کسی طرح پر آپ گفتگو کریں اور ہمکو سمجھا سکیں تو آپ کی نہایت شفقت و عنایت ہوگی *

آدم نے کہا کہ تمہاری اور تمام دنیا کی سمجھہ میں آجانے کے [illegible] تو اسی بات کو موسی اور محمد نے بہت اچھی تمثیل سے بتایا ہی [illegible] ملکی قوی [illegible] فرشتہ رکھا ہی اور اُس دشمن دوست نما قوت کا نام شیطان اور اُس قوت کا نام جو مجھہ میں تھی پر میرے کام میں نہ تھی درخت اور اُس وقت یا حالت کا نام جب میں اُس قوت کو کام میں لانے کے لایق ہوا اُس درخت کا مزا چکھنا رکھا ہی اور اس مشکل مقدمہ کو اِن تمثیلوں سے حل کر کر یوں بیان کیا ہی *

خدا نے سڑی ہوئی کیچڑ سے جو آگ میں پکے ہوئے کی مانند گرم ہو رہی تھی آدم کو اور اُس کی جوڑی حوا کو پیدا کیا پھر اُن کو اس صورت پر جو ہی بنایا پھر فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو سب نے سجدہ کیا مگر شیطان نے سرکشی کی اور خدا کے حکم کو نمانا اور سجدہ نہ کیا خدا نے اُس سے پوچھا کہ تونے کیوں سجدہ نہ کیا اُسنے کہا کہ میں آدم سے افضل ہوں تو نے مجھکو آگ سے پیدا کیا اور آدم کو مٹی سے خدا نے کہا جا دور ہو تو فرشتوں میں ہونے کے لایق نہیں اُسنے کہا تو مجھکو قیامت تک ایسا ہی رہنے دو تم ہی نے مجھے بہکایا ہی میں بھی انسان کو بہکاتا ہی رہونگا خدا نے کہا دور ہو اے مردود جو لوگ تیری تابعداری کرینگے اُن سے دوزخ بھر دونگا *

پھر خدا نے ہمکو سمجھا یا کہ شیطان تمہارا پکا دشمن ہی اُس سے خبردار رہنا پھر ہمکو بہشت میں رکہا وہاں ہمکو نہ بھوک تھی نہ پیاس نہ دھوپ لگتی تھی اور نہ کپڑے کی حاجت تھی خدا نے کہا کہ اس میں سے جو کچھہ چاہو کھاؤ مگر ایک درخت کو بتلایا کہ اُس کے پاس تک مت جانا اگر جاؤ گے تو اپنے لیئے خود برا کروگے *

مگر شیطان نے ہمکو بہکایا اور کہا کہ میں تمکو ہمیشگی کا اور ہمیشہ رہنے والی بادشاہت کا درخت بتلاؤں اُسنے وہی درخت بتلایا جس سے خدا نے منع کیا تھا اور کہا کہ کسی برائی کے سبب سے منع نہیں کیا بلکہ اِس لیئے منع کیا ہی کہ تم فرشتہ اور ہمیشہ رہنے والے نہوجاؤ اور قسمیں کھاکر کہا کہ میں تمہارا دوست ہوں — ہم اُس کے بہکانے میں آگئے اور اُس درخت میں سے کھالیا ایک پردہ نادانی کا جو ہم پر تھا کھاتے ہی اُٹھہ گیا عیب و صواب معلوم ہونے لگا اپنا ننگا پن ہم کو شرمانے لگا درخت کے پتوں سے اپنی شرمگاہوں کو چھپانے لگے اتنے میں خدا للکارا کہ کیوں اس درخت کے کھانے سے میں نے تمکو منع نکیا تھا اور تمکو نہ کہدیا تھا کہ شیطان تمہارا پکا دشمن ہی چلو یہاں سے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہوگے چند مدت تک زمین پر رہوگے اُسی میں جیو گے اُسی میں مروگے اُسی سے نکلو گے *

پھر خدا کے بتانے سے اپنے قصور کی معافی اس طرح پر [illegible] چاہی کہ " اے ہمارے خدا ہمنے اپنے پر آپ ظلم کیا اور اگر تو معاف نکریگا اور رحم نکریگا تو ہم آفت میں رہینگے " خدا نے معاف کیا

اور يهه بتايا كه تمهارے پاس ميري هدايت آويگي جو كوئي اُسكي تابعداري كريگا اُسكو كچهه ڈر نهوگا جو ميري نشانيوں كو نه مانيگا وہ دوزخ ميں جاويگا اور هميشه اُسي ميں رهے گا *

پهر خدا نے آدم كو زمين پر اپنا نايب بنايا فرشتوں نے كہا كه كيا ايسے شخص كو زمين كي نيابت ديگا جو اُس ميں فساد كرے اور خون بہاوے اور هم تو تيري پاكيزگي سے تجهكو ياد كرتے هيں اور تيري تعريف كرتے هيں خدا نے كہا كه هاں ميں سب كچهه جانتا هوں جو ميں جانتا هوں تم نهيں جانتے *

پهر خدا نے آدم كو سب چيزوں كے نام بتائے اور فرشتوں كے سامنے ليا اور كہا كه اگر تم سچے هو تو ان چيزوں كے نام بتاؤ فرشتوں نے كہا كه تيري دہائي هے جو كچهه تو نے بتا ديا هے همتو اُس سے زياده كچهه نهيں جانتے پهر آدم سے كہا كه تم اِنكے نام بتاؤ آدم نے سب كے نام بتادئے خدا نے كہا كه ميں نه كہتا تها كه آسمان و زمين ميں كي چهپي هوئي باتيں اور جو كچهه تم ظاهر يا خفيه كرتے هو سب كو جانتا هوں *

دادا جان يهه باتيں تو صاف صاف هماري سمجهه ميں آئيں هم سمجهے كه خدا نے همكو پيدا كيا اور همكو فرشتوں پر بهي عزت دي اور همارے دشمن شيطان كو بهي هميں بتلاديا مگر هم اُسكے فريب ميں آگئے اور خدا كے حكم كے برخلاف كام كيا اور خود اپنے فعل سے گنهگار هوئے اور جب اپنے گناه كا اقرار كيا اور معافي چاهي تو خدا نے معاف كرديا اور همكو زمين پر اپنا نايب كرديا اور همارے پاس هدايت بهيجنے كا وعده كيا پهر اگر هم اُس كي هدايت پر چلينگے اپنا بهلا كرينگے اگر اُس پر نچلينگے خود اپنے ليئے كانٹے بوئيں گے مگر اُسميں بهي كئي باتيں پوچهني هيں *

آپ نے يهه كيا فرمايا كه خدا نے آدم و حوا كو پہلے پيدا كيا پهر اُنكو اِس صورت پر جو اب هے بنايا *

بيٹا تمنے قران پڑها هے اُسميں تو صاف لكها هے كه ولقد خلقناكم ثم صورناكم يعني خدا نے تمكو پيدا كيا پهر تمهاري صورتيں بنائيں اصل يهه هے كه انسان نطفه ميں نهايت باريک پهنگے كي مانند پيدا هوتا هے پهر اُسكي صورت بنتي هے يهي بات خدا نے بهي كهي اور هميشه يونهي هوتا هے *

دادا جان يهه تو عجيب بات آپ نے بتائي همنے تو كبهي سني بهي نه تهي قران ميں تو عجيب عجيب قدرتي باتيں لكهي هيں جو اُس زمانه كے لوگوں كے خيال ميں بهي نه تهيں اب جسقدر حقايق موجودات كهلتي جاتي هيں قران كي حقيقت سمجهه ميں آتي جاتي هے بے شک يهه خدا كا كلام هے *

مگر آپ يهه تو فرمائيے كه جن قوتوں سے خدا نے همكو بنايا اور جو هم هي ميں موجود تهيں اُنهي ميں سے كسيكو فرشته اور كسيكو شيطان اس طرح پر بيان كيا كه گويا وہ هم سے علحده دوسري چيزيں تهيں جن ميں سے كوئي همارې فرمانبردار تهي اور كوئي هماري دشمن اور اگر درحقيقت وہ هم هي ميں تهيں تو اس طرح پر كيوں بيان هوئيں *

بيٹا ابهي ميںنے تم سے بيان كيا كه انسان عجيب مختلف قوتوں سے بنا هوا هے كه باوصف مركب هونے كے هر ايک قوت جدا جدا كام كرتي هے مگر تمهاري سمجهه ميں كچهه نه آيا اور جب اس زمانه ميں هي تم اُسكو نه سمجهه سكے تو موسى كے اور اُس سے بهي پہلے كے زمانه ميں كون سمجهه سكتا تها اس ليئے خدا نے اُس مطلب كو ايسے لفظوں ميں بيان كيا كه سينا كے جنگل ميں پهرنے والوں اور عرب كے ريگستان كے رهنے والوں سے ليكر سقراط اور بقراط كے مرجوں تک كے لوگ سمجهه ليں *

تمام دنيا كے خيال ميں هے كه مركب چيز جب متعدد چيزوں سے ملتي هے تو ايک خاص مزاج پيدا كرليتي هے اُسكے هر هر ذره كا مزاج اپني پهلي حالت پر باقي نهيں رهتا بلكه دونوں سے مل ملاكر ايک قسم كا مزاج پيدا هوجاتا هے *

اگر گرم پاني ميں تم ٹهنڈا پاني ملاتے هو تو اُسكي سردي اور اُسكي گرمي ملكر اُسكو كنكنا كرديتي هے يهه كبهي نهيں هوتا كه دونوں مليں اور سرد پاني كي سردي بدستور سرد اور گرم پاني كي گرمي بدستور گرم رهے *

بهت سي گرم و سرد خشک و تر دواؤں سے ملاكر ايک معجون بناؤ اُن دواؤں ميں سے كسي ايک كا بهي مزاج اپني اصلي حالت پر باقي نهيں رهنے كا بلكه سب سے مل ملاكر اُس معجون مركب كا ايک خاص مزاج پيدا هوجاويگا مگر انسان ايک عجيب معجون مركب هے مختلف قوى سے مركب هے اور وهي اُسكے وجود كے اور نيز باهم ايک دوسرے قوى كے بقا كے سبب هيں اگر اندروني قوى ميں سے ايک قوت انسان ميں سے فوت هو تو دوسري قوت بهي باقي نهيں رهے اور باوجوديكه يهه سب قوى ايسے آپس ميں ملے هوئے هيں جيسے دوده ميں پاني اُس پر بهي سب اپنے اپنے جدا جدا مزاج پر قايم هيں اور اپنا جدا جدا كام كر رهے هيں پس اس تركيب انساني كو سمجهانے كے ليئے تمام نبيوں نے تمثيلي زبان اختيار كي اور جس طرح كه اُن قوى كے جدا جدا كام تهے اسي طرح اُنكو علحده علحده اس طرح پر بيان كيا كه گويا وہ الگ الگ ايک دوسرے كے مقابل جدا جدا چيزيں هيں *

آدم کي سرگذشت

دادا جان يهه بات تو همارے سمجهه ميں بالکل آگئي اور اس يہاں سے ايک اور عقده حل هوگيا که بعضي روايتوں ميں جو يهه بيان هوا هى که رحم ميں فرشته انسان کي صورت بناتا هى اس سے بهي وهي قوت مصوره مراد هى جو خدا نے اُس ميں رکهي هى ＊

مگر يهه بات بهي بتاديجيئے که اُن ملکي قوى کے سجده کرنے اور اُس ايک قوت کي سرکشي کرنے سے کيا مطلب هى ＊

بيٹا يهه تو بہت صاف بات هى تم خود اپنے آپ کو ديکهو تمام قوتيں جس جس مطلب کے ليئے تمهارے ميں پيدا هوئي هيں سب تمهاري تابع هيں جسوقت تم کسي ايسي قوت کو تحريک دينا چاهتے هو جو نيکي کي مخرج هى في الفور تحريک ميں آتي هى اور تم سے نيکي اور نيک دلي رحم و محبت همدردي وفا شعاري خدا کے سامنے تذلل ظهور ميں آتا هى اور صاف ثابت هوتا هى که وه تمام قوى جو ان چيزوں کے مظهر هيں تمکو سجده کر رهے هيں يعني تمهارے مطيع و فرمان بردار هيں پر خلاف اسکے اُس قوت کو ديکهو جو بدي اور گناه کا مخرج هى تم اُن افعال کو جو اُس قوت سے پيدا هوتے هيں برا جانتے هو اور اُن کے نکرنے کا اراده بهي کرتے هو اور پهر کرتے بهي جاتے هو جهوٹ کو برا سمجهتے هو اور چاهتے هو که نه بوليں مگر بولتے جاتے هو غصه کو برا جانتے هو اور هرچند چاهتے هو که روکيں پر کرتے جاتے هو زنا جو سب سے بڑا کر بدي هى اُسکو کرکر نادم هوتے هو خود اپنے پر آپ لعنت کرتے هو سر پيٹتے هو منهه پر طمانچے مارتے هو اور پکا اراده کرتے هو که پهر نکرينگے اور پهر کرتے هو غرضکه اُس قوت پر جو تمام بديوں کي جڑ هى خيال کرو اور ديکهه لو که وه کيسي سرکش اور تمهاري نافرمان بردار هى آه بيٹا تم انسان اُسي وقت هوگے جب اُس سخت دشمن پر فتح پاؤ گے ＊

دادا جان يهه باتيں تو تمنے ايسي بتائيں که همارا دل ٹکڑے ٹکڑے هوگيا بالکل سچ هى اور انسان پر يهي گذرتا هى جب هم اپني بديوں پر نظر کرتے هيں اور ديکهتے هيں که وه مخالف قوت شيطان کيسي هم پر غالب هى تو همکو اپني زندگي پر افسوس آتا هى اور هم کهتے هيں که کاش هم پيدا نهوئے هوتے ＊

مگر هم نهايت ادب اور عاجزي سے ايک بات اور پوچهني چاهتے هيں شيطان نے خدا سے يهه کيا بات کهي که " تم هي نے مجهے بهکايا ميں بهي انسان کو بهکاتا هي رهونگا " يهه تو غلط معلوم هوتا هى يهه خدا نے شيطان کو کاهيکو بهکايا هوگا کيا خدا شيطان کا شيطان تها اور اگر خود خدا نے ايسا کيا تو پهر اُسکو سجده کا کيوں

نعوذ بالله نعوذبالله بيٹا توبه کرو توبه کرو کانوں پر طمانچے مارو يهه کيسي کفر کي باتيں تمنے کهيں يهه غلط نهيں هى بالکل سچ هى قرآن ميں بهي لکها هوا هى قال فبما اغويتني لاقعدن لهم صراطک المستقيم يعني شيطان نے خدا سے کها ده اس سبب سے که تو نے مجهکو گمراه کيا ميں بهي اُنکي بات مارنے کے ليئے تيري سيدهي راه ميں بيٹهونگا ＊

مگر غور کرو اور سمجهو که اِس کا مطلب کيا هى اور کس بات کا اشاره هى سمجهو که وه سرکش قوت خود خدا نے بنائي هى اور اُس سرکشي کي قوت خود خدا نے اُس ميں رکهي هى پس ان لفظوں سے که تو نے هي مجهکو بهکايا هى اسي بات کا اشاره هى که اُس قوت کا خالق اور اُس قوت کو يهه قوت دينے والا بهي وهي ايک خدا هى، اور يهي اُسکا بهکانا هى مگر خدا نے انسان ميں ايسے بهي قوى رکهے هيں جو اُسکو زير اور مطيع کرسکتے هيں اور يهي حکم دينا هى که آدم کو سجده کر پس ان دونو صفتوں کو عام فهم کرنے کو خدائے تمثيلي زبان سے يوں بتايا که خدا نے شيطان کو حکم ديا که آدم کو سجده کر يعنے ايسے بهي اسباب بناديئے هيں که وه انسان کا مطيع هوسکتا هى ديکهو ايوب پيغمبر نے کيسا اُسکو مطيع کيا پهر يوں کها که اُسنے سرکشي کي اور خدا کا حکم نمانا يعني وه قوت ايسي سرکش هى که مطيع هوهي نهيں سکتي ايک موقع پر هم گناه سے بچتے هيں اور دوسرے موقع پر گناه ميں پڑتے هيں اگر نهيں پڑتے تو همکو اُس دشمن کو هر وقت و هردم دبائے رهنا اور باندهے رکهنا تو ضرور پڑتا هى اور وه هر دم چهوٹنا اور هم پر حمله کرنا تو ضرور چاهتا هى پس اس حقيقت کو نبيوں کي زبان نے ايسي عمده طرح پر حکم اور نافرماني کي اصطلاح ميں بيان کيا هى صلوات الله عليهم اجمعين ＊

دادا جان جو کچهه تمنے کها هم سمجهتے هيں که خداهي نے تمکو بتايا هى کيونکه آج تک کسي انسان نے تو ايسے حقايق و معارف بيان نهيں کيئے جس سے دلکو تسکين هو آپ هي پر خدانے اپنا فضل کيا هى جو آپ کے دل سے ايسے حقايق و معارف نکلتے هيں ابتو هميں پوچهتے بهي شرم آتي هى مگر دو چار باتيں تو اور بتاديجيئے ＊

بيٹا تم کچهه شرم مت کرو پوچهتے جاؤ خدا کي بات ميں کچهه غلطي هوهي نهيں سکتي هاں ممکن هى که ميري بات يا ميري سمجهه ميں غلطي هو جاوے ميں بهي انسان هوں جس طرح تم غلطي ميں پڑسکتے هو ميں بهي پڑسکتا هوں ميرے اُسي قدر کلام ميں غلطي نهيں هوتي جس قدر که مجهکو وحي آتي هى يهه سب باتيں ميں وحي سے نهيں کهيں بلکه خود اپنے ذهن اور [illegible]

کہیں ہیں اور ہر شخص ان باتوں کو اگر اُسکو خدا دیکھنے کے لایق آنکھہ دے خود دیکھہ سکتا هی *

دادا جان خدا نے یہہ کیا کہا کہ میں نے شیطان کو آگ سے پیدا کیا اور پہلے فرشتوں میں تھا پھر مردود کردیا وہ تو ایک قوت خود هم میں هی *

بیٹا تمام قواے انساني پر جس میں وہ سرکش قوت بھي داخل تھي فرشتوں کا اطلاق کیا گیا اور جب اُس ایک قوت کا سرکش هونا بتایا گیا تو اُس کو اُن میں سے علحدہ کرکر شیطان بتایا پس یہي اُس کا مردود هونا اور فرشتوں میں سے نکالا جانا هی *

اب تم خود اپنے میں غور کرو کہ تمھارے قوی کي ترکیب میں ایک قسم کي حرارت هی جس کو کوئي حرارت غریزي اور کوئي مادہ الکٹرسٹي کہتا هی اُس تمام حرارت کا سرجوش وہ قوت هی جس کو قوت سرکش یا شیطان بتایا هی پس وہ قوت سب سے اُوپر هی اور باقي قوتیں اُس سے نیچے پس شیطان کا یہہ کہنا کہ خلقتني من نار و خلقته من طین بالکل ٹھیک اور مطابق واقع کے هی مولوي صاحب جو یہہ سمجھتے هیں کہ اُن کي روٹي پکانے کے چولھے کي آگ سے شیطان بنایا هی یہہ اُن کي ناداني هی *

یہہ دادا جان جس درخت کے کھانے سے خدا نے منع کیا تھا وہ کیا قوت تھي اور اُس کا کھانا یا استعمال میں لانا کیا حالت تھي *

بیٹا وہ قوت عقل و علم هی کیونکہ علم کے لیئے عقل کا هونا بھي لازم هی اور جب انسان اُس حد کو پہونچتا هی کہ اُس قوت کو استعمال میں لانے کے قابل هو جاوے اُس حالت کا نام انبیاء کي زبان میں شجرممنوعہ کا کھانا یا چکھنا هی اور زبان شرع میں اُس کا مکلف هونا اور زبان حکماء میں اُس کا بالغ هونا هی *

دادا جان یہاں تو بڑي مشکل پیش آئي اس لیئے کہ انسان کا چھٹپنے سے بڑا هونا اور عقل و تمیز کي حالت تک پہونچنا ایک ضروري اور لازمي بات هی اگر انسان زندہ هی تو خواہ نخواہ اُس حالت تک پہونچتا هی پھر خدا کا اُس درخت کے کھانے سے منع کرنیکا اور انسان کا اُس کو کھا لینے کا اور خدا کي نافرماني کرکر گنہگار هونے کا کیا مطلب هی *

بیٹا تم نے نہایت عمدہ بات کہي تمھاري عقلمندي سے میں بہت خوش هوا جو کچھہ تمنے کہا یہہ سب سچ هی مگر اس مقام پر ایک نہایت عمدہ اور مشکل مسئلہ جبر و قدر کا نہایت خوبي اور بحسول تمثیل سے حل کیا گیا هی *

بعضے لوگ خیال کرتے هیں کہ انسان بالکل مجبور هی خواہ نخواہ اُس کو وهي باتیں کرني پڑتي هیں جو اُس کے لیئے مقدور [illegible] هیں اور بعضے خیال کرتے هیں کہ وہ خود مختار اور اپنے تمام افعال پر قادر هی جو چاهتا هی وہ کرتا هی بعضے خیال کرتے هیں کہ نہ مجبور هی نہ قادر هی بین‌الجبر والاختیار هی جیسے ایک مچھلي والے نے ایک بادشاہ کو مچھلي نذر کرتے وقت اس خیال سے کہ بادشاہ اس کا جوڑا نہ مانگے کہا تھا کہ یہہ مچھلي مخنث هی — اس مقام پر خدا تعالے کو یہہ بات بتلاني تھي کہ جو قوی کہ انسان کو خدا نے دیئے هیں وہ خود اُن کا مالک و مختار هی اور اُن سب کو خود کام میں لاسکتا هی پس خدا کے منع کرنے اور انسان کا اُس کے کھا لینے سے انسان کا اُن قوی پر جو اُس کو دیئے گئے هیں قادر هونا اور اُن کے استعمال کي خود قدرت رکھنا بتایا گیا هی اور جو کہ اُس حالت تک پہونچنا اور عقل و تمیز حاصل کرنا انسان پر گناہ هونے کا سبب هی اس لیئے خدا نے فرما دیا کہ اُس حالت پر پہونچنے کے بعد آدم گنہگار هوا —

من ملک بودم و فردوس بریں جایم بود
آدم آورد دریں دیر خراب آبادم

السعید من سعد في بطن امہ والشقي من شقي في بطن امہ نہایت صحیح اور سچا قول هی جو کچھہ اس وقت تم انسان کي حالت دیکھتے هو اچھي یا بري یہاں تک کہ نبیوں کي نبوت اور عابدوں کي عبادت زاهدوں کا زهد معشوقوں کا حسن عاشقوں کا عشق شاعروں کي شاعري فاسقوں کا فسق کافروں کا کفر یہہ سب وہ اپني ماں کے پیٹ میں سے لیکر نکلے هیں پس نبي کو نبوت اور عابد کو عبادت اور زاهدوں کو زهد معشوقوں کو حسن عاشقوں کو عشق شاعروں کو شاعري فاسقوں کو فسق کافروں کو کفر لازمي اور ضروري هی کہ بے هوئے رہ هي نہیں سکتا جو شخص جو کچھہ اپني ماں کے پیٹ سے لایا هی وہ اُسي کو گاتا هی *

انبیاء یوں فرماتے هیں کہ انا نبي و آدم بین‌الماء والطین *
سعدا یوں کہتے هیں کہ انا سعید و آدم بین‌الماء والطین *
اشقیا کا یہہ قول هی کہ انا شقي و آدم بین‌الماء والطین *
اور همارا یہہ قول هی کہ انا احمد و آدم بین‌الماء والطین *

مگر نہ عابد کي نجات عبادت پر هی اور نہ فاسق کي درکاري اُس کے فسق پر بلکہ انسان کي نجات صرف اس پر هی کہ جو قوي خدا تعالی نے اُس میں رکھے هیں اور جس قدر رکھے هیں اُن سب کو بقدر اپني طاقت کے کام میں لاتا رهی اگر قواي بہیمیہ اُس پر غالب

قوی اور قوائے ملکیہ کمزور کو اُن کو زور کو بیکار نہ چھوڑے اُن کو بھي کام میں لاتا رہے کہ یہي اُن گناهوں کا علاج هی جس کو انبیاء کي زبان میں توبہ اور کفارہ کہتے هیں اور جس کو شارع نے ان عمدہ لفظوں میں کہ التايب من الذنب کمن لا ذنب له بیان فرمایا هی پس یہہ مشکل اور باریک مسئلہ تها جو اس آسان اور عام فہم تمثیل میں خدا نے فرمایا *

دادا جان خدا کا شکر هی کہ هم بهي ان حقایق و معارف کا آپ کي زبان مبارک سے سنا اپني ماں کے پیٹ سے ایکر نکلے تھے مگر یہہ تو فرمائیے کہ آدم کا زمین پر نایب کرنا اور فرشتوں کا تکرار کرنا اور خدا کا آدم کو سب چیز کے نام سکہانا کیا معني هیں *

بیٹا زمین موجود هی انسان موجود هی دیکھہ لو کہ زمین کي تمام مخلوقات میں زمین کي بادشاهت اور خدا کي نیابت اسکو هی— کیسے فرشتي کیسي تکرار یہہ تو خطابیات کي قسم سے بیان هی قوی جسقدر کہ هیں همیشہ وهي کام کرتے هیں جسکے لیئے وہ مخلوق هیں لا یعصون الله ما امرهم و یفعلون ما یؤمرون مگر انسان هي ایسي مخلوق هی کہ وہ نیکي بهي کرسکتا هی اور بدي بهي پس خدا نے اس مقام پر انسان کي حقیقت بیان کردي کہ وہ کیسے کیسے سخت گناهوں کے کرنے پر قادر هی مگر اُسیکو نائب کرنے کي وجهہ کو بهي بتایا کہ وہ قابل تعلیم هی اور اُسکي غلطیاں اصلاح کے قابل هیں اور وہ ایسے اعلی درجہ تک ترقي کرسکتا هی جہاں فرشتوں کا بهي مقدور نہیں کیونکہ اُنمیں جو بات هی اُس سے زیادہ ترقي کي قوت اُنمیں نہیں قالوا سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا — خدا نے آدم کو تمام چیزوں کے نام اس طرح پر نہیں سکھائے تھے جس طرح کہ آنا بچے کو سکھاتي هی بلکہ تمام چیزوں کا سکھانا وہ ملکہ علم انسان میں ودیعت کرنا هی جس سے آج هم بقدر اپني طاقت کے خدا کي خدائي کے کارخانوں پر نکر کرتے هیں اور جہاں تک هوسکتا هی اُسکو جانتے هیں *

تم خود اپنے حال پر خیال کرو کہ تم میانجي سے یا مولانا صاحب سے پڑھتے هو اور فضیلت کي دستار مبارک سر پر باندھ لیتے هو کیا میانجي صاحب یا جناب مولانا صاحب تمکو سب کچھہ پڑھا دیتے هیں — نہیں — بلکہ ایک ملکہ تم میں حاصل هوتا هی جس سے تم عالم کہلاتے هو پس خدا جو اُس ملکہ کا تم میں پیدا کرنے والا هی اگر یوں کہے کہ و علم آدم الاسماء کلها تو کونسي اسمیں مشکل بات هی *

یہہ دادا جان یہہ تو هوا مگر یہہ تو فرمائیے کہ آدم کو سب چیزوں کے نام سکھانے یہہ نام سکھانے سے کیا مطلب تها *

ارے بیٹا یہي تو خدائي کا بهید هی خدا بڑا اُستاد هی ویهہ داؤں همیشہ اُٹھا رکھتا هی اس لفظ میں یہہ بهید هی کہ خدا نے انسانوں کو حقیقت اشیاء کچھہ نہیں بتلائي انسان سب کچھہ بتلا سکتا هی مگر حقیقت اشیاء نہیں بتلاسکتا پس جب حقیقت نہیں بتلاسکتا تو جو کچھہ وہ بتلاتا هی صرف اسماء هیں نہ حقایق اسي لیئے خدا نے فرمایا و علم آدم الاسماء کلها *

دادا جان آپ نے تو یہہ ایسي بات کہي کہ دامیں کہب گئي اب تو بالکل دلکو تسلي هوگئي مگر ایک شبہہ پھر دلمیں اُٹھا کہ خدا نے ایک ایسا قصہ بیان کیا جو حقیقت میں واقع نہوا تها اگر ادب سے هم کچھہ نکہیں تو نکہیں مگر دلمیں تو هم ضرور کہینگے کہ جھوٹ یا فرضي قصہ هی *

استغفرالله کیا حماقت کي بات تملے اسوقت کہي جو کوئي اس بیان کو قصہ یا حکایت سمجھے وہ خود نادان هی نہ یہہ قصہ هی نہ حکایت هی بلکہ خدا نے اصلي حالت فطرت انساني کو جسے اس زمانہ کے حکماء نیچر کہتے هیں خود انسان کي فطرت کي زبان حال سے بیان کیا هی جو ایک نہایت عمدہ اور فصیح اور موثر طریقہ بیان کا هی جو لوگ اس سے هدایت پانے کا دل رکھتے هیں هدایت پاتے هیں جو نہیں رکھتے وہ گمراہ هوتے هیں کما قال الله تبارک و تعالی یضل به کثیرا و یهدي به کثیرا *

پس تمام عبادت اور تمام شکر اور تمام انسانیت یہي هی کہ انسان اپنے تمام قوی کو جو خدا نے اُسکو دیئے هیں کام میں لاتا رهے اور اُسي طرح پر کام میں لاوے جس طرح کہ اُنکا کام میں لانا اُنکے صانع کي مرضي هو اور اُس مرضي کے انسان پر ظاهر هونے کا خدا تعالی نے ان لفظوں سے وعدہ کیا هی — اهبطوا منها جمیعا فاما یاتینکم مني هدی فمن تبع هداي فلا خوف علیهم و لا هم یحزنون و الذین کفروا وکذبوا بایتنا اولئک اصحاب النار هم فیها خالدون *

راقـــــم
سید احمد

نمبر ۷۸

هندوستان کي تعليم

هندوستان کي تعلیم کي نسبت رابرٹ هنري ایلیٹ صاحب کے اپني کتاب موسومہ اکسپیرینسس آف اے پلینٹر ان دي جنگل آف میسور میں کچھہ حال لکھا هی جس کا حاصل مطلب هم بیان کرتے هیں

ہندوستان کی تعلیم

وہ لکھتے ہیں کہ سرکاری مدرسوں میں ہندو بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں اور تعلیم پوری ہوجانے کے بعد مدرسہ چھوڑکر جب گھر بیٹھتے ہیں تو اُنکی لیاقت دفعتاً گھٹ جاتی ہی جیسے نئی نئی کھلتی ہوئی کلیاں پالہ سے مرجھا جاتی ہیں وہ بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ ہم خوب ترقی کرینگے اور بہت سی کوشش کرکے اپنے ہموطنوں کو ترقی کی راہ پر لاوینگے وہ اپنے سینوں پر ہاتھہ رکھہ اِراہہ کر انگریزوں سے کہتے ہیں کہ آپکے شکسپیر ہمارے شکسپیر ہیں آپ کے ملٹن ہمارے ملٹن ہیں آپ کے نیوٹن ہمارے نیوٹن ہیں *

مصنف کا قول ہی کہ جب یہہ لوگ ہماری زبان کو ایسی فصاحت اور بلاغت کے ساتھہ بولتے ہیں کہ ہمکو رشک آتا ہی تو پھر ہم کیونکر یقین نہ کریں کہ بابو صاحب جس کامیابی کی راہ پر چلے ہیں اُس میں ضرور منزل مقصود کو پہونچینگے مگر حق یہہ ہی کہ یہہ سب اُنکی نری باتیں ہی باتیں ہوتی ہیں جنکا کوئی نتیجہ نہیں ہوتا شاید لوگوں کو یہہ خیال ہو کہ ہندوؤں کی خلقت میں کسی خاص ایسی صفت کی کمی رہ گئی ہی جسکے سبب سے وہ اَوْر انسانوں کی مانند نہیں ہیں لیکن ہمکو یقین کرنا چاہئیے کہ انسان کے نیچر کے قاعدے تمام دنیا میں یکساں ہیں اور یہہ اصول کہ ہر ایک کام کے کرنے کے لیئے کسی غرض اور مقصود کا ہونا ضرور ہی جیسا مغربی ملکوں میں مسلم ہی ویسا ہی مشرقی ملکوں میں تسلیم کیا ہوا ہی ہندو کا لڑکا نہایت ذوق شوق سے مدرسہ میں پڑھتا ہی اور نیا شوق اُسکو آگے بڑھاتا ہی وہ بہت جلد ترقی کرلیتا ہی جب وہ شوق پورا ہو جاتا ہی تو اُسکو نوکری کا حوصلہ ہوتا ہی کیونکہ اُسکو یہہ توقع نہیں ہوتی کہ اپنی زندگی میں کوئی مفید کام کرکے نیک نامی اور شہرت حاصل کرسکے گا وہ اگر کوئی کتاب لکھے تو کس کے لیئے لکھے اس لیئے کہ اگر غیر زبان میں لکھے تو سوائے اُسکے چند ہم مکتب دوستوں کے اور کوئی پڑھنے کا نہیں اور جو اپنی زبان میں لکھے تو عام لوگوں کو اُسکی باتوں کے سمجھنے کی لیاقت نہیں صرف تھوڑے سے خاص خاص آدمی پڑھکر سمجھینگے پس اُسکی محنت اور کوششوں سے کچھہ فائدہ بھی ہو تو گنے چنے آدمیوں کو ہوسکتا ہی اسی سبب سے وہ اسطرف سے بیفکر ہوجاتا ہی اور اپنے ملک کو کسیطرح سے فائدہ پہونچانے کی تدبیر کرنے کا خیال بھی نہیں کرتا اور جو قوتیں اُس کے شوق کے سبب سے اُبھری ہوئی تھیں وہ بہت جلد دب جاتی ہیں بلکہ ایسی کالعدم ہوجاتی ہیں کہ پہلے کی نسبت اُسکی حالت زیادہ بری ہوجاتی ہی ہندوستان کے حاکموں نے اس معاملہ پر توجہہ کی ہی اور وہ اس نقصان کے دور کرنے کے درپے ہیں ہندوستانیوں کے لیئے سول سروس کی راہ کھولدی گئی ہی اور اعلی درجہ کے لڑکوں کی تربیت کے لیئے سامان مہیا کردیئے گئے ہیں دیسی زبان کی تعلیم کے واسطے بھی [illegible] تدبیریں ہو رہی ہیں سو یہہ سب باتیں سننے میں نہایت پسندیدہ اور معقول معلوم ہوتی ہیں مگر جو شخص اُن کے نتیجہ پر غور کریگا اُسکے دل میں بہت سے شک پیدا ہونگے اس لیئے میں چاہتا ہوں کہ اُن نتیجوں پر تھوڑی غور کروں اور دیکھوں کہ اگر ہندوستان کا طریقہ تعلیم بدستور رہے اور تبدیل نکیا جاوے تو کیا ہوگا اُن کی راے ہی کہ لوگ تعلیم یافتہ اور ایسے بھی ہوجاوینگے کہ انگریزوں کی برابر سول سروس میں داخل ہوں مگر عام نتیجہ یہی ہوگا کہ ہندوستان کے تھوڑے سے آدمی تعلیم یافتہ ہوجانے سے اعلی اور اوسط اور ادنی درجہ میں ایک ایسا بڑا فرق اور ایسا نہایت سخت تفرقہ قایم ہوگا جو منو کے چار برن یعنی برہمن اور چھتری اور بیش اور شودر ازروے قواعد مذہبی قایم کرنے سے بھی نہوا تھا وہ لکھتے ہیں کہ اگر ہمارا ارادہ اور ہماری اصلی غرض یہہ ہی کہ تمام ہندوستانیوں کی حالت میں ترقی ہو اور سب کے قواے عقلی کو شگفتگی حاصل ہو تو جو طریقہ کہ اب ہمنے تعلیم کا جاری کررکھا ہی اور جس راہ پر کہ ہم اب چل رہے ہیں اُس سے نا اُمید ہوجاویں جس طرح کہ مصر کے میناروں کی چوٹیوں پر سونے کا ملمع کرنے سے وہ ممیاں یعنی مردوں کی لاشیں نجاگیں کی جو سیکڑوں برس سے سوئی ہوئے ہیں اسی طرح سے اگر ہم ہندوستان کے چند آدمیوں کو ایسی ترقی پر پہونچاویں جس سے اُنمیں اور اُنکے اُن بہائیوں میں ایک بہت بڑا فرق پیدا ہوجاوے جو نہایت تیار کے کام میں لگے رہتے ہیں تو ہندوستان کی عام شایستگی پر کچھہ بھی اثر نہوگا بلکہ وہ نسبت رہیگی جو جنوبی امریکہ کی روئی کے کسانوں اور اُن کے متعلقی حبشی غلاموں کے آپس میں ہی اُن تربیت یافتہ خاص لوگوں کے خیالات اور تدبیروں کا سمجھنا تو درکنار اُنکی زبان بھی عوام کی سمجھہ میں نہ آویگی تو وہ جسقدر علوم و فنون میں زیادہ ترقی کرینگے اُسیقدر عوام کو اُنکے خیالات اور حالات دیکھکر حیرت زیادہ ہوگی اور آپس میں ایسا فرق معلوم ہوگا کہ یہہ کسی اور دنیا کے آدمی ہیں وہ کسی اور دنیا کے اور خود اعلی درجہ کے لوگوں کو یہہ نقصان ہوگا کہ جب کسی قسم کے مفید اور عمدہ خیالات اُنکے دماغوں میں اُمنڈ کر آئینگے اور وہ لوگوں کو اس قابل نہ پائینگے کہ اُنکی طرف متوجہہ ہوں تو دل ہی دل میں گھٹ کر رہ جاوینگے اور اگر اعلی درجہ کے لوگوں کی زبان اور اُنکے خیالات کو ادنی درجہ والے سمجھیں تو ایک اعلی درجہ کی ہمدردی پیدا ہو اور علم و ترقی کا دور تسلسل اسطرح پر قایم ہوجاوے کہ اعلی درجہ والے ایک عمدہ اور مفید تدبیر سوچکر ظاہر کی ادنی درجہ والوں نے اُسکو سمجھا اور اُس سے فائدہ اُٹھایا اور اُسکی نسبت کافی شوق اور توجہہ

ظاهر ہي اُنکے متوجهه هونے سے اعلى درجه والوں کو اپنے خيالات کو اور اعلى درجه پر پهونچانے اور اُسي قسم کي يا اُس سے بهتر تدبيريں سوچنے کي تحريک هوئي جس سے هميشه اُنکے قواے عقلي شگفته اور ترقي پذير هوتے رهينگے اور وه اپني زبان مادري کو بهي ترقي ديتے رهونگے *

عام تعليم کي نسبت يهه بات طے هوچکي هی که صرف کتابوں کا پڑها دينا نهايت ضعيف اور ادنى درجه کي تعليم کا هی قواى عقلي کو هميشه اشتعالک اور تحريک دينے والي چيزيں چاهيئيں جنکے نهونے کے سبب سے چندو ايک حد معين سے آگے نهيں بڑه سکتے بلکه مدرسه چهوڑنے پر اُنکے قواے عقلي جو شگفته هوئے هوتے هيں وه بالکل پژمرده هوجاتے هيں گورنمنٹ کي طرف سے جو تحريک اور اشتعالک هوتي هی وه صرف اعلى درجه کے لوگوں کو هوتي هی جس کا نتيجه ظاهر هی که عام لوگ تو جهالت کے سمندر ميں ڈوبے رهيں اور اعلى درجه والے خاص قسم کے تعليم يافته هوجاويں مگر اب معلوم هوتا هی که لوگوں نے جو يهه خيال کر رکها تها که اعلى درجه والوں کو علم کا فلٹر (انگر پاني چهاننے کي کل کو کهتے هيں) بنايا جاوے جس ميں سے عام چهن کر ٹپکيگا اور عوام کي طبيعتوں کي کهيتي ميں آبپاشي هوگي وه خيال اب دفع هوتا جاتا هی تو ضرور هوا که انتظام ملکي اور آپس کے برتاؤ ميں شايستگي اور فن زراعت اور دستکاري کو عموما پهيلانے اور علم کي روشني هر خاص و عام تک پهونچانے کے ليئے ايسے ذريعے قايم کيئے جاويں جنکے سبب سے گورنمنٹ کے ارادے عام رعايا پر اور تمام رعايا کے عام خيالات گورنمنٹ پر ظاهر هوتے رها کريں اور ايسا طريقه تعليم و تربيت کا اختيار کيا جاوے جسکا اثر عام هو اور علم کي روشني على العموم هر درجه کے لوگوں پر يکساں پهونچے — اس تمام تقرير کے لکهنے سے همارى خاص غرض صرف اسيقدر هی که هم اپنے بهائي مسلمانوں کو اُن کي اولاد کے طريقه تعليم و تربيت کي بهلائي برائي پر غور کرنيکے ليئے متوجهه کريں اور اس موقع پر اسبات پر هم کچهه گفتگو کرنا نهيں چاهتے که جو علوم اهل اسلام کے سلسله تعليم ميں داخل هيں وه اس زمانه کے لحاظ سے مفيد نهيں هيں بلکه يهه فرض کيئے ليتے هيں که وه بالکل مفيد اور کارآمد هيں مگر جو طريقه تعليم کا قديم الايام سے مسلمانوں نے اختيار کر رکها هی اور اب بهي جهاں کهيں جس شهر اور قصبه ميں اهل اسلام کو اپني قومي جهالت پر افسوس آتا هی اور از راه همدردي همت کرکے مدرسه قايم کرتے هيں [illegible] وهي قديم طريقه تعليم کا جاري کرتے هيں جس ميں صرف عربي زبان کے ذريعه سے تعليم هوتي هی جو اس ملک کے مسلمانوں کي زبان مادري نهيں هی هم ديکهتے هيں که اس تعليم سے کسطرح پر عام تعليم کا فائده ممکن نهيں نه هر درجه اور مختلف خواهش اور ضرورت رکهنے والے مسلمانوں کو اُس سے کچهه حاصل هوسکتا هی اگر کچهه فائده خيال کيا جاوے تو وه صرف اسيقدر هوسکتا هی که مولوي صاحبونکي کچهه تهوڑيسي تعداد بڑه جاوے يعني جس شهر اور قصبه ميں ميں اب ايک يا دو هيں وهاں دس پانچ هوجاويں جنکو خود عالم هوجانے کے بعد بجز ذرا ذرا سے مسئلوں ميں باهم اختلاف پيدا کرنے اور لڑائي جهگڑے اُٹهانے اور عوام کو مختلف گروهوں ميں تقسيم کردينے اور صحيح اور سچا مسئله دريافت هو جانے کي نسبت بسبب اختلافات کثير کے عوام کي طبيعتوں کو غير مطمئن کرديني کے سوا کوئي فائده اور بهلائي نه دين کي حاصل هوتي هی نه دنيا کي يهاں تک که فکر معاش ميں حد سے زياده مشوش هوتے هيں اور اوروں کي کمائي بيٹهے بٹهائے کهانے پر آماده اور مستعد رهتے هيں اب غور کرنا چاهيئے که يهه طريقه تعليم ويسا هي هی يا که نهيں که ايک چهوٹا سا گروه اعلى درجه کا يعني اُن لوگوں کا جنکي تحصيل تمام هو اور طبيعت کي پکڑي باندنے کو مولوي صاحب بن جاويں قايم هو اور ايک بڑا گروه جو اُس درجه تک نه پهونچا هو قضيه مهمل بن جاوے که نه اُنميں سے کسي کو سليقه معاش پيدا کرنے کا هو نه وه مولوي صاحب هوں عوام کا يهه حال رهے که اُن اعلى درجه کے تعليم يافته لوگوں کي جب فاضلانه تقرير سنيں تو وحشيوں کي طرح اُنکا منهه تکتے رهيں کوئي بات سمجهه ميں آوے کوئي نه آوے اور اُنکے خيالات کا انکي سمجهه ميں آنا تو نهايت هي امر محال هی پس ايسي طرز تعليم سے تمام اهل اسلام کي اس خراب اور ابتر حالت سے جس ميں وه آج کل مبتلا هورهے هيں نکالنے کي کيا توقع کي جاتي هی جس کے ليئے روپيه خرچ کيا جاتا هی اس تحرير سے همارى يهه غرض نهيں هی که عربي زبان کي تعليم موقوف کردي جاوے بلکه هر مسلمان پر اُسکا سيکهنا لازم اور واجب هی مگر نه اسطرح جيسے که اب طريقه تعليم جاري هی مسلمانوں کو لازم هی که جهاں کهيں کوئي مدرسه جاري کريں اُسميں ايسا طرز تعليم اختيار کريں جس سے هر درجه اور هرقسم کي اغراض ديني اور دنياوي لوگوں کي حاصل هوسکيں *

والسلام
محمد يار خاں

اشتہار

پرچہ ہاے تہذیب الاخلاق ابتداے اجرا سے آج تک بہ ترتیب فروخت ہونے کو موجود ہیں قیمت اُنکي حسب تفصیل ذیل ہی جس صاحب کو اُس کي خریداري منظور ہو زر قیمت سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجکر پرچہ ہاے مذکورہ طلب کرلے *

تفصیل قیمت یہہ ہی

قیمت پرچہ ہاے مذکور روز اجرا یعني یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ ہجري سے لغایت آخر سال مذکور بابت سہ ماہ ... عمہ

قیمت پرچہ ہاے مذکور ابتداے محرم سنہ ۱۲۸۸ ہجري سے لغایت آخر سال مذکور بابت دوازدہ ماہ ... للعہ

اشتہار

صدر کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان ہندوستان

واضح ہو کہ کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان کي رپورٹ بنارس میں چھپ رہي ہی اُس رپورٹ کے تخمیناً تین سو بیس صفحہ ہیں اور اُس میں تین حصہ ہیں *

پہلے حصہ میں جو رسالے انعام کے لیئے منتخب ہوئے اُن کا ذکر ہی *

دوسرے حصہ میں چار بحثیں ہیں *

بحث اول میں گورنمنٹ کالجوں اور اسکولوں میں مسلمان طالب علموں کے کم داخل ہونے کے اسباب سے بحث ہی *

بحث دوم میں تحصیلي و حلقہ بندي مکتبوں میں مسلمان طالب علموں کے کم داخل ہونے کے اسباب سے بحث ہی *

بحث سوم میں مسلمانوں میں علوم قدیمہ کے گھٹ جانے کے اسباب سے بحث ہی *

بحث چہارم میں مسلمانوں میں علوم جدیدہ کے رواج نہ پانے کے اسباب سے بحث ہی *

تیسرے حصہ میں مسلمانوں کي ترقي تعلیم کي تدبیریں اور طریقہ جس طرح پر کہ اُن کي تعلیم و تربیت اس زمانہ میں ہونا چاہیئے اور جس طرح کے مدرسہ اور مکتب اُن کي تعلیم کے مقرر ہونے چاہیئیں اُن کا بیان ہی *

خاتمہ میں اُن پچیس رسالوں کا خلاصہ مندرج ہی جو حسب اشتہار کمیٹي تصنیف ہوئے تھے اور جن کے ہر ایک مضمون پر کمیٹي نے بحث کي ہی *

اُس رپورٹ کي قیمت پانچ روپیہ مقرر ہوئي ہی جس صاحب کو اُس کا خریدنا منظور ہو راقم الم پاس زر قیمت ارسال فرماکر رپورٹ مذکور طلب فرمالے *

واضح ہو کہ بموجب تجویز کمیٹي منعقدہ ۳۱ جولائي سنہ ۱۸۷۱ع اس رپورٹ کے چھپنے کے لیئے جداگانہ چندہ ہونا تجویز ہوا ہی پس جن ممبروں نے خاص اس رپورٹ کے چھپنے کے لیئے زر چندہ بقدر پانچ روپیہ یا اُس سے زیادہ ندیا ہوگا اُن کے پاس یہہ رپورٹ بموجب تجویز کمیٹي منعقدہ ۷ مارچ سنہ ۱۸۷۲ع مرسل نہوگي *

(دستخط) سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي
سکرٹري کمیٹي مقام بنارس

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انستیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد سوم] ۱۰ ربیع الاول سنه ۱۲۸۹ هجري [نمبر ۶

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع
تهذیب الاخلاق

جسقدر روپیه بابت اِس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹهه روپیه سالانه پیشگي بطور چندہ دیوے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات میں ممبر متصور هوگا *

یهه پرچه هر مهینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا که مقتضاے مضامین هوگا چهپا کریگا خریداروں کو چار روپیه سالانه قیمت پیشگي دیني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خریدنا چاهیگا اُس کو فی پرچه چار آنه معه اخراجات روانگي پرچه دینا هوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یهه پرچه ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بهي بلا قیمت جسکو وہ چاهیں اختیار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین
تهذیب الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو یا خریداري اِس پرچه کي مد نظر هو یا کوئي مضمون اِس پرچه میں مندرج هونے کے لیئے بهیجنا هو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچهه روپیه بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا هو تو سید احمد خاں صاحب بهادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بهیجا جاوے غرضکه تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کیونکه یهه پرچه علیگڈه میں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هی اور وهاں سے تقسیم هوتا هی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هی *

اس پرچه میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق هیں چهاپے هوتے هیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نهیں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے یهه هی که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذیب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هیں وہ مٹاے جاویں *

مضمون نمبر ۱

طریقہ تعلیم مسلمانان

کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان نے جو ایک سلیکٹ کمیٹی اس لیئے مقرر کی تھی کہ وہ کمیٹی بعد غور و فکر و مباحثہ باہمی کے ایک رپورٹ لکھے کہ مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے کونسا عمدہ طریقہ ہی اور کون کون سی زبان اور کون کون سے علوم اور کسطرح پر اُنکو پڑھاے جاویں چنانچہ اس مطلب پر کمیٹی مذکورہ نے رپورٹ لکھی ہی اُس میں اُنیس ممبر تھے اور سب کی راے اُس طریقہ تعلیم پر متفق ہوئی اول سید احمد خاں سکرتری نے ایک تمہیدی تقریر کی اور پھر طریقہ تعلیم بیان کیا اور پھر ممبروں نے اُس پر راے دی چنانچہ اُس سب کو ہم اس مقام پر مندرج کرتے ہیں ٭

گفتگو تمہیدی

سید احمد خاں نے ممبروں سے یہہ بات کہی کہ اس امر سے جسکی نسبت ہم رپورٹ تجویز کرتے ہیں یہہ مقصد نہیں ہی کہ ہم لوگ صرف وہی بات لکھیں جو زمانہ حال کے مناسب ہو اور جو اِسوقت انجام بھی ہوسکے بلکہ یہہ مقصد ہی کہ حالات اور حیثیات موجودہ سے قطع نظر کرکر ہمکو وہ تجویز کرنی چاہیئے جو پوری پوری اور ٹھیک ٹھیک اعلی درجہ پر مسلمانوں کے حق میں بہتر ہو تاکہ ہمکو معلوم ہوجاوے کہ ہمکو درحقیقت کیا کرنا ہی اور بالفعل ہم کسقدر کرسکتے ہیں ٭

سید احمد خاں نے ممبروں سے کہا کہ تجویز اور عمل ان دونوں میں بڑا فرق ہی تجویز ہمیشہ ہمکو پوری اور کامل کرنی چاہیئے اور اُس تجویز پر عمل اُسقدر جتنا کہ ہم وقتاً فوقتاً کرسکتے ہوں فرض کرو کہ ہمکو ایک بہت عالیشان مکان بنانا ہی جب ہم اُس کا نقشہ تجویز کرینگے تو اُس تمام مکان کا پورا کامل نقشہ تجویز کرینگے اور جب اُس کی تعمیر شروع کرینگے تو اُسیقدر کرنے کی تعمیر شروع کرینگے جسقدر کی تعمیر کا بالفعل ہمکو مقدور ہی اس سے یہہ فائدہ ہوگا کہ رفتہ رفتہ وہ مکان عالیشان مطابق نقشہ مجوزہ کے طیار ہوجاویگا اور اگر ہم بلا پورا اور کامل نقشہ سوچے تعمیر شروع کردینگے تو ہمنے اُس مکان میں سے کچھہ نہ بنایا ہوگا بلکہ اُس مکان کے بنانے کے لیئے پھر کو اُس قدر عمارت کا بھی ڈھانا پڑیگا جو بےنقشہ سوچے تعمیر کی تھی میرا مقصد اس تقریر اور تمثیل سے یہہ ہی کہ اِس وقت طریقہ تعلیم مسلمانوں کا پورا اور کافی تجویز کیا جاوے اور اس بات کا خیال نہو کہ آیا اِس وقت ہم اُسکو کر بھی سکتے ہیں یا نہیں ٭

سید احمد خاں نے کہا کہ اسوقت ہر ایک باتوں اور عرض کرنی چاہتا ہوں کہ آپ صاحب اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ تعلیم ہمیشہ کسی ایک خاص مقصد کے لیئے نہیں ہوتی اور نہ کسی ایک گروہ کثیر کا ہمیشہ ایک ہی مقصود ہوتا ہی بلکہ ایک گروہ کثیر میں سے مختلف جماعتوں کے مختلف مقاصد ہوتے ہیں ہم جس طریقہ تعلیم کے قرار دینے کی فکر میں ہیں وہ ایک بہت بڑے گروہ سے علاقہ رکھتا ہی اور یقینی مختلف جماعتوں کے مختلف مقاصد تعلیم سے ہیں پس اسوقت ہمکو ایسا طریقہ تعلیم تجویز کرنا چاہیئے جو مختلف جماعتوں کے مختلف مقاصد کے پورا کرنے کو کافی ہو ٭

سید احمد خاں نے اس مطلب کو دو بارہ زیادہتر وضاحت سے بیان کیا اور یہہ بات کہی کہ مثلاً ہم مسلمانوں میں ایک جماعت ایسی ہی جو گورنمنٹ کے اعلے اعلے عہدوں کے حاصل کرنے اور انتظام گورنمنٹ میں شامل ہوکر دنیاوی عزت حاصل کرنے اور اپنے ملک کو فائدہ پہونچانے کی آرزو رکھتی ہی ایک جماعت ایسی ہی کہ اُسکو گورنمنٹ کے عہدوں کے حاصل کرنے کا کچھہ خیال نہیں ہی بلکہ وہ اپنی قوت بازو سے بذریعہ تجارت یا اجراے کار خانجات کے اپنی معاش پیدا کرنے کی خواہشمند ہی ایک جماعت ایسی ہی کہ وہ صرف اپنی جائداد اور اپنے ملقجات کی درستی اور اپنے روز مرہ کی زندگی کے اُمورات کو بطرز اسلوبی انجام دینے کی آرزو رکھتی ہی ایک جماعت ایسی ہی کہ علوم و فنون کو حاصل کرنا اور اُن میں واقفیت کامل حاصل کرنا پسند کرتی ہی ایک جماعت ایسی ہی کہ اُسکو اِن تمام چیزوں سے چنداں تعلق نہیں ہی بلکہ وہ بلحاظ اپنی معاد کے علوم دین میں دستگاہ کامل حاصل کرنا اور اُسی میں اپنی زندگی بسر کرنا چاہتی ہی اور ایک جماعت عوام الناس کی ہی جن کے لیئے کسیقدر عام تعلیم کا ہونا ضروری ہی یا این ہمہ ہرایک کو اپنی اولاد کی نسبت یہہ خواہش ہی کہ اُسکے عقاید مذہبی بھی درست رہیں اور وہ اداے فرایض مذہبی سے بھی غافل نہوجاوے پس جب کہ ہم تمام مسلمانوں کی تعلیم کا طریقہ قرار دیتے ہیں تو ہمکو ایسی تجویز کرنی چاہیئے جس سے تمام مقاصد مذکورہ اور نیز دیگر مقاصد جو تعلیم سے متعلق ہیں حاصل ہوں ٭

سید احمد خاں نے یہہ بھی کہا کہ جب آپ سب صاحب ان مقاصد پر غور فرماوینگے جن میں سے امور معظمہ کو میں نے ابھی بیان کیا تو آپ یقین کرینگے کہ کسی قوم کو یہہ سب مقاصد جب تک کہ وہ خود ان مقاصد کے حاصل کرنے پر مستعد نہو حاصل نہیں ہوسکتے پس ہمکو اپنے تمام مقاصد کے انجام کو صرف گورنمنٹ ہی پر منحصر رکھنا نہ چاہیئے بلکہ یقین کرنا چاہیئے کہ اُن تمام مقاصد کا گورنمنٹ سے

حاصل کرنا غیر ممکن اور مانند ممتنع بالذات کے هی پس اِسوقت همکو دو قسم کي تجویزیں کرني چاهیئیں ایک کامل اور پوري ادنی سے اعلی درجه کي تعلیم تک کي جو همارے تمام مقاصد کو پورا کرسکیں اور جس میں همکو گورنمنٹ سے اُس کي تعمیل کرانے کي کچهه خواهش نهو بلکه همکو خود اپني سعي اور کوشش سے آپ اُس کا انجام کرنا مدنظر هو *

دوسري تجویز همکو اِس بات کي کرني چاهیئے که جب تک که هم اُس اول تجویز کو انجام دیں یا اُس کے انجام دینے کے لایق هوں اُس وقت تک اُن اصول و قواعد سے جو گورنمنٹ نے تعلیم کے لیئے مقرر کیئے هیں کیونکر فایده اُٹهاویں اور همارے متعدد مقصدوں سے جون جونسا مقصد تعلیم معینه گورنمنٹ سے حاصل هوسکتا هی اُس کو هم کیونکر حاصل کریں *

سید احمد خاں نے کہا که ایک بات میں اور کهني چاهتا هوں اور یقین کرتا هوں که میري یهه بات میرے شریک ممبروں کو بري معلوم هوگي اگرچه افسوس هی که میں اپنے شریکوں کو رنجیده کرتا هوں مگر چو که میري راے میں وه بات بالکل سچ هی اسلیئے میں اُس کے کهنے پر مجبور هوں اور وه بات یهه هی که میں دیکهتا هوں که جب مسلمانوں میں کچهه تعلیم کي تحریک هوتي هی تو اُن کي سعي همیشه اسي بات پر مقصور هوتي هی که وهي پورانا موروثي طریقه تعلیم کا اور وهي ناقص سلسله نظامیه درس کتب کا اختیار کیا جاتا هی چنانچه اِس زمانه میں اُسي پورانے طریقه پر مسلمانوں نے کئي مدرسه تعلیم کے لیئے جونپور علیگڈه کانپور سهارنپور دیوبند دهلي اور میں جاري کیئے هیں مگر میں نهایت سچے دل سے کهتا هوں که وه محض بیفایده اور محض لغو هیں اُن سے کچهه بهي قومي فایده هونے کي توقع نهیں هی *

زمانه اور زمانه کي طبیعت اور علوم اور علوم کے نتایج سب تبدیل هوگئے هیں همارے هاں کي قدیم کتابیں اور اُن کا طرز بیان اور اُنکے الفاظ مستعمله همکو آزادي اور راستي اور صفائي اور ساده پن اور بے تکلفي اور بات کي اصلیت تک پهنچنا ذرا بهي تعلیم نهیں کرتے بلکه برخلاف اُسکے دهوکهه میں پڑنا اور پیچیده بات کهنا اور هر بات کو لون مرچ لگا دینا اور هر امر کي نسبت غلط اور خلاف واقع الفاظ شامل کردینا اور جهوٹي تعریف کرنا اور زندگي کو غلامي کي حالت میں رکهنا اور تکبر اور غرور کو خودپسندي کا منبع بنانا اور اپنے ابناے جنس سے نفرت کرنا همدردي کا نه رکهنا مبالغه آمیز باتوں کا عادي کرنا گذشته زمانه کي تاریخ کو بالکل نا تحقیقي میں ڈالنا اور واقعات واقعي کو مثل قصه و کهانیوں کے بنا دینا سکهاتے هیں اور یهه تمام باتیں حال کے زمانه اور حال کے زمانه کي طبیعت کے مناسب نهیں هیں اور اِس لیئے بجاے اِس کے که مسلمانوں کو اُن سے کچهه فایده هو مضرت حاصل هونے کي توقع هی اول تو یهي کسقدر بڑي مضرت هی که اُن کي عمر بیفایده چیز میں ضایع کي جاتي هی پس میں چاهتا هوں که میرے معزز شریک ممبر میري اس گفتگو سے رنجیده نهوں بلکه بر وقت تجویز طریقه تعلیم کے اُن باتوں پر بهي لحاظ رکهیں خواه اُس کو پسند کریں خواه نا پسند کریں *

لارڈ میکالي صاحب نے جب که وه هندوستان کي عام تعلیم کي بورڈ کے میر مجلس تهے اور اُس زمانے میں گورنمنٹ کالجوں میں ایشیائي طریقه تعلیم جاري تها گورنمنٹ کالجوں کي نسبت ایک رپورٹ لکهي تهي اُسکا منتخب میں اِس مقام پر بیان کرتا هوں اُنهوں نے لکها هی که اگر گورنمنٹ کي راے بندوبست موجوده کو (یعني ایشیائي تعلیم مروجه اِسوقت کو) غیر مبدل رکهنے پر هو تو میري عرض یهه هی که میرا میر مجلسي سے استعفا منظور هو مجهکو معلوم هوتا هی که میں اُس میں کچهه کام نهیں آسکتا میں یهه بهي جانتا هوں که اُس سے کو مجهکو اپني تقریب دیني هوتي هی جسکي نسبت مجهکو خوب یقین هی که وه صرف ایک دهوکهه هی مجهکو یقین هی که موجوده بندوبست سچ کي جلدي ترقي کرنے کي طرف نهیں بلکه معدوم هونیوالي غلطیوں کي طبعي موت کے توقف کرنے پر رجوع کرتا هی میں خیال کرتا هوں که هم کو تعلیم عام کے بورڈ کے معزز نام کا بالفعل کچهه حق نهیں هی هم ایک بورڈ یعني مجلس هیں واسطے اُڑانے سرکاري روپیه کے اور واسطے چهاپنے ایسي کتابوں کے جو کم قیمت هیں اُس کاغذ سے جسپر وه چهاپي جاتي هیں جب که وه کورا تها اور واسطے جهوٹي دلیري دینے نا معقول تواریخ اور نا معقول الهیات اور بیهوده طبابت اور بیهوده علم مذهبي کے اور واسطے طیار کرنے ایک فرقه ایسے طالب علموں کے جو اپني طالب علمي کو اپنے اُوپر ایک بوجهه اور عیب پاتے هیں " *

لارڈ میکالي صاحب کے الفاظ جو نسبت مذهب کے هیں اُس کو چهوڑ دو باقي مطلب پر غور کرو که بالکل سچ هی پس اب همکو اپنا سلسله تعلیم ایسا قایم کرنا چاهیئے که جو تمام عیبوں سے پاک هو اور جس سے در حقیقت مسلمانوں کے دین دنیا کي بهتري اور ترقي متصور هو *

ایک اَور بات بهي قابل اِطلاع کے هی که میں اکثر مصنفین رسالوں کي بهي راے دیکهتا هوں اور ممبروں کي بهي رغبت پاتا هوں اور اَور لوگوں کي راے کا بهي رجحان اس طرف دیکهتا هوں که انگریزي زبان اور علوم کي تعلیم کے ساتهه عربي زبان کي اور اُن علوم کي بهي

ہو عوتی میں ہیں تعلیم دی جاوے مگر یہہ راے اس سبب سے قایم ہوئی ہی کہ اُن لوگوں نے خیال نہیں کیا کہ انگریزی اور عربی کی تحصیل میں کس قدر محنت اور کس قدر وقت درکار ہوتا ہی اگر اِس بات کو جاری کیا جاویگا اور کوئی حد و تمیز اس کے لیئے مقرر نہوگی تو دونوں میں سے کوئی حاصل نہیں ہونے کا لڑکے نہ ادھر کے رھینگے نہ اُدھر کے پس میں چاھتا ہوں کہ تمام جذبات انسانی کو جن میں سے پرانی رسم کی پابندی سب سے زیادہ قوت رکھتی ہی اور انسان کو ٹھیک بات تک پہنچنے نہیں دیتی ذرا دل کو ٹھنڈا کر کو تجویز کیا جاے کہ ہر حقیقت کون بات دین و دنیا کے لیئے مفید ہی جو ہمکو کرنی چاھیئے *

بیان طریقۂ تعلیم

ممبران ہریک نے اس تقریر کو باکراہ سنا اور اس میں سے اِس بات پر متفق‌الراے ہوئے کہ بلاشبہہ تعلیم مسلمانوں کا طریقہ دو قسم کا تجویز کرنا چاھیئے ایک وہ جو خود مسلمان اُس کو قایم کریں جس سے اُن کے تمام مقاصد دینی و دنیوی انجام پاویں دوسرے وہ جن سے مسلمان اُن اصول و قواعد سے جو گورنمنٹ نے تعلیم کے لیئے مقرر کیئے ہیں فایدہ اُٹھاویں پس امور مذکورۂ تفصیل ذیل پیش ہوئے *

اول قواعد تعلیم مسلمانان جن کا قایم کرنا اور جاری کرنا خود مسلمانوں کو لازم ہی *

سید احمد خاں نے کہا کہ میں نے اِن امور کے سوچنے اور سمجھنے اور غور کرنے میں شاید بہ نسبت اور ممبروں کے زیادہ وقت صرف کیا ہی اور زیادہ فکر کی ہی میں چاھتا ہوں کہ جو طریقہ تعلیم میں نے خیال کیا ہی اُس کو میں بہ ترتیب بیان کروں پھر ممبروں کو اُس کے منظور کرنے یا تبدیل کرنے کا بخوبی موقع ہوگا *

ذکر علوم

مسلمانوں کی تعلیم دو قسم پر منقسم ہونی چاھیئے ایک تعلیم عام اور دوسری خاص *

تعلیم عام مسلمانوں کی علوم مفصلہ ذیل میں ہونی چاھیئے *

اول دینیات

فقہ — اصول فقہ — حدیث — اصول حدیث — تفسیر علم سیر — علم عقاید *

دوم علم ادب

زبان دانی اور انشا پردازی اُردو — فارسی — عربی — انگریزی ولیٹن — علم تاریخ — علم جغرافیہ — علم اخلاق — مینٹل سائنس یعنی علم قواے انسانی — علم منطق — علم فلسفہ — علم سیاست مدن یعنی اصول گورنمنٹ — علم انتظام مدن یعنی پولیٹکل اکونمی *

سوم علم ریاضی

علم حساب — علم جبر و مقابلہ — علم ھندسہ فروعات اعلی علم ریاضی کی *

چہارم علم طبیعات

علم سکون — علم حرکت — علم آب — علم ہوا — علم مناظر علم برق — علم ھیئت — علم اواز — علم حرارت — نیچرالفلاسفی *

تعلیم خاص مسلمانوں کی ان علوم میں ہونی لازم ہی جن کی تفصیل ذیل میں مندرج ہی — انجنیری — اینیمل فزی الوجی یعنی علم حیوانات — ایناٹومی یعنی علم تشریح — فزالوجی حسب اینیمل فزی‌الوجی — باٹنی یعنی علم نباتات — جیالوجی یعنی علم طبقات‌الارض — منرالوجی یعنی علم جمادات — کمسٹری یعنی علم کیمیا *

یہہ وہ علم ہیں جن میں مسلمانوں کی تعلیم ہونی چاھیئے اُن کی تفریق اور اُن کی مقدار کی تعین ہر ایک درجہ تعلیم کے لیئے جدا جدا ہوگی اور جس کا اندازہ ہر ایک درجہ کی تعلیم کے لیئے کیا جاویگا *

طریقۂ تعلیم و تربیت

امراء اور اھل مقدور اور ذی دولت مسلمانوں کے لڑکوں کی تعلیم کے لیئے نہایت ضرور ہی کہ اُن کی عمر دس برس تک نہ پہونچنے پاوے کہ وہ اپنے گھر سے جدا رکھے جاویں اور اُن کی خاص طور پر اور خاص نگرانی میں تعلیم ہو اور اس لیئے ضرور ہی کہ کسی شہر کے قریب جس کی آب و ہوا عمدہ ہو اور شہر بھی چھوٹا ہو ایک پرفضا میدان تجویز کرکے مکانات تعمیر کیئے جاویں اور پھول باغ لگایا جاوے *

اُسی عمارت کے شامل ایک مسجد بنائی جاوے جس میں موذن و امام مقرر ہو اور ایک کتب خانہ بنایا جاوے اور ایک بڑا کمرہ کھانا کھانے کے لیئے اور ایک بڑا کمرہ اچھے کھیلوں کے کھیلنے کے لیئے جو مکان کے اندر کھیلے جاتے ہیں اور باقی مختصر و مناسب کمرہ اِس طرح پر کہ ہر ایک لڑکے کو ایک مناسب کمرہ بیٹھنے اور پڑھنے کو ملے *

کسی لڑکے کے ساتھہ کوئی خاص خدمت گار نرہے بلکہ تمام خدمتگار اُنہیں مکانات کے متعلق نوکر ہوں اور ہرایک خدمتگار کو کمرے تقسیم کیئے جاویں پس اُن کمروں کے رہنے والے لڑکوں کی

صفائي اور كمروں كا جهاڑنا اور آراسته كرنا اور پلنگوں اور بچهونوں كا درست كرنا سب وهي لوگ كيا كرينگے * ،

ان تمام لڑكوں كو ضرور هوگا كه مسجد ميں هر روز كي نمازيں جماعت سے پڑهيں اور صبح كي نماز كے بعد كسيقدر قران مجيد بموجب اُس قاعده كے پڑه ليا كريں جو تجويز كيا جاوے اور هر ايک كو ايک قسم كا يكساں لباس پهنايا جاوے اور سب ملكر ايک جگهه وقت معين پر كهانا كهاويں اُن كے اوقات پڑهنے اور كهيلنے كے اور جسماني ورزش كے سب مقرر كيئے جاويں اور هر ايک لڑكے كو هر ايک وقت پر جو كام مقرر هى اُس كا كرنا واجب و لازم هو *

اس مكان پر ايک نهايت لايق اور معتمد شخص بطور اتاليق يا گورنر كے مقرر هو تاكه وه تمام نگراني اور سب طرح كا بندوبست كرتا رهے اور لڑكوں كي صحت و تندرستي كا نگران رهے اور اس بات كي خبرداري اور نگراني كرے كه تمام لڑكے اوقات معينه ميں وهي كام كرتے هيں جو اُس وقت كے ليئے معين هى يا نهيں *

لڑكوں كو اپنے گهر جانے اور ماں باپ اور عزيز اقارب سے ملنے يا اُن كو لڑكوں سے ملنے اور اُن كا آرام و آسايش كا حال ديكهنے كو آنے كے ليئے قواعد مقرر هوں اور هميشه اُن قواعد كي پابندي رهے *

اتفاقيه بيماري يا اتفاقيه ضرورت كے واسطے ايک طبيب ملازم رهے اور اُس مقام كے سول سرجن سے بهي بندوبست كر ليا جاوے تاكه اتفاقيه اور دفعتاً كي بيماري كي حالت ميں طبيب يا ڈاكٹر كا علاج جيسا كه اُن لڑكوں كے مربيوں نے اجازت دي هو هو سكے يهه بندوبست صرف اتفاقيه اور ناگهاني بيماري كے ليئے هى ورنه بحالت بيماري زايد اُس كے مربي اُس كے گهر پر ليجاوينگے اور خود جس طرح چاهينگے معالجه كرينگے *

يهه مكان عالي شان امرا اور اهل دول كے چنده سے تعمير هونا چاهيئے اور اخراجات ماهواري كا اوسط لگا كر جو لڑكا اُس ميں داخل هو اور سكونت اختيار كرے اُس كے مربيوں سے وه خرچ ليا جاوے *

خوب ياد رهے كه جب تک همارے لڑكے گهروں سے علحده هوكر اُس طرح پر تربيت نه پاوينگے هميشه خراب اور نالايق اور جاهل اور كمينه عادتوں كے عادي رهينگے *

مدرسة العلوم

اُسي شهر ميں جهاں يهه مكان تعمير هو ايک بهت بڑا عاليشان مدرسه تعمير كيا جاوے اور اُسكا نام انگريزي زبان ميں " دي محمدن اينگلو اورينٹل كالج " اور عربي زبان ميں " مدرسة العلوم " ركها جاوے اس مدرسه ميں وه لڑكے امرا اور ذي مقدور لوگوں كے جو اُن مكانات ميں رهتے هيں اور نيز اور مسلمانوں كے جو اُن ميں نهيں رهتے عموماً تعليم پاوينگے *

يهه مدرسه در حقيقت تين مدرسوں پر مشتمل هوگا — اول انگريزي — دويم اُردو — سويم عربي فارسي جو مدرسه انگريزي كا هوگا اُس ميں بالكل انگريزي پڑهائي جاويگي اور تمام علوم و فنون اور جو كچهه كه اُس ميں تعليم هوگا وه سب انگريزي ميں هوگا الا هر طالب علم كو سكنڈ لينگوج بهي پڑهني هوگي ليٹن و اُردو يا ليٹن و فارسي يا ليٹن و عربي اور اس كو بطور اپني تعليم كے كچهه مختصر كتابيں فقه و حديث و عقايد كي اُردو زبان ميں پڑه ليني هونگي *

اس مدرسه كے تجويز كرنے كي وجهه يهه هى كه اب زمانه ايسا آتا جاتا هى كه جو لوگ گورنمنٹ سے اعلے عهدوں كے پانے كي تمنا ركهتے هيں اور دنيا ميں نهايت اعلے درجه كي عزت جو رعاياے گورنمنٹ حاصل كرسكتي هى حاصل كرنا چاهتے هيں جب تک كه وه اعلى درجه كا كمال انگريزي زبان ميں حاصل نه كرينگے اُس وقت تک يهه بات مسلمانوں كو نصيب نهيں هونے كي اور ايسا كمال انگريزي ميں بغير اس كے كه اُسي كو خوب حاصل كريں حاصل هونا غير ممكن هى پس جو لوگ كه اس قسم كے عهدوں اور عزتوں كے خواهاں هيں اُن كے ليئے يهه تجويز كي گئي هى *

علاوه اس كے ضرور هى كه مسلمانوں ميں بهي ايک جماعت اس قسم كي هو كه وه نهايت اعلى درجه كا كمال انگريزي ميں حاصل كرے كيونكه اُس جماعت سے ملک كو اور ملک كے لوگوں كو اور قومي تعليم كو بهت فائده هوگا اور وه ذريعه اور منبع شيوع علم كے بن جاوينگے اُن كي بدولت تمام علوم انگريزي زبان سے اُردو زبان ميں آجاوينگے اور اُن كي ذات سے ملک كو منفعت عظيم پهونچيگي *

اُردو مدرسه — اس ميں تمام علوم و فنون بزبان اُردو پڑهائے جاوينگے اور جو كچهه تعليم اِس ميں هوگي وه سب اُردو ميں هوگي البته هر طالب علم كو تين زبانوں ميں سے كوئي زبان بطور سكنڈ لينگوج كے اختيار كرني هوگي — انگريزي — فارسي — عربي مجهے ميں اُميد كرتا هوں كه جو لڑكا دس باره برس كي عمر ميں اس مدرسه ميں داخل هوگا وه ضرور اٹهاره برس كي عمر تک تمام ميٹرز يعني علوم كو اُردو زبان ميں اِس قدر تحصيل كرليگا جس قدر كه درجه بي اے كے ليئے مقرر هيں اور سكنڈ لينگوج ميں اُس كو اس قدر لٹريچر اجاويگي جيسے كه انٹرنس كلاس تک كے پڑهنے والوں كو آتي هى *

پس اِس عمر کے اور اس قدر تحصیل کے بعد طالب علم اُس سکنڈ لینگوج میں سے اُس زبان کي لٹریچر کو جو اُس نے اختیار کي هی تکمیل کرني شروع کرے اور تین برس اُس کو اُس کي تکمیل کے لیئے بهت کافي هونگے پس اگر اُس نے ان تین برس میں انگریزي زبان کي تکمیل کي هی تو اُسکو تین برس کي اور مهلت اِسلیئے بخوبي ملیگي که وه عدالت کے قوانین سیکهے اور مختلف عهدوں کے لیئے جو امتحان مقرر هیں اُن میں امتحان دے اور نوکري گورنمنٹ کي تلاش کرے اور اُس کو حاصل کرے یا اور کسي کارو بار میں جس میں وه چاهے مشغول هو *

اور اگر اُس نے ان تین برس میں فارسي زبان کي تکمیل کي هی تو اُس نے یقیني گورنمنٹ کي نوکري سے تو قطع نظر کرلي هی کیونکه وه تو بغیر انگریزي پڑهے حاصل نهوگي پس اُسکو مهلت هی که جهاں تک چاهے فارسي میں کمال بهم پهونچاے اور شاعر و منشي و ادیب هوکر دنیا میں اپنا نام یادگار چهوڑ جاوے *

اور اگر اُس نے ان تین برس میں عربي زبان کي تکمیل کي هی تو اُس نے بوجهه مذکورہ بالا سرکاري نوکري سے تو قطع نظر کرلي هی پس اُسکو بهي عربي زبان میں اور نیز اُن علوم میں جو عربي زبان میں هیں اور نیز علوم دین مثل فقه و حدیث و تفسیر و کلام وغیرہ میں جهاں تک که وه چاهے ترقي کرنے اور کمال بهم پهونچانے کا موقع حاصل هی *

یهه مدرسه جو اس قسم کا تجویز کیا گیا هی جس میں اول تمام علوم اُردو زبان میں پڑهائے جاوینگے اسکا سبب یهه هی که هم دیکهتے هیں که انگریزي مدرسوں میں کافي لیاقت لڑکوں کو نهیں آتي ایک مشکل اُنکو غیر زبان کا سیکهنا اور دوسري مشکل غیر زبان میں علوم کا سیکهنا هوتا هی پس اس تدبیر سے همنے اُن کي ایک مشکل کو موقوف کردیا هی تاکه وه بسبب اپني زبان کے علوم و فنون سے نهایت جلد بخوبي واقف هوجاویں اور بعد اُس کے دوسري زبان کے لٹریچر میں محنت کرکر جهاں تک اُن سے هوسکے ترقي کرلیں *

اِس تدبیر سے ایک فائدہ یهه بهي هوگا که بهت کم طالب علم علوم و فنون سے گو که وه اُردو هي زبان میں کیوں نهوں ناواقف رهینگے اور به نسبت حال کے لٹریچر پر محنت کرنے کي زیادہ مهلت ملیگي اور اُنکو اُس زبان کي لٹریچر به نسبت حال کے بهت زیادہ آجاویگي *

اسبات پر اکثر بحث هوتي هی که سرکاري کالجوں کي تعلیم سے لیاقت کامل نهیں هوتي اور کیوں وه تعلیم انگلستان کے کالجوں کي تعلیم کے برابر نهیں هی پس میري رائے میں اس کا سبب یهي هی که انگلستان میں تعلیم اُنهیں لوگوں کي زبان میں هوتي هی اور تمام علوم و فنون اُنهیں کي زبان میں هیں اور هر وقت اور هر محل پر اُن کو اپنے علم کي ترقي کا موقع هوتا هی برخلاف هندوستان کے که اُنکي تعلیم اُنکي مادري زبان میں نهیں هی اور اُنکو دوسري زبان پر قادر هونے میں نهایت مشکل پیش آتي هی اور اُس پر قادر هونے تک تمام وقت تحصیل علوم و فنون کا گذر جاتا هی پس اِس تبدیل سے جو اس مدرسه کے تقرر میں کي گئي هی اُمید هی که وه رکاوٹ نرهے گي *

جو طالبعلم که بذریعه عربي زبان کے علوم تحصیل کرنے پر متوجهه تهے اُن میں بهي یهه نقصان رهتا تها که وه ان علوم و فنون سے جو نهایت ضروري هیں ناواقف محض رهتے تهے اور اس تبدیل سے جو طریقة تعلیم میں کي گئي هی اُمید یهه هی که وه بهي ناواقف نرهینگے اور عربي زبان میں بهي کمال حاصل کرنے کا اُنکو موقع حاصل رهیگا *

عربي فارسي مدرسه — اس میں ابتدأ کسي علم کي تعلیم نهیں هونے کي بلکه جو انگریزي اور اُردو پڑهنے والوں نے اِن زبانوں میں سے جسکو بطور سکنڈلینگوج کے اختیار کیا هوگا اور اُردو میں علوم و فنون پڑه لینے کے بعد عربي یا فارسي زبان کے لٹریچر و علوم میں کمال حاصل کرنے کا ارادہ کیا هوگا تو اُنکي پڑهائي فارسي عربي میں اعلی درجه تک کي اس مدرسه میں هوگي *

تینوں مدرسه ملکر درحقیقت ایک مدرسه هوگا اور جو که هرقسم کے استاد یعني انگریزي کے اور اُردو و فارسي و عربي کے اس میں موجود هونگے تو سلسلهٔ تعلیم هر ایک مدرسه کا جو قایم کیا گیا هی وه اُستادوں کي تقسیم اوقات سے بخوبي تکمیل پاتا رهیگا *

مدارس،

یهه چهوٹے چهوٹے مدرسے هونگے اور هر شهر و قصبه و ضلع میں جهاں انکا قایم هونا ممکن و مناسب هو قایم هونے چاهیئیں کے اِن میں تعلیم صرف اُن قواعد کے مطابق هوگي جو اُردو مدرسه کے لیئے هیں اور اُسي طرح اس مدرسه کے طالب علموں کو ایک سکنڈ لینگوج مقرر انگریزي یا فارسي یا عربي اختیار کرني هوگي *

اس مدرسه میں اور پهلے مدرسه اُردو میں صرف اِتنا فرق هوگا که اس مدرسه میں ایک حد معین تک علوم پڑهائے جاوینگے اور جب اُس حد تک طالبعلم پهونچ جاوینگے تو اِس مدرسه سے خارج هوجاوینگے اور اُنکو اختیار هوگا که اُس سے اعلی درجه کي تعلیم اگر چاهیں تو مدرسة‌العلوم میں داخل هوں یهه مدرسے اِس مراد سے هونگے که مدرسة‌العلوم کے لیئے لڑکے طیار کریں انکي مثال بعینه ایسي هوگي جیسے گورنمنٹ ضلع اسکول کالجوں کي بهرتي کے لیئے طالب علم طیار کرتے هیں *

مكتب

هر گانوں اور قصبه میں جہاں جہاں هوسکے مکتب قایم هونے چاهوینگے ان میں قران شریف بهي پڑهایا جاوے اور اُردو زبان میں کچهه کتابیں اور حساب وغیرہ سکهایا جاوے اور اُردو میں لکهنا پڑهنا بهي سکهایا جاوے اور اِس مکتب میں بهي کسیقدر فارسي اور کسیقدر انگریزي سکنڈ لینگویج هو فارسي تو صرف اِس قدر هو جس سے اُردو کو مدد پهنچے اور انگریزي نهایت قلیل صرف اتني که حرف پهچان لے چهاپے کے حرفوں میں لکها هوا نام پڑه سکے اور انگریزي هندسے جو کلوں اور اوزاروں پر لکهے هوئے هوتے هیں اُن کو پهچان سکے تاکه اگر کسي کل سے کام لینا هو تو کام لے سکے *

اِس مکتب میں قران مجید نئے قاعدہ سے پڑهایا جاوے جسمیں کل قران شریف چهه مهینے میں بخوبي ختم هوجاتا هے بعض لوگوں نے قران مجید کے کل لفظ بحذف الفاظ مکرر جدا چهانٹ لیئے هیں اور اُن کو به ترتیب دو حرفي و سه حرفي مرتب کرلیا هے اور الف بے کے بعد صرف اُن لفظوں کے پڑها دینے سے کل قران مجید ناظران پڑهنا بخوبي آجاتا هے *

اِس مکتب میں نماز پڑهنا بهي بتایا جاویگا اور چهوٹي چهوٹي اُردو کتابیں مسئلوں کي بهي جیسے که راہ نجات حقیقة الصلواة وغیرہ هیں لڑکوں کو پڑهائي جاوینگي *

حفاظي مکتب

جو لڑکے مسلمانوں کے قران مجید حفظ کرنا چاهیں یا اشخاص ذا بینا جو قران مجید حفظ کرنے کي زیادہ رغبت رکهتے هیں اُن کے لیئے بڑے بڑے شهروں اور مناسب مناسب مقاموں پر مکتب مقرر هوں جن میں وہ لوگ قران مجید حفظ کیا کریں مگر اِس مکتب کو بالکل علحدہ رکهنا چاهیئے اور کسي مدرسه یا مکتب کے شامل کرنا نهیں چاهیئے *

عمر تعلیم

اگرچه ابتداً جب مدرسے مقرر هونگے اُن میں عمر کا چنداں لحاظ نهوگا بلکه منتظمان کي راے پر اور لڑکوں کي حالت پر اُن کا داخله منحصر هوگا مگر جب که انتظام بخوبي هوجاوے اُس وقت هرایک قسم کے مدرسه کے لیئے عمر کي تعین ضرور هوگي پس لڑکوں کي تعلیم میں اُن کي عمر کا حسب تفصیل ذیل لحاظ رکهنا چاهیئے کا جسکے لیئے پانچ درجه قرار دیئے جاتے هیں *

اول چهه برس سے دس برس تک — اِس میں چاهیئے که لڑکا قران مجید پڑه لے اور کچهه اُردو کتابیں بهي اور مسائل کي چهوٹي چهوٹي کتابیں جیسے راہ نجات اور حقیقة الصلواة وغیرہ هیں پڑه لے اور کچهه کچا پکا لکهنا بهي سیکهه لے اور اُس کو اِسقدر اِستعداد هوجاوے که اُردو عبارت بآساني پڑه لکهه سکے اور انگریزي حرفوں اور هندسوں کو پهچاننا اور نام پڑه لینا سیکهه لے یهه وہ تعلیم هے جسکا مکتبوں میں هونا چاهیئے *

دوم گیارہ برس سے تیرہ برس تک — اِس عمر میں اس قدر پڑه لینا چاهیئے جو روز مرہ کے کاموں اور اُمورات متعلقه زندگي اور معاش کے کام میں درکار هیں سیدهے سادهے مسائل مذهبي و عقاید مذهبي سے بهي واقفیت حاصل هو یهه وہ تعلیم هے جو مدارس مجوزہ میں تجویز کي گئي هے *

اهل پیشه اور غریب آدمي بهي جو اپنے لڑکوں کو اپنے پیشه میں مصروف کرتے هیں اِسقدر عمر تک لڑکوں کو تعلیم میں رکهنے سے کچهه اپنا هرج نهیں سمجهتے اور اگر اهل پیشه کے لڑکے اِسقدر درجه تک کي تعلیم پا جاویں اور همارے ملک میں عموماً اِسقدر درجه تک علم پهیل جاوے تو هندوستان هندوستان نهیں رهنے کا بلکه قطع جنت هوجاوے اور ٹهیک ٹهیک هندوستان جنت نشان کا لقب اُس پر صادق آویگا *

سوم چودہ برس سے اٹهارہ برس تک — اِس عمر میں جمله علوم و فنون سے جو دین و دنیا میں بکار آمد هیں واقفیت کافي حاصل هوني چاهیئے *

چهارم اُنیس برس سے اکیس برس تک — اِس عمر میں خاص علوم اور خاص زبان جس میں طالب علم کمال حاصل کرنا چاهے حاصل کرتے هونگے *

پنجم بائیس برس سے پچیس برس تک — یهه وہ زمانه هے جسمیں طالب علم بعد فراغ تعلیم اُن چیزوں کو پڑهنے اور امتحان دینے میں مشغول رهیگا جنکے ذریعه سے سرکاري نوکریاں هاتهه آتي هیں اور اِسي قسم کے حصول معاش کے ذریعوں کو حاصل کرنے میں مشغول هوگا *

یهه پچهلي تینوں قسم کي تعلیمیں وہ هیں جو مدرسة العلوم سے علاقه رکهتي هیں *

سلسلهٔ تعلیم

انگریزي مدرسه کے لیئے همکو سلسلهٔ تعلیم کے معین کرنے کي ضرورت نهیں هے کیمبرج اور اکسفورڈ کي دو یونیورسٹیاں همارے هدایت کے لیئے موجود هیں پس همیشه همکو اُنکي هي تقلید اور پیروي سے سلسله کتب درسیه کا معین کرنا اور اُسي طریق پر تعلیم دینا کافي هوگا *

اُردو مدرسه کے لیئے البته همکو کتابیں تلاش کرني اور اُنکا سلسلهٔ تعلیم قایم کرنا پڑیگا مگر یهه بات کچهه مشکل نهیں هے سلسله کتب

مروجہ علوم و فنون معینہ وہی قایم رہے جو انگریزی میں ہو اُنہیں کتابوں کا جو انگریزی میں علوم و فنون کی پڑھائی جاویں اُردو میں ترجمہ ہو اور اُردو میں پڑھائی جاویں پس اِن دونوں مدرسوں میں پڑھائی تو ایک سی ہوگی صرف یہہ فرق ہوگا کہ جو کتاب انگریزی مدرسہ میں انگریزی زبان میں پڑھائی جاتی ہی وہ اس مدرسہ میں اُردو میں پڑھائی جاویگی *

عربی و فارسی مدرسہ کے لیئے بھی کتابوں کے متعین کرنے میں چنداں دقت نہوگی فارسی زبان کے علم انشا کی کتابیں نہایت آسانی سے بہت عمدہ اور سادہ منتخب ہوسکتی ہیں جو سلسلہ مناسب سے درس میں داخل ہوں عربی زبان میں جو سلسلہ تعلیم جاری ہی بلا شبہہ اُس میں تبدیل عظیم کرنی پڑیگی سلسلہ نظامیہ جو بالفعل جاری ہی محض لغو ہی اور حال کے زمانہ کے مطابق نہیں بلاشبہہ اُسکو ترک کرنا اور سلسلہ جدید قائم کرنا پڑیگا *

طالب علموں کو لغو مباحث میں ڈالنا اور الفاظ کی بحث پر اُن کی عمر کو ضایع کرنا محض بیفائدہ ہی بعوض اُس کے یہہ بات چاہیئے کہ سیدھے سادھے اور صاف مسائل صرف و نحو اُن کو پڑھائے جاویں بغیر کسی بحث کے تاکہ وہ بخوبی بموجب قواعد صرف و نحو عربی کی عبارت پڑہ سکیں *

چند رسالہ منطق خالص کے جو بہت صاف اور سیدھے ہوں اُنکو پڑھانے چاہیئیں اور علم معانی بیان کے سیدھے مسئلہ سکھانے چاہیئیں اور عربی بولنے اور عربی لکھنے کی مشق کرانی چاہیئے پس اس قدر تعلیم متعلق علم ادب کو کافی سمجھنا چاہیئے *

اِس تعلیم کے لیئے بھی کتابوں کی چنداں مشکل نہیں پڑنے کی کتب موجودہ میں سے ایسی صاف صاف کتابیں بآسانی منتخب ہو سکتی ہیں اور بعض کتابوں پر ایک عالم نظر ثانی کرکے اور اُن میں سے فضول مباحث کو حذف کر کر کتابوں کو مناسب حال کر دے سکتا ہی *

باقی رہی تعلیم کتب مذہبی کی بالفعل ہمارے ہاں یہہ رواج ہی کہ کتب مذہبی میں سے ابتدا سے آخر تک کسی کتاب کے پڑھنے کا رواج نہیں ہی بلکہ مقامات معینہ ہر ایک کتاب کے پڑہ کر باقی کتاب کو چھوڑ دیتے ہیں میری دانست میں اس طریقہ کو تبدیل کرنا چاہیئے ایک ادنا متن جو عمدہ اور مفید ہو وہ بتمامہ پڑھایا جاوے اور باقی کتابوں میں سے اُن مقامات کا جو اِس زمانہ میں مفید اور بکار آمد ہیں انتخاب کر کر ایک چھوٹی سی کتاب بنائی جاوے مثلاً ہدایہ اُس میں سے عمدہ اور مفید مقامات کا انتخاب کر کر تلخیص الہدایہ اُس کا نام رکھا جاوے جو چند جزو پر ہو اور وہ بتمامہ پڑھا دیا جاوے اسی طرح کتب صحاح ستہ حدیث میں سے احادیث صحاح و مستند و مفید و ضروری کا انتخاب کر کر تلخیص البخاری و تلخیص المسلم و علی ہذاالقیاس چھوٹی چھوٹی کتابیں بنا لی جاویں اور وہ بتمامہ پڑھائی جاویں تفسیر میں جلالین شاید نہایت عمدہ ہی اور انتخاب کی بھی ضرورت نہیں رکھتی مگر وہ نہایت آسان ہی اور اُس سے زیادہ قابلیت کے لیئے دوسری تفسیر ہونی چاہیئے پس وہ تفسیر بیضاوی ہی اُس کی بھی تلخیص کی جاوے اس طرح پر کہ جہاں تک کہ اُس میں مباحث عربیت سے متعلق ہیں وہ انتخاب کرلیئے جاویں اور باقی امور چھوڑ دیئے جاویں غرض کہ اسی طرح کتابوں کے انتخاب اور تلخیص سے ایک سلسلہ کتب مرغوبہ عربیہ کا قایم کرلیا جاوے پس یہہ وہ طریقہ ہیں جن سے میری دانست میں تعلیم مسلمانوں کی اس طریق پر جو دین و دنیا کے لیئے مفید ہو جاری ہوسکتی ہی اور نکبت اور جہل جو مسلمانوں میں پھیلتا جاتا ہی اُس کا علاج ہوسکتا ہی مگر ہر شخص یہہ بات بخوبی اور بہ آسانی سمجھہ سکتا ہی کہ یہہ طریقہ تعلیم کا نہ کسیطرح گورنمنٹ اختیار کرسکتی ہی اور نہ سرکاری کالجوں اور اسکولوں میں جاری ہوسکتا ہی خود مسلمان البتہ بخوبی جاری کرسکتے ہیں اور کچھہ شک نہیں کہ اِسکے اجرا کا مقدور بھی رکھتے ہیں صرف ہمت اور محنت اور توجہہ درکار ہی *

دوم وہ طریقہ جس سے گورنمنٹ کالجوں اور اسکولوں کی تعلیم زیادہ تر مسلمانوں کے مناسب حال ہوجاوے اور اُس سے مسلمان فائدہ اُٹھاویں *

مسلمانوں کو چاہیئے کہ گورنمنٹ کالجوں اور اسکولوں کو ایسا تصور کریں کہ صرف انگریزی زبان کی تعلیم کا اس قسم کا مدرسہ ہی جیسا کہ اُنکے لیئے اوپر تجویز ہوا ہی اور تمام علوم و فنون اُس میں بزبان انگریزی تعلیم دیئے جاتے ہیں اور اُردو فارسی عربی صرف بطور سکنڈ لینگوج کے ہی اور صرف ان مدرسوں کو زیادہ تر مناسب اور مفید کرنے کے لیئے مفصلہ ذیل باتوں پر توجہہ کریں *

اول گورنمنٹ سے درخواست کریں کہ جسقدر انگریزی کی تعلیم اب دیجاتی ہی اُس میں ترقی کی جاوے اور ہر ایک درجہ کی تعلیم بالکل یونیورسٹی کیمبرج اور اکسفورڈ کی برابر کردی جاوے *

دوم یورپ کے طالب علموں کو لٹریچر میں قدرتی زیادہ مشکل ہوتی ہی کہ وہ اُنکی مادر زاد زبان ہی اِس لیئے اُنکو تھوڑی تحصیل میں آسکتی ہی مگر ہندوستان کے لیئے کالجوں میں لٹریچر کی پڑھائی زیادہ تر کی جاوے تاکہ لیاقت تحریر و تقریر بخوبی آجاوے *

سوم ہر کالج میں بہ تعلق انتظام پرنسپل کے ایک کلب مقرر ہو جسکا پریزیڈنٹ پرنسپل ہو اور ہر ہفتہ اُسمیں اعلی کلاسوں کے طالب علم اسپیچیں مضامین معین میں کیا کریں اور اگر چھوٹے کلاسوں میں بھی اسکو وسعت دی جاوے اور ہر کلاس کے ماسٹر کے اہتمام میں اُسکے طالب علم ہر ہفتہ اسکی مشق کیا کریں تو اردو لٹریچر کے لیئے نہایت مفید ہوگا *

چہارم مسلمان گورنمنٹ سے درخواست کر کر بشمول ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن ایک کمیٹی مقرر کریں جو اُن کتابوں کو منتخب کریگی خواہ خود تالیف کرے یا تالیف کرائیگی جو سکنڈ لینگوج کی تعلیم کے لیئے درکار ہیں اور اِس میں کچھہ شک نہیں کہ اگر اُردو و فارسی و عربی کی تعلیم کی کتابوں میں جو بطور سکنڈ لینگوج کے پڑھائی جاتی ہیں کچھہ درستی کی جاوے اور کتابیں عمدہ و مفید بصلاح کمیٹی اُس میں داخل کی جاویں تو مسلمان طالب علموں کو رغبت بھی ہوگی اور بہ نسبت حال کے اُن زبانوں کی تعلیم کی بھی ترقی ہو جاویگی اور جب عربی فارسی کی تعلیم ایک عمدہ قاعدہ پر ہوگی تو مسلمان طالب علموں کو اسی وقت پر اُسکو اعلی درجہ تک ترقی دینے کا موقع حاصل رہیگا *

پنجم بڑے بڑے شہروں اور قصبوں کے مسلمان بمنظوری گورنمنٹ ایک کمیٹی مقرر کریں جو اس بات کی تحقیقات کیا کریگی کہ کسقدر مسلمان لڑکے شہر یا قصبہ میں ہیں اور وہ کہاں کہاں پڑھنے لکھنے میں مصروف ہیں اور کیا کرتے ہیں اِس تحقیقات کی کتابیں اور فہرستیں مرتب ہوں اور ہمیشہ سہ ماہی پر اُنکی حالت پر تال ہوا کرے اور جو لڑکے پڑھتے نہیں ہیں اُس کا سبب بھی دریافت کر کر اُس کتاب میں مندرج کیا کریں *

اِس کمیٹی میں بجز مسلمانوں کے اور کوئی شخص اور نہ کوئی یورپین حاکم شریک ہو مگر اِسکی اطلاع و کیفیت ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن پاس جایا کرے اور خرچ اِس کمیٹی کا میونسپل فنڈ سے دیا جاوے *

ششم ہر کالج اور اسکول کے لیئے کمیٹی ہو جس میں مسلمان بھی شریک ہوں اور اُنکو کچھہ وقعت اور اختیار بھی دیا جاوے اور اُسکا بائی لاز خود اُنہیں سے بنوایا جاوے اور گورنمنٹ بھی اصلاح و ترمیم اُسکو منظور کرے تاکہ گورنمنٹ کالج و اِسکول مسلمانوں کے لیئے بطور ایک مربی کے متصور ہوں نہ بطور ایک خوفناک چیز کے جیسیکہ اب تک رہے ہیں *

تحصیلی و حلقہ بندی مکتبوں کو بھی اپنے مفید کرنے کے لیئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ اُنکے اہتمام اور نگرانی میں زیادہ تر مداخلت کریں اور سب سے عمدہ یہہ بات ہے کہ اپنی طرف سے اور باہمی چندہ سے ایسے ایسے چھوٹے مکتب خود قایم کریں اور گورنمنٹ سے اُس میں نصف روپیہ ملنے کی درخواست کریں *

غرض کہ جیسا کہ اب تک گورنمنٹ کے سررشتہ تعلیم سے مسلمان علحدہ علحدہ رہے ہیں برخلاف اُس کے جہاں تک ممکن ہو اُس میں اعانت و مدد کریں اور سررشتہ تعلیم کو ایک اپنی ضروریات سے سمجھیں تاکہ وہ اُس سے فائدہ اُٹھا سکیں اور جو جو نقصان اُس میں ہوں اُس کے رفع کرنے پر قادر ہوں *

یہہ تمام باتیں جو اوپر بیان ہوئیں مسلمانوں کو گورنمنٹ کالجوں و اسکولوں سے فائدہ اوٹھانے کے لیئے کافی ہیں اس سے زیادہ اور کچھہ گورنمنٹ سے درخواست کرنی یا توقع رکھنی محض بیہودہ بات ہے بلکہ اس میں سے بھی بعض باتیں ایسی ہیں کہ گورنمنٹ بمشکل اُسکو قبول کریگی *

راے ممبران

اس تجویز کی نسبت کل ممبران سلیکٹ کمیٹی سے صلاح اور مشورہ کیا گیا جو ممبر کہ بنارس میں موجود تھے اُنہوں نے بالمشافہ اپنی رائیں ظاہر کیں اور جو لوگ کہ بنارس میں موجود نہ تھے اُن کے پاس یہہ تجویز بھیجی گئی اور اُنہوں نے بذریعہ تحریر کے اپنی رائیں ظاہر کیں جنکی تفصیل ذیل میں مندرج ہے *

سید احمد خاں مولوی محمد عارف صاحب مولوی سید عبداللہ صاحب محمد یار خاں صاحب مولوی سید زین العابدین صاحب مرزا رحمت اللہ بیگ صاحب مولوی اشرف حسین خانصاحب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب اور منشی محمد اکرام حسین صاحب نے بلا کسی اختلاف کے مذکورہ بالا تجویز کو پسند اور منظور کیا اور تمام مراتب مذکورہ بالا سے اتفاق راے ظاہر کیا *

مولوی سید امداد علی صاحب اور مولوی قطب الدین حسن صاحب اور مولوی حمید الدین صاحب اور منشی محمد سبحان صاحب نے بھی بالکلیہ اس تجویز سے اتفاق کیا مگر ان چاروں ممبروں نے اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ تلخیص کتب بذریعہ علماء کامل اور متدین کے عمل میں آوے *

مولوی محمد اسمعیل صاحب نے بھی جملہ مراتب مندرجہ بالا سے دلی اتفاق کیا اور یہہ لکھا کہ سلسلہ تعلیم میں جو کمی بیشی کی خواہش کی ہے نہایت عمدہ اور مناسب ہے لیکن چونکہ اِس رپورٹ میں اُن کتابوں کے انتخاب کا پورا ذکر نہیں ہے جو اِس طریقہ میں پڑھائی جاوینگی اِسلیئے میں اِسباب میں ابھی کچھہ راے نہیں دیتا جب اِس کا موقع آویگا تب میں بالتفصیل راے دونگا *

مولوی عبدالرحمن صاحب اور مولوی حفیظ الدین احمد صاحب اور میر بادشاہ صاحب نے بھی تجویز مذکورہ بالا سے اتفاق کیا مگر کتب فقہ و اصول فقہ اور کتب حدیث کی تلخیص کرنے سے اختلاف راے کیا اور کہا کہ وہ بدستور سابق تعلیم میں رہیں *

طریقۂ تعلیم مسلمانان

۱۰ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۹ ہجری

طریقۂ تعلیم مسلمانان

مولوی سید فریدالدین احمد صاحب نے اپنی راے یہہ لکھی ہی کہ میں اپنے لایق فایق مسیح عصر حکیم دہر روشن ضمیر عالی دماغ سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی عمدہ ممبر کی راے سے بالکل اتفاق نہیں کرسکتا اُس سخت مرض مہلک اور مزمن جہالت کا کہ جو آج کل جسم اسلامی کو لاحق ہوگیا ہی اور جسنے اُن کے سارے دین و دنیا کے امور کو نہایت فتور اور نقصان میں ڈال رکھا ہی جو علاج تجویز کیا ہی وہ محض ایک تصویر خیالی ہی جو حالت موجودہ مسلمانوں سے اِس بات کی توقع رکھنی بھی نہیں ہوسکتی کہ وہ اُس عمدہ علاج کے اجزاے نافع کو بہم پہنچا کر استعمال کریں میں اِصابت کو نہایت سچائی سے قبول کرتا ہوں کہ وہ نسخہ مجوزہ نہایت بے نظیر و لا جواب ہی اگر اُس کے استعمال کا امکان ہوتا تو وہ بالکل اُس مرض مہلک کی بیخ و بنیاد کو توڑ ڈالتا اور جسم اسلامی کو اعلی درجہ کی صحت و طاقت کو پہنچا دیتا اور یقین ہی کہ آیندہ نسلوں میں کوئی وقت ضرور ایسا آویگا کہ اہل اسلام بخوشی اُس نسخہ کو استعمال کرینگے اور خدا کرے کہ جلد وہ وقت آوے میرے خیال میں اُس حکیم حاذق کو ضروری تھا کہ وہ دولت اور ہمت اور توفیق موجودہ مسلمانوں پر لحاظ فرماکر مطابق اُس کے کوئی نسخہ تجویز کرتے کہ جس سے زیادتی اُس مرض کی تو رک جاتی اور کمی قدر آثار صحت کے نمایاں ہوتے اور اِسی طرح وقتاً فوقتاً بلحاظ حالت موجودہ کے اُس نسخہ میں تبدیل عمل میں لاتے کہ یہی طریقہ بالکل قانون قدرت کے مطابق ہی اگر حکیم ممدوح بنظر مہربانی پھر دوبارہ توجہ فرماکر کوئی ایسی تدابیر تجویز فرماویں کہ جسکا خارج میں موجود ہونا گو بدقت ہو مگر ممکن ہو تو نہایت مناسب و بہتر ہی اور جب میری راے یہہ قایم ہوئی کہ فی الحال وہ تدبیرات محض خیالی ہیں اور کسی طرح وہ وجود پذیر نہونگی تو اُن تدابیر کی نسبت مفصل راے لکھنا محض فضول و بیفایدہ ہی تاہم اِس قدر کہنا میں ضروری جانتا ہوں کہ مسلمانوں کے امور معاد کے لحاظ سے اُس کی اعلی اور عمدہ تعلیم میں زبان عربی کو دوم درجہ قرار دینا نا مناسب ہی نہیں بلکہ مضر ہی جب ہم ایک ایسا خیالی منصوبہ قرار دیں کہ جو عمدہ حالت ترقی تعلیم مسلمانوں کی ہو تو اُس میں حیف ہی کہ زبان عربی درجہ دوم میں قرار پاوے اور چند ممبروں نے جو درباب تلخیص کتب دینیہ اہل اسلام کے راے دی ہی اور سید احمد خان صاحب سے اختلاف کیا ہی میں اُس میں سید احمد خان صاحب سے بالکل متفق ہوں میں خیال کرتا ہوں کہ وقتاً فوقتاً علماے اہل اسلام اس کے درپے رہے ہیں اور بنظر مصالح وقت اور حالت موجودہ اہل زمان بہ تبدیل عبارت یا اختصار و تلخیص مقامات کتب تالیف کرتے آئے ہیں اور مجھکو اُمید ہی کہ ہمارے یہاں کے لایق آدمی ہمیشہ اِسی عمدہ راہ پر چلتے رہینگے بخاری کی تلخیص کے یہہ معنی نہیں ہیں کہ اُس کے بعض اجزا کو ہم اپنی سمجھہ کے موافق دایم رکھیں اور بعض کو نکال دیں بلکہ تلخیص کے یہہ معنی ہیں کہ اُس کے مقامات کہ مفید اور مناسب وقت ہیں اُس کو نکال کرکے درس میں داخل کریں اور اس میں کوئی قباحت اور نقصان نہیں ہی اور میں اِس میں بھی کوئی قباحت اور نقصان نہیں سمجھتا کہ جو غلطی یا خطا کسی کتاب میں واقع ہی اُس کی گرفت کی جائے اور بلا اندیشہ وہ غلطی ظاہر کردی جاوے میں خیال کرتا ہوں کہ ہمیشہ اول طبقہ صحابہ سے لیکر آج تک ہمارے یہاں کے علما یہی کام کرتے چلے آئے ہیں صحابہ تابعین مجتہدین فقہا محدثین مشایخ کرام سب کی غلطی و خطاؤں کو بہت صراحت سے علما نے لکھا ہی اور اس بات کو بھی بہت احتیاط سے ملحوظ رکھا کہ اگر کسی پر بیجا اعتراض یا نا جایز غلطیاں لگائی گئی ہیں تو اُس کو بدلایل معقول رد کیا اور یہہ بھی اسی مقام پر میں لکھنا نہایت مناسب جانتا ہوں کہ ہمارے سچے مذہب کا عمدہ اصول یہہ ہی کہ کوئی عالم اور کوئی مجتہد اور کوئی صلحا سے بلکہ کوئی انسان سواے انبیاء علیہم السلام کے ایسے درجہ میں نہیں ہیں کہ جن کے کلام میں خطا اور خلل واقع نہوا ہو اگر آج ہم کسی بڑے سے بڑے عالم کے کلام کی غلطی ظاہر کریں اور اُس کو عمدہ دلائل سے سچی نیت سے بغرض ہوا خواہی اسلام ثابت کردیں تو کچھہ ہم پر اعتراض نہیں ہی *

منشی محمد اکبر حسین صاحب نے یہہ راے لکھی کہ مجھکو جناب سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی کی اعلی اور عمدہ اور حکیمانہ تجویز سے بدل اتفاق کلی ہی ہرچند مولوی فریدالدین صاحب کا خیال اُس کی تصویر خیالی ہونے کی نسبت مسلمانان ہند کی عادت و عقاید و حالات موجودہ پر نظر کرنے سے کسی درجہ تک صادق آتا ہی اور اس تدبیر بے نظیر کی تکمیل اجرا کی تمنا مرحلہ اُمید و بیم میں معلوم ہوتی ہی لیکن جب ہم اُس تشریح اور توضیح پر نظر کرتے ہیں جو جناب سید احمد خان صاحب ممدوح نے تجویز اور عمل اِن دونوں چیزوں کے امتیاز کے باب میں فرمائی ہی تو ہم بےتامل متفق الراے ہوکر خداے عزوجل سے اپنے عمدہ ارادوں کے پورا ہونے کی دعا مانگتے ہیں السعی منی والاتمام من اللہ *

جو راے ممبروں کی اوپر بیان ہوئی اُس سے ظاہر ہی کہ جو طریقہ تعلیم کا تجویز ہوا اُس سے تمام ممبروں نے اتفاق راے کیا ہی پس اب میں نہایت خوشی سے اس رپورٹ کو ختم کرتا ہوں اور بموجب ہدایت ممبران سلیکٹ کمیٹی کے تمام ممبران کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کے سامنے اس اُمید سے پیش کرتا ہوں کہ ممبران کمیٹی ممدوح درباب تعمیل اور اجرا اس طریقہ تعلیم کے بتدابیر مناسبہ سعی اور کوشش فرمانی شروع کریں *

دستخط سید احمد خان

سکرٹری کمیٹی مقام بنارس ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۷۲ ع

بمقام علیگڈہ ـــ مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] یکم ربیع الثانی سنہ ۱۲۸۹ ہجری [نمبر ۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ کے دیگا وہ اِس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فقط تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار اطراف و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ٨٠

سوال و جواب

ميرے ايک دوست نے بمقام الهآباد ميرے پاس ايک سوال تحريري بهيجا تها اب ميں اُس کا جواب لکهتا هوں *

سوال

کيا فرماتے هيں حضرات علماء دين متين اور شرع مبين که اگر زيد قرآن شريف کے کسي جزو سے انکار کرے اور کل احاديث کو يهه کہے که سب بالمعنے هيں کوئي باللفظ نهيں اور باوجود اس کے عمرو زيد کو پکا مسلمان اور سچا ايماندار جانے اور کہے تو شرعاً عمرو کي نسبت کيا حکم هے *

جواب

اگر زيد قرآن شريف کے کسي جزو سے انکار کرے يعني اُسي سورة يا کسي آية کو منزل من الله اور وحي متلو نه جانے يا جن چيزوں کا ذکر اُس ميں هے اُس کے هونے سے بوجود ذاتي يا بوجود حسي يا بوجود خيالي يا بوجود عقلي يا بوجود تشبيهي منکر هووے يا اُسکے مطلب سے جو الفاظ کي دلالت اور مقام کے قرينه اور عبارت کے سياق اور عرب کے محاورة سے اجماعاً سمجها گيا هو اور اصول عقايد کے متعلق هو بغير کسي دليل شرعي اور برهان قوي کے انکار کرے تو زيد کافر هے اور اگر اِس انکار پر عمرو زيد کو پکا مسلمان اور سچا ديندار جانے اور اُس تکذيب و انکار ميں اپنا اتفاق ظاهر کرے تو وه بهي کافر هے ليکن اگر زيد قرآن کو لفظاً لفظاً خدا کا کلام جانتا هو اور بسم‌الله سے ليکر تا والناس هر آيت کو وحي متلو سمجهتا هو اور جو کچهه اُس ميں مذکور هے کيا از قبيل اخلاق و عقايد اور کيا از جنس عبادات و معاملات اور کيا از قبيل اخبار و قصص اور کيا از قسم حالات آخرت اُن سبکو حق اور واجب‌اليقين و اِلعمل جانتا هو مگر اُن الفاظ اور کلمات کے جنکے لفظي معني مراد لينے سے مخالفت کسي اصل سے منجمله اصول دين کے يا کسي مسئله سے منجمله مسائل صحيحه عقايد کے يا کسي امر سے منجمله امور موجودة واقعيه کے هوتي هو ظاهري معني نه ليتا هو بلکه ايسے صحيح اور اصلي معني مراد ليتا هو جو قرينه مقام اور محاورة عرب کے مطابق اور شارع کے مقصود اصلي کے برعکس نهوں يا اسماء موجودات سے جنکا ذکر قرآن ميں بلا تشريح اُنکي حقيقت کے هے وه حقيقت مراد نه ليتا هو جو لوگوں نے سمجهه رکهي هو اور جسکا ثبوت کتاب و سنت سے کچهه نهوتا هو اور جسکے اثبات پر سواے اوهام اور ظنوں کے کوئي عقلي دليل بهي نهو يا اُن آيات احکامي سے جنکي تعميم بظاهر معلوم هوتي هو بلحاظ اصول صحيح کل عام يحتمل التخصيص کے بعض حالات کو باستدلال کتاب و سنت مستثني کرتا هو يا اُن مسائل اصولي و فروعي کو جنکا ثبوت صراحتاً نهوتا هو مگر بقياس بعيدة نظروں سے اُن کا استنباط کيا گيا هو نه مانے يا قرآن مجيد کي اُن تفسيروں کو جنکي کوئي سند صحيح صاحب‌الکتاب سے نهو اور لوگوں نے اُسے اپني سمجهه اور فهم کے مطابق بيان کيا هو واجب‌القبول نه جانتا هو گو لوگوں کے نزديک وه باتيں جزو قرآن سمجهي جاتي هوں اور اُس کا انکار انکار قرآن تصور کيا جاتا هو اور ان سب حالتوں ميں زيد کي نيت سواے اعلاء کلمة الله اور احقاق حق اور رفع الزام اور دفع مطاعن اور تطبيق اصول دين کي اصول صحيحه عقليه سے اور ثابت کرنے حقيت مذهب اسلام کي سب لوگوں پر کيا جاهل اور کيا عالم اور کيا حکيم اَور کچهه نهو تو زيد بلا شبهه پکا مسلمان اور سچا ايماندار هے اور عمرو بهي جو زيد کو ايسا سمجهتا هو ويسا هي پکا مسلمان اور سچا ايماندار هے *

اگر زيد کل احاديث کو بالمعنے کہے اور اُن کي روايت کو بالالفاظ نه مانے يعني يهه کہے که ان حديثوں ميں سے کسي ميں کوئي لفظ بهي آنحضرت صلی الله عليه و سلم کا نهيں هے تو وه احمق اور جاهل هے ليکن اگر وه يهه کہے که احاديث کے الفاظ پر يهه يقين نهيں هے که يهه سب الفاظ وهي هيں جو شارع نے فرمائے هيں شايد هوں شايد نهوں اور نه اس نظم و ترتيب کي نسبت جو الفاظ اور کلمات ميں احاديث کے هے يهه يقين هے که يهه وهي نظام و ترتيب هے جو رسول خدا صلی‌الله عليه وسلم نے فرمائي تهي شايد هو شايد نهو تو زيد نه کافر هے نه مرتد بلکه ايک محقق مسلمان هے اور عمرو جو اُسے سچا مسلمان جانے وه بهي ويسا هي هے *

ميں اس جواب کي کچهه ضروري شرح بهي کرنا مناسب سمجهتا هوں تاکه مستفتي قرآن و حديث کي تصديق و تکذيب کي حقيقت سے واقف هو جاوے چونکه يهه جواب متعلق دو چيزوں سے هے قرآن اور حديث اس ليئے دونوں سے علحدة علحدة بحث کرتا هوں *

بحث اول به نسبت تاويل قرآن

قرآن کي تصديق حقيقت ميں يهه هے که اُسے وحي متلو سمجهنا اور منزل من‌الله جاننا اُس کي تمام باتوں کو حق اور صحيح ماننا اور اُس کي تکذيب يهه هے که اُسے ايسا نه جاننا پس جب تک کوئي مسلمان قرآن کو خدا کا کلام جانے اور اُس کي سب باتوں کو مانے تب تک تصديق قرآن کي ذمهه اُس کي طرف هوگي اور وه منکر قرآن

سمجھا جاویگا لیکن جب اُس نے اُسے ایسا نہ جانا یا اُس کی کسی بات کو غلط مانا تو وہ تکذیب کرنے والا قرآن کا ٹھہریگا اور تب کفر کی نسبت اُسی کی طرف کی جاویگی یہہ مذہب تو اصل محققین کا ہی مگر جو لوگ ہمارے مذہب کی تحقیق کے درجہ پر نہیں پہونچے اور جنہوں نے کفر کو خدا سے بھی زیادہ ارزاں کردیا اور بات بات پر مسلمانوں کی طرف کفر کی نسبت کی اُنہوں نے قرآن مجید کا انکار ذرا ذرا سے اختلاف پر لوگوں کی طرف منسوب کیا اور نہایت بے احتیاطی سے کلام الہی کی تکذیب کے فتوی جاری کیئے چنانچہ بعضوں نے فرمایا کہ جو شخص اصول مذہب ماتریدی کا معتقد تھو وہ منکر قرآن ہی بعضوں نے کہا کہ جو کوئی عقاید اشعری کا قایل تھو وہ مکذب قرآن ہی پھر حنبلیوں نے اشاعرہ کو کافر جانا کہ وہ آیۃ علی العرش استوی کی حقیقت ظاہری سے منکر ہیں اشاعرہ نے حنبلیوں کو منکر قرآن خیال کیا کہ وہ آیۃ لیس کمثلہ شیئی کے مضمون کو نہیں مانتے سنیوں نے معتزلیوں کی طرف انکار قرآن کی نسبت کی کہ وہ خدا کی رویت کا جو قرآن سے ثابت ہی اعتقاد نہیں رکھتے معتزلیوں نے اُن کی تکفیر کی کہ وہ اثبات صفات سے توحید کا اقرار نہیں کرتے اس تکذیب و تکفیر نے یہاں تک ترقی کی کہ قطع نظر اختلاف اصول کے اختلاف فروع سے بھی ایک نے دوسرے پر تہمت تکذیب قرآن کی کی اور اپنے ظنون اور شبہات کی تائید میں خدا کے کلام کی سند لائے آخر کار بعض حنفیوں نے شافعیوں کو اور بعض شافعیوں نے حنفیوں کو بدعتی اور گمراہ بتایا اور بدعتیوں نے وہابیوں کو وہابیوں نے بدعتیوں کو کافر اور مشرک ٹھہرایا اور عامی فقہا نے تو اپنی کتابوں میں بے سمجھے بوجھے تکفیر کے اتنے مسئلے بھر دیئے کہ گویا اُٹھنا بیٹھنا چلنا پھرنا سب کفر میں داخل ہوگیا پس اب اُن لوگوں کو جو تقلید میں مبتلا ہیں کوئی چارہ اس بلاء سے نکلنے کا نہیں کیونکہ اُن کا دین و ایمان عالموں کے اقوال اور فقیہوں کی کتابیں ہیں اور وہ فقیروں کے کشکول کی طرح ہر رنگ کے کھانوں سے بھرے ہوئے ہیں مگر ہاں جو شخص تحقیق کا آرزو مند ہو اور بے سوچے سمجھے کسی بات کو نہ مانے اُسے اس گرداب بلا سے نکلنے کا موقع حاصل ہی اور وہ موقع کیا ہی قرآن کی اصلی تصدیق و تکذیب پر نظر رکھنا حقیقت تصدیق و تکذیب کی تو میں اوپر بتا چکا اب اُن حدود و ضوابط کی تشریح کرتا ہوں جو اُن میں کی گئی ہیں میں نے اوپر لکھا ہی کہ ان حالات میں انکار قرآن کی نسبت کسی طرف کرنا جائز نہیں ٭

اولاً اُن الفاظ اور کلمات کی جن کے لفظی معنی مراد لینے سے مخالفت قرآن کی کسی اصل سے منجملہ اصول دین کے یا کسی مسئلہ سے منجملہ مسائل صحیحہ عقلیہ کے یا کسی امر سے منجملہ امور موجودہ واقعیہ کے ہوتی ہو ظاہری معنی مراد نہ لینا بلکہ وہ اصلی اور حقیقی معنی مراد لینا جو قرینہ مقام اور محاورہ عرب کے مطابق اور شارع کے مقصود اصلی کے برعکس نہ ہوں ٭

ثانیاً اسماء موجودات سے جن کا ذکر قرآن میں بلا تشریح اُنکی حقیقت کے ہی وہ حقیقت مراد نہ لینا جو لوگوں نے سمجھہ رکھی ہو اور جس کا ثبوت نہ کتاب و سنت سے ہوتا ہو نہ جس کے اثبات پر سواے اوہام و ظنون کے کوئی عقلی دلیل ہو اور اُن اسماء سے موافق قرینہ مقام کے کوئی ایک وجوہ مراد لینا منجملہ وجود خارجی یا حسی یا خیالی یا عقلی یا تشبیہی کے ٭

ثالثاً اُن آیات احکامی سے جن کی تعمیم بہ ظاہر معلوم ہوتی ہو بہ لحاظ اصول صحیح کل عام یحتمل التخصیص کے بعض حالات کو باستدلال کتاب و سنت مستثنی کرنا ٭

رابعاً اُن مسائل اصولی و فروعی کا جو صاف صاف لفظوں سے تو ثابت نہوتے ہوں مگر بقیاس بعیدہ لوگوں نے استخراج کیئے ہوں نہ ماننا ٭

خامساً قرآن مجید کی اُن تفسیروں کو جسے بلا سند صحیح صاحب الکتاب کے لوگوں نے اپنی سمجھہ اور اپنی فہم کے مطابق بیان کی ہو واجب القبول نہ جاننا ٭

پہلی صورت کی تصریح یعنی قرآن کے بعض الفاظ سے ظاہری معنی مراد نہ لینا

جو الفاظ قرآن مجید میں مذکور ہیں اُن کی نسبت یہہ خیال کرنا کہ ہر موقع اور ہر مقام پر اُن کے وہی ظاہری معنی مراد لینا ضرور ہی جس کے واسطے وہ لفظ موضوع کیئے گئے ہیں بڑی نادانی ہی اور اسی واسطے نہ اب تک کسی نے اہل تحقیق سے ایسا خیال کیا نہ کوئی کر سکتا ہی کیونکہ خدا نے قرآن مجید کو عرب کی زبان میں نازل کیا اُن کے محاورہ اور اُن کی بول چال کے مطابق الفاظ کا استعمال کیا پس ہمکو اُن کا محاورہ دیکھنا چاہیئے کہ اہل عرب ہمیشہ لفظوں کو اُن کے ظاہری ہی معنی پر محمول کرتے تھے یا نہیں جیسا ہم عرب کے کلام میں پاویں ویسا ہی قرآن مجید کی نسبت خیال کریں پس جب ہم عرب کے کلام پر نظر کریں اور اُن کے محاورہ اور استعمال کو دیکھیں بلکہ عرب کے سوا دنیا کے اَور اہل زبانوں کی بول چال پر غور کریں تو کبھی اس سے انکار نہیں کرسکتے کہ الفاظ ہمیشہ اپنے ظاہری معنی ہی پر محمول نہیں کیئے جاتے بلکہ مختلف معنی اور مختلف مقصود پر اُن کا استعمال ہوتا ہی

اور اُن معاني مختلفه ميں سے كسي ايک معني كي تخصيص قرينه اور محاورہ كے مطابق خود ذهن سليم پر منحصر هى *

اب هم كو ذرا غور سے اُن معاني مختلفه پر غور كرنا چاهيئے جن پر الفاظ دلالت كيا كرتے هيں چنانچه مراتب دلالت الفاظ پانچ هيں اول دلالت كرنا الفاظ كا وجود ذاتي پر دوسرے دلالت كرنا وجود حسي پر تيسرے دلالت كرنا وجود خيالي پر چوتھے دلالت كرنا وجود عقلي پر پانچويں دلالت كرنا وجود تشبيهي پر دلالت كرنا لفظ كا وجود ذاتي پر يهه هى كه جس معني كے واسطے وہ وضع كيا گيا هو اُسي پر دلالت كرے اور وہ شے جس كي تعبير اُس لفظ سے كي گئي هو وہ درحقيقت خارج ميں موجود بهي هو مثلاً همارا يهه كهنا كه ابولهب كافر تها اس مرتبه ميں داخل هى كيونكه به تواتر ثابت هى كه ابولهب ايک مرد مكه كا رهنے والا تها اور وہ كافر مرا *

دوسرے دلالت كرنا لفظ كا وجود حسي پر يهه هى كه جس چيز كا بيان كيا گيا هو وہ في نفسه موجود نهو اور خارج من الحس اُس كا وجود پايا نه جاوے بلكه صورت مثالي اُس كي خيال ميں آتا هي اُس كا وجود سمجها جاوے اور اُس صورت مثالي كي تعبير لفظوں ميں كي جاوے جس طرح همارا كهنا كه هم نے جبرئيل امين كو خواب ميں ديكها پس حقيقت ميں نه وہ همارے پاس آئے نه اُن كي صورت ظاهري همارے سامنے هوئي بلكه اُن كي صورت مثالي جو همارے ذهن ميں گذري وهي اُن كا وجود سمجها گيا پس اس مقام پر وجود جبرئيل سے مراد وجود حقيقي جسماني نهيں هى بلكه صورت مثالي اور وجود روحاني مراد هى اور چونكه قرينه مقام اس كلام كو مرتبه اول پر يعني وجود خارجي مراد لينے پر مانع هى اس لئے وجود حسي مراد لينا ضرور هوا *

تيسرے دلالت كرنا لفظ كا وجود خيالي پر وہ يهه هى كه محسوسات كي صور و اشكال كا جب كه آنكه سے غايب هوں ديكهنا اور اُس ديكهنے كو الفاظ كے ذريعه سے بيان كرنا مثلاً همارا يهه كهنا كه هم كعبه كو ديكهه رهے هيں اور حاجيوں كا طواف كرنا هماري آنكهه كے سامنے هى حالانكه هم نه كعبه ميں هيں نه حاجي همارے سامنے هيں مگر كعبه كي صورت اور حاجيوں كے طواف كي تصوير همارے خيال ميں آئي اُسے ان لفظوں سے تعبير كيا پس اس مقام پر بهي يهه الفاظ اپنے اصلي معني پر محمول نهيں هوسكتے اور سوائے وجود خيالي كے دوسرا وجود رويت اور كعبه اور طواف كا كسي كے ذهن ميں نهيں گذر سكتا بخلاف اس كے اگر يهي بات هم كعبه ميں كهتے جبكه حاجي همارے سامنے طواف كرتے هوتے تو اُس وقت اس كلام سے اصلي معني سمجهے جاتے اور يهه الفاظ وجود خارجي پر دلالت كرتے *

چوتھے دلالت كرنا لفظ كا وجود عقلي پر وہ يهه هى كه مطلب كا اُن لفظوں ميں بيان كرنا جو اصلي حقيقت اُن الفاظ كے معاني كي عقلاً ثابت هو مثلاً همارا كسي بے شرم آدمي كو كهنا كه اُسے كچهه دكهائي نهيں پڑتا پس نه ديكهنے كا اطلاق ظاهر ميں اُسي پر هوتا هى جو كه ظاهري آنكهه نه ركهتا هو مگر جو مقصود ديكهنے سے عقل كے نزديک هى وہ اس مقام پر مراد هى يعني نيک و بد ميں تميز كرنا پس اس مقام پر ان لفظوں كا محمل سوائے وجود عقلي كے اور كچهه هو هي نهيں سكتا *

پانچويں دلالت كرنا لفظ كا وجود تشبيهي پر وہ يهه هى كه اُس چيز كا بيان كرنا جو كه نه خارج ميں موجود هو نه حواس اور خيال سے متعلق هو نه اُس كي كوئي حقيقت خاص هو بلكه كسي دوسري چيز كي كسي صفات يا خواص ميں سے كسي ايک صفت يا ايک خاصه سے مشابه هو اُس مشابهت كا بيان كرنا جس طرح همارا يهه كهنا كه فلاں شخص آفتاب هى يعني مثل آفتاب كے مشهور هى *

پس يهه پانچ مرتبے موجودات كے ايسے هيں كه جب وہ الفاظ ميں بيان كيئے جاوينگے تو منجمله ان مراتب پنجگانه كے كسي ايک مرتبه پر اُن كا محمول كرنا ضرور هوگا اور يهه مرتبے كلام كے ايسے هيں كه هر عامي اور هر جاهل اپني بول چال ميں روز مرہ اس كا استعمال كرتا هى اور هميشه بات چيت ميں ان حقائق دقائق كو ادا كرتا رهتا هى يهاں تک كه عرب كے ريگستان كے پهرنے والے اور حجاز كے پهاڑوں اور جنگلوں ميں بكرياں چرانے والے بغير سمجهائے بے بتائے قرينه اور قياس سے موافق قرينه مقام كے اُن الفاظ سے اُن كے كوئي ايک معاني اُن معنيوں ميں سے خود بخود سمجهه جاتے تهے اور اب بهي ساري دنيا كے جاهل اور بے پڑهے لكهے آدمي اُن مراتب كي رعايت اپنے بولنے اور سمجهنے ميں ركهتے هيں گو وہ اُن كي ترتيب اور درجات نه سمجهيں اور اس حقيقت كو اپني زبان سے ادا نه كرسكيں پس الفاظ كے دلالت كرنے سے ان معاني پنجگانه پر كوئي شخص نهيں هى جو انكار كرے اور جب يهه بات سب كے نزديک مسلم هى تو ليهي همكو خدا و رسول كے كلام پر نظر كرني چاهيئے كه اُنكے كلام ميں بهي ان مراتب كي رعايت هى يا نهيں پس اگر كوئي يهه كهے كه نهيں هى تو يهه سفسطه اور جنون هى كيونكه خدا كا كلام جو هماري هدايت كے لئے نازل هوا همارے هي محاورہ اور هماري هي طرز پر هى وهي بول چال هى جو همارے روز مرہ ميں هى وهي طرز و انداز هى جو رات دن همارے استعمال ميں هى اُس نے اپنے مقصود كو هماري هي بولي ميں همارے هي طرز پر ادا كيا اُس نے اپنے كلام قدسي بے صوت و حرف كو همارے هي لفظوں اور همارے هي كلام كے پيرايه ميں ظاهر

کیا پس سواے پلے سرے کے جاهل کے کون هی که یهه کہے که اُس نے الفاظ کے مدلول کو محدود کردیا اور سواے وجود خارجی کے [illegible] کو مراتب کا اپنے کلام میں لحاظ نہیں رکھا اور جس طرز پر هم مثل سے هر جاهل و عامی گفتگو کرتا هی اُسی طرز کو بدل دیا حقیقت میں نه خدا نے ایسا کیا نه ایسا هو سکتا تها بلکه اگر کوئی یهه کہے که چونکه خدا کو هماری روحانی تعلیم منظور تهی اور هم کو وه باتیں بتانا چاهتا تها جسے نه هماری آنکهه نے دیکها نه کانوں نے سنا نه همارے دل میں اُس کا خیال آیا نه هم اپنے جیتے جی دیکهه سکتے یا خیال کر سکتے هیں اس لیئے اپنے کلام کو عام کردیا اور موجودات کے اُن مراتب میں سے جنکا هم استعمال کرتے تهے کوئی ایک مرتبه اور بڑها دیا تو قیاس میں آبهی سکتا هی نه که اُس کا کم کردینا اور باوجود ضرورت تعمیم کے اُسے محدود کردیا لذلک علی الذین لا یومنون اور پهر جبکه هم پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم کے قول پر خیال کرتے هیں که ان للقران ظهرا وبطنا اور اصحاب نبوی اور علماء شریعت اور محققین وقت کی باتوں اور تحقیقاتوں کو دیکهتے هیں که اُنهوں نے ایک ایک لفظ سے قران کے مختلف معنی مراد لیئے هیں اور سارے حقایق روحانی و دقایق علمی کا استنباط اُنهیں لفظوں سے فرمایا هی تو همکو اَوْر بهی کامل یقین هوتا هی که ضرور خدا نے اپنے کلام کو اس طرز پر بیان کیا هی که اُس کی ظاهری تفسیر سے تو هر عامی و جاهل مطلب سمجهه سکتا هی اور اُس کی باطنی تاویل سے هر حکیم و عاقل حقیقت پر پهونچ سکتا هی *

غرض که جب مداول الفاظ کے مراتب کی حقیقت معلوم هو گئی تب هم کہتے هیں که قران و حدیث کے الفاظ و کلمات کو منجمله اُن مراتب پنجگانه کے مرتبه اول پر محمول کرنا ظاهری تفسیر هی اور جب دلیل قوی اُس کے استحاله پر قایم هو اور کسی اَوْر مرتبه پر منجمله اُن مراتب کے کلام محمول کیا جاوے وه باطنی تفسیر هی اور اُسی کو تاویل کہتے هیں اور جب تک کوئی شخص خدا کے کلام کو منجمله اُن مراتب کے کسی مرتبه پر محمول کرکے اُس کی تصدیق کرتا هے تب تک وه تصدیق کرنے والا قران کا ٹهریگا نه انکار کرنے والا *

لیکن اب یهه بات بحث طلب باقی رهی که خدا کے کلام کو منجمله ان مراتب کے کسی مرتبه پر محمول کرنے کا وه اصول کیا هی جس سے دین اسلام قایم رهے کیونکه اگر کوئی حد مقرر نه کیجاوے تو هر ملحد دست تاویل بڑهاویگا اور لفظوں کے ظاهری معنی سے انکار کرکے اُن کے فرضی معنی بنانے لگیگا اور اپنے تئیں مصدق قران کہیگا یهه سمجهه کر که وه اسی ایک مرتبه پر منجمله اُن مراتب پنجگانه کے لفظ کو محمول کرتا هی پس خدا کی توحید اُس کا علم بالجزئیات مسایل فرایض و واجبات وغیره کا انکار بهی انکار قران نه سمجها جاویگا و ماهذا الا ضلال مبین اسی واسطے هم نے اُن معانی کے مراد لینے کو بے قید نہیں رکها اور چند ایسی قیدیں لگامی هیں که جن کے لحاظ کرنے سے کبهی دست تطاول الحاد نه بڑهیگا اور لا مذهبی اور دهریئیوں پر اطلاق تصدیق قران نهوگا وه قیود جو هم نے کی هیں یهه هیں *

اول لفظی معنی مراد لینے میں مخالفت قران کی کسی اصل سے منجمله اصول دین کے *

دوسری مخالفت اُس کی کسی مسئله سے منجمله مسایل مصرحه عقلیه کے *

تیسری مخالفت اُس کی کسی اَمر سے منجمله امور واقعیه کے *

ان حالتوں میں لفظی معنی سے تجاوز کرنا اور جیسا موقع اور قرینه مقام کا هو ویسا کسی ایک مرتبه پر منجمله مراتب مدلول الفاظ کے لفظ کو محمول کرنا انکار قران نہیں هی بلکه اصلی تصدیق قران کی هی اور اگر ایسی حالتوں میں لفظی معنی مراد لیئے جاویں تو اندیشه بلکه ظن قوی تکذیب قران اور انهدام بنیان اصول اسلام کا هی چنانچه میں هر ایک کی مختصر تشریح کرتا هوں *

اول مخالفت قران کی کسی اصل سے منجمله اصول دین کے

مثلاً میں کہتا هوں که منجمله اصول دین کے ایک بڑا اصول تقدس اور تنزه باریتعالی کا صورت اور جسم سے هی اور یهه ایسا اصول هی که اسلام کی بنیاد اِسی پر هی جو شخص اس کا منکر هو وه کافر هی لیکن جب هم کو قران و حدیث میں ایسے لفظ ملیں جن کے ظاهری معنی مراد لینے سے تشبیهه اور تجسیم باریتعالیٰ کی ثابت هو تو اُس وقت هم کو لازم هی اُس کے ظاهری معنی سے تجاوز کرنا اور اُس کی دوسری حقیقت جو موافق اُس مقام کے هو مراد لینا مثلاً الله جل شانه فرماتا هی یدالله فوق ایدیهم پس هاتهه کے اصلی معنی ظاهر هیں اور وجود خارجی اُس کا گوشت پوست کا ایک عضو خاص هی تو اگر اس موقع پر هم اس لفظ کو مرتبه اول پر محمول کریں اور وجود خارجی اُس کا مراد لیں تو همکو خدا کا هاتهه اور پنجه اور گوشت اور پوست اور رگ اور خون سب چیزوں کا ماننا پڑے اور جب هم نے ایسا مانا تو همارے کفر میں شبهه رها پس بوجهه اس کے که اس لفظ کے ظاهری معنی مراد لینا

هے مخالفت قران كي ايک اصل سے منجمله اصول دين كے هوتي تهي تجاوز كرنا اور أس كا وجود عقلي مراد لينا ضرور هوا *

كوئي شخص يهه خيال نه كرے كه مسلمانوں ميں سے كسي نے ايسے ظاهري معني مراد نهيں ليئے بلكه همارے اس زمانه كے بهائيوں سے بهي زياده تر دانشمند اور أن سے بڑه كر قران كي تصديق كرنے والے گذر گئے هيں جنهوں نے ايسے مقام پر بهي ظاهري معني مراد ليئے كو انكار اور تكذيب قران خيال كيا هے اور اپني صفائي ايمان اور تصديق قران كي بدولت خدائي صورت و شكل كے قايل هوئے هيں چنانچه ميں بطور نمونه كے بيان كرتا هوں *

مشبه حشويه مثل مضر اور احمد هجيمي كے اس بات كے قايل هيں كه خدا بهي جسم هے گو أس كا جسم همسا نهيں هے اور أس كے عضو اور جوارح بهي هيں اور أس سے ملنا اور مصافحه كرنا اور معانقه كرنا بهي ممكن هے اور مشبه كراميه ياران ابي عبدالله محمد بن كرام كا عقيده هے كه خدا عرش پر اوپر كي طرف سے ملا هوا بيٹها هوا هے اور أترتا چڑهتا رهتا هے اور بعض حشويوں نے تو صاف كها هے كه خدا جسم هے پهر اختلاف كيا هے كه آيا وه گوشت پوست سے مركب هے يا نهيں اور پهر قد أس كا سات بالشت كا هے يا نهيں اور پهر صورت أس كي كيسي هے آدميوں كي سي هے يا نهيں پهر بعضوں نے كها هے كه لونڈے كي سي شكل هے اور گهونگر والے بال سر پر هيں بعضوں نے فرمايا هے كه بڈها هے اور اس بات كے بهي قايل هوئے هيں كه جگهه بدلتا رهتا هے اور يهه سب خوش اعتقاد لوگ قران و حديث كے لفظوں پر كامل ايمان ركهنے سے ايسے تنزه اور تقدس كے معتقد اور خدا كے لونڈے يا بڈهے هونے كے قايل هوئے اور پهر اگر أن كي دليلوں كو كوئي ديكهے تو سوائے أس أصول كے جو همنے بيان كيا اور جسے همارے مذهب كے سارے محققين لكهتے آئے هيں كوئي جواب أن كا دے هي نهيں سكتا اور موافق أس عقيده كے جو پابندي الفاظ پر اس زمانه كے لوگوں كا هے سوائے ايسے اعتقاد ركهنے كے جسكا ثبوت الفاظ ظاهري سے هوتا هے هر شخص منكر جزو قران سمجها جاتا هے *

پهر يهه خيال نه كيا جاوے كه يهه غلطي صرف بعض لوگوں كو هوئي بلكه افسوس اور هزار افسوس هے كه بعض بڑے بڑے محدثين اس بلا ميں پڑگئے جيساكه محقق دواني نے شرح عقايد عضدي ميں لكها هے كه واكثرالمجسمة هم الظاهريون المتبعون لظواهر الكتاب والسنة واكثرهم المحدثون يعني اكثر تجسيم كے معتقد وه لوگ هيں جو ظواهر الفاظ قران و حديث كي تبعيت كرتے هيں اور اكثر أن ميں سے محدثين هيں پهر بعض كا يهه قول هے كه پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم كي حديث هے كه رايت ربي في احسن صورة تو صورت سے انكار كرنا قول رسول سے انكار كرنا هے كسي كا يهه ارشاد هے كه حضرت ابو هريره سے منقول هے كه آں حضرت صلعم نے فرمايا هے كه خلق الله آدم على صورته يا على صورة الرحمن تو خدا كو آدمي كي سي صورت نه سمجهنا انكار رسول اور تكذيب حديث هے كوئي فرماتا هے كه صحيح مسلم ميں خدا كے پاؤں هونے پر صحيح حديث منقول هے كه جب وه دوزخ ميں اپنا قدم ركهه ديگا تب دوزخ كا هل من مزيد كهنا بند هوگا تو أس كے پاؤں سے انكار كرنا صحيح حديث كو غلط كهنا هے كوئي اس نشه ميں سر مست هے كه خدا نے خود اپني ساق هونے كا ذكر قران ميں فرمايا هے كه يوم يكشف عن ساق اور پهر ثبوت اس كا حديث سے هوتا هے كه ابن اثير نے جامع الاصول ميں لكها هے كه فياتيهم الجبار في صورة غير صورة التي رأوه فيها اول مرة الخ تو اس كا نه ماننا جزو قران كا منكر هونا هے پس ميں مستفتي صاحب كي خدمت ميں نهايت ادب سے عرض كرتا هوں كه ايسي صريح آيات اور ايسي صاف احاديث كو جس ميں خدا كي صورت اور شكل اور پاؤں اور هاتهه اور قد و قامت كا بيان هے نه ماننا اور أس كے لفظوں كو ظاهري معني پر محمول نه كرنا كس وجهه سے انكار جزو قران نهيں هے اور كيوں خدا كي صورت و شكل كے معتقدين باوجود ايسے استدلال كے گمراه تصور كيئے گئے هيں پس جو وجهه أس كي هو وهي أن لوگوں كي نسبت سمجهي جاوے جو ايسي هي ضرورت كے سبب سے ظاهري معني چهوڑ كر دوسرے معني مراد ليتے هوں پس أن لوگوں كو جو ايسے ظاهري لفظوں سے أن كے لفظي معني مراد نه ليں محقق اور امام اور دانشمند جاننا اور أن لوگوں كو جو ايسي هي ضرورت سے أور كسي الفاظ كے لفظي معني مراد نه ليں كافر اور منكر جزو قران سمجهنا ايک عجيب بات هے *

دوسري مخالفت قران و حديث كي كسي مسئله سے منجمله مسائل صحيحة عقلية كے

جس طرح پر الفاظ كے ظاهري معني أس حالت ميں مراد نهيں ليئے جاتے جب كه وه مخالف كسي اصل كے اصول دين سے هوں اسي طرح أس حالت ميں بهي مراد نه ليئے جاوينگے جب كه وه مخالف كسي اصل كے اصول صحيحة عقلية سے هوں ليكن پهلي اصل كا پهچاننا آسان هے اور اس كا پهچاننا ذرا مشكل هے اس ليئے صرف الفاظ كا ظواهر سے اس اصول كي وجهه سے بهت دانا اور محققانه اور أس آدمي كا كام هے جو كه معقول و منقول هونوں سے بخوبي

واقف ہو اور جس نے کسی معقولی مسئلہ کو اُن صاف اور واضح اور [illegible] طریقوں سے ثابت کرلیا ہو جس میں کچھہ شبہہ نہ ہوسکے اور جس میں فلسفہ اور ہیئت جدیدہ کا نام تک نہو لیکن اس اصول کے فی نفسہ صحیح ہونے میں کچھہ کلام نہیں ہی کہ جو الفاظ اصول صحیحہ عقلیہ کے مخالف ہونگے اُن کا صرف عن الظاہر ضرور ہوگا پس اگر کسی سے کچھہ غلطی اصول صحیحہ عقلیہ کے اثبات میں ہو گئی ہو تو وہ اُس کی خطا ہی مگر اس سے اصول کی صحت میں کچھہ خلل نہیں ہوسکتا چنانچہ میں ایک دو مثال سے اُسے سمجھاتا ہوں ٭

منجملہ اصول صحیحہ عقلیہ کے ایک یہہ اصول ہی کہ اعراض اور کیفیات متشکل بشکل و صورت اور منقلب بہ جسم و ہیئات نہیں ہوسکتیں مثلاً عقل اور زندگی اور موت کہ یہہ سب اعراض ہیں پس ان کا کوئی وجود خارجی نہوگا پس اگر اُن کے وجود کا ذکر کسی جگہہ قران یا حدیث میں ہو تو لا محالہ اُس کا مرتبہ اول پر رہنا یعنی اُس سے وجود خارجی اُس کا مراد لینا ممکن نہوگا بلکہ دوسرے مرتبہ پر لیجانا اور اُس کے وجود سے وجود حسی یا وجود عقلی مراد لینے کی ضرورت ہوگی پس جہاں قران مجید میں خدا نے فرمایا ہی کہ خلق الموت والحیوۃ تو اس سے اگر کوئی اُن کا وجود خارجی مراد لے تو ایک اصل صحیح کے اصول صحیحہ عقلیہ سے مخالف ہوتا ہی اس لیئے ضرور اُس سے وجود عقلی اُس کا مراد ہوگا اور اگرچہ اِن لفظوں سے کسی کا زیادہ تر وجود خارجی پر ذہن منتقل نہیں ہوتا مگر جہاں اُس کی زیادہ تصریح ہی وہاں اُس کے معنی کی زیادہ ضرورت ہوگی جیسا کہ کہا گیا ہی کہ حدیث میں آیا ہی کہ خدا نے عقل کو پیدا کیا اور اُس سے کہا کہ آگے ہو وہ آگے ہوئی پھر کہا کہ پیچھے ہٹ وہ پیچھے ہٹ گئی یا حدیث میں آیا ہی کہ موت کو بصورت مینڈھے کے قیامت کے دن لاوینگے اور اُسے درمیان دوزخ و جنت کے ذبح کرینگے تو اب اس مقام پر ان لفظوں سے اگر کوئی اُس کا وجود خارجی ظاہری مراد لے تو ضرور اُسی اعراض اور کیفیات کا متشکل بشکل اور منقلب بجسمانیۃ ہونا ماننا ہے اور اُسے نہ مانیگا مگر جس کا عقل کے کوچہ میں گذر بھی نہوا ہوگا ٭

یا قران مجید میں آیا ہی کہ ان من شئی الا یسبح بحمدہ کہ کوئی چیز نہیں ہی مگر کہ وہ خدا کی تسبیح کرتی ہی یہاں تسبیح سے مراد ہماری طرح سبحان اللہ کہنا نہیں ہی کیونکہ نباتات اور جمادات وغیرہ کچھہ زبان نہیں رکھتے پس یہاں تسبیح کے وجود سے مراد اُس کا وجود عقلی ہی لیکن افسوس ہی کہ ہمارے مذہب میں بعض ایسے بھی تصدیق کرنے والے گذرے ہیں کہ اُنہوں نے تسبیح سے مراد تسبیح زبانی لی ہی ٭

یا قران مجید میں آیا ہی کہ فقال لہا وللارض ائتیا طوعا او کرہا قالتا اتینا طائعین تو یہہ سمجھنا کہ خدا نے حقیقت میں اُن سے کلام کیا اور آسمان اور زمین نے در حقیقت کچھہ جواب دیا اور اپنی زبان سے یہہ کہا کہ اتینا طائعین بڑی نادانی ہی بلکہ یہاں بھی یہہ الفاظ اپنے ظاہری معنی پر محمول نہیں ہوسکتے اور اُس سے سوائے وجود عقلی کے دوسری مراد نہیں لی جاسکتی ٭

تیسری مخالفت اُس کی کسی امر سے منجملہ امور واقعیۃ کے

جو الفاظ قران و حدیث کے ایسے ہوں جن کے ظاہری لفظی معنی لینے سے مخالفت کسی امر کی امور واقعیہ سے ہووے عام اس سے کہ اُن امور کی واقعی حقیقت عقل و علم سے ثابت کی گئی ہو یا تحقیقات اور تجربہ سے یا رویت اور مشاہدہ سے یا اخبار صحیحہ متواترہ سے تو وہاں بھی اُس لفظ کے ظاہری معنی سے تجاوز کرنا اور کسی ایک مرتبہ پر منجملہ مراتب پنجگانہ والے الفاظ کو لیجانا ضرور ہوگا لیکن اس مقام پر بھی احتیاط اور عقل اور دیانت ہونا ہی کیونکہ اُن امور کا امور واقعیہ ثابت کرنا ذرا مشکل ہی لیکن گو اُس کی تفصیل اور تصریح اور اثبات مشکل ہو مگر یہہ اصول بالکل ٹھیک ہی ٭

مثلاً حدیث میں آیا ہی کہ مسلمان کی قبر ستر ہاتھہ وسیع ہو جاتی ہی اور چودھویں رات کے چاند کی طرح اُس کا چہرہ روشن ہوتا ہی اور کافر کی قبر پر ۹۹ اژدہے مسلط ہوتے ہیں اور ہر ایک اژدہا ننانوے ننانوے سانپ ہوتا ہی اور ہر سانپ کے سات سات سر ہوتے ہیں جو کہ قیامت تک اُسے کاٹتے رہتے ہیں پس یہہ ایک امر ایسا ہی جس کا وجود خارجی کبھی ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ نہ ظاہر میں مسلمان کی قبر چوڑی ہوتی ہی نہ اُس کا چہرہ بدر کی موافق روشن ہوتا ہی نہ کسی کافر کی قبر میں سانپ بچھو جاتے ہیں پس جو شخص اس حدیث کے الفاظ کو اُسکے ظاہری معنی پر محمول کرے تو ضرور اُس کا دل اس قول کی تکذیب کریگا کیونکہ واقع میں اُس کو نہ پاویگا پس سوائے اس کے اَور کچھہ چارہ نہیں ہی کہ اِن الفاظ کو اُس کے ظاہری معنی سے متجاوز کرکے اُس کو دوسرے مرتبہ پر لیجاویں اور ان سب چیزوں سے اُس کا وجود حسی مراد لیں ٭

بعض لوگ اس اصول کے انکار کرنے پر یہہ شبہہ کرینگے کہ جو کچھہ قران و حدیث میں مذکور ہی وہی مطابق معقولوں کے [illegible]

وہی مطابق واقع کے ہی پس معقولات اور مشاہدات اور تجربات کو اصل قرار دینا اور قران و حدیث کے لفظوں کو تاویل کرکے اُسے اُن معقولات وغیرہ کے مطابق کرنا شان ایمان نہیں ہی حالانکہ یہہ بڑی غلطی ہی اس لیئے کہ جب الفاظ اور کلمات کا استعمال اس طور پر جاری ہی کہ اُن سے سوائے ظاہری معنی کے اَوْر معنی بھی مراد لیئے جاتے ہیں تو اُس کا ظاہری معنی سے متجاوز کرنا اور دوسرے اصلی معنی مراد نہ لینا نہ خلاف محاورہ کے ہی نہ برعکس ہماری بول چال کے ہی نہ کوئی عاقل اور اہل زبان اُس پر طعنہ کرسکتا ہی اور نہ کوئی اُس تاویل کو بغاوت سمجھہ سکتا ہی خیال کرو کہ جب ہم کسی شخص کو غصہ میں دیکھہ کر یہہ کہتے ہیں کہ اُس کے بدن میں آگ لگ گئی اُس کے بدن سے چنگاریاں نکل رہی ہیں تو کیا اُس سے حقیقی آگ اور اصلی چنگاریاں مراد لیتے ہیں اور جب ہم کسی شخص کو خوش تقریری سے بات کرتے ہوئے دیکھہ کر یہہ کہتے ہیں کہ اُس کے منہہ سے کیا پھول جھڑ رہے ہیں تو کیا اُس سے مراد گلاب اور چنبیلی کے حقیقی پھول ہوتے ہیں یا جب ہم کسیکو نہایت تکلیف میں دیکھہ کر کہتے ہیں کہ اس کے بدن سے سانپ بچھو چڑھتے ہوئے ہیں اُس سے مراد ظاہری سانپ بچھو ہوتے ہیں پس جب کہ یہہ باتیں ہمارے محاورہ اور ہمارے استعمال میں موجود ہیں تو کیا اُسی محاورہ اور استعمال پر الفاظ قران و حدیث کو محمول کرنا بغاوت ہوگی یا تاویل ناجایز یا تکذیب نادان ہی جو کوئی ایسا خیال کرے پھر یہہ کہنا کہ مخالفت معقولات کی اور مخالفت امور واقعیہ کی قادح صحت کلام نہیں ہی صرف جاہلوں کا قول ہی کوئی عاقل ایسا نہیں کہہ سکتا نہ کسی نے ایسا کہا چنانچہ میں اس بحث کو امام غزالی کے اُس قول کے نقل کرنے پر تمام کرتا ہوں جو اُنھوں نے تہافۃ الفلاسفہ میں لکھا ہی ولنعم ما قال رحمۃ اللہ علیہ الثانی مالا یفید من مذہبہم نبذہ اصلاً من اصول الدین الخ یعنی جو باتیں دلایل ہندسیہ اور براہین عقلیہ سے ایسی ثابت ہیں کہ جس میں کچھہ شک نہیں ہی اُس کے صحیح جاننے کو خلاف شرع جاننا بڑی غلطی ہی اور حقیقت میں دین کا ضعف ظاہر کرنا ہی کیونکہ جو شخص اُن دلیلوں سے آگاہ ہی وہ تو اُس پر کامل یقین رکھتا ہی پس جب اُسے یہہ معلوم ہوا کہ یہہ مخالف شرع کے ہی تو وہ اُن باتوں کو غلط سمجھہ ہی نہیں سکتا اس لیئے وہ نہایت قوی اور روشن دلیلوں سے ثابت ہی ہاں شرع میں شک کرنے لگیگا اور یہہ سمجھہ کر کہ شرع بھی خوب ہی جو مخالف معقولات صحیح کے ہی منکر دین ہو جاویگا پس جو شخص شریعت کی مدد اور حمایت غلط طور سے کرتا ہی اور شریعت کو نقصان پہونچاتا ہی تو اُس ضرر کا وبال اُس شریعت کے دوست پر ہی کیونکہ شریعت میں تو درحقیقت کوئی بات خلاف معقولات صحیحہ کے نہیں ہی اُس کہنے والے کے نزدیک البتہ ہی پس اُس شریعت کے مددگار سے تو شریعت کا دشمن ہی اچھا ہی اور کہا ہی جسنے کہا ہی کہ دوست جاہل سے دانا دشمن اچھا ہی اور اگر فرض کیا جاوے کہ شریعت میں کوئی بات بظاہر مخالف اُن معقولات مسلمہ کے ہو تو تاویل اُس کی آسان ہی بہ نسبت نہ ماننے اُن امور قطعی یقینی کے اور یہہ بات کچھہ خلاف شرع نہیں ہی کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے الفاظ کی تاویل کی گئی ہی ایسی وجوہ کے سبب سے جو کہ ان دلائل عقلیہ کے برابر قوت میں نہیں ہیں تو کیونکر ان معقولات صحیحہ کی مطابقت کے لیئے وہ الفاظ تاویل نہ کیئے جاویں اور جو اس کا انکار کرے اور ایسی تاویل کو نا جایز بتاوے وہ حقیقت میں شرع کے باطل کرنے اور دین کے چھوٹے ہونے اور بد دینوں کو خوش ہونے کی راہ کھولتا ہی فمن یاخذ العلوم من الفاظ المنقولۃ والعادۃ والعمومات المخصصۃ کان الضلال علیہ اغلب مالم یویدہ بنور اللہ تعالیٰ الی ادراک العلوم علی ماہی علیہ *

غرض کہ یہہ امر بخوبی ثابت ہوگیا کہ قران و حدیث کے الفاظ سے ہمیشہ اُن کے ظاہری معنی مراد لینا ضرور نہیں بلکہ بعض حالات میں اُن کے ظاہری معنی لینا ناجایز اور منع ہی پس جو شخص کسی وجہہ اور ضرورت اور سبب سے منجملہ اُن وجوہ کے جو ہمنے بیان کیئے ظاہری معنی کسی لفظ کے نہ لے تو بے سمجھے اُسے منکر جزو قران کہنا بڑی غلطی ہی کیونکہ اُسکا اثر بہت دور تک پہونچتا ہی اور بڑے بڑے اماموں عالموں کی شان میں بھی کچھہ کچھہ داغ آتا ہی بلکہ حقیقت میں اصول شریعت کا قایم رکھنا مشکل ہوگا *

جو کہ اس پہلے امر کا بیان ہو چکا کہ الفاظ ظاہری کو اُس کے لفظی معنی پر بعض مقام پر محمول نہ کرنا تکذیب قران نہیں ہوا اس لیئے اب میں دوسرے امر کا بیان کرتا ہوں کہ اسماء موجودات سے جن کا ذکر قران میں بلاتشریح اُن کی حقیقت کے ہی وہ حقیقتہً مراد نہ لینا جو لوگوں نے سمجھہ رکھی ہو اور جس کا ثبوت کتاب و سنت سے نہ ہوتا ہو اور نہ جس کے اثبات پر سوائے اوہام و ظنون کے کوئی عقلی دلیل ہو تکذیب قران نہیں ہی *

دوسرا امر کہ اسماء موجودات کی اُس حقیقت سے انکار کرنا جس کا ثبوت کتاب و سنت سے نہوتا ہو

بہت سی چیزوں کے نام قران و حدیث میں مذکور ہیں جن کی کچھہ حقیقت بیان نہیں کی گئی مگر جیسا کہ لوگ اُن کی حقیقت

سکتے آئے یا اپنی عقل اور سمجھہ سے کچھہ اُس کی ماہیت ٹھہرائے اُسی سنتے سنتے اور دیکھتے دیکھتے وہ حقیقت اُس نام کے لفظی معنی کے طور پر تصور کی گئی یہاں تک کہ جب وہ نام لیا جاوے تو اُس سے وہی حقیقت جو ذہن میں سمائی ہوئی ہی سمجھی جاوے پس اگر کوئی اُن ناموں کو مانے مگر اُس کی اُس مفروضہ حقیقت کا منکر ہو تو وہ منکر جزو قران نہ سمجھا جاویگا کیونکہ حقیقت میں وہ حقیقت جزو قران نہیں ہی مثلاً آسمان کا جا بجا ذکر قران میں ہی لیکن اُس کی کچھہ حقیقت اور ماہیت نہیں بتائی کہ وہ کس چیز سے بنا ہی اور کیا ہی اور کتنی دور ہی اور فی نفسہ وہ کچھہ وجود جسمانی خارجی رکھتا ہی یا نہیں اور اگر رکھتا ہی تو وہ کیا ہی اور کیسا ہی جاہل تو اس نیلگوں چھت کو جو آنکھہ سے نظر آتی ہی آسمان سمجھتے ہیں اور عالم اُسے جسم کروی محیط قلوض کہتے ہیں اور جو یونانی حکمت میں اُس کی حقیقت بیان کی گئی ہی وہ آسمان کے لفظ سے مراد لیتے ہیں اور یہہ حقیقت آسمان کی اُس کے لفظ کے ساتھہ ایسی مل گئی ہی کہ آسمان کے لفظ سے وہی سمجھی جاتی ہی پس اگر کوئی اس حقیقت کا انکار کرے اور اُسے نہ مانے اور یہہ کہے کہ میں آسمان کے اوپر یقین رکھتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ وہ خدا کا بنایا ہوا ہی نہ کسی دوسرے کا مگر اُس کی وہ حقیقت نہیں مانتا جو لوگ بیان کرتے ہیں پس اُس کا انکار حقیقت میں انکار لوگوں کے بیان اور سمجھہ کا ہی نہ خدا کے کلام کا باقی رہا اُس کی حقیقت دریافت کرنا اس کے لیئے میدان تحقیقات عقلی فراخ ھی شارع کو اُس سے کچھہ تعرض نہیں

من شاء فلیقل انه جسم کروی محیط الارض و من شاء فلیقل انه مکان محیط للارض *

یا قران مجید میں جا بجا شیطان کا نام آیا ہی پس اگر کوئی اُس کے وجود سے مطلقاً منکر ہووے تو وہ تکذیب کرنے والا قران کا ہی لیکن اگر وہ اُس کے وجود کو مانے اور یہہ کہے کہ میں اُس کی اُس حقیقت کو نہیں مانتا جو لوگ بیان کرتے ہیں کہ عزازیل اُس کے باپ کا اور بتلیس اُس کی ماں کا نام تھا اور اُس کی صورت یہ ہی اور شکل ویسی ہی کیونکہ خدا نے اُس کی کچھہ حقیقت نہیں بتائی تو بھی وہ مکذب قران نہیں ہی اور چونکہ وجود سے ہمیشہ وجود جسمانی خارجی ہی مراد نہیں ہوتا پس وجود جسمانی شیطان کے انکار کرنا کفر نہیں ہی گو بڑی غلطی اور نادانی ہو میرے نزدیک نادانی کی دلیلیں جو کہ شیطان کے وجود خارجی سے منکر ہیں † ناقص ہیں اور میں اُن سے مخالف ہوں اور اُن کی سمجھہ اور فہم کی غلطی پر افسوس کرتا ہوں مگر اُن کی تاویل حشویہ اور باطنیہ کی تاویل سے زیادہ ضعیف نہیں ہی اور نہ اصول دین میں کچھہ اُس سے خلل واقع ہی پس جسطرح حشویہ اور باطنیہ پر ایسی تاویل سے اطلاق تکذیب قران نہیں ہوتا تو منکر وجود جسمانی شیطانی پر کیونکر ہوگا خصوصاً اُس حالت میں جب کہ ہمارے مذہب کے بعض محققین سابقین کا بھی یہی قول ہو مگر جو کوئی یہہ کہے کہ جو ذکر شیطان کا قران میں ہی وہ جھوٹھہ ہی نہ اُس کے معنی ہیں نہ اُس کی کچھہ حقیقت ہی نہ اُس کا کچھہ وجود ہی تو بلا شبہہ ایسا کہنے والا منکر قران اور کافر ہی لیکن تاویل کرنے والا اور وجود کی حقیقت میں اختلاف کرنے والا کافر نہیں ہی گو غلطی اور خطا پر ہو *

یا قران مجید میں جنت اور آدم اور درخت کے کھانے اور ملائکہ کے سجدہ کرنے وغیرہ کا ذکر ہی مگر اُس کی کچھہ زیادہ تر حقیقت خدا نے نہیں بتائی کہ وہ درخت کیا تھا اور کھانے سے کیا مراد ہی کوئی کہتا ہی کہ گیہوں کا درخت تھا کوئی کہتا ہی کہ اُسے کھاکر آدم کو حاجت بیت الخلاء کی ہوئی پس جس قدر کہ خارج از قران مجید اُن چیزوں کی حقیقت بیان کی گئی ہی اُس کو نہ ماننا انکار قران نہیں ہی لیکن یہہ کہنا کہ جو کچھہ بہ نسبت اس کے قران مجید میں لکھا ہی وہ صحیح نہیں ہی اور یہہ قصہ صرف فرضی اور بناوٹ ہی نہ آدم کا وجود تھا نہ شیطان کا نہ فرشتوں کا جو کچھہ قران مجید میں لکھا ہی وہ غلط ہی تو انکار نص صریح سے ہی اور محمول کرنا اُس کو امور باطنی پر اور صرف کرنا ان لفظوں کا اُس کے ظواہر سے اور بیان کرنا اُس کی حقیقت روحانی کا بھی صراحتاً غلط تاویل ہی ‡ پس ایسی تاویل بدعت ہی اور یہہ شعار فرقہ باطنیہ کا ہی اگر ایسی ہی تاویل نصوص صریحہ کی کیجاوے تو بالکل اعتبار ظاہر شریعت سے اُٹھہ جاوے اور عقاید اسلامیہ یونانی حکیموں کے سے مسئلے اور شریعت محمدیہ عیسائیوں کی سی شریعت ہو جاوے کہ ظاہر پر کوئی چیز باقی نہ رہے ہر چیز سے مراد روحانیت اور حقیقت باطنی اُس کی لی جاوے حالانکہ یہہ بالکل مخالف شریعت محمدیہ کے ہی *

† اگرچہ حق یہہ ہی کہ مدعیان وجود خارجی کو [illegible] اثبات کی دلیل لانی چاہیئے — ۱۲ منہ

‡ بشرطیکہ تاویل کرنے والا ضرورت پنجگانہ تاویل کی [illegible] ضرورت کا ہونا ثابت نہ کرسکے — ۱۲ منہ

تیسرا امر کہ آیات احکامی کے عموم حکم سے بعض صورتوں کو مخصوص اور مستثنی سمجھنا باستدلال کتاب و سنت کے انکار جزو قران نہیں ہے

اگر اُن آیات احکامی سے جن کا حکم عام ہو کوئی شخص اُن صورتوں کو مستثنی کرے جس کا ثبوت کتاب و سنت سے ہوتا ہو تو وہ تخصیص انکار جزو قران نہیں ہے اور اسی واسطے فقہا نے یہہ اصول قایم کیا ہے کہ کل عام یحتمل التخصیص بلکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے تو اخبار احاد اور قیاس سے بھی تخصیص جایز رکھی ہے مثلاً آیہ حرمت علیکم المیتۃ سے مرے ہوئے جانور حرام ہیں لیکن ٹڈی اور مچھلی اس حکم سے مستثنی ہیں پس اگر کوئی اس اصول کو نہ مانے تو وہ ٹڈی اور مچھلی کی حلت کو بھی انکار جزو قران سمجھیگا حالانکہ یہہ دو چیزیں اس حکم عام سے بہ قول شارع مستثنی کردی گئی ہیں یا فاغسلوا وجوھکم و ایدیکم سے دھونا پانوں کا فرض ہے مگر جب آدمی موزہ پہنے ہو تو اس حکم سے مستثنی ہے اور اُس پر فقط مسح کرنا کافی ہے کیونکہ مسح خفین کی حدیث نے اس صورت خاص کو اس حکم عام سے مستثنی کردیا یا کوئی شخص آیہ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ سے ذبایح اہل کتاب کو مستثنی کرے کیونکہ بہ قول حضرت ابن عباس کے جو ابو داؤد میں ہے آیہ طعام الذین اوتوالکتاب اُس کی تخصیص ہے تو ایسی تخصیص کو انکار جزو قران سمجھنا نادانی ہے اگر کسی سے اس تخصیص میں غلطی راے کی ہو جاوے تو وہ غلطی مجتہدانہ ہے نہ انکار کافرانہ جیسا کہ ترک تسمیہ کی نسبت باہم مجتہدین کے اختلاف ہیں یعنی آیہ لاتاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ سے صراحت اس کی ہے کہ جس پر خدا کا نام نہ لیا جاوے وہ ذبیحہ حلال نہیں مگر امام شافعی رحمۃاللہ علیہ کا یہہ قول ہے کہ اگر مسلمان نام خدا کا وقت ذبح کے نہ لے عمداً یا سہواً تب بھی ذبیحہ حلال ہے کیونکہ اسلام اُس کا تسمیہ کے بجاے ہے اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اگر ذبح کے وقت تسمیہ کرنا بھول جاوے تو ذبیحہ حلال ہے ورنہ نہیں پس یہہ اجتہاد عامی کی نظر میں بالکل مخالف نص قران کے ہوگا اور اگر شاید سواے ان اماموں کے اَور کوئی ایسا کہتا تو وہ اُسے منکر نص قران سمجھتا مگر حقیقت میں یہہ اجتہاد ہے نہ انکار *

اسی طرح جو شخص یہہ سمجھے کہ اہل کتاب کے ذبیحہ میں یہہ شرط ضرور نہیں کہ وہ ہماری طرح ذبح کریں بلکہ جس طرح پر وہ جانور کو مارڈالنا ذبح سمجھتے ہوں وہی ذبح ہمارے واسطے حلال ہونے کے لیئے کافی ہے اور اس سے وہ اُس جانور کو حلال جانے جس کو اہل کتاب نے گردن مروڑ کر مارڈالا ہو مگر وہ آیہ طعام الذین اوتوالکتاب اور بعض احادیث سے استدلال کرتا ہو تو گو یہہ عامی لایق نہایت افسوس کرنے کے ہے مگر حقیقت میں انکار نص نہیں ہے بلکہ تخصیص عموم حکم ایک قرانی کی ہے اور یہہ ضرور نہیں کہ جب تخصیص میں غلطی ہووے تو اُس تخصیص کرنے والے کی نسبت اطلاق انکار نص قرانی کا کیا جاوے اس لیئے ایسے شخص کی غلطی پر اطلاق انکار جزو قران نہوگا ہاں اگر وہ کہے کہ منخنقہ جایز ہے یعنی جو خود گلا گھٹ کر مرگیا ہو یا اَور کسی نے گلا گھونٹ کر مارڈالا ہو بلا قید اہل کتاب کے اور بے استدلال کتاب و سنت کے تو ایسا کہنا انکار نص ہے اور ایسا کہنے والا کافر ہے واذ لیس فلیس *

چوتھا امر یعنی اُن مسائل اعتقادی اور عملی کو جو نصوص صریحہ سے بالصراحۃ ثابت نہ ہوتے ہوں مگر بقیاسات بعیدہ اُن لفظوں سے اُن کا استنباط کیا گیا ہو واجب الیقین اور واجب العمل نہ جاننا

مسائل اعتقادی اور عملی دو قسم کے ہیں ایک وہ جو صاف صاف لفظوں سے بلا دقت ظاہر ہوں جس طرح خدا کا ایک ہونا رسول کا برحق ہونا خدا کا عالم بالجزئیات ہونا یا نماز روزہ اور حج و زکوۃ کا فرض ہونا وضو میں ہاتھ منھ کا دھونا پس ایسے مسائل اعتقادی یا عملی سے انکار کرنا حقیقت میں انکار نص قران ہے دوسرے وہ جو لفظوں سے بہ تاویل بعیدہ یا بدلایل قیاسیہ منطقیہ اور اصول مفروضہ استنباط کیئے گئے ہوں جیسا کہ یہہ مسئلہ کہ خدا خالق خیر و شر ہے بندہ یا قران مخلوق ہے یا غیر مخلوق فرشتے انسان سے افضل ہیں یا انسان اُن سے مسائل خلافت اور امامت اور رویت باریتعالی وغیرہ کے ان مسائل میں سے کوئی مسئلہ صراحتاً ثابت نہیں کسی نے کچھہ سمجھا ہے کسی نے کچھہ اور بلا شبہہ بعض صواب پر اور بعض غلطی پر ہیں لیکن حقیقت میں کوئی اُن میں سے منکر قران اور کافر نہ سمجھا جاویگا اور جو لوگ یہہ خیال کرتے ہیں کہ اشاعرہ کے مسائل اعتقادیہ کا نہ ماننا یا ماتریدی مذہب کے عقاید کا معتقد نہ ہونا انکار قران ہے وہ اُن کی غلطی ہے کیونکہ اسلام کو

[illegible] کے معتقدات پر ہی نہ منا تردیدی کے مسائل پر بلکہ ایمان [illegible] جو خدا نے فرمایا اور اُس کے رسول نے اور یہہ لوگ اُن کے [illegible] جہاں تک وہ صواب پر ہیں ہم سمجھینگے جہاں [illegible] بھول چوک ہوگئی اُسے واجب القبول نہ سمجھینگے ٭

اسی طرح اُن مسائل فروعی کا حال ہی جو متعلق حلت و حرمت اشیاء کے ہوں یا متعلق اَوْر باتوں کے کہ اگر وہ صاف صاف قرآن سے ثابت نہیں تو اُس کا نہ ماننا انکار جزو قرآن نہیں ہی مثلاً کچھوہ مینڈک وغیرہ کو جنہوں نے یہہ سمجھہ کو حرام قرار دیا ہی کہ وہ خبائث میں داخل ہیں اور خبائث بموجب حکم آیہ و یحرم علیہم الخبائث کے وجہہ حرمت کی ہی پس یہہ کوئی حکم صریح نہیں ہی تو اگر کوئی اُس شے کو خبیث نہ جانے اور اس کی حلت کا قایل ہو تو حقیقت میں یہہ انکار اُس شے کی خباثت سے ہی نہ انکار حرمت خبائث سے جس کا ثبوت نص سے ہوتا ہی یا اگر کوئی کتب قدیمہ مقدسہ میں تحریف لفظی کا قایل نہو تو وہ منکر قرآن نہیں ہی کیونکہ وہ تحریف لفظی جس کا دعوی کیا جاتا ہی ایسے صریح لفظوں سے ثابت نہیں ہی جس کا انکار انکار نص ہو پس جو شخص تحریف کا تو قایل ہو مگر تحریف لفظی کا نہو منکر قرآن نہیں ہی جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور امام محمد ابن اسمعیل بخاری اور چند محققین مثل شاہ ولی اللہ وغیرہ کے منکر تحریف لفظی کے ہوئے ہیں ٭

بلکہ بعضوں نے تو یہاں تک تصریح کی ہی کہ اُن باتوں کو جو کہ متعلق اُن اصول عقاید کے نہیں ہیں جن کا ثبوت اجماعاً نہیں اگر تاویلاً کوئی نہ مانے اور کچھہ اَوْر معنی لے تو وہ بھی منکر قرآن نہیں ہی جیسے کہ بعضوں نے چاند و سورج سے آیہ ہذا ربی میں جو حضرت ابراہیم نے کہا تھا جواہر نورانیہ ملکیہ مراد لی ہی یا القِ ما فی یمینک اور فاخلع نعلیک سے ماسوے اللہ اور کونین مراد ہیں اور محققین نے لکھہ دیا ہی کہ یہہ اصل نص کا انکار نہیں ہی ٭

پانچواں امر یعنی لوگوں کے کہے ہوئے معنوں کو اور اُن زاید باتوں کو جو تفسیروں میں داخل ہیں نہ ماننا

اس کی تصریح کی مجھے کچھہ زیادہ ضرورت نہیں ہی مستفتی کو اگر خواہش ہو تو میرا مضمون تفسیر کا جو تہذیب الاخلاق میں چھپا ہی ملاحظہ کرلے ٭

غرض کہ جو صورتیں میں نے اوپر بیان کیں ان سات میں سے کسی میں زید منکر جزو قرآن نہ سمجھا جاویگا ٭

جو کہ بہ نسبت انکار جزو قرآن کے میں اپنے جواب کی شرح لکھہ چکا اب بہ نسبت روایت حدیث کے کہ بالالفاظ ہی یا بالمعنی کچھہ بحث لکھتا ہوں ٭

روایت حدیث

اگرچہ مقصود اصلی میرا اس مقام پر صرف تحقیق کرنا اس امر کا ہی کہ آیا روایت احادیث کی بالالفاظ ہی یا بالمعنی مگر میں حدیث کی تدوین اور روایت اور درایت وغیرہ سے بہ تفصیل بحث کرنا مناسب سمجھتا ہوں تاکہ حقیقت تصدیق و تکذیب حدیث کی بھی بخوبی ظاہر ہو جاوے اور لوگوں کے شبہات اچھی طرح سے دور ہو جاویں اس لیئے اس مضمون کو چند بحثوں میں لکھتا ہوں ٭

اول کیفیت احادیث کی روایت کی قبل تالیف ہونے کتب احادیث کے ٭

دوسرے تاریخ اور مختصر کیفیت کتب احادیث کی تالیف کی ٭

تیسرے تنقیح اس امر کی کہ روایت حدیث کی بالالفاظ ہی یا بالمعنی ٭

چوتھے بیان اس کا کہ سب احادیث صحیحہ مفید یقین ہیں یا نہیں ٭

پانچویں تحقیق اس بات کی کہ کل احادیث کتب صحاح کی صحت بہ مرتبہ یقین ثابت ہی یا نہیں ٭

پہلی بحث بہ نسبت کیفیت احادیث کی روایت کی قبل تالیف ہونے کتب احادیث کے

یہہ بات بخوبی ثابت ہی کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کے زمانہ میں سواے قرآن مجید کے احادیث کے لکھنے کا دستور نہ تھا اور وہ چند وجوہ سے کتابت احادیث کو پسند نہ کرتے تھے اولاً اسلیئے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کی باتیں تین قسم کی ہوتی تھیں ایک وحی دوسرے غیر وحی متعلق امور دین کے تیسرے غیر متعلق امور دین کے پس جو وحی تھی وہ لکھی جاتی اور اُسی کا نام قرآن ہی اور جو باتیں غیر وحی کی تھیں وہ ایک قسم کی نہ تھیں بعض مستند بالہام بعض مستند باجتہاد اور پھر بعض متعلق امور جزئیات کے اور بعض متعلق معاملات اور قضایاے خاص کے اور بعض منتج ایجاب و تحریم کے اور بعض موثر ندب و کراہت کے اور بعض علی سبیل العبادۃ اور بعض علی سبیل العادۃ پس ان باتوں کا صحابہ موافق اپنے اپنے فہم کے قرینہ مقام اور ضرورت وقت پر نظر کرکے خیال رکھتے اور اُس سے تفریع احکام کرتے اور جو باتیں امور دین سے متعلق نہ ہوتیں بلکہ اُمور دنیاوی سے علاقہ رکھتیں اُس کی نسبت تو

سوال و جواب

خود آنحضرت صلعم نے فرمادی رکھا تھا کہ انتم اعلم بامور دنیاکم کہ تم لوگ اپنے دنیا کے کاموں کو مجھہ سے زیادہ جانتے ہو اُس کو صحابہ دینی مسائل سے جدا سمجھتے تھے پس یہہ خیال اس کے کہ اگر یہہ سب باتیں لکھی جاویں تو التباس دینی مسائل کا دنیاوی امور سے اور شرعی احکام کا امور عادی سے ہوگا صحابہ نے جمع کرنا اور لکھنا حدیثوں کا پسند نہیں کیا ہوسرے کل صحابہ ہر وقت اور ہمیشہ صحبت نبوی میں حاضر نہیں رہتے تھے اور وہ باتیں جو حضرت فرماتے اور وہ کام جو آپ کرتے نہ سب اپنے کانوں سے سنتے نہ اپنی آنکھہ سے دیکھتے بلکہ جو حاضر صحبت ہوتا وہ سنتا اور دیکھتا اور پھر اُس کی نقل اور روایت سے اَوروں کو علم ہوتا اور چونکہ نقل اور روایت کی صحت پر درجہ یقین کا نہیں ہوسکتا اس لیئے حدیثوں کے جمع کرنے اور لکھنے سے صحابہ نے احتراز کیا بلکہ بعض احادیث سے ثابت ہوتا ہی کہ خود آنحضرت نے فرما دیا تھا کہ سوائے قرآن کے مجھہ سے اَور کچھہ نہ لکھو اور اسی واسطے بعد وفات آں حضرت کے بھی صحابہ تحریر احادیث سے مانع رہے اور اگر بعض صحابہ نے کچھہ لکھا تو انہیں خیالوں سے اُسے مٹا دیا اور اپنے لکھے ہوئے کو قبل از وفات جلادیا چنانچہ کوئی عالم ہمارے یہاں کا اس سے انکار نہیں کرسکتا کیونکہ اس کا ثبوت کتب اور روایات سے بخوبی ہوتا ہی چنانچہ میں چند اقوال بطور نمونہ کے بیان کرتا ہوں *

ایک مرتبہ زید بن ثابت کے پاس بہت سے لوگ آئے اور کہا کہ آپ کچھہ حدیثیں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمکو سنائیئے اُنہوں نے جواب دیا کہ جب آں حضرت پر وحی نازل ہوتی تو مجھے آپ بلاتے اور میں لکھہ لیتا اور باقی پیغمبر خدا کے سامنے جب دنیا کا ذکر ہوتا وہ ہمارے ساتھہ اُس کی باتیں کرتے جب آخرت کا ذکر ہوتا وہ اُس کا ذکر کرتے جب کھانے پینے کا ذکر آتا آں حضرت بھی اُس کی باتیں کرتے پس کیا ان سب باتوں کا ذکر میں تم سے کروں اور یہہ سب حدیثیں تمہیں سناؤں اور نیز حدیث شریف میں آیا ہی

کہ اذا امرتکم بشئی من دینکم فخذوا بہ و اذا امرتکم بشئی من رای فانما انا بشر ہ جب میں کوئی حکم متعلق امور دین کے دوں تم اُس کو لو اور جب کوئی کام دنیا کا بتاؤں اپنی رائے سے تو میں بھی بشر ہوں اور محب طبری نے ریاض النضرۃ میں اور ملا علی متقی نے کنز العمال میں اور حافظ عماد الدین نے مسند صدیق میں بروایت حاکم ابو عبداللہ نیشاپوری کے حضرت عایشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی روایت سے یہہ لکھا ہی کہ میرے والد یعنی حضرت ابو بکر صدیق نے پانچ سو حدیثیں پیغمبر خدا صلی علیہ و سلم کی جمع کی تھیں پس ایک شب وہ نہایت بے چین ہوئے اور حد سے زیادہ مغموم میں نے پوچھا کہ پریشانی کا سبب کیا ہی تو آپ نے کہا کہ وہ حدیثیں جو میں نے جمع کی تھیں لے آ جب میں لے گئی تو آگ منگا کر اُنہیں جلا دیا جب میں نے اس کا سبب پوچھا تو کہا کہ مجھے اندیشہ ہی کہ شاید میں مرجاؤں اور یہہ حدیثیں میرے پاس رہ جاویں اور شاید میں نے اعتبار اُن آدمیوں کا روایت میں کیا ہو جو در حقیقت اعتبار نہیں اور وثوق اُن باتوں کا کرلیا ہو جو در اصل صحیح نہیں اور یہہ بھی لکھا ہی کہ ایک شخص عبداللہ بن عباس کے پاس کتاب لکھکر اصلاح کے لیئے لایا آپ نے اُسے لیکر پانی سے دھو ڈالا غرضکہ صحابہ نے یا بوجہہ احتیاط کے یا بوجہہ اس کے کہ اُن کو چنداں ضرورت تالیف و تدوین کی نہ تھی اور جو کچھہ اُنہوں نے بلا واسطہ خود شارع کی زبان سے سنا تھا یا کرتے دیکھا تھا اُسے پیش نظر رکھتے تھے احادیثوں کے جمع کرنے پر توجہہ نہ کی اور بعد اس کے تابعین کے زمانہ میں بھی اُس کی نوبت نہ آئی اور سنہ ۱۴۳ ہجری تک ایک نے دوسرے سے اور دوسرے نے تیسرے سے زبانی روایت پر قناعت کی مگر بعد اُس کے ضرورت تدوین اور تالیف کی ہوئی چنانچہ اُسکی مختصر کیفیت یہہ ہی *

دوسرا بیان بہ نسبت تاریخ اور مختصر کیفیت کتب احادیث کی تالیف کے

موافق قول خطیب بغدادی کے اول تالیف امام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج بصری نے جو سنہ ۱۵۵ ہجری میں مرے کی اور بعض کہتے ہیں کہ اول مولف ابو نصر سعید بن ابی عروبہ ہیں جو سنہ ۱۵۶ ہجری میں مرے اور بقول ابو محمد رامہرمزی کے ربیع ابن صبیح نے اول تالیف کی اور پھر بعد اس کے سفیان بن عیینہ اور مالک بن انس نے مدینہ منورہ میں اور عبداللہ بن وہب نے مصر میں اور معمر اور عبدالرزاق نے یمن میں اور سفیان ثوری اور محمد بن فضیل بن غزوان نے کوفہ میں اور حماد بن سلمہ اور روح بن عبادہ نے بصرہ میں اور ہشیم نے واسط میں اور عبداللہ بن مبارک نے خراسان میں کتابیں لکھیں اور جو حدیثیں اُن کو ملیں اُنہیں جمع کیا اور جب تالیف کا قاعدہ جاری ہوا تب بہت سے لوگ اس طرف جھکے اور مختلف طور سے مختلف غرضوں کیواسطے کتابیں لکھنے لگے یہاں تک کہ نوبت محمد اسماعیل بخاری اور مسلم رحمۃ اللہ علیہما کی آئی اور اُنہوں نے اعلی درجہ کی کوشش جمع کرنے میں حدیث کے کی فعلیہما رحمۃ اللہ الی یوم القیامۃ *

پس سنہ ۱۴۳ ہجری سے لیکر اس زمانہ تک ہزار ہا کتابیں حدیث کی تالیف ہوئیں اور مختلف غرضیں اُن تالیفات کا سبب ہوئیں کہ اُن سب کتابوں پر کتب احادیث کا اطلاق کیا جاتا ہی اور

جو کچھہ اُس میں لکھا ہے اُس پر حدیث کی نسبت کی جاتی ہے [illegible] تک کہ تحقیق مطلقاً نہ کی جاوے تب تک جو قول اُس [illegible] لکھا ہے قول رسول اور جو بات اُس میں لکھی ہے [illegible] منسوب بشارع سمجھی جاتی ہے اور یہی امر ضلالت اور غلطی اور [illegible] کا پیش خیمہ ہے اور ایک عالم کو اسی دھوکے نے گرداب بلا میں ڈال [illegible] *

پس سب سے اول اس امر کو سمجھنا ضرور ہے کہ ہر مصنف اور ہر کتاب مستند نہیں ہے اور ہر قول قول رسول اور ہر حدیث حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ نہیں ہے بلکہ محدثین اور احادیث کی کتابوں کی مختلف صورتیں ہیں چنانچہ علاوہ صحاح کے میں اور کتب احادیث کے درجات کی کچھہ مختصر کیفیت بیان کرتا ہوں *

بعض کتابیں حدیث کی وہ ہیں جنکو مسانید اور جوامع اور مصنفات کہتے ہیں جو کہ بخاری و مسلم کے زمانہ میں یا اُس سے پہلے لکھی گئیں اور وہ صحیح اور حسن اور ضعیف اور معروف اور غریب اور شاذ اور منکر اور خطا اور صواب اور ثابت اور مقلوب کا مجموعہ ہیں اور جنکے بعد تالیف کی کچھہ شہرت بھی نہیں ہوئی اور جنکی پیچھے کسونے کچھہ خبر نہ لی یعنی نہ کسونے شرحیں اُنکی لکھیں نہ کسونے اُنکی تطبیق مذاہب سے کی نہ کسینے اُن کے رجال کی تحقیقات کی مثل مسند ابو علی اور مصنف عبدالرزاق اور مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ اور مسند عبد بن حمید اور طیالسی اور کتب بیہقی اور طحاوی اور طبرانی کے کہ اُنہوں نے جو کچھہ پایا وہ بھر دیا نہ اُسے چھانٹا نہ صحیح کو غلط سے جدا کیا پس ان کتابوں کے اقوال پر عمل کرنا یا اُنکو ماننا اُسی کا کام ہے جو کہ محقق ہو اور جو صحت اُس کی ثابت کرے جیسا کہ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے فلیستا بمحل للعمل علیہ والقول بہ الا النحاریر الجہابذۃ الذین یحفظون اسماء الرجال و علل الاحادیث نعم ربما یوخذ منہا المتابعات والشواہد و قد جعل اللہ لکل شئی قدرا *

اور اُن سے زیادہ نامعتمد وہ کتابیں ہیں جو بہت پیچھے تالیف ہوئیں اور وہ باتیں جو واعظوں کی زبانوں پر تھیں اور وہ خبریں اور قصے جو یہودیوں سے سنکر لوگوں نے یاد کرلیئے تھے اور وہ حکیموں کی باتیں جنھیں لوگوں نے یونانیوں سے سیکھا تھا یا وہ رائیں جو قرآن و حدیث کے لفظوں سے استنباط کی گئی تھیں عمدا یا سہوا حدیثوں میں داخل کردی گئیں اور یہہ سب صاحب الوحی کی طرف منسوب ہوگئیں مثل کتب خطیب اور ابی نعیم اور جورقانی اور ابن عساکر اور ابن نجار اور دیلمی وغیرہ کے کہ اُنکی صحت کا اعلی درجہ یہہ ہے کہ حدیث ضعیف ہو جس میں احتمال صحت کا ہو اور [illegible] یہہ ہے کہ موضوع ہو اور کوئی تہمت ہو اور یہی کتابیں دست آویز اُن لوگوں کی ہیں جو جادۂ حق سے منحرف ہوگئے اور سنت کی راہ چھوڑکر رافضی اور معتزلی بنگئے کہ وہ اپنے مذہبوں کے اثبات اور اہل حق کے الزام دینے کے لیئے انہیں کتابوں کی روایت پیش کرتے ہیں اور جو محقق نہیں ہیں وہ دھوکہ کھا جاتے ہیں ان سب باتوں پر ایک خرابی اَور مستزاد ہوئی کہ بعض شخصوں نے بزمانہ مطالعہ علم حدیث کا حاصل کرکے احادیث صحاح و حسان کی روایت کرنی شروع کی مگر اُسی درمیان میں اپنے عقاید باطلہ کو اُسی اسناد سے جو اُنہوں نے یاد کررکھی تھی روایت کردیا اور اکثر محدثین نے دھوکہ کھایا جیسا کہ جابر جعفی اور ابوالقاسم سعد بن عبداللہ اشعری قمی ہوا ہے کہ یہہ ایسے اُستاد پرکار ہوشیار تھے کہ حقیقت میں تو رافضی تھے مگر بہت سے محدثین کو دھوکہ دیا اور غلط حدیثوں کو بصورت صحیح کے بناکر اُن کو اُس کی صحت کا یقین دلادیا یہاں تک کہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے جابر جعفی کی حدیثوں کو اپنی کتابوں میں نقل کردیا یا اصلح شامی ایک شیعہ کی جسنے بیخ و بن دین سنیوں کے اکھاڑنے کی تدبیر کی تھی یحیی بن معین سے محقق نے توثیق کی اور اُس پر اعتماد کیا یہاں تک کہ آخر بعد تحقیق کے یہہ حال کھلا اور اِن فریبیوں کا فریب ظاہر ہوا لیکن جو کہ وہ روایتیں اُن کی حدیثوں کی کتابوں میں لکھہ گئیں اس لیئے اکثر آدمیوں کو دھوکہ ہوتا ہے اور حدیث کا نام سنکر اُن کے اعتقاد میں خلل پڑتا ہے اور واقع میں نہ وہ حدیث ہے نہ قول پیغمبر بلکہ ایک مفتری جھوٹے مکار کا لطیفہ ہے *

علاوہ اس کے یہہ امر بھی یاد رکھنے کے لایق ہے کہ صدر اول مجتہدین کے زمانہ میں راویوں کے حالات کی بہت زیادہ تحقیقات نہیں ہوئی اور جرح و تعدیل کی نوبت نہیں آئی اس واسطے بہت لوگوں کو حدیثوں میں دھوکہ ہوا اور غلط اقوال کو احادیث صحیح سمجھہ لیا یہاں تک کہ اُسی پر بعض نے احکام کی تفریع بھی کی بلکہ موضوع حدیثوں کو بھی غلطی سے مان لیا یہاں تک کہ جب اسکا حال کھلا تب راویوں کے حالات تحقیق کرنے اور جرح و تعدیل سے بحث کرنے کی ضرورت معلوم ہوئی اور فن رجال میں تالیف شروع ہوئیں چنانچہ اول ابن سعد نے ایک کتاب اسماءالرجال میں لکھی اور طبقات ابن سعد اُسکا نام رکھا اور اسمعیل بخاری اور ابن ابی خیثمہ نے اپنی اپنی تاریخوں میں اور ابن ابی حاتم نے کتاب جرح و تعدیل میں کچھہ کچھہ حالات راویوں کے لکھے مگر اُس پر بھی رجال کا حال مشتبہ رہا یہاں تک کہ آخر ابن حبان اور ابن شاہین نے ثقات کو اور ابن عدی اور ابن حبان نے ضعفا کو علحدہ علحدہ کتابوں میں جمع کیا اور بعد اُس کے بعضوں نے خاص خاص کتابوں کے رجال کی تحقیق میں علحدہ علحدہ کتابیں لکھیں جیسا کہ ابو نصر کلابادی اور ابوبکر

بن منجویہ اور ابوالفضل بن طاہر نے صحیح بخاری کے رجال کی نسبت اور ابوعلی نے ابو داؤد کے راویوں کی نسبت اور عبدالغني مقدسی نے صحاح ستہ کی رواۃ کی نسبت کتاب لکھی جس کا نام کتاب الکمال رکھا پھر اُس کے بعد اَوروں نے اسے پورا کیا یہاں تک کہ آخر تہذیب الکمال اور تہذیب التہذیب میں ان سب دفتروں کا خلاصہ جمع کیا گیا *

جس طرح فن اسماءالرجال کی تالیف ایک زمانہ دراز کے بعد ہوئی اسی طرح فن درایت میں بھی اول اول کوئی کتاب نہیں لکھی گئی مگر جب حدیث کی نقل و روایت کی کثرت ہوئی اور صحیح اور غلط کا التباس ہوگیا تب فن درایت کی تالیف کرنے کی ضرورت ہوئی چنانچہ سب سے اول قاضی ابو محمد حسن بن عبدالرحمن رامہرمزی نے ایک چھوٹی سی کتاب لکھی بعد اُس کے حاکم ابو عبداللہ نیشاپوری نے اصول حدیث میں ایک کتاب تالیف کی مگر وہ بھی پوری نہ تھی کہ اُس کے بعد ابو نعیم اصبہانی نے کچھ اَور مسائل اُس پر بڑھائے بعد اُس کے خطیب ابوبکر بغدادی نے اصول روایت میں ایک کتاب لکھی جس کا نام کفایہ ہی پھر ایک دوسری کتاب تحریر کی جسکا نام جامع رکھا آخر کو قاضی عیاض نے اُسے پورا کرنا چاہا اور ایک کتاب لکھی جس کا نام الماع ہی اور اسی طرح ابوحفص اور حافظ ابوعمرو و عثمان ابن صلاح نے رسالے لکھے اور بعدہ بہت سے عالموں نے اپنی اپنی قابلیت دکھائی اور بہت سی کتابیں تالیف کیں *

یہہ مختصر کیفیت حدیث کے جمع ہونے کی ہی پس کہاں ہی دیدہ بینا اور گوش شنوا کہ اس تحقیقات کو دیکھے اور اُس سے فائدہ اُٹھاوے اب تو اسلام کا مدار اس پر آ رہا ہی کہ چٹائی کی جانماز بغل میں اور مولود کا رسالہ ہاتھہ میں ہی اور جو اُن قصوں کہانیوں کو نہ مانے اُس پر تکفیر کا حکم جاری ہی حدیث وہ بات ہی جو کسی کتاب میں لکھی ہو قول رسول وہ قول ہی جس کے شروع پر قال رسول‌اللہ صلی‌اللہ علیہ و سلم تحریر ہو نہ کسی کو تحقیق کی خواہش کہ تنقیح کی آرزو بلکہ کافر ہی وہ جو تحقیق پر مستعد ہو منکر نبی ہی وہ جو اُس کے اقوال کو اَوروں کی باتوں سے جدا کرنے پر متوجہہ ہو کیا خوب ہی یہہ اسلام اور کیا اچھا ہی یہہ ایمان *

گر مسلمانی ہمیں است کہ حافظ دارد
وائے گر در پس امروز بود فردائے

تیسری بحث بہ نسبت تنقیح اس امر کے کہ روایت حدیث کی بالفاظ ہی یا بالمعنی

جب سے کہ حدیث کی تدوین اور کتابت کا قاعدہ جاری ہوا تب سے الفاظ کی تصحیح اور اقوال کے ضبط اور روایت کی بلفظہ نقل کا ہونا مسلم ہی اور بلا شبہہ اُس وقت سے محدثین اور جامعین کتب احادیث نے نہایت احتیاط اور سچائی اور راستی اور دیانت سے لفظوں کو نقل کیا ہی اور اگر راویوں کی روایت میں اختلاف لفظوں کا ہوا ہی اُس کو بھی اکثر اپنی تالیفات میں لکھہ دیا ہی لیکن اس سے پہلے کا ہی اُس کی نسبت اگر کوئی روایت [illegible] کرے تو وہ ثابت نہیں ہوسکتا نہ عقلاً نہ نقلاً *

عقلاً اس وجہہ سے کہ جو کچھہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے اُسے سننے والے سنکر یاد رکھتے پس جو لفظ آنحضرت کی زبان مبارک سے نکلتے اور جس نظم و ترتیب سے بہ تقدیم و تاخیر کلمات آں حضرت تقریر فرماتے اُس کا ایک دفعہ میں سنکر بلفظہ یاد کرلینا تو کسی طرح قیاس میں نہیں آتا اور نہ شاید کوئی شخص کسی بشر کی نسبت ایسا خیال کرسکتا ہی اور پھر جبکہ یہہ خیال کیا جاوے کہ سننے والے صرف وہی لوگ نہ تھے جو ذہن اور حافظہ اور علم کی سمجھہ میں کامل تھے اور جو روایت اور فقہ میں معروف تھے بلکہ ایسے بھی تھے کہ جو روایت اور فقہ میں مشہور نہ تھے اور جنکو بات کے سمجھنے میں بھی خطا کی ہی † پس کیا کوئی آدمی یہہ کہہ سکتا

† ماہرین کتب حدیث پر روشن ہی کہ طبقہ اولی کے لوگوں سے بھی ایسی غلطیاں ہوئیں ہوں چنانچہ میں چند حدیثوں کا بہ طور تمثیل کے بیان کرتا ہوں ایک مرتبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم چلے جاتے تھے کہ ایک یہودیہ مرگئی تھی اور لوگ اُس کے رو رہے تھے آں حضرت نے فرمایا کہ وہ تو قبر میں مبتلاے عذاب ہی اور یہہ لوگ رو رہے ہیں مگر عبداللہ بن عمر کا یہہ قول تھا کہ مردہ کو بہ سبب رونے والوں کے عذاب ہوتا ہی جب حضرت عایشہ نے یہہ سنا تو یوں فرمایا کہ " یغفراللہ لابي عبدالرحمن اما انہ لم یکذب ولکنہ نسي او اخطاء انما مر رسول اللہ صلی‌اللہ علیہ وسلم علی یہودیۃ یبکي علیہا فقال انہم یبکون علیہا و انہا لیعذب في قبرہا " کہ خدا ابن عمر کو بخشے وہ جھوٹھہ نہیں کہتے مگر وہ بھول گئے یا اُن سے چوک ہوگئی اصل حال اس کا یہہ ہی پھر اُنھوں نے اصل حال اُس کا بتا دیا (بخاری و مسلم)

۲ موسی بن طلحہ سے روایت ہی کہ کسی نے حضرت عایشہ رضي اللہ عنہا سے کہا کہ ابن عمر کہتے ہیں کہ " موت‌الفجاءۃ سخطۃ علی المومنین فقالت یغفراللہ لابن‌عمر انما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موت‌الفجاءۃ تخفیف علی‌المومنین و سخطۃ علی‌الکافرین " کہ موت مفاجات سختی ہی اوپر مومنوں کے تو حضرت عایشہ نے فرمایا کہ خدا بخشے ابن عمر کو پیغمبر خدا نے تو یہہ فرمایا ہی کہ موت مفاجات تخفیف ہی مومنوں پر اور سختی ہی کافروں پر —

۳ جلال‌الدین سیوطی نے رسالہ عین الاصابہ میں لکھا ہی کہ حضرت ابوہریرہ نے کہا کہ جس نے مردہ کو غسل دیا اُس پر بھی غسل لازم ہی جب حضرت عایشہ نے سنا تو فرمایا " او ینجس موتی‌المسلمین " کہ کیا کہیں مردے مسلمانوں کے بھی نجس ہوجاتے ہیں —

سوال و جواب

یکم ربیع الثانی سنہ ۱۲۸۹ ہجری

سوال و جواب

ہی کہ وہ لاکھوں آدمی جو آں حضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے گرد جمع رہتے تھے سب کے سب ایسے قوی الحافظہ تھے کہ ایک دفعہ جو بات سنتے اُسی نظم و ترتیب سے بلفظہ یاد کرلیتے اور کبھی بھول چوک اُنسے نہو سکتی ایسا دعوی سواے اُن لوگوں کے کہ جن کو عوام اہل السنت کہتے ہیں کوئی نہیں کرسکتا نہ ہمارے مذہب کے محققین نے کیا ہی اور پھر اگر اس طبقہ کے لوگ اپنی سنی سنائی باتوں کو لکھہ لیتے اور کتابوں میں جمع کردیتے تو بھی الفاظ کی صحت کا ظن ہوسکتا تھا مگر جبکہ اُس طبقہ نے ایسا نہیں کیا اور حدیثوں کو نہیں لکھا اور اگر کسی نے لکھا اور اُس نے اُسے معدوم کردیا تو کیونکر قیاس میں آسکتا ہی کہ دوسرے طبقہ نے جس نے پہلے طبقہ سے حدیثوں کو زبانی سنا اُن کے لفظوں کو یاد کرلیا ہو اور اسی طرح سے دوسرے سے تیسرے نے اور تیسرے سے چوتھے نے جو کچھہ سنا بلفظہ یاد رکھا اور پھر جب یہہ خیال کیاجاوے کہ احادیث کی نقل میں بہت سے واسطے ہوگئے اور آٹھہ آٹھہ دس دس آدمیوں سے بھی زیادہ راویوں کے سلسلے بیچ میں آگئے اور قریبًا سو برس تک وہ جمع نہیں کی گئیں تو کیونکر یہہ بات مانی جاوے کہ جو لفظ آں حضرت کی زبان مبارک سے نکلے تھے وہی لفظ باوجود ان واسطوں کے اور باوصف اس تسلسل کے بجنسہ باقی رہے ہاں یہہ بات وہی آدمی تسلیم کرسکتا ہی جو کہ تمام راویوں کو اور سب ناقلین احادیث کو مثل پیغمبروں اماموں کے نقل اور روایت میں غلطی سے معصوم جانے اور سب کی نسبت اعجاز و کرامات کا معتقد ہووے *

لیکن ہم ایسا اعتقاد بھی رکھتے اگر حدیثوں کے الفاظ خود ہمارے اس اعتقاد کو غلط اور باطل نہ کردیتے مگر جب ہم دیکھتے ہیں کہ ایک ہی مضمون کی حدیث جو کئی راویوں سے منقول ہی اُس کے الفاظ اور عبارت میں اختلاف ہی تو کیونکر ہم کہہ سکتے ہیں کہ روایت حدیث کی بالالفاظ ہی پھر اگر ہم دیکھتے کہ ہمارے مذہب کے عالموں نے احادیث کی روایت کو بالالفاظ مانا ہی تو بھی اجماع کے خوف سے روایت بالالفاظ کا اقرار کرتے اور جو بات عقلًا محال ہی اُسے بے سمجھے بوجھے مان لیتے مگر ہمارے عالموں میں سے جتنے محققین گذرے ہیں اُنہوں نے بھی ایسا دعوی نہیں کیا بلکہ نہایت دانشمندی اور عقل سے اصول حدیث کی تنقیح کرکے یہہ قاعدہ ٹھہرایا ہی کہ احادیث کی روایت بالالفاظ جایز ہی اور بعضوں نے تو صاف لکھدیا ہی کہ احادیث کی روایت بالالفاظ پر کسی طرح یقین نہیں *

---

۴ طبرانی نے لکھا ہی کہ ابوہریرہ نے کہا کہ "من لم یوتر فلاصلوۃ لہ" کہ بے وتر کے نماز نہیں ہوتی جب حضرت عایشہ نے یہہ سنا کو فرمایا کہ کسنے آں حضرت سے ایسا سنا ہی ابھی تو کچھہ زمانہ نہیں گذرا کہ ہم بات پیغمبر کی بھول گئے آپ نے تو یہہ فرمایا تھا کہ "من جاء بصلوۃ الخمس یوم القیمۃ حافظا علی وضوئہا و مواقیتہا و رکوعہا و سجودہا ولم ینقص منہ شیئاً کان لہ عنداللہ عہدا ان لایعذبہ الخ" اب دیکھنا چاہیئے کہ کسقدر فرق سمجھہ میں ابوہریرہ کے ہوا اور کہا کا کیا سمجھے —

۵ ابوسلمہ بن عبدالرحمن سے عین الاصابہ میں یہہ روایت ہی کہ اُنہوں نے حضرت عایشہ سے کہا کہ " ان جابر بن عبداللہ یقول الماء بالماء فقالت اخطاء جابر ان رسول اللہ قال اذا جاوز الختان الختان فقد وجب الغسل " یعنی جابر کا یہہ قول تھا کہ جب پانی نکلے تب پانی واجب ہوتا ہی یعنی غسل بعد منی نکلنے کے واجب ہوتا ہی حضرت عایشہ نے فرمایا کہ جابر نے اسمیں خطا کی ہی پیغمبر خدا نے فرمایا ہی کہ بعد ادخال کے غسل واجب ہوتا ہی دیکھنا چاہیئے کہ اصل بات کے سمجھنے میں کسقدر فرق ہوا —

۶ بخاری میں حضرت ابن عمر سے منقول ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی لڑائی ختم ہونے کے بعد کافران مقتول کی طرف متوجہہ ہوکر کہا کہ "ہل وجدتم ما وعد کم حقا ثم قال انہم الآن یسمعون ما اقول فذکر ذلک لعائشۃ فقالت انما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہم لیعلمون الآن ماکنت اقول لہم حق" کہ تمنے پایا جو کچھہ خدا نے تم سے وعدہ کیا تھا اور پھر فرمایا کہ اب وہ میری باتوں کو سنتے ہیں مگر جب حضرت عایشہ نے یہہ سنا تو آپ نے کہا کہ نہیں پیغمبر خدا نے یہہ فرمایا تھا کہ اب اُنکو معلوم ہوگیا کہ جو کچھہ میں اُن سے کہتا تھا وہ سچ ہی تو اب دیکھنا چاہیئے کہ دونوں باتوں میں کسقدر فرق ہی —

۷ مکحول سے روایت ہی کہ کسی نے حضرت عایشہ سے کہا کہ ابوہریرہ کہتے ہیں کہ تین چیزوں کی منحوسی لی جاتی ہی گھر میں عورت میں گھوڑے میں حضرت عایشہ نے کہا کہ ابوہریرہ کو یاد نہیں رہا وہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آں حضرت یہہ فرما رہے تھے کہ " قاتل اللہ الیہود یقولون الشوم فی ثلاثۃ فی الدار و المراۃ و الفرس" کہ خدا یہودیوں کو مارے وہ کہتے ہیں کہ منحوسی تین چیزوں میں لی جاتی ہی گھر اور عورت اور گھوڑے میں مگر ابوہریرہ نے اخیر کے لفظ سنے اول کے لفظ نہیں سنے —

۸ شیخ جلال الدین سیوطی نے رسالہ عین الاصابہ میں لکھا ہی کہ ابوہریرہ نے کہا کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ ایک عورت نے ایک بلی کو نہ پانی دیا نہ کھانا نہ اُسے چھوڑا کہ وہ مرگئی اس لیئے خدا نے اُسے عذاب دوزخ کا دیا تو حضرت عایشہ نے فرمایا کہ خدا کے نزدیک مومن کی ایسی عزت نہیں ہی کہ ایک بلی کے پیچھے اُسے دوزخ میں ڈالے وہ عورت کافرہ تھی اور یہہ کہکر کہا کہ ابوہریرہ ذرا سمجھکر پیغمبر خدا کی حدیث کی روایت کیا کرو —

۹ اور پھر اُسی کتاب میں لکھا ہی کہ حضرت ابوہریرہ نے کہا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ اگر کسی کے پیٹ میں پیپ اور خون بھر جاوے تو بہتر ہی شعر سے حضرت عایشہ نے سنکر کہا کہ ابو ہریرہ کو یاد نہیں رہا آنحضرت نے فرمایا ہی کہ بہتر ہی اُس شعر سے جو ہجو میں کسی کے کہا جاوے فقط خیال کرنا چاہیئے کہ کسقدر دونوں میں فرق ہی *

چنانچہ میں اس مقام پر چند اقوال محدثین اور علماء محققین اپنے کلام کی تائید میں پیش کرتا ہوں *

شرح مشکوۃ میں بعد ایک بڑی بحث کے بہ نسبت روایت بالالفاظ اور بالمعنی کے لکھتے ہیں کہ والنقل بالمعنی واقع فی الکتب الستۃ وغیرہا صحاح ستہ وغیرہ کتب حدیث میں نقل حدیث بالمعانی واقع ہی *

شرح صحیح مسلم میں امام نووی اسی بحث میں لکھتے ہیں کہ قال جمہور السلف والخلف من الطوائف المذکورۃ یجوز فی الجمیع اذا جزم بانہ ادی المعانی و ہذا ہو الصواب تقتضیہ احوال الصحابۃ و من بعد ہم رضی اللہ عنہم فی روایتہم القضیۃ الواحدۃ بالفاظ مختلفۃ ثم ہذا فی الذی یسمعہ فی غیر المصنفات اما المصنفات فلا یجوز تغیرہا والکان بالمعنی کہ سب اگلے پچھلوں نے روایت بالالفاظ جایز رکھی ہی احادیث میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اقوال میں اَوروں کے بشرطیکہ یقین معانی کی صحت پر ہووے اور یہی صحیح اور درست ہی اور حالات صحابہ اور اُنکے مابعد کے لوگوں سے بھی ٹھیک معلوم ہوتا ہی کیونکہ ایک بات کو مختلف لفظوں میں اُنہوں نے روایت کیا ہی علامہ اثیرالدین ابی حیان محمد بن یوسف بن حیان اندلسی کتاب تذییل و تکمیل میں جو شرح تسہیل الفواید اور تکمیل المقاصد کی ہی لکھا ہی کہ مصنف نے قواعد کلیہ کے اثبات میں استدلال حدیث کے لفظوں سے کیا ہی حالانکہ یہہ اُس کی غلطی ہی آج تک میں نے ایک کو بھی اگلے پچھلے میں سے ایسا کرتے نہیں دیکھا اور کسینے الفاظ حدیث سے ایسا استدلال نہیں کیا کیونکہ اُنکو وثوق اسپر نہیں ہوا کہ یہہ الفاظ وہی ہیں جو پیغمبر خدا نے فرمائے تھے اور اگر ایسا وثوق ہوجاتا تو وہ الفاظ مثل الفاظ قران کے قواعد کلیہ کے استخراج میں مانے جاتے اور عدم وثوق کے دو سبب ہیں اول یہہ کہ راویوں نے نقل بالمعنی کرنا جایز سمجھا تھا دوسرے بہت سی حدیثوں میں موافق کلام عرب کے لفظی غلطیاں ہیں کیونکہ اکثر راوی غیر عرب تھے *

چوتھی بحث بہ نسبت اِسکے کہ کل احادیث صحیحہ مفید یقین ہیں یا نہیں

ہمارے محققین نے لکھا ہی کہ احادیث متواتر مفید یقین ہیں اور احادیث احاد مفید یقین نہیں ہیں چنانچہ تلویح میں لکھا ہی کہ والاول ای المتواتر یوجب علم الیقین والثانی ای المشہور یفید علم طمانیۃ والثالث و ہو خبرالواحد یوجب العمل دون علم الیقین و قیل لایوجب شیئاً منہما اور نیز اخبار احاد کی نسبت لکھا ہی کہ ان خبرالواحد یحتمل الصدق والکذب و بالعدالۃ یترجح جانب الصدق بحیث لایبقی احتمال الکذب و ہو معنی العلم وجوابہ انا لانسلم یرجح جانب الصدق الی حیث لایحتمل الکذب اصلا بل العقل شاہد بان خبر الواحد العدل لایوجب الیقین وان احتمال الکذب قایم وان کان مرجوحا والالزم القطع بالنقیضین عند اخبار العدلین یعنی خبر متواتر تو مفید یقین ہی اور خبر مشہور سے علم اطمینانی حاصل ہوتا ہی نہ یقینی اور خبر احاد عمل کے لیئے کافی ہی نہ یقین کے لیئے اور بعضوں نے کہا ہی کہ اخبار احاد مفید علم ہی نہ واجب العمل اور خبر احاد کی نسبت اگر کوئی کہے کہ بلاشبہہ خبر احاد میں احتمال صدق و کذب کا ہی لیکن جب عدالت راوی سے جانب صدق غالب ہوگی بایں حیثیت کہ احتمال کذب نرہا تو یہی معنی علم کے ہیں اس لیئے خبر احاد بھی مفید یقین ہوگی جواب اُسکا یہہ ہی کہ ہم نہیں مانتے کہ جانب صدق احاد میں ایسا غالب ہی کہ احتمال کذب کا باقی ہی نہیں رہا بلکہ عقل اسپر شاہد ہی کہ خبر ایک آدمی کی گو وہ عادل ہی مفید یقین نہیں اور احتمال کذب اُس پر قایم ہی گو وہ احتمال ضعیف ہی ہو اور اگر ایسا نہ ہو تو یقین کرنا دو نقیض پر لازم ہوجاوے اُن اخبار میں جو دو عادل راویوں سے منقول ہیں اور باہم متناقض ہیں اور شرح صحیح مسلم میں لکھا ہی کہ جتنی حدیثیں غیر متواتر صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی ہیں اُن کی نسبت محققین کا یہہ قول ہی کہ وہ صرف مفید ظن ہیں نہ مفید یقین کیونکہ وہ احاد ہیں اور احاد سے صرف علم ظنی ہوتا ہی نہ علم یقینی اور جبکہ یہہ قاعدہ بہ نسبت اخبار احاد کے ٹھہرچکا تو کچھہ فرق بخاری اور مسلم اور غیر بخاری اور مسلم میں نہیں ہی اور اسپر بالعموم کہ عمل کرنا اُن حدیثوں پر اجماعاً ثابت ہی یہہ بات نہیں ثابت ہوگی کہ اسپر بھی اجماع ہی کہ احادیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی یقینی پیغمبر خدا کا کلام ہی صلی اللہ علیہ و سلم پس فقط کسی کتاب میں لکھے ہونے سے یہہ بات ثابت نہیں ہوسکتی کہ یقینی وہ کلام کلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی جبتک کہ بتواتر منقول ہونا اُسکا ثابت نہو کیا خوب کہا ہی قاضی ابوبکر باقلانی نے کتاب الانتصار میں کہ اگر کوئی مسئلہ ایک کتاب میں کیا ہزار کتاب میں بھی پایا جاوے اور کسی امام کی طرف منسوب ہو تو اس سے یہہ ثابت نہیں ہوتا کہ یقینی وہ مسئلہ اس امام نے فرمایا ہی جب تک کہ بتواتر اس کا منقول ہونا اُس امام سے ثابت نہو حالانکہ یہہ بہت ہی مشکل ہی فقط پس ایسا ہی خیال کرنا چاہیئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کے مبارک قولوں کی نسبت کہ جب تک بتواتر اُن کا منقول ہونا ثابت نہو جاوے تب تک اُس پر کامل یقین نہیں ہوسکتا *

فواتح شرح مسلم الثبوت میں لکھا ہی کہ ابن صلاح اور چند اہل حدیث نے یہہ گمان کیا ہی کہ روایت بخاری اور مسلم کی مفید یقین ہیں حالانکہ یہہ بڑا دہوکہ ہی کیونکہ جو شخص اپنے دل میں سوچیگا وہ اس بات کو بالبداہتہ مانیگا کہ فقط اُن کا روایت کرنا یقین کے لیئے کافی نہیں اور کیونکر ہوسکتا ہی اِس لیئے کہ اُن میں بہت سی ایسی حدیثیں ہیں جو ایک دوسرے کی نقیض ہیں اور اگر اُن سب پر یقین کیا جاوے تو متناقض باتوں کا ماننا لازم آوے پھر حال

یہہ بات اگر مانی جاوے کہ اُسکے راوی جامع شرایط تھے تو اس سے صرف زیادہ ظن ہو سکتا ہی لیکن یہہ بات کہ اُن کی روایت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یقینی ثابت ہی اس پر ہرگز اجماع نہیں ہی اور کیونکر اُس کا اجماع ہو حالانکہ اس پر بھی اجماع نہیں ہی کہ جو کچھہ اُن دونوں کتابوں میں ہی وہ سب صحیح ہی کیونکہ بعض راوی اُنکے قدری تھے بعض اہل بدعت تھے اور اہل بدعت کی روایت کا قبول کرنا مختلف فیہ ہی تو اجماع کا دعوی اُن کی مرویات کی صحت پر کہاں باقی رہا غایۃ ما فی الباب یہہ ہی کہ حدیثیں بخاری و مسلم کی اُن کی شرط پر صحیح ہیں اور اس سے سواے ظن کے یقین کا فائدہ نہیں ہوتا *

پانچویں بحث بہ نسبت اس کے کہ کتب صحاح کی احادیث کی صحت بمرتبہ یقین ثابت ہی یا نہیں *

یہہ بات مسلمات سے ہی کہ منجملہ کتب احادیث کے صحاح ستہ اور موطاے امام مالک اعلی درجہ کی ہیں اور ان کے جامعین نے نہایت احتیاط اور کمال محنت سے احادیث کی تصحیح کی ہی مگر اُن میں سے صحیحین یعنی صحیح بخاری و مسلم اعلی درجہ پر ہیں اور اُن کی تحقیق بہت بڑھی ہوئی ہی مگر یہہ کہنا کہ کل احادیث اُن کی ایسی صحیح ہیں کہ جن کی صحت پر مرتبہ یقین کا ہو صحیح نہیں ہی چند وجوہ سے اولاً جو احادیث متواتر نہیں ہیں اُن کی صحت کا بمرتبہ یقین ہونا ایسا امر ہی جس کا کسی محقق نے دعوی نہیں کیا ثانیاً ان کتابوں میں بعض حدیثیں ایسی بھی ہیں جن کی عدم صحت بالبداہۃ ظاہر ہی اور جسے شارحین اور محققین نے صاف صاف لکھدیا ہی اور پھر بعض راوی ایسے بھی ہیں کہ جنکی جرح اکثر محدثین نے کی ہی تو کیونکر یہہ دعوی کیا جاوے کہ مثل آیات قرآن کے ہر حدیث قطعی اور یقینی ہی چنانچہ میں بطور تمثیل کے چند اقوال اور چند احادیث کو نقل کرتا ہوں *

شرح اصول بزدوی میں لکھا ہی کہ ابو عمرو دمشقی نے لکھا ہی کہ بخاری نے ایسی جماعت سے استناد کیا ہی جس کی نسبت اکثر متقدمین نے جرح کی ہی مثل عکرمہ اور اسمعیل اور عاصم اور عمرو بن مرزوق وغیرہم کے اور مسلم نے بھی سوید بن سعید وغیرہ سے استناد کیا ہی جس پر اوروں نے طعنہ کیا ہی *

جامع الاصول میں لکھا ہی کہ حدیثیں جو ہمارے اماموں نے روایت کی ہیں بعض اُن میں سے صحیح ہیں بعض سقیم اور اس کا سبب اختلاف جرح و تعدیل رواۃ ہی *

دار قطنی نے کہا ہی کہ دو سو دس حدیثیں صحیحین کی ضعیف ہیں جن میں اسی مخصوص بہ بخاری اور تیس مخصوص بہ مسلم اور سو مشترک دونوں میں ہیں *

منجملہ اُن احادیث کے جن کی عدم صحت کا اقرار محدثین اور شارحین نے کیا ہی چند حدیثیں لکھی جاتی ہیں *

اول صحیح بخاری میں لکھا ہی عن عروۃ ان النبی خطب عایشۃ فقال لہ ابوبکر انما انا اخوک فقال انت اخی فی دین اللہ فتح الباری میں اس حدیث کو جو صحیح لکھا ہی کما قیل فی صحۃ ھذا الحدیث نظر لان الخطبۃ لابی بکر انما کانت بالمدینۃ و خطبۃ عایشۃ کانت بمکۃ فکیف یلتئم قولہ انما انا اخوک اس حدیث کی صحت میں صرف ایک تاریخی واقعہ کے مخالف ہونے سے کلام کیا گیا کیونکہ حالت ابوبکر صدیق مدینہ میں ہوئی اور خطبہ عایشہ صدیقہ مکہ میں قبل اُس کے تو قبل از حلت و اخوت ابوبکر صدیق کا کہنا انما انا اخوک صحیح نہیں ہو سکتا *

دوسرے صحیح بخاری میں لکھا ہی عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یلقی ابراھیم اباہ فیقول یارب انک وعدتنی ان لا تخزنی یوم یبعثون فیقول اللہ انی حرمت الجنۃ علی الکافرین اس حدیث کی عدم صحت کا بھی اقرار محققوں نے کیا ہی اما قیل وقد استشکل الاسماعیلی ھذا الحدیث من اصلہ و طعن فی صحتہ فقال ھذا حدیث فی صحتہ نظر اور اس حدیث کی صحت میں اس لئے نظر کیا ہی کہ حضرت ابراہیم کی شان سے خلاف ہی کہ جب خداے عز وجل نے اُن کو شفاعت سے اپنے باپ کی دنیا میں منع کردیا تو وہ کیونکر پھر قیامت میں خلاف حکم خدا کے شفاعت کرینگے *

تیسری روایت نماز پڑھنے پیغمبر خدا کے جنازہ پر ابن ابی سلول کے جو بخاری میں ہی محققین نے کلام کیا ہی اور باقلانی نے صاف اس حدیث کا انکار کیا ہی *

چوتھی صحیح مسلم میں حضرت ابن عباس سے یہہ حدیث منقول ہی کہ ان ابا سفیان قال للنبی صلی اللہ علیہ وسلم اسالک ثلاثا فاعطاہ ایاھن منھن عندی احسن العرب ام حبیبۃ ازوجک ایاھا زاد المعاد فی ھدی خیر العباد میں لکھا ہی کہ ان ھذا الحدیث غلط ظاہر لاخفاء بہ کہ اس حدیث کی غلطی ایسی ظاہر ہی کہ ذرا بھی اُسکی غلطی پوشیدہ نہیں اور اُس کی غلطی بھی اسی وجہہ سے مانی گئی ہی وہ تاریخی واقعہ کے خلاف ہی کیونکہ حضرت ام حبیبہ عبداللہ بن جحش کی منکوحہ تھیں اور حبیبہ اپنے خاوند کے ساتھہ ہجرت کر گئی تھیں جب وہ وہاں جاکر عیسائی ہوگیا اور ام حبیبہ اپنے دین پر قائم رہیں تب پیغمبر خدا نے نجاشی کے ذریعہ سے اُن سے نکاح کیا اور یہہ امر قبل از فتح مکہ کے ہوا اور ابوسفیان فتح مکہ کے دن ایمان لایا اور پیغمبر صاحب کے سامنے آیا اسی واسطے اس حدیث کی غلطی ثابت ہوئی و قال ابو محمد بن حزم و ھو موضوع بلاشک کذبہ عکرمۃ بن عمار و قال ابن الجوزی فی ھذا الحدیث ھو وھم من بعض الرواۃ لا شک فیہ و لا تردد *

انہیں ملا علی قاری کتاب رجال میں لکھتے ہیں کہ روایت مسلم کی جابر سے قصہ حجۃ الوداع میں ایسی مختلف ہی کہ اُنمیں ایک ضرور جھوٹی ہی کیونکہ ایک میں لکھا ہی کہ آنحضرت نے طواف کرکے نماز ظہر کی مکہ میں پڑھی دوسری میں لکھا ہی کہ نماز ظہر کی منی میں ادا کی ولہذا قال ابن حزم فی ھاتین الروایتین احد ھما کذب بلا شک *

اور اسی طرح حدیث اسراء قبل الوحی اور حدیث خلق تربت یوم السبت اور حدیث اول ما نزل من القران اور حدیث صلوۃ الکسوف بثلاث رکعات کی غلطی اور ضعف کا محققین نے اظہار کیا ہی اور اسی طرح حدیث فدک کی موضوعیت کا جو صحیح بخاری میں ہی صاف اقرار محققین نے کیا ہی پس باوجود اس کے ہر حدیث کی صحت کو قطعی اور یقینی سمجھنا خلاف تحقیق محققین سابق کے ہی *

اگر مستفتی کو اس تقریر پر یہہ شبہہ ہو کہ میرے نزدیک کوئی حدیث صحیح نہیں ہی اور نہ کسی پر عمل کرنا جایز ہے اور بخاری اور مسلم پر بھی اعتبار صحت کا نہیں تو یہہ اُس کی سمجھہ کی غلطی ہی کیونکہ میٔنے اپنے اس جواب میں صرف اصولی مسایل کو بیان کیا اور محققین کے اقوال کو نقل کیا اور چونکہ ہمارے ابنائے جنس اصل بات کو تو دیکھتے نہیں اور مطلب پر غور کبھی فرماتے سرسری طور سے عامیانہ اعتراض کرنے لگتے ہیں اس لیئے حقیقت میں مطلب اُڑ کا اُڑ ہوجاتا ہی میرا عقیدہ یہہ ہی کہ جن محدثین نے صحاح ستہ کو جمع کیا وہ بڑے محقق اور متورع اور امام اور دین کے پیشوا تھے اُن کی نیت نیک تھی اُن کی صداقت اور سچائی اعلی درجہ پر تھی اور اُنہوں نے احادیث کو جہاں تک ممکن تھا نہایت احتیاط سے جمع کیا اور راویوں کے الفاظ اور کلمات کو بہت محنت سے یاد کیا اور اپنے نزدیک اُنہوں نے کوئی دقیقہ تصحیح کا باقی نہیں رکھا اور ان کتابوں میں حدیث کی صحیح بخاری اور صحیح مسلم کا درجہ بڑھا ہوا ہی اور اُن کی احتیاط اور تدقیق بہت زیادہ ہی مگر جو کچھہ ان محدثین نے لکھا اور جمع کیا اُس کی دو قسمیں ہیں ایک تو یہہ کہ اُس کے راوی اس کثرت سے ہوں کہ جن پر عقلاً احتمال غلطی کا ہو ہی نہ سکے اُسے متواتر کہتے ہیں اور اُس کی صحت پر کامل یقین ہی دوسری احاد ہیں جو اُس درجہ پر نہیں پہونچیں اسلیئے ایسا یقین صحت کا اُس پر نہیں ہی کہ اُس میں غلطی کا احتمال نہو مگر اُس پر عمل کرنا جایز ہی جب تک کہ اُس کا تعارض اور مخالفت اُن اصول صحیحہ عقلیہ سے ثابت نہ ہووے جو واسطے تصحیح احادیث کے قرار دیئے گئے ہیں اور پھر ان اخبار احاد کی نقل میں محدثین نے نہایت احتیاط کی مگر پھر بھی وہ غلطی اور خطا سے نہیں بچے اور بعض بعض احادیث کی روایت میں اُن کو دھوکھہ ہوگیا پس ہمارا اعتقاد یہہ ہی کہ ہم اُن حدیثوں کو جو صحاح میں خصوصاً بخاری اور مسلم میں مذکور ہیں صحیح جانینگے اور اُس پر عمل کرینگے لیکن جب اُس کی مخالفت کسی اصل صحیح سے منجملہ اُن اصول کے ثابت ہوگی تب ہم اُس کو صرف اسوجہہ سے کہ یہہ صحاح ستہ میں لکھی ہی واجب القبول نہ جانینگے کیونکہ کسی محقق نے ایسا نہیں کیا نہ کوئی ایسا کرسکتا ہی اور جو ایسا دعوی کرے وہ کبھی اپنے دعوے پر قایم نہیں رہ سکتا اور آخر کار اُسے بھی اُسی راہ پر آنا ہوگا جس پر ہم چلتے ہیں پس بڑا فرق ہی درمیان اسکے کہ احادیث احاد مفید یقین نہیں ہیں اور درمیان اسکے کہ وہ غلط ہیں اور درمیان اس کے کہ وہ واجب العمل نہیں ہیں باوجود تعارض اور تخالف کے اور درمیان اس کے کہ جایز العمل ہیں جب تک اُنکا تعارض ثابت نہو اور درمیان اس کے کہ محدثین معصوم اور محفوظ نہ تھے اور اُن سے غلطی ہونا ممکن تھی اور باوجود احتیاط کے اُن سے براہ بشریت غلطی ہوئی اور درمیان اس کے کہ وہ جھوٹھے تھے اور جھوٹھی باتیں اُنہوں نے جمع کیں پس جو کوئی دوسری بات کو ہماری طرف منسوب کرے اُسکا الزام اُس پر ہی نہ ہم پر سبحانہ بری مما یقولون *

والسلام
مہدی علی ڈپٹی کلکٹر مرزا پور
۱۰ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۹ ہجری

نمبر ۸۱

استفتا

کیا فرماتے ہیں حضرات علماء کہ اگر زید معتقد یا قایل اُن امور کا ہو جو کہ نیچے بیان کیئے جاتے ہیں اور پھر عمرو اُسے امام اور پیشوا اور مقتداء دین سمجھے تو عمرو کی نسبت شرعاً کیا حکم ہی *

۱ اولاً اللہ جل شانہ جہت اور حیز اور صورت اور جسم اور مکان سے منزہ نہیں ہی *

۲ قران مجید نہ جامع ہی نہ مانع یعنی جس قدر نازل ہوا تھا وہ سب محفوظ نہیں رہا اور جو قران نہیں تھا وہ قران میں داخل ہوگیا *

۳ قران موجودہ غلطیوں اور کاتب کی بھولوں سے بھرا ہوا ہی *

۴ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی ایسی حالت ہوگئی تھی کہ کہنا کچھہ چاہتے اور دہان مبارک سے اُور کچھہ نکل جاتا اور بہ سبب مسحور ہونے کے خود نہ جانتے کہ میں کیا کہتا ہوں *

۵ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بتوں کی تعریف قران پڑھنے کی حالت میں مشرکوں کے سامنے کی *

۶ خدا کو بعض آیتوں میں بندوں پر توارد ہوا یعنی جو کچھہ پہلے کسی بندے کی زبان سے نکلا اُسی کو پھر خدا نے بذریعہ جبرئیل امین کے نازل کیا *

۷ باوجود نہ لیئے جانے نام خدا کے وقت ذبح کے اور عمداً ترک کرنے تسمیہ کے ذبیحہ حلال ہی *

۸ سوا عربی زبان کے ترجمہ قران کا نماز میں پڑھنا جایز ہی *

۹ صحیح بخاری اور مسلم میں بھی موضوع حدیثیں ہیں *

۱۰ صحابہ کے اقوال واجب العمل نہیں ہیں وہ بھی آدمی تھے اور ہم بھی آدمی ہیں *

المستفتی
مہدی علی

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۱۵ ربیع الثاني سنہ ۱۲۸۹ ھجري [نمبر ۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو فقط لوعلم اُس ترقي کے مانع ہیں وہ مٹاے جاویں *

مضمون نمبر ۸۲

خط

نوشتهٔ سيد احمد

بنام

مولوي سيد مهدي علي صاحب

محبي مهدي — ميں نے آپ کا مضمون جس کا عنوان سوال و جواب هی ديکها اور اُسي طرح پے قصد دل سے اُٹهنے والے شوق سے وجد کيا جس طرح که آدم نے انجان جانب کار خدا کي بات پر وجد کيا تها زنده باشي و جاننی باشي آمين — مگر ميں ايک بات پر آپ کي توجهه چاهتا هوں که آپ نے تاويل الفاظ قران مجيد کي اُن کے مدلول ظاهري سے يا اُن مدلولات سے جو لوگوں نے اپنے خيال ميں اُن الفاظ کا مدلول ٹهرا رکها هی مگر اُس کي تصريح قران مجيد ميں نهيں هی پانچ حالتوں ميں جايز رکهي هی يا لاباس به تصور کيا هی يا اُس تاويل کو انکار جزو قران قرار نهيں ديا اور يهه بالکل حق اور سچ هی آمنا و صدقنا چنانچه ايک مقام پر آپ ارقام فرماتے هيں که "اگر الفاظ اور کلمات کے لفظي معني مراد لينے سے مخالفت قران کي کسي امر موجودهٔ واقعيهٔ سے هوتي هو تو ظاهري معني مراد نه ليئے جاوينگے" اور دوسرے مقام پر آپ ارقام فرماتے هيں که "اسماء موجودات سے جن کا ذکر قران ميں بلا تشريح اُن کي حقيقت کے هی وه حقيقت مراد نه لينا جو لوگوں نے سمجهه رکهي هو اور جس کا ثبوت نه کتاب و سنت سے هوتا هو اور نه جس کے اثبات پر سواے اوهام و ظنون کے کوئي عقلي دليل هو تو اُن اسماء سے موافق قرينهٔ مقام کے کوئي ايک وجود مراد لينا منجمله وجود خارجي يا حسي يا خيالي يا عقلي يا تشبيهي کے جايز هی يا انکار جزو قران سے نهيں هی" جزاک الله في الدارين خيرا *

اب خيال کرو که قران مجيد ميں شيطان کا لفظ يا نام آيا هی مگر اُس کي حقيقت و ماهيت کچهه بيان نهيں هوئي يهوديوں نے اور مشرکين عرب نے اُس کي ايک صورت و حقيقت اپنے ذهن ميں سمجهه رکهي تهي اور بعض قوموں نے ظلمت و نور کو اور بعضوں نے اهرمن و يزدان کو شيطان اور خدا سمجهه رکها تها اور علی هذاالقياس هر ايک قوم نے اپنے اپنے خيالات کے موافق شيطان کي ايک حقيقت سمجهه رکهي تهي يا قرار دي تهي قران مجيد ميں يهه نام تو آيا مگر اُس کي حقيقت يا ماهيت کچهه بيان نهيں هوئي *

البته هم اُس کي کچهه صفات قران مجيد اور بعض احاديث سے پاتے هيں بڑي صفت اُس کي جو بمنزلهٔ ذاتيات کے هی اور جس سے گويا اُس کي حقيقت يا ماهيت پائي جاتي هی وه يهه هی که وه صرف مغوي آدم هي نهيں تها بلکه وه تا قيامت مغوي للانسان علی المعصية هی کما قال الله تبارک و تعالی قال فبعزتک لاغوينهم اجمعين اور يهه که وه همارے بدن ميں همارے خون کے ساتهه پهرتا هی کما روي عن رسول الله صلی الله عليه وسلم الشيطان يجري من الانسان مجری الدم اور يهه که وه هم ميں اور همارې نماز ميں خواه نماز کا وجود موجود في الخارج سمجهو يا نه سمجهو حايل هوجاتا هی کما روي عنه صلعم ان الشيطان حال بيني و بين صلاتي پس يهي اوصاف حميدهٔ اُن بزرگ ذات کے هيں جو هم کو شارع نے بتائے هيں *

اب هم اراده کرتے هيں که مثل اهل جنس کے لفظ شيطان سے ايک وجود مستقل موجود في الخارج مراد ليں کيونکه حتی المقدور هر اسم سے اُس کے مسمی کا موجود بوجود مستقل موجود في الخارج سمجهنا چاهيئے ليکن اُس سمجهنے کے ليئے ضرور هی که در حقيقت اُسکا ايسا وجود هونے کے ليئے اُس کے ايسے وجود کا ثبوت قطعي اور واقعي بهي چاهيئے کيونکه صرف نام سے وجود خارجي تسليم کرلينا کافي نهيں هی بلکه اگر اُس کا وجود خارجي ثابت نهوسکيگا تو لا محاله وجود خيالي يا عقلي يا تشبيهي قرار دينا پڑيگا جيسا که آپ نے اصول محققهٔ پنجگانه ميں قرار ديا هی *

اب ان صفات شيطان کا جو همارے پاک خدا اور سچے پيغمبر نے بتلائي هيں هم اپنے ميں اثر تو پاتے هيں مگر کسي وجود خارجي کو نهيں پاتے دن رات هم کو شيطان بهکاتا هی اور گناهوں ميں پهنساتا هی مگر کوئي وجود خارجي محسوس نهيں هوتا بلکه هم باليقين پاتے هيں که خود هم هي ميں ايک قوت هی جو هم کو سيدهے رستے سے پهيرتي هی همکو بے انتها ترغيبوں سے بهکاتي هی شيطان سمجهکر اُس کي ڈاڑهي پکڑ ليتے هيں اور زور سے طمانچه مارتے هيں مگر جب آنکهه کهلتي هی تو اپني هي سفيد ڈاڑهي اپنے هاتهه ميں اور اپنا هي گال لال ديکهتے هيں *

پس اگر هم شيطان کے لفظ سے وجود خارجي مراد ليں تو نه تو مراد لے سکتے هيں اس ليئے که اُس کے وجود خارجي کا ثبوت واجب هی حالانکه کچهه ثبوت نهيں اور نيز امور موجودهٔ واقعيه کے برخلاف هی کيونکه اُس کي صفات مخصوصه کا اثر هم کسي دوسرے وجود سے نهيں پاتے بلکه خود اپنے آپ ميں پاتے هيں اور نيز کتاب و سنت سے اُس کے وجود خارجي کا ثبوت نهيں هوتا هی بلکه صرف اوهام و ظنون سے لوگوں نے اُس کا وجود خارجي ٹهرايا هی اس ليئے واجب هی که منجمله اقسام وجود کے سواے وجود خارجي کے اور کسي قسم کا وجود شيطان کا سمجها جاوے — فتدبر والسلام *

آپ پر فدا —
سيد احمد

نمبر ۸۳

روئداد

اجلاس صدر کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان ہندوستان واقع ۱۲ مئی سنہ ۱۸۷۲ع

ممبران موجودہ

مولوی اشرف حسین خاں صاحب رئیس بنارس *
سید ظہور حسین صاحب وکیل ہائی کورٹ الہ آباد *
مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس *
منشی محمد سبحان صاحب سررشتہ دار کلکٹری بنارس *
حافظ محمد فضل الرحمن صاحب وکیل عدالت بنارس *
مولوی محمد عبدالستار صاحب وکیل ہائی کورٹ الہ آباد *
مولوی شجاع الدین حیدر صاحب وکیل عدالت بنارس *
منشی مصطفی بخش صاحب پیشکار *
مولوی علیم اللہ صاحب ڈگری نویس عدالت دیوانی بنارس *
شیخ عبداللہ صاحب محرر عدالت دیوانی بنارس *
شیخ فرحت علی صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس *
خواجہ عبداللہ صاحب وکیل عدالت بنارس *
سید غلام نجف صاحب وکیل عدالت بنارس *
حافظ مجتبی کریم صاحب محرر اول محکمہ صفائی شہر بنارس *
سید عبدالعزیز صاحب *
مولوی سید عبداللہ صاحب اتالیق مہاراجہ دربھنگا *
مولوی امین الدین صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس *
سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی سب آرڈینٹ جج بنارس *
قاضی محمد باقر صاحب سب انسپکٹر پولیس *
منشی ممتاز علی صاحب محرر فوجداری بنارس *
حافظ عنایت الرحمن صاحب طالب العلم کوئینز کالج بنارس *
شیخ اُمید علی صاحب ڈگری نویس محکمہ سب آرڈینٹ جج بنارس *
مولوی قطب الدین صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس *
شاہزادہ مرزا زورآور بخت بہادر *
شاہزادہ محمد مرزا کرامت شاہ صاحب بہادر *
سید سجاد علی صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس *
مولوی محمد محمود اشرف صاحب رئیس بنارس *
شاہزادہ مرزا شمس الدین بخت بہادر *
سید مظہر علی صاحب رئیس بنارس *
مولوی محمد عارف صاحب ناظر کلکٹری بنارس *
سید فدا حسین صاحب انسپکٹر پولیس تھانہ مرزا مراد *
شیخ غلام علی صاحب رئیس بنارس *
منشی افضل الدین صاحب پیشکار *
منشی رعایت حسین صاحب محافظ دفتر عدالت دیوانی بنارس *
محمد یار خاں صاحب رئیس مرادآباد *

مولوی اشرف حسین خاں صاحب رئیس بنارس نے صدر انجمن کی کرسی پر اجلاس کیا *

سید احمد خاں سکرٹری نے رپورٹ سلیکٹ کمیٹی کی اجلاس کے روبرو پیش کرکے تمام کارروائی سلیکٹ کمیٹی کی مختصر طور پر بیان کی اور تیسرا حصہ رپورٹ کا جس میں مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کا طریقہ ممبران سلیکٹ کمیٹی نے تجویز کیا ہی پڑھکر سنایا اور یہہ خواہش کی کہ ممبران موجودہ اس طریقہ تعلیم پر غور فرماویں اور اگر پسند ہو تو اُسکی پسندیدگی ظاہر کی جاوے تاکہ اُسی بناء پر آیندہ عمل درآمد ہو *

سید ظہور حسین صاحب نے اولاً سلیکٹ کمیٹی کی تمام کارروائی کی پسندیدگی ظاہر کی اور نسبت طریقۂ مجوزہ تعلیم کے بیان کیا کہ نہایت لایق اور قابل شخصوں کی بہت سی غور و مباحثہ کے بعد یہہ طریقہ تعلیم تجویز ہوا ہی اور در حقیقت نہایت عمدہ اور مفید ہی اِسلیئے میں اسی طریقہ تعلیم کی منظوری کی تحریک کرتا ہوں *

منشی محمد ممتاز علی صاحب نے مذکورہ بالا تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

سید احمد خاں سکرٹری نے بعد منظور ہوجانے رپورٹ کے کہا کہ اب تک جو کچھہ تدبیریں کمیٹی نے کی ہیں وہ سب بخوبی انجام کو پہنچیں یعنی اسباب اور موانع اہل اسلام کی تعلیم و تربیت کے اور اُن کے علاج جو کمیٹی نے معلوم کرنے چاہے تھے اُن کی اچھی طرح تحقیقات ہوگئی اور اِس زمانہ میں جس طرز پر کہ مسلمانوں کی تعلیم و تربیت ہونی چاہیئے اُس کا نہایت عمدہ اور مناسب طریقہ ممبران سلیکٹ کمیٹی نے تجویز کردیا جو ابھی اِس اجلاس سے منظور ہوا مگر اُس کے عمل درآمد کے لیئے بہت سا روپیہ درکار ہوگا اسلیئے اب ہمکو ضرور ہی کہ روپیہ بہم پہنچانے کی تدبیریں کریں اِس میں کچھہ شک نہیں کہ اِس طریقہ تعلیم کے اجرا کے لیئے لاکھوں روپیہ درکار ہونگے لاکھوں روپیہ کا نام سنے سے البتہ ایک حیرت سی ہوتی ہی مگر میں خیال کرتا ہوں کہ تمام ہندوستان کے مسلمان نہیں بلکہ صرف ممالک مغربی و شمالی کے مسلمان بھی اگر انسانیت حاصل کرنے کی

ہوسکتي تعلیم و تربیت کے ذریعہ سے حاصل ہو سکتي ہی ایساہي ضروري سمجہیں جیسا کہ زندہ رہنے کے واسطے سامان معیشت کو ضروري سمجہتے ہیں تو اسقدر روپیہ جمع ہو سکتا ہی ایک مدرسۃالعلوم کیا متعدد مدرسۃالعلوم قایم ہو سکتے ہیں اور اگر وہ اوسکو اپنے معمولي فضول اور بیفایدہ رسموں ہي کے برابر سمجہیں بلکہ اوس سے بہي کسیقدر کمتر تو بہي اسقدر روپیہ جمع ہو سکتا ہی جس سے یہہ مدرسۃالعلوم مسلمانان ہندوستان قایم ہوسکے پس میں تحریک کرتا ہوں کہ ایک کمیٹي قایم کیجاوے جو لوگوں سے چندہ وصول کرتي رہے اور چندہ وصول کرنے کي تدبیریں کیا کرے اور جسقدر چندہ وصول ہوتا جای اوسکو نہایت حفاظت سے رکہے اور اوس سے کچہہ آمدني کي تدبیر کرے تا کہ جسوقت ایسا سرمایہ جسکي آمدني مدرسہ کے لیئے کافي ہو جمع ہوجاوے تو مدرسہ قایم ہو *

منشي محمد سبحان صاحب نے اِس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ہوئي *

اِس کے بعد سید احمد خاں سکرٹري نے تحریک کي کہ اِس کمیٹي کي کار روائي کے لیئے قواعد تجویز کیئے جاویں تاکہ اون قواعد کے بموجب کمیٹي قایم ہو *

حافظ مجتبی کریم صاحب نے اِس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ہوئي *

سید احمد خاں سکرٹري نے مسودہ قواعد کمیٹي پیش کیا اور اوسکي منظوري کي تحریک کي اور بیان کیا کہ یہہ مسودہ چند نہایت لایق اور قابل ممبروں کي صلاح اور مشورہ سے مرتب کیا گیا ہی جنمیں سے چند ممبر اِس وقت اِجلاس میں بہي شریک ہیں پس اور ممبر بہي اِس پر غور فرماویں اور اگر پسند ہو تو اِجلاس سے منظور کیا جاوے *

مرزا رحمت‌اللہ بیگ صاحب نے اس تحریک کي تائید کي اور مسودہ پیش شدہ بالاتفاق پسند اور منظور کیا گیا *

مولوي عبدالستار صاحب نے تحریک کي کہ بموجب دفعہ ۳ قواعد کمیٹي کے جو ابہي منظور ہوئے ہیں ممبروں کا تقرر بہي اجلاس سے عمل میں آوے اور تحریک کي کہ صاحبان مندرجہ ذیل اُس کمیٹي کے ممبر مقرر ہوں یعني *

۱ خلیفہ سید محمد حسن صاحب وزیر اعظم ریاست پٹیالہ *
۲ مولوي محمد عثمان خان صاحب بہادر نایب ریاست رامپور *
۳ نواب محمد حسن خاں صاحب بہادر جاگیردار سنواني *
۴ حضرت مولوي سید امداد علي صاحب رئیس بہاگلپور سب آرڈینٹ جج گیا عرف صاحب گنج *
۵ مولوي محمد حیدر حسین صاحب رئیس اعظم جونپور وکیل ہائي کورٹ الہ‌آباد *
۶ مولوي سید فریدالدین احمد صاحب رئیس کڑا مانکپور وکیل ہائي کورٹ الہ‌آباد *
۷ مولوي محمد سمیع‌اللہ خاں صاحب رئیس دہلي وکیل ہائي کورٹ الہ‌آباد *
۸ سید ظہور حسین صاحب رئیس مرادآباد وکیل ہائي کورٹ الہ‌آباد *
۹ محمد عنایت اللہ خاں صاحب رئیس و تعلقہ دار [illegible] ضلع علیگڈہ *
۱۰ مولوي محمد اسمعیل صاحب رئیس علیگڈہ اسسٹنٹ سکرٹري سیں ٹیفک سوسئیٹي علیگڈہ *
۱۱ خواجہ محمد یوسف صاحب رئیس علیگڈہ وکیل عدالت دیواني علیگڈہ *
۱۲ مولوي سید مہدي علي صاحب رئیس اٹاوہ [illegible] مرزاپور *
۱۳ مولوي سید زین‌العابدین صاحب رئیس مچہلي شہر صدرامین بلند شہر *
۱۴ مرزا رحمت‌اللہ بیگ صاحب رئیس بنارس وکیل عدالت دیواني بنارس *
۱۵ مولوي اشرف حسین خاں صاحب رئیس بنارس *
۱۶ شیخ غلام علي صاحب رئیس بنارس *
۱۷ حافظ احمد حسین صاحب رئیس بدایون مشیر نواب صاحب سابق والي ٹونک *
۱۸ شیخ خیرالدین احمد خاں صاحب رئیس رمضان پور ڈپٹي کلکٹر بریلي *
۱۹ خواجہ فضل احمد خاں صاحب رئیس دہلي ڈپٹي کلکٹر شاہجہانپور *
۲۰ سید محمد میر بادشاہ صاحب رئیس دہلي منصف کانپور *
۲۱ منشي محمد صدیق صاحب بہادر ڈپٹي کلکٹر نہر *
۲۲ منشي محمد یار خاں صاحب رئیس مراد آباد *
۲۳ سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي رئیس دہلي سب آرڈینٹ جج بنارس *
۲۴ سید محمد احمد خاں صاحب بہادر رئیس دہلي اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہردوئي *
۲۵ سید محمد حامد خاں صاحب رئیس دہلي

۲۲ سید محمد [illegible] صاحب رئیس دہلی لنکن ان کے [illegible] ایٹ لا اور طالب علم کرائسٹ کالج یونیورسٹی کیمبرج *

حافظ مجتبی کریم صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

مولوی [illegible] عارف صاحب نے تحریک کی کہ بموجب دفعہ ۹ [illegible] کمیٹی کے جو ابھی منظور ہوئے ہیں تقرر عہدہ داروں کا اُس کمیٹی کے لیئے عمل میں آوے اور تحریک کی کہ نواب محمد حسن خاں صاحب جاگیردار سنوانی میر مجلس اور سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی اُس کمیٹی کے آنریری سکرٹری مقرر ہوں *

میر ظہور حسین صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

اِسکے بعد سید احمد خاں سکرٹری نے تحریک کی کہ یہہ کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان ہمیشہ کے لیئے قایم رہے اور ترقی تعلیم مسلمانان میں جو امور پیش آویں اونپر بحث اور کوشش کرتی رہے *

خواجہ عبداللہ صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

اِس کے بعد سید احمد خاں نے اسبات کی تحریک کی کہ اِس کمیٹی کے تحت میں ایک اسپشل کمیٹی مقرر ہو جو اُن امور کی انتظاموں کا سلسلہ درست کرے جنکا تمام دینا ممبران سلیکٹ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں تجویز کیا ہی *

مولوی شجاع الدین حیدر صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

حافظ فضل الرحمن صاحب نے تحریک کی کہ اِس اسپشل کمیٹی کے لیئے صاحبان مندرجہ ذیل ممبر قرار دیئے جاویں *

مولوی سید فریدالدین احمد صاحب *

مولوی سید مہدی علی صاحب *

منشی ذکاءاللہ صاحب *

مولوی محمد احسن صاحب مدرس بریلی کالج *

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی *

مولوی سمیع اللہ خاں صاحب *

مولوی محمد اِسمٰعیل صاحب اسسٹنٹ سکرٹری سائنٹیفک سوسیٹی علیگڈھ *

مولوی [illegible] صاحب ڈپٹی کلکٹر *

مولوی محمد [illegible]

اور اِس اسپشل کمیٹی کے سکرٹری کا کام سید احمد خاں بہادر سے متعلق رہے اور ممبروں کی جو کچھہ تجویزیں ہوا کریں اُنکو بصورت رپورٹ کے واسطے تصفیہ کے اِجلاس میں پیش کیا کریں *

میر سجاد علی صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

میر ظہور حسین صاحب نے تحریک کی کہ ممبران سلیکٹ کمیٹی کا جنہوں نے کمال کوشش اور جانفشانی سے نہایت عمدہ اور مفید رپورٹ مرتب کی ہی شکریہ ادا کیا جاوے *

منشی ممتاز علی صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

منشی محمد سبحان صاحب نے تحریک کی کہ تمام ممبروں کا جو اِس کمیٹی میں شریک ہوئے اور چندہ سے تائید کی شکریہ ادا کیا جاوے *

مولوی محمد عارف صاحب نے اِس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

بعد اِسکے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ہوئی *

دستخط سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی
سکرٹری کمیٹی

نمبر ۸۳

قواعد کارروائی

مجلس

خازن البضاعة لتاسیس مدرسة العلوم للمسلمین

نمبر ۱

سنہ ۱۸۷۲ ع مطابق سنہ ۱۲۸۹ ہجری

نام اور مقصد

دفعہ ۱ یہہ مجلس "مجلس خازن البضاعة لتاسیس مدرسة العلوم للمسلمین" یعنی ہی "محمڈن اینگلو اورینٹل کالج فنڈ کمیٹی" کے نام سے موسوم ہوگی *

دفعہ ۲ مقصد اس مجلس کا یہہ ہوگا کہ واسطے قائم کرنے اُس قسم کے مدرسة العلوم کے جسکی تجویز صدر کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم

مسلمانان یعنی کمیٹی فارمی بیٹرق فیوزی اینڈ اپنٹرانس مینٹ آف لرننگ امنگ محمڈنز آف انڈیا نے کیجیی اور وہ تجویز رپورٹ سلیکٹ کمیٹی مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۷۲ ع میں مندرج ہی اور اُس میں بالتخصیص مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے مدرسۃالعلوم کا قایم کرنا تجویز کیا ہی ایسا سرمایہ جسکی آمدنی سے وہ مدرسہ قائم ہوسکے جمع کرے *

تقرر ممبران

دفعہ ۳ صرف اشخاص مسلمان ممبر اس مجلس کے ہونگے پہلی دفعہ اُنکا تقرر حسب تجویز ممبران کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کے ہوگا جو اُس تجویز کے وقت موجود اور شریک ہوں اور آیندہ اُنکا تقرر خود اُسی مجلس کے ممبروں کی تجویز سے ہوگا *

دفعہ ۴ ممبران مجلس کا انتخاب ہمیشہ بیلیٹ بکس کے ذریعہ سے کیا جاویگا اور اگر ہاں اور ناہ کے ووٹ برابر نکلینگے تو اُسوقت صدر انجمن کو ہاں یا ناہ کے ووٹوں کے لیئے رائے ترجیح دینے کا اختیار ہوگا *

دفعہ ۵ جو اشخاص کہ اس مجلس کے ممبر مقرر ہونگے وہ لایف ممبر یعنی تمام عمر کے لیئے ممبر متصور ہونگے جبتک کہ وہ خود استعفاء دیدیں یا کسی جرم قابل العزل میں سزایاب ہوں *

دفعہ ۶ عہدہ ممبری موروثی نہوگا بلکہ بحالت وفات یا استعفاء یا معزول ہونے کسی ممبر کے دیگر ممبروں کو اختیار ہوگا کہ بموجب احکام ان قواعد کے جسکو مناسب سمجھیں اُسکے بجائے دوسرا شخص ممبر مقرر کریں *

دفعہ ۷ اُس مجلس کے ممبروں کی تعداد کچھہ محدود نہوگی بلکہ ممبران مجلس کو اختیار ہوگا جس شخص کو لایق سمجھیں اُسکو ممبروں میں منتخب کریں مگر ممبران مجلس انتخاب کرتے وقت خوب اسبات پر خیال کرینگے کہ ایسے اشخاص کو جنسے کچھہ تائید یا کاربرآری یا مدد انتظام و کار وبار متعلق مجلس میں متصور نہو اُنکا ممبروں میں منتخب کرنا محض بیفائدہ ہوگا *

دفعہ ۸ جو لوگ ممبر مقرر ہونگے اُنکو مجلس کی طرف سے ایک سند جس میں اُنکے فرایض اور اختیارات مندرج ہونگے مع نقل قواعد مجلس مروجہ وقت کے دی جاویگی اور اُسکے ذریعہ سے اُنکو تمام اختیارات جو ممبروں کو ہونے چاہیئیں حاصل ہونگے *

عہدہ داران

دفعہ ۹ منجملہ ممبروں کے ایک ممبر جسکو ممبران خود منتخب کرینگے میر مجلس اور ایک ممبر لیف آنریری سکرٹری ہوگا اور جو ممبر کہ میر مجلس مقرر کیا جاوے اُسکو ہر اجلاس میں صدر انجمن ہونے کاحق ہوگا اور اُس کی غیر حاضری میں ممبران موجودہ میں سے جو ممبر پہلا ہو وہ صدر انجمن ہوگا مگر ان عہدہداروں کا پہلی دفعہ تقرر حسب تجویز ممبران کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کے ہوگا جو اُس تجویز کے وقت موجود اور شریک ہوں *

دفعہ ۱۰ ممبران مجلس کو کسی شخص یا اشخاص کو بطور اسسٹنٹ سکرٹری مقرر کرنے کا اختیار ہوگا اور ہر صورتیکہ وہ ممبر نہوتو اُسکے لیئے وظیفہ مناسب بھی مقرر کرنا جائز ہوگا *

دفعہ ۱۱ عہدہداران مذکورہ کا تقرر صرف ایک سال کے لیئے ہوگا اور ہر سالانہ اجلاس میں ممبران شریک اجلاس کی تجویز سے تقرر جدید بذریعہ بیلیٹ بکس حسب قاعدہ مقرر [illegible] کریگا *

دفعہ ۱۲ ہر عہدہدار کا تقرر عہدہداران جدید اور ہر ایک ممبر یا وہ شخص جو لیف سکرٹری مقرر ہوا ہی مادام الحیات اپنے عہدہ پر مقرر رہینگے مگر جبکہ وہ کسی عدالت کے فیصلہ اخیر سے بجرم خیانت مجرمانہ یا زنا یا سرقہ یا حلف دروغی یا جعلسازی یا فریب یا رشوت ستانی یا بغاوت کے مجرم ہوکر سزایاب ہوں تو وہ از خود معزول متصور ہونگے اور تمام اختیارات اور حقوق جو اُنکو بذریعہ اُس منصب کے حاصل ہونگے سب معدوم ہوجاوینگے *

دفعہ ۱۳ ہر ایک ممبر یا عہدہدار کو اپنے عہدہ سے مستعفی ہونے کا اختیار ہوگا *

دفعہ ۱۴ کوئی ممبر یا عہدہدار سوائے اسسٹنٹ سکرٹری کے جو بموجب دفعہ ۹ کے وظیفہدار مقرر ہوا ہو اپنے عہدہ کے انجام میں کسی اجرت یا کسی قسم کے معاوضہ کا مستحق نہوگا *

دفعہ ۱۵ جو عہدہدار کہ سالگذشتہ میں مامور رہے ہوں جائز ہوگا کہ سال آیندہ کے لیئے بھی منتخب کیئے جاویں *

کام ممبروں کا

دفعہ ۱۶ ممبروں کا اول کام جمع کرنے سرمایہ کا ہی اُن کو اختیار ہوگا کہ مسلمانوں سے جنکی قومی بہتری کے لیئے مدرسہ قایم ہوتا ہی اور عیسائیوں سے (جو اہل کتاب ہیں اور نیز اس سبب سے کہ وہ ہندوستان پر حکومت رکھتے ہیں اور مسلمانوں کی بھلائی اور

.. ري میں بهي اُن کو ایسي هي مدد کرني فرض هی جیسیکه اَوْر قوموں کي) چنده دینے کي درخواست کریں اور سواے ان دو قوموں کے اَوْر کسي قوم سے چنده کي درخواست کرنا ممبران مجلس کو جائز نهوگا الا اگر کوئي اَوْر قوم اور مذهب کا شخص اپني خوشي سے بلا درخواست کچهه چنده دے تو ممبران مجلس کو نهایت شکرگذاري سے اُس کا قبول کرنا جائز هوگا *

[illegible] چنده میں زر نقد و جنس اور جائداد غیر منقوله جو کوئي دے قبول هوسکیگا لیکن اگر ممبران مجلس اُس جنس یا جائداد غیر منقوله کو واسطے مقاصد مقرر مدرسه مفید نه سمجهیں تو اُن کو اُسے بیچ کر زر نقد کرلینے کا اختیار هوگا اور اُس کا بیع نامه سکرتري کي جانب سے حسب قوانین گورنمنٹ تحریر هوگا اور مجلس کي جانب سے بطور دستاویز مکمل تصور کیا جاویگا *

دفعه ۱۸ اِس مجلس کے ممبر اپنے ماتحت جهاں جهاں مناسب سمجهیں ماتحت مجلسیں مقرر کرسکتے هیں، مگر اُن ماتحت مجلسوں کے ممبروں کو بجز اس کے که زر چنده وصول کرکر اس مجلس کے سکرتري کے پاس بهیجدیں اور کسي قسم کي کارروائي کا اختیار نهوگا *

زر چنده

[illegible] جسقدر روپیه که بذریعه چنده یا قیمت جائداد یا منافع سرمایه وصول هو وه سب بنک آف بنگال میں اِس مجلس کے حق میں جمع هوگا اور صرف واسطے اغراض متذکره آینده کے سکرتري مجلس کي رسید سے طلب هوسکیگا *

دفعه ۲۰ جسقدر سرمایه که مذکوره بالا طریق پر جمع هوگا اُس سرمایه سے گورنمنٹ پرامیسري نوٹ یا روزینهاے دوامي جنکا ذکر ایکٹ ۲۳ سنه ۱۸۷۱ع میں هی یا بنک آف بنگال کے حصه یا اراضي معافي دوامي بحق مجلس خریدي جاوینگي تاکه اُس کي آمدني سے مدرسه مطلوبه قایم هو اور جبتک که کل ممبران مجلس کي صلاح نهو اور کثرت راے سے اجازت نهولے اُس وقت تک اور کوئي جائداد سواے جائداد مذکوره بالا کے خریدي نه جاویگي اور ممبران مجلس میں سے جو شخص کهیں چلا گیا هو یا راے مطلوبه کا جواب وقت معین تک نه بهیجے تو اُس کي راے انکاري تصور کیجاویگي مگر مذکوره بالا [illegible] ایک جائداد کا دوسري جائداد میں تبدیل کرنا جائز هو[illegible]

[illegible] بالا متعین کرسکتا هی که مذکوره بالا [illegible] قسم کي جائداد اُس کے روپیه سے خریدي جاوے *

دفعه ۲۲ جسقدر زر چنده جمع هوتا جاوے اُسیقدر روپیه کي جائداد مذکوره بالا واسطے مجلس کے وقتاً فوقتاً خریدي جاویگي اور دستاویز پرامیسري نوٹ یا بیع نامه روزینه یا اراضي معافي کا یا کاغذ حصه بنک جو کچهه خریدا جاوے بنک بنگال میں رکهے جاوینگے اور نیز اُسکو حسب ضابطه اُسکا محاصل وصول کرنے کي اجازت دیجاویگي *

دفعه ۲۳ سواے خریدنے اُس جائداد کے جسکا ذکر اُوپر هوا اَوْر کسي کام میں زر سرمایه خرچ نه کیا جاوے گا لیکن اگر سرمایه دس لاکهه روپیه سے زیاده جمع هوجاوے تو زر زائد دس لاکهه میں سے صرف تین لاکهه روپیه تک واسطے طیاري مدرسه اور اُس کے مکانات متعلق کے صرف هوسکیگا *

دفعه ۲۴ جو سکرتري یا کوئي ممبر یا کوئي اجلاس برخلاف دفعه ۲۲ کے زرسرمایه صرف کریگا وه مجرم خیانت مجرمانه کا متصور هوگا اور هر شخص اُس پر دعوی خیانت مجرمانه کرنے کا حق رکهیگا *

دفعه ۲۵ ممبران مجلس کو واسطے قایم کرنے اغراض مدرسة العلوم کے جسکے لیئے سرمایه جمع کیا جاتا هی منافع زر سرمایه کے خرچ کرنے کا اختیار هوگا اور اُن کو یهه بهي اختیار هوگا که زر منافع کو بطور اصل سرمایه کے جمع کردیں لیکن جب زر منافع بطور اصل سرمایه کے جمع هوجاویگا تو پهر وه خرچ نهوسکیگا اور اُس سے تمام احکام اور قواعد دفعه ۲۲ و ۲۱ قواعد هذا کے متعلق هوجاوینگے *

دفعه ۲۶ کم سے کم هر شش ماهي پر اجلاس ممبران مجلس کا هوگا اور اُس شش ماهي میں جسقدر زر چنده جمع هوا هوگا اُس کي کیفیت اور جو جو کارروائي نسبت فراهمي سرمایه اور خرید جائداد متذکره دفعه ۲۰ و ۲۲ عمل میں آئي هوگي سب ایک روئداد میں مندرج هوکر مشتهر هوا کریگي *

دفعه ۲۷ هر ایک ممبر کو اختیار هوگا که اجلاس هونے کي تحریک سکرتري سے کرے اور اُس وقت سے دو هفته کے اندر اجلاس کا منعقد هونا ضرور هوگا *

دفعه ۲۸ کم سے کم تین ممبر اور ایک صدرالصدور [illegible] سکرتري کي شرکت کامل نصاب اجلاس کي متصور هوگي اور اُس [illegible] کو راے دینے کا استحقاق هوگا اور کارروائي مجلس کے لیئے [illegible] راے کا فیصله ناطق سمجها جاویگا مگر سکرتري کو تنها یا بشرکت [illegible] ممبر کے اپني ذمهداري و جوابدهي پر کسي نهایت [illegible]

...ن کا انجام دے لینا بشرط ملاحظہ... جایز هوگا اور پهر اجلاس سے یا وہ منسوخ هوگا یا بحال رهیگا ٭

دفعہ ۲۹ تمام روئدادیں اجلاسوں کي... اصلي صدرا جمن و سکرتري کے بنک آف بنگال میں جهاں تمام سرمایہ جمع هوگا بهیج دیجاوینگي اور وہ روئدادیں علحدہ یا بذریعہ کسي اخبار کے همیشہ مشتہر هونگي اور ایک یا دو کاپي مطبوعہ بهي بنک آف بنگال میں بهیجي جایا کرینگي ٭

دفعہ ۳۰ تمام روئدادیں اور حساب مجلس کے انگریزي اور فارسي میں مرتب هونگے اور هر ششماهي پر ایک کاپي تمام حساب کي بنک آف بنگال میں واسطے امانت رهنے کے بهیج دي جاویگي اور بنک آف بنگال کو اُسکے دیکهنے اور اپنے یهاں کے حساب کي کتابوں سے اُسکے مقابلہ کرنے کا اختیار کلي هوگا ٭

دفعہ ۳۱ هر ششماهي پر حسابات مجلس کے واسطے اطلاع عام کے علحدہ یا کسي اخبار میں مشتہر هوا کرینگے ٭

مہر مجلس کي

دفعہ ۳۲ یہہ مجلس اپنے لیئے ایک گول مہر بنائیگي جسکے سرے پر کوئن کے تاج کا نقش هوگا اور اُسپر بخط انگریزي یہہ لفظ کهودے جاوینگے " وکٹوریا رجینا " اور اُسکے نیچے کے دائرہ میں بخط انگریزي یہہ الفاظ کهودے جاوینگے " دي محمدن اینگلو اوریئنٹل کالج فنڈ کمیٹي سنہ ۱۸۷۲ع " اور اُسکے نیچے کے دائرہ میں جو بشکل هلال نمودار هوگا عربي خط میں یہہ الفاظ کهودے جاوینگے " مجلس خازن البضاعۃ لتاسیس مدرسۃ العلوم للمسلمین سنہ ۱۲۸۹ هجري " ٭

مقام مجلس

دفعہ ۳۳ بعد جمع هوجانے اسقدر سرمایہ کے جسکي آمدني مدرسہ جاري کرنے کے لایق هوجاوے ممبران مجلس تجویز کرینگے کہ کس مقام پر وہ مدرسہ جاري هو اور جس جگہہ اُسکا اجرا تجویز کرینگے اُسي جگہہ اس مجلس کا بهي مقام قرار پاویگا اور جب تک کہ اُسقدر سرمایہ جمع نہو اُسوقت تک مقام مجلس وهي هوگا جس جگہہ کہ لیف سکرتري کا مقام هو اور تمام حسابات اور کتابیں متعلق مجلس کي اُسي مقام پر لیف سکرتري کے پاس رهینگي ٭

دفعہ ۳۴ بشرکت راے جملہ ممبران کمیٹي اِن قواعد کي ترمیم جائز هوگي الا تجویز مندرجہ دفعہ ۲۳ و دفعہ ۲۴ کبهي تغیر و تبدل نهوسکیگي اور جب ترمیم قواعد کي ضرورت معلوم هو تو بموجب دفعہ ۲۰ قواعد هذا کے ممبروں سے راے طلب کي جاوے اور کثرت راے قرار دینے کي پابندي کي جاویگي ٭

دفعہ ۳۵ تمام کاغذ اور روئدادیں اور قواعد مجوزہ اور رسیدیں اور بل اور هر قسم کي دستاویزیں جو اس مجلس سے متعلق هوں لیف سکرتري کے دستخط سے مستحکم اور مستند متصور هونگي لیف سکرتري کو یہہ بهي اختیار هوگا کہ کوئي خاص وجہہ پیش هونے پر کسي شخص کو اجازت دے کہ اُسکے لیئے دستخط کرے شرط یہہ هی کہ قبل ایسي اجازت دینے کے لیف سکرتري کو اجلاس میں اُس وجہہ خاص کو پیش کرنا اور جس شخص کو ایسي اجازت دینا چاهتا هی اجلاس سے اُسکي منظوري حاصل کرنا ضرور هوگا ٭

دفعہ ۳۶ ایسي حالت میں اگر کسي قسم کا هرج یا نقصان پیش آئیگا تو لیف سکرتري اور وہ شخص جس نے اُسکے واسطے دستخط کیا هی دونوں جوابدہ اور ذمہ‌دار متصور هونگے ٭

دفعہ ۳۷ یہہ قواعد کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان کے اجلاس سے سنہ ۱۸۷۲ع مطابق سنہ ۱۲۸۹ هجري میں منظور کیئے گئے ٭

دستخط سید احمد خاں بهادر

سي ایس آئي سکرتري مجلس

اشتہار

پرچہ هاے تہذیب الاخلاق ابتداے اجرا سے آج تک بہ ترتیب فروخت هونے کو موجود هیں قیمت اُن کي حسب تفصیل ذیل هی جس صاحب کو اُس کي خریداري منظور هو زر قیمت سید احمد خاں صاحب بهادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بهیجکر پرچہ هاے مذکورہ طلب کرلے

تفصیل قیمت یہہ هی

قیمت پرچہ هاے مذکور روز اجرا یعني یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ هجري سے لغایت آخر سال مذکور بابت سہ ماہ

قیمت پرچہ هاے مذکور ابتداے محرم سنہ ۱۲۸۸ هجري سے لغایت آخر سال مذکور بابت دوازدہ ماہ

بمقام علیگدہ — مطبع علیگدہ انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اهتمام سے شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد سوم] یکم جمادي الاول سنه ۱۲۸۹ هجري [نمبر ۹

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشريح قيمت و مصرف منافع تهذيب الاخلاق

جسقدر روپيه بابت اس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قيمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که بمقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو چار روپيه سالانه قيمت پيشگي ديني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهيگا اُس کو في پرچه چار آنه معه اخراجات روانگي پرچه دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بلا قيمت جسکو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خريداران و ناظرين تهذيب الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو يا خريداري اِس پرچه کي مد نظر هو يا کوئي مضمون اِس پرچه ميں مندرج هونے کے ليئے بهيجنا هو يا زر قيمت اخبار يا زر چندہ يا کچهه روپيه بطور ڈونيشن کے عنايت فرمانا هو تو سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجا جاوے غرضکه تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کيونکه يهه پرچه علیگڈہ ميں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هي اور وهاں سے تقسيم هوتا هي اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هي *

اس پرچه ميں صرف مضامين مفيدہ جو مسلمانوں سے متعلق هيں چهاپه هوتے هيں اور اس سبب سے اخبار امصار و ديار اس ميں مندرج نهيں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے يهه هي که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذيب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هيں وہ مٹاے جاويں *

مضمون نمبر ۸۵

تدبير و اُميد

يهه عام اور غير مبدل قاعده قدرت كے قانون كا كه هر ايک چيز كے هونے كے ليئے اُس سے پہلے اُن چيزوں كا هونا ضرور هي جو كه اُس كے هونے كے ليئے ايک ضروري سبب هوں ايسا هي كه كوئي چيز مادي هو يا غير مادي خارجي هو يا ذهني اُس سے مستثني نهيں جتني چيزيں هماري آنكهه كے سامنے آتي هيں اُنميں سے كوئي ايک بهي ايسي نهيں جو اُن چيزوں كے بغير هوگئي هو جو اُس كے هونے كے ليئے قدرتاً مقدم هوں جتنے خيالات همارے ذهن ميں گذرتے هيں اُن ميں سے كوئي ايک بهي ايسا نهيں جس كي پہلے وه باتيں همارے ذهن ميں نه آجاتي هوں جو اُس خيال كے پيدا هونے سے پہلے عادتاً ضروري هيں جتني چيزيں هيں اُن ميں قدرت نے باهم ايسا تسلسل اور ارتباط ركها هي كه ايک سے دوسري اور دوسري سے تيسري پيدا هوتي هي پس هر چيز كے حاصل كرنے كے ليئے اُن چيزوں كا پہلے مهيا كرنا جو اُس كے ليئے بطور آلات اور معدات اور مقدمات كے هيں تدبير هي اور اُن كے مهيا كرنے پر اُس چيز كے حاصل هونے كي توقع كرنا اُميد هي اور بغير اسباب كے كسي چيز كے پيدا هونے كا خيال كرنا جنون و ناداني هي اور بلا مهيا كرنے اُن اسباب كے اُس شے كے حاصل هونے كي توقع كرنا حماقت هي اور جو چيزيں كسي چيز كے هونے كي اصلي سبب نهيں اُن سے اُس شے كے هونے كي توقع كرنا تدبير كي غلطي هي *

يهه بات جو همنے بيان كي اُسے نادان سے ليكر كامل حكيم تک اور جاهل سے ليكر عارف بالله تک اور ملحد سے ليكر شارع تک سب نے تسليم كيا هي اور سب مانتے چلے آئے هيں اور هم سب هر وقت اور هر لحظه هر چيز ميں اس قاعده كا برتاؤ ديكهتے رهتے هيں چنانچه هم اسے ايک صاف اور روشن مثال ميں سمجهاتے هيں ديكهو ايک دهقان غله پيدا كرنے كے ليئے كيا كرتا هي اور اُسے غله حاصل كرنے سے پہلے كس كس چيز كا مهيا كرنا ضرور هوتا هي پہلے وه اچهي زمين تلاش كرتا هي جس ميں زراعت كي قابليت هو پهر وه اُن آلات كو جمع كرتا هي جن كي زمين بنانے كے ليئے ضرورت هي پهر وه اُن آلات كو كام ميں لاتا هي اور جو خود رو گهانس يا پراني كهيتي كي بيكار اور نكمي چيزيں اُس ميں پڑي رهجاتي هيں اُن كو صاف كركے زمين كو اپني اصلي هيئت پر لاكر اُسے بناتا هي پهر وه سوچتا هي كه كس جنس كي اس وقت ضرورت هي تاكه لوگوں كي حاجت رفع هو اور مهنگي قيمت ملے آخر وه مختلف جنسوں ميں سے ايک يا چند چيزوں كو اختيار كركے اُس كا عمده بيج ڈهونڈتا هي اور مختلف دوكانوں مختلف بازاروں ميں خود پهر پهر كر اُسے تلاش كرتا هي اور اپنے نزديک وه ايسا بيج جو نه سڑا هو نه گلا نه بوسيده هو نه ناقص سوائي قيمت ديكر ليتا هي پهر اُسے ايک اندازه معين سے زمين ميں ڈالتا هي پهر اُسے مٹي ميں ملاكر چهپا ديتا هي پهر اُگنے كے بعد وقتاً فوقتاً پاني ديتا هي اور جو خود رو گهانس پيدا هوتي جاتي هي اُسے دور كرتا رهتا هي پهر سب سے زياده اُسے اُس وقت حفاظت كرني پڑتي هي جب كه دانه پڑتا هي اور جس كے كهانے كے ليئے چڑيوں كے جهنڈ كے جهنڈ آتے هيں پهر جب اِن تدبيروں كے كرنے كے بعد اُس كي كهيتي ارضي و سماوي آفات سے محفوظ رهے اور اُن باتوں سے جو اُس كے اختيار سے خارج هيں خدا نے اُس كي زراعت كو بچايا تب وه ايک ايک دانه كے سو سو اور هزار هزار حاصل كرتا هي اور اپني محنت اور تدبير كا ثمره پاتا هي پس ان سب چيزوں كا مهيا كرنا اور اُس تسلسل اور ارتباط اور ترتيب كا لحاظ ركهنا تدبير هي اور بعد اس كے پهل پانے كي توقع كرنا سچي اُميد هي اور ان ميں سے كسي چيز كا چهوڑ دينا يا كسي ترتيب و ارتباط ميں چوک جانا يا كسي امر كي تقديم و تاخير كا لحاظ نه كرنا يا وقت پر كسي چيز كو استعمال ميں نه لانا تدبير كي غلطي هي اور كسي چيز كا باوجود سعي كے نه ملنا يا كسي اتفاقي امر كا پيش آجانا يا كسي ارضي و سماوي آفت سے اُس زراعت كا خراب هوجانا تقدير كي مخالفت هي *

اب هم اس تدبير و اُميد كو اپني قوم كے حال سے ملاتے هيں اور سوچتے هيں كه جو كچهه وه اپني ترقي كي اُميد كرتے هيں اور جيسے وه اُس كي تدبيريں كر رهے هيں وه حقيقت ميں سچي اُميد اور پوري تدبير هي يا نهيں چنانچه هماري قوم ميں سے ايسا تو كوئي نهيں جو اپني ترقي نه چاهتا هو يا اپني دولت و عزت كي اُميد نه ركهتا هو مگر ايسے كم هيں جو اُس كي تدبير كرتے هوں اور جو كرتے هيں اُن ميں بهي ايسے كم هيں جو اُس ميں غلطي نه كرتے هوں اور جس ترتيب و ارتباط كا لحاظ ركهنا اُس كے ليئے ضروري هي اُسكا خيال ركهتے هوں *

هاں وه تدبير جو كميٹي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان نے كي هي همارے نزديک وه ايسي تدبير هي جس كے پورے هونے پر قومي ترقي كي سچي اُميد هي كيونكه اُس كے باني نے اول هي سے قدرتي سلسله كا لحاظ ركها هي وه پہلے اس بات كے دريافت كرنے پر متوجه هوا كه قومي عزت كا اصلي سبب كيا هي آخر اُس نے ثابت كيا كه صرف علم هي تب وه اُس كا مستفسر هوا كه موانع اُس كے هماري قوم ميں كيا هيں اس سوال كو اُس نے اپني تمام قوم ميں پيش

کیا اور مختلف صوبوں کے مختلف لوگوں سے اُس کا جواب لیکر اُس کو تحقیق کرکے ایک انجمن مقرر کی اور نہایت بحث و مباحثہ کے بعد اُس کے دور کرنے کی تدبیر سوچی آخر سب کے اتفاق سے سوائے قایم کرنے ایک مدرسۃالعلوم کے دوسری صورت قرار نہ پائی چنانچہ اُس نے اُس کی بنیاد ڈالنے کی راہ نکالی اور اُس کے قایم ہونے کے سامان جمع کرنے پر ہمت کی چنانچہ اب تک جو کچھہ اُس نے کیا ٹھیک ٹھیک کیا اور وہ ایک ہوشیار دہقان کی چال پر چلا اُس نے دہقانی بہت اچھی تلاش کرلی ہی اُس جنس کو بھی تحقیق کرلیا ہی جسکی ضرورت ہی اور جو اس وقت بازار میں اچھے نرخ پر بک سکتی ہی اُس کا بیج بھی تلاش کرلیا ہی پس اب اُسقدر سرمایہ کا جمع ہوجانا چاہیئے جو اُس کی قیمت کے واسطے اور دیگر آلات کے جمع کرنے کے لیئے کافی ہو *

یہہ ہوشیار دہقان صرف اس تدبیر کے بتانے ہی پر کفایت نہیں کرتا بلکہ سب کا بوجھہ اپنے سر پر اُٹھانے اور ساری محنت کو جو اس کھیتی میں ہوگی اپنے اوپر لینے پر مستعد ہی وہ اپنی قوم سے صرف یہہ چاہتا ہی کہ سامان خریدنے کے لایق سرمایہ جمع کریں اور اپنے گھر میں آرام سے بیٹھے رہیں جب فصل تیار ہو جاوے تب اُس کا پھل لےلیں *

اب میں اپنی قوم کے دلوں پر نظر کرتا ہوں کہ بہ نسبت اس تدبیر کے اُن کے دلوں میں کیا خیال گذرتے ہوں جہانتک میں واقف ہوں میرے نزدیک بہت ہی تھوڑے آدمی ہونگے جو اس تدبیر کو کامل اور اس تجویز کو مفید نہ سمجھتے ہوں مگر اُس کے انجام کو ایسا مشکل جانتے ہیں کہ قریب بہ محال سمجھتے ہیں کوئی کہتا ہی کہ یہہ فقط ایک خیالی عمارت ہی جو ہوا میں کھڑی کی گئی ہی کوئی فرماتا ہی کہ یہہ محض ایک فرضی تجویز ہی جو دل بہلانے کے لیئے کی گئی ہی کوئی اسے گورنمنٹی کا انتظام کہتا ہی کوئی اسے ایک محال اور غیر ممکن بات سمجھتا ہی لیکن یہہ سب پست ہمتی کی نشانیاں اور ہمدردی اور محبت قومی نہونے کے نتیجے ہیں کیونکہ یہہ سب باتیں دس لاکھہ روپیہ کے جمع ہونے پر خیال کی جاتی ہیں حالانکہ یہہ روپیہ اُس سے زیادہ نہیں ہی جو ایک بڑے شہر میں ایک برس کے اندر کھیل تماشے میں اُمراء خرچ کردیتے ہیں لڑکوں لڑکیوں کے شادی بیاہ میں برباد کردیتے ہیں پس اگر ہم اپنی قوم کے اصراف تربہ تربہ اُن کے اسراف پر نظر کرکے اس سرمایہ کو زیادہ سمجھتے تو ہم بھی ایک تکلیف مالایطاق اور تدبیر محال کہتے مگر جب ہم اب بھی اپنے اُمراء کے جود و سخا کی یہہ کیفیت دیکھتے ہیں کہ ایک ایک باہمت ایسے ہیں جو لاکھہ لاکھہ روپیہ

چندہ میں حاکموں کے خوش کرنے کے لیئے دیدیتے ہیں تو ہمارے ذہن میں اس سرمایہ کی بمقابلہ اُن کے حوصلہ کے کیا حقیقت ہو رہا دینا یا نہ دینا یہہ ہمدردی اور محبت قومی پر منحصر ہی اُس کی نسبت البتہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس کا قحط بلا شبہہ ہماری قوم میں ہی اگر اُس پر خیال کرکے کچھہ مایوسی ہو تو عجب نہیں مگر پھر ہر شخص کو اپنا فرض ادا کرنا اور سعی میں کوتاہی نہ کرنا ضرور ہی السعی منی والاتمام من اللہ *

راقــــــــم
مہدی علی عفی عنہ

نمبر ۸۶

خط

متعلق چندۂ مدرسۃ العلوم مسلمانان

منشی محمد مشتاق حسین صاحب نے سکرتری کمیٹی خازن البضاعۃ کے نام ایک خط بھیجا ہی اُسکو ہم بجنسہ چھاپتے ہیں اور جو تدبیر فراہمی چندہ کی اُنہوں نے اُسمیں رقام فرمائی ہی اور خود اُسپر عمل بھی کیا ہی اُسکا شکر کرتے ہیں اور تمام مسلمانوں سے اُمید رکھتے ہیں کہ ہر ایک مسلمان مثل منشی مشتاق حسین صاحب کے بدل و جان اس مدرسہ کے واسطے چندہ فراہم کرنے کے لیئے کوشش کریگا *

نقل خط

سکرتری کمیٹی خازن البضاعۃ سلامت

بعالیخدمت مولوی سید احمد خانصاحب بہادر سی ایس آئی

تسلیم — میری عزت اور میرا فخر ہوگا اگر آپ میری ایک تنخواہ جسکی تعداد ساٹھہ روپیہ ہی میری طرف سے کمیٹی خازن البضاعۃ میں جمع فرماویں میں پانچ روپیہ مہینے کے حساب سے کمیٹی میں جمع کردونگا جسکی پہلی قسط مئی کی تنخواہ سے شروع ہوگی آج یکم جون ہی اس لیئے پہلی قسط اس عریضہ کے ساتھہ بھیجتا ہوں *

یہہ بہت ہی ناچیز رقم ہی جو ایسے بڑے کام میں میں پیش کرتا ہوں اور بلاشبہہ اگر سب مسلمان ایک ایک مہینے کی آمدنی دیدیں تو غالباً کروروں روپیہ جمع ہوجانے کی نوبت پہونچ جاوے لیکن دفعتاً ایسا ہونا فی الجملہ مشکل معلوم ہوتا ہی خصوصاً اس لیئے کہ جملہ مسلمانوں کو اس کمیٹی کے مقاصد سے مطلع ہوتے ہوتے ایک عرصہ چاہیئے *

تاهم جسقدر مسلمان أسكے مقاصد سے مطلع هوگئے هيں اور هوتے جاتے هيں أنكو صرف اسيقدر امداد پر اكتفا نه كرنا چاهيئے كه ايك رقم يك مشت عنايت كريں اگرچه بهت هي قدر كے قابل هيں وة بيش بها ڈونيشن جو اس كار خير ميں پيش كيئے جاريں — مسلمانوں كو چاهيئے كه كوئي ايسي سبيل نكاليں جس سے اس كميٹي كي سالانه آمدني نهايت استحكام كے ساتهه اور بڑے افراط كے ساتهه قايم هوجاوے *

ميني اپنے هاں ايك مريض كے مرض سے صحت پانے كے شكريه ميں جناب باري ميں اس كميٹي كے واسطے ايك مختصر سي منت ماني تهي بجاے مصلي كهلانے كے چنانچه پانچ روپيه أس منت كي بابت اس كميٹي كے ليئے بهيجتا هوں *

ميني ايك چٹكي اپنے روز مرة كے هر ايك قسم كے صرف پر اس كميٹي كے واسطے اس طرح سے مقرر كي تهي كه اگر ايك بڑهيا اور نادار سے نادار اور ايسا شخص بهي أسكو اپنے اوپر لازم كر لے جسكو دو دو وقت ميں روٹي ملتي هو تو بهي كچهه ناگوار نه هوگي اس چٹكي سے مجهكو مهينے مئي ميں ايك روپيه دو آنه وصول هوئے وة بهي ميں اس عريضه كے ساتهه بهيجتا هوں اور آينده انشاءالله يهه چٹكي ميں هميشه بهيجتا رهونگا *

أور بهي ميني بهت سے ارادے دل ميں ٹهان ليئے هيں اگر خدا نے پورے كيئے تو كميٹي كو أن كي اطلاع دونگا — ميني ارادة كرليا هى كه اولاد كي تقريب اور خصوصاً مكتب كي تقريب ميں جو روپيه فضول صرف هوتا هى أس صرف كو روكا جاوے اور أس ميں سے ايك بڑا حصه اس كميٹي ميں دياجايا كرے جب تك يهه كميٹي عام مدارس قايم كرنے كے بخوبي لايق هوجاوے تو يهه مدد جو هر ايك مقام سے وصول هو أسي مقام يا أسكے قريب تر مقاموں ميں جيسا موقع هو مسلمانوں كي ترقي تعليم ميں صرف كي جاوے *

مكتب كي تقريب كا جو حواله ميني ديا هى ميں نهيں سمجهتا كه وة كون مسلمان هوگا جو اپني اولاد كي مكتب كي تقريب اس نيت سے كراتا هى كه آينده أسكي تعليم كامل اور عمدة هو اور پهر وة اس كميٹي ميں أس فضول صرف ميں سے ايك بڑا حصه نه دے اور گئے گذرے درجه پر ليهذي بيس روپيه يا پچيس روپيه سے بهي دريغ كرے *

گيارة روپيه دو آنه ميں بهيجتا هوں جسكا تذكرة اوپر هوا اور يهه درخواست كرتا هوں كه ميرے روپيه سے جو اسوقت ميني بهيجا اور جو آينده ميں بهيجوں جائداد خريدي جاوے يا مكان بنايا جاوے وه پراميسري نوٹوں كي خريداري ميں صرف نه كيا جاوے اس ليئے كه ميں پراميسري نوٹوں كے سود كو مسلمانوں كے واسطے اچها نهيں سمجهتا زيادة حد ادب *

كمترين

مشتاق حسين عفي عنه

از عليگڈة يكم جون سنه ١٨٧٢ ع

نمبر ٨٧

هماري قوم اگر چاهے تو كس درجه تك ترقي كرسكتي هى

آج تك همارے هم وطن شايد اس بات سے ناواقف هيں كه هم سب بموجب عام اصول برٹش گورنمنٹ كے بحيثيت رعيت هونے سلطنت معظمه كے تمام اعلى ترين عهدة هاے سول پر منصوب هوسكتے هيں هائي كورٹ كي ججي گورنر جنرل كي كونسل اور نيز دوسري كونسلوں كي ممبري ادنے اور اعلے عهدة هاے فوجي اور انجنيري وغيرة اسي طرح سے پاسكتے هيں جس طرح كه هماري فرماں روا قوم كے لوگ همارے ملك ميں مامور هيں اور نيز برٹش پارليمنٹ ميں اپنے ملك كي طرف سے نيابتاً داخل هوسكتے هيں صرف ڈپٹي كلكٹري اور صدرالصدوري هي هماري معراج نهيں — انكم ٹيكس اور ديگر محصولات وغيرة جن كا هندوستان ميں ايك شور و غل مچ رها هى صرف اس سبب سے كه وة همارے حالات كے نامناسب هيں اور همارے حاكموں نے بوجهه عدم واقفيت تام همارے حالات كے جاري كيئے هيں هماري هي طاقت ميں آسكتے هيں هم چاهيں جس مقدار سے كم و بيش يا بالكل موقوف كرسكتے هيں جيسا كه همارے ملك كي حالت مقتضي هو هر ايك ايكٹ اور آئين همارے واسطے همارے ملك ميں هماري تجويزوں سے جاري هوسكتا هى نه كه هم بهيڑ اور بكريوں كي طرح حكومت كيئے جانے كو مجبور هيں — هم هر ايك قسم كے فنون اور تجارت كو اپنے ملك ميں ترقي دے سكتے هيں افريقه كے وحشيوں كي طرح كه وة زرافه كي هڈياں اور هاتي دانت جنگلوں سے جمع كركے نهايت ارزاں قيمت پر اقوام يورپ كے هاتهه بيچتے هيں اور يهه دانشمند قوميں أن بد هيئت اور مٹهلي هڈيوں سے هزاروں عمدة عمدة چيزيں بنا بنا كو بڑے بڑے فائدے أٹهاتي هيں هم تمام هندوستان كي اشياء تجارت مثل روئي أور نيل چربي چمڑا وغيرة يورپ كو بهيجتے هيں اور هم خود أس كے فوائد اور قابل الاستعمال كرنے سے بے بهرة هيں هم پر بهي فرض نهيں هى كه هم تمام هندوستان كي روئي مينچسٹر كو بهيجا كريں اور وهاں أس كا كپڑا بنے اور پهر همارے هي هاتوں بيس گني قيمت كو بكے بلكه هم خود بهي بحيثيت جماعتوں

ہماري قوم کو ترقي چاہیے

بکم جمادي الاول سنه ۱۲۸۹ هجري

ہماري قوم کو ترقي چاہیے

[illegible] ہونے کے اگر زیادہ تر نہیں تو اپنے ہندوستان ہي کے مصارف کے اور وہاں کي ہي خواہشوں کے موافق ہندوستان ہي میں بنا سکتے ہیں [illegible] سکتے ہیں اور تجارت ہي ایک [illegible] کے متمول اور آسودہ ہونے کا جو کہ آج کل اقالیم یورپ کے حصہ میں ہي — تاربرقي اور ریل کپڑا بنانے اور زراعت کي کلوں کا بنانا اور استعمال کرنا بھي معجزہ اور کرامات نہیں — ہم نے اپنے علوم اور فنون قدیم کو بھي بجاے اس کے کہ ترقي کرتے کھو دیا کیا کوئي اس بات کو تسلیم کرنے میں ایک لحظہ بھي انکار کریگا کہ بڑے بڑے عالموں شاعروں حکموں طبیبوں سے ہمارا ملک خالي ہوگیا اور آیندہ کو نام بھي باقي نہ رہیگا اگر ہم تدبیر نہ کرینگے گو کہ ہمارے علوم پرانے ہي تحقیقاتوں پر مبني ہوں مثلاً طب میں گو ہم کہ بو علي سینا یا جالینوس نے جو صدہا برس پیشتر بندروں کا بدن چیر چیر کر لکھي ہو اور زمانہ حال کے ڈاکٹروں کي نئي نئي تحقیقاتوں اور تجربوں سے کچھہ بھي نسبت نہ رکھتي ہو اور ہمنے ان نئے تجربوں سے کچھہ بھي ترقي نہ دي ہو خواہ اس دلیل سے کہ ہمارے متقدمین ہم سے علم اور عقل میں بدرجہا بہتر تھے یا آنکہ [illegible] اپني پاک عربي کي کتابیں کیوں نئي تصرفات سے ملوث کریں بغیر لحاظ اس بات کے کہ یہہ پاک کتابیں بھي یوناني سے ہي ترجمہ کي گئي ہیں الغرض ہم سب کچھہ کرسکتے ہیں اگر ہم چاہیں مگر ہماري جہالت اور توہمات یعني ہماري ترقیات کے مانع ہیں اگر ہم جاہل نہوتے تو ہم فوراً جان لیتے کہ کون کون ہمارے ایسے استحقاق ہیں جو مثل دیگر رعایاے ملکہ معظمہ کے ہمکو ابھي تک حاصل نہیں ہوئے اور کونسا وہ طریقہ ہي جس سے کہ ہم حاصل کرسکتے ہیں اور اس حالت میں گورنمنٹ کو بھي ہمارے پورے پورے استحقاق [illegible] دیدینے میں ذرا بھي تامل نہوگا تاوقتیکہ وہ لیاقت ہي ہمکو [illegible] نہو جس سے کہ ہم اپنے تمام حقوق کو حاصل کرکر اچھي طرح استعمال کرسکتے ہوں بلکہ اُس سے بھي زیادہ ایک وحشیانہ حالت میں اپنے آپ کو دیکھتے ہیں تو کیونکر اُس گورنمنٹ سے جس کو [illegible] منصف ہونے کا یقین ہي ہم توقع کرسکتے ہیں بھلا [illegible] کوئي فن اور کسي طرح کي تجارت کو ہم اپني قوم میں پھیلا سکتے ہیں جب کہ ہماري جہالت اس درجہ تک پہونچ گئي ہو کہ ہم دنیا کے حالات سے قطع نظر اس شہر ہي کے گلي اور کوچوں سے بے خبر ہیں اگر ہم ادنے فکر اور تامل بھي کریں اور بلا تعصب ہر ایک ملک کي حالت پر نظر ڈالیں اور ایک کو دوسرے سے ملاویں اور اسباب ترقي اور تنزل دریافت کریں اور بغور اس بات کو بھي دیکھیں کہ اگر ہم نہ جاگینگے تو پھر نہ ہماري قوم ہي اور نہ دین اور نہ مذہب پس ہم پر لامحالہ ایسے خط کے لکھنے کے عرض جو کہ تہذیب الاخلاق مطبوعہ ۱۰ محرم میں چھپا ہي دلي شکریہ مولوي [illegible] مہدي علي صاحب کا کرنا اور نہایت عزت اور وقعت اُنکي اپنے دل میں رکھنا اور دل و جان سے اُن کا شریک اور معین ہونا واجبات سے ہوگا ہم کو اس بات پر خوب یقین کرنا چاہیئے کہ یہي وہ لوگ ہیں جو کہ محض اپني نیک نیتي سے اپني قوم کي عزت رکھنے اور حسن معاشرت اور تہذیب کے ترقي دینے اور دین و مذہب کو عمدہ طرح سے باقي اور برقرار رکھنے میں کوشش کر رہے ہیں یہي وہ لوگ ہیں جو خوب سمجھتے ہیں کہ اگر ہم ابھي سے اپني قوم کي بھلائي میں کوشش نہ کرینگے تو آیندہ اُس کي حالت کیا ہونے والي ہي ترقي یافتہ ملکوں کي تواریخ کے عالم اس بات سے واقف ہیں کہ قریب تین سو برس پیشتر انگلستان میں جب کہ اس قوم کے چند شخصوں نے اپني قومي ترقیات میں کوششیں کي تھیں تو اُنہیں بھي بڑي بڑي دقتیں پیش آئي تھیں مگر آخرش وہ کامیاب ہوئے تھے جیسا کہ ہم اب اپني آنکھوں سے دیکھہ رہے ہیں اور ابھي تک اُن کے نام نامي روشن ہیں اسي طرح ہمکو یقین ہي کہ یہہ لوگ ہماري قوم کے ترقي خواہ بہت جلد اپني کوششوں میں کامیابي حاصل کرلینگے ہماري قوم میں ہمیشہ کے لیئے نام نیک چھوڑینگے اور عنداللہ اور عندالرسول اس کا اجر عظیم پاوینگے الحق یعلو ولا یعلی اور برا کہنے سے تو ما نجی اللہ والرسول معا * من لسان الورا فکیف انا مجھکو قریب تین سال سے اکثر بلاد عرب افریقہ اور یورپ کے دیکھنے علي الخصوص انگلینڈ اسکاٹ لینڈ میں رہنے کا اتفاق ہوا ہي میں نے ہر طرح کے کارخانہ ہاے صنایع اور تجارت دیکھے ہیں جلسہ ہاے علوم اور فنون اور ہر طرح کے عام اور خاص جلسوں اور تماشہ گاہوں میں شامل ہوا ہوں بہت سے کالج اور اسکول اور اکسفورڈ اور کیمبرج کي یونیورسٹیاں دیکھي ہیں ہر ایک کے اسباب ترقي اور تنزل کو معلوم کیا ہي اور سب کا ما حصل یہہ ہي کہ جو کچھہ کیا ہي قوم نے کیا ہي جو کچھہ ترقي ہي قوم کرتي ہي اور جو استحکام کہ قوم کے ساختہ اور پرداختہ کو ہوسکتا ہي دوسري چیز کو نہیں ہوتا اور جو عمدہ نتائج کہ اُسے حاصل ہوتے ہیں ہم اپني آنکھہ سے دیکھہ رہے ہیں جس کارخانہ یا مدرسہ کي ابتدا دریافت کي گئي تو معلوم ہوا کہ اول فلاں فلاں چند شخصوں نے اس بات پر کوشش کرنا شروع کي تھي اور پھر فلاں فلاں اہل دول اُس کے شریک ہوگئے اور پھر ہوتے یہاں تک کہ ذراسے چشمہ سے تھوڑے ہي عرصہ میں ایک [illegible] دریا ہوگیا جس کي نہریں تمام دنیا میں پھیل گئیں ان ملکوں کے حالات اور اسباب زندگي دیکھہ دیکھہ کر میں اپني قوم کے حالات پر

 چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

تالیف کیا کرتا تھا اور یہی خیال باندھا کرتا تھا کہ کونسا وہ طریقہ ہی جس سے ہمارا قومی تنزل اور ادبار دفع ہو مگر جبسے تہذیب الاخلاق کے عمدہ عمدہ مضامین کو میںنے پڑھا ہی اور تمام حالات پر نظر ڈالی ہی اور ہر ایک اُس کے پہلو اور جوانب کو غور کیا ہی تو مجھے کسیقدر اس بات کا یقین ہوگیا ہی کہ یہی بسم‌الله ہماری قوم کی عزت اور نام برقرار رکھنے والی چیز کی اور یہہ یہی ہی حسن معاشرت اور ترقی دینے والی اپنا مجھے اُمید ہی کہ ہماری قوم کے تمام سردار اور اہل دول اور نیز عوام اپنے قومی جوش اور اسلامی حرارت کے ساتھہ تہذیب الاخلاق کی علت غائی میں مدد کرینگے اور سب سے پہلا مدد کرنے کا کام یہہ ہی کہ ہر ایک مسلمان علے قدر مراتب و حال اپنی قومی بہبودی کے واسطے ایک بڑا دارالعلوم اور فنون اور چند اُس کی شاخیں قایم کرنے میں شریک ہو اگر یہہ دارالعلم قایم ہوگیا تو خوب یقین جان لینا چاہیئے کہ ہمارے تمام مردہ علوم زندہ ہو جاوینگے ہماری قوم کا ادبار جاتا رہیگا ہماری قوم کے حسن معاشرت اور تہذیب میں ترقی ہونی شروع ہو جاویگی بے ہنری دور ہوگی افلاس نہ رہیگا دولتمند ہو جاوینگے دوسری قوموں کی نظروں میں حقیر اور ذلیل نہ معلوم ہونگے ہر طرح کے علم اور ادب میں دسترس ہوگی اور اپنا دین اسلام بہت اچھی مضبوطی کے ساتھہ قایم اور برقرار رکھہ سکینگے اور نیز مجھے توقع ہی کہ ہمارے دیسی اخبار اپنے فرایض کے بموجب جیسا کہ وہ کر رہے ہیں اپنی قوم کی بھلائی کی غرض سے تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو جگانے اور اُن کو اس قسم کا دارالعلم اور مدرسہ قایم کرنے کے لیئے پوری طاقت صرف کرینگے اور کافی توجہہ دلاوینگے ×

مورخہ ۳۰ مئی سنہ ۱۸۷۲ ع } از لندن
راقـــــم
محمد حکمت الله عفی عنہ

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان نے خاص مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے جو مدرسۃ العلوم مقرر کرنا تجویز کیا ہی اور جس کا ذکر تہذیب الاخلاق کے پرچوں میں چھپ چکا ہی اُس کے قایم کرنے کے لیئے چندہ شروع ہوگیا اور تاریخ ۲۵ جون سنہ ۱۸۷۲ع تک صاحبان مندرجہ ذیل نے فہرست چندہ پر بہ تعداد مندرجہ ذیل اپنا نام نامی مندرج فرمایا ×

جسقدر زر چندہ وصول ہوتا ہی بالفعل بمقام بنارس بانک بنگال میں امانت کیا جاتا ہی اس لیئے مسلمانوں سے درخواست کی جاتی ہی کہ بقدر اپنی توفیق کے زرچندہ مرحمت فرماویں ×

راقـــــم
سید احمد
ایف انریری سکرتری کمیٹی خازن‌البضاعۃ

بابت نذر امام ضامن علیہ‌السلام
نذر الله از جانب مولوی زین‌العابدین صاحب [illegible]
نذر الله از جانب سید احمد خاں صاحب [illegible]
نذر الله ار جانب منشی مشتاق حسین صاحب
بابت ملت شفاے بیمار [illegible]
نذر الله ار جانب منشی مشتاق حسین صاحب
بطور چلکی منجملہ اخراجات روز مرہ [illegible]
سید ظہور حسین صاحب وکیل ہائی کورٹ
الہ‌آباد [illegible]
سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی جج
سمال کاز کورٹ بنارس [illegible]
مرزا رحمت الله بیگ صاحب رئیس بنارس [illegible]
میر تراب علی صاحب ڈپٹی کلکٹر مین‌پوری [illegible]
مولوی سید مہدی علی صاحب ڈپٹی کلکٹر
مرزاپور [illegible]
مولوی سید زین العابدین صاحب صدر امین
بلند شہر [illegible]
سید محمد احمد خاں صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ
کمشنر ہردوئی [illegible]
منشی محمد یار خاں صاحب رئیس مرادآباد [illegible]
نجیب‌الله ملازم سید احمد خاں بہادر سی
ایس آئی سب آرڈینٹ جج بنارس [illegible]
مولوی سید محمد عبدالله صاحب اتالیق
مہاراجہ دربھنگا [illegible]
مولوی محمد عارف صاحب ناظر کلکٹری بنارس
منشی مصطفی بخش صاحب پیشکار کلکٹری
بنارس [illegible]

چندهٔ مدرسة العلوم مسلمانان بکم جمادی الاول سنه ۱۲۸۹ هجری چندهٔ مدرسة العلوم مسلمانان

منشی محمد ممتاز علی صاحب اهلمد فوجداری بنارس ... عـه

حافظ مجتبیٰ کریم صاحب منشی اول محکمهٔ صفائی شهر بنارس ... عـه

منشی محمد حسین صاحب سررشته‌دار عدالت دیوانی بنارس ... عـه

حافظ کریم بخش صاحب ساکن اتاوه ... عـه

مرزا نبو صاحب رئیس بنارس ... عـه

نواب محمد حسن خان صاحب بهادر جاگیردار سنوانی پلیس بنارس ... اعـه

سید حسین صاحب سب انسپکٹر تهانه مرزا مراد ... سـه

میر امید علی صاحب ڈگری نویس محکمه سب اردینیٹ جج بنارس ... عـه

سید عبدالغنی صاحب محرر محکمه سب آردینیٹ جج بنارس ... عـه

محمد عبدالرحمن صاحب محرر اجرائے ڈگری منصفی اول بنارس ... عـه

میر عنایت علی صاحب محرر اجرائے ڈگری محکمه سب اردینیٹ جج بنارس ... عـه

شیخ عبدالله صاحب زمیندار موضع ریوان پرگنه دهوس ضلع بنارس ... عـه

مولوی محمد عبدالستار صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس ... ماه

مولوی شجاع الدین حیدر صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس ... ماه

حافظ محمد فضل الرحمن صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس ... ماه

سید عبدالرحیم صاحب امین عدالت دیوانی بنارس ... سـه

میر سجاد علی صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس ... صـه

منشی محمد رعایت حسین صاحب محافظ دفتر عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی محمد نعیم الله صاحب ناظر عدالت دیوانی بنارس ... صـه

منشی محمد عبدالله صاحب روبکار نویس عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی محمد علیم الله صاحب ڈگری نویس عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی احمد بخش صاحب روزنامچه نویس عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی محمد عبدالقادر صاحب محرر سفری بنارس ... سـه

منشی منصب علی خان صاحب نائب محافظ دفتر عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی محمد اصغر حسین صاحب محرر رجسٹری بنارس ... عـه

منشی محمد مظفر کریم صاحب نقل نویس عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی سید محمد هادی بخش صاحب نقل نویس عدالت دیوانی بنارس ... عـه

منشی احمد حسین صاحب نقل نویس ... عـه

حافظ عنایت الرحمن صاحب طالب علم کوئنز کالج بنارس ... صـه

مولوی محمد اشرف حسین خان صاحب رئیس بنارس ... ماه

عالی جناب نواب محمد علی خان صاحب بهادر سابق نواب ٹونک ... الـ

منشی محمد مشتاق حسین صاحب نائب سررشته دار کلکٹری علیگڈه ... عـه

منشی محمد مسعود شاه خان صاحب منصرم محکمه منصفی هاتهرس ضلع علیگڈه ... عـه

حکیم محمد سردار مرزا صاحب رئیس دهلی ... صـه

شيخ غلام علي صاحب و شيخ اكبر علي صاحب
رئيسان بنارس ... عمام

منشي محمد سبحان حيدر صاحب سررشتہ‌دار
كلكٹري بنارس ... عام

بابو بيني پرشاد صاحب رئيس بنارس ... عـــہ

مولوي محمد حفيظ الدين احمد صاحب رئيس
ديوا ضلع نواب گنج بارہ بنكي ... عـــہ

سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي
بابت قيمت تصوير فوٹو گراف ... صعہ

كپتان جي ايف اي گريہم صاحب بهادر
سپرنٹنڈنٹ پوليس ... عام

مرزا خدا داد بيگ صاحب رئيس دهلي
باشندہ لكهنؤ ... عام صـ

جناب خليفہ سيد محمد حسن صاحب وزير
اعظم رياست پٹياله ... الـلہ عام

شيخ تصدق حسين صاحب رئيس الہ‌آباد منصرم
بندوبست علاقہ دودهي ضلع مرزا پور ... عـــہ

منشي محمد اكرام حسين صاحب رئيس
گهاٹم‌پور ضلع كانپور منصرم علاقہ راجہ كنتت
ضلع مرزا پور ... عا صـہ

حاجي محمد ممتاز علي خاں صاحب رئيس
ميرٹهہ ... عام

منشي محمد صديق صاحب رئيس ميرٹهہ
ڈپٹي مجسٹريٹ نہور ... عا صـہ

مولوي محمد سميع الله خاں صاحب رئيس
دهلي وكيل هائي كورٹ الہ‌آباد ... الـلہ

مولوي فرزند علي صاحب وكيل عدالت ديواني
مرزا پور ... عام

محمد اكبر علي خاں صاحب رئيس مرزا پور عـــہ

مسٹر والٹر اسمانٹہ صاحب بهادر ... عام

بابو هرشنكر پرشاد سنگہ صاحب بهادر رئيس
بنارس ... عام

ميزان عـــہ اسا عـــہ ۷

اشتهار

صدر كميٹي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان هندوستان

واضح هو كہ كميٹي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان كي رپورٹ بنارس ميں چهپ چكي هي اِس رپورٹ كے تخميناً تين سو بيس صفحہ هيں اور اُس ميں تين حصہ هيں *

پہلے حصہ ميں جو رسالے انعام كے ليئے منتخب هوئے اُن كا ذكر هي *

دوسرے حصہ ميں چار بحثيں هيں *

بحث اول ميں گورنمنٹ كالجوں اور اسكولوں ميں مسلمان طالب علموں كے كم داخل هونے كے اسباب سے بحث هي *

بحث دوم ميں تحصيلي و حلقہ بندي مكتبوں ميں مسلمان طالب علموں كے كم داخل هونے كے اسباب سے بحث هي *

بحث سوم ميں مسلمانوں ميں علوم قديمہ كے گهٹ جانے كے اسباب سے بحث هي *

بحث چهارم ميں مسلمانوں ميں علوم جديدہ كے رواج نہ پانے كے اسباب سے بحث هي *

تيسرے حصہ ميں مسلمانوں كي ترقي تعليم كي تدبيريں اور طريقہ جس طرح پر كہ اُنكي تعليم و تربيت اس زمانہ ميں هوني چاهيئے اور جس طرح كے مدرسہ اور مكتب اُنكي تعليم كے مقرر هونے چاهيئں اُنكا بيان هي *

خاتمہ ميں اُن پچيس رسالوں كا خلاصہ مندرج هي جو حسب اشتهار كميٹي تصنيف هوئے تهے اور جنكے هر ايك مضمون پر كميٹي نے بحث كي هي *

اُس رپورٹ كي قيمت پانچ روپيہ مقرر هوئي هي جس صاحب كو اُسكا خريدنا منظور هو راقم اثم پاس زر قيمت ارسال فرماكر رپورٹ مذكور طلب فرمالے *

واضح هو كہ بموجب تجويز كميٹي منعقدہ ۳۱ جولائي سنہ ۱۸۷۱ ع اُس رپورٹ كے چهپنے كے ليئے جداگانہ چندہ هونا تجويز هوا هي پس جن ممبروں نے خاص اس رپورٹ كے چهپنے كے ليئے زر چندہ بقدر پانچ روپيہ يا اُس سے زيادہ نديا هوگا اُن كے پاس يہہ رپورٹ بموجب تجويز كميٹي منعقدہ ۷ مارچ سنہ ۱۸۷۲ ع مرسل نهوگي *

دستخط سيد احمد خاں بهادر سي ايس آئي
سكرٹري كميٹي مقام بنارس

بمقام عليگڈه — مطبع عليگڈه انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور حافظ محمد عبدالرزاق كے اهتمام سے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم]   ۱۵ جمادی الاول سنہ ۱۲۸۹ ہجری   [نمبر ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساتھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ کے دیگا اُس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ آٹھ آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنہی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو خیالات اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹاے جاویں *

The Projected Mohammedan Anglo Oriental College.

We beg to publish here for general information a letter relating to the proposed Mohammedan Anglo Oriental College, from the Government, N. W. Provinces, to the Director, D. P. I., N. W. P., a copy of which has been forwarded to the Secretary to the Committee for the better diffusion and advancement of learning among the Mohammedans of India.

The Mohammedan community will doubtless peruse this letter with extreme pleasure, containing as it does a promise, should the project succeed, of Government aid under the grant-in-aid Rules.

That the project should succeed ought to be the earnest desire of every right minded Mohammedan, and it is earnestly hoped that all will come forward with donations according to their means. If they will only reflect that it requires but a very small sum from each individual to establish the proposed College, we feel sure that they will all respond heartily to the Committee's appeal for aid.

Our Government deserves the most hearty thanks of all followers of Islam for the interest which it shows in their welfare, and for its readiness to promote the establishment of a College intended as it is for the special benefit of the Mohammedans.

COPY.

No. 2394 A of 1872.

From,

The Secretary to the Govt. of the
N. W. Provinces.

To

The Director of Public Instruction,
N. W. Provinces.

Dated Nynee Tal, the 1st of July 1872.

General Department, N. W. P.

Sir,

I am directed to forward, for any remarks you may wish to offer, the accompanying letter dated 14th June, with enclosures, from Syed Ahmed Khan Baha-

مضمون نمبر ۸۸

مجوزہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

چٹھی مندرجہ ذیل مرسلہ صاحب سکرٹری گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی بنام صاحب ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن ممالک مغربی و شمالی جس کی نقل سکرٹری کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان ہندوستان کے پاس بھیجی گئی ہی واسطے اطلاع عوام کے مشتہر کی جاتی ہی *

اس میں کچھہ شبہہ نہیں ہی کہ تمام مسلمان اس چٹھی کو پڑھ کر بہت خوش ہونگے کیونکہ اس میں بشرط کامیابی اُس تدبیر کے جو مد نظر ہی یعنی بحالت قایم ہو جانے مدرسۃ مجوزۃ کے اس بات کا وعدہ گورنمنٹ کی طرف سے کیا گیا ہی کہ بموجب قواعد گرینٹ ان ایڈ کے یعنی بموجب اُن قواعد کے جن کے بموجب گورنمنٹ مدرسوں میں مساوی اُس آمدنی کے جو رعایا نے کی ہو روپیہ دیئے سے مدد کرتی ہی اس مدرسہ کی بھی گورنمنٹ مدد کریگی *

اس تدبیر کی کامیابی کی کوشش ہر ایک سچے مسلمان کو دل سے کرنی چاہیئے اور اُمید واثق ہی کہ ہر شخص اپنی حیثیت کے بموجب خود بقدر کچھہ نہ کچھہ اس مدرسہ کے لیئے چندہ دیگا اگر مسلمان یہی خیال کریں کہ ہر ایک آدمی اگر تھوڑا تھوڑا چندہ دے تو بھی یہہ مدرسہ مجوزہ بخوبی قایم ہو جاویگا تو ہمکو یقین ہوتا ہی کہ تمام مسلمان بدل و جان اس مدرسہ کے قایم ہونے میں مدد کرینگے *

تمام مسلمانوں پر فرض ہی کہ بعوض اُس ہوا خواہی کے جو گورنمنٹ اُن کی بہبودی کے لیئے کرتی ہی اور نیز اس کام کے قایم ہونے پر جو بالتخصیص مسلمانوں کے فائدہ کے لیئے ہی مدد کرنے پر آمادہ ہی گورنمنٹ کا شکریہ سچے دل سے ادا کریں *

ترجمہ چٹھی مذکورۃ بالا

نمبر ۲۳۹۴

حرف الف بابت سنہ ۱۸۷۲ ع

از جانب سکرٹری گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی

بنام

صاحب ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن ممالک مغربی و شمالی

مقام نینی تال

مورخہ یکم جولائی سنہ ۱۸۷۲ ع

جنرل ڈپارٹمنٹ ممالک مغربی و شمالی

حسب ہدایت گورنمنٹ میں آپ کی خدمت میں قاصد چٹھی معہ کاغذات متعلقہ اُس کے جو سید احمد خان بہادر سی ایس آئی

door, C. S. I., Secretary to the Select Committee for the better diffusion and advancement of learning among Mohammedans of India.

2. I am to observe that the Lieutenant-Governor will be prepared to take copies of the Pamphlet for distribution among the Educational Officers and Educational Committees in these Provinces.

3. I am to add that should the Society's efforts be successful in effecting the establishment of a Mohammedan College, on the projected footing, that is of imparting a liberal secular education, in addition to a religious education, the aid of Government could best be afforded in respect of the former on the basis of the grant-in-aid Rules.

I have, &c.,

(Sd.) C. A. ELLIOTT,

Secretary to the Government of the N. W. Provinces.

No. 2395 of 1872.

GENERAL DEPARTMENT OF THE N. W. P.

Dated Nynee Tal the 1st July, 1872.

ORDER.

Ordered that a copy of the foregoing be forwarded to the Secretary to the Select Committee for information in reply to his letter of 14th June with the remark that a copy of the Committee's Report, Rules, &c., has been forwarded to the Supreme Government as desired.

(Sd.) J. LLOYD,

For Secretary to the Govt. of the N. W. Provinces.

سکرتري سليکت کميتي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان هندوستان نے ارسال کي هے اس غرض سے بهيجتا هوں که اگر آپ اُس کي نسبت کچهه ريويو لکهني چاهيں تو لکهيں *

[illegible] بات بهي آپ کو واضح رهے که جناب نواب [illegible] گورنر بهادر ريورت سليکت کميتي کي نقليں جس کا ذکر اُس چٹهي ميں هے اس مقصد سے ليويں گے که اِن ممالک کے سررشته تعليم کے افسروں اور تعليم کي کميتيوں کو تقسيم کي جاويں *

[illegible] ۳ مجهے اس بات کے لکهنے کي بهي اجازت هے که اگر [illegible] سے وه کالج قايم هو جاوے جس کي تجويز هو رهي هے اور جس ميں که عام دنياوي علوم بشمول مذهبي علوم کے پڑهائے جاوينگے تو گورنمنٹ بهي بخوبي عام دنياوي علوم کي تعليم کے لئے بموجب قواعد " گرينٹ ان ايڈ " کے اس مدرسه کو مدد ديگي *

دستخط سي اے اليٹ

سکرتري گورنمنٹ ممالک مغربي و شمالي

نمبر ۲۳۹۵

حرف الف بابت سنه ۱۸۷۲ ع

جنرل ڈپارٹمنٹ ممالک مغربي و شمالي

مقام نيني تال — مورخه يکم جولائي سنه ۱۸۷۲ ع

حکم هوا که اس چٹهي کي ايک نقل سکرتري سليکت کميتي کے پاس اطلاعاً اور نيز بجواب اُن کي چٹهي مورخه ۱۴ جون کے بهيجي جاوے اور يهه بهي اطلاع دي جاوے که کميتي کي رپورٹ اور قواعد وغيره کي ايک پرت آن کي درخواست کے بموجب سوپريم گورنمنٹ [illegible] ارسال کي گئي *

دستخط جے لائيڈ

از طرف سکرتري گورنمنٹ ممالک مغربي وشمالي

نمبر ۸۹

خط

نوشته سيد احمد

بنام

مولوي سيد مهديعلي صاحب سلمه‌الله تعالى

پيارے [illegible] آپنے مجهکو بهت انتظار ميں رکها اور [illegible] ربيع‌الثاني کے تهذيب‌الاخلاق ميں چهپا کچهه جواب نديا — يهه نه کها که ميں خطاب کے لايق نه تها يا ميرا خط لاجواب تها *

ميرے پيارے مهدي ميں آپ کو هميشه کها کرتا هوں که جو خراب اثر مشرقي طريقه تعليم کا انسان کے دل اور طبيعت پر هوتا هے اُس سے آپ کبهي ايمن نرهيں آپ سمجهتے هيں که نبي آخرالزمان صلعم کو امي محض رکهنے ميں کيا حکمت تهي — يهي حکمت تهي [illegible] نيچرل قوتيں جو اندروني چشموں کا جاري رهتا هے اُس کو کوئي

کوئی چیز مزاحم نہو اور جو کچھہ باہر نکلے خالص بے میل ہو پس اب ہمیشہ نہر کے سرچشمہ کے جاری رکھنے پر متوجہ رہا کریں اور جس علم کی نسبت یہہ کہا گیا ہے کہ العلم حجاب الاکبر اُس کے پیرو ہوکر نہوویں *

مجھے یقین ہی کہ اب آپکا دل یہہ بات کہتا ہوگا کہ لفظ شیطان سے اگر کوئی وجود خارج من الانسان مراد لی جاوے تو ضرور قرآن مجید کو نعوذ باللہ غلط یا خلاف واقع ماننا پڑیگا کیونکہ حقیقت میں کوئی وجود خارجی مغوی الانسان موجود نہیں ہی *

اور یقینی آپکا دل اسبات پر بھی گواہی دیتا ہوگا کہ شیطان کے وجود خارجی ہونیکا کوئی ثبوت موجود نہیں ہی جو لوگ اُس کے قائل ہوئے ہیں اُنہوں نے خود اپنی ہی صورت آئینہ میں دیکھی

اور یقینی آپ کا دل اسبات کی بھی تصدیق کرتا ہوگا کہ جو لوگ شیطان کے وجود خارجی کا دعوی کرتے ہیں اُس کا اثبات اُنہی کے ذمہ ہی اور اُن لوگوں کی دلیلوں کو جو اُس کے وجود خارجی سے منکر ہیں ناقص کہدینا اور اُن سے مخالفت کرنا اور اُن کی سمجھہ اور فہم پر افسوس کرنا کافی نہیں ہی *

اور میں یقین کرتا ہوں کہ آپنے جو یہہ الفاظ ارقام فرمائے ہیں کہ "وجود جسمانی سے شیطان کے انکار کرنے کفر نہیں ہی گو بڑی غلطی اور نادانی ہی" اب آپکو اس تحریر سے نہایت افسوس ہوا ہوگا پس ہمیشہ ایسی بات کہا کرو اور کیا کرو کہ جس کے بعد افسوس نہو *

اب یہہ دوسرا خط میں آپکو آدم کے قصہ کی نسبت لکھتا ہوں ممکن نہیں ہی کہ جو کچھہ قرآن مجید میں لکھا ہی اُس سے بیان حال کے سوا اور کچھہ مراد لیجاسکے یا سمجھی جاسکے *

پہلی بسم اللہ قرآن مجید میں لفظ قال کا بہ نسبت خدا اور فرشتوں اور شیطان کے آیا ہی کوئی شخص نہیں کہہ سکتا کہ ان تینوں جگہہ لفظ قال کا اپنے حقیقی معنوں میں مستعمل ہی کیونکہ کوئی شخص خدا کے قول کو مثل اقوال انسانی مرکب صوت والفاظ سے یقین نہیں کرسکتا اور غالبا اقوال فرشتگان و شیطان کے بھی اس قسم کے نہونگے پس اب لفظ قال سے کوئی اور معنی مراد او بمجبوری ترک کرنے معنی حقیقی کے جو کچھہ کہ آدم و شیطان اور فرشتوں کی نسبت بیان ہوا ہی وہ قصہ اور حکایت نہیں رہنے کی بلکہ صرف حال رہ جاویگا ــــ وماعلم الا ماالہمنی ربی *

دوم لفظ شجر کا قرآن مجید میں موجود ہی کیا حقیقت میں وہ ایسا ہی درخت تھا جیسا کہ مالی اور کاشتکار پیدا کرتا ہی اور جیسیکہ حقیقی معنی لفظ شجر کے ہمارے خیال میں آتے ہیں ــــ غالبا اسکا تو آپ اقرار نکرینگے بلکہ کوئی اور مراد شجر سے لوگے پس جہاں آپ نے لفظ شجر سے اُس کے حقیقی معنی یا للو اور کلو کا بیا ہوا درخت مراد نہ لیئے تو صرف وہ ایک تمثیل رہ جاویگی ــ وماعلم الا ماالہمنی ربی *

کیا سچ مچ آپ یہہ یقین کرتے ہیں کہ لفظ نبدت لہما سوأتہما سے حقیقت میں یہی مراد ہی کہ نعوذباللہ حضرت آدم کی وہ چیز گول گول و لنبی لنبی دیکھائی دینے لگی تھی کیا حقیقت میں اُس سے حضرت حوا کی شرمگاہ مراد ہی اگر ان الفاظ کو آپ اپنے حقیقی معنوں میں مستعمل سمجھتے ہیں تو کسقدر رنج اور غم کی بات ہی کہ آپ سا آدمی جو مہدی ہذاالزمان ہو مفسروں اور ترجمہ نویسوں کی ایسی بلادت کی پیروی کرے کیا لفظ "سوأۃ" کے اور معنی عرب کی زبان میں نہیں † ہیں اور کیا یہہ لفظ اور معنوں میں مستعمل نہیں ہوتا ہی اسی سورۃ میں اور انہی لفظوں کے بعد خدا تعالی فرماتا ہی یا بنی آدم قد انزلنا علیکم لباسا یواری سوأتکم وریشا ولباس التقوی ذلک خیر ذلک من ایات اللہ لعلہم یذکرون یا بنی آدم لایفتننکم الشیطان کما اخرج ابویکم من الجنۃ ینزع عنہما لباسہما ‡ لیریہما سوأتہما § انہ یراکم ہو و قبیلہ من حیث لاترونہم انا جعلنا الشیاطین اولیاء للذین لایومنون یعنی اللہ تعالی سورۃ اعراف میں فرماتا ہی کہ "اے آدم کے بچوں تمکو شیطان نہ بہکادے جس طرح کہ تمہارے ماں باپ کو بہشت میں سے (بہکاکر) نکالا چھین لیا اُن سے اُنکا لباس (یعنی لباس تقوی) تاکہ دکھادے اُنکو اُنکی برائیاں بے شک وہ اور اُسکا کنبہ تمکو دیکھتا ہی اسطرح پر کہ تم اُنکو نہیں دیکھتے بے شک ہمنے شیطانوں کو اُن لوگوں کا مربی کیا ہی جو ایمان نہیں لاتے" *

پس ان تمام آیتوں کو ملاؤ اور غور کرو کہ یہہ سب تشبیہہ و استعارہ ہی ان سے معنی حقیقی مراد نہیں ہیں جیساکہ اور علماء نے بھی تسلیم کیا ہی پس اب تمثیل ہونے میں کیا باقی رہ گیا وماعلم الا ماالہمنی ربی *

بھائی مہدی براے خدا آپ ذرا انصاف کریں کہ قرآن مجید کے یہہ معنی لینے کہ جب آدم و حوا نے گیہوں کے درخت کا پہل کہا لیا تو اُن کے اعضاء مخصوصہ دکھائی دینے لگے قرآن مجید کی خوبی اور [illegible]

---

† فی القاموس السوأۃ الفرج والفاحشۃ والخلۃ القبیحۃ
فی التفسیر الکبیر بدو العورۃ کنایۃ عن سقوط الحرمۃ وزوال الجاہ والمعنی ان فرضہ من القاء تلک الوسوسۃ الی آدم زوال حرمتہ وذہاب منصبہ ــ الخ

‡ ای لباس تقویہما بدلیل قولہ تعالی و لباس التقوی ذلک خیر

§ ای الخلۃ القبیحۃ التی کانت مستورا بہما

[illegible] اور اُس کے حکمت سے بھرے ہوئے ہونے پر یقین کرتا ہی [illegible] یہہ معنی لئے کہ [illegible] ظاہر کردیا کہ انسانی [illegible] نافرمانی کرنے کی برائی ہی فرشتے کی بزرگی اور اُس کی عزت [illegible] و معرفت سے بھرا ہوا ہونا [illegible] ہی — اگر [illegible] مجبوری سے لکھا ہوگا کہ " سخن نیمی [illegible] حقیقت [illegible] بولنے بھی نہیں آتے چہ جائے [illegible] کیا اعضاے مخصوصہ کا دکھائی دینا — [illegible]

خدا کی عظمت و شان کو خیال کرو اور پھر قصہ آدم کو دیکھو اور [illegible] کہ تمہارا دل یقین کرتا ہی کہ خدا میں اور فرشتوں میں ایسی تکرار اور مناظرہ ہوا ہو جیسا کہ الفاظ ظاہری سے سمجھا جاتا ہی پس اگر اُن الفاظ کے وہی معنی ہوں تو خدا میں اور فرشتوں میں خدائی [illegible] دیکھکر ہوئی ہوشیاروں کی تو تو میں میں ہوئی — اگر [illegible] ہو تو ہمکو اپنے نوکروں کی بھی شکایت نہیں رہنے کی کیونکہ خدا کے نوکر ہمارے نوکروں سے بھی زیادہ بُرے ہیں *

اِس تمام قصہ سے اگر وہی ظاہری معنی مراد ہوں تو خدا کے [illegible] تقدس اور تنزیہ میں بٹا لگتا ہی پس اُسی اصول سے جو آپ نے [illegible] لیا ہی کہ ایسی حالت میں عدول معنی حقیقی سے ضرور ہی یہہ تمام قصہ تمثیلی رہ جاتا ہی نہ اصلی — و ما ھو الا ما الہمنی ربی *

اور اگر آپ نے اِس بات کا یقین کرلیا ہی کہ (اور میں یقین کرتا ہوں کہ یقین کر لیا ہی) شیطان کا کوئی وجود خارج من الانسان نہیں ہی تو تو سرگذشت آدم کی تمثیلی اور بیان حال ہونے میں کچھہ کلام بھی نرہیگا — و ما ھو الا ما الہمنی ربی *

آپ کی تحریر میں ایک جگہہ لکھا ہی کہ " قران مجید میں [illegible] آدم اور درخت کے کھانے اور ملایکہ کے سجدہ کرنے وغیرہ کا ذکر ہی مگر اُن کی کچھہ زیادہ تر حقیقت خدا نے نہیں بتائی کہ وہ درخت کیا تھا اور کھانے سے کیا مراد ہی " اور پھر اُسکے بعد ارقام فرمایا ہو کہ " اگر ایسی تاویل نصوص صریحہ کی کیجاوے تو بالکل [illegible] ظاہر شریعت سے اُٹھہ جاوے " بھائی یہاں ذرا انصاف کرو کہ [illegible] ہی لکھتے ہو کہ ان چیزوں کی کچھہ زیادہ تر حقیقت خدا نے نہیں بتائی اور پھر اُن کو نصوص صریحہ کہتے ہو جب اُن کی حقیقت نہیں بتائی تو وہ نصوص صریحہ کیونکر ہوئیں فتدبر *

خدا ے تعالی نے قران مجید تمام انسانوں کے لیئے نازل کیا ہی جنمیں [illegible] جاہل و فہم کے لوگ شامل ہیں اور معجزہ [illegible] مضامین دقیقہ اور مسایل [illegible] ایسے لفظوں میں بیان کیئے ہیں کہ ہر درجہ کے [illegible] یکساں روحانی تربیت حاصل ہوتی ہی *

اُس کی تصدیق سرگذشت آدم سے بخوبی [illegible] نیچر جن قوتوں سے بنا ہی اور جو جو قوتیں [illegible] اُس میں رکھی ہیں اور جسطرح کہ وہ اُن قوتوں پر [illegible] جسطرح کہ وہ اُن قوتوں کے سبب سے مجبور ہی اُس کا بیان کرنا اور ہر درجہ کے لوگوں کو یکساں نتیجہ روحانی تربیت کا پہنچانا ایسا مشکل کام تھا جو اِنسان کی طاقت سے باہر تھا یہہ خداہی کا کام تھا کہ اُس نے اُس کو ایسے لفظوں میں بیان کیا ہی کہ اگر عام آدمی یہہ سمجھہ لیں کہ انسان ایک وجود ہی اور شیطان ایک وجود علحدہ ہی جو ہمکو نہیں دکھائی دیتا پر ہمکو وہ دیکھتا ہی اور ہمکو اس طرح چپکے سے بہکا دیتا ہی کہ ہم نہیں جانتے اور ہمکو گناہوں میں پھنسا دیتا ہی پس ہمکو چاہیئے کہ ایک لمبی تسبیح مثل شیطان کی دم کے لیکر لاحول پڑھتے رہیں اور دل کو اُس کے پھندے میں نہ آنے دیں بلکہ خدا کی فرمانبرداری اور عبادت میں مصروف رہیں تو اِس سمجھہ سے بھی وہی نتیجہ اور روحانی تربیت حاصل ہوگی جسطرح کہ ایک دانا نیچرل اسبب [?] کی حقیقت کو خیال کرے اور سمجھے کہ وہ سب انسان کے نیچر کا بیان ہی جو تمثیلی لفظوں میں اِنسان کے نیچر کی زبان حال سے بیان ہوا ہی پس اِس طرح سے بیان کرنا ایک بہت بڑا معجزہ قران مجید کا ہی مگر کسقدر افسوس کی بات ہی کہ آپ نے اس کو بدعت لکھا ہی اگر حقیقت اشیا اور اسرار دین بدعت ہی تو معلوم نہیں کہ ہدایت کیا ہوگی *

آپ خیال کیجیئے کہ علماء سابقین اسلام کا یہہ طریقہ رہا ہی کہ وہ اس قسم کے مطالب کا بیان کمتر کرتے تھے کچھہ تو اُنکو بسبب شدت اتقا اور خوف معصیت کے یہہ وہم ہوتا تھا کہ جو کچھہ حقیقت ہم سمجھے ہیں شاید وہ حقیقت نہو اور خدا کی مراد وہ نہو اور اُس کے بیان سے ہم گنہگار ہوں اور کچھہ اُنکو یہہ خیال تھا کہ اُن باتوں کی حقیقت بیان کرنے کی کچھہ ضرورت نہیں ہی کم علم اور جاہل جو بکثرت ہیں وہ اُنہی لفظوں سے کافی روحانی تربیت حاصل کرتے ہیں اور جو عالم ہیں جیسے امام حجۃالاسلام غزالی وغیرہ وہ خود حقیقت جانتے ہیں اور کافی روحانی تربیت پاتے ہیں اس [illegible] اُنہوں نے انہی الفاظ کو بیان کردینا مناسب سمجھا جو [illegible] میں تھے اور اُنکی مراد کی نسبت کہدیا کہ خدا کو [illegible] ہم خدا پر ایمان لاتے ہیں اور جو اُسکی حقیقت [illegible] ہو وہی ہمارا ایمان ہی *

مگر اُنکا زمانہ ایسا تھا نہ لاادري کہکر اُنکا پیچھا چھوٹ گیا مگر ہمارا زمانہ ایسا نہیں ہی علم علوم گو ہم میں نہ سہي مگر دوسري قوموں میں بدرجہ اعلی پہونچ گئے اور پہونچتے جاتے ہیں حقایق اشیاء روز بروز واضح ہوتي جاتي ہیں اور جہاں تک بغیر کسي شک کے معلوم ہوگئي ہیں وہ درجہ یقین پر پہونچ گئي ہیں پس اس زمانہ میں کسي بات کے معني کو دعوی کرنا اور پھر لاادري کہدینا کافي نہیں ایسا کرنا خود اپني ہنسي آڑوانا ہی بلکہ ہر بات کا ثبوت اور کافي تسلي بخش بیان چاہیئے اِس لیئے جو لوگ دعوی اسلام کرتے ہیں اُنکا کسي مسئلہ اسلامي کي نسبت لاادري کہنا خود اپني حماقت ظاہر کرنا ہی پس اس زمانہ میں ضرور ہی کہ دہوکہ کي ٹٹي کو اُوٹھا ڈالا جاوے اور تمام مسائل اسلام کي حقیقت علانیہ بیان کي جاوے تاکہ اُسکي روشني آفتاب کي طرح چمکے اور اسرار دین سب کو معلوم ہوں اور لوگ یوں کہنے لگیں —

سر خدا کہ عارف و عابد بکس نگفت

در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

ایک خط جناب مولوي عبیداللہ صاحب عبیدي کا اسي قصہ آدم کي نسبت میرے پاس آیا ہی اُسکي نقل آپ کے ملاحظہ کے لیئے اُسمیں شامل ہی *

اب کسي فرصت کے وقت تیسرا خط آپ کو عیسائیوں کے گردن مروڑي مرغي کي نسبت لکھونگا اور اُمید ہی کہ آپ مثل ان دونوں خطوں کے اُسکو بھي منصفانہ اور محققانہ تصور فرماوینگے *

خدا آپ کو خوش رکھے اور اپنا محبوب کہ ہم رشک کیا کریں والسلام *

تمہارا تابعدار

سید احمد

از بنارس ۲ جولائي سنہ ۱۸۷۲ ع

نقل خط

جناب مولوي عبید اللہ صاحب عبیدي

بنام

سید احمد

۲۸ جون سنہ ۱۸۷۲ ع ہوگلي کالج — چچوڑا

پس از عنوان نیایش ہای چاکرانہ عرض یہہ ہی * * * حضور کي تحریر درمادہ آدم کو میں نے بڑي دلدھي سے پڑھا سبحان اللہ حق یہہ ہی کہ اصل اسرار دین کو آپ ہي نے سمجھا ہی دین میں بہت سي باتیں مرموز ہیں بطور تشبیہات کے بیان ہوئي ہیں حمقا جو متقشرین و متقشعین میں سے ہیں اُسکو معني پر حمل کرکے مورد اعتراضات و شبہات بناتے ہیں در حقیقت دفتري رہي ہیں اسرار دین کے سمجھنے والے بہت کم ہیں بیت

انکس است اہل بشارت کہ اشارت داند

نکتہ ہاست بسے محرم اسرار کجا است

چنانچہ حدیثوں میں ہی کہ بہشت کے داروغہ کا نام رضوان ہی عوام سمجھتے ہیں کہ ایک شخص ہی جو دروازہ جنت کا دربان ہی اُن سے پوچھنا چاہیئے کہ کیا بہشت ایسي جگہہ ہی کہ جہاں باہر کے لوگوں کے گھس جانے کا احتمال ہی اس لیئے دربان رکھا گیا ہی نہ غیر کو گھس جانے سے روکے حقیقت یہہ ہی کہ رضوان کے معني خوشنودي خدا کے ہیں خوشنودي خدا کو بلا شبہہ دربان کہہ سکتے ہیں کیونکہ بدون اجازت خوشنودي خدا کسي کا مجال نہیں کہ بہشت میں جاے میرے دل میں بھي یہہ باہر گذرتا تھا کہ آدم کے قصہ میں سجود ملائکہ سے قواے ملکیہ کا انسان کے تابع ہونا مراد ہی — اس قواے ملکیہ کے انسان کے تابع ہوجانے سے حضرت انسان کا تمام حیوانات پر شرف ثابت ہوا ہی اور بلا شبہہ شیطان سے قوت حیوانیہ یعني قواے بہیمي و سبعي مراد ہی جو مبداء شہوت اور غضب کا ہی جنکا منشاء یعني محل تولد نار یعني حرارت ہی پھر ابلیس کا نار سے پیدا ہونا نہایت سچ ہی خلاصہ آپ کي تحریر ایسي ہوئي ہی نہ کسي نے آج تک نہیں لکھي خدا آپ کي بقا کو ممتد کرے تاکہ اسلام اور مسلمان آپ کے مساعي سے متنفع ہوتے رہیں — سچ ہی ہر زمانہ میں اللہ تعالی ایک بڑے شخص کو واسطے اصلاح اُس زمانہ کے قبائح کي پیدا کرتا ہی ایسے شخص کو انگریزي زبان میں ریفارمر کہتے ہیں عالیجناب مولانا مہدي علي صاحب سے ملاقات جسماني نہیں مگر اُنکي تحریروں سے معلوم ہوتا ہی کہ نہایت صاحب طبع اور اہل دل ہیں — ایک حمقا ہمارے * * * اپنے حمق و جہل سے مضامین مندرجہ تہذیب الاخلاق کا رد لکھنا شروع کیا ہی نہایت مہمل اور لچر باتیں دیکھیں — اسکي وہي مثال ہی چھوٹا منہہ بڑي بات — حضور ان سب لغویات کي طرف التفات نفرماکر اپنے وظیفہ مفروضہ میں جو اصلاح قبائح دین و احوال تمدني و قومي مسلمانوں کي ہی مشغول رہیں — یریدون ان یطفئوا نوراللہ بافواھھم و اللہ یتم نورہ و لوکرہ المشرکون — آپ نے جو تعلیم مسلمانوں کے لیئے منصوبے ٹہرائے ہیں نہایت مفید ہیں خدا آپ کو قوت اور مسلمانان ہند کو ہمت دے *

مخلص شما

عبید اللہ عبیدي

نمبر ۹۰

اسپیچ

مولوی سید مہدی علی صاحب

بمقام ہائی اسکول مرزا پور

[illegible] مرزا پور میں تاریخ ۲۳ مئی کو بنظر تقسیم حالات انعام کے جلسہ [illegible] اکثر رئیس اور حاکم تشریف لائے اول ہیڈ ماسٹر صاحب نے انگریزی میں پھر دوسرے ماسٹر نے اُردو میں رپورٹ سنائی بعد اُس کے جناب رابرٹس صاحب کلکٹر مرزا پور نے انگریزی زبان میں ایک مختصر اسپیچ کرکے یہہ فرمایا کہ اب میرے دوست مولوی مہدی علی صاحب کچھہ تقریر کرینگے اور اُردو زبان میں آپ لوگوں سے کچھہ کہینگے بعد اُس کے مولوی مہدی علی صاحب نے کھڑے ہوکر زبانی یہہ تقریر کی *

اے حاضرین جلسہ — جو رپورٹ حالات مدرسہ کی ابھی ہیڈ ماسٹر صاحب نے انگریزی میں اور بابو صاحب نے اُردو میں سنائی اُس سے آپ کو طلبہ کی تعداد اُن کی تعلیم کے درجے اور اُس کے نتیجے معلوم ہو گئے اب اُس کا اعادہ بیفائدہ ہی مگر میں اپنے اوپر ضرور سمجھتا ہوں کہ جو فرق اس مدرسہ کی حالت میں بہ نسبت سابق کے ہوا ہی اُسے کچھہ تھوڑا سا بیان کروں *

سنہ ۱۸۶۷ ع میں میںنے اس مدرسہ کو دیکھا اور چند مرتبہ عربی فارسی اُردو درجوں کا امتحان لیا اور انگریزی طلبہ کی استعداد و لیاقت کی کیفیت اَوْر ممتحنین سے سنی اُس زمانہ میں اس مدرسہ کی تعلیم کی یہہ کیفیت تھی کہ رؤساء شہر اپنے لڑکوں کو مشن اسکول میں بھیجنا پسند کرتے تھے اور بوجہہ ناقص ہونے تعلیم کے اور بدانتظامی مدرسہ کے یہاں داخل کرانا منظور نہ کرتے تھے مگر جب سے گارڈن صاحب ماسٹر مقرر ہوئے اُن کی لیاقت اور محنت و توجہہ خصوصاً اُن کی خوش اخلاقی اور تہذیب کی وجہہ سے صورت مدرسہ کی بدل گئی طلبہ بھی بڑھ گئے استعداد میں بھی اُن کی ترقی ہوئی اب رئیسان شہر اپنے وارثوں کو اسی مدرسہ میں بھیجتے ہیں اور یہاں کی تعلیم کو پسند کرتے ہیں اور گارڈن صاحب کے شکر گذار ہیں [illegible] بوجہہ میں بھی اچھی ترقی ہوئی مولوی معین الدین صاحب کی برکت سے چند طالب علموں کے سر پر فضیلت کی پگڑی بھی بندھ گئی یہہ مولانا صاحب بڑے مفسر بڑے محدث بڑے عالم اور جامع معقول و منقول ہیں دور دور سے لوگ اُن سے پڑھنے آتے ہیں جسقدر اُنہوں نے محنت کی ہی اُس قدر تنخواہ نہیں پائی جس قدر اُنہوں نے علوم کی تعلیم کی گو اُن علوم کی نسبت میری رائے کیسی ہی ہو اُن کی محنت اور تعلیم میں ذرا شک نہیں *

یہہ چند فقرے کہہ کر ڈپٹی صاحب عربی کے طلبہ کی طرف متوجہہ ہوئے اور اُن سے مخاطب ہوکر یہہ تقریر کی *

اے میرے ہم قوم اور ہم مذہب طالب علموں تم ذرا میری باتوں کو غور سے سنو اور انصاف اور دانشمندی سے اُسے سوچو کہ میں تمہاری بھلائی کے لیئے کیا کہتا ہوں *

اگرچہ میں نہایت خوش ہوں کہ تم اپنے قدیم علوم کی تعلیم پر متوجہہ ہو اور ایک نہایت دل پر اثر کرنے والے شوق سے اُسکی تحصیل کرتے ہو اور تم میں سے چند طلبہ نے کامیابی بھی پائی اور فضیلت کے خطاب پا لینے سے اپنی عزت حاصل کی مگر حقیقت میں یہہ تعلیم نا کافی ہی اور جو نتیجہ علم کا ہی وہ اس سے حاصل نہیں کیونکہ تمنے دو قسم کے علم حاصل کیئے ایک منقول دوسرے معقول پہلی تعلیم نے تمکو تقلید میں کامل کیا دوسری نے چند غلط اور بے اصل اوہام کو معقولات صحیحہ کی صورت میں تمہارے دل پر نقش کیا نہ اس سے جیسا کہ چاہیئے تمہارے دین کو فائدہ ہوا نہ اُس سے تمہاری عقل کو ترقی ہوئی مذہبی تعلیم سے غرض صرف یہہ ہی کہ وہ باتیں جو خدا نے اپنے سچے رسول کی معرفت بذریعہ وحی کے بتائیں اُس کی روشنی ہمارے دل پر پڑے اور ہم ان کی حقیقت سے واقف ہوں اور اُن کی حقیقت اور سچائی ہمارے دل پر ایسا اثر کرے کہ نہ تقلیداً بلکہ تحقیقاً ہم اُن کو تسلیم کریں مگر جو تعلیم تمنے پائی اُس نے یہہ فائدہ نہیں پہونچایا نہ تم اُس کی حقیقت سے واقف ہوئے نہ بے واسطہ اُس نور کی شعاعیں تمہارے دل پر پہونچیں تمہاری مذہبی تحقیقات اُن لوگوں کے قولوں پر ختم ہوگئی جو مثل تمہارے غیر معصوم تھے اور جن کی رائے میں تمہاری طرح خطا و صواب دونوں کا احتمال تھا افسوس کہ تمنے اصل چشمہ سے پانی نہیں پیا جو نہایت شیریں اور صاف اور موتی کی طرح چمکتا ہی بلکہ اُس حوض کو اصل چشمہ خیال کیا جو بیر بضاعہ کی طرح گندہ ہو رہا ہی تم نے اپنے دینی عقائد اور مذہبی اقوال کو خدا کی کتاب سے خود تحقیق نہ کیا بلکہ لوگوں کی رایوں اور قولوں اور خیالوں ہی پر اپنے معتقدات کی بنیاد قایم کی تم نے اپنے فقہی مسائل اور شرعی احکام کو سچے باتوں سے رسول کی خود دریافت نہیں کیا بلکہ جو لوگ لکھہ گئے اور کہہ گئے اُسی کو منزل من اللہ سمجھا اور پھر افسوس یہہ ہی کہ اگر تم جاہل رہتے اور کچھہ تعلیم نہ پاتے تو تم اس کورانہ تقلید میں پڑنے سے معذور ہوتے مگر افسوس اور ہزار افسوس اس پر ہی کہ تعلیم نے تمکو یہہ نتیجہ دکھلایا اور علم کے حاصل کرنے سے بجاے تحقیق کے تمنے تقلید کو حق جانا *

یہہ تم نہ خیال کرو کہ معاذاللہ میں مذہبی تعلیم کو برا جانتا ہوں میں کافر ہوں اگر ایسا خیال کروں بلکہ میں ہر مسلمان پر فرض سمجھتا ہوں کہ اولا مذہبی تعلیم پاوے اور اپنے دینیات میں کامل واقفیت حاصل کرے لیکن اگر میں متاسف ہوں تو صرف اُس کی طرز و طریق پر کیونکہ جو تقلیدی تعلیم تم حاصل کرتے ہو یہہ حقایق دینی کے ادراک کے لیئے اور مسائل دینی کی حقیقت پر پہونچنے کے لیئے نہ کافی ہی بلکہ مزاحم ہی انصاف کرو کہ کیا حاصل ہوا تمکو تعلیم سے جبکہ تمہارے خیالات میں بلندی اور تمہاری عقل میں ترقی نہوئی اور تمہارے دل نے اصل مذہب کی روشنی نہ پائی اور کیا فرق ہوا درمیان اُن عامیوں کے جو تمہاری تقلید کرتے ہیں اور درمیان تم عالموں فاضلوں کے جو تم اوروں کے پیچھے چلتے ہو جس اُس تعلیم سے جسنے تمکو کورانہ تقلید میں مبتلا کیا تمہارے مذہب کو کیا فائدہ ہوا *

مگر حقیقت میں یہہ قصور تمہارا نہیں ہی وہ سلسلہ تعلیم کا ایسا ہی کہ جب تک بڑی مضبوطی اور دانشمندی اور ایمانی قوت سے اونچی اچھی تحقیق اُس میں اصلاح نہ کریں اور اُس کے حسن و قبح سے بحث کرکے دوسری راہ نہ بتاویں تب تک تم سواے اِس کے کہ آنکھہ بند کرکے اُسپر چلو کیا کرسکتے ہو *

غیر مذہبی تعلیم کو چھوڑو اب اپنے معقولی سلسلہ پر نظر کرو اور سوچو کہ تقلید نے اُسے بھی کس ابتر حالت پر پہونچا دیا ہی اور اُس سے کیا نتیجہ تمکو حاصل ہوتا ہی تمہارا علم معقول چند یونانی مسئلوں کے جاننے پر منحصر ہی اور گنی ہوئی باتوں کی واقفیت پر اُس کا مدار ہی حقیقت میں معمولی کتابوں کے چند ورقوں کا اُلٹ پلٹ کرلینا اور طوطی کی طرح اُسی زبان سے کہدینا تمہارے علم کی انتہا ہی اور چند فلسفی باتوں کا جسکی حقیقت پر بھی ہرگز تم نہیں پہونچتے یاد کرلینا تمہارا مبلغ علم ہی حساب میں اگر تمنے خلاصۃالحساب کی ضرب جمع سیکھہ لی تم محاسب ہوگئے ہو چغمینی کے دو جزو اگر پڑھ لیئے تو تم رشک بطلیموس بلکہ مجسطی کے لفظ یاد ہونے سے تم اپنے آپ کو افلاطون جاننے لگے مگر اے میرے عزیزو تم اپنے اُن بھائیوں کو جو اسی مدرسہ میں ابتدائی تعلیم پاتے ہیں دیکھو اور اُنکی باتوں سے اپنے دقایق حقایق کو مقابلہ کرو تب تمہیں معلوم ہو کہ تم کس غلطی میں پڑے ہوئے ہو اے طالب علمو ذرا ان لڑکوں سے عناصر کی حقیقت سنو تب اصطقسات اربعہ کی ماہیت جاننے پر خوش ہو ذرا طبیعات کے مسائل کا تجربہ کرکے دیکھو تب میبذی اور صدرہ کی طبیعات پڑھ لینے پر ناز کرو ذرا آسمان و زمین کا کرہ جو اِس وقت تمہارے سامنے رکھا ہی ہاتھہ میں اُٹھاکر اُسکی کیفیت پوچھو پھر اپنے فلکیات پڑھکر آسمان زمین کے قلابے ملاؤ افسوس ہی کہ یہہ سب چیزیں تمہارے سامنے ہیں اور تم اُنکی حقیقت دریافت کرنے کا ارادہ بھی نہیں کرتے اور اُسکی غلطی و صحت پر آگاہ ہونے پر متوجہ نہیں ہوتے میں کہتا ہوں کہ تم میں جو طالبعلم علوم سے فارغ ہوچکے اور جنہوں نے پگڑی فضیلت کی سر پر باندھ لی اور جنکو جناب سیدنا و اُستادنا سے معقول و منقول کی سند بھی دیدی ذرا میرے ساتھہ اسٹیشن پر چلو اور ایک انجن کو دیکھکر اُس کے چلنے کا سبب بتاؤ شاید تم ویسی ہی باتیں کروگے جیسا کہ وہ دہقان جو اپنا ہل بیل چھوڑ کر اُسے دیکھکر حیرت زدہ ہو اور عامیانہ باتیں کرے نہ تم اُسکی دم سے واقف ہوگے نہ چولھے سے پھر ذرا تارگھر کے کمرہ میں تشریف لیچلو اور اُس کہربائی قوت کی حقیقت بتاؤ وہاں بھی سواے اظہار حیرت کے آپ لوگوں سے کچھہ نہ ہوگا پس افسوس کا مقام ہی یا نہیں کہ تمہارے معقولات اور ہندسہ اور ہیئات اور ریاضی اور طبیعیات نے تمکو ایک عامی آدمی کے درجہ سے بھی نہیں بڑھایا اور ذرا بھی کوئی مادہ تحقیق کا نہیں دیا پس آپ کے علم و فضل سے کیا توقع قوم کی ترقی اور علم کی روشنی پھیلانے کی کیجاوے *

اے ہوشیار طالب علمو کیا خدا نے تمکو اَور قوموں کی طرح مادہ تحقیق کا نہیں دیا ہی یا تمہارے دل و دماغ کو ان باتوں کے سمجھنے کے لایق نہیں بنایا میرے نزدیک شاید ساری دنیا میں ہماری ہی وہ قوم ہی کہ جسکے دل و دماغ کے برابر دوسرا نہیں — کیا یہہ وہ قوم نہیں ہی جسنے یونانیوں کے چند مسائل سیکھکر اُسے ایسی ترقی دی کہ اگر افلاطون و ارسطو زندہ ہوتے تو وہ بھی قدموں پر گرتے کیا یہ لوگ وہ نہیں ہیں جنکے اجداد نے ساری دنیا کو معقولات کی روشنی سے منور کیا یورپ کا ملک کیا ہماری شاگردی پر کسی زمانہ میں فخر نہ کرتا تھا کیا اب بہت بڑے بڑے محقق ہمارے اسلاف کے علم و فضل سے فیضیابی کا اقرار نہیں کرتے پس رونے کا مقام ہی کہ ایک ایسی باہمت اور عالی دماغ اور بلند حوصلہ قوم ایسی پست اور ذلیل اور ابتر حالت پر پہونچ جاوے کہ چماروں کے لڑکے کولیوں کے بچے اُنپر ہنسیں اور اُن کے دل و دماغ کو علوم کی تحصیل کے لایق نہ جانیں سچ ہی خدا نے فرمایا ہی تلک الایام نداولہا بین الناس کیسی قوم کیسی ہوجاوے

لیکن اس ذلت و ادبار و جہالت کا سبب صرف تمہارا تعصب و تقلید ہی کوئی کہتا ہی کہ انگریزی پڑھنا منع ہی کوئی فرماتا ہی علوم جدیدہ سیکھنا حرام ہی کوئی اس خبط میں مبتلا ہی کہ انگریزی مدرسوں میں تعلیم لینے سے مذہب جاتا رہیگا کوئی اس نشہ میں سرمست ہی کہ تحقیق کرنے اور پرانے خیالات کے چھوڑنے سے اجماع کا الزام ہوگا اگر حقیقت میں تمہارا مذہب ایسا ہی بودا ناپائدار ہی اور وہ تمہارے نزدیک ایک طلسم کا کارخانہ ہی تو کیں

تم سمجھوگے آج نہیں کل تک نہیں پرسوں وہ گر جاویگا اور ان نئے مقتدوں سے جو یہہ بچے سیکھتے جاتے ہیں وہ طلسم درہم برہم ہوجاویگا مگر ہمارے نزدیک تو وہ ایک ایسا مضبوط قلعہ ہے جسکی بنیاد ہمالیہ پہاڑ کی چوٹی پر ہے کہ طوفان نوح سے بھی اُسے صدمہ نہ پہونچیگا اور علوم کی تحصیل اور حقایق اشیا کی تحقیق سے اُسکا نور اور چمکیگا *

اے میرے عزیزو ذرا ہارون رشید اور خلفاء عباسیہ کے عہد دولت پر خیال کرو برامکہ کی علمی مجلسوں کو دیکھو کہ اُنہوں نے علم کی ترقی اور معقولات کی تحقیق میں کیا کیا کوششیں کیں اور اُنہوں نے اسی تحقیق کی بدولت اسلام کی کیسی عزت ظاہر کی غزالی اور رازی اور بوعلی اور فارابی اور حسن کیسے کیسے نامور ہوئے کہ جنکا نام اب بھی غیر قوم کا کوئی محقق بغیر تعظیم کے نہیں لیتا مگر افسوس ہزار افسوس کہ وہ لوگ مرگئے اُنکی جگہہ ہم پیدا ہوئے

حریفان بادہا خوردند و رفتند * تہی خمخانہا کردند و رفتند

لیکن اگر تم کہو کہ اب بھی تم اُنکی باتیں جانتے ہو اور اُنہیں کی تحقیقاتوں کو پڑھتے ہو تو یہہ غلطی ہے بہت سی باتوں میں فرق ہوگیا بہت سی چیزیں بدل گئیں تحقیقات اعلی درجہ پر پہونچ گئی اکثر چیزوں کی غلطیاں کھل گئیں اس واسطے وہ اپنے زمانہ کے خیال کے لحاظ سے محقق تھے مگر اب انکی تحقیقاتوں کے ماننے والے جاہل اور مقلد ٹھہرینگے دیکھو بطلمیوس کیسا بڑا حکیم تھا مگر ذرا اُسکا جغرافیہ دیکھو اُسنے جو پرانی دنیا کا نقشہ کھینچا تھا اُسے ملاحظہ کرو اور اب کے جغرافیہ اور حال کی زمین کے کرہ سے ملاؤ تو کتنا فرق پاؤگے کہ اگر اس زمانہ میں کوئی ایسے جغرافیہ کو لکھے تو وہ احمق ٹھہرے مگر سب اُس نامور حکیم کی ایسی تحقیقات کو اُس کی عالی دماغی کا نتیجہ سمجھتے ہیں پس تم جو اس خیال میں مبتلا ہو کہ علم اگلوں پر تمام ہوگیا ساری تحقیقاتیں پرانے لوگ کرگئے اب اُنکا جاننا ہی منتہاے علم ہے یہہ نادانی ہے اس لیئے ذرا تم ان عامیانہ خیالات کو چھوڑو اور اپنی قوم کی جسکے ہاتھہ میں کچھہ باقی نہیں رہا دستگیری کرو نہ کہ اور اُسکے غرق کرنے کی تدبیر کرو *

بھلا انصاف سے اسکا جواب دو کہ تم عالم بھی ہوگئے فقیہہ بھی بن گئے صدرا شمس بازغہ پڑھ کر جامع معقول بھی ٹھہرچکے مگر اب تم خود کیا کروگے اور مدرسہ سے نکلنے کے بعد اپنی قوم کی کیا بھلائی کروگے میرے نزدیک تمہارا معقول تو کسی کام کا بھی نہیں [illegible] کسی علمی جلسہ میں بیٹھکر بات سمجھنے کی بھی لیاقت اُس سے حاصل ہو چہ جاے کسی صنعت و ہنر کے ایجاد کرنے کی توقع ہو یا کسی نئی تحقیقات کرنے کی اُمید ہو ہاں اُسکا یہہ نتیجہ ہوسکتا ہے کہ جب تم اپنے مکتب کے چند نو عمر آدمی بیٹھو تو اُن کتابوں کے حواشی اور شرحوں اور زوائد لفظوں سے بحث کرکے چند ساعت اپنی عمر عزیز ضایع کرو رہا تمہارا منقول اُس کا یہہ نتیجہ ہوگا کہ کسی مسجد میں جاکر قصہ گوئی کروگے جھوٹی جھوٹی باتیں دین کی کہکر نہایت ذلت اور مکر کے ساتھہ روٹیاں کماؤگے دنیا کی برائی دنیاداروں سے نفرت کا وعظ کہکر کونجڑے قصائیوں کے سامنے اپنا دامن پھیلاؤگے ہاں نادر ایسے لوگ نکلینگے جو سچا توکل کریں اور اپنے دل سے دنیا چھوڑکر دیندار بنیں پس یہہ نتیجہ تو تمہاری ذات کے لیئے ہوا رہی قوم کی بھلائی پس علم اور حکمت اور عقل کی ترقی کی تو تم سے کچھہ اُمید نہیں کیونکہ وہ آلہ ہی تمہارے پاس نہیں جس سے وہ کام ہو ہاں دین کی ترقی کا تم خیال کرسکتے ہو مگر میرے نزدیک سواے اسکے کہ تعصب اور جہالت اور تقلید کی ترقی ہو تمہاری ذات سے اور کچھہ اُمید نہیں چند جہلا میں بیٹھہ کر شیخی کی باتیں کروگے اُن کے دلوں میں جو تعصب اور تقلید کی آگ ہے اُسے اور مشتعل کروگے نہ اخلاق میں تہذیب نہ عادات میں اصلاح نہ معاشرت کے طریقوں کی درستی نہ چال چلن میں شایستگی کی تم سے توقع ہے نہ غلط خیالات اور نہ بیہودہ اوہام کے دور کرنیکی تم سے اُمید ہے کیونکہ تمنے خود ہی ایسی تعلیم نہیں پائی دوسروں کو تم کیا تعلیم کروگے *

پس اے میرے بھائیو جبتک کہ تم تعصب و تقلید نہ چھوڑوگے اور علوم جدیدہ کی تحصیل پر متوجہ نہوگے تب تک تمہارا علم اور تمہارا جہل یکساں ہے *

میںنے تمہاری بہت سامع خراشی کی اور شاید تم میں سے بعض کو نہایت غصہ دلایا مگر الحق مر حق کہنے نے مجھے اس کہنے پر آمادہ کیا اگر یہہ حالت تمہاری نہوتی تو ہم سے ادنی درجہ کے آدمیوں کو ایسی بڑی باتوں کی زبان سے نکالنے پر کب جرات ہوتی

جيو خدا رحم کرے اور همارے قوم کے ليئے بهي ترقي علم و دولت کي [illegible]

نمبر ۹۱

غلطي

ابطال غلامي کا آرٹيکل جو تہذيب الاخلاق کے متعدد پرچوں ميں چهپا هے اور جسکا نام " تبرية الاسلام عن شين الامة و الغلام " هے اُس آرٹيکل ميں ايک بڑي غلطي هم سے هوگئي هے *

بطور ايک حاشيہ کے ذيل بيان ازدواج مطهرات کے همنے ايک حديث صحيح مسلم سے نسبت حضرت جويريہ کے نقل کي هے السوس يہہ که جس کتاب سے همنے اُس حديث کو نقل کيا اُسميں غلطي تهي يعني بجاے اس لفظ کے " ماجبر فاطمة مجاهد وهي جويرية" يہہ غلط لفظ لکهے " ماجبر فاطمة نجاهد هي و جويريہ " افسوس هے که هم نے اپني جہالت سے اُسي غلط عبارت کي پيروي کي اُسي کو نقل کيا اور اُسي کو بطور ايک اختلاف کے لکهديا پس هم اس خطا کا اور اپني جہالت کا اقرار کرتے هيں اور ناظرين تہذيب الاخلاق سے اُميد کرتے هيں که پرچہ مطبوعہ يکم شوال سنه ۱۲۸۸ هجري کے صفحه ۱۵۶ کے کالم اول کي سطر اول لفظ صحيح مسلم سے پانچويں سطر کے لفظ هوسکتا هے تک اور سولهويں سطر سے اخير کالم تک جو عبارت لکهي هے اُسکو کاٹ ديں *

اب هم اپنے شفيق مولوي علي بخش خاں صاحب سب آرڈنيٹ جج گورکهپور کا شکر ادا کرتے هيں جنکے فرمانے سے هم اس غلطي سے متنبہ هوئے *

راقــــــــم
سيد احمد

اشتہار

واضح هو که کميٹي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان هندوستان نے يہہ تجويز کي هے که خاص واسطے تعليم مسلمانوں کے شمال مغربي اضلاع ميں چندہ جمع کرکر ايک بہت بڑا مدرسة العلوم قايم کرے جس ميں ديني اور دنيوي تمام قسم کے علوم کي مسلمانوں کو تعليم هو *

مگر اسبات کي تجويز کرني هے که کس شہر ميں اُس مدرسه کا قايم هونا مناسب هے اور ارادہ هے که اُس مدرسه کے مقام کو جہاں تک ممکن هو مسلمانوں کي راے دريافت کرنے کے بعد کيا جاوے اس ليئے يہہ اشتہار ديا جاتا هے که مسلمانوں ميں سے جو صاحب چاهے اس باب ميں اپني راے لکهکر راقم اثم کے پاس بمقام بنارس بهيجدے وہ سب رائيں کميٹي ميں پيش هونگي مگر جونسا شهر اُس کے ليئے پسند کيا جاوے اُس کي ترجيح کي وجوهات بهي ارقام هو اور خط جو بهيجا جاوے وہ بعد اداے محصول مرسل هو ورنہ بيرنگ خط واپس هوگا *

تمام اخبار نويسوں سے يہہ درخواست هے که بنظر رفاہ عام اس اشتہار کو اپنے اپنے اخباروں ميں مندرج فرماويں اور ايڈيٹران اخبار سے يہہ بهي اُميد هے که وہ اپني راے بہ نسبت اس مضمون کے مندرج اخبار فرماويں اور جس پرچہ اخبار ميں وہ مضمون چهپے اُس کا ايک پرچہ از راہ عنايت بلاقيمت بنظر رفاہ عام راقم اثم پاس مرحمت فرماويں که وہ تحرير کميٹي ميں پيش هوگي اور کميٹي مسلمانان اُن کي اس عنايت کا نهايت شکر ادا کريگي *

راقــــــم
سيد احمد
سکرٹري کميٹي خواستگار ترقي تعليم مسلمانان هندوستان
مقام بنارس ۹ جولائي سنه ۱۸۷۲ ع

اشتہار

پرچہ هاے تہذيب الاخلاق ابتداے اجراء يعني يکم شوال سنه ۱۲۸۷ هجري سے لغايت آخر ذيحجه سنه ۱۲۸۸ هجري بابت سوابرس کے بہ ترتيب ايک جلد ميں مرتب واسطے فروخت کے موجود هيں قيمت اُنکي پانچ روپيہ هے جس صاحب کو اُس کي خريداري منظور هو زر قيمت سيد احمد خاں بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجکر پرچہ هاے مذکور طلب کرليے *

بمقام عليگڈہ ــــ مطبع عليگڈہ انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اهتمام سے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] یکم جمادی الثانی سنہ ۱۲۸۹ ہجری [نمبر ۱۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ سامانِ مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجاتِ روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنہی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

عقاید مذہب اسلام

عقیدۂ اول

تمام موجودات کا خالق یا اُن کے وجود کا سبب اخیر یا علت العلل کوئی ہی اور اُسی کا نام ہی الله ❊

مذہب اسلام کا سب سے پہلا یہہ عقیدہ ہی کہ تمام کائنات کا کوئی خالق ہی — یہہ سب کچھہ جو موجود ہی اور جس کو ہم کسی طرح جان سکتے ہیں یا سمجھہ سکتے ہیں یا خیال کر سکتے ہیں ایک ایسے سلسلہ سے مربوط ہی کہ ایک کا وجود دوسرے پر اور دوسرے کا تیسرے پر منحصر ہی — پس ضرور ہی کہ یہہ سلسلہ کسی اخیر وجود یا علت یا سبب پر منتہی ہو اور جس پر یہہ منتہی ہو وہی خالق اور خدا اور رب العالمین ہی ❊

اس بات پر یقین نہیں ہو سکتا کہ یہہ سب کچھہ جو موجود ہی خود آپ ہی اپنے وجود کی اخیر علت ہی — اگر موجودات میں سے ہر چیز اپنے وجود میں کسی دوسرے وجود کی محتاج نہوتی یا کسی کا وجود کسی دوسرے وجود کا معلول نہوتا تو شاید ہم ایسا یقین کرسکتے — مگر جب کہ ہر ایک چیز کو کسی علت کا معلول پاتے ہیں تو اُنہی چیزوں کے مجموعہ کو کس طرح کسی علت العلل کا معلول نہ سمجھیں ❊

تمام چیزیں جو بوجود حقیقی موجود ہیں نہ ممتنع ہیں نہ قابل عدم اگر وہ ممتنع ہوتیں تو موجود کیوں ہوتیں اور اگر قابل عدم ہوتیں تو کبھی غیر موجود بھی ہوتیں ❊

ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی موجود حقیقی کبھی معدوم نہیں ہوتا صرف عوارض یا صور کا تبدل ہوتا رہتا ہی — پانی ہوا ہوجاتا ہی ہوا پانی بن جاتی ہی بہت سی چیزیں ہیں جو مٹی ہو جاتی ہیں اور پھر مٹی سے عجیب عجیب چیزیں پیدا ہوتی ہیں غرضکہ کوئی شی معدوم نہیں ہوتی صرف عوارض یا صورت کا ادل بدل ہوتا رہتا ہی پس اگر تمام موجودات کے عوارض نوعیہ یا شخصیہ معدوم ہوجاویں تو جو کچھہ باقی رہیگا وہ نا قابل عدم ہوگا — و قد قال الله تبارک و تعالی کل من علیہا فان و یبقی وجہہ ربک ذوالجلال والاکرام ❊

بلاشبہہ اِسبات کا فیصلہ نہیں ہوسکتا کہ تمام موجودات کے عوارض نوعیہ و شخصیہ کے معدوم ہونے کے بعد جو وجود نا قابل عدم باقی رہیگا وہ کیا ہی اور وہ ایک ہوگا یا نئی — مگر اِس بات کے فیصل نہونے سے خالق کے وجود سے انکار نہیں ہوسکتا — کیونکہ اُس نا قابل عدم موجود کی حقیقت کو یا اُس کی وحدت و [کثرت کو] خالق کے وجود کے ہونے یا نہونے سے کچھہ تعلق نہیں ہی ❊

اگر وہ متعدد ہوں تو البتہ یہہ سوال کرنا پڑیگا کہ [اُن کی] ذی قوت خود اُنہی میں ہی یا کسی دوسرے موجود سے ہی [اگر] اُنہی میں تو ہم اسلیئے نہیں مانتے کہ جب ہم تمام موجودات معہ عوارض نوعیہ و شخصیہ دیکھتے ہیں تو ایک کو دوسرے کا معاون پاتے ہیں پس اُن موجودات کے عوارض نوعیہ و شخصیہ معدوم تصور کرنے کے بعد جو متعدد وجود نا قابل عدم باقی رہ[ینگے] ضرور وہ بھی ایک دوسرے کے معاون ہونگے — مگر اُن کے ہونے کے لیئے بلا کسی علت مشترک کے کوئی وجہہ نہیں ہی — کچھہ شبہہ نہیں رہتا کہ اُن میں اُس معاونت کی علت مشترک اور وجود ہو اور اُسی وجود کو ہم کہتے ہیں الله ❊

اور اگر وہ واحد ہو تو یہہ سوال ہوگا کہ قبول عوارض کی [قوت] خود اُسی میں ہی یا کوئی دوسرا وجود اُسکی علت ہی — اگر اُسی [میں] ہو تو اُسی کا نام الله ہی — اور اگر دوسرا وجود اُس کی علت [ہی] تو اُسی علت العلل کا نام الله ہی ❊

کبراء اسلام کی راے اس میں مختلف رہی ہی اکثر کہتے [ہیں] کہ اُسی وجود ناقابل عدم میں دونوں قوتیں فعل و انفعال کی یعنی [...] قوت قبول عوارض کہتے ہیں موجود ہیں اور اسی سبب سے وہ وحدت وجود کے قایل ہیں اور یوں کہتے ہیں —

خود کوزہ و خود کوزہ گرو خود گل کوزہ
خود برسر بازار خریدار بر آمد — بشکست و رواں شد

اور بعضے کہتے ہیں اِنکہ اُس قوت انفعال کی علت دوسرا وجود ہی اس سبب سے وہ لوگ وحدت شہود کے قایل ہیں مگر اصل یہہ ہی کہ

آں برتر از خیال و قیاس گمان وہم
وز ہرچہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم

بہر حال ان دونوں مسئلوں میں کوئی سا مسئلہ صحیح ہو [اِس] اسلامی مسئلہ میں کہ تمام موجودات کا کوئی خالق ہی کسیطرح [کا] تبدل نہیں آتا ❊

وحدت شہود کے مسئلہ کو لوگوں نے کفر جانا ہی وہ اس [...] میں پڑے ہیں کہ اُس وجود ناقابل عدم کو بھی جس میں اُس [قوت] انفعال کی علت دوسرا وجود مانا ہی ازلی و ابدی ماننا پڑیگا [جو] ٹھیک ٹھیک شرک ہی یا اُنکا مذہب ہی جو خدا اور مادہ دونوں کو ازلی و ابدی مانتے ہیں اور بعضی اُسیکو ظلمت اور نور سے تع[بیر] کرتے ہیں — مگر یہہ اُن لوگوں کی سمجھہ کی غلطی ہی کیو[نکہ] معلول کا وجود علت کے وجود کے ساتھہ لازم و ملزوم ہی — مگر [...]

[illegible] کے وجود کے سبب سے ہی تو شرک کہاں رہا علت ازلی و ابدی کا معلول بھی ازلی و ابدی ہی — ہم تم بھی جبکہ علت ازلی و ابدی کے معلول ہیں تو ازلی و ابدی ہیں — تم بھی ازلی و ابدی ہو — ہم بھی ازلی و ابدی ہیں —

مخلوق قدیم و یا خالق گشتیم
جائیکہ خدا بود من هم بودیم

پس انہی موجودات کے وجود سے ہم خالق پر یقین کرتے ہیں *

اس پر کہا جاسکتا ہی کہ یہہ تو یقین نہیں ہی بلکہ ایک خیال ہی جس کا تجربہ نہیں ہوا اور خیال کے مفہوم میں امکان اسبات کا کہ بعد تجربہ کے وہ مطابق واقع کے ہو یا نہو دونو داخل ہیں — ہوئے اس خیال کا تجربہ نہیں کیا پھر اسکے مطابق واقع ہونے پر کیونکر یقین ہوسکتا ہی *

یہہ کہنا سچ ہی مگر ہمارے خیالات دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جنکو خود ہماری طبیعتوں نے پیدا کیا ہو یا اسباب غیر محققہ خیالیہ سے ہم میں پیدا ہوئے ہوں — بلاشبہہ اس قسم کے خیال کے مفہوم میں امکان اسبات کا کہ بعد تجربہ کے مطابق واقع کے ہو یا نہو داخل ہی — مگر ہمارے خیالات جو دوسری قسم کے ہیں جنکو نہ از خود ہماری طبیعتوں نے پیدا کیا ہی اور نہ وہ اسباب غیر محققہ خیالیہ سے ہم میں پیدا ہوئے ہیں بلکہ اُنکو کسی دوسرے حقایق محققہ نے پیدا کیا ہی وہ ہمیشہ ہوتے ہیں اور بالکل مطابق واقع کے بعد تجربہ کے *

جبکہ ہم سنتے ہیں ایک آواز یا دیکھتے ہیں ایک دھواں تو ہم خیال کرتے ہیں کہ وہاں ہی ایک اواز کرنے والا یا وہاں ہی ایک آگ — ہمارا ایسا خیال کرنا بھی ایک خیال ہی مگر اس قسم کا نہیں ہی جو از خود ہماری طبیعت میں آ گیا ہو یا اسباب غیر محققہ خیالیہ نے ہم میں پیدا کیا ہو بلکہ ایک ایسا خیال ہی جس کو دوسرے حقایق محققہ نے پیدا کیا ہی — ہمارا ایسا خیال ہمیشہ ہوتا ہی ٹھیک اور بعد تجربہ کے بالکل مطابق واقع کے اگر ہم نے خود اُس چیز میں جس نے ہم میں ایسا خیال پیدا کیا ہی غلطی نکی ہو *

جبکہ ہم پاتے ہیں چند چیزوں کو ایک جگہہ ترتیب سے رکھا ہوا یا خوبصورت بنا ہوا تو ہم یقین کرتے ہیں کہ اُن کا کوئی رکھنے والا یا بنانے والا ہی — پھر جب ہم دیکھتے ہیں اس تمام موجودات [illegible] ایسی عمدہ ترتیب سے رکھا ہوا اور ایسی حکمت سے بنا ہوا اور ایسی خوبصورتی سے ڈھلا ہوا تو یقین کرسکتے ہیں کہ کوئی انکا ترتیب دینے والا اور بنانے والا ہی — جبکہ ہم ایک پتھر کو جو رستہ میں پڑا ہوا ہی دیکھکر یقین کرتے ہیں کہ اُس کو کسیئے یہاں ڈالا ہی تو ہم کیونکر اسبات پر یقین نکریں کہ اِن سب چیزوں [illegible] انسان کی قدرت سے باہر ہیں کسی بڑے دانا کاریگر نے بنایا ہی اور اُسی کاریگر کو ہم کہتے ہیں خدا *

یہہ خیال ہمارا جو خدا کے ہونے پر ہوا ہی اُسکو ایسی چیزوں نے پیدا کیا ہی جو ایک حقیقت ہیں یا یوں کہو کہ جو حقایق محققہ ہیں اور ہمنے اس قسم کے خیال کو ہمیشہ ٹھیک اور بعد تجربہ کے مطابق واقع کے پایا ہی اس لیئے ہم اس خیال پر بھی یقین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بعد تجربہ کے بھی جب کبھی کہ ہو یہہ ہمارا خیال بالکل مطابق واقع کے ہوگا اور اسی لیئے ہم اسکو خیال نہیں کہتے بلکہ یقین کہتے ہیں *

پس یہہ تمام موجودات عام عقل انسانی کے لیئے بخوبی اسبات کی رہنما ہیں کہ اُنکا کوئی خالق ہی اور اس لیئے وجود خالق پر ایمان لانے کا ایسا مسئلہ ہی کہ عام عقل انسانی اُس کو بخوبی سمجھہ سکتی ہی اور اسی سبب سے انسان اُس پر ایمان لانیکو مکلف ہوا ہی — اگر یہہ مسئلہ عقل انسانی میں آنیکے یا یوں کہو کہ انسان کی سمجھہ کے لایق نہوتا تو انسان ہوگز اس مسئلہ پر ایمان لانے کو مکلف نکیا جاتا — کہ قال اللہ تعالی لایکلف اللہ نفسا الا وسعہا *

بانی اسلام کا یہہ منشاء نہیں ہی کہ وجود صانع کا مسئلہ انسان بغیر سمجھے مان لیں یا اس وجہہ سے اُس کو تسلیم کرلیں کہ پیغمبروں نے فرمایا ہی — بلکہ بانی اسلام صاف صاف انہی موجودات کی دلیلوں سے اور نیچر یعنی قدرت اور فطرت کے عجائبات کو بتلا بتلا کر اور دکھلا دکھلا کر وجود صانع پر ایمان لانے کو کہتا ہی *

کس پیاری اور سچی زبان سے فرمایا ہی کہ " اُسی کی نشانیوں میں سے ہی کہ تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر اب تم انسان ہو جا بجا پھیلے ہوئے *

" اُسی کی نشانیوں میں سے ہی کہ تمہارے لیئے تم ہی سا جوڑا پیدا کیا تاکہ اُس سے دل کو چین رہے اور ایک عجیب قسم کی [illegible] اور دل کی پگلاہٹ تم میں رکھی سمجھنے والوں کے لیئے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں " *

" اُسی کی نشانیوں میں ہی آسمان و زمین کا پیدا کرنا تمہاری بولیوں کا تمہاری رنگتوں کا مختلف ہونا اسی بات میں تمام دنیا کے لوگوں کے لیئے نشانیاں ہیں " *

" اُسی کی نشانیوں میں سے رات کو تمہارا [illegible] روزی کے دھندے میں لگنا [illegible]

" اُسی کی نشانیوں میں یہ بجلی بھی ہی جس میں کڑک کا خوف اور مینہہ کی طمع ہی کہ پانی برسنے سے مری ہوئی زمین زندہ ہو جاتی ہی " *

" اُسی کی نشانیوں میں سے ہی کہ آسمان اور زمین اُسی کے حکم سے تھمے ہوئے ہیں " *

" اُسی کی نشانیوں میں سے ہی کہ میلی ہوا مینہہ آنے کی خوشخبری دیتی ہی " *

" وہی اللہ ہی جو ہوا کو چلاتا ہی پھر اُس سے بادلوں کو ہلکاتا ہی پھر تمام آسمان میں جس طرح چاہتا ہی پھیلادیتا ہی پھر اُن کو تہہ بہ تہہ کر دیتا ہی پھر تم دیکھتے ہو کہ اُن میں سے بوندیاں نکلتی ہیں " *

" آسمان سے اندازہ کے موافق مینہہ برساتا ہی پھر اُس کو زمین میں ٹھہراتا ہی پھر اُس کے سبب سے تمہارے لیئے باغوں میں بہت سے میوے اور کھجوریں اور انگور پیدا کرتا ہی جن کو تم کھاتے ہو پہاڑ میں سے درخت اُگاتا ہی جس میں سے تیل نکلتا ہی " *

" تمہارے لیئے تو جانوروں میں بھی بڑی نصیحت ہی اُن کی چھاتیوں میں سے جو کچھہ نکلتا ہی اُس کو پیتے ہو اور بہت سے فائدے اُٹھاتے ہو بعضے جانور تمہارے کھانے میں آتے ہیں — جانور بھی تمکو اُٹھائے پھرتے ہیں اور کشتیاں بھی تمکو اُٹھاکر لیجاتی ہیں " *

" زمین پر کس حکمت سے پہاڑ بنائے ہیں تاکہ وہ ٹکی رہے پھر اُن میں گھاٹیاں بنائی ہیں تاکہ رستہ چلنے میں حرج نہو *

" اُسی نے بنائی ہی رات اور دن سورج اور چاند جو اپنے اپنے گھیرے میں پھرتے ہیں " *

" تم اُونٹ ہی کو کیوں نہیں دیکھتے کہ ایسے عجیب طور سے بنایا ہی اور آسمان کو کس طرح اُونچا کیا ہی اور پہاڑوں کو کسطرح پر گاڑا ہی اور زمین کو کس طرح پر بچھایا ہی " *

غرضکہ اسی طرح جا بجا قران مجید میں بانی اسلام نے صانع کے وجود پر ایمان لانے کو تمام موجودات سے جس کو ہم دیکھتے ہیں استدلال کیا ہی اور کسی جگہہ یہہ بات نہیں فرمائی کہ تم بے سمجھے خدا پر ایمان لے آؤ *

ایک جگہہ فرماتا ہی کہ " اگر کافروں سے بھی یہہ بات پوچھو کہ آسمان و زمین کسنے بنایا اور چاند و سورج کو کسنے تابعدار کیا تو کہینگے اللہ نے " *

" اور اگر اُن سے پوچھو کہ کس نے آسمان پر سے مینہہ برسایا [illegible] مری ہوئی زمین کو پھر زندہ کیا تو کہینگے اللہ نے " *

پس مذہب اسلام کا کیا سچا مسئلہ ہی کہ تمام انسانوں [illegible] جنگلی ہوں یا پہاڑی شہری ہوں یا دیہاتی تربیت یافتہ ہوں [illegible] ناتربیت یافتہ کسی نبی کی اُن کو خبر پہونچی ہو یا نہ پہونچی [illegible] کوئی مذہب اُن کو دیا گیا ہو یا نہ دیا گیا ہو اس بات پر ایمان لانا فرض ہی کہ تمام موجودات کا کوئی صانع ہی اور وہی ہی اللہ جل شانہ و جل جلالہ *

راقم

[illegible]

نمبر ۹۳

نصیحت کا صلہ

جب کسی قوم کی حالت نہایت ابتری پر پہونچتی ہی اور کوئی عالی دماغ بلند حوصلہ مستقل مزاج اُسمیں پیدا ہوتا ہی اور [illegible] قومی اور ہمدردی کے جوش میں آکر نصیحت پر مستعد ہوتا اور [illegible] قوم کی بھلائی چاہتا ہی تو وہی قوم اُسکی دشمن ہوجاتی ہی [illegible] اُسکی سچی اور پاک نیت پر خود غرضی کے شبہے کرتی ہی اُسکی محبت اور درد کو عداوت سمجھتی ہی جو کام وہ اُنکی بھلائی کا کرتا ہی اُسے اپنے حق میں برا خیال کرتی ہی اور اُسے لعنت و ملامت کا نشانہ بناتی ہی سب اُسکو اپنا دشمن کہتے ہیں مگر لوگوں کی عداوت کے حقیقت میں دو سبب ہوتے ہیں ایک جہالت کہ وہ اپنی حالت کو برا ہی نہیں جانتے اور اصلاح کے لایق نہیں سمجھتے اس لیئے اُسکی دلسوزی کی باتوں کو عیب جوئی پر محمول کرتے ہیں اور بجائے حق کو کے اُسے عیب جو کہتے ہیں اور چونکہ وہ ناصح کوئی چارہ نہیں دیکھتا بجز اسکے کہ اول اُنکے نقصوں اور عیبوں کو بتادے پھر اُسکی اصلاح کی تدبیر کرے اس لیئے جو کچھہ وہ اپنی قوم کو اُن کے عیبوں پر مطلع کرتا ہی اُسے وہ عداوت سمجھتے ہیں اور ابغض الاشخاص عندنا من یطلع علی عیوبنا کی تصدیق کرتے ہیں *

دوسرا سبب حسد ہی کہ جو لوگ اپنی قوم میں سربراوردہ ہوتے اور جنکی جھوٹی عزت لوگوں کی نگاہوں میں ہوتی وہ اُس سچے ناصح کی باتوں کو اپنی عزت کے زوال کا سبب سمجھتے ہیں اور چونکہ وہ اپنی قوم کے لوگوں کو اُنھیں کے غلط خیالات کی تائید کرنے سے خوش رکھتے ہیں اور اُنکی جھوٹی ثنا و صفت کرکے اُنمیں اپنے آپ کو باوقعت بنائے رہتے ہیں وہ اُس قوم کے سینوں میں اُس ناصح کی دشمنی کی آگ کو بھڑکا تے رہتے ہیں اور جہاں تک ہوسکتا ہی اُسکی سچی اور پاک نصیحت کو سننے نہیں دیتے لیکن اگر وہ ناصح حقیقت میں بھی ناصح ہوا اور اپنی سچائی اور نیک نیتی پر بھروسہ کرکے مستقل اور ثابت

قدم رہا اور یہہ خیال کرکے کہ اگر میں کامیاب ہوا تو لقد فزت فوزاً عظیماً اور اگر اپنے جیتے جی مراد پر نہ پہونچا اور دل کی حسرت دل کے ساتھہ لیگیا تو فقد وقع اجری علی اللہ اپنے کام میں مصروف رہا نہ اپنی قوم کے جگر خراش طعنوں کو سنکر اُنکی نصیحت چھوڑی نہ اُنکی لعنت و ملامت کی باتوں پر خیال کرکے اُنکی خیر خواہی سے باز رہا تو تھوڑے ہی دنوں میں اُسکی سچائی اور نیک نیتی اپنا نتیجہ دکہاتی ہی کچھہ کچھہ لوگ اُسکی نصیحت کو سننے لگتے ہیں جوکہ چپکے اُسکی باتوں کی تصدیق کرتے جاتے ہیں یہاں تک کہ آخر اُسکی لعنت رحمت سے اور اُسکی ہجو ستایش سے مبدل ہوجاتی ہی اور پھر وہی قوم اُسے اپنے فخر و عزت کا ذریعہ سمجھتی ہی چنانچہ جتنے ناصح اور مصلح اور خیرخواہ اپنی قوم کے ہوتے ہیں اُنکے تاریخی حالات ہمارے اس قول پر شاہد ہیں اُنکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ کوئی صاحب ہمت ایسا نہیں ہوا جس نے اپنی قوم کی بھلائی پر کمر باندھی ہو اور اُسی قوم کے ملامت کے تیروں کا نشانہ نہ بنا ہو اور جنکی خیر خواہی پر مستعد ہوا ہو اُنھیں نے اُسے اپنا دشمن نہ جانا ہو *

جو بلند حوصلہ عالی دماغ ایسا ہوا ہی جس نے کسی زمانہ میں اپنے سچے اور صاف خیالات کو تمام لوگوں کے خیالات کے مخالف صاف صاف ظاہر کیا اور نفاق اور حیلہ کا لباس اتارکر نہایت صداقت اور ایمان سے اپنے دلی عقاید کو علانیہ بیان کیا نہ کفر کے فتوی سے ڈرا نہ دار پر چڑھنے اور شکنجہ عذاب میں رہنے سے خائف ہوا اور اپنی زبان کو اپنے دل کا ترجمان بناکر حق گوئی سے نہ رکا اُس نے کونسی مصیبت اپنی قوم سے نہیں پائی اور کونسی روحانی یا جسمانی تکلیف اُنکے ہاتھوں سے نہیں اُٹھائی وے بڑے بڑے امام اور عارف جو آج اسلام کے تاج کے روشن موتی سمجھے جاتے ہیں کیا اپنے زمانہ میں زندیق اور مرتد نہیں ٹھہرے اور وے عالی درجہ کے محقق مدقق جو اب نصرالاسلام اور حجۃالاسلام سمجھے جاتے ہیں کیا اپنے وقت میں کافر اور ملحد مشہور نہیں ہوئے جہاں تک ہم بڑے بڑے لوگوں کے حالات پر خیال کرتے ہیں سب کو حسد اور جہلا کی عداوت کا نشانہ پاتے ہیں دیکھو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو جو آج بمرتبہ نبی معصوم سمجھے جاتے ہیں اور جنکی تقلید کا ہار آج کروروں آدمی کے گلے میں ہی صاحب الرائے ٹھہرایا وہ وہ باتیں اُن کی طرف منسوب کیں جنکی نقل بھی بےادبی ہی امام مالک نے پچیس برس طعنہ کرنے والوں کے ہجوم سے مسجد کا رہنا اور جمعہ و جماعت میں شریک ہونا چھوڑا تسپر بھی جعفر ابن سلیمان نے ستایا اور بےعزتی کے ساتھہ اُونٹ پر سوار کرکے کوچہ بکوچہ پھرایا اور طلاق مکرہ کے سچے مسئلہ نہنے پر ستر کوڑوں سے اُنکو مضروب کیا امام شافعی رحمۃاللہ کی نسبت لوگوں نے حدیثیں تک بنائیں اور اخر من الابلیس کا کلمہ شارع کی زبان سے اُنکی پاک جناب کی طرف منسوب کیا پھر یمن سے برہنہ پا برہنہ سر وہ قید میں بغداد لائے گئے اور حق گوئی کے پیچھے ذلیل ہوئے امام احمد بن حنبل کی خلق قرآن کے مسئلہ میں جو کچھہ تکفیر ہوئی اور جو مصیبت اُن پر پہونچی وہ بیان کے لایق نہیں امام محمد اسمعیل بخاری جنکی کتاب کا آج اصح الکتب بعد کتاب اللہ الباری لقب ہی حدیث کی بدولت در در مارے پھرے اور جلا وطن ہوئے بایزید بسطامی بسطام سے علما کے فتوی کی برکت سے بہ تہمت زندقہ سات مرتبہ نکالے گئے ذوالنون مصری زندیق ٹھہرکر مصر سے مقید کئے گئے سہل ابن عبداللہ تستری کفر کی تہمت سے جلاوطنانہ میں مار ڈالے گئے جنید بغدادی توحید کے مسئلہ پر زندان میں پڑکر مرگئے امام ابوالحسن شاذلی زندیق ٹھہرکر مصر میں مقید ہوئے امام حجۃالاسلام غزالی پر تکفیر کی تہمت ہوئی اور جو کچھہ حال حضرات موحدین اور ارباب تصوف کا جو جامع معقول منقول ہیں ہوا ہی وہ سب پر ظاہر ہی پس العلماء ورثۃالانبیاء کا مقولہ اُنہیں علما پر صادق ہی جنہوں نے نصیحت اور راست گوئی کے سبب سے بلا اور مصیبت جو اصلی میراث انبیا کی ہی پائی اور حق کے ظاہر کرنے میں کسیکی حیا و شرم نہ کی ولنعم ماقیل ماکان نبی و ناصح فی مصر قط الا کان لہ عدو من السفلیۃ *

والسلام
نجف علی مہسرامی

نمبر ۹۳

ایک مسلمان کے خیالات

ان دنوں میں میں نے ایک کتاب دیکھی جس کے پشتے پر سنہری حرفوں سے لکھا ہوا تہا "تہذیب الاخلاق" بےاختیار میرا دل خوش ہوا اور اُس پاک صحیفہ کو جسے چند الہامی آدمیوں نے سوا برس کی مدت میں بذریعہ الہام کے لکھا ہی نہایت غور سے پڑھا بلا شبہہ مضمون اُس کا تعجب خیز مطلب اُس کا حیرت انگیز عبارت اُس کی صاف اور شستہ ڈھنگ اُس کے لکھنے کا نیا اور عمدہ تحریر میں ایک خاص تاثیر ہی اُس کا بانی اپنے آپ کو مصلح دین و دنیا سمجھہ کر اُن دینی باتوں کو جو رسم و رواج سے ملکر ایک خاص خاصیت پر ہوگئی ہیں یا اُن چیزوں کو جو مذہب میں داخل نہ تہیں اور اُس میں مل گئی ہیں اصلاح کرکے اپنی اصلی حالت پر لانے کا ارادہ کرتا ہی اور اُن چیزوں کو جو اخلاق اور حسن معاشرت اور باہمی برتاؤ اور معاملات میں نقص اور خرابی پیدا کرنے والی ہیں درست کرنے میں اپنی سعی ظاہر کرتا ہی اور بلاشک یہہ دونوں ارادے نیک اور مفید اور قابل تعریف کے ہیں اور اسی سبب سے وہ مستحق ہی کہ اُسے مجتہدِ ریفارمر یا مصلح دین یا مجدد تیرہ صدی † کہا جاوے *

† مجدد کے سال کا حساب ہوتا ہی سال بعثت یعنی نبوت اور اس سبب سے یہہ شخص تیرھویں صدی کا مجدد نہیں ہی بلکہ ٹھیک چودھویں صدی کا مجدد ہی ۱۲ مہتمم

ايک مسلمان کے خيالات يکم جمادي الثاني سنه ١٢٨٩ هجري ايک مسلمان کے خيالات

اُس نے مذهبي خيالات کو ايک دل پر اثر کرنے والي عبارت ميں جس کا عنوان هی "انسان کے خيالات" ايسا ظاهر کرديا هی جيسا که ايک فرتو گرافر کسي کي تشبيهه کهينچ کر اُس کي صورت کو دکها ديتا هو اور اُس نے نيکي اور حسن معاشرت کي خوبي اور دين و دنيا کے باهمي ارتباط کو اُن صاف اور سيدهے لفظوں ميں بيان کيا هی جس کي سرخي " ايک نادان خدا پرست اور دانا دنياداد کي حکايت " اور " دين دنيا کا رشته " بلا شبهه يهه مضمون ايسے هيں که اگر فارابي اور بوعلي اور ديگر فلسفهٔ اسلام بهي چاهتے تو شايد اس سے زيادہ نه لکهه سکتے اور ان دو ضدوں کو جو مثل حدوث و قدم کے ايک دوسرے کے نقيض هيں ايک محمل پر نه بٹها سکتے پس آفرين هی اُس رفارمر کے عمدہ خيالات پر اور حيرت هی اُس مصلح اور محقق کي عالي دماغي پر بهت سا زمانه چاهيئے نه آسمان چکر کهاوے اور اپنا دورہ تمام کرے که ايک ايسا فلسفي دانشمند پيدا هو *

ميئے اُس کي باتوں کو ديکهه کر اول اول تو يهه خيال کيا که يهه روشن ضمير حکيم صرف اپني ذاتي شهرت اور عزت کا طلبگار هی اور اُسي شوق نے اُس کو اس بوالعجبي پر برانگيخته کيا هی مگر جب ميئے ديکها که وهي خيال اُس کي ذلت اور تحقير کا سبب هی اور اُنهيں باتوں سے اُس کے هم قوم اُسے برا جانتے هيں مگر وہ باز نهيں آتا تو ميئے خيال کيا که اس پر بهي باز نرهنا اُس کا اور کوئي سنے يا نه سنے اُس کا منادي کهئے جانا هي اس بات کو دکهاتا هی که نه وہ شهرت کا طالب هی نه جهوٹي عزت کا خواهاں هی تب ميئے يقين کيا که ضرور اُس کے دل ميں يهه بات سماگئي هی که هماري قوم کي ديني اور دنياوي حالتيں ابتر اور خراب هوگئي هيں اور بغير اس کے که نهايت صلابت اور قوت کے ساتهه وہ دور کي جاويں اُن کا ازاله غير ممکن هی وہ اس اصلاح پر مستعد هوا هی پس اگر اصلاح کرلي فقد فاز فوزا عظيما اگر اسي پر داعي اجل کو لبيک کها اور دنيا سے کوچ کيا فقد وقع اجرہ علي الله *

مجهے اُس کے مضمونوں کے ديکهنے سے بے انتها خيالات پيدا هوئے اور طرح طرح کي مفيد اور مضر باتيں ميري آنکهوں کے سامنے آئيں اور مختلف اور متناقض تصورات ميرے دل ميں گذرے اور اب بهي ميرے دل کي وہ کيفيت هی جو که اُس عاشق کے دل کي هوتي هی جسے نه محبوب کے وصال کي اُميد هو نه اُس کے ملنے سے کامل مايوسي هو *

اس مصلح نے دين کي اصلاح کے ليئے يهه ايک عمدہ اصول قرار ديا هی که مذهب سچا وهي هی جو بالکل † عقل کے مطابق هو اور پهر دعوي کيا هی که مذهب اسلام ايسا هي هی ليکن حقيقت ميں يهه ايک ايسا دعوي هی که جس کا ثابت کرنا نهايت مشکل هی کيونکه عقل کو وهم و شک سے پاک کرنا اور معقولات کو وهميات سے جدا کرلينا ايسا مشکل هی که قريب به محال هی پس کو يهه اصول نهايت ٹهيک هی که مذهب سچا وهي هی جو بالکل عقل کے مطابق هو مگر اُس بات پر اطمينان کراينا جنهيں هم نے معقول جانا هی غير ممکن هی *

ميرے دل ميں يهه بهي خيال آيا که اگر عقل رهنمائي کے ليئے کافي هوتي تو بعثت انبيا کي ضرورت کيا تهي اور اگر عاقل اور حکيم هي اپني عقل و حکمت سے نيک و بد کي تميز کرليتے تو پهر وهي سب سے بڑهکر خدا شناس هوتے حالانکه وهي سب سے زيادہ انبيا کے منکر هوئے هيں اس سے مجهے يهه شبهه هوا که جس عقل کو هم رهنما جانتے هيں حقيقت ميں وہ رهزن هی *

پهر ميئے يهه خيال کيا که اگر عقل رهزن هی تو کيا بے عقلي اور نادانی اور جهالت رهنما هی اور وہ چيز جسے خدا نے انسان کے ساتهه مخصوص کرديا هی اور جسکے سبب سے اس خاک کے پتلے کو اپني باتوں سے معزز بنايا هی انسان کے ليئے وبال هی تب ميں يهه سوچا که نهيں بلاشبهه عقل رهنما اور انبيا کي نبوت ثابت کرنے اور بعثت کي ضرورت کو تسليم کرنے کے سوائے عقل کے دوسرا کوئي ذريعه نهيں هی ليکن هر بات کا عقل ميں آجانا اور هر چيز کي هر شخص کو تحقيق کراينا انسان کي قدرت سے باهر هی اسليئے انبيا کا قول هماري † عقل پر مقدم هی اور اُن کي باتيں هماري تحقيقات پر غالب هيں کيونکه عقل غلطي سے محفوظ نهيں اور انبيا خطا سے معصوم هيں *

اِس خيال کو ميري اِس بات نے اَور بهي قوي کرديا که ميں نے بهت سي باتيں انبيا کي ديکهيں اور اُس کي تطبيق عقل سے دي ليکن ميں اُس ميں کامياب نه هوا ميرے دل نے سوچا که نماز کے پانچ وقتوں کا روزہ کے رمضان ميں هونے کا ايک ابراهيم کے بنائے هوئے گهر کے طواف کرنے کا خدا کي ياد کي ايک صورت خاص قرار دينے کا سر کيا هی ميري عقل ميں کوئي سبب نه آيا اور بڑے بڑے محققوں کے اسرار ونکات کو ديکها کسي پر قلبي اطمينان نهوا مگر پهر مجهے يهه خيال هوا که اول تو يهه اصول مذهب ميں نهيں هيں بلکه مذهب کي تتيم اور تکميل کرنے والے هيں اور دين کے شعار و علامت هيں اِسليئے نجات ابدي جو نتيجه سچے مذهب کا هی اس پر منحصر نهيں اور بلا باز پرس يا بعد باز پرس اور ايک معين زمانه کے عذاب کي خلاصي هوني ضروريات سے هی اور دوسرے ان ميں سے کوئي بات عقل کے مخالف نهيں کيونکه عقل کے مخالف تو وہ بات هی جو يا واقع کے خلاف هو يا اصول اخلاق اور حسن معاشرت اور باهمي برتاؤ اور حکمت منزلي اور سياست مدني کے مضر هو مگر خدا کي ياد کے ليئے وقت مقرر کردينا يا چند روز کے ليئے ايک وقت خاص تک ترک آب و طعام کرنا اور عام و خاص کو ان قيدوں کا مقيد رکهنا اور لوگوں کا فرايض و واجبات کا پابند کرنا اور غفلت سے روکنا نه عقل کے مخالف هی بلکه بالکل عقل کے مطابق اور حقيقت ميں نيچر کے موافق هی کيونکه جب هم ديکهتے هيں که خدا نے انسان کي ترکيب ميں ايک هي قسم

---

† اُس مجدد کا قول يهه نهيں هی که سچا مذهب وہ هی جو عقل کے مطابق هو بلکه اُس کا يهه قول هی که جو نيچر کے يعني قدرت و فطرت کے مطابق هو اور اس ليئے وہ مشکلات جو يهاں بيان هوئي هيں واقع نهيں هوتيں ١٢ مهتمم

† ميں نے اس مجدد سے سنا هی که وہ کهتا تها که جهاں مذهب و عقل کا ذکر هو وهاں کبهي عقل شخصي سے بحث مت کيا کرو بلکه عقل انساني سے بحث کرو پس هماري عقل اِس مقام پر کهنا اُس مجدد کے مشرب کے برخلاف هی ١٢ مهتمم

ایک مسلمان کے خیالات

یکم جمادی الثانی سنه ۱۲۸۹ هجری

ایک مسلمان کے خیالات

کي چیز نهیں رکھي بلکه بعض اشد ضروري بعض ضروري بعض صرف اُس کے حسن و جمال کي تکمیل کے لیئے مثلاً دل و دماغ انسان کي زندگي کے لیئے اشد ضروري هیں آنکھه ناک کان وغیره اُسکي زندگي کے پورے هونے کے لیئے ضروري هیں باقي اَور بهت سي چیزیں مثل خط و خال اور مژگان و آبرو وغیره کے صرف واسطے اُس کے حسن و جمال کے هیں پس دین و مذهب کو بهي ایک ایسا هي جسم سمجھنا چاهیئے جسکي زندگي کے واسطے بعض چیزیں اشد ضروري هیں مثل توحید اور اقرار نبوت کے بعض چیزیں اُس کے سارے حواس کے قایم رکھنے کے واسطے لابدي هیں مثل اداے فرایض و واجبات کے بعض چیزیں اُس کے حسن و جمال کو بڑھانے والي هیں مثل اَور بالائي نیکي اور عبادت وغیره کے پس یهه بهي عقل کا قصور هي که هم ان چیزوں کو عقل کے مخالف سمجھیں *

پھر میںنے یهه خیال کیا که نیکیاں دو قسم کي هیں ایک لازمي جسکا اثر اپني هي ذات پر محدود هو دوسري متعدي جسکي تاثیر دوسروں پر هو پس اصل نیکي وه هي جو متعدي هی لیکن همارے مذهب میں بهت سي باتیں ایسي هیں که وه بجاے نیکي کے عقل میں بدي کي صورت معلوم هوتي هیں اور اگر عقل هي کو هم تحقیق کے لیئے کافي سمجھیں تو بجاے تصدیق کے مذهب کي تکذیب لازم آتي هی خون کرنا لوگوں کو مارنا جبراً مذهب کا قبول کرانا اپنے هي بھائیوں کو پکڑنا بچوں عورتوں کو غلام و لونڈي بنانا جو همارے مذهب کے اصول هیں بالکل عقل کے مخالف اور اصول اخلاق کے برعکس هیں لیکن ان میں کوئي ایسي خوبي ضرور هي جو هماري سمجھه اور هماري عقل میں نهیں آتي *

مگر جب میں یهه سوچا که کوئي بات جو عقل اور اصول اخلاق کے مخالف هوگي وه نیکي اور سچے مذهب کي تعلیم نهوگي اور یهه باتیں ضرور عقل و اخلاق کے برخلاف هیں تو بلاشبهه مذهب کي باتیں نهونگي اس لیئے میں غور میں پڑا اور سوچنے لگا آخر بهت دنوں کے بعد میرے دل سے پردے تقلید کے دور هوئے اور اصل مذهب سے اسکي حقیقت دریافت کي تو اُن باتوں کي حقیقت هي اَور کچھه پائي لونڈي غلام کرنے کو جواصلي نیکي کے برخلاف هی همارے مذهب نے جائز هي نهیں رکھا بلکه اُسے قطعاً روک دیا اور اُس زمانه میں جبکه کسي بشر کے ذهن میں بهي اُس کي ایسي برائي نه گذري تھي همارے هي دین کے باني نے امامنّا بعد و امافدآء کهکر اُس کو ممنوع ٹھهرا دیا جبراً مذهب قبول کرانے کي همارے مذهب میں کچھه اصل نهیں لااکراه في الدین همارے هي مذهب کا قدرتي نشان هی خون کرنا مارنا حق کے ساتھه بالکل اصول عقل و اخلاق کے موافق هی روکنا خدا کي منادي کو بند کرنا اُس کے قدرتي حق کا جو هر شخص کو ازروے قانون قدرت کے حاصل هی تکلیف پهونچانا کسي کي جان و مال کو اطمینان سے نرهنے دینا کسي کا حق نهیں اور جو اُسے اپنا حق سمجھے اُس کا روکنا اور اُسے ایک قدرتي حق کا مزاحم سمجھه کر اُس سے لڑنا عقل کے مخالف نهیں هی اور یهي منشا همارے هاں کي دیني لڑائي کا هی نه واسطے جبراً مسلمان کرنے اور باکراه اسلام لانے کے اور سواے اس کے جو ملکي لڑائیں هوئیاں اور هوتي هیں وه اصول سیاست پر مبني هیں نه دین و مذهب پر *

پھر میں اس سوچ میں کیا که تمام عالم فاضل امام پیشوا دین کے اُن باتوں کو مانتے آئے هیں اور میرا خیال بالکل اُن کے مخالف هی تو یهه تطبیق دین کي عقل سے تطبیق تو نهیں هی بلکه تبدیل اور تحریف هی تطبیق تو وه هوتي که جب اصلي باتیں مذهب کي بهي بدستور قایم رهتیں اور اُس کے اصول عقل سے مطابق هو جاتے مگر پھر یهه خیال آیا که ان باتوں کو اصول مذهب سمجھنے میں تو همارا هي قصور هی کیونکه مذهب تو اصل میں وه هی جو خدا نے بنایا هو اور جن باتوں کو هم نے اصول مذهب ٹھهرا رکھا هی وه تو صریح اور صاف آیتوں سے خدا کي مخالف هیں پس لوگوں کي سمجھه کي غلطي اور اُن کي فهم و راے کے قصور سے مذهب میں شک کرنا ناداني هی *

پھر یهه شبهه دل میں پیدا هوا که کیونکر هوسکتا هی که ساري اُمت محمدي کا ضلالت پر یا غلطي پر اجماع رها اور جو بات حقیقت میں مذهب کي نه تھي وه اصول مذهب میں داخل کردي گئي مگر اُسیوقت یهه خیال آیا که یهه دعوی تو وه کرسکتا هی جس نے سارے علما فقها کي ساري تالیفات دیکھه لي هوں اور جس قدر دنیا میں اب تک لوگ گذرے اُن کے مذهبي خیالات پر اطلاع حاصل کي هو هماري واقفیت تو ایسي محدود هی که هم آٹھه حصه میں سے دس حصه کي واقفیت کا بهي دعوی نهیں کرسکتے اب تک یهه باتیں عربي زبان میں هونے اور کتابوں کے نه ملنے سے پوشیده رهیں اور سواے ایک خاص گروه کے اُس کي اشاعت نهوئي اور تقلید نے اُن کو بهي تحقیق سے روکا اور اُنهوں نے بجز ایک خاص تقلیدي تعلیم کے اور اپنے خیالات کي موافق باتوں کے کسي اَور بات کي تحقیق بهي کم کي اور اگر کچھه لوگ محقق اور عالي دماغ پیدا هوئے اُنکي تحقیقاتوں کا اظهار نه هونے پایا کفر و ارتداد کے فتوے نے اُن کي کتابوں کو جلا دیا تقلیدي فقها کي حب جاه نے اَوروں کو تحقیق پر مستعد نه هونے دیا لیکن اس پر بهي محقق اپنا اپنا کام کرگئے جو اب اُن کي تحقیقاتیں گمنامي کے صندوق سے باهر هوتي جاتي هیں ان سب پر ایک اَور مشکل اب تک یهه تھي که اکثر باتوں کي صحت و غلطي جیسي که اب ظاهر هوئي اُس زمانه تک ظاهر نه هوئي تھي اس لیئے اگلے محققین کو اُس کا خیال نه هوا نه اُنهوں نے اُس پر توجهه کي اسي واسطے بهت سي باتیں ویسي هي خلط ملط ره گئیں مگر اب جب که بهت سي باتیں کھل گئیں تو همارا تحقیقات نه کرنا اور چند عالموں کي باتوں پر ساري خدائي کے خیالات کو خیال کرلینا هماري هي ناداني هی نه یهه اُمت محمدي کا ضلالت پر اجماع کا سمجھنا هی نه سارے علماء محققین کو گمراه جاننا هی *

پھر میںنے خیال کیا که اگر یهه اصول صحیح هی تو دین میں ایک بڑا انقلاب هوگا اور مذهبي معاملات میں یوم تبدل الارض غیرالارض کي کیفیت نظر آویگي بهت سے کتب خانے ردیوں کے ڈھیر بهت سے گھر علماء کے بے چراغ هوجاوینگے اور جب ایسا هوا تو ایک بڑا زلزله ارکان دین میں پیدا هوگا مگر پھر میں سوچا که هر بگڑي هوئي چیز کي ایسي هي شکل سے اصلاح هوتي آئي هی لیکن حقیقت میں نه یهه دین میں انقلاب هی نه ارکان میں اسلام کے زلزله هی بلکه اسلام کے چهره کے حجاب اور پردے دور کرنا اور اُس کے

ایک مسلمان کے خیالات

یکم جمادی الثانی سنہ ۱۲۸۹ ہجری

ایک مسلمان کے خیالات

خوبصورت صورت کو دکھاتا ہے اور وہ بھدا پھوس کے جھونپڑے جو
اُسی نورانی خوش رنگ عمارت کے ارد گرد [illegible] سے ڈال دیئے گئے
تھے اور جس نے اصل عمارت کی خوبی کو چھپا دیا ہے اُس کا
گرانا ہے *

پھر میں نے خیال کیا کہ اگر میں نے ساری سیر و تاریخ کو اپنے مذہب
کی غلط بنا، اور لایق اصلاح و ترمیم سمجھا تمام کلام اور عقاید کی
کتابوں پر بھی خط تنسیخ کھینچا ساری تفسیروں کو بھی لوگوں کی
صحیح و غلط اقوال کا جامع جانکر دریا میں ڈالا حدیثوں کو بھی
صحیح و غلط باتوں کا مجموعہ سمجھکر کل مذہبی روایات کو عقل پر
قربان کیا تو مذہب میں صرف ایک قرآن رہ جاویگا لیکن اگر اُسکی
باتیں بھی عقل کے مطابق نہ ہوئیں تو بس مذہب چھوڑنا اور قرآن
کو بھی ایک غیر معقول باتوں کا مجموعہ ماننا پڑیگا مگر میں نے یہہ
خیال کیا کہ یہہ سب وسوسے اور شیطانی دھوکے ہیں اصل مذہب تو
ہمارا قرآن ہی ہے پس ہمکو اُسپر تمسک چاہیئے اور فقط توہمات
سے اُسکو مخالف عقل کے سمجھنا نادانی ہے چنانچہ میں نے سرے سے
قرآن شریف کو دیکھنا شروع کیا پہلا پارہ تمام نہ ہونے پایا تھا کہ آدم
کا قصہ نظر پڑا جسے سچ خلاف واقع اور مخالف عقل کے جانتا اور
جس بات سے ڈرتا تھا وہی میرے سامنے آئی چونکہ مجھے اس بات
کا تو یقین ہی تھا کہ نہ جنت کوئی مادی چیز ہے نہ شیطان کا
کوئی خارجی وجود ہے کیونکہ ساری دنیا کا جغرافیہ میں نے پڑھا
آسمان و زمین کا کرہ خاص گرینچ کے رصد خانہ کا بھی میں نے دیکھا
کسی میں نہ جنت کا ذکر ہے نہ کسی حصہ میں دنیا کے ایسا کوئی
مقام ہے پس جسکا وجود نہ تحقیقات سے ثابت نہ جسکے ہونے پر
کوئی عقلی دلیل ہے نہ ہمارے کسی حواس سے اُسکا ادراک ہوتا ہے
اس لیئے میں اپنے اس یقین سے تو پھر ہی نہ سکتا تھا مگر قرآن کے
اس قصہ پر شک کرنے لگا اور قریب تھا کہ میں قرآن کے کلام الہی
ہونے سے منکر ہوجاؤں مگر پھر مجھے یہہ خیال آیا کہ ہماری سمجھہ
کا قصور ہے خدا کے کلام کے حق ہونے میں کچھہ شبہہ نہیں اگر یہہ
قصہ تمثیلی اور بزبان حال مان لیا جاوے تو بالکل نیچر اور قانون
قدرت کے مطابق ہوتا ہے لیکن اگر وہ اصلی اور واقعی گذرا ہوا قصہ
سمجھا جاوے تو حسن کی مثنوی اور بکاولی کا قصہ ہوا جاتا ہے
پس یہہ ہماری سمجھہ کا قصور ہے کہ ہم نے جنت کو پبلک گارڈن
یا خانہ باغ اور اُسکے درختوں کو اپنے باغ کے سے اشجار اور دوزخ کو
اپنے چولہے کی سی آگ کا ڈھیر اور شیطان کو ایک دُم سر کا راون
سمجھہ رکھا ہے اور حوروں کو کشمیری کسبیوں کے موافق بڑی بڑی
آنکھہ والی عورتیں اور بہشت کو اُنکے رہنے کا چکلہ بنا رکھا ہے اگر
اُسکی باتیں روحانی تعلیم سمجھی جاویں تو نہ مخالفت عقل کی
ہوتی ہے نہ کوئی دقت پیش آتی ہے *

اس خیال پر اول تو میں خوش ہوا مگر پھر سوچا کہ مذہب
کو مخصوص ثابت کرنا چاہیئے پس اگر ہم ان چیزوں کے وجود سے
منکر ہوں اور ان حکایتوں کو تمثیلی زبان میں ایک فرضی قصہ
سمجھیں تو یہہ حقیقت میں تکذیب ہے نہ تطبیق کیونکہ جس نے
وہ قصہ بیان کیا اور جس نے اُن چیزوں کا وجود ہمکو بتایا اُس نے

ہم سے اشارہ کنایہ میں بھی تو یہہ بات نہ بتائی کہ یہہ انسانی
فطرتی حال کی فرضی کہانی ہے [illegible]
پھر میں نے یہہ خیال کیا کہ اگر اس قصہ کو تمثیلی اور حال
زبان میں کہنا تکذیب قرآن ہے تو کوئی مسلمان پڑھا لکھا تک
اور انکار کے الزام سے بچ نہیں سکتا کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ
سے مقام پر عالموں نے قرآن کی ایسی ہی حقیقت بیان کی ہے مثلاً
انا عرضنا الامانة علی السموات والارض میں کوئی نہیں کہتا
معاملہ واقع میں ہوا ہو اور عرض امانت [illegible]
اور اقرار مابین خدا اور انسان اور آسمان و زمین کے خارج
ہوا ہو وہ بھی اُس ملکہ اور استعداد کا بیان ہے جو انسان کو
گئی ہے اور جسکے سبب سے وہ نیکی بدی کرسکتا ہے اور یہہ
صرف تمثیلی اور زبان حال کی بیان کی گئی ہے تو کیونکر ہم
ہی کیفیت اور ایک ہی حالت کو ایک جگہہ تمثیل [illegible]
محمول کریں اور دوسرے کو اُسپر محمول کریں [illegible]
قرآن سمجھیں *
پھر میں نے خیال کیا کہ اگر ان حکایتوں [illegible]
خیال کرکے عقل کے مطابق کرلیں تب بھی اور بہت سی
قرآن کی عقل کے مخالف ہیں قیامت کا ہونا مردوں کا اپنے
جسموں سے اُٹھنا اُن کو جسمانی عذاب ہونا اُنکا دوزخ اور جنت
جانا حور و غلمان کا ملنا قرآن سے ایسی ثابت ہیں کہ انکار [illegible]
نہیں سکتا تو پھر یہہ باتیں اصول عقل سے کیونکر مطابق
ہیں اور مذہب اسلام کیونکر سچا ٹھہر سکتا ہے *
تب میں نے خیال کیا کہ یہہ سب باتیں جہلا کے [illegible] اور عو
سمجھانے کے لیئے بیان کی گئی ہیں حقیقت میں سوائے روحانی
ثواب کے کچھہ نہوگا نہ وہاں حشر اجساد ہے نہ وہاں کوئی آگ
بھٹی اور خانہ باغ ہے نہ دودھہ و شہد کی نہریں ہیں نہ حوریں
غلمان ہیں روحانی کیفیتوں کو اس پیرایہ میں بیان کیا ہے *
اس مرتبہ پر پہونچ کر میرا خیال رک گیا اور یہہ سوچنے
اب یہہ سچا اسلام ہے یا اصلی الحاد اور یہہ تطبیق ہے یا تـ
اور اس سے اسلام کی روشنی پھیلیگی یا الحاد کی تاریکی اور پھر
طرح اور مذہب والے بھی اپنے لغویات کی اصول عقل سے تطبیق کرسـ
یا نہیں اور ان کی تطبیق اور ہماری تطبیق میں کچھہ فرق
یا نہیں اور اگر وہ بھی اپنی مذہبی باتوں کو ایسی ہی طرز سے
عقل سے ملادینگے تو ہمکو اُن کے مذہب کی سچائی پر بھی اعتقاد
ضرور ہوگا یا نہیں چنانچہ آخر میرے خیال میں یہہ بات آ
سوائے ہمارے زمانہ کے ارتھر مقدس اور اقیسی [illegible] کوئی
مشکل کو حل نہیں کرسکتا کاش وہ [illegible] آگاہ
میرے ان شبہات کو دور کرے † *

کریم بخش
[illegible] اڈاوہ حال وارد

† [illegible] ہیں کہ اُس مجدد مایۃ رابع عشر من
النبوۃ نے عقاید اسلام لکھنے شروع کیئے ہیں اور اس لیئے امید
کہ ان تمام مشکلات کا حل انکے قلم الہام رقم سے ہوجاویگا ۱۲ مـ

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۱۵ جمادي الثاني سنہ ۱۲۸۹ ھجري [نمبر ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح ذیمت و مصرف منافع
تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاھیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاھیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین
تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خان صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فوقکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ھی اور وھاں سے تقسیم ہوتا ھی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رھتا ھی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ھیں چھاپے ہوتے ھیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ھی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقي کے مانع ھیں وہ مٹائے جاویں *

نمبر ۹۵

عقايد مذهب اسلام

عقيدة دوم

وة هستي جسكو هم الله كهتے هيں واحد في الذات هى يعني مثل أسكے دوسري هستي نهيں *

تمام موجودات پر جب هم نظر كرتے هيں تو بادي النظر ميں همكو عجيب مختلف قسم كي چيزيں دكهائي ديتي هيں اور هم سمجهتے هيں كه ايک كو دوسري سے كچهه تعلق نهيں مگر جب بة تعمق نظر ڈالتے هيں اور بخوبي سوچتے هيں اور حقايق قدرت پر بقدر طاقت بشري واقفيت حاصل كرتے هيں تب سمجهتے هيں كه تمام موجودات آپس ميں نهايت مناسبت ركهتي هى اور سب كي سب ايک راة پر چلتي هى ايک كو دوسري سے ايسي مناسبت هى كه اگر ايک چيز بهي موجودات ميں سے معدوم هوجاوے تو اس گوركهه دهندے ميں اُتنا هي نقصان آجاوے *

تمام موجودات ايسي تدبير و حكمت و مناسبت سے موجود هى جيسے ايک گهڑي يا كل كے مختلف پرزے آپس ميں مناسبت ركهتے هيں اور اس سے همكو اسبات كي هدايت هوتي هى كه يهه گوركهه دهندا ايک هي دانا حكيم كا نكالا هوا اور ايک هي كاريگر كا بنايا هوا هى — اور عام عقل انساني اس دليل سے خدا كي وحدانيت پر اقرار كرسكتي هى اس ليئے اس مسئلہ پر بهي ايمان لانا اُسيطرح هر ايک انسان پر فرض هى جس طرح كه وجود خالق كے مسئله پر ايمان لانا فرض تها *

بلا شبهه يهه مسئله به نسبت پهلے مسئله كے كسيقدر زيادة باريک هى جو لوگ كه نيچرل فلاسفي يعني علم طبيعيات سے زيادة واقف هيں اور جنهوں نے موجودات عالم ميں سے بهت سي چيزوں كي بناوٹ اور پيدايش اور پهر اُن كے انقلاب كا بقدر طاقت بشري علم حاصل كيا هى اُن كا يقين اس مسئله پر سب سے زيادة پخته اور مستحكم هى اور اُن سے كم درجه كے لوگوں كو خود كسيقدر غور و فكر كي حاجت هوتي هى اور اُس سے ادنى درجے كے لوگ دوسرے كي تنبيهه سے متنبه هونے اور كسي سے اُس كا بيان سننے كے محتاج هوتے هيں مگر يهه مسئله ايسا نهيں هى كه عام عقل انساني كي سمجهه سے باهر هو تحقيقات كامل سے خواة خود سوچنے سے يا كسيكے سمجهانے سے انسان اُسكو بخوبي سمجهه سكتا هى اور يهي وجهه هى كه اس مسئله پر ايمان لانا بموجب مذهب اسلام كے تمام انسانوں پر فرض هى — باني اسلام نے بهي اس مسئله كو كار خانه قدرت كي دليل سے سمجهايا هى اور كسي جگهه بغير سمجهے ايمان لانے كو نهيں فرمايا *

ايک جگهه فرمايا هى " اُسيكا هى جو كچهه كه آسمان و زمين ميں هى اور جو اُسكا هى (يا اُسكے پاس هى) اُس كي اطاعت سے نه منحرف هوتا هى اور نه تهكتا هى رات دن اُسيكي بزرگي ياد كرتا هى اور ذرا بهي سستي نهيں كرتا — كيا اُنهوں نے زمين كي چيزوں ميں سے كسيكو خدا ٹهرايا هى — اگر آسمان و زمين ميں بهت سے خدا هوتے تو دونوں كا كارخانه بگڑ جاتا " *

ايک اور مقام پر باني اسلام نے اس سے بهي زيادة فصيح و موثر زبان سے نيچر سے خدا كي وحدانيت پر اس طرح استدلال كيا هى كه كسنے پيدا كيا آسمان اور زمين اور كسنے برسايا تمهارے ليئے مينهه پهر اُس سے نهايت پر رونق باغ اُگائے تمكو تو اُن كے اُگانے كي قدرت نه تهي پهر كيا خدا كے ساتهه كوئي دوسرا خدا هى " *

" كسنے زمين كو تمهارے رهنے كي جگهه بنايا اور كسنے اُس كے بيچ ميں نهريں بهائيں اور كسنے اُس پر پهاڑ گاڑے اور كسنے دوسمندروں كے بيچ ميں زمين كا پردة پيدا كيا — پهر كيا خدا كے ساتهه كوئي دوسرا خدا هى " *

" كون تمكو اندهيرے جنگلوں ميں اور سمندر ميں رسته دكهاتا هى كون مينهه برسنے سے پهلے اپني مهرباني كي خوشخبري دينے والي ٹهنڈي هوا چلاتا هى — پهر كيا خدا كے ساتهه كوئي دوسرا خدا هى اگر تم سچے هو تو اُس كي دليل لاؤ " *

پس ديكهو كه كس طرح باني اسلام نے توحيد كا مسئله سوا كارخانه قدرت كي حكمت اور اُس كي مناسبت سمجهاكر انسانوں كو سمجهايا هى — يهه نهيں كها كه خواة نخواة بے سمجهے خدا كو ايک مان لو اور جبكه يهه مسئله ايسا تها كه هر ايک انسان اُسكو سمجهه سكتا تها اس ليئے باني اسلام نے تمام انسانوں كو اس مسئله پر ايمان لانے كا مكلف كيا اور كهديا كه تعالى الله عما يشركون *

هاں بےشک ايک شبهه اس پر وارد هوتا هى كه اس تمام كارخانه قدرت سے جو هم ديكهتے هيں اور سمجهتے هيں يهه خيال صاف نهيں هو سكتا كه كيا عجب هى كه مثل اس كارخانه قدرت كے كوئي اور كارخانه قدرت هو جسكو اس سے كچهه تعلق نهو اور اُس كار خانه قدرت كا ايسا هي كوئي اور صانع اور علت العلل اور موجود بالذات ازلي ابدي هو جيساكه اس كارخانه قدرت كا هى تو پهر توحيد خدا كسطرح پر ثابت هوگي *

هم اس شبهه كو تسليم كرتے هيں اور كهتے هيں كه بلا شبهه ايک خيالي شبهه هى جو رفع نهيں هوسكتا مگر اسلام اور ايمان بنياد خيال پر نهيں هى فلسفيه اور عقليه مباحث كو جو حالت فر

غير وجوديہ سے ہوتي ہيں يقين سے اور ايمان سے کچھہ مناسبت نہيں ہی مولاناے روم نے اُس کے حق ميں نہايت خوب فرمايا ہی —

پاۓ استدلاليان چوبيں بود
پاۓ چوبيں سخت بے تمکيں بود

يقين کے ليئے ضرور ہی کہ معترض اول اسبات کا يقين دلاۓ کہ در حقيقت ايسا ہي ہوسرا کار خانہ قدرت موجود ہی اور اُس وقت کہے کہ خدا کي توحيد ثابت نہيں مگر وہمي و فرضي باتوں سے خدا کے متعدد ہونے کا ثبوت نہيں ہوسکتا — مذہب اسلام کي رو سے انسان کو صرف اسي بات کا يقين کہ تمام چيزوں کا جنکو ہم ديکھتے ہيں اور سمجھتے ہيں اور جو وجود پذير ہيں اُن سب کا خدا ايک ہي ہی کافي اور وافي ہی اور اسيقدر پر انسان مکلف ہی — امنابہ والحمد للہ علی ذلک *

راقم ——————
سيد احمد

نمبر ٩٦

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

چندہ سابق

يعني چندہ مندرجۂ فہرست سابق ... عـــ١٣١٤ــــ٧ر

چندہ جديد

مولوي محمد حيدر حسين صاحب وکيل
ہائي کورٹ الہ آباد ... اعـــ

مولوي سيد فريدالدين احمد صاحب
وکيل ہائي کورٹ الہ آباد ... الـــ صہ

حضور عالي جناب انريبل سر وليم ميور
صاحب بہادر جي سي ايس آئي نواب
لفٹنٹ گورنر بہادر خاص واسطے تعليم
دنياوي علوم کے بروقت شروع تعليم الـــ

جناب انريبل آر اسپنکي صاحب بہادر
جسٹس ہائي کورٹ الہ آباد ... سہ

منشي الہي بخش صاحب سب انجينير
لور ڈوٹي مجسٹريٹ نہر گنگ ڈويزن
بلند شہر ... سہ

محمد حکمت اللہ صاحب رئيس بدايوں
متعلق سفارت سابق نواب ٹونک مقيم
لندن ... صـــہ

سيد محمد مير بادشاہ صاحب منصف
کانپور ... مالہ

جناب ميڈارڈ براڈہرسٹ صاحب بہادر
صاحب جج بنارس ... مالہ

منشي محمد ذکاء اللہ صاحب پروفيسر
ميور کالج الہ آباد ... مالہ

جناب جان ہنري پيکس ايوں سيڈ
صاحب بہادر صاحب جج غازي پور ... مالہ

حاجي مرزا محمد جلال الدين صاحب
رئيس بنارس ... مالہ

سيد مہربان علي صاحب رئيس گلوٹي
ضلع بلند شہر ... مالہ

شيخ سبحان علي صاحب رئيس بنارس مالہ

شيخ محمد امين الدين صاحب وکيل
عدالت ديواني بنارس ... صـــہ

مولوي محمد عنايت رسول صاحب
رئيس چريا کوٹ ضلع اعظم گڈہ ... للعـــہ

مرزا محمد سعيد بخت بہادر شاہزادہ
شوالہ ... ســـہ

مولوي محمد امين الدين صاحب وکيل
عدالت ديواني بنارس ... عـــہ

شيخ غوث علي صاحب وکيل عدالت
ديواني بنارس ... عـــہ

نواب محمد ہادي علي خاں صاحب
وکيل عدالت ديواني بنارس ... عـــہ

نواب محمد مبارک علي خاں صاحب
رئيس ميرٹھہ ... عـــہ

سيد جعفر حسين صاحب وکيل عدالت
ديواني بنارس ... عـــہ

مرزا محمد معز الدين بخت بہادر
شاہزادہ شوالہ ... عـــہ

شيخ امين الدين احمد صاحب وکيل
عدالت ديواني بنارس ... عـــہ

مرزا محمد شرف الدين سکندر بخت
بہادر شاہزدہ شوالہ ... عـــہ

مرزا محمد قيصر بخت بهادر شاهزادہ
شوالہ ... عـــه

عظيم الله عرف چهجو ملازم سيد محمد
محمود مقيم لندن ... عـــه

شيخ نصرت حسين صاحب وكيل عدالت
ديواني بنارس ... عـــه

مرزا محمد نادر بخت بهادر شاهزادہ
شوالہ ... عـــه

خواجه محمد عبدالله صاحب وكيل
عدالت ديواني بنارس ... صـــه

عبدالرحيم كوچوان ملازم سيد احمد خان للعه

مرزا زورآور بخت بهادر شاهزادہ ... للعه

مولوي احمد شفيع صاحب هيڈ ماسٹر
اسكول وزيرآباد ... للعه

ماسٹر نرنجنداس صاحب سكنڈ ماسٹر
اسكول وزيرآباد ... معه

ميزان كل عـــــہ ۷ر

سيد احمد
مرقوم ۲۲ جولائی سنه ۱۸۷۲ع سكرتري

THE MUHAMMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTEE.

With great pleasure and thankfulness we publish here a letter from the Private Secretary to His Excellency the Viceroy and Governor-General to the Secretary to the M. A. O. C. F. Committee. His Excellency's munificent donation, promised under certain conditions, is worthy of the giver, and will not soon be forgotten by the Muhammedans of India. Such liberality has never been equalled by any former Governor-General of India. The promised contributions to the College Fund now amount to Rs. 30,135-7-0.

Copy of the Letter.

Government House, Simla.

July 19th, 1872.

Dear Sir,

I am in receipt of your note of the 14th ultimo enclosing the Rules for the Guidance of the Muhammedan Anglo Oriental College Fund Committee and a printed circular inviting subscriptions towards the establishment of the College. Although these papers were addressed to me personally, I have laid them both before His Excellency the Viceroy and Governor-General, and I am now directed to make the following communication to you.

His Excellency is much gratified at the active interest in the matter of education, which the present endeavour to found a college evinces on the part of

نمبر ۹۷

ترقي چندہ مدرسة العلوم مسلمانان

هم نهايت خوشي اور شكرگذاري سے حضور عالي جناب ويسراے اور گورنر جنرل بهادر كشور هند كے پرائيوٹ سكرتري كي چٹهي كي نقل جو بنام سكرتري كميٹي خزنة البضاعة آئي هى اِس مقام پر مندرج كرتے هيں *

حضور جناب ويسراے نے جو بشرط كاميابي نهايت فياضانه كونيشن عطا فرمايا هى وہ اُن كي جاہ و جلال و شان و مرتبه كا نمونه هى — مسلمانان هند اِس احسان كو كبهي نه بهولينگے اس سے پہلے كسي گورنر جنرل نے ايسي سخاوت و فياضي نهيں كي *

اب تعداد زر چندہ اس فياض كونيشن كے سبب لغايت ۲۳ جولائي سنه ۱۸۷۲ع بقدر تيس هزار ايک سو پينتيس روپيه سات آنه كے هوگئي هى اُس كے بعد اور بهي بهت چندہ هوا هى جو آيندہ مشتهر هوگا *

نقل چٹهي

پرائيوٹ سكرتري حضور نواب گورنر جنرل بهادر
بنام
سيد احمد خان بهادر سي ايس آئي سكرتري كميٹي
خزنة البضاعة

عزيز دوست

آپ كي چٹهي مورخه ۱۴ ماہ گذشته معه قواعد مجالس خزنة البضاعة لتاسيس مدرسة العلوم للمسلمين اور ايک چهپا هوا سركيولر واسطے چندہ مدرسه كے ميرے پاس پہنچا — گو يه سب كاغذ ميرے نام كے آئے مگر ميں نے اُن كو بحضور عالي جناب ويسراے

yourself and other Muhammedan gentlemen of influence and position. His Excellency feels a deep interest in the subject of Muhammedan Education, and while it would be inconsistent with his religious opinions to give any personal pecuniary assistance to the religious teaching, which, as I understand, is to form part of the course of studies at the proposed college, he will gladly contribute to the study of "the Western Arts and Sciences," which it is one of the principal objects of the Committee to promote.

His Excellency considers, however, that any pecuniary assistance which he may render should be contingent on the interest shown in the matter by Muhammedan gentlemen themselves, and on the support afforded by them. He is not, therefore, at present, prepared to contribute any donation towards the establishment of the college, but I am desired to inform you that if the Committee succeed in establishing the college,—if the institution, when established shows a reasonable *prospect* of durability and general success, and if the course of instruction is such as to convince His Excellency that a really *boná fide* effort is being made to afford sound secular instruction, he is prepared to devote Rs. 10,000 to the perpetual establishment of a scholarship in some branch of European Literature or Science. Should this scholarship be ultimately established, the details connected with the method of competing for it, its tenure, &c., can form the subject of future correspondence.

"I remain,
"Dear Sir,
"Yours very truly,
"(Sd.) EVELYN BARING, CAPTAIN,
Private Secretary to the Viceroy."

To
MOULVI SYUD AHMED KHAN,
BAHADOOR, C. S. I.,
Secretary, M. A. O. C. F.,
Committee,
Benares.

و گورنر جنرل کشور هند کے پیش کي اور اب بموجب حکم حضور ويسراے ممدوح کے آپ کو اطلاع ديتا هوں *

تعليم کے باب ميں جو آپ اور ديگر صاحبان مسلمان ذي مرتبه اور صاحب اقتدار سعي و کوشش کرتے هيں اور جسکا ظهور ايک مدرسه قايم کرنے کي تدبير ميں پايا جاتا هی اُس سے حضور ويسراے نهايت محظوظ هوں اور حضور جناب ويسراے مسلمانوں کي ترقي تعليم دو دل سے مايل هيں اور گو وه اپنے مذهبي عقايد کے موافق مسلمانوں کي مذهبي تعليم ميں جسکو ميں سمجهتا هوں که مدرسه مجوزه کي تعليم کا ايک جزو هوگي روپيه سے مدد کرنا ٹهيک نهونا تاهم وه نهايت خوشي سے مغربي علوم و فنون کي تعليم ميں جسکي ترقي کرنا خاص مقصد کميٹي کا هی تائيد فرماوينگے *

حضور جناب ويسراے کي يهه مرضي هی که اُس کي مدد زر نقد سے اُس اندازه کے موافق هو جسقدر که خود مسلمان اس معامله ميں اپنا شوق ظاهر کريں اور جيسيکه وه خود اُس ميں مدد ديں پس اس وقت کچهه ڈونيشن دے دينے کو بنام قايم کرنے مدرسه کے وه طيار نهيں هيں مگر مجهکو اجازت هوئي هی که ميں آپ کو اس بات سے اطلاع دوں که اگر کميٹي مدرسة العلوم قايم کرنے ميں کامياب هو اور بعد قايم هوجانے کے اگر اُس مدرسه سے معقول توقع عام ترقي کي پائي جاوے اور نيز سلسله تعليم بهي ايسا هو جس سے حضور ويسراے کو يقين هو که در حقيقت کامل دنيوي تعليم ميں کوشش هوتي هی تو اُس صورت ميں دس هزار روپيه عطا فرماوينگے تاکه زر مذکور سے مغربي لٹريچر يا علوم و فنون کي کسي شاخ ميں اسکالرشپ هميشه کے واسطے مقرر کيا جاوے جب که اسکالرشپ مقرر هوجاوے تب اُسکي تفصيل کي بابت متعاقب تحرير هوگي *

راقم
آپ کا دوست صادق
اِویلن بيرنگ کپتان
پرويٹ سکرٹري ويسراے

مقام شمله
۱۹ جولائي سنه ۱۸۷۲ع

 روئداد مدرسة العلوم مسلمانان

نمبر ۱۸

مدرسة العلوم مسلمانان

روئداد

اجلاس مجلس خزنة البضاعة لتاسيس مدرسة العلوم للمسلمين منعقده ۲۱ جولائی سنه ۱۸۷۲ ع

مقام بنارس

صدر انجمن

مولوی عنايت رسول صاحب *

ممبران موجوده

مولوی محمد عارف صاحب *

شيخ غلام علی صاحب *

سيد محمد حامد صاحب *

منشی محمد يار خاں صاحب *

سکرٹری

سيد احمد خاں بهادر سی ايس آئی *

روئدادهاے اجلاس منعقده ۳۰ جون سنه ۱۸۷۲ ع و ۵ جولائی سنه ۱۸۷۲ ع جو بدستخط سکرٹری مرتب اور کتاب روئداد ميں مندرج تهيں ملاحظه هوئيں *

اُس کے بعد بموجب دفعه ۷ قواعد مجلس مرتبه سنه ۱۸۷۲ ع کے صاحبان مندرجه ذيل مجلس خزنة البضاعة کے ممبر مقرر هوئے *

جناب عالی نواب محمد فيض علی خاں صاحب بهادر سی ايس آئی رئيس پهاسو ضلع بلند شهر وزير اعظم راج جے پور *

نواب محمد احمدالله خاں صاحب رئيس ميرٹهه پنشنر هوشنگ آباد *

منشی محمد الهی بخش صاحب رئيس ديوبند ضلع سهارنپور سب انجنير اور ڈپٹی مجسٹريٹ نهرگنگ ڈويژن بلند شهر *

منشی محمد اکرم صاحب رئيس محمدآباد ضلع اعظم گڈه گورنمنٹ وکيل ضلع اعظم گڈه *

حضرت مولوی محمد امانت الله صاحب رئيس غازی پور *

حاجی مولوی محمد عبدالاحد صاحب رئيس قصبه بهتيا ضلع غازی پور وکيل عدالت غازی پور *

شيخ محمد جان صاحب رئيس قصبه بهتيا ضلع غازی پور وکيل عدالت غازی پور *

شيخ فياض علی صاحب رئيس قصبه مؤ قاضی طيب پرگنه سورام گورنمنٹ وکيل و انريری مجسٹريٹ درجه اول ضلع الهآباد *

مولوی محمد نجم الدين صاحب رئيس چڑيا کوٹ اعظم گڈه *

مولوی محمد حامد حسن خاں صاحب بهادر رئيس ... سب آرڈينيٹ جج اعظم گڈه *

منشی محمد ذکاء الله صاحب رئيس دهلی ... الهآباد *

حکيم محمد حکمت الله صاحب رئيس بدايوں *

سکرٹری نے چٹهی پرئيوٹ سکرٹری حضور عالی جناب ويسرائے گورنر جنرل لارڈ نارتهه بروک صاحب دام اقباله مورخه ۱۹ جولائی ۱۸۷۲ ع پيش کی جس ميں حضور ممدوح نے عام دلخواهی ... ترقی کے ليئے به چند شرايط مندرجه چٹهی مذکور امر مدرسه کے ليـ دس هزار روپيه چنده دينے کا وعده فرمايا هی *

صدر انجمن نے اس بات کی تحريک کی که حضور ويسرائے ... جو توجهه اور اپنا شوق واسطے تعليم مسلمانوں کے بذريعه عطا ... اس فياضانه ڈونيشن کے ظاهر فرمايا هی اُس کا دلی شکر کميٹی جانب سے ادا کيا جاوے *

صدر انجمن نے يهه بهی تجويز کی که حضور ويسرائے کو اس ... کی يهی اطلاع دی جاوے که تمام مسلمانان هندوستان جن کی حکو... و محافظت کے ليئے حضور ملکه معظمه نے آپ کو مامور کيا هـ... آپ کی سخاوت کے نهايت ممنون هيں اور جب يهه مدرسه قا... هو جاويگا تو مسلمانوں کی آينده نسلوں کے ليئے يهه بے نظير سخاو... هميشه کو يادگار رهيگی *

سيد محمد حامد نے اس تحريک کی تائيد کی اور بالاتفاق منظ... هوئی *

اُس کے بعد سکرٹری نے چٹهی هز هائينس مختارالملک سر سال... جنگ بهادر کے سی ايس آئی وزير اعظم حيدر آباد دکهن مورخه ۴ جولائی سنه ۱۸۷۲ ع پيش کی اور کميٹی کو اطلاع دی که هز هائينس نے چار هزار روپيه واسطے مدرسة العلوم مسلمانان کے مرحمت فرما... هی دو هزار روپيه بالفعل اور دو هزار بر وقت قيام مدرسه *

صدر انجمن نے تحريک کی که هزهائينس کا اس فياضانه چند... کے ليئے کميٹی کی جانب سے دلی شکر ادا کيا جاوے اور يهه بهی اطل... دی جاوے که کميٹی کا خاص مقصد اور کوشش يهی هی که اس مدر... ميں طالب علم ايسی هی علميت اور فضيلت حاصل کريں جيسے انگلستان ميں اکسفورڈ اور کيمبرج کی يونيورسٹيوں ميں طلبا حا... کرتے هيں صرف اتنا فرق رهی که انگلستان کی يونيورسٹيوں ميں عيسائی مذهب کی تعليم هوتی هی برعکس اس کے همارے مدرسة العا...

(جو انشاء اللہ تعالی ایک دن محمدن یونیورسٹي کے نام سے پکارا جاویگا) مذہب اسلام کي تعلیم ہو ایک کمرہ میں اہل سنت و جماعت کي اور ایک کمرہ میں شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کي *

صدر انجمن نے اس بات کي بھي تحریک کي ہزہائینس کا اس تحریر کي نسبت بھي شکر کیا جاوے جو اُنہوں نے خیال فرمایا ہی کہ اگر یہہ مدرسہ درستي سے قایم ہو جاوے تو حضور ممدوح بھي حیدرآباد سے چند رئیسوں کے لڑکوں کو اس مدرسہ میں تعلیم کے لیئے بھیجینگے کیونکہ اس بات سے کمیٹي کو نہایت تقویت ہوتي ہی *

سید محمد حامد نے اس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ہوئي *

بعد اس کے سکرٹري نے انریبل آراسپینکي صاحب بہادر جسٹس ہائي کورٹ الہآباد کي چٹھي مورخہ ۳۰ جون سنہ ۱۸۷۲ ع پیش کي اور اطلاع کي کہ صاحب ممدوح نے تین سو روپیہ واسطے مدرسہ کے عنایت فرمایا ہی *

صدر انجمن نے تحریک کي کہ صاحب ممدوح کا دلي شکریہ وابستہ کونسل اور بالتخصیص اس طرز تحریر کي نسبت جس طرز میں صاحب ممدوح نے چٹھي لکھي ہی اور جس سے ایک فیاضانہ نیکي اور ہمدردي مسلمانوں کي تعلیم میں پائي جاتي ہی ادا کیا جاوے * .

سید محمد حامد نے اس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ہوئي *

بعد اس کے سکرٹري نے چٹھي بابو شیوا پرشاد صاحب سي ایس آئي انسپکٹر محکمہ تعلیم قسمت سویم ممالک مغربي و شمالي مورخہ ۲۹ جولائي سنہ ۱۸۷۲ ع پیش کي جس میں بابو صاحب ممدوح نے اُنہي شرایط پر جو حضور ویسراے نے مقرر کي ہیں اور چٹھي پرایوٹ سکرٹري مورخہ ۱۹ جولائي سنہ ۱۸۷۲ ع میں مندرج ہیں اور نیز اس شرط پر کہ مدرسہ الہآباد میں قایم ہو مدرسہ کے لیئے ہزار روپیہ چندہ دینے کا وعدہ فرمایا ہی *

صدر انجمن نے تحریک کي کہ بابو صاحب نے جو ہمدردي مسلمانوں کے ساتھہ بہ سبب سچي حب وطني کے کي اُس کا شکریہ کمیٹي کي طرف سے ادا کیا جاوے *

منشي محمد یار خاں صاحب نے کہا کہ میں صاحب صدر انجمن کي اس تجویز سے کہ بابو صاحب ممدوح کا شکریہ ادا کیا جاوے اتفاق کرتا ہوں — اس میں کچھہ شک نہیں کہ بابو صاحب نے سچي حب وطني کے خیال سے مسلمانوں کے ساتھہ ہمدردي کي ہی مگر مجھکو ایسے ڈونیشنوں کي منظوري . میں اور ایسے چندہ دینے والوں کے نام کے فہرست چندہ میں مندرج ہونے سے جو مشروط بہ شرایط چندہ دیتے ہیں عذر و انکار ہی — مقصد کمیٹي کا یہہ ہی کہ سرمایہ جمع کرتي جاوے جب تک کہ مدرسہ قایم کرنے کے لیئے کافي ہو اگر لوگ ایسي شرطوں کے ساتھہ چندہ دیں اور وہ منظور ہو تو سرمایہ کا جمع ہونا مدرسہ کے قایم ہونے پر اور مدرسہ کا قایم ہونا چندہ کے جمع ہونے پر موقوف اور منحصر ہوگا اور یہہ ایک ایسا نقص ہی کہ جس سے میري راے میں مقصد کمیٹي کا بالکل ضایع ہو جاویگا پس میري یہہ راے ہی کہ جو چندہ ساتھہ کسي شرط و قید کے آوے (سواے کسي خاص حالت کے) فوراً نامنظور ہو *

سکرٹري نے کہا کہ مجھے اس گفتگو کے سننے سے افسوس ہی حضور ویسراے نے انہي شرطوں سے چندہ عطا فرمایا ہی اور کمیٹي نے اُس کے قبول کرنے میں کچھہ عذر نہیں کیا حضور نواب لفٹننٹ گورنر بہادر کا چندہ بھي قریب قریب انہي شرطوں پر مشروط ہی جن پر کچھہ عذر نہیں ہوا پس میں کوئي وجہہ نہیں پاتا کہ بابو صاحب کے چندہ پر اس قدر اعتراض ہوتا ہی *

مولوي محمد عارف صاحب نے منشي محمد یار خاں کي راے سے اتفاق کیا اور کہا کہ جو کچھہ سکرٹري مجلس نے ابھي فرمایا وہ سب سچ ہی مگر حضور ویسراے اور جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر کي شرایط چندہ کے قبول کرنے اور بابو صاحب کي شرایط چندہ کے منظور کرنے میں بڑا فرق ہی — اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ کمیٹي دل و جان سے چندہ جمع کرنے میں کوشش کر رہي ہی — اور اگر لوگوں کا شوق ایسا ہي رہے جیسا کہ اس وقت تک ہی اور وہ لوگ زر نقد دینے سے ایسي ہي مدد کریں جیسي کہ وہ اس وقت تک کر رہے ہیں تو اُمید قوي ہی کہ برس دو ہي برس کے اندر کمیٹي اپنے مقصد یعني مدرسۃالعلوم قایم کرنے پر کامیاب ہو جاویگي اور انشاءاللہ تعالی ضرور مدرسہ قایم ہو جاویگا اور اگر بالفرض اس زمانہ میں کمیٹي کي کوششوں سے مدرسہ قایم ہونے میں توقف ہوا تو ہماري نسلیں اور ہمارے جانشین مدرسہ قایم کرنے کي کوشش کو کبھي ترک نہ کرینگے حضور ویسراے اور جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر کا چندہ اس یقین پر قبول کیا گیا ہی کہ جب کبھي مدرسہ قایم ہو وہ چندہ ضرور ملیگا اگر ہماري موجودہ کمیٹي اپني زندگي میں مدرسہ قایم کرلے تو وہ خود وہ دونوں چندے پاویگي اور اگر اپني زندگي میں قایم نہ کر سکے تو اُن کے جانشین حضور ویسراے اور جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر سے یا اُن کے قایم مقاموں سے بمجرد قایم ہونے مدرسہ کے چندہ پاوینگے لیکن اور لوگوں سے ایسے زمانہ دراز اور پشتوں تک چندہ وصول ہونے کي کیا توقع ہی پس میري راے

میں چندہ کی فہرست میں ایسا چندہ مندرج کرنا جس پر خود کمیٹی کو یقین نہیں ھی محض تصرف ھی *

اُنھوں نے یہہ بھی کہا کہ یہہ میری گفتگو تو عموماً ایسے چندوں کی نسبت ھی جو مشروط بشرایط ھوں لیکن بابو شیواپرشاد صاحب کے چندہ کی نسبت مجھکو اور بھی اتفاق ھی بابو صاحب نے مدرسہ کے الہ آباد میں قایم ھونے پر چندہ کا دینا مشروط کیا ھی اور یہہ شرط برخلاف دفعہ ۳۳ قواعد مجلس مرتبہ سنہ ۱۸۷۲ ع کے ھی اگر اس شرط پر چندہ قبول کیا جاوے تو کمیٹی کی ازادی نرھیگی اور گویا اسی وقت مقام مدرسہ کا تصفیہ ھوجاویگا اور یہہ کار روائی خلاف قاعدہ مذکور کے ھی جسکو میں پسند نہیں کرتا *

سکرٹری نے کہا کہ افسوس ھی کہ بابو صاحب نے حضور ویسراے کی شرطوں سے بھی ایک شرط اور زیادہ کردی پس بلحاظ اُن وجوھات کے جو میرے دوست مولوی محمد عارف نے فرمائیں میں اُن سے بمجبوری اتفاق کرتا ھوں *

مگر اس خیال سے کہ آیندہ نسبت منظوری یا نامنظوری چندوں کے ممبروں میں اختلاف راے نہو میں یہہ تحریک کرتا ھوں کہ نسبت قواعد چندہ کے کچھہ تشریح کردی جاوے *

کمیٹی نے اس تحریک کو پسند کیا اور دفعہ ۱۲ و ۱۷ قواعد مجلس مرتبہ سنہ ۱۸۷۲ ع کے حسب تفصیل ذیل تشریح کی *

تشریحات

۱ کسی شخص کا چندہ یا عطیہ کسی ایسی شرط پر جو برخلاف قواعد مرتبہ سنہ ۱۸۷۲ ع کے ھو نہ منظور ھوگا اور نہ داخل فہرست چندہ کیا جاویگا *

۲ کسی مسلمان کا چندہ (سواے کسی صورت خاص کے جسکو کمیٹی منظور کرے) اس شرط پر کہ جب مدرسہ قایم ھوگا اُس وقت چندہ دیا جاویگا نہ منظور ھوگا نہ درج فہرست چندہ کیا جاویگا — کیونکہ مسلمانوں کا فرض اس وقت چندہ جمع کرنا ھی تاکہ مدرسہ جاری ھو نہ کہ اُس کے اجرا پر چندہ دینے کا وعدہ کرنا علاوہ اسکے جو کچھہ مسلمان مدرسہ کے لیئے دیتے ھیں وہ بموجب اُن کے مذھب کے خیرات اور وقف فی سبیل اللہ ھی اور وقت دینے چندہ سے اُنکو اُس وقف کا مذھبا ثواب ملتا ھی گو کہ مدرسہ کتنی ھی مدت کے بعد کیوں نہ جاری ھو *

۳ البتہ مسلمان چندہ دینے والے اپنے چندوں [illegible] ذیل شرطیں قایم کرسکتے ھیں *

(الف) اُنکا زر چندہ سود میں نہ لگایا جاوے [illegible] کوئی جائداد خریدی جاوے جسکا ذکر قواعد مجلس مرتبہ سنہ ۱۸۷۲ میں مندرج ھی اور ممبران کمیٹی ان کی اس شرط کے بجالانے پابند ھونگے *

(ب) زر چندہ قسطوار ایک میعاد مناسب معین میں [illegible] جاویگا *

۴ سواے مسلمانوں کے اور جو صاحب براہ فیاضی چندہ دیں مجاز ھونگے کہ مفصلہ ذیل شرطوں میں سے اگر کسی شرط کا مقرر چاھیں تو مقرر کریں *

(الف) اُنکو اختیار ھوگا کہ اپنا چندہ صرف مغربی علوم تعلیم کے لیئے مخصوص کردیں اور کمیٹی کو لازم ھوگا کہ اُس [illegible] کو اُسی کام میں لگاوے *

(ب) وہ بھی اپنا چندہ بذریعہ اقساط وقت مناسب [illegible] میں دے سکینگے *

(ج) وہ اس شرط کے مقرر کرنے کے بھی مجاز ھونگے کہ قایم ھوتے مدرسہ کے اُنکا چندہ ادا کیا جاویگا مگر کمیٹی کو اخ[illegible] ھوگا کہ بلحاظ مقدار زر چندہ اور نیز بلحاظ حالت چندہ دینے وال[illegible] کہ اُس سے اُمید قوی چندہ وصول ھونے کی بر وقت قیام مدرسہ (کو وہ کسی وقت قایم ھو) ھی یا نہیں اُس چندہ کو منظور یا نامن[illegible] کرے سکرٹری کو ھدایت ھوئی کہ اس قسم کا چندہ بلا منظوری کم[illegible] درج فہرست چندہ نہوا کرے *

بعد اسکے باتفاق راے ممبران کمیٹی یہہ امر قرار پایا [illegible] شیوا پرشاد صاحب نے جو سچی حب وطنی سے مسلمانوں کے [illegible] ھمدردی کی ھی اُس کا دلی شکر کمیٹی کی طرف سے کیا جاوے [illegible] اسباب کی بھی اطلاع دیجاوے کہ چونکہ اُن کی اخیر شرط خلاف [illegible] ۳۳ قواعد کمیٹی کے ھی اس لیئے کمیٹی اُن کا نام نامی اور [illegible] چندہ فہرست میں مندرج کرنے سے معذور ھی اگر بابو صاحب شرط کو موقوف کردیں تو کمیٹی نہایت شکر کے ساتھہ اُنکا چندہ [illegible] کریگی *

بعد اسکے شکریہ صدرانجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس [illegible] ھوئی *

[illegible]
سکرٹری مد[illegible]

بمقام علیگڑھ — مطبع علیگڑھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد سوم] يكم رجب سنة ١٢٨٩ هجري سنة ١٣٠٢ نبوي [نمبر ١٣

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشريح قيمت و مصرف منافع تهذيب الاخلاق

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قيمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که اقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو چار روپيه سالانه قيمت پيشگي ديني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهيگا اُس کو في پرچه چار آنه معه اخراجات روانگي پرچه دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خريداران و ناظرين تهذيب الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو يا خريداري اِس پرچه کي مد نظر هو يا کوئي مضمون اِس پرچه ميں مندرج هونے کے ليئے بهيجنا هو يا زر قيمت اخبار يا زر چندہ يا کچهه روپيه بطور ڈونيشن کے عنايت فرمانا هو تو سيد احمد خان صاحب بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجا جاوے غرضکه تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کيونکه يهه پرچه عليگڈه ميں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هے اور وهاں سے تقسيم هوتا هے اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هے *

اس پرچه ميں صرف مضامين مفيدہ جو مسلمانوں سے متعلق هيں چهاپه هوتے هيں اور اس سبب سے اخبار امصار و ديار اس ميں مندرج نهيں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے يهه هے که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذيب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هيں وہ مٹائے جاويں *

مضمون نمبر ۱۹

مسلمانوں کي قسمت

یہہ سچ هی که زمانه کبھي یکساں نہیں رهتا کبھي خوش نصیبوں کو بد نصیب کردیتا هی اور کبھي بد نصیبوں کو خوش نصیب مگر هر ایک تغیر و تبدیل کے آثار شروع هوجاتے هیں جس سے آینده کے نتیجه کي پیشین گوئي کي جاسکتي هی *

اِس زمانه میں هم مسلمانوں کي قسمت کو دیکھتے هیں که تقدیر اُنکي قسمت کو کچھہ بلند کرتي هی یا ایسا گراتي هی جسکے سنبھلنے کي پھر کچھہ تدبیر نہو *

اس وقت هم دیکھتے هیں که تمام مسلمان تمام هندوستان کے اس بات کو دل سے قبول کرتے هیں که ترقي دولت و حشمت و عزت و مذهب سب عمده تعلیم پر منحصر هی اور اس بات کو بھي تمام هندوستان کے مسلمان قبول کرتے هیں که مسلمانوں کي اور اُنکي اولاد کي تربیت کے لیئے کسي عمدہ طریقه تعلیم کے قایم کرنے اور اُس کے اسباب و لوازم کے بهم پہونچانے کي نہایت اشد ضرورت هی اور اس بات کا بھي سب کو یقین هی که اگر ایسا هي زمانه چلا گیا اور کچھہ تدبیر نه کي گئي تو یہه مرض لاعلاج هوجاویگا اور اس بات پر بھي سب کي راے متفق هی که اسکا علاج صرف یہي هی که ایک بہت بڑا مدرسة العلوم خاص مسلمانوں کے لیئے قایم کیا جاوے جسمیں جمیع علوم و فنون دیني اور دنیوي کي بدرجه کمال تعلیم هو *

اس دواے جاں بخش کي خواهش سب کو تھي اور اب بھي هی مگر اس خیال سے که کیونکر حاصل هو ایک مایوسي هوتي تھي اس دوا کا حاصل هونا چنداں مشکل نه تھا هاں البته اسکے حاصل کرنے کو سعي اور کوشش اور همت درکار تھي پس اس زمانه میں اس کام پر کوشش شروع هوئي هی اور بلا شبهه اُسکا کامیاب هونا یا نہونا پوري نشاني خوش نصیبي یا بدنصیبي مسلمانوں کي هوگي *

پس اے مسلمانوں تم اس بات پر غور کرو که همیشه موقع اور وقت هاتھه نہیں آتا جیسي کوشش اسوقت تک مدرسه کے لیئے هورهي هی کبھي ایسي کوشش هونے کي توقع تھي ـــ دیکھو خدا کي مهرباني سے کیسے اچھے سامان نظر آتے هیں حضور جناب لارڈ نارتھه بروک صاحب ویسراے و گورنر جنرل بهادر نے اپني جیب خاص سے هم مسلمانوں کي تعلیم کے لیئے دس هزار روپیه دینے کا وعده فرمایا هی حضور نواب لفتننٹ گورنر بهادر نے اپني جیب خاص سے عطیه عطا فرمانے کے علاوہ گورنمنٹ کي جانب سے گرینٹ ان ایڈ دینے کا وعدہ فرمایا هی *

یہه وعده کچھه کم نہیں هی بلکه [illegible] دوگنا کردیتا هی اگر هم پانچ لاکھه روپیه جمع کر لیں عطیه گرینٹ ان ایڈ سے حقیقت میں دس لاکھه [illegible] اگر دس لاکھه جمع کریں تو بیس لاکھه هو جاتے هیں بڑھتي دولت کي همکو کب توقع تھي *

دور دور کے مسلمان بھي اپني قوم کي ترقي کے سامان [illegible] خوش هوئے هیں اور چنده وصول کرنے اور دینے میں کوشش [illegible] دونوں کو کام میں لا رهے هیں *

هندوؤں نے بھي همارے ساتھه همدردي و فیاضي کي [illegible] غریب آدمیوں نے اور بعض بڑے آدمیوں نے بھي چنده دیا [illegible] اس وقت جو کوشش هو رهي هی وہ ایسي کوشش هی جس [illegible] هرگز نه تھي پس اب سب مسلمانوں کو زیاده همت اور زیاده کرني چاهیئے تاکه یہه سعي حسب مراد کامیاب هو *

اے مسلمانوں اس بات کو بھي تم خیال کرو که اگر اس [illegible] تمنے همت نه کي اور سعي و کوشش میں کوتاهي کي اور خدا نخ[واسته] یہه کوشش کامیاب نہوئي تو پھر کبھي تمهاري بھلائي اور [illegible] بہبودي کي توقع نہوگي *

کہاں سے یہه وقت پھر هاتھه آویگا جو اس وقت هاتھه [illegible] هی *

کہاں سے یہه موقع باقي رهیگا جو اس وقت هی *

کون تمهارے لیئے اپني جان اپنا مال اپنا وقت اپنا آرام فدا کرنے والا پیدا هوگا جو پھر تمهارے لیئے کوشش و سعي کر[ے] کس کو ایسي همت و جراُت هوگي که اس کوشش کو خدا نخ[واسته] ناکامیاب دیکھه کر پھر آینده کسي قسم کي سعي و کوشش کر[نے کی] همت کرے *

اے مسلمان بھائیوں میں خوب جانتا هوں که تم میري [illegible] و افعال ناشایسته سے اس وقت ناراض هو میرے افعال و اقوال [کو] خدا پر چھوڑ دو اور میرے حق میں یہه شعر حافظ کا پڑھو [illegible]

یکے از عقل مي لاند دگر طامات مي بافد
بیاکین داوري ها را به پیش داور اندازیم

مگر اِس بات کو سوچو که جس کوشش و سعي سے مسلمانو[ں کی] دیني و دنیوي علوم کي تعلیم کے لیئے مدرسه قایم کیا جاتا هی اُ[س] اور میري اُن باتوں سے کیا تعلق هی *

مدرسه کے لیئے جو تم چنده دیتے هو میرے لیئے نہیں [illegible] اُن کے لیئے هی جنکو تم عزیز رکھتے هو پس کیا تم میرے لیئے قوم کو اور اپني اولاد کو اور اپني قوم کي اولاد کو قربان اور [illegible] دوگے *

اے نا مہربان شفیق میں آپ کی نصیحتوں کا بڑا احسانمند ہوں مگر اُس دفتر کو اِس وقت رہنے دو اور اپنی قوم اور اپنے اہل مذہب کی خبر لو اور جو کوشش اُن کی بھلائی کے لیئے ہو رہی ہی اُسمیں مدد کرو *

اے مجھپر طعنہ کرنے والے بھائیوں تم ذرا سوچو اور انصاف کرو کہ مجھکو تو اتنی بھی توقع نہیں ہی کہ اگر یہہ کوشش کامیاب بھی ہوجاوے اور مدرسہ قایم بھی ہوجاوے تو بھی اُس کے نتیجے دیکھنے تک میں زندہ رہوں پھر کیا میری ذات کو اِس مدرسے سے کچھہ تعلق ہی میں تو صرف اُنہی لوگوں کی بھلائی کے لیئے جنکو تم اچھا اور اپنا پیارا جانتے ہو کوشش کرتا ہوں میں تمہارا مددگار سہی مگر تم اپنے پیاروں کے لیئے کوشش کرو *

اے بھائی مسلمانوں تم خوب جان لو کہ یہہ وقت میں تمہاری قسمت آزمائی کا ہی اگر تم ہوشیار نہوگے اور اس مدرسہ کے قایم ہونے میں دل و جان سے مدد نکروگے تو تم یقین جان لینا کہ کیا کیا کچھہ مصیبتیں نہونگیں جو تم پر اور تمہاری اولاد پر نہ پڑینگی گو ہم اُس وقت نہونگے مگر ہمارے یہہ چند کلمے محبت و درد آمیز تمہارے سامنے موجود ہونگے *

الٰہی تو اپنے بندوں مسلمانوں کو توفیق نیک دے اور اُن کے دل کی آنکھوں کو روشن کر تاکہ وہ موجودہ حالت کو دیکھیں اور آیندہ کی حالت کو سمجھیں سچ ہی — تعز من تشاء و تذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شی قدیر *

والسلام
سید احمد

نمبر ۱۰۰

مدرسۃالعلوم مسلمانان

ہم سے لوگ باصرار پوچھتے ہیں کہ مدرسۃالعلوم مجوزہ میں طریقہ تعلیم کیا ہوگا اور اُس تعلیم میں اور گورنمنٹ کالجوں کی تعلیم میں کیا فرق ہوگا اور جو لڑکے اُس میں رہینگے وہ کیونکر تربیت پاوینگے اور جو لڑکے وہاں رہینگے وہ کیونکر داخل ہونگے *

ہم جواب دیتے ہیں کہ جب مدرسۃالعلوم قایم ہوگا تو ایک جدا کمیٹی اُس کے انتظام کی مقرر ہوگی جو سینڈیکٹ یعنی مجلس مدبران تعلیم کہلاویگی اور جس میں مسلمان بلا لحاظ فرقہ شریک ہونگے اُس کمیٹی کی رائے پر اُن سب باتوں کا انتظام منحصر ہوگا — مگر وہ لوگ اس جواب پر بس نہیں کرتے اور یہہ بات کہتے ہیں کہ ہر گاہ تم اس کے بانی ہو تو تم بتاؤ کہ تمنے کیا نقشہ سوچا ہی اور کس تدبیر سے اُس کا قایم ہونا سمجھا ہی قطع نظر اسبات سے کہ مدبران تعلیم اُس کو بجنسہ بحال رکھیں یا کچھہ تغیر و تبدیل کریں تم تو اپنا نقشہ ہمکو بتلاؤ تاکہ ہمکو کچھہ خیال ہو کہ یہہ مدرسۃالعلوم کیا ہوگا اور کس طرح پر ہوگا پس لاچار جو ہماری سمجھہ میں ہی ہم بیان کرتے ہیں جو ابھی تک شیخ چلی کے خیالات سے زیادہ رتبہ نہیں رکھتا *

ہم اس مدرسۃالعلوم کو محمدن یونیورسٹی یعنی دارالعلوم مسلمانان بنانا اور بالکل اکسفورڈ اور کیمبرج کی یونیورسٹی کی (جسکو ہم دیکھہ آئے ہیں) نقل اوتارنا چاہتے ہیں اور وہ نقل اس طرح پر اُترے گی *

ذکر مکانات

ایک نہایت خوش آب و ہوا شہر میں جو منجملہ شہر ہاے کلاں نہو جس میں طالب علموں کا دل پڑھنے سے اوچاٹ کرنے کی بہت سی ترغیبیں موجود ہوتی ہیں اور نہایت چھوٹا قصبہ بھی نہو اور اودہ اور مشرقی اضلاع پنجاب سے بھی بہت دور نہو (کیونکہ اُس کے مغربی اضلاع کے لیئے غالباً لاہور یونیورسٹی مفید ہو) اور تیز روہیلکھنڈ کو ٹھیک اپنے سے ملاتا ہو ایک وسیع ٹکڑا زمین کا خوش فضا جسکی مقدار پانچ سو چھہ سو بیگہ پختہ سے کم نہو لیا جاوے اور اُس میں سڑکیں نکال کر اور درخت لگاکر بالکل پارک کے طور پر بنادیا جاوے ہندوستان کے رہنے والوں نے پارک کو جو قدرتی نمونہ پر ایک قسم کا بوستان ہوتا ہی نہیں دیکھا ہی مگر الہ آباد کے رہنے والوں کو الفرڈ پارک جو بن رہا ہی دیکھہ کر کچھہ اُس کا خیال آویگا — اُس میدان میں مفصلہ ذیل عمارتیں بنائی جاوینگی *

اول مدرسۃالعلوم جو نہایت وسیع و عالیشان مکان بنایا جاویگا اُس کے بیچ میں بہت بڑا ہال ہوگا جس میں انشاءاللہ تعالی محمدن یونیورسٹی کے جلسے اور تقسیم انعام اور بعد حصول ڈگری عطاے خطاب اور حضور ویسراے و گورنر جنرل بہادر اور جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر کے تشریف لانے کے وقت اجلاس ہوا کریگا (کیا عمدہ بات ہو اگر پہلا اجلاس حضور لارڈ نارتھہ بروک صاحب کا ہو اگرچہ یہہ بات ہنسی معلوم ہوتی ہی مگر خدا کی قدرت سے کچھہ بعید نہیں ابھی پانچ برس اُنکو رہنا ہی) *

اُسکے دونوں طرف چار کمرے پرنسپل اور پروفسر اور ہیڈ ماسٹر کے لیئے ہونگے اور اُنکے ادھر اُدھر ہر ایک جماعت کے لیئے جدا جدا مناسب وسعت کے کمرے ہونگے اس مدرسۃالعلوم کا نقشہ کسی بڑے انجنیر سے ترتیب قریب نمونہ پر رڑکی کالج کے بنایا جاویگا *

دوم جس طرح كه كيمبرج و اكسفورڈ كي يونيورسٹيوں ميں هر ايك كالج كے ساتهه ايك گرجا هى اسيطرح اس مدرسة العلوم مسلمانان كے ساتهه دو مسجديں مناسب قطع پر هونگي ايك سنيوں كے ليئے اور دوسري شيعوں كے ليئے جنكا اهتمام اُسي مذهب كے لوگوں سے متعلق رهيگا *

سوم جسطرح كه يونيورسٹي اكسفورڈ اور كيمبرج ميں ديهقدور طالب علم اور اميروں اور دولتمندوں كے لڑكے رهتے هيں اور اُنكے ليئے مكانات طيار هيں اسيطرح اُسي احاطه ميں بطور مناسب جو لڑكوں كے رهنے كے ليئے مكانات بنائے جاوينگے اور بوقت ضرورت اور زيادہ هوتے جاوينگے هر لڑكے كو ايك غسلخانه ايك سونے كا كمرہ اور ايك بيٹهنے اور لكهنے پڑهنے كا كمرہ مليگا *

يهه مكانات بطور جائداد مدرسه بنائے جاوينگے كيونكه جو لڑكے اُسميں رهينگے اُن سے اُسكا كرايه ليا جاويگا اور بطور آمدني جائداد مدرسه ميں خرچ هوگا *

اِن مكانات سكونت كے شامل دو بڑے هال بهي بنينگے ايك اُن ميں سے وہ هوگا جس ميں سب لڑكے كهانا كهاوينگے اور دوسرا وہ هوگا جس ميں لڑكے چهٹي كے وقت مختلف قسم كے كهيل جنكو عقل يا بدن ميں قوت هو كهيلا كرينگے *

چهارم اُسي ميدان ميں ايك قطعه مناسب منتخب كيا جاويگا جسميں لڑكوں كے كهيلنے كا ميدان دوب كے فرش زمرديں سے آراسته هوگا اُس قطعه ميں گيند گهر بنايا جاويگا ميداني گيند كهيلنے كي جگهه درست كي جاويگي اُسي جگهه انگريزي قطع پر پتهر پٹا هوا مكان كے اندر بهت بڑا حوض بنايا جاويگا جو نهانے اور تيرنا سيكهنے كے كام آويگا — اُسي كے پاس گهوڑ دوڑ كا چكر هوگا جهاں لڑكے گهوڑے پر چڑهنا سيكهينگے *

يهه سب چيزيں بطور جائداد مدرسه متصور هونگي كيونكه ان سب چيزوں كي بابت بطور فيس اُن لڑكوں سے كچهه ليا جاويگا اور كچهه حصه اُس كا مدرسه ميں اور كچهه حصه اِن كهيل كي چيزوں كي درستي ميں خرچ هوگا *

يهه سب اخراجات اُنهيں امراء اور دولتمند لڑكوں سے متعلق هونگے جو مكانات مذكورہ بالا ميں سكونت اختيار كرينگے اور اُن لڑكوں سے جو صرف مدرسه ميں پڑهنے آتے هونگے كچهه متعلق نهونگے *

پنجم چار بنگلے اُس احاطه ميں بنائے جاوينگے جسميں انگريزي پرنسپل اور پروفسر اور هيڈ ماسٹر رها كرينگے *

ششم ايك بنگله اَوْر بنايا جاويگا جسميں گورنر يعني منتظم مدرسه جو تمام لڑكوں كي خبرداري اور تمام چيزوں كي نگراني كريگا رها كريگا *

هفتم ايك جگهه انگريزي دوائي خانه معه ايك نيٹو ڈاكٹر اور كمپوڈر كے رهنے كي جگهه اور ايك يوناني دوائي خانه جسميں دوا ساز كے رهنے كي بهي جگهه هوگي تعمير هوگا *

هشتم ايك بنگله اَوْر بنايا جاويگا جو بنام شفا خانه نامزد هوگا اس ليئے كه اگر كوئي لڑكا كسي قسم كي بيماري سے دفعتاً بيمار هوجاوے تو اُس ميں رهے *

نهم مكانات اصطبل اور شاگرد پيشه و باورچيخانه اور گودام بطور مناسب تعمير هونگے *

ذكر رهنے لڑكوں كا مكانات مدرسه ميں

جو لڑكے اُن مكانات ميں سكونت اختيار كرينگے اُن پر اُسيطرح جسطرح كه كيمبرج اور اكسفورڈ كے كالجوں كے لڑكوں پر گرجا ميں جانا اور نماز ميں شريك هونا ضرور هى اپني اپني مسجدوں ميں جانا اور نماز ميں شريك هونا فرض هوگا يعني لڑكوں كو پانچوں وقت كي نمازوں ميں حاضر هونا اور نماز جماعت سے پڑهنا واجب هوگا اور شيعه لڑكوں كو صرف تين وقت اسليئے كه وہ ظهر و عصر مغرب و عشا ساتهه پڑہ لينگے *

جو لڑكے صرف مدرسه ميں پڑهنے كو حاضر هونگے اُن كو ظهر و عصر كي نمازوں ميں شريك هونا واجب هوگا *

اگر سينڈيكٹ يعني مديران تعليم سوائے مسلمانوں كے اور كسي قوم كے لڑكے كو مدرسة العلوم ميں پڑهنے كي اجازت دينگے تو وہ صرف مسجد ميں حاضر هونے اور نماز ميں شريك هونے يا اور كوئي مذهبي كام كرنے سے بري ركها جاويگا جسطرح كه اكسفورڈ اور كيمبرج ميں غير مذهب كا طالب علم گرجے ميں حاضر هونے اور رسومات مذهبي ادا كرنے سے بري رهتا هى *

جسقدر طالب علم اكسفورڈ اور كيمبرج كي يونيورسٹيوں ميں پڑهتے هيں اُنكو ايك قسم كا كوٹ اور ايك قسم كي ٹوپي ملتي هى تاكه ايك قسم كا لباس سب كا هوجاوے اس سے نهايت عمدہ فائدے هيں جنكا بيان اس مقام پر ضرور نهيں مدرسة العلوم كے طالب علموں كو بجائے كوٹ كے كالے الپكه كا نيمه آستين چغه اور لال تركي ٹوپي جسكا رواج روم اور مصر اور عرب و شام ميں هى اور اب وہ ٹوپي خاص تركوں يعني مسلمانوں كي ٹوپي سمجهي جاتي هى دي جاويگي اس كے سوا هر شخص كو اختيار هوگا كه جيسا لباس چاهے ويسا پهنے *

تمام طالب علم جو مكانات مدرسه ميں سكونت ركهتے هوں يا نركهتے هوں جب مدرسه ميں يا كتب خانه ميں يا عجائب خانه ميں يا اخباروں كے كمرے ميں آوينگے تو بغير اُس چغه اور ٹوپي كے آنے كے

مدرسۃ العلوم مسلمانان

مجاز نہونگے اور مدرسہ کے رہنے والے طالب علم اُن دنوں میں جبکہ مدرسہ کہلا ہوگا اگر مدرسہ سے باہر جاوینگے تو بہی چغہ اور ٹوپی پہن کر جاوینگے *

هر طالب علم کو مدرسہ میں انگریزی جوتہ اور موزہ پہن کر آنا هوگا ننگے پاؤں پہرنے یا هندوستانی جوتہ پہنکر آنے کی اجازت نہوگی *

کوئی طالب علم دهوتی پہنکر مدرسہ میں آنے کا مجاز نہوگا *

تمام طالب علم جو وهاں رهتے هونگے بعد نماز صبح پیادہ یا هوا کهانے احاطہ میں ایک قاعدہ کے ساتهہ پہرینگے اور جاڑوں میں قبل مغرب اور گرمیوں میں بعد مغرب گاڑیوں میں هوا کهانے جاوینگے اُنکے لیئے ایک قسم کی گاڑیاں هوا خوری کی جسمیں جوڑی گهوڑوں کی جتی هوگی اور سولہہ یا بارہ لڑکے اُس میں بیٹھہ سکینگے مہیا اور موجود رهینگی *

لڑکوں کے پڑهنے اور کهیلنے اور کهانے اور سونے اور نہانے اور کپڑہ بدلنے کے سب وقت معین هونگے اور هر لڑکے کو اُس وقت وهی کام کرنا هوگا جو اُس وقت کے لیئے مقرر هی یہاں تک کہ جو وقت سونے کا هی اگر طالب علم چاهے کہ میں اُس وقت پڑهوں اور تهوڑی دیر کے بعد سوؤں تو وہ ایسا نہیں کرسکیگا بلکہ اُس کو ضرور هوگا کہ سونے کے وقت پر سو رهے اگرچہ بالفرض نیند نہ آوے تو پلنگ پر آنکهیں بند کیئے پڑا رهے *

کهیلنے کے متعدد قسم کے کهیل کے سامان موجود هونگے اور جو کهیل جس کو پسند هوگا وہ اختیار کریگا گهوڑے پر چڑهنا بندوق لگانا تیرنا یہہ سب کام بهی مناسب طور اور اندازہ پر سکهلایا جاویگا *

الفاظ بد جو لڑکوں کی زبان پر چڑہ جاتے هیں اُن کے بولنے کا سخت امتناع هوگا یہاں تک کہ اگر کوئی لڑکا کسی کو جهوٹا کہہ بیٹهیگا تو وہ بمنزلہ دشنام سخت کے سمجها جاویگا *

تمام طالب علم مدرسہ کے رهنے والے ایک کمرہ میں ایک جگهہ بیٹهہ کر کهانا کهاوینگے طرز کهانے کا یا تو مثل ترکوں کے هوگا جو میز کرسی پر بیٹهہ کر کهاتے هیں یا مثل عربوں کے هوگا جو زمین پر بیٹهہ کر اور چوکی پر کهانا رکهہ کر کهاتے هیں *

ان دونوں طریقوں میں وہ طریقہ اختیار کیا جاویگا جس کو خود لڑکے کثرت راے سے پسند کرینگے *

تمام چیزیں کهانے کی وقتاً فوقتاً پکائی جاوینگی اور هر موسم کا [illegible] لڑکوں کو مناسب طور سے دیا جاویگا اور هر هفتہ میں ایک خاص کهانا خود لڑکوں کی فرمایش سے پکایا جاویگا جسکو وہ خود اپنی کثرت راے سے قرار دینگے بشرطیکہ باعتبار موسم کے وہ صحت کو مضر نہو [illegible]

تمام اسباب پلنگ وغیرہ اور بچهونا فرش سب منتظم مدرسہ مہیا کریگا کسی سامان یا فرنیچر کی کسی طالب علم کو فکر و تدبیر کرنی نہوگی *

تمام خدمتگار فراش سقہ و دهوبی باورچی کہار سب منتظم مدرسہ مقرر کریگا اور مکانات میں تقسیم کردیگا وهی تمام کام خدمت لڑکوں کی کرینگے کسی طالب علم کو اپنا خاص خدمتگار رکهنا ضرور نہوگا بجز کسی خاص حالت کے جس کو منتظم مدرسہ منظور کریگا *

لڑکوں کو صفائی سے رهنے کی نہایت تاکید هوگی اور قبل اس کے کہ کوئی لڑکا سکونت کے لیئے مکانات میں داخل هو یہہ بات دیکهہ لی جاویگی کہ جس قسم کے وہ کپڑے پہنتا هی اُس کے پاس اسقدر تعداد سے هیں جن سے وہ صفائی اور اُجلے پن سے رہ سکے یا نہیں *

کسی لڑکے کو اجازت نہوگی کہ وہ گوٹے اور کناری لگا هوا یا بازار کا رنگا هوا رنگین و نیم رنگ یا ایسا باریک جس میں سے بدن دکهائی دے یا ایسا تنگ جس سے چوتڑ اور پیٹ نظر آوے کپڑا پہنے *

کسی لڑکے کو اجازت نہوگی کہ وہ بہت بڑے بڑے بال جو کان کی لو سے زیادہ نیچے هوں سر پر رکہے یا کاکلیں بناوے یا پٹیاں جماوے یا مسی لگاوے یا انگوٹهی و چهلے پہنے یا کسی اُنگلی پر مہندی لگاوے *

کوئی شخص مدرسہ میں اور کوئی طالب علم جو وهاں رهتا هی پان کهانے یا هندوستانی حقہ یا چوٹ پینے کا مجاز نہوگا *

جو لڑکے وهاں رهتے نہوں صرف پڑهنے آتے هوں اُن کے لیئے ایک جگهہ تجویز کی جاویگی جہاں اُن کی ٹوپی اور چغہ اور انگریزی جوتے رکہے رهینگے جب وہ مدرسہ میں آوینگے وهاں سے پہن کر چلے آوینگے اور جب جاوینگے وهاں رکهہ جاوینگے *

جو لڑکے پڑهنے آوینگے اگر وہ میلے هونگے اور صاف کپڑے پہنے هوئے نہونگے تو جماعت میں بیٹهنے کی اُن کو اجازت نہوگی *

بیرون احاطہ مدرسہ بهی کچهہ مکانات بنانے اور بنوانے کی فکر کی جاوے گی تاکہ غریب لڑکے جو اس قدر خرچ سکونت اختیار نہیں کرسکتے اُن مکانوں میں بطور خود جس طرح پر چاهیں رهیں *

تنبیہہ و تادیب

لڑکے جو تقصیر کرینگے اُن کو کسی قسم کی سزاے بدنی یا ایسی سزا جس سے رفتہ رفتہ غیرت جاتی رهتی هی نہیں دی جائیگی ماسٹروں کو اختیار هوگا کہ جو لڑکا کچهہ تقصیر کرے یا سبق یاد نہ کرے اُس کو یہہ سزا دیں کہ جس قدر وقت پڑهنے کا هی اُس کے

تہذیب الاخلاق
یکم رجب سنہ ۱۲۸۹ ہجری
سنہ ۱۳۰۲ نبوی

مدرسۃ العلوم مسلمانان

مدرسۃ العلوم مسلمانان

چاہیے کہ ایک زمانہ میں ڈاکٹر بلنٹین بنارس کالج میں تھے یا اب ہمارے زمانہ میں مسٹر گریفتھ صاحب بنارس کالج میں اور مسٹر دیٹی صاحب آگرہ کالج میں ہیں *

انگریزی لٹریچر کا پروفسر بھی ایسا ہی عالم اور نیک شخص ہوگا چاہیے کہ اس وقت میں مسٹر گیارڈن صاحب بنارس کالج میں ہیں *

انگریزی نیچرل سئنز اور میتھی متکس کا پروفسر بھی کوئی نہایت لایق اور نیک انگریز ہوگا نہایت مضبوط ارادہ ہی کہ کوئی دقیقہ عمدگی اور عمدہ تعلیم کا فرو گذاشت نہ کیا جاوے *

علاوہ ان کے انگریزی حصہ میں ہندوستانی ماسٹر بھی ہونگے جنہوں نے انگریزی کالجوں میں اعلی تعلیم اور اور یونیورسٹیوں کے خطاب پائے ہیں *

اُردو حصہ بھی انگریزی حصہ کے افسروں کے تابع اور اُن کی نگرانی میں رہیگا اور اُس کے ہندوستانی پروفسر ہونگے جو اُن علوم کو پڑھا سکتے ہونگے اور افسرانِ حصہ انگریزی اُن کی مدد اور اُن کو ہدایت کرتے رہینگے اور مضامین مشکلہ بتا دیا کرینگے *

عربی اور فارسی کے علم ادب کے لیئے ایک بہت بڑا مولوی ادیب بیش قرار مشاہرہ پر نوکر ہوگا اور وہی مدرس اول کہلاویگا اور اُسکے ماتحت بقدر حاجت اور بھی پروفسر یعنی مدرسان ملازم ہونگے *

مسلمانی علم الہیات یعنی قسم پنجم کی تعلیم کے دو بڑے عالم ایک سنی مذہب کا اور ایک شیعہ مذہب کا نوکر ہوگا تاکہ اپنی اپنی جماعت کو علوم مذکورہ کی تعلیم دے *

مدرسہ میں ہمیشہ مختلف علوم پر لکچر ہوا کرینگے اور مہینے میں ایک دفعہ مذہبی مدرس اپنی اپنی مسجدوں میں اپنے مذہب کے لڑکوں کو مذہبی لکچر سنایا کرینگے *

خود لڑکے بھی باہم ملکر ایک کلب جس کا نام انشاءاللہ تعالے مثل کیمبرج کی کلب کے یونین کلب کہلاویگا جس کا ترجمہ مجلس متفقہ ہی مقرر کرینگے اور اُس میں باتوں اور دنیاوی علوم میں مباحثہ ہوا کریگا اور قواعد اسپیچ بعینہ وہی ہونگے جو کیمبرج یونین کلب میں ہیں *

مدرسہ کی بنیاد جس دن رکھی جاویگی وہ دن ہمیشہ مدرسہ کی سالگرہ کا ہوگا اُس دن ہمیشہ مدرسہ کی یادگاری کے لیئے مجلسیں اور خوشیاں کی جایا کرینگی *

مدرسہ کی بنیاد کے دن جس قدر حکام انگریزی اور نامی رئیس و راجگان و نوابان موجود ہونگے اُن سب کے نام سنگ مرمر پر کندہ ہونگے اور وہ پتھر مدرسہ کے بڑے ہال میں لگایا جاویگا — خدا سے اُمید ہی کہ اُس پتھر پر سب سے اول لارڈ نارتھ بروک ہمارے زمانہ کے ویسرائے و گورنر جنرل ہندوستان کا نام نامی ہوگا *

علاوہ اس کے سنگ مرمر پر اُن تمام لوگوں کے نام نامی جنہوں نے پانسو روپیہ یا اُس سے زیادہ چندہ دیا ہوگا مع تعداد چندہ کندہ ہوکر مدرسہ کے بڑے ہال میں لگایا جاویگا تاکہ آیندہ کی نسلیں یاد رکھیں کہ کون لوگ اُن کے مربی ہوئے تھے *

جو لوگ بڑے بڑے حامی اس مدرسہ کے ہوئے ہیں اُن کی روغنی تصویریں قد آدم نہایت عمدہ سنہری چوکھٹوں میں لگی ہوئی ہمیشہ کی یادگاری کے لیئے مدرسہ میں رکھی جاوینگی *

اور اُمید ہی کہ سب سے پہلے تصویر لارڈ نارتھ بروک ہمارے زمانہ کے ویسرائے و گورنر جنرل ہندوستان کی ہوگی اور ہندوستانیوں میں اپنی قوم کے خیرخواہ جناب عالی خلیفہ سید محمد حسن صاحب وزیر اعظم راج پٹیالہ کی ہوگی جنہوں نے نہایت توجہ اس کام میں فرمائی ہی *

ہم کو یہہ بھی اُمید ہی کہ حضور عالی جناب نواب محمد کلب علی خاں بہادر والی رام پور کی جانب سے اس مدرسہ کے لیئے ایسی مدد ملیگی کہ ہندوستانی والیان ملک میں سب سے اول اُن کی تصویر رکھی جاویگی اور خدا ایسا کرے کہ اُنہی کے پاس اُنکے وزیر اعظم مولوی محمد عثمان خاں صاحب کو جگہہ ملے *

یہہ سب باتیں ابھی تو مثل ایک خواب کے ہیں یا تو خدا نخواستہ وہی مثل ہوگی کہ اتنے میں آنکھہ کھل گئی یا انشا اللہ تعالے بعینہ اُس کا ظہور ہوا اور ٹھیک تعبیر ہوئی *

ہم کو خدا سے اُمید ہی کہ ٹھیک تعبیر ہی ہوگی کیونکہ الرویا شعبۃ من النبوۃ نہایت معتبر قول ہی *

اب دعا یہہ ہی کہ خدا ہمارے کام میں برکت دے اور اس امر عظیم کو جو ہماری طاقت سے باہر ہی اپنے فضل و کرم سے پورا کردے آمین ثم آمین *

راقم
سید احمد

نمبر ۱۰۱

خط

متعلق بحث وجود آسمان

سلامت

مخدومی مکرمی ایڈیٹر اخبار تہذیب الاخلاق

بعد سلام نیاز گذارش یہہ ہی کہ نیازمند نے پرچہ میر گزٹ میں وجود آسمان کي نسبت ایک مضمون چھپا ہوا دیکھکر اُس کي نسبت ایک عریضہ خدمت میں مہتمم اخبار موصوف کے لکھا ہی چونکہ وہ آپ کے اخبار کے پڑھنے والوں کے بھي ملاحظہ کے قابل ہی اِس لیئے اُس کي ایک نقل حرف بحرف آپ کي خدمت میں اِس اُمید سے بھیجتا ہوں کہ آپ بھي از راہ نوازش اپنے اخبار میں اُسکو چھاپ دیں زیادہ نیاز و بس *

آپ کا خادم
محمد میر

سلامت

مکرم بندہ جناب ایڈیٹر صاحب میر گزٹ

آپ کے اخبار کے پرچے جن میں آپ نے اثبات وجود خارجي شیطان پر اور اثبات وجود آسمان پر بحث کي ہی اُن کو دیکھکر میں بہت خوش ہوا حقیقت میں راقمان تہذیب الاخلاق کي تحریر جمہور مفسرین اور علماے متقدمین کے برخلاف ہی پس جبکہ دلائل اُس کے برخلاف اور بتائید علماے متقدمین دیکھے جاتے ہیں تو دل نہایت خوش ہوتا ہی مگر ایک مشکل نظر آتي اور وہ یہہ ہی کہ راقمان تہذیب الاخلاق کا منشاء یہہ معلوم ہوتا ہی کہ دلایل علم ہیئت اور ریاضي اور علم طبیعیات سے اُن کے نزدیک یہہ بات ثابت اور متحقق ہوچکي ہی کہ وجود آسمان کا جیسا کہ مسلمان خیال کرتے آئے ہیں ویسا فیالواقع نہیں ہی اور جو اعتراض کہ علوم مذکورہ کي روسے وجود آسمان کے تسلیم کرنے سے واقع ہوتے ہیں وہ اُن کي راے میں مرتفع نہیں ہوسکتے اور جو دلایل کہ علوم مذکورہ کي روسے عدم وجود آسمان پر قایم ہوتي ہیں اُن کي وہ تردید نہیں کرسکتے بلکہ سب کو صحیح اور ٹھیک تصور کرتے ہیں اور چونکہ وہ لوگ قرآن کو حق اور منزل من اللہ تعالی جانتے ہیں تو اُن کا یہي خیال ہی کہ قرآن مجید حقیقت واقع کے خلاف نہیں بلکہ مفسرین اور علماے متقدمین نے غلطي کي ہی جو قرآن مجید کے ایسے معني بیان کیئے ہیں کہ خلاف واقع ہیں پس آپ کا استدلال وجود آسمان پر آیات قرآني سے اُس وقت مفید ہوگا جب کہ اول آپ اُن اعتراضوں کا جواب شافي دیں جو علوم مذکورہ کي روسے بحالت تسلیم وجود آسمان وارد ہوتے ہیں اور نیز اُن دلیلوں کي بخوبي تردید کردیں جنسے از روے علوم مذکورہ عدم وجود آسمان ثابت ہوتا ہی کیونکہ اگر آپ ایسا نکرینگے اور بالفرض آپ قرآن مجید سے وجود آسمان ثابت کردینگے اُس کا نتیجہ کیا ہوگا یہہ ہوگا کہ نعوذ باللہ قرآن مجید حقیقت واقع کے برخلاف ہی مجھکو راقمان تہذیب الاخلاق کي خدمت میں نیاز ہی اور میں چند دفعہ اُن تحریروں کو اُن کے پاس لے گیا ہوں جو اُن کے مخالف چھپي ہیں اور اُن کو وہ تحریریں دکھلائیں اُن لوگوں نے اُنکو دیکھا اور کہا کہ مکڑي کے جالے سے بھي بودي ہیں بہت سے سوچنے کے بعد اُس کا منشاء یہي معلوم ہوا کہ جو لوگ اُنکے مخالف گفتگو کرتے ہیں وہ بیچ میں سے بات کو لے لیتے ہیں جڑ کو نہیں پکڑتے اسلیئے وہ لوگ اُس پر کچھہ توجہہ نہیں کرتے *

اُمید ہی کہ آپ اِس بات پر بخوبي غور کرینگے اور میري ان سطروں کو اپنے اخبار میں مشتہر فرماوینگے کہ راقمان تہذیب الاخلاق کے مضامین کے جواب میں جو لوگ کچھہ لکھنا چاہیں وہ اِسبات پر لحاظ کرکے لکھیں تاکہ پھر اُن کو جاے گریز باقي نرہے *

نمبر ۱۰۲

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

چندہ سابق

تعداد چندہ جسکي فہرست پہلے چھپ چکي ...	عسہ۷ [illegible]

چندہ جدید

ہز ایکسلنسي دي ریٹ انریبل طامس جارج بیرنگ ارل لارڈ نارتھہ بروک آف اسٹریٹن جي ایم ایس آئي ویسراے اور گورنر جنرل آف انڈیا ...	عسہ
شجاع الدولہ مختار الملک سید تراب علي خاں بہادر سرسالارجنگ کے سي ایس آئي ...	[illegible]
بابو شیو پرشاد صاحب بہادر سي ایس آئي رئیس بنارس † ...	[illegible]
جناب خلیفہ سید محمد حسین صاحب میر منشي سرکار پٹیالہ ...	[illegible]

† واضح ہو کہ اخیر شرط جو بابو صاحب نے چندہ میں لگائي تھي جسپر کمیٹي میں بحث ہوئي وہ اُنھوں نے منسوخ کردي ہے

مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب
رئیس علیگڈھ ... صما

حضرت مولوی سید امداد علی صاحب
رئیس بھاگلپور سب آرڈنیٹ جج گیا ... صمہ

راجہ شمبھو نراین سنگھہ بہادر ... صمہ

راجہ جیکشن داس بہادر سی ایس آئی
رئیس مرادآباد ... صمہ

راجہ پرتاب سنگھہ بہادر رئیس تاجپور
ضلع بجنور کمشنری روھیلکھنڈ ... صمہ

مولوی شاہ اسد علی صاحب رئیس غازیپور
وکیل ھائیکورٹ الہ آباد ... سمہ

مولوی محمد حسن صاحب رئیس
بدایوں مدارالمہام نواب صاحب سابق
والی ٹونک ... عمہ

مولوی فضل احمد خاں صاحب رئیس
دھلی ڈپٹی کلکٹر بہادر غازیپور ... ما صہ

منشی خواجہ غلام غوث خاں بہادر میر
منشی محکمہ عالیہ گورنمنٹ شمالی
و مغربی ... ماہ

ایک بیگم صاحبہ کی طرف سے (خ) ... ما صہ

صاحبزادہ محمد عبدالکبیر خاں صاحب
اقربا نواب صاحب ٹونک ... ماہ

ایک بیگم صاحبہ کی طرف سے (ج) ... ماہ

مولوی محمد معصوم علی خاں صاحب
پیشکار ھاتھرس ... صہ

مولوی محمد اسمعیل صاحب رئیس
علیگڈھ ... صہ

مولوی محمد لطف اللہ صاحب مدرس
اول مدرسہ عربی علیگڈھ ... صہ

مرزا محمد عزیز بیگ صاحب سردار
محکمہ اسسٹنٹی بانسواڑہ ... للعہ

محمد کرامت خاں صاحب کوتوال
ھاتھرس ... صہ

سید مظفر علی خاں صاحب ناظر منصفی
ھاتھرس ... [illegible]

عبدالرحمن خاں صاحب داروغہ توشہ خانہ
نوابصاحب سابق والی ٹونک ... عمہ

مولوی نجم الدین صاحب رئیس چوریا کوٹ
ضلع اعظم گڈھ ... بہ

لالہ چنی لال صاحب رئیس بنارس وکیل
عدالت ... عہ

مرزا ضیاءالدین بیگ صاحب مدرس
اسکول ھاتھرس ... عہ

محمد نور صاحب صوبہ‌دار ملازم نوابصاحب
سابق والی ٹونک ... عاہ

مرزا محمد علی بیگ صاحب مدرس
ھاتھرس ... عمہ

منشی سراج الدین احمد صاحب محرر
بندوبست تحصیل ھاتھرس ... عمہ

احمد خاں صاحب از ھاتھرس ... عمہ

شیخ امجد علی صاحب محرر تحصیل
ھاتھرس ... عمہ

میر احمد علی صاحب مختار از مقام ھاتھرس ... عمہ

بہادر خاں صاحب مختار از ھاتھرس ... عمہ

میر امام علی صاحب از ھاتھرس ... عمہ

محمد سلیمان خاں صاحب رسالدار ملازم
نواب صاحب سابق والی ٹونک ... عمہ

محمد معراللہ خاں صاحب رسالدار ملازم
نواب صاحب سابق والی ٹونک ... عمہ

اعظم الدین صاحب جمعدار چوبداران ملازم
نواب صاحب سابق والی ٹونک ... عمہ

محمد امان صاحب ملازم نواب صاحب
سابق والی ٹونک ... [illegible]

پانچ روپیہ سے کم جو چندہ ہوا ... ۱۵/

میزان کل ... [illegible]

بمقام علیگڈھ ــــ مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۲۰ رجب سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۲ نبوی [نمبر ۱۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور توفیقی کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار اطراف و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

روئداد نمبر ٥

مضمون نمبر ١٠٣

روئداد

اجلاس مجلس خزنة البضاعة لتاسیس مدرسة العلوم للمسلمین

منعقدہ ٢٦ اگست سنہ ١٨٧٢ ع

نمبر ٥

صدر انجمن

مولوی محمد عارف صاحب *

ممبران موجودہ

سید محمد حامد خاں صاحب *

مرزا رحمت اللہ بیگ صاحب *

منشی محمد یار خاں صاحب *

سکرتری

سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی *

• روئدادیں اجلاس ہائے منعقدہ ٣١ جولائی و ٨ اگست سنہ ١٨٧٢ ع جو بدستخط سکرتری مرتب اور کتاب روئداد میں مندرج تھیں ملاحظہ ہوئیں *

سید محمد حامد خاں صاحب نے کہا کہ ہماری کمیٹی کے قواعد وصول چندہ میں جو یہہ امر قرار پایا ہے کہ چندہ صرف مسلمانوں اور عیسائیوں سے طلب کیا جاوے اور ہندوؤں کی نسبت یہہ بات تجویز ہوئی کہ اگر وہ مہربانی سے دیں تو نہایت شکر گذاری سے لیا جاوے مگر درخواست نہ کرنی چاہیئے *

جس اصول پر یہہ قاعدہ قرار پایا ہے وہ بلاشبہہ صحیح اور عمدہ ہے بیشک عیسائی گورنمنٹ جو ہم پر حاکم ہے اُس کا فرض ہے کہ مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کے لیئے جو مثل اور قوموں کے اُس کی رعایا ہیں مدد کرے پس اُس سے درخواست چندہ کی کرنا کچھہ بیجا نہیں تھا اور مسلمانوں کا تو خاص فرض ہے کہ وہ اپنے ہم قوم و ہم مذہب لوگوں کی تعلیم اور بھلائی میں جہاں تک ممکن ہو مدد کریں اگر بغرض درخواست کرنے کے کوئی ایسا قاعدہ جاری ہوتا ممکن ہوتا کہ بہ جبر اُن سے لیا جاوے تو بھی مضایقہ نہوتا اور میں سمجھتا ہوں کہ ہندوؤں سے درخواست نہ کرنے کی تجویز اسلیئے کی گئی تھی کہ اس مدرسہ میں کوئی خاص طریقہ اُن کی تعلیم کا قرار نہیں دیا جاسکتا تھا بلا شبہہ عام طور پر اُن کا بھی تعلیم پانا ممکن ہے مگر جب کہ اُن کی تعلیم عام طور پر ہو تو اُن سے خاص چندہ طلب کرنا غیر مناسب تھا اور اس لیئے یہی بات مناسب تھی کہ جو ہندو رئیس ہموطن ہونے کی ہمدردی سے چندہ دے تو نہایت شکر گذاری سے قبول کیا جاوے یہہ پچھلا اصول عام لوگوں سے بالکل مناسبت رکھتا ہے الا اُن راجاؤں سے جو صاحب ملک ہیں اور ہزاروں مسلمان اُن کے ملک میں بطور اُن کی رعیت کے بستے ہیں کسی طرح مناسبت نہیں رکھتا مجوزہ مدرسة العلوم کسی خاص ملک کے مسلمانوں کو ہی فائدہ نہیں پہونچاویگا بلکہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو فائدہ پہونچاویگا اور کچھہ شبہہ نہیں ہے کہ راجاؤں کے ملک کے مسلمان جو اُن کی رعیت ہیں وہ بھی اس مدرسہ میں تعلیم پانے کو آوینگے اور جو کتابیں علوم کی بذریعہ اس مدرسہ کے جاری ہونگی اور مشتہر ہونگی اور ہر ہر ملک میں پھیلیں گی اُن سے راجاؤں کے ملک کے تمام مسلمانوں کو بھی فائدہ پہونچیگا اور جو طالب علم اس مدرسہ میں تعلیم پاکر اطراف میں جاوینگے اُن سے بھی ہندوستانی ریاستوں کی مسلمان رعایا کو بہت کچھہ فائدہ ہوگا پس کوئی وجہہ نہیں ہے کہ اُن راجاؤں سے جو والیان ملک ہیں جن کی عملداری میں مسلمان بطور رعیت کے بستے ہیں چندہ کی درخواست نہ کی جاوے کچھہ شبہہ نہیں ہے کہ بروقت مرتب کرنے قواعد کے اس امر پر لحاظ نہیں ہوا تھا اس واسطے میں تحریک کرتا ہوں کہ دفعہ ١٦ قواعد کی ترمیم کی جاوے تاکہ ممبران مجلس کو اُن راجاؤں سے بھی جن کی عملداری میں مسلمان بطور رعایا کے بستے ہیں چندہ کی درخواست کرنے کی اجازت ہو *

صدر انجمن نے اس تحریک کی تائید کی اور سب نے اتفاق ظاہر کیا جو کہ بلاطلب رائے جملہ ممبران کمیٹی کے قواعد مذکورہ کی ترمیم نہیں ہوسکتی اس لیئے بالاتفاق یہہ تجویز ہوئی کہ باقی ممبران کمیٹی سے بھی جو اس وقت شریک جلسہ نہیں ہیں نسبت اس ترمیم کے رائے طلب کی جاوے *

بعد اس کے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ہوئی *

(دستخط)

سید احمد خاں

سکرتری مجلس خزنة البضاعة

نمبر ۱۰۴

روئداد

اجلاس مجلس خزنة البضاعة التاسيس

مدرسة لعلوم المسلمين

منعقدہ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۷۲ ع

نمبر ۹

صدر انجمن

نواب محمد حسن خان صاحب بہادر *

ممبران موجودہ

مرزا رحمت الله بيگ صاحب *

سيد محمد حامد خان صاحب *

مولوي اشرف حسين خان صاحب *

شيخ غلام علي صاحب *

مولوي محمد عارف صاحب *

منشي محمد يار خان صاحب *

سکرتري

سيد احمد خان بہادر سي ايس آئي *

روئداد اجلاس منعقدہ ۲۶ اگست سنہ ۱۸۷۲ ع جو بدستخط سکرتري مرتب اور کتاب روئداد ميں مندرج تهي ملاحظہ هوئي *

سکرتري نے چٹهي سکرتري حضور نواب لفٹننٹ گورنر بہادر اضلاع شمالي و مغربي مورخہ ۲۸ اگست سنہ ۱۸۷۲ ع جسکے ساتهہ نقل چٹهي سکرتري حضور عالي جناب نواب گورنر جنرل بہادر مورخہ ۹ اگست سنہ ۱۸۷۲ ع نمبر ۳۳۹ شامل تهي پيش کي † جو توجہہ کہ حضور نواب گورنر جنرل بہادر نے مدرسة العلوم مسلمانان کي نسبت فرمائي اور يہہ وعدہ فرمايا هي کہ جو مدد کہ گورنمنٹ سے اس مدرسة العلوم کے ليئے هوسکتي هي وہ کي جاويگي اور داي توجہہ حضور نواب لفٹننٹ گورنر بہادر نے فرمائي هي اُس سب سے مطلع هوکر تمام ممبروں کو ايک بڑي تفريح هوئي اور حضور عالي جناب نواب گورنر جنرل بہادر اور حضور جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر کا شکريہ بالاتفاق مجلس نے ادا کيا *

بعد اسکے سکرتري نے اطلاع کي کہ واسطے ترميم دفعہ ۱۶ قواعد کميٹي کے حسب تجويز اجلاس گذشتہ سوئے تمام ممبران کميٹي سواے اُن دو ممبروں کے جو هندوستان ميں موجود نہيں هيں ؛ طلب کي تهي جسکا نتيجہ حسب تفصيل ذيل هي *

مفصلہ ذيل ممبروں نے ترميم منظور کي

۱ مولوي محمد عارف صاحب *
۲ سيد محمد حامد خان صاحب *
۳ مرزا محمد رحمت الله بيگ صاحب *
۴ منشي محمد يار خان صاحب *
۵ سيد احمد خان بہادر سي ايس آئي *
۶ منشي محمد سبحان حيدر صاحب *
۷ مولوي اشرف حسين خان صاحب *
۸ نواب محمد حسن خان صاحب *
۹ شيخ غلام علي صاحب *
۱۰ مولوي سيد فريدالدين احمد صاحب *
۱۱ شيخ محمد جان صاحب *
۱۲ شيخ محمد فياض علي صاحب *
۱۳ مولوي محمد اکرام صاحب *
۱۴ مولوي فضل احمد خان صاحب *
۱۵ سيد محمد مير بادشاہ صاحب *
۱۶ مولوي محمد حيدر حسين صاحب *
۱۷ مولوي خواجہ محمد يوسف صاحب *
۱۸ مولوي سيد زين العابدين صاحب *
۱۹ مولوي محمد عنايت رسول صاحب *
۲۰ نواب محمد احمد الله خان صاحب *
۲۱ مولوي سيد مهدي علي صاحب *
۲۲ مولوي محمد حامد حسن خان صاحب *
۲۳ مختار الدولہ نواب محمد فيض علي خان بہادر سي ايس آئي *
۲۴ سيد ظهور حسين صاحب *
۲۵ مولوي محمد اسمعيل صاحب *
۲۶ جناب خليفہ سيد محمد حسن صاحب *
۲۷ مولوي سيد امداد علي صاحب *
۲۸ حکيم محمد حکمت الله صاحب *
۲۹ منشي محمد صديق صاحب *
۳۰ سيد محمد احمد خان صاحب *

مفصلہ ذيل ممبروں نے ترميم کو نا منظور

* * * * * *

† چٹهيات انگريزي معہ ترجمہ اخير ميں مندرج هيں *

مفصلہ ذیل ممبروں کے پاس سے جواب نہیں آیا

۱ جناب مولوی محمد عثمان خاں صاحب *
۲ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب *
۳ محمد عنایت اللہ خاں صاحب *
۴ شیخ خیرالدین احمد صاحب *
۵ منشی محمد الہی بخش صاحب *
۶ مولوی محمد امانت اللہ صاحب *
۷ حاجی مولوی محمد عبدالاحد صاحب *
۸ مولوی محمد نجم الدین صاحب *
۹ منشی محمد ذکاء اللہ صاحب *

مفصلہ ذیل ممبر ہندوستانمیں موجود نہیں ہیں

۱۰ حافظ احمد حسن صاحب *
۱۱ سید محمد محمود صاحب *

صدر انجمن نے تحریک کی کہ جو کہ کثرت رائے ممبروں کی اس دفعہ کی ترمیم پر ہوگئی اِسلیئے اُس کی ترمیم عمل میں آوے چنانچہ حسب مندرجہ ذیل ترمیم کی گئی *

دفعہ ۱۹ موجودہ حال

ممبروں کا اول کام جمع کرنے سرمایہ کا ہی اُن کو اختیار ہوگا کہ مسلمانوں سے جنکی قومی بہتری کے لیئے مدرسہ قایم ہوتا ہی اور عیسائیوں سے (جو اہل کتاب ہیں اور نیز اس سبب سے کہ وہ ہندوستان پر حکومت رکھتے ہیں اور مسلمانوں کی بھلائی اور بہتری میں بھی اُنکو ایسی ہی مدد کرنی فرض ہی جیسیکہ اور قوموں کی) چندہ دینے کی درخواست کریں اور سواء ان دو قوموں کے اور کسی قوم سے چندہ کی درخواست کرنا ممبران مجلس کو جائز نہوگا الا اگر کوئی اور قوم اور مذہب کا شخص اپنی خوشی سے بلا درخواست کچھہ چندہ دے تو ممبران مجلس کو نہایت شکرگذاری سے اُس کا قبول کرنا جائز ہوگا *

دفعہ ۱۹ ترمیم شدہ

ممبروں کا اول کام جمع کرنے سرمایہ کا ہی اُن کو اختیار ہوگا کہ مسلمانوں سے جنکی قومی بہتری کے لیئے مدرسہ قایم ہوتا ہی اور عیسائیوں سے (جو اہل کتاب ہیں اور نیز اِس سبب سے کہ وہ ہندوستان پر حکومت رکھتے ہیں اور مسلمانوں کی بھلائی اور بہتری میں بھی اُن کو ایسی ہی مدد کرنی فرض ہی جیسیکہ اور قوموں کی) اور اُن راجاؤں اور مہاراجاؤں سے (جو صاحب ملک اور حکومت ہیں اور اُن کی عملداری میں مسلمان بطور رعایا بستے ہیں) چندہ کی درخواست کریں اور سواے ان لوگوں کے اور کسی سے چندہ کی درخواست کرنا ممبران مجلس کو جائز نہوگا اگر کوئی اور قوم و مذہب کا شخص اپنی خوشی سے بلا درخواست کچھہ دے تو ممبران مجلس کو نہایت شکرگذاری سے اُس کا قبول کرنا جائز ہوگا *

مرزا محمد رحمت‌اللہ بیگ صاحب نے کہا کہ ۲۱ جولائی سنہ ۱۸۷۲ع کو جو اجلاس ہوا اُسمیں میں شریک نہ تھا اُس اجلاس میں دفعہ ۱۶ و ۱۷ قواعد مجلس کی جو تشریح کی گئی ہی اُس میں مجھکو عذر ہی میں تسلیم کرتا ہوں کہ ممبران مجلس کو قواعد مجلس کی کسی دفعہ کے معنی اور مراد بیان کرنے اور اُس کی تشریح کرنے کا اختیار ہی مگر کوئی ایسے معنی یا تشریح بیان کرنے کا جو اصول قواعد مجلس کے برخلاف ہو یا جس سے ترمیم قواعد مجلس لازم آتی ہو اختیار نہیں ہی تشریحات مذکورہ کی تشریح دوم میں کمیٹی کو اجازت دی گئی ہی کہ صورت خاص میں مسلمانوں کا چندہ اِس شرط پر کہ جب مدرسہ قایم ہوگا اُس وقت چندہ دیا جاویگا منظور کرے *

اور تشریح چہارم کی ضمن سوم میں سواے مسلمانوں کے اور شخصوں کو مجاز کیا گیا ہی کہ وہ بشرط منظوری کمیٹی شرط مذکورہ پر اپنا چندہ منحصر کرسکتے ہیں *

یہہ تشریحیں بالکل مخالف اصول قواعد مجلس کے ہیں کیونکہ قواعد مجلس کا یہہ منشاء ہی کہ قبل قیام مدرسہ چندہ جمع کیا جاوے تاکہ چندہ کافی جمع ہوجانے کے بعد مدرسہ جاری ہو نہ یہہ کہ چندہ کا وصول ہو نا قیام مدرسہ پر منحصر ہو اِس لیئے میں تحریک کرتا ہوں کہ اُن تشریحات کو منسوخ کیا جاوے یا اُن کی ترمیم عمل میں آوے *

منشی محمد یار خاں صاحب نے بیان کیا کہ اگرچہ میں اُس تاریخ کے جلسہ میں شریک تھا اور میری شرکت راے سے تشریحات مذکورہ قایم ہوئی تھیں لیکن میں اپنے دوست مرزا محمد رحمت‌اللہ بیگ صاحب کی راے سے اتفاق کرتا ہوں او اُس کی تائید کرتا ہوں *

اِس پر قلیل مباحثہ درمیان ممبران موجودہ کے ہوا اور آخرکار اُن تشریحات کی ترمیم پر سب نے اتفاق کیا اور اُس کی ترمیم حسب تفصیل ذیل ہوئی *

تشریح موجودہ حال

تشریح ۲ کسی مسلمان کا چندہ (سواے کسی صورت خاص کے جسکو کمیٹی منظور کرے) اس شرط پر کہ جب مدرسہ قایم ہوگا اُس

روئداد نمبر ۶

وقت چندہ دیا جاویگا نہ منظور ہوگا نہ درج فہرست چندہ کیا جاویگا کیونکہ مسلمانوں کا فرض اسوقت چندہ جمع کرنا ہی تاکہ مدرسہ جاری ہو الخ *

تشریح ترمیم شدہ

تشریح ۲ کسی شخص کا چندہ عیسائی ہو یا مسلمان یا ہندو اس شرط پر کہ جب مدرسہ قایم ہوگا اُسوقت چندہ دیاجاویگا نہ منظور ہوگا نہ درج فہرست چندہ کیا جاویگا کیونکہ ہر چندہ دینے والے کا فرض ہی کہ اِسوقت چندہ دے تاکہ مدرسہ جاری ہو الخ *

تشریح ۳ میں سے لفظ (البتہ) نکال ڈالا گیا اور تشریح ۳ حرف الف میں سے الفاظ (جنکا ذکر قواعد مجلس مرتبۂ سنہ ۱۸۷۲ ع میں) نکالے گئے اُسکی جگہہ یہہ الفاظ قایم ہوئے (جنکی تفصیل ان قواعد میں) *

تشریح ۳ کی ضمن ۳ میں بالکل منسوخ اور خارج کی گئی *

بعد اسکے سکرتری نے بیان کیا کہ جن صاحبوں نے چندہ پر دستخط کیئے ہیں اُنہوں نے چندہ بھیجنا شروع کیا ہی جن لوگوں نے اپنے چندہ کو مشروط بخرید جائداد کیا ہی اُسکی تفصیل میں علحدہ رکھتا ہوں اور جن صاحبوں نے کوئی شرط نہیں کی اُسکی تفصیل علحدہ میرے پاس موجود ہی — زر چندہ غیر مشروط میں سے دو پرامیسری نوٹ ہزار ہزار روپیہ کے میلئے خریدے ہیں اور عنقریب اور پرامیسری نوٹ اور بعض موضع معافی خریدا جاویگا اگر یہہ کمیٹی حسب ایکٹ ۲۱ سنہ ۱۸۶۰ ع رجسٹری نہوگی تو تمام جائداد خاص میرے نام پر خریدی جاویگی اور میرے اور میرے وارثوں کی طرف سے منتقل ہوسکے گی میں اس بات کو پسند نہیں کرتا اس لیئے میں چاہتا ہوں کہ تمام جائداد کمیٹی کے نام خریدی جاوے اور اس لیئے ضرور ہی کہ کمیٹی کی رجسٹری حسب ایکٹ ۲۱ سنہ ۱۸۶۰ ع ہوجاوے پس مجھے اجازت دی جاوے کہ اس کمیٹی کی رجسٹری ہونے کی حسب ضابطہ درخواست کروں *

مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب نے اس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

سکرتری نے کمیٹی سے کہا کہ زر چندہ جو مشروط بخرید جائداد ہی وہ بھی وصول ہونا شروع ہوگیا ہی اور روپیہ کو بیکار پڑا رکھنا مناسب نہیں ہی اور یہہ بھی میری راے ہی کہ اگر دیہات معافی ہاتھہ آویں تو اُنکا خریدنا بہ نسبت پرامیسری نوٹوں کے زیادہ مفید ہوگا کیونکہ اُن دیہات سے منافع بہ نسبت پرامیسری نوٹوں کے زیادہ حاصل ہوگا پس ہمکو جائداد خریدنے کی فکر درپیش ہی لیکن جائداد کا خریدنا حتی‌المقدور اُسی ضلع میں مناسب ہوگا جہاں کہ مدرسہ قایم ہو اور اگر اُس خاص ضلع میں کوئی جائداد نملے تو اُسکے قریب تر ضلعوں میں خرید کرنی ہوگی اور اس لیئے مقام مدرسہ کے تصفیہ کرنے کی ضرورت پیش آئی ہی پس میں تحریک کرتا ہوں کہ ممبروں سے راے پوچھی جاوے کہ کس ضلع میں قایم کرنا مناسب ہوگا تاکہ اُس ضلع یا اُس کے قرب و جوار کے ضلعوں میں جائداد خریدی جاوے *

سید محمد حامد صاحب نے اس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

مرزا رحمت‌اللہ بیگ صاحب نے یہہ بات کہی کہ صرف ایک دو حرفی خط متضمن طلب راے ممبروں کے پاس بھیج دینا کافی نہوگا بلکہ میں اس بات کی تحریک کرتا ہوں کہ سکرٹری کو اجازت دی جاوے کہ اس باب میں وہ ایک کیفیت تحریک کریں کہ کس ضلع میں مدرسہ قایم ہونا مناسب ہوگا اور جس ضلع میں وہ اُس کا مقام تجویز کریں اُس کی وجوہ اور دیگر اضلاع پر اُس کی ترجیح کی وجوہ تحریر کرکر کمیٹی کے اجلاس میں پیش کریں اور ممبران شریک جلسہ اُس پر بحث کرکر اپنی اپنی راے ظاہر کریں اور وہ کیفیت اور مباحثہ اور راے ممبران شریک جلسہ کی اُن ممبروں کے پاس بھیجی جاوے جو شریک جلسہ نہوں تاکہ وہ سب لوگ اُن مباحثوں پر غور کرکر اپنی راے دیں *

صدرانجمن صاحب نے اس تحریک کی تائید کی اور بالاتفاق منظور ہوئی *

بعدہ بموجب دفعہ ۷ قواعد مجلس کے جناب محمد محمود علی خاں صاحب خان بہادر رئیس چھتاری ضلع بلند شہر مجلس خزنۃالبضاعۃ کے ممبر مقرر کیئے گئے *

بعد اس کے شکریہ صدرانجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ہوئی *

[دستخط]

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

سکرٹری مجلس خزنۃالبضاعۃ

THE MAHOMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTE.

COPY No. 92 OF 1872.

THE SECRETARY TO THE GOVERNMENT,
N. W. Provinces.

To

SYUD AHMED KHAN, BAHADOOR, C. S. I.,
Secretary to the Select Committee,
for the better diffusion and advancement of learning among Mahomedans in India.

Dated Nynee Tal, the 28th of August 1872.

GENERAL (EDUCATIONAL) DEPARTMENT, N. W. P.

SIR,

In continuation of the docket from this office, No. 2395A, dated 1st June last, having reference to the scheme for the establishment of an Anglo-Oriental College for the education of Mahomedans, I am directed to forward, for the information of the Committee, the accompanying copy of a letter from the Secretary to the Government of India, Home Department, No. 339, dated 9th August 1872, and to state that it affords His Honor the Lieutenant-Governor sincere satisfaction to be the medium of conveying so gratifying and well deserved an acknowledgment of the labors of the Committee.

* * * * * * * *

I have &c.,
(Sd.) C. A. ELLIOTT,
Secy. to the Govt., N. W. P.

COPY No. 339.

From
H. L. DAMPIER Esq.
Offg., Secy., to the Govt. of India,

To
THE SECRETARY TO THE GOVERNMENT OF THE N. W. Provinces.

Simla, the 9th August 1872.

HOME DEPARTMENT—EDUCATION.

SIR,

I am directed to acknowledge the receipt of your letter No. 2396, dated the 1st ultimo, forwarding, with other papers, copy of an able and valuable Report by the Select Committee for the better diffusion and

چٹھي

نمبر ۹۲

صاحب سکرتري نواب لفٹننٹ گورنر بهادر اضلاع شمال و مغرب

بنام

سید احمد خاں بهادر سي ایس آئي سکرتري سلیکٹ کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان هند

از مقام نیني تال مورخه ۲۸ اگست سنه ۱۸۷۲ع

صیغۂ تعلیم

صاحب من — به تسلسل ڈاکٹ محکمه هذا نمبري ۲۳۹۵ حرف (اے) مورخه یکم جون گذشته بابت تجویز تقرر اینگلو اورینٹینٹل کالج واسطے تعلیم مسلمانان — میں حسب هدایت نواب لفٹننٹ گورنر بهادر ایک چٹھي صاحب سکرتري گورنمنٹ هند هوم ڈپارٹمنٹ نمبر ۳۳۹ مورخه ۹ اگست سنه ۱۸۷۲ع واسطے اطلاع کمیٹي کے ارسال کرتا هوں اور یهه بهي اطلاع دیتا هوں که نواب لفٹننٹ گورنر بهادر کو اس امر کي نهایت دلي خوشي هي که کمیٹي کي کوششوں کي پسندیدگي کي خوشخبري اُنکي معرفت هي جاتي هي ٭

[دستخط] سي اے ایلیٹ ،
سکرتري گورنمنٹ شمال و مغرب

نقل

نمبر ۳۳۹

چٹھي

ایچ‌ ایل ڈیمپیئر صاحب قایم مقام سکرتري گورنمنٹ هند

بنام

سکرتري گورنمنٹ اضلاع شمال و مغرب

از مقام شمله مورخه ۹ اگست سنه ۱۸۷۲ع

هوم ڈپارٹمنٹ
صیغۂ تعلیم

میں حسب هدایت جناب نواب گورنر جنرل بهادر آپ کو اس امر کي اطلاع دیتا هوں که آپ کي چٹھي نمبري ۲۳۹۶ مورخه یکم ماه گذشته معه عمده اور لایق

advancement of learning among Mahomedans of India, and in reply to state that His Excellency the Governor General in Council has received with deep interest and much gratification the account contained therein of a scheme for the establishment of an Anglo-Oriental College for the education of Mahomedans, and he earnestly hopes that the scheme will meet with the success it so well deserves.

2. This movement on the part of the Mahomedans of Upper India is entitled to every encouragement which the Government can give, and reflects the highest credit on Syud Ahmed Khan, Bahadoor, and those associated with him for the attainment of such a laudable object.

I have &c.,

(Sd.) H. L. DAMPIER,

Offg. Secy. to the Govt. of India.

رپورٹ سلیکٹ کمیٹي ترقي تعلیم مسلمانان هند اور نیز دیگر کاغذات کے پہنچنے *

نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل کو تجویز مندرجه رپورٹ کي اطلاع سے جو بابت قایم کرنے اینگلو اورینٹیل کالج کے هی نہایت خوشي حاصل هوئي اور نواب صاحب ممدوح دل سے اُمید وکہتے هیں که اِس تجویز میں جیسي که کامیابي هوني چاهیئے ویسي هي هوگي *

٢ شمال مغربي اضلاع کے مسلمانوں کي یہه تدبیر مستحق اِس بات کي هی که جہاں تک ممکن هو گورنمنٹ اُس میں مدد کرے *

سید احمد خاں بہادر اور اُن صاحبوں کي کوششیں جو اِس عمدہ کام میں اُن کے شریک هیں نہایت تحسین اور آفرین کے قابل هیں *

(دستخط) ایچهه ایل ڈیمپیئر
قایم مقام سکرٹري گورنمنٹ هند

مضمون نمبر ١٠٥

قانون

وقفي اور رفاه عام کي کمیٹیوں کي رجسٹري کا قانون

روئداد مجلس خزنةالبضاعة جو همارے تہذیب الاخلاق میں چهپي هی اُس سے تمام مسلمانوں کو معلوم هوا هوگا که اُس مجلس کي رجسٹري هونے کي تجویز ممبران مجلس کي جانب سے عمل میں آئي هی — هم اُس قانون کو جسکے بموجب اُس مجلس کي رجسٹري هوئي بجنسه اس لیئے چهاپتے هیں تاکه تمام مسلمان اس بات سے واقف هوں که نسبت حفاظت اُس سرمایه کے تدبیر کافي کي گئي هی کو مدرسةالعلوم کبهي قایم هو وه روپیه بلا کسي قسم کے نقصان کے همیشه اُسي کام کے لیئے جمع رهیگا اور اُس کے سوا کسي کام میں نه آسکیگا — اُمید که یہه سب انتظام چنده دینے والوں کو بخوبي مطمئن کرینگے که اُنکا روپیه دیا هوا کسي طرح تلف نهوگا بلکه اُسي کام میں آویگا جسکے لیئے اُنهوں نے دیا هی اور وه قانون یہه هی *

ایکٹ ٢١ سنه ١٨٦٠ ع

لیجسلیٹف کونسل کي تجویز سے حسب منظوري جناب نواب گورنر جنرل بہادر ملک هند کے ٢١ مئي سنه ١٨٦٠ ع کو صادر هوا *

ایکٹ بمراد رجسٹري هونے اُن جماعتوں کے جو واسطے ترغیب علوم ادب یا فلسفه یا انتظام اشیاء وقف کے موضوع هوویں *

هرگاه یہه امر قرین مصلحت هی که بمراد ترقي حیثیت قانوني اُن جماعتوں کے جو واسطے ترغیب علم ادب یا فلسفه یا حکمت یا منتشر کرنے علم مفید خلایق یا انتظام اشیاء وقف کے موضوع هوویں شرایط مناسب نفاذ پاویں لہذا حسب ذیل حکم هوتا هی *

دفعه ١ جائز هی که منجمله اُن اشخاص کے جو واسطے ترغیب علوم ادب یا فلسفه یا انتظام اشیاء وقف کے یا کسي اور غرض سے جو دفعه ٢٠ ایکٹ هذا میں مذکور هی شریک هوویں سات یا زیاده نفر هرکاه قطعه یاد داشت پر جو بلفظ میمورینڈم آف ایسوسي ایشن نامزد هوئي هی اپنے دستخط ثبت کرکے اور اُسکو مطابق ایکٹ ١٩ سنه ١٨٥٧ ع پاس صاحب رجسٹر جماعت هاے مشترک کے بهیجکر اس ایکٹ کے مطابق اپنے تئیں سوسئیٹي مقرر کریں *

دفعه ٢ یاد داشت مذکور میں یہه مراتب مندرج هونگے *

نام سوسئیٹي کا *

منشاء اور غرض سوسئیٹي کي *

نام اور پته اور پیشه یا منصب اُن اشخاص کا جنکو مطابق قواعد سوسئیٹي کے انصرام کار و بار سوسئیٹي مفوض هو اور سوسئیٹي میں حیثیت گورنر یا کونسل یا ڈائرکٹر یا کمیٹي کي یا اور

طرح پر حکومت کا اختیار رکھتے هوں اور لازم هی که نقل قواعد اور دستورالعمل سوسئیٹي مصدق بدستخط کم سے کم تین نفر عهدهداران اهل حکومت کے شامل یاد داشت مذکور کے داخل سررشته هووے *

دفعه ٣ جب یاد داشت اور نقل مصدقه مفصله بالا داخل هوجاویں تو رجسٹر کو لازم هی که سارٹیفکٹ بمضمون رجسٹري هوجانے سوسئیٹي مطابق ایکٹ هذا کے اپنے دستخط سے لکهدیوے اور هر ایک رجسٹري کي بابت رجسٹر کو زر فیس بقدر پچاس روپیه یا کسي کم تعداد کے جو وقتاً فوقتاً بتجویز جناب نواب گورنر جنرل بهادر هند اجلاس کونسل مقرر هووے دیا جاویگا اور رجسٹر زر فیس مدخله کا حساب گورنمنٹ میں داخل کیا کریگا *

دفعه ٤ مناسب هی که اُس تاریخ سے جو مطابق قواعد سوسئیٹي کے محفل عام سالانه کے اجتماع کے لیئے مقرر هو چودہ روز بعد یا اگر اُن قواعد میں محفل عام سالانه کي شرط نهو تو مهینه جنوري میں قطعه فهرست به تفصیل نام اور پته اور پیشه یا منصب گورنر یا کونسلر یا ڈائرکٹر یا کمیٹي یا دیگر عهده داران اهل حکومت کے جنکو اُسوقت انصرام امور سوسئیٹي مفوض هو هر سال میں ایک مرتبه صاحب رجسٹر جائنٹ اسٹاک کمپنیهاے مشترکه کے سررشته میں داخل هوا کرے *

دفعه ٥ اگر جائداد منقوله اور غیر منقوله مملوکه اُس سوسئیٹي کي جو اس ایکٹ کے مطابق رجسٹري کي جاوے خاص امانت داروں کے نام نه لکهي گئي هو تو وہ جائداد ایام بقاء سوسئیٹي تک سوسئیٹي کے عهده داران اهل حکومت کي ملکیت سمجهي جاویگي اور جمله عمل در آمد عدالت هاے فوجداري اور دیواني میں جائز هوگا که وہ جائداد ساتهه لقب مناسب عهدهداران ذي حکومت سوسئیٹي کے اُن عهدهداروں کي ملکیت قرار دي جاوے *

دفعه ٦ اگر کسي کو ایسي سوسئیٹي پر نالش کرني منظور هو جس کي رجسٹري مطابق ایکٹ هذا تعمیل پا چکي هو تو جایز هی که نالش مذکور بنام پریزیڈنٹ یا میر مجلس یا سکرٹري اعلی یا امانت داران سوسئیٹي کے جس طرح پر سوسئیٹي کے قواعد اور دستور العمل میں مشروط هو رجوع کي جاوے اور اگر اُن قواعد وغیرہ میں اُس کي بابت کچهه شرط نهو تو جایز هی که نالش اُس شخص کے نام دائر کي جاوے جو عهده داران اهل حکومت کي طرف سے اُس وقت جوابدهي کے لیئے مقرر کیا جاوے مگر ملحوظ رهے که اگر بروقت کنرنے درخواست مدعي کے عهده داران ذي حکومت سوسئیٹي کسي اهلکار یا شخص دیگر کو جوابدهي کے لیئے [illegible] مدعي کو اختیار هوگا که خود پریزیڈنٹ یا میر مجلس یا سکرٹري اعلی یا امانت داران سوسئیٹي کے نام نالش کرے *

دفعه ٧ کوئي نالش یا مقدمه جو کسي عدالت دیواني میں دائر اور زیر تجویز هو اس وجهه سے ساقط نهو جاویگا که وہ شخص جس کي طرف سے یا جس کے نام نالش یا مقدمه رجوع هوا تها فوت هوگیا هی یا اُس کو وہ حیثیت باقي نه رهي جو شروع نالش یا ابتداً جوابدهي میں اُس کو حاصل تهي بلکه نالش اور مقدمه مذکور اُس شخص کے وارث کي طرف سے یا وارث کے نام دائر اور قایم رهیگا *

دفعه ٨ اگر کوئي ڈگري اُس شخص یا اهلکار کے نام صدور پاوے جو سوسئیٹي کي طرف سے نامزد هوا هو تو جایز نهوگا که ڈگري اُس شخص یا اهلکار کي ذات خاص یا جائداد منقوله یا غیر منقوله پر جاري هووے بلکه سوسئیٹي کي جائداد پر جاري هونا چاهیئے اور درخواست اجراے ڈگري میں یهه مراتب درج هونگے که فلاں مضمون کي ڈگري صادر هوئي اور مدیون ڈگري صرف سوسئیٹي کي طرف سے نالشي یا جوابدہ هوا تها اور اُس درخواست میں یهه استدعا هوگي که ڈگري سوسئیٹي کي جائداد پر جاري کي جاوے *

دفعه ٩ جب حسب مراد کسي بائیله یعني قاعده درمیاني جو مطابق قواعد یا قوانین عام سوسئیٹي کے تحریر پایا هو یا اگر اُن قواعد میں بائیله کے تحریر کرنے کي شرط نهو تو حسب مراد اُس بائیله کے جو به تجویز شرکاء سوسئیٹي بوقت اجتماع مجمع عام به منظوري تین حصه منجمله پانچ حصه شرکاء حاضرین کے قرار پاوے کوئي تاوان نقدي بپاداش انحراف کسي قاعدے یا بائیله مقررہ سوسئیٹي کے علیهه کیا جاوے تو جایز هوگا که زر تاوان بذریعه نالش مروجه اُس عدالت کے وصول کیا جاوے جس کے علاقه میں مدعا علیه مسکن گزین یا سوسئیٹي واقع هو یعني جس طرح پر راے عهده داران ذي حکومت سوسئیٹي کي قرار پاوے *

دفعه ١٠ اگر کوئي شریک کسي قدر زر حصه جو مطابق قواعد سوسئیٹي اُس کے ذمه واجب هو باقي میں ڈالے یا سوسئیٹي کي کسي جائداد پر اُس طریق سے متصرف هووے یا اُسکو اپنے قبضه میں رکهے جو خلاف قواعد سوسئیٹي هو یا سوسئیٹي کي جائداد کو ضرر پهونچاوے یا تلف کرے تو جایز هی که نالش حصول زر باقي یا زر هرجه بابت تصرف یا تقابض بیجا یا ضرر یا اتلاف جائداد مذکور کے اُسي [illegible]

رجوع کي جاوے جيسا اوپر لکہا گيا هي اور اگر اُس ثالش يا مقدمہ ميں جو حسب تحريک سوسٰيٹي کے رجوع هووے مدعاعليہ غالب رهے اور اُس کے حق ميں خرچہ پانے کا حکم هووے اُس کو اختيار هوگا کہ زر خرچہ اُس اهلکار پر جو ثالش ميں مدعي هوا تها يا خود سوسٰيٹي سے وصول کرے اور اگر سوسٰيٹي سے وصول کرنا چاہے تو اُس کو اختيار هوگا کہ حسب مرقومہ بالا سوسٰيٹي کي جائداد پر حکم نامہ جاري کراوے *

دفعہ ۱۱ اگر کوئي شريک سوسٰيٹي سوسٰيٹي کے کسي زر نقد يا ديگر جائداد کو چوري يا غبن يا تغلب کرے يا سوسٰيٹي کے مال و اسباب کو ديدہ و دانستہ بہ نيت فاسد نقصان پہونچاوے يا تلف کرے يا کوئي وثيقہ يا تمسک يا ضمانت نامہ يا رسيد يا اَور دستاويز مصنوعي طيار کرے اور اُس جعل سے سوسٰيٹي کے سرمايہ ميں نقصان پہونچنے کا انديشہ هو تو وہ اُسي طرح مستوجب ماخوذي اور هر صورت ثبوت جرم سزا يابي کے لايق هوگا جس طرح ديگر اشخاص جو سوسٰيٹي کے شرکاء نہوں اُس جرم کي بابت ماخوذ اور سزا ياب هو سکتے هيں *

دفعہ ۱۲ جب کوئي سوسٰيٹي جو کسي خاص غرض يا اغراض کے موضوع هوئي هو رجسٹري سے مکمل هو جاوے اور اُس کے مهتمہ داران ذي حکومت کو يہہ امر منظور هو کہ وہ اغراض کم يا زيادہ کي جاويں يا اُنکے عوض دوسري اغراض قرار پاويں يا کہ سوسٰيٹي مذکور کلًا يا جزاً کسي دوسري سوسٰيٹي ميں شامل کي جاوے تو مهتمہ داران ذي حکومت کو اختيار هوگا کہ بذريعہ رپورٹ مکتوبہ يا مطبوعہ کے اپني راے سوسٰيٹي کے باقي شرکاء پر ظاهر کريں اور مطابق قواعد سوسٰيٹي کے واسطے اجتماع مجمع خاص بغرض تنقيح اُس امر کے اشتہار ديويں مگر ملحوظ رهے کہ کوئي راے قسم بالا لايق تعميل کے نہوگي الا اُس صورت ميں کہ رپورٹ مذکور اُس تاريخ سے جو واسطے اجتماع مجمع خاص حسب تجويز اهالي حکومت مقرر هوئي هو دس روز پہلے هرايک شريک سوسٰيٹي کو بالاے ڈاک مرسل هووے يا اور طرحپر پہنچائي جاوے معهذا اُس راے کے استحکام کے ليئے ضرور هي کہ

تين حصہ منجملہ پانچ حصہ شرکاء سوسٰيٹي اصالتاً يا مختارتاً اُسپر رضامند هوں اور مجمع ثاني حسب اشتہار مهتمہ داران ذي حکومت مجمع اول کي تاريخ سے ايک مهينے بعد مجتمع هوکر تين حصہ منجملہ پانچ حصہ شرکاء حاضرين اُس راے کو منظور اور بحال رکهيں *

دفعہ ۱۳ منجملہ پانچ حصہ شرکاء سوسٰيٹي کے اگر تين حصہ يا تين حصہ سے زيادہ شرکاء کو سوسٰيٹي کا شکست کرنا منظور هو تو اُن کو اختيار هي کہ اُسي وقت يا کسي تاريخ آيندہ پر سوسٰيٹي کو شکست کريں اور اُس صورت ميں لازم هي کہ واسطے تصفيہ اور رفعداد جائداد اور مطالبہ جات اور زر هاے باقتني اور ذمگي سوسٰيٹي کے مطابق قواعد مقررہ سوسٰيٹي يا اگر قواعد مقرر نہوئے هوں تو حسب هدايت مهتمہ داران ذي حکومت کے پيروي ضروري عمل ميں آوے اور اگر مابين مهتمہ داران ذي حکومت اور ديگر شرکاء سوسٰيٹي کے کچهہ نزاع برپا هو تو تصفيہ کاروبار سوسٰيٹي کا اُس ضلع کے محکمہ ابتدائي درجہ اعلى کي معرفت هوگا جس ميں سوسٰيٹي کا دفتر خانہ کلاں واقع هو اور اُس صورت ميں حاکم عدالت ايسا حکم صادر کريگا جو اُسکو مناسب معلوم هو مگر ملحوظ رهے کہ کوئي سوسٰيٹي شکست نہوگي الا اُس صورت ميں کہ منجملہ پانچ حصہ شرکاء کے جو بعد اجراء اشتہار کے مجمع عام ميں حاضر هوويں بقدر تين حصہ شرکاء اپني اپني راے مصدر رضامندي شکستگي سوسٰيٹي اصالتاً يا مختارتاً ظاهر کريں اور يہہ بهي شرط هي کہ اگر گورنمنٹ کسي سوسٰيٹي کا شريک يا مددگار يا بطور ديگر واسطہ دار هو اور سوسٰيٹي مطابق ايکٹ هذا رجسٹري هوچکي هو تو وہ سوسٰيٹي بلا استرضاء گورنمنٹ شکست نہ کي جاويگي *

دفعہ ۱۴ اگر سوسٰيٹي رجسٹري شدہ کي شکستگي کے وقت بعد ايفاے کامل ديون اور زر هاے ذمگي سوسٰيٹي کچهہ جائداد فاضل نکلے تو وہ جائداد مابين شرکاء سوسٰيٹي يا ايک يا چند شريک کے تقسيم نہوگي بلکہ کسي اور سوسٰيٹي کو جسکو تين حصہ شرکاء منجملہ پانچ حصہ شرکاء بروقت شکستگي سوسٰيٹي حاضر هوکر اصالتاً يا

قانون

مختارتاً نامزد کریں یا جو اُنکے سکوت کی حالت میں عدالت کی تجویز سے نامزد کیےجاویںگے مگر شرط یہہ ہی کہ یہہ دفعہ اُس قسم کی سوسائیٹی سے متعلق نہوگی جو بطور کمپنی مشترک بذریعہ اداے زرحصص از جانب حصہ داروں کے موضوع یا مقرر ہوئی ہو *

دفعہ ۱۵ بمراد اس ایکٹ کے لفظ شریک سوسئیٹی اُس شخص پر صادق آویگا جو مطابق قواعد اور دستورالعمل سوسئیٹی کے بھرتی ہوکر زر مقررہ ادا کرچکا ہو مگر ملحوظ رہے کہ ہر عمل درآمد حکمی ایکٹ هذا میں کوئی شخص جسکے ذمہ کا روپیہ تین مہینے سے زیادہ عرصہ تک باقی رہا ہو واسطے دینے یا شریک قرار پانے کا مستحق نہوگا *

دفعہ ۱۶ سوسئیٹی کے گورنر یا کونسل یا ڈائرکٹر یا کمیٹی یا امانت دار لوگ یا اور اشخاص جنکو مطابق قواعد اور دستورالعمل سوسئیٹی انصرام امور سوسئیٹی مفوض ہوا ہو سوسئیٹی کے عہدہداران ذی حکومت متصور ہونگے *

دفعہ ۱۷ ہرایک کمپنی یا سوسئیٹی جو واسطے ترغیب علوم ادب یا فلسفہ یا انتظام اشیاء وقف کے موضوع ہوکر حسب شرایط ایکٹ ۴۳ سنہ ۱۸۵۰ع مستفید رجسٹری ہوئی ہو اور ہرایک سوسئیٹی جو بغرض مذکورہ صدر ایکٹ هذا کے نفاذ سے پہلے موضوع ہوکر فایدہ رجسٹری مقررہ ایکٹ ۴۳ سنہ ۱۸۵۰ع حاصل نکرچکی ہو مجاز ہوگی کہ آیندہ اپنے تئیں اِس ایکٹ کے مطابق رجسٹری کراوے مگر کسی کمپنی یا سوسئیٹی مسبوق الذکر کو اِس ایکٹ کے مطابق رجسٹری حاصل نہوگی الا اُس صورت میں کہ منجملہ پانچ حصہ شرکاء کے تین حصہ شرکاء مجمع عام میں جو بذریعہ اشتہار مشتہرہ عہدہ داران ذی‌حکومت کے مجتمع کیا جاوے اصالتاً یا مختارتاً حاضر ہوکر رجسٹری کرانے پر راضی ہوویں اور اگر کمپنی یا سوسئیٹی مطابق ایکٹ ۴۳ سنہ ۱۸۵۰ع رجسٹری ہوئی ہو تو اُس کے ڈائرکٹر لوگ عہدہ داران ذی حکومت متصور ہونگے اور اگر رجسٹری نہوئی ہو اور شرکاء سوسئیٹی نے کوئی عہدہ دار ذی حکومت مقرر نہ کیا ہو تو شرکاء کو اختیار ہوگا کہ اشتہار ضابطہ جاری کرکے اپنی تجویز سے امور کے انصرام کے واسطے عہدہ داران ذی حکومت مقرر کریں

دفعہ ۱۸ واسطے حصول اس امر کے کہ کسی سوسئیٹی کو دفعہ ماسبق کے اقسام سے ہو فایدہ رجسٹری مقررہ ایکٹ هذا حاصل ہووے کافی ہی کہ عہدہ داران ذی حکومت سوسئیٹی قطعہ یادداشت موسومہ میموریلنڈم آف ایسوسی‌ایشن مشعر تفصیل نام اور غرض اور مقصود سوسئیٹی اور نام اور پتہ اور پیشہ یا منصب ہرایک عہدہ دار ذی حکومت معہ نقل قواعد اور دستورالعمل سوسئیٹی حسب محکومہ دفعہ ۲ اور نقل عمل تحریری اُس مجمع عام کی جسکی رائے سے بموجب رجسٹری کی درخواست کی جاتی ہی باطاعت شرایط ایکٹ ۱۹ سنہ ۱۸۵۷ع رجسٹر جماعت ہاے مشترک کے سررشتہ میں داخل کریں *

دفعہ ۱۹ ہر شخص کو اختیار ہی کہ ہر معاینہ کی بابت زر فیس بقدر ایک روپیہ ادا کرکے تمام دستاویزات مدخلہ سررشتہ رجسٹری کو معاینہ کرے اور اُجرت تحریر بحساب دو آنہ ہر سو سو لفظ پیچھے داخل کرکے کسی دستاویز کی کل یا جزو و عبارت کی نقل یا انتخاب مصدق بدستخط رجسٹر کے حاصل کرے اور ہرایک مقدمہ یا معاملہ دائرہ عدالت میں وہ نقل مصدقہ اُن مراتب کی بابت ثبوت کافی سمجھی جاویگی جو اُس میں مندرج ہوویں *

دفعہ ۲۰ اقسام سوسئیٹی مفصلہ ذیل اس ایکٹ کے مطابق رجسٹری ہوسکتے ہیں یعنی وہ سوسئیٹی جو واسطے انتظام امور وقف کے موضوع ہووے اور سوسئیٹیاں جو پریزیڈنسی ہاے ہند میں واسطے خبرگیری سرمایہ یتیمان فوج کے مقرر ہیں اور سوسئیٹیاں جو واسطے ترغیب اور ترقی علوم ادب اور فلسفہ اور حکمت اور ہنر اور تعلیم اور انتشار علم مفید خلایق اور انتظام کتب خانہ عام اس سے کہ کتب صرف مالکوں یا عوام‌الناس کے ملاحظہ میں آتی ہوں اور انتظام مکانات عجائب خانہ اور تصویر خانہ اور مکانات واسطے صنعت کاری کاہر اور انبار اشیاء غریبہ پیداوار زمین اور مکانات ذخیرہ آلات فلسفہ و کیمیا وغیرہ اور اوز ذخیرہ کل ہاے نو ایجاد کے موضوع ہوویں *

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۲۹ شعبان سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۲ نبوی [نمبر ۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ بمع پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ علاقہ نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

مجبوروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

خط

متعلق قصہ آدم و وجود خارجی شیطان

مخدومی — پس از ادای آداب نیازمندانہ عرض یہہ ہی میں نے دیکھا کہ آپ نے میرے خط مرقومہ ۲۸ جون کو پرچہ تہذیب الاخلاق مورخہ ۱۵ جمادی الاولی سنہ ۱۲۸۹ ہجری میں جواب دیا ہی نہایت خوش ہوا — مگر از آنجا کہ وہ خط خانگی جیسا آپ کی خدمت میں لکھا کرتا ہوں تھا جس میں ضمناً آپ کی تحریر دلپذیر کے ذکر میں دو ایک باتیں اپنے دلکی بھی لکھی تھیں — اسلیئے اب میں چاہتا ہوں کہ اپنے خیالات کو جو آپ کی تحریرات کے پڑھنے اور مسئلہ قصہ آدم اور وجود شیطان پر سوچنے سے دل میں گذرے ہیں کسیقدر بسط و تفصیل کے ساتھہ اس خط میں گذارش کروں — اگر حضور مناسب سمجھیں تو اسکو درج تہذیب الاخلاق فرماویں *

وہو ہذا

۱ قصہ حضرت آدم [علیہ السلام] اور اُنکا بہشت سے نکالا جانا میری سمجھہ میں یوں آیا ہی کہ جب اللہ تعالی نے انسان کو پیدا کیا یہہ انسان مثل اور انواع حیوان کے صرف ادراک جزئی رکھتا تھا یعنی اُس میں صرف عقل حیوانی جسکو انگریزی میں انسٹنکٹ کہتے ہیں تھی جس سے سارے حیوان دفع مضرت اور جلب منفعت پر قادر ہوتے ہیں — اُسوقت حضرت انسان میں ادراک کلی بالکل نہیں تھا جس کے ذریعہ سے وہ بذریعہ معلومات کے مجہولات کا استخراج کرے اور ترتیب قضایا سے قیاس کی ترکیب دیکر نتائج نکالے پس خوف و رجا جس کا منشاء گذشتہ اور آیندہ پر سوچنا ہی — اور حال اور گذشتہ پر نظر ڈالکر آیندہ کو قیاس کرنا ہی اُس میں نہیں تھا لامحالہ نہ اُسکو موت کا خوف تھا اور نہ آخرت کا اندیشہ — کچھہ عجب نہیں کہ اسی عالم بیخبری کا نام وہ بہشت ہی جس میں اللہ تعالی نے آدم کو رکھا تھا —

عالم بیخبری طرفہ بہشتے بودہ است
حیف صد حیف کہ مادیر خبردار شدیم

آخر کو آدم نے شیطان کے وسوسہ سے اُس درخت کا پھل کھایا جسکا نام شجرۃ العلم ہی جسکو کسی نے درخت گندم اور کسی نے درخت سیب اور کسی نے درخت انگور سے تعبیر کیا ہی — اب سمجھنا چاہیئے کہ حقیقت اُس درخت کی کیا تھی — حضور نے بجا لکھا ہی کہ اُس درخت سے کلو کسان کا بویا یا کلو باغبان کا اگایا درخت مراد نہیں ہی البتہ یہہ درخت علم کا درخت ہی جسکے پھل کے کھانے سے تجرید و تعمیم کی قوت انسان کے ذہن میں آئی ہی اور بذریعہ اس قوت تجرید و تعمیم کے انسان مدرک کلیات ہوا اور حیوان ناطق بنا — تصریح اسکی یہہ ہی کہ پہلے کثرت میں اُسکے ذہن میں صور جزئیہ جو تماثیل و اشباہ اشیاے خارجی کی ہیں منطبع اور مرتسم ہوتی تھی — اب تجرید و تعمیم کی قوت اُسکے ذہن کو دی گئی جسکے ذریعہ سے وہ صور جزئیہ سے بعد حذف تشخصات کذائیہ جزئیہ کے مفہومات کلی کو انتزاع کرلیتا ہی اور اُن مفہومات کلیہ کے لیئے اسماے عام وضع کرلیتا ہی جو افراد انسان کی مفاہیم تمدنی میں تفاہم و تعاون کا سرمایہ بنتا ہی غرض یہہ قوت تجرید و تعمیم کی اب تک تمام افراد انسان میں موجود ہی — چنانچہ ایک چھوٹا لڑکا جس نے مثلاً کبھی گھوڑا نہیں دیکھا پہلے گھوڑے کی صورت دیکھی بمجرد اُسکے مشاہدہ کرنے کے اُس خاص گھوڑے کی صورت اُسکے ذہن میں مرتسم ہوگئی بعد اسکے پھر اُس نے جب متعدد گھوڑے بار بار دیکھے تو اُس پہلے گھوڑے کی صورت جزئیہ یعنی خصوصیات تشخص کذائی اُسکے ذہن سے جاتے رہے یعنی ذہن نے اُن تشخصات کو حذف کرکے گھوڑے کی صورت کلی کو یاد رکھا اور پھر اُس مفہوم کلی کے مقابل میں لفظ گھوڑا یا اسپ یا فرس بحسب خصوصیات لغات متنوعہ اقوام مختلفہ کے وضع کرلیا — اسی عمل ذہنی کا نام منطقیوں کے اصطلاح میں تجرید ہی پس یہیں سے ادراک کلی کا منبع ذہن انسان میں جاری ہوا اور ادراک کلی کی بدولت اُسکو معلومات سے مجہولات کے استخراج کی قوت حاصل ہوئی جس سے اُسکا سرمایہ علم برابر بڑھتا جاتا ہی تجرید سے تعمیم اور تعمیم سے مقایسہ برابر کرتا جاتا ہی یہاں تک کہ اسرار ملکوت اور حقایق علویات اور سفلیات کے استکشاف پر قادر ہوتا ہی — پھر بعض افراد انسان حقایق اشیا کا استکشاف کرتے کرتے اقصی مدارج علمی میں پہونچ جاتے ہیں پھر یہہ اُس درخت تک پہونچتے ہیں جسکو لسان رمز میں† سدرۃ المنتہی کہا ہی کہ وہیں تک ملایک کی پہونچ ہی یعنی قواے عقلیہ جنکو حضور نے ملایک سے تعبیر کیا اُنکی رسائی وہیں تک ہی —

اگر یک سر موے برتر پرم * فروغ تجلی بسوزد پرم

اور بعض خواص عباد نے اُس درجہ سے بھی تجاوز کیا ہی [جسکی تفصیل انشاءاللہ تعالی قصہ معراج کی حقیقت میں بیان کرونگا] خلاصہ یہہ ہی کہ جب یہہ ادراک کلی آدم کو دیا گیا تو معرفت خیر و شر کی ہوئی اور خوف و رجاے مستقبل میں گرفتار ہوئے اور مفہوم موت کا اُن کے دل میں آیا اس لیئے توریت میں آیا ہی کہ جب آدم نے اُس پھل کو کھایا تو معروض موت کا ہوا اور قرآن شریف میں جو ہی کہ فبدت لہما سوآتہما اور توریت مقدس میں بھی ہی کہ وہ یعنی آدم و حوا اپنی برہنگی کو

† قال البیضاوی فی تفسیر قولہ تعالی عند سدرۃ المنتہی ای التی منتہی الیہا علم الخلایق و اعمالہم —

خط

مطلع هوكر فرمائیے تو میرے ذهن ناقص میں آتا هی كه جب تک آدم اپنی حالت اصلی میں تھے تب تک اُن کو خیر و شر کا مطلقاً علم نهیں تھا اور اپنی برائیوں سے آگاه نهیں تھے جب اُنھوں نے اُس پهل کو كهایا یعنی جب ادراک کلی هوا تو مفهوم هو اُنور ظاهر هوا اور بهلے برے کی پهچان کی قوت اُن میں نمود هوئی اور حیا اور شرم اُن میں پیدا هوئی اُس وقت بیخبری کا لباس یا معصومیت کا پوشاک جو لڑکوں میں ایک بهی هی اُن سے اُتر گیا اُن کو ضرورت هوئی که صناعی لباس سے اپنی عورت کو ڈهانپیں اور پابند قیود شرعیه و اخلاقیه کا هوں پس لفظ سوأة کے معنی حقیقی و مجازی دونوں مراد هوسکتے هیں اگرچه معنی مجازی اقرب والیق هی محاورة عربی میں بهی لباس اور ثیاب سے عرض و ناموس مراد لیتے هیں آپ نے اپنی پهلی تحریر درمادة آدم میں لکها هی که " جب انسان اُس حد کو پهونچتا هی که عقل و علم کی قوت کو استعمال میں لانے کے قابل هو جاوے تو اُس حالت کا نام انبیاء کی زبان میں شجرة ممنوعه کا کهانا یا چکهنا هی اور زبان شرع میں اُس کا مکلف هونا اور زبان حکما میں اُس کا بالغ هونا هی " یهه نهایت سچی بات هی اس لیئے که جب فکر و رویت کی قدرت انسان کو هوتی هی تب هی وه مکلف هوتا هی اور اپنے اعمال کا جوابده گنا جاتا هی اسی لیئے اُس هڈی کو جو بعد بلوغ کے لڑکوں کے گلے میں اُبهرتی هی جسکو هندی میں کنٹهه کهتے هیں زبان لاٹن میں فومم آدمی کهتے هیں جس کے معنی سیب آدم هیں یعنی یهه نتیجه اُس درخت کے پهل کهانے کا هی جس کو بعض نے درخت سیب سے تعبیر کیا هی *

میں نے اوپر کها که ذهن انسانی کا پهلا عمل تجرید و تعمیم هی وه بذریعه اُس کے صور جزئیه سے بعد حذف خصوصیات شخصیه کے مفهومات کلی کو انتزاع کرلیا کرتا هی اور اُن مفهومات کلی کے لیئے اسماے عام وضع کرلیتا هی جن کو هر فرد ایک قوم کے جو متحدااللغة هیں سمجهتے هیں تاکه معاش تمدنی میں جس کی جز ایک دوسرے کی معاونت هی تفاهم و تخاطب کا باب مفتوح هو اور ایک دوسرے کے ضمائر کو سمجهنے لگیں اسی وضع اسماے عام کی طرف اشارة هی آیة کریمه میں که علم ادم الاسماء کلها پس یهه اسماء اجناس عالیه هیں تفسیر کشاف میں هی که اے الاجناس التي خلقها اسماء کی تخصیص کرنے میں نکته یهه هی که جب پهلے آدمی کا بچه شعور کو پهونچتا هی اور اُس کے حواس ظاهرة اپنے اپنے کام میں لگتے هیں تو پهلے بذریعه باصرة کے صور و تماثیل اشیاء خارجی کے جو مسمیات اسماء اور جواهر قارة هیں اُسکے ذهن میں منطبع هوتے هیں اور عمل تجرید و تعمیم اُنهی پر هوتا هی اور افعال و صفات میں قبیل عوارض و حالات اُن مسمیات کے هیں پس اُن کا وجود اسماء کے وجود سے متاخر هی بلکه اُن کا مفهوم اسماء کے مدلول سے منتزع هیں چنانچه اسی لیئے اطفال شکسته گفتار جو پهلے بولنے لگتے هیں اُن کے منهه سے صرف اسماء نکلا کرتے هیں پهر بتدریج جب حد کمال کو پهونچتے هیں اور اعداد اور نسبت کے مفهوم کو سمجهنے لگتے هیں تب افعال و حروف کو جو بمنزله روابط کے هیں اسماء کے ساتهه ترتیب دیکر پورے جملے جو مشعر مفهوم تام هیں بولنے لگتے هیں اور اسی لیئے حالت اضطراری میں صرف اسم هی منهه سے نکلتا هی جیسا جب سانپ کو چلے آتے دیکهتے هیں تو کهتے هیں سانپ سانپ *

۲ بعد آدم کے پیدا هونے کے الله تعالی نے جو ملائک کو آدم کے سجدة کرنے کا حکم کیا یهه بات قرآن مجید میں هی اگرچه توریت میں سجود ملائک کا ذکر نهیں هی مگر یهودوں کی حدیثوں کی کتاب میں جسے تالمود کهتے هیں اس کا ذکر آیا هی پس اس قصے میں اگر ملائک سے قواے ملکیه مراد لیں جیسا آپ نے افادة کیا هی تو مضایقه کیا هی حضرات متعصبین نے خواه نخواه غوغا مچایا هی کیونکه جن کو لسان شرع میں ملائک کهتے هیں اُنهی کو لسان حکمت میں قواے سے تعبیر کرتے هیں یهه صرف نزاع لفظی هی * شراب یک باشد ولیکن مختلف تعبیر ها * لله در من قال *

رباعي

حق جان جهان است و جهان جمله بدن
ارواح و ملائکه قواے آن تن
ارکان و نجوم جمله اکوان اعضاء
توحید همین است و دگر ها همه فن

جیسا آپ نے ملائک کو قوای کها هی اسی طرح بعض قدما نے قوی کو ملائک سے تعبیر کیا هی چنانچه شیخ امام محمد بن محمد القزوینی نے جو مشاهیر علماے اسلام میں سے تهے اپنی کتاب عجایب المخلوقات و غرایب المصنوعات میں کها هی — القوی صنف من الملائکة خلقها الله تعالی لتدبیر الابدان و قوام منافع اعضاء ها من الا فعال و الا دراکات الخ – یعنی قوی ایک قسم ملائکه هیں جنکو الله تعالی نے واسطے تدبیر ابدان اور منافع اعضا کے (جو افعال و ادراکات هیں) بحال رکهنے کے لیئے پیدا کیا هی – علاوہ اس کے تمثیلی بیان کو بڑی وسعت هی – چنانچه شعرا نے بهی بعض جگهه ملکات حسنه کو ملائک سے تعبیر کیا اور قوت غضبیه کو شیطان سے — سعدي *

چو لشکر برون تاخت خشم از کمین * نه انصاف ماند نه تقوی نه دین
ندیدم چنین دیو زیر فلک * کزو میگریزند چندین ملک

پھر اس شعر میں خشم کو شیطان کہا اور انصاف اور تقوی اور دین کو ملائک سے تعبیر کیا ؎

بلاشبہہ جن ملائک کو قوم جنہیں مدبرات الامر کہتے ہیں یعنی جو تمام اجسام مخلوقات میں مدبر ہیں یہہ وہی ہیں جنکو حکما قوی سے تعبیر کرتے ہیں ان قوی میں سے ہرایک اپنے اپنے وظائف خاص میں مشغول ہیں — باقی رہے ملائکہ مقربین یا کروبین سو اُن سے اگر عالم جبروت موسوم ہوں تو کچھہ عجب نہیں — یہہ مطلب ہمارا لفظ جبرئیل کے معنی سے بھی مستنبط ہوتا ہی جبرئیل معرب ہی لفظ عبرانی گبرائیل کا — یہہ لفظ مرکب ہی گبر سے جو مرادف ہی لفظ عربی جبر کے جو بمعنی قوت کے ہی — اور ایل بمعنی اللہ کے — پس لفظ جبرئیل جو ایک بڑے فرشتہ کا نام ہی بمعنی قوۃ اللہ کے ہی — اور اسی لیئے قرآن مجید میں بھی جبرئیل کو شدید القوی کہا گیا ہی حیث قال اللہ تعالی علمہ شدید القوی پس اگر ہم قوۃ اللہ یا قدرۃ اللہ کو جو اس عالم میں متصرف ہی اور جسکو حکماے مشائیہ نے عقل فعال کہا ہی جبرئیل کہیں تو مضایقہ کیا ہوگا *

باقی رہا وجود شیطان پس واضح ہی کہ قدماے اشراقین یونان اور موابذہ ایران اور حکماے ہند دو اصل کے قائل ہیں جنکو لسان حکمت میں — نور و ظلمت یا فاعل و مادہ یا پور وش و پریکرت — اور مذہبی اصطلاح میں ہورمزد و اہرمن یا اصل الخیر و اصل الشر یا یزدان و دیو یا برمہا و مہیش کہتے ہیں اب اسلام میں انہیں دونوں اصل کو ملک و شیطان کہتے ہیں — اگرچہ عقاید اسلام میں اللہ تعالی کو خالق خیر و شر دونوں جانتے ہیں — مگر شیطان کو مغوی اور ملقی شر سمجھا کرتے ہیں — تو اب تحقیق کیا چاہیئے کہ وہ کیا ہستی ہی — اس میں کچھہ شک نہیں کہ شیطان مبداء قواے حیوانی کا نام ہی جسکی اصل مادہ یا ہیولی ہی جیسا آپ نے اور دوسرے عرفا نے بھی تحقیق کیا ہی پس وہ مبدا اگرچہ ہر شخص میں علحدہ ہی مگر اُس کی ماہیت منتزعہ ایک کلی طبعی ہی پس شیطان کے موجود فی الخارج ہونے میں وہی جھگڑا ہی جو کلی طبعی کے موجود فی الخارج ہونے کے مادہ میں ہی — باقی رہا آیۃ کریمہ کان من الجن ففسق عن امر ربہ الایۃ پس حقیقت اس کی یوں ہی — کہ بہت سی ایسی چیزیں فطرت میں موجود ہیں جنکا وجود خارجی صرف اُن کے آثار سے ثابت ہوتا ہی — ذات اُس شی کی خفی اور غیر محسوس رہتی ہی جیسے الکٹریسٹی کہ تمام اجسام میں مختفی ہی صرف بعض حالات خاص میں اُس کا وجود بذریعہ اُس کے آثار عجیبہ کے ظاہر ہوتا ہی پس عقل مان لیتی ہی کہ وہ شی موجود ہی اسی طرح ایک شی جسکو کوئی مبدأ قواے حیوانی اور کوئی شیطان کہتا ہی انسان کے جسم میں موجود ہی جسکا وجود صرف بذریعہ اُس کے آثار کے جو اغوا اور تلقین بڑے بڑے خیالات کے ہیں ثابت ہوتا ہی — قرآن مجید میں جو اس پر جن کا اطلاق ہوا ہی اُسکی وجہ یہہ ہی کہ لفظ جن مشتق ہی جنین سے جسکے معنی مخفی رہنا یا ڈھنپ جانا ہی اور اسی سے لفظ جنہ یا مجنۃ جو بمعنی سپر ہی نکلا ہی کیونکہ وہ بھی سپردار کو ڈھانپ رکھتا ہی — اسیطرح جنون بھی اس سے مشتق ہی کیونکہ وہ عقل کو ڈھانپتا ہی علی ہذا القیاس جنین کہتے ہیں اُس لڑکے کو جو ماں کے پیٹ میں رہتا ہی کیونکہ وہ بھی ڈھنپا رہتا ہی اور قبر کے اندر کے مردہ کو بھی جنین کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی ڈھنپا رہتا ہی — پس لفظ جن کا اطلاق اُن موجودات پر ہوا کرتا ہی جو ڈھنپی ہوئی اور چھپی ہوئی رہتی ہیں اور آیۃ کریمہ خلق الجان من مارج من النار سے مستنبط ہوتا ہی کہ جن ایک لطیف نار سے مخلوق ہیں پس قول اللہ جل شانہ کا ابلیس کے حق میں کہ کان من الجن ففسق عن امر ربہ نہایت ٹھیک ہی کیونکہ محل تولد شیطان کا بھی وہی نار لطیف ہی جسکو الکٹریسٹی کہتے ہیں پس طبقۂ جن سے ہونا اُسکا کون انکار کرسکتا ہی اور چونکہ شیطان برے برے خیالات کے مبدأ کا نام ہی اس لیئے قرآن مجید میں اُس کو وسواس بھی کہا ہی جو بمعنی وسوسہ کے ہیں پس فرمایا اللہ تعالی نے من شر الوسواس الخناس الذي یوسوس في صدور الناس یعنی خدا کی پناہ میں آتا ہوں بدی سے اُس چھپے ہوئے وسوسہ کی جو لوگوں کے دلوں میں برے برے خیالات ڈالتا ہی اور چونکہ وہ مبدأ شر مستور ومختفی ہی اس لیئے اُسے خناس کہا جسکے معنی مستور کے ہیں *

زمان قدیم میں عادت تھی کہ واقعات کو بطور تمثیل کے بیان کیا کرتے تھے مگر علما اُسی تمثیل سے اُسکے معنی باطن کو سمجھتے چلے آئے ہیں نہ معنی ظاہری کو چنانچہ توریت مقدس میں جو قصہ آدم و شیطان ہی اُس میں شیطان کا نام نہیں ہی بلکہ لسان مرموز میں شیطان پر سانپ کا اطلاق کیا گیا ہی کہ میدان کے حیوانوں میں سے سانپ بڑا شریر تھا اُسنے بی بی حوا کو ترغیب دیکر اُس پھل کو کھلایا مگر باوجود اسکے علماے یہود و نصاری وہاں سانپ سے شیطان ہی مراد لیتے ہیں علاوہ اسکے انبیا علیہم السلام کے تمثیلی بیان کو اختیار کرنے میں حکمت یہہ تھی کہ عوام اور خواص دونوں پر حسب اپنی اپنی استعداد کے اُنکی تعلیمات سے فیضیاب ہوں —

بہار عالم حسنش دل و جاں تازہ میدارد
برنگ اصحاب صورت را ببو ارباب معنی را

ھذا ما عندي من التحقیقات واللہ اعلم بالصواب *

الراقم
عبداللہ مہدی

مقام چھپرا ہوگلی کالج ۲۲ اگست سنہ ۱۸۷۲ ع

نمبر ۱۰۷

طعام اہل کتاب

محاکمہ مولوی سید احمد خاں کی کتاب طعام اہل کتاب اور اُس کے جواب امدادالاحتساب پر

چند روز ہوئے کہ سید احمد خاں صاحب نے ایک کتاب بہ نسبت حلت طعام اہل کتاب اور جواز مواکلت اُن کی تالیف کی اور مولوی امداد العلی صاحب نے اُس کا جواب لکھا مگر اب تک کسی شخص نے دونوں کتابوں کی نسبت نہ کوئی راے ظاہر کی نہ اُن کے مضامین کی صحت و غلطی سے بحث فرمائی اس لئے میں نہایت غور و تامل کے بعد اُن دونوں کتابوں کے خاص اہم مسائل کی نسبت اپنی راے ظاہر کرتا ہوں اور جو کچھہ میری ناقص سمجھہ میں اُن میں غلطی و صحت ہی اُسے لکھتا ہوں *

جس شخص نے سرسری نظر سے بھی دونوں کتابوں کو دیکھا ہی وہ سمجھہ گیا ہوگا کہ دونوں کتابوں کی تالیف کا اصول مختلف ہی سید صاحب نے اپنی کتاب کو بلا پابندی تقلید کے لکھا ہی اور اپنے اقوال پر کتاب و سنت سے استدلال کیا ہی نہ فقہی کتابوں اور فقہا کے قولوں پر اور اگر کسی مقام پر کسی فقیہہ یا عالم کا قول نقل بھی کیا ہی تو صرف واسطے اطمینان خاطر مقلدین کے اور مولوی امداد العلی صاحب نے اپنے رسالہ کو اصول تقلید پر لکھا ہی اسیواسطے اپنے جواب میں اکثر فقہا اور علما کے فتاوے اور فقہی روایات سے استناد فرمایا ہی اور اپنے کلام کو بہت خوبی سے بسند اقوال علما مدلل کیا ہی مگر میں اپنی راے بہ نسبت خوبی اور عمدگی اُس اصول کے ظاہر کرتا ہوں جسکا سید صاحب نے التزام کیا ہی کیونکہ میرے نزدیک تقلید نہ تحقیق حق کے لیئے کافی ہی نہ بمقابل کتاب و سنت کے کسیکا قول ماننے کے لایق ہی مگر چونکہ ہمارے بھائیوں کے نزدیک دنیا میں اب کوئی ایسا آدمی ہی نہیں ہی جو کتاب و سنت سے کسی مسئلہ کا استنباط کرسکے یا اُس کے معنی تک سمجھہ سکے بلکہ مبداء فیاض کا فیض ہی اُن کے نزدیک اگلے لوگوں پر تمام ہو چکا اس لیئے اُن کے سمجھانے اور مطمئن کرنے کے لیئے اگلی کتابوں اور پرانے عالموں کے اقوال جو مطابق کتاب و سنت کے ہوں نقل کرنا اور اپنے کلام کی تائید و تقویت میں اُسے بیان کرنا فائدہ سے خالی نہیں سمجھتا چنانچہ میں نے اپنے اس محاکمہ میں اسی اصول کا لحاظ کیا ہی *

میں دونوں کتابوں کے کل مسائل سے بحث نہیں کرتا بلکہ صرف اُنہیں باتوں سے جو نہایت ضروری اور اہم ہیں اور نہ اُن غلطیوں پر کچھہ توجہہ کرتا ہوں جو متعلق اُن خاص مسئلوں کے نہیں ہیں جن کی تحقیق منظور ہی کیونکہ میری غرض اس محاکمہ سے نہ مناظرہ ہی نہ مجادلہ نہ تردید کسی کی بلکہ صرف حق کا ظاہر کرنا ہی اور چونکہ ایک زمانہ ایسا مجھہ پر گذرا ہی کہ میں سید صاحب کی تحریر پر معترض اور اُن کی تالیف کی تردید کرتا تھا اس لیئے میں اپنے اُوپر واجب سمجھتا ہوں کہ میں اپنی سچی راے کو جو اب ہی ظاہر کروں اور ایک غلط بات کی پیروی کرنے پر جہل مرکب کی بیماری میں مبتلا رہنے سے بچوں *

میں اول جواز و عدم جواز طعام اہل کتاب سے بحث کرتا ہوں پھر مواکلت سے ساتھہ اہل کتاب کے بحث کرونگا *

سید احمد خاں صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۳ میں ایک حدیث ترمذی سے نقل کی ہی کہ ایک شخص نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بہ نسبت طعام نصاری کے سوال کیا آپ نے فرمایا کہ لایتخلجن فی صدرک طعام ضارعت فیہ النصرانیۃ کہ نہ خلجان میں ڈالے تیرے دل کو کوئی کھانا کیا مشابہ ہوگیا تو نصرانی لوگوں کے اور ترمذی نے اس حدیث کو نقل کرکے لکھا ہی کہ والعمل علی ہذا عند اہل العلم من الرخصۃ فی طعام اہل الکتاب کہ عمل ہی اس حدیث پر اہل علم کے نزدیک رخصت اور جواز میں کھانے اہل کتاب کے *

مولوی امدادالعلی صاحب بہادر اپنی کتاب کے صفحہ ۵۱ میں فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے ترمذی اگرچہ رخصت طعام اہل کتاب کی سمجھتا ہی لیکن ظاہر ہی کہ اس حدیث میں منع ہی کھانے طعام نصاری سے بسبب مشابہت کے ساتھہ نصرانیت کے پس ترجمہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا یہہ ہی کہ نہ چبھے تیرے دل میں ساتھہ شک کے حرمت اُس طعام کی کہ مشابہ ہوتا ہو تو اُس میں نصرانیت کے اور اپنے اس قول کی تائید میں سیوطی اور ابوالطیب کے دو قول اور مجمع البحار کی ایک عبارت نقل کی ہی *

میری راے میں سید صاحب کی راے صواب پر اور مولوی صاحب کی راے غلطی پر ہی چند وجوہ سے *

پہلی وجہہ — اگر اس حدیث سے حرمت طعام اہل کتاب ثابت ہو تو وہ مخالف ہوتی ہی نص قرانی کے جو اہل کتاب کے طعام کی حلت میں نازل ہوئی ہی یعنی آیۃ طعام الذین اوتوالکتاب حل لکم *

دوسری وجہہ — چونکہ مشرکین اور بت پرستوں کا کھانا بھی حرام نہیں ہی پس اہل کتاب کے کھانے کی حرمت کی کوئی وجہہ نہیں رہی حلت طعام مشرکین و اہل کتاب کی وہ اگلے لوگوں میں ایسے مشہور اور صاف تھی کہ آیت مذکورہ میں طعام کے معنی ذبیحہ کے اسی لیئے لیئے گئے ہیں کہ تخصیص اہل کتاب کی ثابت ہو اور پھر

الهٰي کا نزول عبث اور بیفائدة نه ٹهرے اگر مقلدین کو الفاظ آیت اور حدیث سے حلت میں طعام اهل کتاب کے شبهه هو تو وۃ مفسرین اور محدثین کے قولوں پر رجوع کریں اور اُن اقوال کو جو سید صاحب نے اپني کتاب کے صفحه ۱۳ اور ۱۴ میں نقل کیئے هیں ملاحظه فرماویں تاکه طعام اهل کتاب کے حلال هونے میں کچهه شبهه نه رهے بلکه خود مولوي امداد العلي صاحب نے اپني کتاب کے صفحه ۳۶ میں جهاں آیة طعام الذین اوتوالکتاب سے بحث کي هی صاف لکهه دیا هی که "هاں اس قدر البته اس آیت سے ثابت هوتا هی که طعام اهل کتاب کا کهانا اور اُن کو اپنا کهلانا جایز هی" پس جبکه آیت سے طعام اهل کتاب کا حلال هونا مولوي صاحب نے قبول فرمایا تو پهر اس حدیث میں اُن سیدهے اور صاف معنوں سے جو به نسبت حلت اور جواز طعام کے هیں عدول کرنے کي کچهه ضرورت نه تهي مگر هاں شاید اس حدیث سے اُس کهانے کي حرمت مراد هو جس سے مشابهت نصاری کي پائي جاوے اور جو کهانا صرف اُنهیں سے مخصوص هو تاکه مسلمان من تشبه بقوم فهو منهم کي وعید میں داخل نهوں لیکن کیا خوب هوتا اگر مولانا صاحب اُس طعام کي کچهه تهوڑي سي تفصیل بهي فرما دیتے تاکه معلوم هو جاتا که کس کهانے میں تشبه اُن کا هی اور کس میں نهیں *

تیسري وجهه — اسي حدیث کو جسے ترمذي سے سید صاحب نے نقل کیا هی ابوداؤد نے اپني کتاب میں روایت کیا هی اور جس باب میں اُسے لکها هی اُس باب کے عنوان پر یهه تحریر کیا هی باب کراهیة التقذر للطعام یعني باب مکروہ هونے میں گهن کرنے سے کهانے میں لیکن اگر اس حدیث کے وۃ معني هوتے جو مولوي صاحب نے فرمائے تو ابوداؤد کو یهه لکهنا مناسب هوتا که باب مکروہ یا حرام هونے میں طعام نصاری کے *

چوتهي وجهه — اس حدیث کو جس طرح سے ابوداؤد نے روایت کیا هی اُس کے الفاظ یهه هیں و سئاله رجل فقال ان من الطعام طعاما اتحرج منه فقال لایتخلجن في نفسک شي اور اس سے حلت طعام ثابت هوتي هی کیونکه جب پوچهنے والے نے اپنے وسواس اور کراهیت کو بیان کیا اور اُس کے جواب میں پیغمبر خدا صلی الله علیه و سلم نے یهه فرمایا که کچهه شک نه کر تو یهه فرمانا صاف حلت طعام پر اور منع کرنے وسواس پر دلالت کرتا هی نه اُسکي حرمت پر اور اگر اسي سوال کے جواب میں ان لفظوں سے حرمت کے معني مراد لیئے جاویں اور نبي کے کلام مبین کي ایسي تفسیر کي جاوے تو اُس میں اور تحریف میں کیا فرق هوگا *

پانچویں وجهه — واسطے اطمینان خاطر معتدین کے میں چند عالموں کے قولوں کو بهي نقل کرتا هوں تاکه اُس سے بهي حلت طعام اور منع وسواس ثابت هوجاوے *

مجمع البحار میں لکها هی قوله لایتخلجن اي لایتحرک فیه شي من الشک ویروی بالحاء اي لایدخل واصل الاختلاج الحرکة والاضطراب قوله ضارعت اي شابهت النصرانیة والرهبانیة في تضییقهم و تشدیدهم و کیف و انت علی الحنیفیة السهلیة یعني نه آوے تیرے دل میں کچهه شک اور اختلاج نهووے تجهے یعني حرکت اور اضطراب کیا تو مشابه هوگا نصرانیوں اور رهبانیوں کے اپنے اوپر تنگي کرنے اور تشدد کرنے میں اور یهه کیونکر هوسکتا هی کیونکه تو ایسے دین پر هی جو سیدها اور آسان هی *

فتح الودود میں نقلاً عن الطیبي لکها هی که جملة ضارعت جواب شرط محذوف اي ان شککت شابهت فیه الرهبانیة والجملة الشرطیة مستانفة لبیان سبب النهي والمعني لایدخل في قلبک ضیق و حرج لانک علی الحنیفیة السهلیة فاذا شککت و شددت علی نفسک بمثل هذا شابهت فیه الرهبانیة یعني ضارعت جواب هی شرط محذوف کا اور معني اُس جمله کے یهه هیں که اگر تو شک کریگا تو مشابه هوگا رهبانیت کے اور جمله شرطیه واسطے بیان سبب نهي کے هی اور معني یهه هیں که نه آوے تیرے دل میں کچهه تنگي اور شک کیونکه تو ایسے دین پر هی جو سیدها اور آسان هی پس اگر تو شک کریگا اور اپنے اوپر سختي اور شدت روا رکهیگا ایسي باتوں میں تو مشابه هوگا تو رهبانیت کے لفظ اور چونکه نصارے میں رهبانیت جاري تهي اور رهبان حلال چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرلیتے تهے اور اُسے نیکي اور عبادت جانتے تهے اور هر بات میں شک و شبهه کرنے کو زهد سمجهتے تهے اور چونکه حضرت نے اپنے دین میں ایسے تشدد اور وسواس کو منع کردیا اس لیئے شک کرنے کو حلت میں طعام اهل کتاب کے رهبانیت سے مشابه فرمایا *

مرقاة شرح مشکواة میں لکها هی که قوله لایتخلجن معناه بالمهملة لایدخل في قلبک فیه شي فانه مباح و بالمعجمة لایتحرکن في قلبک الشک *

غرضکه همارے نزدیک جواز طعام اهل کتاب میں ازروے قران و حدیث کے کچهه کلام نهیں رها یهه امر که اهل کتاب سے وهي یهود و نصارے مراد هیں جو اپنے تئیں ملت موسوي اور مذهب عیسوي کا معتقد کهتے هیں یا نهیں چنانچه سید احمد خاں صاحب اپني کتاب کے صفحه ۷ میں اسي امر کے مدعي هیں مگر مولوي امدادالعلي خاں صاحب اپني کتاب کے صفحه ۵۵ اور صفحه ۳۶ میں اسکے منکر هیں اور کهتے هیں که مراد اس آیت میں وۃ اهل کتاب هیں که جنکي مادري

طعام اہل کتاب

تسمیہ کی وقت ذبح کے تھی اور وہ موحدین یہود و نصاریٰ میں سے تھے *

میرے نزدیک ثابت کرنا اس امر کا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بعض نصاریٰ کی عادت تسمیہ کی وقت ذبح کے تھی اور وہ موحدین سے تھے اور بعض کی عادت تسمیہ کی نہ تھی اور وہ مشرکین سے تھے ایسا مشکل ہی کہ سواے دعوی کرنے کے شاید کوئی عالم اسکو ثابت نہیں کرسکتا کیونکہ کوئی فرقہ نصاریٰ کا ایسا نہ تھا اور نہ ہی کہ جسمیں تسمیہ اور غیر تسمیہ کی عادت کا وقت ذبح کے اختلاف ہو *

یہہ خیال کرنا کہ نصاریٰ بہ سبب اعتقاد مسئلہ تثلیث کے مشرکین میں ہیں اور اس لیئے ذبیحہ اُنکا ناجائز ہی غلطی ہی کیونکہ وہ مدعی توحید ہیں اور جو کہ مدعی توحید ہو اُسپر اطلاق شرک نہیں ہوسکتا علماء حنفیہ کے کلام سے بھی ایسا ہی ثابت ہوتا ہی چنانچہ ہدایہ کی کتاب الذبائح میں لکھا ہی و من شرطہ ان یکون الذابح صاحب ملۃ التوحید اما اعتقاداً کالمسلم او دعوی کالکتابی اور کفایہ خوارزمی میں اُسکے حاشیہ پر لکھا ہی کہ فانہ یدعی التوحید پس ظاہر ہوا کہ جو شخص مدعی توحید ہو مثل یہود و نصاریٰ کے اُسکا ذبیحہ ویسا ہی جائز ہی جو کہ موحد ہو اعتقاداً پھر اسکی تائید صاحب ہدایہ کے دوسرے قول سے ہوتی ہی وہ یہہ ہی کہ ؛ ذبیحۃ الکتابی و المسلم حلال لما تلونا و لقولہ تعالی و طعام الذین او توا الکتاب حل لکم و اطلاق الکتابی ینتظم الکتابی الذمی و الحربی و العربی و التغلبی لان الشرط قیام الملۃ علی ما مر اس سے ظاہر ہی کہ کتابی کا اطلاق سب اہل کتاب پر ہی خواہ وہ ذمی ہوں یا حربی عربی ہوں یا تغلبی اور اُنکا ذبیحہ جائز ہی کیونکہ قیام ملت واسطے جواز ذبح کے شرط ہی اور پھر صاحب ہدایہ لکھتے ہیں کہ لا توکل ذبیحۃ المجوسی لانہ لایدعی التوحید فانعدمت الملۃ اعتقادا و دعوی کہ ذبیحہ مجوسی کا کھانا جائز نہیں کیونکہ وہ توحید کا دعوی نہیں کرتا پس ملت معدوم ہی اعتقاداً اور نیز دعوی اور اُسکی تائید عینی شرح صحیح بخاری کے قول سے بھی ہوتی ہی قال عدالآیۃ فی معرض استدلال علی جواز اکل ذبائح اہل الکتاب من الیہود و النصاری من اہل الحرب وغیرہ لان المراد من قولہ تعالی ذبائحہم بہ قال ابن عباس و ابو امامۃ و مجاہد و سعید بن جبیر و عکرمۃ و عطاء و الحسن و المکحول و ابراہیم النخعی و السدی و مقاتل بن حیان و ہذا امر مجمع علیہ بین العلماء ان ذبائحہم حلال للمسلمین لانہم لایعتقدون الذبائح لغیر اللہ تعالی و لایذکرون علی ذبائحہم الا اسم اللہ ان اعتقدوا فیہ ما ہو منزہ عنہ اگرچہ حلت ذبیحہ اہل کتاب میں کوئی شبہہ نہیں ہی لیکن اگر تسمیہ اور عدم تسمیہ پر وقت ذبح کے لحاظ کیا جاوے تو ابو داود کی حدیث پر رجوع کرنا چاہیئے جس سے ثابت ہوتا ہی کہ حکم تسمیہ وقت ذبح کے اہل کتاب سے متعلق نہیں ہی چنانچہ وہ حدیث ابن عباس کی ابوداؤد سے سید احمد خاں صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۱۷ میں نقل کی ہی قال فکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ و لا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ فنسخ و استثنی من ذلک فقال طعام الذین او توا الکتاب حل لکم و طعامکم حل لہم یعنی یہہ آیت کہ نہ کھاؤ تم اُس چیز سے کہ جسپر خدا کا نام نہ لیا گیا ہو نسخ ہوئی اور کھانا اہل کتاب کا بموجب آیت طعام الذین او توا الکتاب کے مستثنی ہوگیا مولوی امداد العلی صاحب بھی اپنی کتاب کے صفحہ ۹۳ میں اس حدیث کی نسبت لکھتے ہیں کہ اس قول ابن عباس سے یہہ نہیں نکلتا ہی کہ اہل کتاب کے ذبح میں موافقت ہمارے قواعد ذبح کی شرط نہیں ہی بلکہ یہہ نکلتا ہی کہ تسمیہ ذبح میں شرط نہیں ہی کہ ذابح کتابی ہو یا مسلم جیسا کہ مذہب ابن عباس کا ہی کہ متروک التسمیہ مطلقاً عمداً ہو یا سہواً اُنکے نزدیک حلال ہی اگرچہ بعد اسکے مولوی امداد العلی صاحب نے عمداً متروک التسمیہ کی حرمت ثابت کی ہی لیکن اس قول کو حضرت ابن عباس کے تسلیم کیا ہی اب ہم اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ ایک جماعت عام صحابہ و تابعین کی آیۃ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ کے منسوخ ہونے کی قایل ہی جیسا کہ تفسیر ابن الکمال میں لکھا ہی وروی عن ابی الدرداء و عبادۃ ابن الصامت و جماعۃ من التابعین انہا منسوخۃ لقولہ تعالی و طعام الذین او توا الکتاب حل لکم و اجازوا ذبائح اہل الکتاب و ان لم یذکر اسم اللہ علیہا ، لا نسمی ذلک نسخا بل ہو تخصیص اور روایت خطابی سے شرح سنن ابو داؤد میں بدیل حدیث حضرت عایشہ کے عدم شرط ہونا تسمیہ کا ثابت ہوتا ہی اما قول بیہ دلیل علی ان التسمیۃ غیر شرط علی الذبیحۃ لانہا لو کانت شرطا لم تبح الذبیحۃ بالامر المشکوک فیہ *

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ترک تسمیہ سے عمداً ہو یا سہواً حرمت ذبیحہ نہیں ہوتی وہ دو دلیلیں بیان کرتے ہیں — اول ایک حدیث پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی جسے صاحب ہدایہ نے نقل کیا ہی المسلم یذبح علی اسم اللہ تعالی سمی او لم یسم کہ مسلمان خدا ہی کے نام پر ذبح کرتا ہی خواہ اُس نے وقت ذبح کے تسمیہ کہا ہو یا نکیا ہو دوسرے ترک تسمیہ کا سہواً باعث حرمت ذبیحہ نہونا اسپر دلالت کرتا ہی کہ تسمیہ حلت ذبیحہ کے لیئے شرط نہیں جیسا کہ صاحب ہدایہ نے لکھا ہی و لان التسمیۃ لوکانت شرطا للحل لما سقطت بعذر النسیان کالطہارۃ فی باب الصلوۃ و لوکانت شرطا فالملۃ

طعام اہل کتاب

ایہمت مقامہا کمانی النامی کہ اگر تسمیہ واسطے حلت ذبیحہ کے شرط ہوتا تو وہ شرط بعض بھول کے ساقط ہوتی جیسے کہ طہارت نماز کے لیئے ہی اور اگر تسمیہ شرط بھی ہو تو ملت اور مذہب ہی قایم مقام تسمیہ کے ہی جیسے تسمیہ کے بھولنے والے کے ذبیحہ کی نسبت سمجہا کیا ہی پس موافق قول امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بھی تسمیہ شرط ذبیحہ نہیں اور غیر مقلدین کو ہر مسئلہ میں تقلید اسی امام کی لازم نہیں پس ترک تسمیہ تو شرط ذبیحہ نہ جاننے سے زیادہ اُس سے کوئی الزام نہیں دے سکتا جیسا کہ امام شافعی یا اُن کے مقلدین کی نسبت دیا جاسکتا ہی ٭

سید صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۷ میں حدیث ابوداؤد کی سند پر جو اوپر مذکور ہوئی یہہ لکہا ہی کہ اگر اہل کتاب کسی جانور کی گردن توڑ کر مار ڈالنا یا سر پہاڑ کر مار ڈالنا روا سمجہتے ہیں تو ہم مسلمانوں کو اُسی کا کہانا درست ہی اسکے جواب میں مولوی امدادالعلی صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۶۳ میں لکہا ہی کہ اس روایت سے صرف یہہ نکلتا ہی کہ تسمیہ ذبح میں شرط نہیں ہی میرے نزدیک اس مسئلہ میں سید احمد خان صاحب نے بڑی غلطی کی ہی کیونکہ جو دعوی اُنہوں نے کیا ہی وہ اس روایت سے ثابت نہیں ہوتا اور کتابی کا ذبیحہ بلا تسمیہ کے جائز ہونے کے سوا اس قول سے اور کچھہ نہیں نکلتا اور چونکہ منخنقہ کی حرمت صراحۃ ایک دوسری آیت محکم سے ثابت ہی اور اُسکی تخصیص یا تنسیخ کسی دوسری آیت سے نہیں ہوئی تو تعجب ہی کہ کیونکر اُنہوں نے اس روایت سے یہہ خیال کیا کہ اہل کتاب کا گردن مروڑ کر مار ڈالنا بھی ذبیحہ میں داخل ہی اور جو قول ابن عربی اور معیار کا اُنہوں نے نقل کیا ہی وہ ایک عالم کی † راے ہی جو قرآن و حدیث کے ظاہری الفاظ سے مخالف ہی اس لیئے ہمکو اُسپر کچھہ اعتنا نہیں ٭

پھر سید صاحب اپنی کتاب کے صفحہ ۲۳ میں لکہتے ہیں کہ طعام اہل کتاب میں ہمکو تفتیش اس بات کی کرنی کہ کسنے ذبح کیا اور کیونکر ذبح ہوا ہی کچھہ حاجت نہیں بجواب اُسکے مولوی امدادالعلی صاحب اپنی کتاب کے صفحہ ۶۷ میں لکہتے ہیں کہ جب نصاری ہمارے ملک کے ذبح نہیں کرتے اور اسی جانور کا گوشت ہو اور کسیکا مارا ہوا ہو کہالیتے ہیں تو اہل اسلام کو جب اُنکے یہاں کا گوشت پکا یا کچا سامنے آوے تفتیش اسکی بہت ضرور ہی ہمارے نزدیک اس میں بھی راے سید احمد خان صاحب کی خطا پر ہی اُنکو سوچنا چاہیئے تہا کہ ذبیحہ مشرکین کا قطعاً حرام ہی اور اکثر مشرکین مثل چمار وغیرہ کے باورچی انگریزوں کے ہوتے ہیں اور پرند جانوروں کو وہی باورچی گردن مروڑ کر مارڈالتے ہیں تو بغیر تفتیش کے ایسے پرند جانوروں کا کہالینا گویا چماروں کے ہاتہہ کے گردن مروڑی ہوئے جانور کا کہالینا ہی اگر حسن ظن پر خیال کیا جاے تو یہہ اُسوقت ہوسکتا تہا جب کہ انگریزوں کا تعامل مسلمانوں سے ذبح کرانے یا خود ذبح کرنے کا ہوتا برتاو اُنکا بالکل برخلاف اسکے ہی تو ایسی صورت میں کوئی وجہہ حسن ظن کی نہیں لیکن مجہہ سے جب سید صاحب سے زبانی گفتگو ہوئی تو اُنہوں نے کہا کہ میں جب جانتا ہوں کہ باورچی کسی انگریز کا ہندو ہی تو ضرور ذبیحہ کی تحقیق کرلیتا ہوں ہاں جہاں یہہ معلوم ہی کہ باورچی مسلمان ہی وہاں تحقیق نہیں کرتا ٭

سید احمد خان صاحب اپنی کتاب کے صفحہ ۲۵ میں لکہتے ہیں کہ اگر ہمکو بہت احتیاط ہو تو اہل کتاب سے پوچہہ لینا چاہیئے کہ یہہ ذبح کیا ہوا ہی یا نہیں مگر مولوی امدادالعلی خان صاحب اپنی کتاب کے صفحہ ۶۷ میں لکہتے ہیں کہ اہل کتاب کے قول کے معتبر ہونے میں اختلاف ہی میرے نزدیک اول تو اہل کتاب کے قول کے معتبر ہونے میں شبہہ کرنا اُسوقت چاہیئے تہا جبکہ جہوتہہ بولنا اُنکی شریعت میں یا اُنکے نزدیک جائز ہوتا و اذلیس فلیس اور ظاہرا کوئی وجہہ بھی معلوم نہیں ہوتی کہ وہ غیر ذبیحہ کی نسبت کسی مسلم سے ذبیحہ ہونا اُسکا کہہ دیں دوسرے فقہا کے کلام سے بھی ایسا ہی ثابت ہوتا ہی جیسا کہ ہدایہ میں لکہا ہی کہ من ارسل اجیرا لہ مجوسیا او خادما فاشتری لحما فقال اشتریتہ من یہودی او نصرانی او مسلم وسعہ اکلہ پس مجوسی مشرک کا یہہ کہدینا کہ میںنے گوشت کو یہودی یا نصرانی یا مسلم سے لیا ہی واسطے کہانے اُس گوشت کے کافی ہی پس خود اہل کتاب کا قول کیونکر لایق اعتبار کے نہوگا اور نوازل میں لکہا ہی کہ سئل ابو مطیع عن نصرانی دعی رجلا الی طعام وقال اشتریت اللحم من السوق انا کلہ قال ابو مطیع سالت ابن ابی عروۃ عن ذالک قال کل و کذالک قال مقاتل ابن حبان اما اصحابنا فانہم قالوا لا کل حتی تریہ انہ قد ذبح یعنی کسی نے ابو مطیع سے پوچہا کہ اگر ایک نصرانی کسی کی دعوت کرے اور کہانے کو بلائے اور یہہ کہے کہ میںنے گوشت بازار سے مول لیا ہی تو ہم اُسے کہاویں ابو مطیع کہتے ہیں کہ میںنے ابن ابی عروہ سے پوچہا اُنہوں نے کہانے کی اجازت دی اور ایسا ہی کہا مقاتل ابن حبان نے لیکن ہمارے اصحاب نے کہا ہی کہ ہم نہ کہاوینگے جب تک نہ دیکہہ لیں کہ اُس نے ذبح کیا ہی پس اس روایت سے ابو مطیع اور ابن ابی عروہ اور مقاتل ابن حبان کے نزدیک

† اس سے معلوم ہوا کہ اس مسئلہ میں سید احمد خان صاحب متفرد نہیں ہیں بلکہ بعض علماء متقدمین نے بھی اُسکو حلال سمجہا ہی ۱۲ مہتمم

نصاری کے گھر کا گوشت کہانا صرف اس کہنے پر کہ اُس نے بازار سے مول لیا هی جایز هی بغیر اس کے که اُس کا ذبیحه خود اُس نے کیا هو اور مسلمان نے دیکھا هو لیکن جب اهل کتاب ذبح کا هونا خود بیان کرے تو اُسکی تکذیب کی کوئی وجهه نهیں *

دوسري بحث به نسبت مواکلت کے

سید احمد خان صاحب نے مواکلت کو ساتهه اهل کتاب کے جایز قرار دیا هی اور مولوي صاحب نے اُسے نه صرف ممنوع اور حرام ٹهرایا هی بلکه نسبت کفر کی اُس کے مرتکب † کی طرف کی هی اور بہت سی وجوه حرمت کی بیان کی هیں مگر جتنی وجوه حرمت کی بیان کی گئی هیں وه سب ایسی هیں که جنکا نقل کرنا اور رد کرنا بهی فضول هی کیونکه اُن سے صرف مواکلت اهل کتاب کی حرمت ثابت نهیں هوتی بلکه سواے اعلی درجه کے متقی پرهیز گاروں کے اور سب مسلمانوں کے ساتهه کهانا کهانا بهی حرام اور ممنوع هوتا هی اور اهل کتاب سے ملنا اُن کی تعظیم کرنا اُن کی نوکری کرنا بهی نه صرف حرام بلکه قریب بکفر هوا جاتا هی لیکن جب هم میں سے اکثر مسلمان هیں جو غیر متقی مسلمانوں کی صحبت سے نفرت نهیں کرتے اور مشرکین اور بت پرستوں کے اختلاط و ارتباط دوستانه سے باز نهیں رهتے اور اُنهیں اهل کتاب کے سامنے جن کی مواکلت کو حرام بتاتے هیں اُس ادب اور تعظیم سے پیش آتے هیں که ایک ادنی درجه کا خانه زاد غلام اپنے اعلی مرتبه کے آقا کے سامنے بهی اُس تذلل سے پیش نه آویگا اور پهر نه صرف عوام اور جاهل اس میں مبتلا هیں بلکه بڑے بڑے جناب مولانا و سیدنا و قبله و کعبه اعلی درجه کے انگریزوں کی رضا کے خدا کی رضا سے زیاده طالب هیں اور خلاف ماانزل الله الیه کے احکام صادر کرکے اُن سے ترقی دنیا کی خواهش کرتے هیں اور پهر اُن میں سے نه کوئی کافر ٹهرتا هی نه کرستان تو پهر وه شخص جو انگریزوں کے ساتهه به دعوي مساوات کهانا کهاوے کیونکر کافر و کرستان هوگا ذلک ظن الذین لایعقلون *

جهان تک میں غور کرتا هوں مولوي صاحب نے بهت مبالغه کیا هی اور حد سے زیاده تشدد فرمایا هی شاید مولوي صاحب نے جواب ترکي به ترکي کے مضمون پر عمل کیا هی که جب سید صاحب نے انگریزوں کے کهانے کو بلا تحقیق و تفتیش جایز کردیا اور اهل کتاب کی گردن مروڑی هوئی مرغی کو بهی حلال ٹهرادیا تو اُس کا جواب یهی هی که انگریزوں کا کهانا اور اُن کے ساتهه کها لینا نه صرف مکروه اور خلاف تقوے ٹهرایا جاوے بلکه ممنوع اور حرام اور قریب به کفر کردیا جاوے ورنه جو شخص ذرا بهی انصاف کریگا اور اُصول شریعت کو غور سے دیکهیگا وه هرگز نه کهیگا که مسلمانوں کا مذهب کهانے پینے میں هندوؤں کاسا هی یا اُن کی طرح چهوت و پرهیز کا قاعده اُن میں بهی جاری هی که کسی کے ساتهه کها لینے یا کسی کے گهر کے کهانا کها لینے سے دین جاتا رهتا هی نعوذ بالله من ذلک اگر مولوي صاحب اسی پر قناعت فرماتے که انگریزوں کے ساتهه کهانا کهانا بغیر تحقیق و تفتیش طعام کے مکروه اور بعد تحقیق بهی خلاف تقوی هی تو بعض منصف مزاج سکوت کرجاتے مگر اُنهوں نے تو اسقدر مبالغه کیا که مواکلت کو بمرتبه شرک بالله وانکار نبوة بنادیا پس سواے اُن لوگوں کے جو رسموں میں هندوؤں کے مقلد هوگئے هیں اور چهوت و پرهیز میں اُن کی طرح کفر و اسلام کا اطلاق فرمانے لگے هیں کوئی دانشمند سمجهه‌دار آدمی تو اس بات کو نه مانیگا *

ان باتوں سے قطع نظر کرکے اگر هم عمل پر مسلمانوں کے نظر کریں تو یهی ثابت هوتا هی که نه اگلے زمانه میں احتراز مواکلت سے تها اور نه اب اور ملک کے مسلمان معتقد هیں چنانچه هم نے کتاب اغاثة اللهفان سے ایک روایت نقل کرکے آگے دکها دیا هی که اصحاب نبوي نے ایک رومی کیتهولک عیسائی کی دعوت قبول کی اور اُس کے عبادت خانه میں جاکر اُس کا کهانا کهایا اور نوازل میں جو لکها هوا هی که

سئل ابو مطیع عن نصراني دعا رجلاً الی طعام وقال اشتریت اللحم من السوق

ﺑﺎﻛﻠﻪ قال ابو مطیع سألت بن ابي عروة عن ذلک قال حل و کذلک قال

مقاتل ابن حبان که کسی نے ابو مطیع سے پوچها که اگر کوئی نصرانی همارے دعوت کرے اور کهانے پر بلاوے اور کهے که میں نے گوشت بازار سے مول لیا هی تو هم کهاویں یا نه کهاویں تو اُنهوں نے ابن ابي عروة سے پوچها اُنهوں نے اجازت دي پس اس سے صاف ظاهر هی که دعوت قبول کرنا نصراني کی جایز هی اور اُس کے کهدینے پر که گوشت بازار کا خریدا هوا هی گوشت کا کهانا بهی درست هی پس اگر اُن کی دعوت قبول کرنا درست نه هوتا تو یهی جواب کافی هوتا که اُنکی دعوت کی اجابت هی حرام اور کفر هی نه که اُنکے گهر کا پکا هوا گوشت کهانا اور اُن کے قول کو دیانات میں معتبر جاننا *

سب سے زیاده تصریح جواز مواکلت کی سیرت سلطان صلاح الدین سے هوتی هی جو قاضی بن عباس کی هی اور جس میں خود اُس نے اپنی آنکهه دیکهی هوئی باتوں کو لکها هی که اُس نے اُس کتاب میں چند مقام پر لکها هی که سلطان صلاح الدین نے عیسائی بادشاهوں کو اپنے ساتهه کهانا کهلایا اور اُن کی تعظیم و تکریم کی حالانکه اُس

---

† مسلم همراه کهانیوالے نصرانی کو نصرانی کهنا جهالت کی بات هی اس سے بالشبهه گنهگار هوتا هی کهنے والا توبه کرے — فتوی مولوي محمدالله مفتی رامپوري ـ

بادشاہ کي سطوت اور صلابت مشہور هی اور بیت المقدس کا فتح کرنا اُس کے اسلام کي اب تک ایک بڑي نشاني موجود هی میں اُس کتاب سے دو نقلیں کرتا هوں جس کسیکو زیادہ اس سے دیکھنا منظور هو وہ اصل کتاب کو دیکھے صفحہ ٢٥ میں اُس کتاب کے یہہ لکھا هی و قد رأیته و قد دخل علیه صاحب صیدا بالناصرة فاحترمه و اکرمه و اکل معه الطعام و مع ذالک عرض علیه الاسلام فذکر له طرفاً من محاسنه و حثه علیه یعني میں نے خود دیکھا کہ سلطان صلاح الدین کے پاس امیر صیدا آیا تو سلطان نے اُس کا احترام اور اکرام کیا اور اُس کے ساتھہ کھانا کھایا اور پھر باوجود اس کے خوبیاں اسلام کي اُس کے سامنے بیان کیں اور مسلمان هونے پر اُسے برانگیختہ کیا اور پھر صفحہ ٩٠ میں لکھا هی کہ و صاحب الشقیق یرے میں یوقن معه عدم السلامة فرئ ان اصلاح حاله معه قد تعین طریقاً الی سلامته فنزل بنفسه و ما حسسنا به الا وهو قایم علی باب خیمة السلطان فاذن له فدخل فاحترمه و اکرمه و کان من کبار الفرنجیة و عقلائها و کان یعرف بالعربیة فحضر بین یدي السلطان و اکل معه الطعام خلاصہ یہہ هی کہ والي شقیق جو بڑے اُمیروں اور دانشمندوں سے انگریزوں کے تہا سلطان کے پاس آیا تو سلطان نے اُس کي تعظیم و تکریم کي اور اُس کو اپنے ساتھہ کھانا کھلایا یہہ حال تو اگلے لوگوں کا تہا اور اب روم کے سلطان اور اُن کے علماء فضلاء کا حال ظاهر هی کچھہ پوشیدہ نہیں کہ شاہ فرانس اور ملکۂ انگلستان کے مہمان هوئے اور خوب دعوتیں لیں اور خوب کھانے کھائے اور کسي نے علماء مکہ یا فقہاء مدینہ میں سے اُن کے کفر و ارتداد کا فتوی نہ دیا *

جہانتک میں نے سوچا اور غور کیا مجھے نفس مواکلت کے جواز میں کچھہ شبہہ نہیں یعني اگر اهل کتاب همارے یہاں آکر همارے ساتھہ کھانا کھاویں تو یہہ مواکلت بلاشبہہ جایز هی اور اگر هم اُن کے یہاں جاویں اور اُس کے گوشت کا ذبح کیا هوا هونا ثابت هوجاوے اور شراب و سؤر نہ هووے تو بھي اس مواکلت میں کچھہ کلام نہیں اور اگر گوشت کا ذبیحہ نہونا ثابت هوجاوے تو اُس گوشت کي حرمت میں کچھہ شک نہیں اور اگر شراب و سؤر بھي اُس میز پر هووے تو وہ شرکت اور مواصلت کراهت سے خالي نہیں اس سے زیادہ جو کوئي کچھہ کہے وہ افراط و تفریط اور عناد و تعصب هی والله اعلم بالصواب *

راقـــــــــم
مهدي علي عفا عنه

نمبر ١٠٨

اجماع

منجملہ اُن مذهبي الفاظ اور فقہي مصطلحات کے جنکي حقیقت نہ جاننے سے لوگوں کے خیالات غلط هوئے اور هوتے هوں اور جنپر استدلال کرنے سے بے اصل باتیں صحیح مسائل کي صورت پر هوگئیں اور هوتي جاتي هیں لفظ اجماع هی علماء نے کتاب و سنت کي طرح اُسے ایک شرعي حجت مانا هی فقہا نے اُس کے منکر کو کافر سمجھا هی پابندي هر رسم و عادت کي جو مسلمانوں میں جاري هی اُسي پر استدلال کرنے سے ایمان کي نشاني سمجھي جاتي هی اُنکے حسن و قبح سے بحث کرنے والے پر خرق اجماع کا الزام لگاکر تکفیر کي نسبت هوتي هی اسلیئے اُسکي حقیقت کا بیان کرنا اور اُن نتایج سے جو اُسپر مترتب هوئے جاتے هیں کچھہ بحث کرنا مناسب هی *

یہہ بات مسلمات سے هی کہ ایمان نام هی پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم کي تصدیق کا اُن سب باتوں میں جو وہ خدا کي طرف سے لائے پس حاضرین کے واسطے خود اُنکا زبان مبارک سے سننا حجت تہا اور اُسکي تصدیق کے لیئے دوسرے ذریعہ کي اُنکو حاجت نہ تھي لیکن هم لوگوں کے لیئے اُن باتوں کي تصحیح اُنکي تصدیق پر مقدم هی اسلیئے کسي ذریعہ کي ضرورت هی وہ ذریعہ کیا هی نقل اور روایت لیکن چونکہ اُس میں صدق و کذب دونوں کا احتمال هوتا هی اسلیئے کذب کے احتمال دور کرنے کے لیئے کوئي قطعي دلیل چاهیئے وہ کیا هی تواتر و اجماع پس اگر کسي خبر کي نسبت مخبر صادق کے وقت سے لیکر الی یومنا هذا سب کا اتفاق هو اور اُسکي صحت پر سب کا اجماع تو وہ خبر همارے حق میں بھي رویت کي برابر هی اور ایسي متواتر اور مجمع علیه خبر حقیقت میں في نفسہ شرعی حجت هی لیکن اگر کسي خبر کي نسبت یہہ درجہ ثابت نہ هو یعني مخبر صادق کے وقت سے اُسکا تواتر اور اُسکي صحت پر اجماع نہو عام اس سے کہ وہ خبر پھر کسي اور زمانہ میں شہرت اور تواتر کے درجہ پر پہونچ جاوے یا آیندہ زمانوں میں بھي وہ اس مرتبہ پر نہ پہونچے تو وہ خبر اپني اصلي حالت پر رهیگي یعني مایحتمل الصدق والکذب پس پہلے زمانہ سے لیکر همارے وقت تک جتنے واسطے اُس کي نقل کے هوئے هوں اُن کي صداقت اور اعتبار ثابت هو اور وہ شمار میں بھي لایق لحاظ کے هوں تو اُسکا جانب صدق غالب هوگا اور اگر اُن میں سے کسي کي صداقت بخوبي ثابت نہو یا اُنکا تسلسل اور اتصال معلوم نہو یا اُس کے بیان کرنے والے ابتدا میں ایک دو سے زیادہ نہوں تو اُس کي دونوں جانب صدق و کذب کي برابر هونگي اور ایک کے رجحان کو دوسرے پر کسي

اور دليل کي حاجت هوگي اور اگر اُس کے بيان کرنے والوں کي بے اعتباري پائي جاوے۔ تو اُسکا جانب کذب راجح هوگا بلکه اگر اُنکا کذب بمرتبه يقين ثابت هو تو اُس ميں احتمال صدق کا باقي نرهيگا ❊

پس منجمله اخبار مخبر صادق کے وه خبر جسکا تواتر اُس کے وقت سے ليکر ابتک ثابت هی اور جسکي صحت پر اجماع هی قران مجيد هی اور جو اُس مرتبه پر نهيں هی' وه حديث هی پهر بعض اُنميں يعني حديث ميں سے وه هيں جنکا جانب صدق غالب هی اور بعض وه هيں جنکے دونوں پلے برابر هيں اور بعض وه هيں جنکا جانب کذب غالب هی اور بعض وه هيں جو نري غلط اور بالکل جهوٹي هيں غرضکه يهه دونوں چيزيں' هميشه حجت هيں پهلي چيز يعني کتاب قطعي حجت هي کيونکه اُس کي صحت قطعاً ثابت هی اور دوسري چيز يعني سنت ظني حجت هی کيونکه اُسکي صحت ظني هی اور باعتبار اپنے مرتبه صحت کے وه هميشه حجت هی ـ رها اجماع پس اگر اُس سے مراد هی اجماع سب کا اوپر صحت اُس خبر کے تو امنا و صدقنا که ايسا اجماع حجت شرعي هی لکن لا في ذاته بل بغيره کيونکه حقيقت ميں وه اجماع ايک کامل شهادت اور قطعي دليل اُس خبر کي صحت کي هی اور وه خبر في نفسه هميشه حجت هی اور اُسي اجماع کا منکر بهي يقيني کافر هی کيونکه وه منکر اُس خبر کا هی جسکي صحت ثابت هوچکي اور جسکا انکار في ذاته کفر هی پس اگر کوئي کسي آيت کا قران مجيد کي منکر هو تو وه ويسا هي کافر هی جيسا که صاحب الوحي کي زبان سے سنکر اُسکا منکر هوتا کيونکه تواتر اور اجماع نے اُس کي صحت کو ايسے يقين کے درجه پر پهونچا ديا هی' که احتمال غلطي کا باقي نهيں رکها ليکن اگر اُس سے مراد هی اتفاق کرلينا لوگوں کا اوپر کسي معني و مقصد کے جو مخبر صادق کے لفظوں سے صراحتاً ثابت نهو يا اوپر حقيقت کسي چيز کے جسکا بيان به تصريح خود مخبر صادق نے نه کيا هو يا اوپر تفصيل کسي اجمال کے جسے اُسنے مجمل هي رهنے ديا هو يا اوپر تصريح کسي شی کے جس ميں اُسنے اشاره استعاره پر هي کفايت کي هو يا اوپر اُن باتوں کے جو شارع کي باتوں کي علت دريافت کرکے' قياساً اُسپر نکالي گئي هوں جبکه اُس علت کو خود شارع نے بيان نه کيا هو يا اوپر کسي ايسے مذهبي اعتقاد يا قول يا فعل کے جو اُس کے' اخبار متواتره سے ثابت نه هو يا اُسکے منصوصات کے مخالف اور اُس کے اصلي اصول کے معارض هو تو ايسا اتفاق کچهه قطعي حجت نهيں اور' نه ايسے اجماع کا منکر کافر هی اور نه اُن باتوں کا جو ايسے اتفاق پر مبني هوں نه ماننا يا اُنسے مخالفت کرنا تکذيب رسول هی کيونکه يهه اجماع ايک قياس يا قول يا امل ايسي جماعت کا هی جس ميں سے نه کوئي مخبر صادق هی نه جس ميں سے کسي کي راے معصوم هی نه جس ميں سے کوئي صاحب الوحي والکتاب هی نه اُنکي تصديق و تکذيب پر ايمان و دهر کا مدار هی پس جبکه بالنفراده کوئي ايک اُن ميں سے ايسا نهيں هی جس کي راے يا قول يا فعل هميشه حجت هو تو بمجموعه اُن کي راے يا قول يا فعل کي حجت هونے کي کيا وجهه هی هاں اُن کي بات کو ايک ايسي وقعت هی که اُس کي صحت کا پله به نسبت اُس کي غلطي کے غالب سمجها جاويگا اور جبتک که اُس کي غلطي ثابت نهو تب تک وه ماننے کے لايق هوگي مگر احتمال غلطي کا موجود رهيگا اور ممکن هی که کبهي اُس کي غلطي ثابت هوجاوے اور کسي زمانه ميں اُس کي غلطي پر دوسرا اتفاق هو جاوے اور يهه بهي اُس حالت ميں هی جبکه اتفاق سب لوگوں کا هو اور کوئي اُس راے يا قول يا فعل سے کسي زمانه ميں منکر نهوا هو يا کم سے کم جو لوگ صلاحيت راے دينے کي رکهتے هوں اُنهوں نے مخالفت نه کي هو ليکن اگر کسي جماعت يا کسي گروه ميں کوئي بات بغير بحث و مباحثه کے جاري هوگئي هو يا کسي عارضي وجهه سے مثل خوف يا عدم لحاظ يا جهالت کے لوگوں نے مان ليا هو اور امتداد زمانه نے اُسے قوي کرديا هو يا اُس کي صحت ميں اهل راے نے اختلاف کيا هو اور بعض مجتهدين نے اُسے صحيح نه جانا هو کو کسي خارجي سبب سے اُس انکار کو شهرت يا قوت نه هوئي هو تو ايسے اتفاق کو وه وقعت بهي نهيں هی بلکه اُسپر اتفاق يا اجماع کا اطلاق کرنا هي غلطي هی † پس يهه مختصر حقيقت اجماع اور انکار اجماع کے کفر هونے کي هی اسپر غور کرنے کے بعد اب مجهکو

---

† ميں اپنے علماء کے اقوال بهي به نسبت اس مسئله کے بيان کرنا مناسب سمجهتا هوں تاکه اُنکي راے بهي لوگوں کو معلوم هوجاوے امام غزالي نے کتاب التفرقه ميں لکها هی و شرطه (اي الاجماع) ان يجتمع اهل الحل والعقد في صعيد واحد فيتفقون علي امر واحد اتفاقا بلفظ صريح ثم يستمرون عليه مدة عند قوم و الي تمام انقراض العصر عند قوم اور مسلم ميں لکها هی که قيل اجماع الاکثر مع ندرة المخالف اجماع والمختار انه ليس باجماع لانتفاء الکل فقيل ليس حجة اصلاً وقيل هو حجة ظنية اور مرقات الاصول ميں هی که الاجماع اما بالتواتر اوالشهرة اوالاحاد واقوي التواتر اجماع الصحابة اذا انقرضوا حتي اذا لم ينقرضوا لم يکن الاجماع اتفاقياً کما مر فهو کالاية القطعية الدلالة والخبر المتواتر فيکفر جاحده وان لم يکن سکوتياً حتي اذا کان سکوتياً لم يکن متفقا عليه ايضا فلا يکفر المخالفة ثم اجماع من بعد هم بالشرط السابق فيه الم يرواية خلافهم فهو کالمشهور من الخبر يضلل جاحده ولايکفر اجماعا ثم الاجماع المختلف فيه فهو کالصحيح من اخبار الاحاد لايضلل جاحده ايضا کما لا يکفر اور امام حجة الاسلام نے منخول ميں لکها هی انه قد يثبت الخلاف في کون الاجماع حجة ولا يکفر منکره فمنکر المجمع عليه اذا

کوئي بتادے کہ جو عوام و خواص ہر جزئیہ فقہیہ اور ہر مسئلہ کلامیہ کي نسبت اجماع کا لفظ زبان پر لاتے ہیں اور اُس کے انکار کو بوجہہ انکار اجماع کے کفر بتاتے ہیں وہ کسقدر صحیح ہی اور کسقدر غلط سواے قران مجید کي نصوص صریحہ کے اَوْر عقائد و مسائل جو استخراج و استنباط کیئے گئے ہیں اور جو متنوں میں بڑي شد و مد سے لکھے گئے ہیں اُن میں سے کتنے عقیدوں اور کتنے مسئلوں پر اجماع کا اطلاق ہوسکتا ہی اور کتنے پر نہیں اگر اجماع کا نام ہي چند کتابوں میں

لم یکن من ضروریات الدین لم یکفر اور امام الحرمین ابو المعالي نے فرمایا هی کیف تکفر من خالف الاجماع و نحن لانکفر من رد اصل الاجماع و انما نبدعه و نضلله والمعتمد عند الشافعیة عدم اطلاق تکفیر المجمع علیه اور امام نووي نے روضہ میں لکھا ہی کہ ایس تکفیر جاحد المجمع علیه علی اطلاقه بل من جحد مجمعاً علیه فیه نص نهو من الامور الظاهرة التي یشترک في معرفتها الخواص والعوام کالصلوة و تحریم الخمر و نحوهما فهو کافر و من جحد مجمعاً علیه لایعرفه الا الخواص کاستحقاق بنت الابن السدس مع بنت الصلب و نحوه فلیس بکافر اور ابن دقیق العید نے شرح عمدة میں لکھا ہی اطلق بعضهم ان مخالف الاجماع یکفر والحق ان المسائل الاجماعیة تارة یصحبها التواتر من صاحب الشرع کوجوب الخمس و قد لا یصحبها فالاول یکفر جاحده لمخالفة التواتر لا لمخالفة الاجماع اور تلویح میں لکھا ہی کہ اما الحکم الشرعي المجمع علیه فان کان اجماعه ظنیا فلا یکفر جاحده اتفاقاً و ان کان قطعیاً فقیل یکفر وقیل لا یکفر والحق ان نحو العبادات الخمس مما علم بالضرورة کونه من الدین یکفر جاحده اتفاقاً و انما الخلاف في غیره اور ان سب سے عمدة وہ ہی جو در مختار کے حاشیہ شامي میں لکھا ہی کہ اذا لم تکن الایة اوالخبر المتواتر قطعي الدلالة اولم یکن الخبر متواتراً او کان قطعیاً لکن فیه شبهة اولم یکن الاجماع اجماع الجمیع ارکان ولم یکن اجماع الصحابة او کان و لم یکن اجماع جمیع الصحابة او کان اجماع جمیع الصحابة و لم یکن قطعیاً فان لم یثبت بطریق التواتر او کان قطعیاً لکن کان اجماعاً سکوتیاً ففي کل هذه الصور لایکون الجحود کفراً کہ اگر آیة یا خبر متواتر قطعي الدلالة نہو یا خبر هي متواتر نہو یا متواتر تو ہو مگر قطعي نہو اور اُس میں شبہہ ہو یا اجماع سب کا اجماع نہو یا سب کا اجماع ہو مگر صحابہ کا اجماع نہو یا وہ بھي ہو مگر سب صحابہ کا اتفاق نہو یا سب صحابہ کا اتفاق بھي ہو مگر قطعي نہو یعني بطریق تواتر ثابت نہو یا قطعي بھي ہو مگر اجماع سکوتي ہو پس ان سب حالتوں میں انکار اجماع کا کفر نہیں هی ٭

لکھا ہوتا اور اُس کو ایک مخصوص طائفہ سیکھتا اور تقلیداً اُسے تلقي بالقبول کرتا تو بلا شبہہ وہ اجماع اجماع هی مگر اُسے ہم لایعبأبہ کہتے ہیں اور خود ہمارے هي علماء کے بیان سے اُس پر اجماع کا اطلاق نہیں ہوسکتا نہ کہ معاذاللہ اُس کے انکار پر اطلاق کفر کا ہو پھر اکثر مسائل اعتقادي یا عملي ایسے ہیں جن کي بنا حقیقت میں ایک خبر احاد پر اور بعض حالات میں ایک خبر ضعیف پر یا فقط قیاس اور راے پر هی مگر تقلید کي برکت سے اُسے عوام و خواص میں ایسي شہرت ہوگئي هی کہ وہ خبر متواتر اور نص قطعي سمجھي جاتي هی و حد المتواتر ما لا یمکن الشک فیه کالعلم بوجود الانبیاء و وجود البلاد المشهورة وغیرها و انه متواتر في الاعصار کلها عصراً بعد عصر الی زمان النبوة و لم ینقص عدد التواتر في عصر من الاعصار فالقول بالتواتر في غیر القران من اغمض الاشیاء ٭

پس ہمارا اپنے مسائل اعتقادي و عملي کي نسبت جس کا ثبوت بہ نص صریح قران مجید یا بحدیث متواتر نہو اجماع کا دعوی کرنا هي غلط هی اور اسي غلطي کي وجہہ سے بہت دھوکے ہوئے اور اکثر مغالطہ میں پڑ گئے ہر گروہ نے اپنے اپنے خیالات کے موافق ایک مذہب کھڑا کرلیا ہر طائفہ نے اپني رسمیات اور عادات کو اجماع کي دلیل سے فرایض و واجبات سمجھہ لیا اور اپنے چال چلن کو ایک غیر مبدل شریعت بنا لیا یہاں تک کہ جب اُن بڑي بڑي عالیشان عمارتوں کي جنکے کنگرے آسمان سے ملے ہوئے ہیں بنیاد دیکھي جاتي هی تو ایک ریت کے ذرہ کے سواے کچھہ نظر هي نہیں آتا اور کوئي بنیادي پتھر دکھلائي نہیں دیتا معلوم ہوتا هی کہ وہ صرف لوگوں کے ہاتھوں پر رکھي ہوئي هی نہ في نفسہ اُسکي اصل مضبوط هی نہ در حقیقت اُسکي بنا مستحکم هی اگر لوگ اپنے ہاتھہ اُٹھالیں اور بنیاد کے سہارے پر اُسے چھوڑ دیں تو نہ اُسکي خوبصورت دیواروں کا نشان ملے نہ اُسکي خوشنما محرابیں نظر آویں نہ اُسکي ملمع کاري کي چمک باقي رہے بلکہ دکت الارض دکا کي کیفیت ہوجاوے اور تبدل الارض غیر الارض کي صورت نظر آوے یہہ حقیقت هی اجماع کي جو میرے نزدیک ازروے اصول شریعت کے ثابت هی فمن اعتقد غیر ذالک فلیجدد عقیدته و لیتب من تعصبه ثم من ادعی بطلان هذا البیان فلیرد ان یظهر في میدان البرهان اما بتقریر اللسان و اما بتحریر البیان و الحق یعلو علی البطلان ٭

راقم
مہدي علي عفا عنہ ربہ

THE PROPOSED MUHAMMEDAN COLLEGE

It is our belief that even truth does not possess any miraculous power of impressing itself on the minds of men. The only miracle it possesses is that it fears no discussion or contradiction.

Without reference to the fact whether the discussions lately published in Newspapers on the proposed Muhammedan College are favorable or unfavorable to our scheme, we beg to say that they afforded us very great pleasure. The subject has attracted the attention of the people and has induced them to discuss it, and thus *gives* us a *stronger hope of the ultimate* success of our undertaking.

The writer of an article published in the excellent paper, the *Pioneer*, assures us that the proportion of *Muhammedan pupils reading in Government Colleges* and Schools is not low. This is indeed a very gratifying assurance for us. We congratulate ourselves on this glad tidings, but at the same time would remark that the number regarded by the writer as sufficiently large is still too small in our estimation. We are not satisfied with it, we wish it could increase considerably, and at the same time trust that this desire of ours will not be a subject of raillery or ridicule to any one who is a friend to mankind.

We see no reason why we should remain contented with the number of Musalman students at present attending Government Colleges and Schools, and why those who find fault with the Government system of education (though they may perhaps be mistaken *in* their views) should not attempt to improve it.

The writer of an article published in the *Indian Observer*, dated 28th September, delights to call us arrogant and bigoted, and states that these qualities prevent us from availing ourselves of the advantages of education afforded in Government Institutions.

A first perusal of the article above alluded to caused *us much anxiety and a considerable amount of* trepidation. We were anxious to know whether the article was written by Mr. D. P. I., or Mr. C. S.; for if written by the latter, we were afraid lest he might be a Lieutenant Governor in embryo, and thus at some future time have the lives of the poor Muhammedans in his hands. On a more careful perusal however of the article in question, we were delighted to find that the views it inculcated were precisely similar to those which we have often heard before, and thus our anxiety and fear were at once allayed.

We admit that we are both arrogant and bigoted, but this is no reason why we should not adopt a system of education which may not impair our arrogance and bigotry, but at the same time further our advancement in learning. The writer again aims a taunt at us, and says he does not understand why we should

نمبر ١٠١

مدرسة العلوم مسلمانان

همارا يهه عقيدة هى كه سچي راے ميں بهي كوئي ايسي كرامات نهيں هوتي كه وه از خود لوگوں كے دلوں ميں بيٹهه جاوے — اُس ميں جو كچهه كرامات هوتي هى وه صرف اسقدر هوتي هى كه مباحثه كا اُس كو خوف نهيں *

مجوزه مدرسة العلوم مسلمانان پر جو بعض اخباروں ميں هوئي (بالحاظ اسبات كے كه وه هماري تدبير كے موافق تهي يا مخالف) اُس سے همكو نهايت خوشي هوئي هى اور اسبات كے ديكهنے سے كه لوگوں نے اُسپر توجهه كي اور مباحثه كيا همكو اپنے مقصود كے حاصل هونے كي قوي تر اُميد هوتي هى *

نهايت نامي اخبار پايونير ميں آرٹيكل لكهنے والا همكو يقين دلاتا هى كه گورنمنٹ كالجوں اور اسكولوں ميں مسلمان طالب علموں كي تعداد كم نهيں هى اس خوش خبر سے هم نهايت خوش هيں اور اپنے تئيں مباركبادي ديتے هيں مگر يهه كهتے هيں كه جس تعداد كو اُس آرٹيكل لكهنے والے نے كافي سمجها هى وه هماري راے ميں بهت كم هى اَور بهت زيادة هوني چاهيئے اس تعداد سے هماري تسلي نهيں اور زيادة هو اور زيادة هو پس يهه هماري خواهش غالباً كسي انسان دوست آدمي كي نگاه ميں كسي طعنه يا نفرين كے قابل نهوگي — جو تعداد كه مسلمان طالب علموں كي اب گورنمنٹ كالجوں اور اسكولوں ميں هى كيوں هم اُسي پر قناعت كريں اور جو لوگ اُس تعليم ميں كچهه نقصان ديكهتے هيں (گو اُنكا ايسا خيال غلط هي هو) كيوں نه اُنكي ترقي تعليم كے ليئے كوشش كريں *

انڈين ابزرور مطبوعه ٢٨ ستمبر سنه ١٨٧٢ع ميں آرٹيكل لكهنے والے نے همكو سخت متكبر اور متعصب كها هى اور يهي سبب همكو گورنمنٹ كالجوں اور اسكولوں سے كم فائده حاصل كرنے كا قرار ديا هى اس آرٹيكل كو پڑهكر اول اول تو همكو بهت تردد و خوف معلوم هوا تردد تو اس بات كا هوا كه يهه كس كا لكها هى مسٹر ڈي پي آئي كا يا مسٹر سي ايس كا اور خوف اس بات كا تها كه اگر پچهلے كا هو تو ايسا نهو كه وه ابهي همارے ملك كا لفٹنٹ گورنر هو جاوے اور مسلمانوں كي زندگي اُس كے هاتهه ميں پڑ جاوے مگر جو كه اُس آرٹيكل كے مضمون اكثر وه هيں كه جو مدت هوئي كه هم سن چكے تهے اسليئے همارا وه تردد اور خوف دونوں جاتے رهے *

مگر هم كهتے هيں كه هاں هم متكبر بهي هيں اور متعصب بهي هيں پر كيوں نه هم ايسا طريقه تعليم اختيار كريں جس سے همارے تكبر و تعصب ميں بهي خلل نه آوے اور هم تعليم بهي پاويں *

انڈين ابزرور کا آرٹيکل لکھنے والا همکو طعنه ديتا هی که " خاص مسلمانوں کے کالج قايم کرنے کے ليئے کافروں سے [يعني انگريزوں سے] کيوں مدد ليجاتي هی اور يهه بهي لکهتا هی که اگر ايسا مدرسه خود مسلمانوں هي کي کوششوں سے قايم هوگا تو يهه ترقي ، بهتري کي دلي خواهش کا ثبوت هوگا ليکن اگر لارڈ نارتهه بروک صاحب سے لوگوں کي سخاوت سے قايم هوا تو کچهه دلي خواهش کا نشان نهوگا " اگرچه ايسا لکهنا ايک عيسائي کو اور خصوصاً اُس قوم والے کو جس سے همنے مدد مانگي اور جو اپنے تئيں انسان کے خيرخواه و سچے دوست سمجهتي هی زيبا نه تها مگر هم دل سے قبول کرتے هيں که جو کچهه اُس آرٹيکل لکهنے والے نے لکها هی بالکل صحيح اور بالکل سچ هی اور هم اپني قوم سے يهه بات کهتے هيں که درحقيقت وه نهايت نالايق اور بے شرم اور بے حيا اور تمام دنيا کي قوموں ميں ذليل هونگي جو اب بهي ايسے طعنے سنکر اس مدرسه کے قايم هوجانے ميں، دل و جان سے روپيه سے اور کوشش سے مدد نکرينگي *

انڈين ابزرور ميں آرٹيکل لکهنے والا همارے ناقص انگريزي کي هنسي اڑاتا هی مگر همکو اس سے کچهه رنج نهيں هی کيونکه يهه جو کچهه هی انڈين ايجوکيشنل سسٹم کي عمدگي کا ثبوت هی هم مجبور هيں که هماري يونيورسٹياں اور همارے ملک کے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کي ايسي هي تعليم هی اور صرف هماري هي ايسي تعليم نهيں هی هزاروں در هزاروں کي ايسي هي تعليم هی اسي ليئے هم اُس سے بهاگتے هيں و نفرت کرتے هيں *

اُردو اخباروں کے ديکهنے سے معلوم هوتا هی که اس مدرسه کے قايم هونے کي تجويز کے مشتهر هونے پر لوگوں کے دلوں ميں بغير کامل غور و فکر کرنے کے بيجا ولولے پيدا هوگئے هيں کوئي يهه سمجهتا هی که اس مدرسه ميں کے آدمي تعليم پاوينگے ايسا کالج خواه ايک مقرر کيا جاوے خواه دس مسلمانوں کي ترقي کا باعث نهيں هوسکتا بلکه وه يهه تدبير بتاتے هيں که چهوٹے اسکول مسلمانوں کے بهت کثرت سے جا بجا قايم کرائے جاويں تب مسلمانوں کي ترقي هوگي هم اس رائے کے مخالف نهيں هيں مگر اپني قوم کو سمجهاتے هيں که اس رائے ميں کسيقدر نقص هی هم مسلمانوں کي قومي ترقي اور قومي عزت کي ترقي دينے کي خواهش کرتے هيں اور يهه ترقي جب هي هوسکتي هی که هماري قوم کے لڑکوں کو کوئي ايسا موقع ملے جس سے اُن کي عادت اور خصلت اور طريق معاشرت اور اخلاق درست هوں اور نيز اُنکو علم ميں اعلى درجه تک کا کمال حاصل کرنے کا موقع حاصل هو اور يهه بات جب تک که کوئي ايسا دارالعلم جيسا که تجويز هوا هی قايم نهو حاصل هوني غير ممکن هی — قومي عزت جب هي هوسکتي

seek for the aid of Infidels, viz., the English, to establish a purely Muhammedan College. "The existence" "he says, of such an Institution, if it is owed solely "to their own exertions, will be a proof of desire for "improvement, and an earnest of better things. If "however, it is artificially produced as we fear it will "be, by the generosity of men like Lord Northbrook, "it will be a sign of no inward life, and will be of "little use" It scarcely befitted a Christian, and above all one of that race whose aid we sought, one of that which purports to be the true friends and wel-wishers of mankind, to write thus. But we sincerely admit that what the writer has said is perfectly true. Whe would direct the attention of our co-religionists to such taunts and remind them that if they still turn a deaf ear to them, if they do not render help in establishing the college with all their heart, and with all their wealth, they will prove themselves the most shameless, and the lowest of all the nations on the face of God's earth.

The writer further laughs at our defective English, but we are not at all sorry for it. It is rather a proof of the excellence of the Indian Educational system. We cannot help it, for such is the instruction afforded us by our Directors of Public Instruction, and by our Universities. *Our* education only has not been defective; there are thousands and tens of thousands who, in point of training and education, are no better than ourselves; and it is for this reason that we dislike the system and keep ourselves aloof from it.

In certain Vernacular Newspapers, we find that the publication of the project of the establishment of the Muhammadan College has created a great agitation in certain quarters which is quite unnecessary, and which could have been avoided by a due consideration of the subject. Some seem to believe that the number of boys who would receive education in this College would be inconsiderable, and that the establishment of one or even of ten such Institutions would not go far towards improving the Muhammadan race. They therefore propose as the surest means of improvement that a large number of petty Muhammadan schools should be opened in different parts of the country. We are not entirely opposed to this view, but we wish it to be understood by our co-religionists that the view in question is not entirely free from faults. Our desire is to further the national improvement and to raise the national honor of the Muhammadans. This can only be accomplished when our children have opportunites of improving their manners and morals, and their modes of livelihood, and also when the means to attain to a high degree of knowledge are brought within their reach. This is however quite impossible without the establishment of an Educational Institution such as we have already proposed. National honor can only be attained when

هیں جبکه تمام قوم میں ایسے کچهه اعلی درجه کے عالم بهي موجود هوں جو قوم کے لیئے بمنزل تاج کے هوں پهر اُسکے بعد متوسط درجه کے عالم لوگ موجود هوں پهر اُسکے بعد عام لوگوں میں عام تعلیم پهیلائي جاوے اگر بالفرض هم نے چهوٹے چهوٹے دس لاکهه مسلماني اسکول قایم کردیئے اور اوسط اور اعلی درجه کي تعلیم کا کچهه سامان نه کیا تو نتیجه یهه هوگا که همارے لڑکے ویسے هي گدهے کے گدهے رهینگے اور مبادي الحساب اور سورج پور کي کهاني اور انگریزي میں مسٹر کیمسن صاحب کا ترجمه تاریخ هندوستان پڑهتے پڑهتے نسلیں گذر جاوینگي اور پهر ڈائرکٹر صاحب اپني رپورٹ میں لکهدینگے که یهه تو ایسي سوسئیٹي میں ملنے کے بهي لایق نهیں هونے شاید جو کتابیں اُنهوں نے پڑهي هیں وه پڑها سکیں پس همارا فرض هی که سب سے اول هم اپني قوم کے لیئے اعلی سے اعلی تعلیم کا موقع پیدا کریں تاکه جس کا دل هو وه وهاں آوے اور اُس چیز کو حاصل کرسکے جس سے اُس کي قوم کو عزت هو اگر ایک شخص بهي هماري قوم کا اس کالج سے ایسي تربیت پاویگا جیسي هماري خواهش هی تو اُسي سے هماري قوم کو عزت هوگي اگر فرض کرو که ایک بهي اس کالج میں تعلیم نه پاویگا تو همارے دل کا یهه داغ تو که هائے هماري قوم کے لیئے ایسي تعلیم کا جسیکه دل چاهتا هی موقع نهیں ضرور مٹ جاویگا پس عام تعلیم کے دهوکه میں پڑنا اور اس امر اهم سے درگذر کرنا نهایت بد قسمتي مسلمانوں کي هوگي چهوٹے چهوٹے مسلماني اسکول عام تعلیم کے قایم کرنے کچهه مشکل نهیں هیں جو سب سے مشکل اور سب سے زیاده ضروري اور مقدم هی یهي هی اس وقت اسي کے انجام پر سب کو توجهه کرني چاهیئے * ۞

ایک دوسرا بیجا ولوله لوگوں کو اور بغیر کافي فکر کے خصوصاً اهل پنجاب کو یهه اُٹها هی که هم خود هي اپنے لیئے ایسا کالج کیوں نه قایم کریں که شمال مغربي اضلاع کے کالج کي مدد کریں اور وه لوگ اپني راے کي تائید میں بیان کرتے هیں که کیا وه ایک کالج همارے لیئے اور تمام هندوستان کے لیئے کافي هوگا یهه عذر بهي پیش کیا جاتا هی که پنجاب یونیورسٹي کالج کي شمال مغربي اضلاع کے والیوں میں سے کسي نے مدد نهیں کي تهي مگر حقیقت میں اس قسم کے خیالات کا ابتدا میں پیدا هونا پوري دلیل بد قسمتي مسلمانوں کي هی در حقیقت تاریکي کا فرشته روشني کے فرشته کي صورت بنا کر اُنکو دهوکا دیتا هی هم کب کهتے هیں که یهه ایک کالج تمام هندوستان کے لیئے کافي هوگا مگر یهه کهتے هیں که پهلے ایک نمونه بنانے میں سب لوگ یکدل و یک جان هوکر کوشش کرو اُس نمونه کو پورا پورا پهلے بنالو اُس کي خوبیاں اور اُس کے فوائد لوگوں کو دیکهنے دو پهر

we have in the nation a certain number of men who, owing to their perfection in learning may rightly take their position at its head. An average amount of knowledge must also be possessed by the middle class, and we may then think of the diffusion of general education amongst the masses. Let us suppose that we establish ten lacs of petty Muhammadan schools without providing for the attainment of higher and middle class education, the result will be that, our youth will always be in the same rude and ignorant state that we now find them in. They will read generation after generation, the same Mubadi-ul-Hisab, Soorajpore ki Kahani, and Mr. Kempson's English translation of the History of India, and the Director of Public Instruction will record in his report that his students cannot be useful members of society, but that they may be able to teach the books which they have themselves been taught. Thus, it is one of our first duties to provide means for the acquirement of the highest standard of education by the people of our nation, so that those who will may avail themselves of the opportunity and acquire that which may improve the honor of their nation. If a single individual belonging to our race attains to that high standard of learning which we have at heart by means of the system of instruction proposed in the projected College, he will add greatly to the national honor. Supposing however that not even one single such student emerged from the College, we shall at least have no reason to regret that, as at present, there are no means at hand by which to attain a high standard of education.

To neglect this most important action, and to allow themselves to be carried away by fond hopes of general education will prove a great misfortune to the Muhammadans. It is not at all difficult to open petty Muhammadan schools for general education. It is difficult however to accomplish the work we have at heart, and every effort should therefore be made by us to do it.

Another ambition by which the people of the Punjab seem more particularly to have been deluded is to establish a similar College for themselves in their own country instead of rendering any help to the people of the North Western Provinces. In support of their opinion they say that a single institution of the kind in the North Western Provinces cannot be sufficient for them and for the whole of India. They also assert that the people of the North Western Provinces rendered no assistance in the establishment of the Punjab University College. Such ideas at the outset are undoubtedly strong proofs of the misfortune of the Musalman race. Indeed the angel of darkness is trying to deceive them in disguise of the angel of light.

We have never said that one single Institution will suffice for the whole of India. We simply ask that

کام سب سے مقدم اور سب سے زیادہ مشکل ہی جب ایک نمونہ قایم
ہو جاویگا پھر از خود اُس کی مثالیں قایم ہوتی جاوینگی پہلی دفعہ
اس کا قایم ہونا اور چل جانا مشکل ہی پھر کچھہ مشکل نہوگی
جو روپیہ اس کے لیئے تخمینہ کیا گیا ہی جب کہ ہماری قوم کے
لوگ اس کے فوائد سے واقف ہو جاوینگے تو اُس قدر روپیہ ایک
پریسیڈنسی کیا ایک ایک ضلع سے جمع ہوسکیگا اور ہم ہر ہر ضلع
میں ایسا کالج بنا سکینگے لیکن اگر ابھی شروع ہی میں اس کی
مزاحمت ہوئی اور ہر ایک نے اپنی تیرہ اینٹ کی مسجد جدا بنانی
شروع کی تو نہ یہہ ہوگا نہ وہ ہوگا اور ہماری قوم اُسی طرح ذلت
اور خدا کی پھٹکار میں مبتلا رہیگی *

پنجاب یونیورسٹی کالج اگر غور کر کر دیکھو تو خالص پبلک کی
جانب سے نہ تھا بے شک وہ نہایت عمدہ چیز ہی ہم اُس کی بہت
تعریف کرتے ہیں اور اُس کے بانیوں کے بہت شکر گذار ہیں الا اُسکو
ایسا ہی ایک رفاہ عام کا کام سمجھتے ہیں جیسا کہ گورنمنٹ اپنی
رعایا کے فائدہ کے لیئے اَور کام رفاہ عام کے کیا کرتی ہی مگر یہہ تدبیر
اس مجوزہ کالج کے قایم کرنے کی ایک ایسی تدبیر ہی جو خالص
رعایا کے دل سے نکلی ہی اور خود ہماری قوم نے اپنے بھائیوں کی
ترقی و بہتری کے لیئے اور خود اپنی تجویز سے اور اپنی مرضی کے
موافق قایم کی ہی اور اسی سبب سے اپنے بھائیوں ہم قوموں سے
بادعاے برادری و ہم قومی چندہ مانگا جاتا ہی پنجاب یونیورسٹی
کا چندہ حکام کے خوش کرنے کے لیئے تھا اور یہہ چندہ اپنے قریب المرگ
جاں بلب رسیدہ ماں جائے بھائیوں کی جان بچانے کو ہی پس ان
دونوں کالجوں کے چندوں میں زمین و آسمان کا فرق ہی — اس
کالج کا چندہ جمع کرنے کو ہمارا حق ہی کہ ہم اپنے قومی بھائیوں
سے ہاتھہ جوڑ کر چندہ لیں تھوڑی میں ہاتھہ ڈال کر چندہ لیں کان
پکڑ کر چندہ لیں منت سماجت کر کر چندہ لیں چھین کر چندہ لیں کیا
یونیورسٹی کالج پنجاب کو ایسا حق تھا فرض ہماری اس وقت یہہ
ہی کہ ہماری قوم کو چاہیئے کہ اس وقت تمام خیالات کو دل سے دور
کریں اور تمام ولولوں کو اپنے دل سے مٹا دیں اور صرف یہی ایک
ولولہ اپنے دل میں رکھیں کہ یہہ کالج مجوزہ قایم ہو جاوے جہانتک
ممکن ہو اُس کی تائید کریں نہ یہی بات اُن کے حق میں بہتر
ہی — ہم اپنی سی کیئے جاتے ہیں اور کہے جاتے ہیں یہی ہمارا
فرض ہی آیندہ ہونا یا نہونا خدا کے ہاتھہ ہی واللہ المستعان *

راقم
سید احمد

all may first try with one heart to set up an example in its complete form and let people see its advantages and the ultimate good that can be derived from it. To make a good beginning is the most difficult of tasks. When once a sample is shewn, it will be speedily copied. The difficulty lies only in starting and continuing the work. When the first project is vigorously carried out, subsequent obstacles will be easily surmounted. When the people of our nation come to know the advantages to be derived from the proposed College, we shall be able to raise a sum of money equal to that estimated for the establishment of this College from each Division almost, not to speak of each Presidency, and we shall then be able to found similar Institutions wherever they may be found necessary. But on the contrary, if opposition be made at the very commencement, and if each individual desires to build his own castle in in the air according to his own ideas, neither the one nor the other will ever come into existence, and the Muhammadans will linger on in their present forsaken and degraded state. They will fall between two stools.

If my readers will just reflect for a moment they will find that the Punjab University College does not owe its foundation entirely to the public. We are far from lowering its value, nay, we highly admire it, and are deeply thankful to its founders for the benefits it confers, but we, at the same time can not help regarding it as a work of public utility erected by Government similar to many others which Government always erects for the benefit of its subjects But the scheme for the establishment of the proposed College has originated entirely from the people themselves, and above all, men of our own nation have proposed it for the improvement and welfare of their brethren according to their own choice, and it is for this reason that subscriptions are invited from them with the claim of being of the same fraternity and of the same religion.

The subscriptions paid for the Punjab University College were intended to please the official authorities, whereas the pecuniary help now asked for is to save our own brothers who are now on the brink of mental ruin. The difference between the subscriptions now asked for and those paid for the Punjab University is as great as that between earth and heaven. In order to raise funds for the projected College we feel ourselves entitled to ask our co religionists for help by supplication and almost, we would say, by force! Could the Punjab University College claim the same privilege?

We therefore request our co-religionists to get rid of all their erroneous notions and ambitions, and to direct their chief aims towards the actual establishment of the proposed Muhammedan College, and to try all possible means in their power to support it. Their real good consists in their so doing. We say and we do what we think proper. To accomplish our desire, our success or failure rests with the Omnipotent and Omniscient God before whose will every other thing must bow.

SYED AHMED.

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۱۵ رمضان سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۲ نبوی [نمبر ۱۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع
تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص سانہہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین .
تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹاے جاویں *

مضمون نمبر ١١٠

انڈین آبزرور اور مسلمان

ہماری یہہ رائے ہی کہ اس زمانہ میں مسلمانوں کی ایسی حالت ہی کہ جو لفظ سخت سے سخت اور خراب سے خراب اُنکی نسبت استعمال کیئے جاویں وہ سب درست و بجا ہیں اور اسی سبب سے اُن ان سوویلیزڈ الفاظ سے جو انڈین آبزرور میں آرٹکل لکھنے والے نے ہم مسلمانوں کی نسبت لکھے ہیں ہمکو کچھہ ناراضی نہیں ہوتی بلکہ اس قسم کی تحریر سے ہمکو توقع ہوتی ہی کہ ہماری قوم کو غیرت اور شرم آویگی اور وہ اپنی حالت کی درستی اور اصلاح پر متوجہہ ہوگی پس اس آرٹکل میں ہمارا مطلب اسیقدر ہی کہ ہم اپنی قوم کو جتلاویں کہ ہمارے زمانہ کے علم کے دیوتا نے ہماری نسبت کیا کہا ہی *

سلیکٹ کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان میں یہہ سوال بحث میں آیا تہا کہ ” ہندوستان میں انگریزی تعلیم کا اثر ایسا کیوں نہیں ہوتا جیسا کہ انگلستان میں ہوتا ہی “ پس اُس کا جواب انڈین آبزرور کا آرٹکل لکھنے والا یہہ دیتا ہی کہ ” اُنکو (یعنی مسلمانوں کو) گورنمنٹ کی ذات سے یہہ توقع بہی نہیں کرنی چاہیئے کہ وہ سور کے بالوں سے ریشم کی تہیلی بنادے “ پس اب ہم اپنی قوم سے پوچہتے ہیں کہ علم کے دیوتا نے ہمکو سور کا خطاب دیا ہی پس ہمکو اسی خطاب میں خوش رہنا چاہیئے یا کوشش کرکر اور اپنی حالت کو درست کرکر دنیا کو بتلانا چاہیئے کہ اس خطاب کا مستحق کون تہا *

دوسرا جواب اسی سوال کا اُس آرٹکل کے لکھنے والے نے یہہ دیا ہی کہ ” جس شی پر اُسکا (یعنی تعلیم کا) اثر ہوتا ہی وہ دونوں ملکوں (یعنی ہندوستان اور انگلستان) میں مختلف ہی گو آلہ دونوں کا ایک ہی ہو سنگریزہ یا کنکر سے ایک روشن ہیرا یا لعل نہیں بن سکتا “ پس اب ہم پوچہتے ہیں کہ آیا ہماری قوم کو سنگریزوں میں اور کنکروں میں پڑا رہنا اور ہر ایک کی ٹہوکریں کہانا اور دشنام سننا ہی پسند ہی یا اپنی حالت میں کچھہ ترقی کرنے کا بہی ارادہ ہی *

یہہ سچ ہی کہ جو شخص بد زبان کسیکی نسبت استعمال میں لاتا ہی وہ خود اولاً اپنے آپ کو ان سویلیزڈ ثابت کرتا ہی اور یہہ بہی سچ ہی کہ اُس آرٹکل کا لکھنے والا ہمکو متکبر اور سخت متعصب بتاتا ہی حالانکہ وہ ہم سے بہی زیادہ معلوم ہوتا ہی مگر ہمکو اس پر خیال کرنا نہیں چاہیئے بلکہ جو لفظ ہمارے دشمن نے بہی ہمارے حق میں کہیں ہوں اُن سے بہی ہمکو نصیحت پکڑنی چاہیئے *

THE "INDIAN OBSERVER" ON MAHOMMEDAN EDUCATION.

At the present time, the Mahommedans of India are in such a degraded state, that the worst language might reasonably be employed to describe it. Consequently we are not in least offended by the insolent tone of the *Observer*. Moreover we hope that the result of the Observer's reflections will be productive of some good, in as much as it will make the Musulmans feel the really miserable condition in which they are, and will incite them to improve their *status*. Therefore, the views of the scientific oracle who speaks through the medium of the Indian Observer, ought to be known by our co-religionists.

The Select Committee discussed the question "why is the effect of education in India not similar to that in England?" In reply to this question the Indian Observer says that "they (Mahommedans) cannot expect Government to make a silk purse of a sow's ear." Thus we observe that we have been compared to swine and therefore it is for us to decide whether we ought to bow humbly to the compliment paid us by the Observer. Why not, improve our intellectual *status* and then let the world decide who deserves the epithet of swine.

It is further asserted that "the material on which it (education) works is very different. The tool used may be the same but cut it as you will, you cannot make a diamond out of a pebble or a sparkling ruby out of a lump of sandstones." Is it proper for us to suffer to be compared to such worthless things as pebbles or sandstones or is it necessary to rouse ourselves from the mental stupor in which we have fallen and shew signs of inward life and activity?

It is natural that bad language proves a man to be wanting in the essential characteristics of good breeding. The writer of the article in the Observer, calls us arrogant and begotted whereas he appears himself to be more the so. However we think it very mean to take notice of such words told by our opponent; we simply ought to learn something from his sayings.

We also come across the following passage :—

" It would be well for the Committee * * * * to search and see if any great philosopher or poet or man ever came out of a nation that could honestly describe as they have done." If this assertion refer to the period since which the Director of Public Instruction has had the management of the educational affairs, then we must confess that there *has* not been a single man worthy to be called great. If on the contrary the writer of the article does not refer to any particular period, we cannot help pitying at his ignorance of common subjects and we must advise him to take a trip to Cambridge, and devote his attention towards the study of the Histories of Philosophy and Oriental Literature.

SYED AHMED.

PROCEEDINGS OF THE MEETING OF THE MUHAMMADAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTEE.

Held on the 8th November, 1872.

No. 9.

Present :

Sheikh Ghulam Ali, President.

Members.

Mirza Muhammad Rahmut-ullah Beg.
Munshi Muhammad Subhan Hyder.
Munshi Syed Ali Hassan.
Moulvi Muhammad Arif.
Syed Muhammmad Hamid Khan.
Munshi Muhammmad Yar Khan.
Syed Ahmed Khan, Bahadoor, C. S. I.—Member and Secretary.

The proceedings of the Meeting held on the 19th October 1872, No. 8, recorded in the book of proceedings under the signature of the Secretary, having been confirmed, the business of the Meeting was commenced.

The Secretary then addressed the Committee and said that as directed in the Meeting of the 25th September, 1872, he begged to submit his report as regards the selection of a suitable locality for the estab-

ایک مقام پر اُس آرٹکل کا لکھنے والا لکھتا ہی کہ " کمیٹی کو مناسب ہی کہ * * * اس امر کی تفتیش کرے کہ ایا اُس قوم میں (یعنی مسلمانوں میں) کبھی کوئی بڑا فلسفی یا شاعر پیدا ہوی ہوا ہی جو ایمانداری کے ساتھہ اپنی نسبت خود یہہ باتیں بیان کرے جو کمیٹی نے بیان کی ہیں " اگر اس عبارت کا یہہ مطلب ہو کہ ہمارے ملک کے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کے وقت میں کوئی شخص ہماری قوم کا ایسا ہوا ہی یا نہیں تو اُس کا تو جواب صاف ہی کہ نہیں اور اگر کبھی کے لفظ سے غیر مقید زمانہ مراد ہو تو اُسکا جواب یہہ ہی کہ اس آرٹکل کے لکھنے والے کو دوبارہ کیمبرج یونیورسٹی میں جاکر ہسٹری آف فلاسفی اور ہسٹری آف اورینٹل لٹریچر پڑھنی چاہیئے *

راقم
سید احمد

نمبر ۱۱۱

روئداد

اجلاس مجلس خزنۃالبضاعۃلتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین

منعقدہ آٹھویں نومبر سنہ ۱۸۷۲ع — مقام بنارس

نمبر ۹

صدر انجمن

شیخ غلام علی صاحب

ممبران موجودہ

مرزا محمد رحمت‌الله بیگ صاحب
منشی محمد سبحان حیدر صاحب
منشی سید علی حسن صاحب
مولوی محمد عارف صاحب
سید محمد حامد خاں صاحب
منشی محمد یار خاں صاحب

سکرتری

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

اجلاس شروع ہوا اور روئداد اجلاس منعقدہ ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۸۷۲ع نمبر ۸ جو بدستخط سکرتری مرتب اور کتاب روئداد میں مندرج تھی ملاحظہ ہوئی *

lishment of the proposed Muhammadan College, and to inform that he had fixed upon the District of Allygurh as the most eilgible site for the new College.

He (Secretary) then read his report before the Meeting as given at the end of this proceeding, and stated that the Members named below had expressed their full concurrence with the proposal that the College should be established at Allygurh.

Those Members, with whom he (Secretary) had an interview, gave in their consent verbally while the others communicated it to him by means of letters.

2. Khalifa Syed Muhammad Hussan Prime Minister of Puttiala.

3. Hafiz Ahmed Hussan Dewan of the Ex-Nawab of Tonk.

4. Syed Muhammad Mahmood, Barrister-at-Law, who is shortly expected here from London.

5. Moulvi Syed Mehdi Ally, Deputy Collector, Mirzapore.

6. Moulvi Syed Zain-ul-Abadin, Sudder Ameen, Boolundshahar.

7. Nawab Muhammad Mahmood Ali Khan of Chhatari.

8. Raja Syed Muhammad Bakar Ali Khan, of Pindrawul.

9. Koonar Muhammad Lutf Ali Khan of Chhatari.

10. Muhammad Masood Ali Khan, alias Mashook Ali Khan, of Danpore.

11. Mirza Muhammad Abid Ali Beg Munsiff of Hathrass.

12. Munshi Muhammad Mushtaq Husain, Nayab Sirishtedar, Collector's Office, Allygurh.

13. Muhammad Masood Shah Khan, Munsarim, Munsiff's Court, Hathrass.

14. Moulvi Muhammad Sami-ullah Khan, Pleader, High Court, N. W. P.

15. Muhammad Enayat-ullah Khan, of Bheekampore.

16. Moulvi Muhammad Ismail of Allygurh.

17. Khwaja Muhammad Yoosooff of Allygurh.

After the Secretary's report was read the following Members present in the Meeting also expressed their approval.

سکرتري نے کہا کہ ۲۵ دسمبر سنہ ۱۸۷۲ع کے اجلاس میں مجھکو هدایت هوئي تهي کہ میں ایک کیفیت اس امر کي نسبت پیش کروں کہ مدرسۃالعلوم مسلمانان کس ضلع میں قایم کرنا مناسب هی بوطبق اُس کے میں کیفیت مطلوبہ پیش کرتا هوں اور اطلاع دیتا هوں کہ میٹنے مدرسۃالعلوم مسلمانان کے لیئے علیگڈہ کو منتخب کیا هی *

بعد اس کے سکرتري نے اپني رپورٹ ممبروں کے سامنے پڑهی جو روئداد کے اخیر میں شامل هی اور یهہ بیان کیا کہ ممبران مفصلہ ذیل نے بذریعہ تحریر اور نیز زباني مجهسے بوقت ملاقات کے اس تجویز سے اتفاق کیا هی اور علیگڈہ میں مدرسۃالعلوم مسلمانان قایم هونا منظور فرمایا هی *

۲ جناب خلیفہ سید محمد حسن صاحب وزیر اعظم ریاست پٹیالہ

۳ جناب حافظ احمد حسن صاحب سفیر نواب صاحب سابق والي ٹونک مقیم لندن

۴ سید محمد محمود صاحب بیرسٹرایٹلا جو عنقریب لندن سے هندوستان میں آنے والے هیں

۵ مولوي سید مهدي علي صاحب ڈپٹي کلکٹر بہادر مرزاپور

۶ مولوي سید زین‌العابدین صاحب صدر امین بلندشہر

۷ نواب محمد محمود علیخاں صاحب رئیس چهتاري

۸ راجہ سید محمد باقر علیخاں صاحب رئیس پنڈراول

۹ کنور محمد لطف علیخاں صاحب رئیس چهتاري

۱۰ مسعود علیخاں صاحب عرف معشوق علیخاں صاحب رئیس دانپور

۱۱ مرزا محمد عابد علي بیگ صاحب منصف درجہ اول هاتهرس

۱۲ منشي محمد مشتاق حسین صاحب نایب سررشتہدار کلکٹري علیگڈہ

۱۳ محمد مسعود شاہ خاں صاحب منصرم منصفي هاتهرس

۱۴ مولوي محمد سمیع‌الله خاں صاحب وکیل هائي کورٹ الہآباد

۱۵ محمد عنایت الله خاں صاحب رئیس بهیکمپور

۱۶ مولوي محمد اسمعیل صاحب رئیس علیگڈہ

۱۷ خواجہ محمد یوسف صاحب رئیس علیگڈہ

بعد سماعت رپورٹ سکرتري کے ممبران موجودہ مفصلہ ذیل نے بهي اسبات کو کہ مدرسۃالعلوم مسلمانان علیگڈہ میں قایم هو بالاتفاق قبول و منظور کیا *

18. Syed Muhammad Hamid Khan.
19. Munshi Muhammad Yar Khan.
20. Mirza Muhammad Rahmut-ullah Beg.
21. Moulvi Muhammad Arif.
22. Munshi Muhammad Subhan Hyder.
23. Munshi Syed Ali Hussan.
24. Sheikh Ghulam Ali.

25. Nawab Muhammad Hussan Khan, who came after the business of the Meeting was over, read over the papers and the Secretary's report, and approved of the proposal.

In conclusion it was unanimously carried out that copies of the proceeding of the Meeting and of the Secretary's report be sent to the other Members with request that they may be pleased to inform the Secretary of their approval or dis-approval of the proposal in question.

The Members then thanked the Chairman and the Meeting broke.

SYED AHMED,
Secretary.

To

THE PRESIDENT AND MEMBERS OF THE MUHAMMADAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTEE, BENARES.

Sirs,

With reference to the proposal made in the Meeting of the Committee held on the 25th September, 1872, I have the honor to submit my report as regards the selection of a suitable locality for the establishment of the proposed Muhammadan Anglo-Oriental College as follows :—

I read the discussions published in Newspapers on the subject, and had personal conversation with some of my friends whom I had the honor to see during the Dussehra vacation. And, after due consideration, I now beg to report that the district of Allygurh is the best place for the establishment of the College.

١٨ سيد محمد حامد خان صاحب
١٩ منشي محمد يار خان صاحب
٢٠ مرزا محمد رحمت الله بيگ صاحب
٢١ مولوي محمد عارف صاحب
٢٢ منشي محمد سبحان حيدر صاحب
٢٣ منشي سيد علي حسن صاحب
٢٤ شيخ غلام علي صاحب

٢٥ واضح هو كه بعد ختم اجلاس نواب محمد حسن خان صاحب تشريف لائے اور بعد ملاحظه كاغذات و رپورٹ سكرٹري انهوں نے بهي تجويز مذكوره بالا سے اتفاق كيا *

بعد اسكے بالاتفاق يهه تجويز هوئي كه نقل اس روئداد كي معه نقل رپورٹ سكرٹري بقيه ممبران كے خدمات عاليات ميں اس اميد سے بهيجي جاوے كه صاحبان ممدوح بهي اپني اپني راے سے نسبت اتفاق يا اختلاف تجويز مذكوره بالا مطلع فرماويں *

بعد اسكے شكريه صدر انجمن كا ادا كيا گيا اور مجلس برخاست هوئي *

دستخط
سيد احمد خان بهادر سي ايس آئي
سكرٹري

رپورٹ بعالي خدمت پريزيڈنٹ و ممبران مجلس خزنة البضاعة لتاسيس مدرسة العلوم للمسلمين

ميں بموجب اُس تجويز كميٹي كے جو ٢٥ ستمبر سنه ١٨٧٢ع كو هوئي تهي اپني رپورٹ اس امر كي نسبت كه مدرسة العلوم مسلمانان كس جگهه هونا چاهيئے كميٹي ميں پيش كرتا هوں *

وه مباحثات جو اسباب ميں اخباروں ميں چهپي اُنكو بهي ميں نے بغور ديكها اور اس تعطيل ميں جن جن دوستوں سے ملاقاتيں هوئيں اُن سے بهي ميں نے گفتگو كي اور بالآخر ميري رپورٹ يهه هے كه عليگڈه سے بهتر كوئي جگهه مدرسة العلوم كے مقرر كرنے كے ليئے نهيں هے *

جس قسم كا مدرسة العلوم مقرر كرنا تجويز كيا گيا هے اور جس سے يهه مقصد هے كه طالبعلموں كے اخلاق درست هوں اور اُنكے خيالات پريشاني سے محفوظ رهيں اور جمعيت اور تسكين كي طرف مايل هوں اور جذبات انساني كو اعتدال پر لايا جاوے اور حسن معاشرت اُنميں پيدا هو اس قسم كے مدرسه كے ليئے ضرور هے كه وه ايسے مقام پر مقرر

The nature of the Institution itself, viz, that the students should have as few temptations as possible, as are likely to mislead them from their proper ends, that their thoughts and notions, instead of wandering astray, should take a turn to calmness and serenity, and that their manners and morals should improve, requires that the College should be opened, not in any of the large towns where temptations to evils are great, nor in any small village where even the necessaries of life are hardly procurable. I am glad to say that our requirements will be most conveniently fulfilled by fixing upon Allygurh as the site of the new College.

The next point for our consideration is the excellence of the climate of the place where we will establish the College, where our boys will live and will be brought up, and the climate of which place will have a great effect on their health, intellect, and on their other mental and moral faculties. Allygurh is well known for the excellence of its climate. It would not be too much to say that the climate of Allygurh excels that of any other District in the North Western Provinces in salubrity. I have since consulted Mr. J. R. Jackson Civil Surgeon of Allygurh on the point, and now beg to append hereto his opinion and remarks as regards the healthiness of the place.

Further I beg leave to submit for the consideration of the Committee that our proposed College would at present be the only one of the kind, [God grant that the example may be followed in scores] and the fact therefore makes it incumbent on us to establish it in a locality where it is likely to be of the greatest use to the Muhammadans, and with reference to this fact, every one would give preference to Allygurh which is at no great distance from Delhi and the Eastern Districts of the Punjab. It connects itself with the the N. W. corner of the country comprising Meerut, Saharunpore, and Roorki by means of the Railway line. The junction of the Rohilkhand Railway with that of the E. I. Railway just at Allygurh, by means of which it connects the latter city with the whole of the Rohilkhand Districts, makes it a still more valuable place. It is again at a most convenient distance from the Southern parts comprising Agra, Mathura,

کیا جاوے جو منجملہ شہر ہاے کلاں کے نہو جہاں بہت سی ترغیبیں اُن مقاصد کے برخلاف موجود ہوتی ہیں اور نہ بہت چھوٹا گانوں ہو جہاں اشیاے ضروری بھی بہ مشکل دستیاب ہوتی ہوں یہہ صفات مطلوبہ نہایت خوبی کے ساتھہ علیگڈہ میں موجود ہیں *

اسکے بعد ہمکو اُس مقام کی آب و ہوا کی خوبی پر خیال کرنا بھی نہایت ضروری ہی جہاں مدرسۃالعلوم کا مقرر کرنا تجویز ہو کیونکہ ہمارے لڑکے وہاں رہینگے وہیں کی آب و ہوا سے پرورش پاوینگے اُن کی صحت و تندرستی اور نیز اُن کے ذہن اور دل و دماغ کی قوت پر وہاں کی آب و ہوا کا بہت کچھہ اثر ہوگا علیگڈہ اپنی آب و ہوا کی خوبی میں مشہور و معروف ہی اگر میں کہوں کہ تمام شمال ومغربی اضلاع سے وہ آب و ہوا میں عمدہ ہی تو کچھہ بیجا اور ناواجب نہوگا میں نے اس باب میں جناب ڈاکٹر جمس آر جیکسن صاحب بہادر ایم ڈی سول سرجن علیگڈہ سے مشورہ کیا تھا اور جو راے کہ اُنھوں نے نسبت علیگڈہ کی آب و ہوا کی خوبی و عمدگی کے دی ہی وہ میری اس رپورٹ کے ساتھہ شامل ہی *

اسکے بعد ہمکو اس بات پر خیال کرنا چاہیئے کہ ہر گاہ بالفعل یہہ ایک ہی مدرسہ اس قسم کا قایم ہوتا ہی (خدا کرے کہ آیندہ بیسیوں ایسے ہی مدرسے قایم ہوں) تو جہاں تک ممکن ہو ہمکو ایسی جگہہ قایم کرنا چاہیئے جو مسلمانوں کے لیئے زیادہ تر مفید ہو اس لحاظ سے جو شخص کوئی جگہہ تجویز کریگا علیگڈہ ہی کو تجویز کریگا ـــ علیگڈہ دهلی اور اضلاع مشرقی پنجاب سے بہت دور نہیں ہی ـــ میرٹھہ و سہارن پور روڑکی وغیرہ اُن اضلاع کو جو شمالی مغربی کونے پر واقع ہیں ریلوے کے سلسلہ سے اپنے ساتھہ ملاتا ہی ـــ روہیلکھنڈ ریل جو خاص علیگڈہ میں اُن کو ملی ہی اُس کے ذریعہ سے یہہ مقام اور بھی زیادہ مفید ہوگیا ہی اور تمام روہیلکھنڈ کو اپنے میں ملالیا ہی ـــ جنوبی سمت جسمیں آگرہ و متھرا و بھرت پور کے علاقہ کی مسلمان سادات کی بستیاں اور علاقہ دھولپور و گوالیار ہی اُس کے لیئے بھی مناسب دوری پر واقع ہی ـــ لکھنؤ اور اپنے مشرقی اضلاع کو بھی ریلوے کے سلسلہ سے جدا نہیں ہونے دیتا پس اس مدرسۃالعلوم کے مقرر کرنے کے لیئے علیگڈہ سے زیادہ مناسب کوئی جگہہ واقع میں نہیں ہی *

اسکے بعد ہمکو اس بات پر خیال کرنا ہی کہ اُس مقام میں یا اُس کے گرد نواح میں کس قسم کے لوگ بستے ہیں جن سے ہمکو اس بات کی توقع کرنی چاہیئے کہ وہ لوگ اور اُن کی اولاد اس مدرسہ کی ہمیشہ معین و مددگار و سرپرست و پرسان حال رہینگے ـــ اس

parts of Bharathpore occupied by Saiyads, Dholpore, and Gwalior, Lucknow, and the districts situated on the East of it are similarly connected with it by the Railway line. In short, no other place in the North Western Provinces is more fitted for the establishment of the College than is Allygurh.

We should not also lose sight of the fact that the place where we would establish the College, or the neighbouring district must have for its population a people from whom and from whose descendants we might expect an uninterrupted and cordial support for the continuance of the College. But I am sorry to say that when I look around I can discover no place whence I could expect the realization of this hope. The people of Allygurh however, hold out some hope (though a meagre one) in this respect. Allygurh and the neighbouring towns have all Muhammadan population. Moreover, Allygurh and Boolundshahar which are adjacent to one another have many well to do Muhammadan gentlemen and Talcokdars, some of whom are well known for their intelligence, foresight, and for their sympathies with their co-religionists, though there may be some who may be possessed of just the opposite qualities. The estate of Pindrawal is situated just close to Allygurh. The owner is a Shia gentleman. We have sanguine hopes that all these men, as well as their descendants will always feel a deep interest in the support of the College. This particular advantage which I have just referred to in connection with Allygurh, and which in fact ought to have preference over all others, I dare say, is not to be met with in any other town or city in the North Western Provinces, and these considerations lead me to select Allygurh as the best place suited to our purpose.

With reference to the climate, extensive population, or dear living in Allahabad, or with reference to the fact that a Government College has already been established there, the Members of the Committee will not, I believe, think it proper to establish their College there. The climate of Rohilkhand, and its situation in a corner, (as if it were the America or the New World of the North Western Provinces) make it quite out of place to think of establishing

خیال سے جب میں آنکھ اُٹھاکر دیکھتا ہوں تو چاروں طرف اندھیرا معلوم ہوتا هی پھر جو کچھه تھوڑي بہت توقع ہوتي هی تو علیگڈہ هي کے نواح کے لوگوں سے ہوتي هی — علیگڈہ اور اُسکے گرد کے تمام قصبات مسلمانوں کي آبادي کے هیں اور علیگڈہ میں اور بلند شهر میں جو بالکل اس سے ملا ہوا هی تمام مسلمان رئیس بڑے بڑے تعلقدار ذي مقدور هیں اور بعض اُن میں سے روشن ضمیر اور سمجھه دار اور مآل‌کار پر غور کرنے والے اور اپني قوم کي خراب حالت پر افسوس کرنے والے بھي موجود هیں (گو بعض کي طبیعتیں اسکے برخلاف بھي هیں) اور ایک نہایت عمدہ ریاست پنڈراول کي اُس کے قریب هی جس کے رئیس شیعہ هیں اور اُن تمام لوگوں سے اور اُن کي اولاد سے اُن سے بھي زیادہ توقع هی کہ یہہ سب نہایت دل سے همیشہ اس مدرسہ کے حامي و سرپرست رهینگے یہہ خاص صفت جو میں نے علیگڈہ کي نسبت بیان کي (اور جسکو سب سے اعلی اور مقدم سمجھنا چاهیئے) میں نہایت مضبوطي اور تقریب سے کہہ سکتا هوں کہ تمام اضلاع شمال و مغرب میں کسي دوسري جگہہ نہیں هی پس ان وجوهات سے میں نے علیگڈہ کو دارالعلم بنانے کے لیئے عمدہ مقام تجویز کیا هی *

ممبران کمیٹي اس بات کو یقیني تسلیم کرتے هونگے کہ اس مدرسةالعلوم کے لیئے الہ‌آباد کا مقام تجویز کرنا کیا بنظر وهاں کي آب و هوا کے اور کیا بلحاظ اُس کے موقع کے کہ زیادہ تر جانب شرق واقع هی اور کیا بنظر کلاني شهر کے جو روز بروز زیادہ هوتي جاتي هی اور کیا بسبب اخراجات کثیر کے جو لوازمات روز مرہ کے سر انجام میں وهاں واقع هوتے هیں اور کیا بنظر اس بات کے کہ خاص اُس مقام پر حال میں ایک مدرسہ اعظم گورنمنٹ کي جانب سے قایم هوا هی کسي طرح مناسب نہیں هی *

روهیلکھنڈ بھي کیا بنظر آب و هوا کے اور کیا اس سبب سے کہ ایک طرف کو پڑا هی جو اور اضلاع کي نسبت بمنزلہ امریکا کے هی اس مدرسةالعلوم کے لیئے جو ابھي صرف ایک هي قایم هونا تجویز هوا هی کسي طرح مناسب نہیں هی *

آگرہ البتہ غور کے قابل تھا مگر اُسکي آب و هوا همیشہ سے بہت ناقص هی اور انسان کے مزاج کو چنداں مناسب نہیں هی جہانگیر بادشاہ نے اپني تزک میں لکھا هی " هواے آگرہ گرم و خشک است مطلق اطبا انست کہ روح رابہ تحلیل مے برد و ضعف مے آرد و بہ اکثر طبایع ناسازگار است مگر بلغمي و سوداوي مزا جان را کہ از ضرران ایمن اند و ازیں جہت است کہ حیواناتے کہ ایں مزاج و طبیعت دارند مثل فیل و گاومیش وغیر آں درین آب و هوا خوش میشوند " علاوہ اسکے

مرتع آگرہ بھی خوب نہیں ہی کیونکہ وہ جنوب کو زیادہ مایل ہی اور اُن ملکوں سے جنکا میں نے اوپر ذکر کیا ایک طرف کو پڑتا ہی اور نیز ایک قدیم پورانا بڑا شہر ہی جو ہمارے اصول موضوعہ کے بموجب ایسا مدرسہ قایم ہونے کے لیئے مناسب نہیں ہی *

لوگوں کا یہہ بھی قول ہی کہ یہہ مدرسہ کسی نامی شہر میں ہونا چاہیئے جس کے سبب سے مدرسہ اعلی نام ہو اور شہرت پاوے مگر میں کہتا ہوں کہ خود یہہ مدرسہ اُس مقام کو جہاں قایم ہوگا ایسا نامی کردیگا کہ تمام ہندوستان کے مشہور و نامی شہر اُس کے آگے پست ہوجاوینگے کیا ایکسفورڈ اور کیمبرج کی تھوڑی سی آبادی تمام انگلنڈ کے نامی مقاموں سے زیادہ نام آور نہیں ہی *

ویران دلی میں (جہاں بجز چند دیوارہاے افتیدہ و بزرگان گور خوابیدہ کے اور کچھہ نہیں ہی) مدرسۃالعلوم قایم کرنے پر لوگوں نے بہت کچھہ لکھا ہی مگر جو کہ کمیٹی کو معلوم ہی کہ ابتدا ہی سے شمال مغرب اضلاع ہی میں مدرسہ کے تقرر کے خیال سے سب کارروائی ہوئی ہی اور شمال مغربی اضلاع ہی کی گورنمنٹ نے تمام امدادوں کا وعدہ کیا ہی تو اُن مقاموں کی نسبت بحث کرنا جو حدود اضلاع شمال و مغرب سے خارج ہیں محض بیفائدہ ہی علاوہ اسکے بہت سے وجوہات ہیں جنکے سبب سے دلی اس مدرسۃالعلوم کے لیئے مناسب بھی نہیں ہی *

اب میں اپنی رپورٹ کو اسبات پر ختم کرتا ہوں کہ علیگڈہ ایک پیارا نام ہی — ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ قول مشہور ہی کہ " انامدینۃالعلم و علی بابہا " پس یہہ پہلا مدرسہ ہم مسلمانوں کا جو درحقیقت علم کا دروازہ ہوگا علیگڈہ ہی میں ہونا چاہیئے *

دستخط

سید احمد خان بہادر سی ایس آئی
سکرٹری

یادداشت نوشتہ ڈاکٹر آر جیکسن صاحب بہادر

مجھہ سے اس معاملہ میں راے طلب کی گئی ہی کہ علیگڈہ واسطے قایم ہونے مدرسۃالعلوم مسلمانان کے قابل پسند کے ہی یا نہیں *

اگرچہ اس مقام کی آب و ہوا کی نسبت میرا تجربہ دو برس سے بھی کچھہ کم کا ہی لیکن ڈاکٹر ککلی صاحب اور ڈاکٹر کلارک

---

the new College there, especially when we are to have only one Institution of the kind.

Agra of course is a place which might claim some consideration, but the unhealthiness of its climate, its situation more towards the South, and away from the places named above, and also on account of its being an ancient and large city where, under the principle noticed above, the College cannot be founded, make it quite unfit for the purpose.

People are desirous that the College may be founded in some famous town which will give celebrity to the College, but I would observe that the establishment of the College itself will give the place a name which will eclipse the fame of all other towns of India. Are not the towns of Oxford and Cambridge with their limited number of population more conspicuous than all other famous towns of England?

People have said much about the establishment of the College in Delhi which has nothing more than some ruined walls, and tombs of some of the most learned and noble personages who lie buried in them. But the Committee are well aware that from the very beginning all our proceedings in connection with the establishment of the College have been taken under the impression that it would be founded in the North Western Provinces, and that it is the Government of the North Western Provinces from which we have received assurances of help.

It is therefore quite useless to think of such places as are situated beyond the limits of the North West Provinces. But there are other reasons which make Delhi quite unfit for our purpose.

I now beg to conclude my report with the observation that Allygurh is in itself a dear name. The words of our Prophet are well known who has said "I am the city of all knowledge, and Ally is the Entrance to it."

I therefore wish with all my heart that the proposed Muhammadan College which, in fact is hoped to be the entrance to knowledge, should be established in Allygurh.

I have the honor to be
Sirs,
Your Most Obedient Servant.
SYED AHMED.
Secretary.

MEMO.

My opinion has been asked as to the eligibility of Allygurh as a site for the new Muhammadan College.

My experience only extends over a period of less than two years, but this again is supplemented by that of my predecessors, Doctors Clark and Kilkelly. I have no hesitation in asserting on my own judgment, corrolorated by the authority of these gentlemen, that Allygurh is one of the healthiest stations of the North-West Provinces. It is particularly free from malarial disease, especially that low form of fever, which has of late ravaged the Saharunpore, Mozuffer Nuggur and Meerut Districts.

Being situated on the line of Railway it is of course liable to epidemic visitation. Lately Cholera and Dengue made their appearance in the city of Coel; but the former of these diseases at any rate did not assume the virulent form which so generally prevailed in so many of the other towns of the North-West. Coel enjoyed a similar comparative immunity in previous visitations of Cholera, and this fact testifies to the general salubrity of the place.

The well water, an element on which the inhabitants lay so much stress, and with just cause, is of the best quality, filtering through a porous, sandy soil, and containing but a small proportion of lime salts. The water is soft, plentiful, and procurable at an uniform depth of about 20 feet from the surface.

There are no very extensive Jheels in the neighbourhood, and near the station the drainage is tolerably good; but there is room for improvement in this respect.

If it shall be decided that the College is to be built at Allygurh, I would recommend that a Committee consisting of the Magistrate, Civil Engineer, and Civil Surgeon be convened to act in concert with a Committee selected by the native gentlemen concerned, *to fix on a proper site, after careful inspection of* the most eligible sites near Coel, due regard being paid to natural drainage, the vicinity of marshes, railway embankments, prevailing winds and other *local peculiarities bearing on the question of health.*

ALLYGURH: } (Sd.) J. R. JACKSON, M. D.
18th October, 1872. } Offg. Civil Surgeon.

صاحب کے تجربہ کا تتمہ ھی جو مجھہ سے پیشتر یہاں رھے ھیں میں بلا تامل اپنی تجویز سے اور صاحبان ممدوح کی سند سے کہہ سکتا ھوں کہ ملیگدہ کی آب و ھوا ممالک مغربی و شمالی کے تمام شہروں سے زیادہ تر صحت بخش ھی یہہ مقام وبا کی آفت سے خصوصاً اُس دقیے بخار سے بالکل پاک و صاف ھی جس نے اضلاع سہارنپور اور مظفرنگر اور میرٹھہ کو برباد کردیا *

چونکہ یہہ شہر ریلوے کی سڑک پر واقع ھی اسلیئے ایسی بیماریاں جو علی العموم ھوا کرتی ھیں یہاں بھی ھو جاتی ھیں بہاں حال میں مرض ھیضہ اور ڈنگیوفیور یعنی تپ شہر کول میں ھوئی تھی مگر ھیضہ کی ایسی شدت نہیں ھوئی جیسے کہ عموماً شمال و مغربی اضلاع کے اور شہروں میں ھوئی اس سے پیشتر بھی جو ھیضہ کا مرض ھوا ھی تو بمقابلہ اور شہروں کے کول میں تخفیف ھی رھی ھی پس اس بات سے ثابت ھوتا ھی کہ اس مقام کی آب و ھوا علی العموم تندرستی کے لیئے مفید ھی *

یہاں کے کنوؤں کا پانی جس سے لوگوں کو بڑا تعلق ھی اس سبب سے نہایت عمدہ ھی کہ ریتلی زمین سے چھنکر بالکل صاف نکلتا ھی اور اُس میں شوریت بھی بہت کم ھی یہاں کا پانی ثقیل نہیں ھی اور کثرت سے ھی ھر جگہہ بیس فیٹ کی گہرائی پر نکل آتا ھی *

اس کے قرب و جوار میں بڑی بڑی جھیلیں نہیں ھیں اور شہر کے پانی کا نکاس بھی اچھا ھی لیکن اُسکی عمدگی میں اور بڑی ترقی ھوسکتی ھی *

اگر یہہ تجویز قرار پاوے کہ مدرسۂ مذکور علیگدہ میں قایم ھو تو میری یہہ راے ھی کہ صاحب مجسٹریٹ اور سول سرجن اور سول انجنیر کی ایک کمیٹی مقرر ھو اور یہہ کمیٹی اُس کمیٹی کے اتفاق اور شرکت سے جسکو وہ ھندوستانی شریف لوگ جو مدرسہ کے کار و بار سے تعلق رکھتے ھیں قایم کریں بعد تحقیقات کے جو خوب احتیاط کے ساتھہ کی ھو ایک عمدہ موقع مدرسہ کا کول کے قریب تجویز کرے جہاں قدرتی ابھاروں اور دلدل اور ریلوے کی سڑک کے باندہ اور ھوا کے نفاذ اور اسی قسم کی اور خصوصیتوں کا بھی جو صحت و تندرستی سے علاقہ رکھتی ھیں بخوبی لحاظ اور خیال کیا جاوے *

دستخط

ڈاکٹر جیمس آر جیکسن ایم ڈی
قایم مقام سول سرجن علیگدہ

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۸۷۲ع

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

یعنی چندہ مندرجہ فہرست سابق ... مالعہ ۹۲ر

چندہ جدید

حضور عالی ہز ہائینس جناب نواب محمد کلب علی خاں بہادر والی رامپور دام اقبالہم ... صہ

حضور عالی ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر والی بہاول پور دام اقبالہم ... اعہ

خواجہ احسن اللہ صاحب خلف آنریبل خواجہ عبدالغنی خاں بہادر سی ایس آئی رئیس ڈھاکہ اعہ

راجہ سید محمد باقر علی خاں صاحب رئیس پنڈراول ضلع بلند شہر ... اعہ

محمد عنایت اللہ خاں صاحب رئیس و تعلقہ دار بھیکم پور ضلع علیگڈہ ... الہ

حافظ احمد حسن صاحب رئیس بدایوں سفیر نواب صاحب سابق والی ٹونک مقیم لندن الہ

کنور محمد وزیر علی خاں صاحب رئیس دانپور ضلع بلند شہر ... الہ

افتخار الامرا مختار المہام صاحب زادہ محمد عبیداللہ خاں صاحب بہادر فیروز جنگ ... صہ ر

نواب ضیاءالدین احمد خاں بہادر لوہارو والا ... صہ ر

مرزا محمد عابد علی بیگ صاحب رئیس مرادآباد منصف درجہ اول ہاتھرس ... سہ ر

کنور محمد لطف علی خاں صاحب فرزند رئیس چھتاری ضلع بلند شہر ... سہ ر

نواب محمد علی خاں صاحب رئیس جہانگیرآباد ضلع بلند شہر ... سہ ر

محمد سلطان خاں صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ نہر گنگ رئیس دہلی ... سہ صہ

داروغہ محمد عباس علی صاحب رئیس قصبہ سیوارہ ضلع بجنور اسسٹنٹ انجنیر شہر لکھنؤ سہ

محمد اسمعیل خاں صاحب فرزند حاجی محمد فیض احمد خانصاحب رئیس دتاولی ضلع علیگڈہ سہ

جناب سی اے ایلیٹ صاحب سکرٹری گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی ... ماڑ صہ

منشی نجم الدین حیدر صاحب رئیس بدایوں ڈپٹی کلکٹر آگرہ ... ماڑ صہ

شیخ محمد جان صاحب وکیل عدالت دیوانی غازی پور ... ماڑ

مولوی حاجی عبدالاحد صاحب وکیل عدالت دیوانی غازی پور ... ماڑ

قاضی محمد لطافت حسین صاحب وکیل عدالت دیوانی علیگڈہ رئیس مارہرہ ... ماڑ

محمد امراؤ خاں صاحب رئیس چکاتھل ضلع علیگڈہ ... ماڑ

منشی محمد عبدالعزیز صاحب تحصیلدار علیگڈہ رئیس سہارن پور ... ما صہ

محمد صفات احمد خاں صاحب رئیس غازی پور ما صہ

پنڈت اندر نراین صاحب سکرٹری انجمن مرزاپور ما ر

محمد ظفریاب خاں صاحب رئیس خورجہ وکیل عدالت علیگڈہ ... ما ر

بابو بھگوانداس صاحب رئیس بنارس ... ما ر

قاضی عنایت حسین صاحب ملازم نواب صاحب ٹونک رئیس بدایوں ... ما ر

سید امداد علی صاحب دیوان متعلق ریاست پٹیالہ ... ما ر

ماسٹر رام چندر صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پٹیالہ ... ما ر

شیخ فخرالدین صاحب نائب صدر عدالت صیغہ دیوانی از پٹیالہ ... ما ر

سید نیاز علی صاحب وکیل سرکار مہاراجہ پٹیالہ حاضر باش کمشنری انبالہ ... ما ر

جناب الگزنڈر شیکسپیر صاحب بہادر کمشنر بنارس سی بی ... ما ر

مسٹر طامس نکلس صاحب اسکوائر ... ما ر

موتی رام ساہ صاحب رئیس اعظم نینی تال ... ما ر

سید محمد حامد خاں صاحب رئیس دہلی اسپیشل سب رجسترار بنارس ... ما ر

منشی محمد اکرام الدین حسین خاں صاحب رئیس مارہرہ سررشتہ دار فوجداری سہارن پور صہ

میر ببر علی صاحب نائب تحصیلدار بجنور ضلع بجنور ... صہ

مرزا احمد بیگ صاحب تحصیلدار پٹیالہ ... سہ

لالہ پتر چند صاحب ناظم امرگڈہ علاقہ پٹیالہ ... لہ صہ

محمد نامدار خاں صاحب ناظم احمدگڈہ علاقہ پٹیالہ ... لہ صہ

محمد حرمت خاں صاحب مختار عدالت فوجداری و مال علیگڈہ ... صہ

چندۂ مدرسۃ العلوم مسلمانان

چندۂ مدرسۃ العلوم مسلمانان

قاضي سيد تراب علي صاحب رئيس عليگڈۂ و قاضي شہر معہ قاضي احمد حسين صاحب وكيل سركار و رئيس عليگڈۂ ... صہ

محمد مغفوراللہ خاں صاحب رئيس بلونہ ضلع عليگڈۂ ... صہ

غلام مصطفى خاں صاحب وكيل منصفي و نمبردار قصبہ خاص فتح‌آباد ضلع آگرہ ... عہ

جناب مولوي علي احمد صاحب ناظم قسمت كرم‌گڈۂ علاقۂ رياست پٹياله ... صہ

مولوي محمد تفضل حسين صاحب از رتلام ... صہ

سيد اولاد علي صاحب معاون ديوان متعلقہ رياست پٹياله ... صہ

سيد عنايت علي صاحب نائب بخشي متعلق رياست پٹياله ... صہ

ماسٹر محمد خدا بخش خاں صاحب ناظم أمورات نہر پٹياله ... صہ

مولوي ولايت احمد صاحب نائب سررشتہ دار اجلاس خاص سري مہاراجہ پٹياله ... صہ

سيد محمد علي صاحب تحصيلدار لكھي علاقۂ سركار سري حضور مہاراجہ پٹياله ... صہ

خليفہ سيد محمد محسن صاحب مصاحب سري حضور مہاراجہ پٹياله ... صہ

محمد اوصاف علي خاں صاحب رئيس عليگڈۂ صہ

محمد وزير خاں صاحب انسپكٹر پوليس عليگڈۂ صہ

سيد غلام امام صاحب نائب افسر ڈيوڑھي معلى مہاراجہ پٹياله ... صہ

محمد مصطفى خاں صاحب رئيس بوڑہ كانوں ضلع عليگڈۂ ... صہ

خواجہ شرف الدين احمد خاں صاحب رئيس دہلي ... صہ

سيد محمد علي صاحب سررشتہ دار اجلاس خاص سري حضور مہاراجہ پٹياله ... عہ

حاجي حسن هندي سوداگر مقيم قسطنطنيہ ... صہ

مير بسم‌اللہ صاحب پيشكار كلكٹري بنارس ... للعہ

خواجہ محمد ابوالحسن صاحب رئيس دہلي امين منصفي ديوبند ضلع سہارنپور ... للعہ

قاسم خاں صاحب منصرم تعمير سراے جديد سركاري پٹياله ... صعہ

خواجہ محمد اسمعيل صاحب رئيس عليگڈۂ ... صعہ

منشي خواجہ احمد حسين صاحب رئيس عليگڈۂ صعہ

چودهري محمد طالع اسداللہ صاحب رئيس عليگڈۂ ... صعہ

منشي حيدرحسين صاحب محرر خواجہ محمد يوسف صاحب از عليگڈۂ ... صعہ

سيد احمد حسين صاحب مختار عدالت فوجداري عليگڈۂ ... صعہ

شيخ محمد اعتقاد علي صاحب رئيس عليگڈۂ صعہ

خواجہ محمد يعقوب علي صاحب رئيس عليگڈۂ صعہ

مرزا محمد ابراهيم بيگ صاحب رئيس دہلي مقيم عليگڈۂ ... صعہ

حكيم سيد غلام مرتضى خاں صاحب ملازم سركار مہاراجہ پٹياله ... صعہ

سيد مقبول حسن صاحب كوتوال شہر پٹياله ... صعہ

امير خاں صاحب كرنيل متعلق سركار پٹياله ... صعہ

لاله ديوا سنگھ صاحب وكيل سركار پٹياله حاضر باش كرنال ... صعہ

حافظ نظام الدين صاحب سوداگر رئيس عليگڈۂ صعہ

خليفہ سيد محمد رضا صاحب متعلق سركار پٹياله صعہ

كندن لال ساہ صاحب رئيس نيني تال ... صعہ

سوندي خاں صاحب تحصيلدار گوبند گڈۂ علاقۂ پٹياله ... صعہ

مير اصغرعلي صاحب فوٹوگرافر ملازم سركار پٹياله لعہ

حافظ عبدالرحمن صاحب رئيس جنهجانہ ملازم سين ٹيفك سوسئيٹي عليگڈۂ ... عہ

قاضي عظيم الحق صاحب قانون گورئيس غازيپور عہ

شيخ محمد حسن صاحب وكيل عدالت ديواني غازي پور ... عہ

مياں عبدالصمد صاحب سررشتہ دار صدر عدالت پٹياله ... عہ

حافظ عنايت اللہ خاں صاحب رئيس عليگڈۂ ... صعہ

جناب كاليخان صاحب نائب ناظم قسمت كرم‌گڈۂ متعلقہ بهواني گڈۂ علاقۂ رياست پٹياله ... صعہ

جناب شيخ حسين بخش صاحب نائب ناظم قسمت كرم گڈۂ متعلقہ سنام علاقۂ رياست پٹياله صعہ

غلام حسين خاں صاحب خلف اسايش خاں صاحب متعلق سركار پٹياله ... صعہ

شيخ الہي بخش صاحب نائب ناظم اناحد گڈۂ علاقۂ پٹياله ... صعہ

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان ۱۵ رمضان سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۲ نبوی چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

بختاور سنگھہ صاحب اہلمد خفیف برادر زادہ حقیقی منشی گوپی مل صاحب ساکن صاحب گدہ علاقہ پٹیالہ ... عـــه

سید محمد حسن صاحب تہانہدار متعلق سرکار پٹیالہ ... عـــه

سید محمد محمود الحسن رئیس دہلی محرر کلکٹری بلند شہر ... عـــه

سید محمود علی صاحب منیجر مطبع پٹیالہ اخبار ... عـــه

شیخ ایزد بخش صاحب سررشتہ نظامت اناحد گدہ علاقہ پٹیالہ ... لعـــه

شیخ دلاور حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ چنگی ہاتہرس ... عـــه

عبدالرحیم خاں صاحب سررشتہ دار محکمہ نظامت کرم گدہ علاقہ ریاست پٹیالہ ... عـــه

قاضی محمد خلیل صاحب وکیل عدالت دیوانی غازی پور ... عـــه

مولوی امین الدین صاحب مدرس اول درجہ فارسی مدرسہ اعظم پٹیالہ ... عـــه

سید برکت علی صاحب کرنیل توپ خانہ متعلق پٹیالہ ... عـــه

سید سخاوت حسین صاحب مختار کار نواب محمد محمود علی خاں صاحب رئیس چہتاری ضلع بلند شہر ... عـــه

پنڈت گنگادت صاحب منصرم عدالت نینی تال عـــه

شیخ عزت علی صاحب تہانہ دار بہکنی علاقہ پٹیالہ عـــه

کریم بخش رسالہ دار متعلق سرکار پٹیالہ ... عـــه

حشمت علی خاں صاحب ساکن سامانہ علاقہ پٹیالہ عـــه

شاہ محمد خاں صاحب تہانہدار کرم گدہ ... عـــه

منشی عمادالدین صاحب ملازم مولوی فریدالدین صاحب وکیل ہائی کورٹ ... معـ۸ر

شیخ ظہور علی صاحب مثل خواں محکمہ نیابت کرم گدہ علاقہ پٹیالہ ... معـر

فرض الدین صاحب سررشتہدار صدر عدالت پٹیالہ معـر

علاءالدین صاحب تہانہدار بہوانی گدہ علاقہ پٹیالہ معـر

شیخ تفضل حسین صاحب محرر چنگی ہاتہرس ســر

برکت علی خاں صاحب اہلمد مقدمات دیوانی محکمہ نیابت کرم گدہ علاقہ پٹیالہ ... صمر

سوندھے خاں صاحب اہلمد مقدمات سنگین محکمہ نیابت کرم گدہ علاقہ پٹیالہ ... صمر

سیدشاہ گوہر صاحب اہلمد مقدمات دیوانی نیابت کرم گدہ علاقہ پٹیالہ ... صمر

غلام حسین خاں صاحب محرر محکمہ تحصیل بہوانی گدہ علاقہ ریاست پٹیالہ ... صمر

میر احسان علی صاحب نمبردار پتی سید دیدار ساکن سامانہ علاقہ ریاست پٹیالہ ... صمر

حکیم شمس الدین صاحب عرف حکیم محمد مرزا صاحب رئیس بنارس ... صمر

شیخ امیر بخش صاحب انسپکٹر ڈویژن غازیپور صمر

مرزا نوازش علی بیگ دفتری عدالت سب آرڈنیٹ جج بنارس ... صمر

شیخ محمد برکت اللہ صاحب رئیس علیگدہ ... صمر

منشی محمد مشتاق حسین صاحب نذراللہ بابت شکریہ کامیابی سید محمد محمود صاحب بیرسٹرایٹ لا ... صمر

شیخ نجیب اللہ صاحب سوداگر نینی تال ... صمر

معزالدین خاں صاحب تہانہدار بہدور علاقہ پٹیالہ صمر

غلام محی الدین خاں صاحب تہانہدار متعلق سرکار پٹیالہ ... صمر

فخرالدین خاں صاحب محرر متعلق سرکار پٹیالہ صمر

فضل کریم صاحب مثل خواں متعلق سرکار پٹیالہ صمر

محمد حسن خاں صاحب مثل خواں متعلق سرکار پٹیالہ ... صمر

ہر نرائن جمعدار اناحد گدہ علاقہ پٹیالہ ... صمر

منشی حفیظ اکرم صاحب محرر پلٹن سوجانسنگہہ کرنیل متعلق سرکار پٹیالہ ... صمر

علی محمد خانصاحب میجر رجمنٹ چہارم سرکار پٹیالہ ... صمر

مراد علی شاہ صاحب بسی والا اہلمد نیابت نظامت راج پورہ علاقہ ریاست پٹیالہ ... صمر

پانچ روپیہ سے کم جو چندہ ہوا ... ما لعـــه ۸/۶ پائی

میزان کل ... عـــــــہ ما لعـــه ۶/۲ پائی

بمقام علیگدہ —— مطبع علیگدہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] یکم شوال سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۳ نبوی — یوم المبارک عید الفطر [نمبر ۱۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع
تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساتھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین
تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۱۳

سمجھہ

یعنی تمیز جس سے بھلائی برائی میں امتیاز کیا جاتا ہی

میرا یہہ خیال ہی کہ اگر انسانوں کے دلوں کو چیر کر اُنکا حال دیکھا جاوے تو دانا اور نادان دونوں کے دلوں میں کچھہ تھوڑا ہی سا فرق نکلیگا دونوں کے دلوں میں ہمیشہ بہت سے لغو اور بیہودہ خیال ایسے ہیں بے شمار وسوسے دونوں کے دلوں میں اُٹھتے ہیں مگر اُن دونوں میں یہی فرق ہوتا ہی کہ دانا آدمی اُن میں سے انتخاب کرتا ہی اور سمجھتا ہی کہ کون سے خیالات ایسے ہیں جنکو گفتگو میں لانا چاہیئے اور کون سے ایسے ہیں جنکو چھوڑ دینا چاہیئے — نادان آدمی ایسا نہیں کرتا اور جو خیال اُس کے دل میں آتا ہی بے سونچے سمجھے منہہ سے بکتا جاتا ہی دانشمند آدمی بھی دوستوں کے ساتھہ بات چیت کرنے میں نادان کی مانند ہوتا ہی — جو اُس کے دلمیں آتا ہی بے تردد دوست سے کہتا ہی گویا اُس کو خیالات ہی ایک بلند آواز میں اتے ہیں *

چیلانی صاحب کا یہہ قول ہی کہ انسان کو دشمن کے ساتھہ بھی ایسا برتاؤ رکھنا چاہیئے کہ اُسکو دوست بنالینے کا موقع رہے اور دوست سے اُس طرح برتاؤ کرنا چاہیئے کہ اگر کبھی وہ دشمن ہو جاوے تو اُس کے ضرر سے بچنے کی جگہہ رہے — اس قول کی پہلے بات جو دشمن کے ساتھہ برتاؤ کی ہی وہ تو نہایت عمدہ ہی — مگر پچھلی بات جو دوست کے ساتھہ برتاؤ کی ہی وہ کچھہ اچھی نہیں اُس میں سمجھہ کی کچھہ بھی بات نہیں ہی بلکہ نری مکاری ہی — ایسے برتاؤ سے انسان زندگی کی بہت بڑی خوشی سے محروم رہتا ہی اپنے دلی دوستوں سے بھی دل کی بات نہیں کہہ سکتا یہہ سچ ہی کہ بعضی دفعہ دوست دشمن ہو جاتے ہیں اور دوست کے بھید کو کھول دیتے ہیں مگر دنیا آنہی کو دغاباز اور برا کہتی ہی اور دوست پر بھروسا کرنے والے کو ناسمجھہ نہیں کہتی — ہاں البتہ دوستوں کے منتخب کرنے میں بڑی سمجھہ چاہیئے *

سمجھہ صرف باتوں ہی میں منحصر نہیں ہی بلکہ ہر قسم کے کاموں سے بھی متعلق ہی اور گویا ہماری زندگی میں ہمارے تمام کاموں کی رہنما اور ہمارے لیئے ہمارے قادر مطلق خدا کی نایب ہی — انسان میں بہت سی بڑی عمدہ عمدہ صفتیں ہیں، مگر سمجھہ سب سے زیادہ مفید ہی — سمجھہ ہی کے سبب سے اور تمام صفتوں کی قدر ہوتی ہی — سمجھہ ہی کے سبب سے وہ تمام صفتیں اپنے اپنے موقع پر کام آتی ہیں — سمجھہ ہی کے سبب سے وہ شخص جس میں وہ صفتیں ہیں اُن صفتوں سے فائدہ اوٹھاتا ہی — سمجھہ بغیر علم اور عقل دونوں ناچیز ہیں — بھلائی برائی دکھائی دیتی ہی باوجودیکہ انسان میں نہایت عمدہ عمدہ خصلتیں ہوتی ہیں مگر سمجھہ بغیر اُنکے برتاؤ میں غلطیاں کرتا ہی اور نقصان پر نقصان اوٹھاتا ہی — سمجھہ ہونے سے صرف اُنہی خوبیوں کا جو اُس میں ہیں مالک نہیں ہوتا بلکہ دوسروں میں جو خوبیاں ہیں اُن کا بھی مالک بن جاتا ہی — سمجھہ دار آدمی جس سے گفتگو کرتا ہی اُس کی لیاقت کو بھی جان لیتا ہی اور اُسی کی لیاقت کے موافق گفتگو کرتا ہی — اگر ہم انسانوں کے مختلف فرقوں اور گروہوں اور جماعتوں کی مجلسوں کے حالات پر غور کریں تو ہمکو صاف معلوم ہوگا کہ ہر ایک مجلس میں نہ کسی عقلمند کی گفتگو کو غلبہ ہوتا ہی اور نہ کسی بہادر اور دلیر کی گفتگو کو بلکہ اُسی شخص کی گفتگو سب پر غالب رہتی ہی جس کو سمجھہ ہی اور جو اہل مجلس کی لیاقتوں کو اور جو بات کہنی ہی اور جو نہ کہنی ہی اُسمیں تمیز کرسکتا ہی — جس شخص کو بڑی سی بڑی لیاقت حاصل ہو پر سمجھہ نہو وہ ایک نہایت قوی اور زبردست پر اندھے آدمی کی مانند ہی جو بسبب اپنے اندھے پن کے اپنے زور و قوت سے کچھہ کام نہیں لے سکتا ہی — گو ایسے شخص کو دنیا میں اَور سب طرح کے کمال حاصل ہوں مگر سمجھہ نہو تو وہ دنیا میں کسی کام کا نہیں — برخلاف اُسکے اگر اُسکی سمجھہ پوری ہو اور صرف اسی ایک صفت میں اُسکو کمال ہو اور باقی اوصاف متوسط درجہ کے رکھتا ہو تو وہ اپنی زندگی میں جو کچھہ چاہے کرسکتا ہی *

سمجھہ جس طرح کہ انسان کے لیئے ایک بہت بڑا کمال ہی اُسی طرح مکر اُس کے حق میں بہت بڑا وبال ہی — نیک دل کی منتہائی خوبی سمجھہ ہی اور بد دل کی منتہائے بدی مکر یا یوں کہو کہ وہ نیک دل کے لیئے معراج ہی اور یہہ بد دل کے لیئے کمال — سمجھہ نہایت عمدہ اور نیک مقصد پیدا کرتی ہی اور اُن کے حاصل ہونے کو نہایت عمدہ عمدہ اور تعریف کے قابل ذریعے قایم کرتی ہی مگر مکر میں صرف خود غرضی ہوتی ہی — سمجھہ مثل ایک روشن آنکھہ کے ہی جس میں بے انتہا وسعت ہی اور تمام دنیا کو اور دور دور کی چیزوں کو آسمانوں کو اور آسمانوں کے ستاروں کو بخوبی دیکھہ سکتی ہی — مکر مثل ایک کوتاہ نظر آنکھہ کے ہی جو پاس پاس کی ناچیز چیزوں کو دیکھہ سکتی ہی اور دور کی چیزیں گو وہ کیسی ہی عمدہ اور روشن ہوں اُسے نظر نہیں آتیں — سمجھہ جسقدر ظاہر

هوتي جاتي هی أسيقدر انسان کا اختيار اور اعتبار بڑهتا جاتا هی مگر مگر کاٹهہ کي هنڈیا کي مانند هی کہ جسدم ایک دفعہ کهل گیا تو پهر أسکي قوت اور عزت بالکل جاتي رهتي هی — پهر انسان کسي کام کا نهیں رهتا جو کام کہ وہ ایسي حالت میں کرسکتا جبکہ لوگ أس کو ایک سیدها سادها بهولا بهالا آدمي سمجهتے اب وہ کام بهي وہ نهیں کرسکتا — سمجهہ عقل کے لیئے کمال هی اور همارے کاموں کے لیئے رهنما — مگر ایک قوت هی جو صرف حال هي کے فائدوں کو دیکهتي هی — سمجهہ نہایت عقلمند اور نیک آدمیوں میں پائي جاتي هی — مگر اکثر جانوروں میں اور أن لوگوں میں جو جانوروں کي مانند یا أنسے کچهہ بہتر هوتے هیں پایا جاتا هی — سمجهہ نفس الامر میں ایک نہایت خوبصورت دلکش چیز هی اور مکر گویا أسکي بگاڑي هوئي نقل هی — سمجهہ والے آدمي کي طبیعت همیشہ زمانہ حال اور استقبال دونوں پر لگي رهتي هو بلکہ نہ زمانہ دراز کے بعد هونے والي هیں اور جو اب هو رهي هیں دونوں کو دیکهتا هی — وہ جانتا هی کہ رنج و خوشي جو دوسري زندگي یعني قیامت میں هونے والي هی وہ بے شک هوئي گو أس کا زمانہ ابهي بہت دور هی وہ أس کے دور هونے کے سبب سے اس لیئے أس کو حقیر نهیں سمجهتا کہ دوسري زندگي یعني قیامت کي تکلیف و راحت لمحہ لمحہ پاس آتي جاتي هی اور اسیطرح سے رنج و خوشي دیرینگي جیسیکہ زمانہ حال میں رنج و خوشي هوتي هی — اسلیئے وہ نہایت غور و فکر سے أن خوشیوں کے هاتهہ آنے کے لیئے کوشش کرتا هی جو قدرت نے أسکے لیئے بنائي هیں اور جنکے لیئے وہ پیدا کیا گیا هی — وہ اپنے خیال کو هر کام کے انجام تک دوڑاتا هی اور أس کے حال و مآل کے نتیجوں پر غور کرتا هی اور اِس فاني دنیا کے مزے سے نفع اور فائدہ جو اگر در حقیقت وہ نفع اور فائدہ أس کي سچي عاقبت کے خیال کے مخالف هو چهوڑ دیتا هی غرضکہ أس کي تمام تدبیریں عمدہ هوتي هیں أسکا رویہ ایسے شخص کي مانند هوتا هی جو اپنا فائدہ بهي سمجهتا هی اور أس کے حاصل کرنے کا مناسب طریقہ بهي جانتا هی — سمجهہ جسکو میںنے اِس مضمون میں بطور ایک نیکي اور کمال کے بیان کیا هی وہ صرف دنیا هي کے کاموں کے لیئے مفید نهیں هی بلکہ هماري همیشہ رهنے والي زندگي کے لیئے بهي فائدہ مند هی — وہ صرف اس فاني انسان کے لیئے هي رهنما نهیں هی بلکہ أس اصلي اور دائمي انسان کے لیئے بهي جو هم میں بولتا هی رهنما هی — بعض مصنف اسي کو عقل لکهتے هیں اور بعض سمجهہ یعني تمیز جس سے اچهي و بري اور بهلائي اور برائي میں امتیاز کیا جاتا هی — حقیقت میں یهي چیز سب سے بڑي هی اس کے فائدے بے انتہا هیں اور پهر اس کا هاتهہ لگنا نہایت هي آسان هی *

ایک مصنف کا قول هی کہ سمجهہ هي ایسي رونق کي چیز هی جسکو کبهي زوال نهیں جو أس کو چاهتے هیں آنکهوں کے سامنے دیکهتے هیں جو أس کو ڈهونڈتے هیں وہ آساني سے پاتے هیں — اسکي تلاش میں أنکو بہت دور جانا نهیں پڑتا کیونکہ وہ أسکو اپنے هي دروازہ پر پاتے هیں — أس کا خیال رکهنا هي أس میں کمال حاصل کرنا هی — جو کوئي أس پر خیال رکهتا هی اُسي دم جستجو سے چهوٹ جاتا هی کیونکہ وہ خود ایسے لوگوں کي تلاش میں رهتي هی اور جو أس کے لائق هیں أن کو رستہ هي میں ملتي هی اور پهر کبهي أن کا ساتهہ نهیں چهوڑتي *

افسوس کہ هماري قوم میں سب کچهہ هی پر یهي نهیں *

راقـــــــم
اے ڈي سید احمد

نمبر ۱۱۳

عام محبت

یعني غیر مذهب والوں کے ساتهہ محبت اور دوستي

آجکل هندوستان کے مسلمانوں کے بعض مسائل کا تصفیہ اکثر اس مصلحت پر مبني هوتا هی کہ غیر مذهب والوں کے ساتهہ دوستي اور محبت شرعاً ممنوع هی — بہت سي باتیں جنکو هماري سہل شریعت نے مباح کردیا هی وہ اسي مصلحت کے لحاظ سے مذموم بلکہ نا جائز سمجهي جاتي هیں غیر مذهب والوں کے ساتهہ کهانا اور پینا جو فی نفسہ مباح هی اسي ایک مصلحت کے سبب سے متروک هو رها هی یہاں تک کہ بعض مقدس مزاج اور محتاط طبیعتیں غیر مذهب والوں کے ساتهہ آمدورفت اور نشست و برخاست کو بهي پسند نهیں کرتیں — علماء اسلام کا یہہ حال هی کہ وہ دنیا اور مافیہا کے حالات سے تو معلق آگاهي نهیں رکهتے أن کو یہہ کچهہ نهیں معلوم کہ اور ملکوں میں کیا هو رها هی اور ضرورت وقت کے لحاظ سے همکو کیا کرنا چاهیئے وہ نیک نیتي سے یہہ سمجهے هوئے هیں کہ اگر غیر مذهب والوں سے اس قسم کي راہ و رسم جاري کي جاوے تو اِس بات کا قوي اندیشہ هی کہ عوام اهل اسلام جو اپنے مذهبي مسائل سے ناواقف یا کم واقف هوتے هیں وہ غیر مذاهب والوں کي صحبت میں خراب اور اپنے دین و مذهب سے منحرف هوجاوینگے اس لیئے وہ بالقصد مسلمانوں کو مباحات شرعیہ کے عمل میں لانے کي اجازت نهیں دیتے اور خود اس لیئے أن کا استعمال نهیں کرتے کہ جو بات باپ دادوں سے نهیں هوئي أسپر جرات کرنا مشکل هی اور جن عالموں کي ثابت قدمي اس مشکل پر غالب بهي آسکتي هی وہ اس لیئے أن مباحات سے کنارہ کر جاتے هیں کہ همکو

ہوتا ہوا دیکھکر عوام بھی ویسا ہی کرنے لگینگے اور پھر وہی خرابی پیش آویگی جس کا اندیشہ ہی — حالانکہ یہہ اندیشہ بالکل غلط اور اُس غلطی کا یہہ علاج اور زیادہ غلط ہی عوام کا عقیدہ جنکا عمل بالکل یوماًفیوماً بالغیب پر ہی اسقدر پختہ ہوتا ہی کہ بعض اوقات ہدایہ اور صدری پڑھنے والے طالب علموں کو اپنے بعض مذہبی مسائل کی طرف سے تردد ہو جاتا ہی مگر عوام کو کبھی خواب میں بھی کوئی تشویش لاحق نہیں ہوتی اور یقیناً یہی کیفیت اُن کی غیر مذہب والوں کی صحبت میں بھی باقی رہیگی پس عوام کے خوف سے اپنے مسائل کو آزادی سے بیان کرنے میں تامل کرنا بلکہ ٹال جانا اور اُس کو اپنے وہمی اندیشہ کا علاج خیال کرنا حقیقت میں سخت الزام کی بات بلکہ گناہ اور معصیت میں داخل ہی اور اپنی شریعت میں ایک قسم کی تحریف ہی *

اور ایسے عالموں اور عابدوں سے بھی زمانہ خالی نہیں ہی جو اُن مزخرفات سے صرف اس غرض سے مقمتع نہیں ہوتے کہ ہمارا تشخص اور تقدس صاحبان دول کے دلوں میں جو اُن کا مایۂ توکل ہیں اور اُن کے باعث رونق ہیں قایم رہے — اس اخیر گروہ کی ذات تو اب خدا کی عنایت سے روز بروز کامل ہوتی چلی جاتی ہی امراء بھی اب اُن کو حقارت کی نظر سے دیکھنے لگے ہیں اور اہل مذاق نے اپنی اصطلاح میں اُن کا لقب تحصیلدار رکھہ لیا ہی جو اوقات معین پر دورہ کرتے ہیں اور اپنا نذرانہ معینہ وصول کرلیجاتے ہیں — اس مضمون میں ان تحصیلداروں کے اعمال و افعال سے کچھہ بحث نہیں ہی بلکہ گفتگو اول الذکر فرقوں کے خیالات سے ہی *

پس واضح ہو کہ محبت کی دو قسمیں ہیں ایک محبت من حیث الدین اور یہہ وہ محبت ہی جو مسلمانوں کے باہم صرف توحد مذہب کے لحاظ سے ہوتی ہی — ایک مسلمان عالم اور دیندار جس کو پہلے ہم نے کبھی نہ دیکھا ہو اسی محبت کے سبب سے ہمارے نزدیک واجب التعظیم ہوتا ہی اسی جوش مذہبی کے سبب سے اُس دیندار اور عالم کی محبت ہمارے دل میں اثر کرجاتی ہی پس یہہ محبت مسلمانوں کو صرف مسلمانوں سے ہوسکتی ہی اور مسلمانوں ہی پر منحصر نہیں دنیا میں جسقدر اہل مذاہب ہیں اُن سب کی یہی کیفیت ہی کسی مذہب کا آدمی دوسرے مذہب والوں سے محبت من حیث الدین پیدا نہیں کرسکتا *

دوسری قسم کی محبت وہ ہی جو امور معاشرت اور روز مرہ کے دنیاوی برتاؤ کے واسطے خدا نے آفرینش عالم کے ساتھہ ساتھہ پیدا کی ہی اور وہ ایسی ضروری شی ہی کہ نظام عالم کے بڑے بڑے ارکان اُسی پر منحصر ہیں ماں باپ کو اپنے بچوں سے بھائی کو بھائی سے میاں کو بی بی سے اور بی بی کو میاں سے اپنے خاندان والوں سے اپنے ہم محلہ سے اپنے شہر والوں سے اپنے ملک والوں سے اپنے ہم جنسوں سے اور اپنے مددگاروں اور اپنے محسنوں سے جو محبت ہر انسان کو ہوتی ہی وہ اسی دوسری قسم کی محبت ہوتی ہی — البتہ محبت من حیث الدین اکثر اس محبت من حیث المعاشرت سے شامل ہو جاتی ہی — برخلاف اسکے اگر ہم یہہ دعوی کریں کہ ماں باپ کو اپنے بچوں سے اس لیئے محبت ہوتی ہی کہ بظن غالب آخر کو وہ اولاد اپنے ماں باپ کے مذہب کی پیروی کرینگے تو اسبات کی کیا وجہہ ہوگی کہ چوپایوں اور پرندوں میں بھی جو کچھہ مذہب نہیں رکھتے ایسی ہی محبت پائی جاتی ہی جیسی انسانوں میں ہوتی ہی اس سے صاف ظاہر ہی کہ محبت من حیث المعاشرت ایک دوسری قسم کی محبت اور ایک قدرتی اثر ہی جو محبت من حیث الدین سے بالکل علحدہ ہی لیکن یہہ دونوں محبتیں باہم ایک دوسری کے مخالف اور ضد نہیں ہیں — ایک جوش مذہبی جو انسان کے دل میں پیدا ہوتا ہی محبت من حیث الدین کو تو پیدا کردیتا ہی لیکن محبت من حیث المعاشرت کو جو فی نفسہ ایک جدا شی ہی منقطع نہیں کرتا اور نہ اُس سچے جوش مذہبی میں یہہ تاثیر ہوتی ہی کہ وہ کسی محبت من حیث المعاشرت کو ہم مذہبوں یا غیر مذہبوں سے منقطع کرسکے *

غالباً میرے اس اخیر بیان سے کہ جوش مذہبی محبت من حیث المعاشرت کو جو کسی غیر مذہب والے کے ساتھہ ہو منقطع نہیں کرسکتا کمتر شخص اتفاق کرینگے — اسوقت بیشتر لوگوں کی رائے یہی ہی کہ جوش ایمانی ایسی محبت کو دل میں جگہہ نہیں دے سکتا وہ لوگ جوش ایمانی اور محبت من حیث المعاشرت کو جو غیر مذہب والوں سے ہو دو متضاد خاصتیں بتلاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ان میں سے ایک کے ایجاب سے دوسری کا سلب لازم آتا ہی لیکن جہاں تک میں نے غور کیا ہی اور جہاں تک مجھکو تجربہ ہوا ہی میرے نزدیک اُن کے اس دعوی کے لیئے کوئی دلیل موجود نہیں ہی — ایک جوش جو آج کل کے مسلمانوں کے اعتقادوں کے بموجب محبت من حیث المعاشرت کو غیر مذہب والوں سے منقطع کرتا ہی وہ حقیقت میں کوئی ایمانی جوش نہیں ہی وہ اُن متعصبانہ خیالات کا جوش و خروش ہوتا ہی جنکو نور ایمانی سے کچھہ لگاؤ نہیں ہوتا لیکن غلطی سے لوگ اُسکو مذہبی جوش سمجھنے لگے ہیں اور میں خود بھی پہلے ایک عرصہ تک جب تک خدا کے احکام پر غور سے نظر نہیں کی تھی ایسا ہی سمجھتا تھا لیکن جب اُسکو غور سے اور انصاف سے دیکھا تو اس جوش و خروش کو دھوکہ کے سوا اور کچھہ نہ پایا اور ان لغو خیالات کی بنا ایک بڑی باریک غلطی پر نکلی چنانچہ اس مضمون میں ہم اُسی غلطی کو مفصل بیان کرینگے *

عام محبت

عام محبت

غیر مذہب والوں کے سر میں سینگ نہیں ہوتے جنکی خلش سے ہم اُن سے نفرت کریں کوئی غیر مذہب شخص اگر علانیہ ہمارے مذہب یا ہمارے دین کے پیشواؤں کی نسبت دشنام دہی کرے تو بلاشبہہ ہمارے دل کو سخت کُڑا معلوم ہوگا اور ممکن نہیں کہ ہم ایسے شخص سے محبت میں حیثیت ملاقات قایم رکھہ سکیں لیکن یہہ نفرت ہمکو اُس کی بےتہذیبی کی وجہہ سے پیدا ہوگی نہ اُسکی مخالفت مذہبی سے — کوئی غیر مذہب شخص اگر فی الواقع ہم سے ذاتی نفرت کرتا ہے اور ہماری طرف سے اُسکو دلی عناد اور تعصب ہو تو ہمارے دل میں بھی اُس کی طرف سے سچی محبت کا اثر نہیں ہوسکتا اور اس لیئے ہم بھی اگر اُسکے ساتھہ ویساہی برتاؤ کریں جیسا وہ ہمارے ساتھہ کرتا ہے تو کوئی زبان یا قلم ہمکو ملزم نہیں ٹھیرا سکتا اور اگر ہم سچائی اور راستبازی کا استعمال کریں اور اپنے ظاہری برتاؤ کو اپنی دلی کیفیت سے مطابق کریں تو یہہ نہایت بہتر اور مردانہ کارروائی میں داخل ہے و ان تصبروا و تتقوا فان ذالک من عزم الامور ان جملہ مذکورہ بالا کیفیتوں میں سے جب کوئی کیفیت نہ پائی جاوے اور کسی شخص پر سواے دوسرے مذہب میں ہونے کے اور کوئی الزام نہ ہو تو اُس سے بیگانے بنانے کی ناحق عداوت کی وجہہ اسکے سوا شاید اور کچھہ نہوگی کہ وہ ہمارے سچے مذہب کو جھوٹا سمجھتا ہے اور جس مذہب کو ہم برا جانتے ہیں وہ اُسکو اچھا جانتا ہے لیکن انصاف اور عقل کے نزدیک یہہ وجہہ ہرگز اُس سے نفرت اور عداوت کرنے کے واسطے کافی نہیں ہے — دوسرے شخص نے اگر ہمارے مذہب کو برا سمجھا تو ہم نے بھی اُس کے مذہب کو ایساہی خیال کیا ہے — ہمکو اگر یہہ طیش ہے کہ اُس دوسرے نے ہمارے سچے مذہب کو برا خیال کیا ہے تو اُس دوسرے شخص کو بھی ایسا ہی طیش ہوگا — غرض کہ یہہ ایک راے کا اختلاف ہے عداوت اور دشمنی کی کوئی وجہہ اُس سے پیدا نہیں ہوتی *

ایک شہر جس کی آب و ہوا درحقیقت نہایت عمدہ اور صحت بخش ہو کوئی دوسرا شخص اگر غلطی سے اُس کو ناقص خیال کرے یا کوئی مریض کسی نہایت نافع دوا کے استعمال کرنے سے اس خیال خام سے باز رہے کہ وہ دوا مضر ہے تو ایسی ناسمجھیوں پر بلاشبہہ افسوس پیدا ہوگا نہ عداوت اور بغض ہمارا یہہ خیال کہ وہ نادان شخص اُس عمدہ آب و ہوا کے مقام کو کیوں ناقص بتلاتا ہے اور وہ مریض کیوں ایسی اچھی دوا کو استعمال نہیں کرتا یا ہمارا یہہ خیال کہ کوئی غیر مذہب والا شخص ہمارے اس عمدہ مذہب کی پیروی کیوں نہیں کرتا بالکل ایک سے خیالات ہیں پس کوئی وجہہ نہیں کہ اول دو خیالوں سے ہمکو ایسی بےچینی پیدا نہو جو عداوت کے درجہ تک پہونچ جاوے اور یہہ اخیر خیال ہمکو ایسا بےآرام کردیوے کہ ہم ایک لحظہ بھی کسی شخص کو غیر مذہب کی پیروی میں گرفتاری نگاہوں بغیر نہ دیکھہ سکیں *

یہہ بےچینی کی حالت اگر درحقیقت نور ایمانی اور جوش مذہبی سے کچھہ علاقہ رکھتی تو ہمارے پیغمبر انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم اجمعین اس حالت میں مستغرق رہنے کے زیادہ سزاوار تھے حالانکہ خدا نے قرآن شریف میں اس حالت کو پسند نہیں کیا بلکہ اُس سے منع کیا ہے کہ قال اللہ تعالی عزوجل — وان کان کبر علیک اعراضہم فان استطعت ان تبتغی نفقا فی الارض او سلما فی السماء فتاتیہم بآیۃ ولو شاء اللہ لجمعہم علی الہدی فلا تکونن من الجاہلین یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر تمکو کافروں کا اعراض کرنا ناگوار ہے تو اگر تمسے ممکن ہو تو زمین میں کوئی سرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی لگاکر اوپر وہاں سے کوئی نشانی اُن کے واسطے لے آؤ — اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ہدایت پر اکٹھا کردیتا پس تم نادان نہ بنو *

اس بےچینی کے علاوہ ایک بڑا سبب اس نفرت کا یہہ بھی ہے کہ اکثر مسلمان یہہ خیال کرتے ہیں کہ ہمکو خدا تعالی نے غیر مذہب والوں کے ساتھہ دوستی اور محبت رکھنے کو قطعا منع کردیا ہے اور ممانعت فرمایا خداے پاک نے لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء من دون المؤمنین اور فرمایا کہ لا تتخذوا الیہود والنصاری اولیاء یا ارشاد کیا لا تتخذوا عدوی و عدوکم اولیاء — ایسی طرح اور اکثر آیتیں ایسی قرآن میں موجود ہیں جنکا صاف یہہ مطلب ہے کہ مسلمانوں کو غیر مذہب والوں سے دوستی اور محبت کرنا بالکل منع ہے خواہ وہ یہود ہوں یا نصاری یا مشرک — ان آیات سے یہہ خیال بہت سے مسلمانوں کے دلوں میں اثر کرگیا ہے اور علماء زمانہ نے اُس کو اور بھی مضبوط کردیا ہے اس سچی بات کا دلوں سے نکالنا نہایت مشکل ہوگیا ہے *

مسلمان اگر غور اور انصاف سے دیکھیں تو وہ صاف اِس بات کو معلوم کرلینگے کہ اگر درحقیقت مذہب اسلام میں مسائل کا ایسا ہی حال ہو جیسا اُن کا خیال ہے تو مذہب اسلام سے زیادہ مسلمانوں کے حق میں کوئی دوسری آفت اور وبال نہوگا — جن غیر قوموں اور غیر مذہب والوں کے ساتھہ مسلمانوں کو بمقتضاے ضروریات بشری اپنا کاروبار جاری کرنا پڑتا ہے یا آیندہ پڑے یا جو غیر قومیں مسلمانوں پر حکمرانی کریں اُن کو مسلمانوں کی طرف سے رفاقت کی کیا اُمید ہوگی اور کس بھروسہ پر وہ صفائی دل سے مسلمانوں کے ساتھہ معاملات میں راستبازی کرینگی اور وقت پر اُس کی ضرورتوں کے سرانجام میں اُنکی مددگار ہونگی — ہمارے عالموں نے ایسی ضرورتوں کے لحاظ سے ایک عرضی حیلہ یہہ تصنیف کرایا ہے کہ ضرورت کے واسطے غیر مذہب

تهذیب الاخلاق
یکم شوال سنه ۱۲۸۹ هجری
سنه ۱۳۰۳ نبوی

عام محبت

عام محبت

والوں سے ضروری ملاپ جائز ہی — یہہ راز اگر اسرار تصوف کی طرح سینہ بسینہ چلا آتا تو شاید کچھہ کام کا بھی ہوتا لیکن جب اُس سے کتابیں مرتب ہوئیں اور چھاپی گئیں اور اُس کی بنا قران پاک کی اِس آیت پر قایم ہوئی کہ الا ان تتقوا منهم تقاة تو اب وہ راز مخفی نہیں رہ سکتا — نهاں کے ماند آں رازی کزو سازند محفل — غیر قومیں کوئی احمق یا غافل نہیں ہیں جو ہمارے داؤ میں آجاوینگی وہ ایسی اندھی نہیں ہیں کہ جب مسلمان اپنی ضرورتوں کے وقت اُنکے سامنے خوشامد اور جھوٹے اظہارات محبت اور دوستی سے پیش آویں تو وہ اُن کی اس منافقانہ کارروائی سے نفرت نہ کریں اور ہمارے اس خود غرض اور ذلیل طریقہ کے سبب سے ہمکو وہ ذلت کی نظروں سے نہ دیکھیں — یاد رکھنا چاہیئے کہ جب تک مسلمان صفائی قلب سے کسی قوم سے نہ ملینگے تب تک ہرگز وہ قوم ہمارے شریک حال نہیں ہوسکتی نہ وہ ہمارے کسی کام میں مدد کرسکتی ہی اور نہ ہم سے صفائی کے ساتھہ مل سکتی ہی *

اب خیال کرنا چاہیئے کہ جو حالت مسلمانوں کی ہندوستان میں اور نیز اور ملکوں میں بالفعل ہی وہ کسقدر غیر قوموں اور غیر مذہب والوں کی امداد اور دستگیری کی محتاج ہی اور جب یہہ بات بھی ہمارے ایمان میں داخل ہی کہ خدا کو یہہ سب کیفیت جو مسلمانوں پر اب طاری ہی یا آیندہ طاری ہوگی سب کچھہ روز ازل سے معلوم تھی اور اس پر بھی ہم ایمان لائے ہیں کہ اب اور کوئی نبی ہماری شریعت کی اصلاح کے واسطے یا کوئی دوسری شریعت لیکر نہ آویگا اور ہماری شریعت اب ہر طرح کامل اور مختتم ہی اور اُس شریعت کے وہی احکام صحیح فرض کیئے جاویں جن سے ہم نے اوپر اختلاف کیا ہی تو گویا زبان حال سے ہم اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ خدا کو باوجود اس تمام عظم و شان کے اتنی بھی لیاقت نہیں ہی جو وہ اپنے پیارے مسلمانوں کے واسطے ایسی شریعت مقرر کرتا جسکے احکام ہر وقت کی تبدیلیوں کے لحاظ سے اُنکی بقاء عزت و آبرو اور اُنکی تمام ضروریات کے سرانجام کیواسطے کافی اور وافی ہوتے — اگر یہہ نہیں تو دوسری بات یہہ تسلیم کرنی پڑیگی کہ خدانے ہمکو دھوکہ میں رکھا اور ہمکو ایک ایسی شریعت میں پھانسا جسکے احکام خود بخود ایک وقت میں ہماری تباہی اور بربادی کا موجب ہوجاویں تمام اور قومیں ہماری دشمن ہوجاویں اور ہر شخص حقارت کی نظر سے ہمارے اوپر تھوتھو کرے — نعوذبالله منها *

مگر الحمدلله کہ نہ ہمارا خدا ایسا بے وقوف ہی اور نہ ہماری شریعت غرا مصطفویہ ایسی مہمل شریعت ہی —

ہرچہ ہست از قامت ناسازی اندام ما است
ورنہ تشریف تو بر بالاے کس کرتاہ نیست

ہمارا خدا جس نے اپنے سچے نبی کے ذریعہ سے اپنے پر حکمت احکام ہماری ہدایت اور عمل کے واسطے بھیجے سب سے زیادہ دانا اور بینا اور حکیم ہی — اُس حکیم مطلق نے جو شریعت ہمارے واسطے مقرر کی وہ جیسی وسعت میں کامل ہی ویسی ہی برتاؤ میں سہل ہی اپنے برتاؤ کے لحاظ سے جیسی وہ شریعت ایک بہت عمدہ موسم میں کسی جوان آدمی کی جوانی کے مناسب حال ہی ویسے ہی ایک نامناسب موسم میں وہ ایک پیر و ضعیف مرد کی ضعیفی کے مناسب ہی — اپنی وسعت کے لحاظ سے وہ تمام گذشتہ شریعتوں سے فراخ تر ہی اُسکی ہر حکمت اور نہایت آسان احکام کا یہہ قدرتی اثر ہی کہ مسلمان ہر ایک انقلاب کی حالت میں خوشی سے بسر کریں — مذہب اسلام کا ہرگز یہہ منشاء نہیں ہی کہ کسی قوم یا مذہب والے کی طرف سے دل میں عداوت اور کینہ اور بغض قایم کیا جاوے جو بالکل انسانیت کے برخلاف ہی — قران شریف کی تمام مذکورہ بالا آیات کا مطلب یہہ ہی کہ جو غیر مذہب والے مسلمانوں سے دین کے معاملہ میں لڑتے ہیں اور مسلمانوں کو اُن کے گھروں سے نکالا ہی اُن سے محبت اور دوستی نہ رکھنا چاہیئے اُن سے صرف اُس قدر معاملت جائز ہی جس سے اپنا بچاؤ رہے اور یہہ اخلاق انسانی کا ایک ایسا معتدل اصول ہی جس سے کسی مذہب کا آدمی انکار نہیں کرسکتا — یہہ کسی طرح جائز نہیں ہوسکتا کہ دو لشکر جو آپس میں مقابل ہوں اُن میں سے ایک گروہ کے بعض لوگ دوسرے گروہ والوں سے دوستانہ راہ و رسم جاری کریں اور اپنے لشکر کی سب خبریں دوسرے لشکر والوں کو پہونچاویں اور لشکر کے ضعف اور غنیم کی قوت کا باعث ہوں — پس جہاں جہاں مسلمانوں کو غیر مذہب والوں کی دوستی سے منع کیا گیا ہی وہ سب اسی قسم کی دوستی اور محبت ہی نہ وہ دوستی اور محبت جو من حیث المعاشرت ایک انسان کو دوسرے انسان سے لازمی ہی *

فرمایا الله پاک نے قران بزرگ میں لا ینهاکم الله عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین و لم یخرجوکم من دیارکم ان تبروهم و تقسطوا الیهم ان الله یحب المقسطین انما ینهاکم الله عن الذین قاتلوکم فی الدین و اخرجوکم من دیارکم وظاهروا علی اخراجکم ان تولوهم ومن یتولهم فاولئک هم الظالمون "یعنی الله تعالی تمکو اس بات سے منع نہیں کرتا کہ جو لوگ تم سے دین کے معاملہ میں نہیں لڑے اور جنہوں نے تمکو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا اُن کے ساتھہ تم احسان اور انصاف کرو بے شک الله انصاف والوں کو دوست رکھتا ہی — الله جس بات سے تمکو منع کرتا ہی وہ یہہ ہی کہ جو لوگ دین میں تم سے لڑے اور تمکو تمہارے گھروں سے نکالا یا تمکو تمہارے گھروں سے نکالنے میں اوروں کی مدد کی اُس

عام محبت

سے دوستي کرو اور جو لوگ اُن سے دوستي کرينگے "وہ ظالم هيں" يهه آيتيں تمام آيات ترک موالات اور ترک رفاقت وغيره کي صاف صاف تفسير هيں جس کے سامنے کسي اور تفسير کي حاجت نهيں هے *

پيغمبر خدا صلی الله عليه وسلم نے غير مذهب والوں کے تحائف قبول کيئے اُن کي دعوتيں منظور کيں جو بالکل محبت کے مقدمات هيں — خدا نے همکو يهه اجازت دي که جن غير مذهب والوں سے تمهاري ديني لڑائي نهيں هے اُن سے ملو اور اُن کے ساتهه اچها سلوک کرو — همکو اپنے مذهب کي روسے لازم هے که جهاں هم محکوم هوں وهاں اپنے حاکم کي اطاعت کريں اور جهاں غير قوموں پر حاکم هوں وهاں اپنے محکوموں کي واجبي رعايت کريں اُن کي شراب کي ايسي هي حفاظت کريں جيسي اپنے سرکه کي اور اُن کے سوروں کي ايسي هي نگهداشت کريں جيسي اپنے دنبوں کي — همکو يهه بهي تاکيد هے که جب هم کسي سے عهد کرليں تو مضبوطي سے اُسپر قايم رهيں — نه يهه سب باتيں مجموع من حيث المجموع باهم محبت اور دوستي کو مستحکم کرتي هيں *

خدا نے خود همکو اس بات سے مطلع فرمايا هے که نصاری تمهارے ساتهه زياده دوستي کرينگے کما قال ولتجدن اقربهم مودة للذين آمنوا الذين قالوا انا نصاری ذالک بان منهم قسيسين ورهبانا وانهم لا يستکبرون

بعض دوستياں اس قسم کي بهي هيں که گو ايک فريق دوستي کا اظهار کرے ليکن دوسرے فريق کو اُس سے کناره هي کرنا اولی هے ليکن خدا نے نصاری کي اُس دوستي کي علت بهي بيان فرما دي تاکه کسي کو شبهه نه رهے که وه دوستي کس قسم کي هوگي اور فرمايا که وه اس واسطے تمهارے دوستدار هونگے که اُن ميں عالم هيں اور درويش هيں اور وه غرور نهيں کرتے يعني اُن کي طرف سے يهه دوستي تمهاري نسبت کمال تهذيب کے سبب سے هوگي جيسا عام دستور هے که ايک مهذب انسان دوسرے مهذب انسان سے محبت اور دوستي سے پيش آتا هے پهر کيا مسلمان ايسے نامهذب اور وحشي هوجاوينگے که جو فرقه اُن کا دوست هو اور دوست بهي ايسا دوست جسکي دوستي کي خبر خدا نے همکو دي اُس کے ساتهه بهي وه نفرت سے پيش آويں کيا مسلمان کبهي انگلستان اور فرانس کے نصاری کے اُن احسانات کو بهول سکينگے جو کريميا کي لڑائي ميں اُن کي طرف سے مسلمانوں کي سلطنت اعظم نهيں نهيں بلکه مسلمانوں کي مذهبي عزت برقرار رکهنے اور مکه معظمه اور مدينه منوره ميں اسلام کا جهنڈا قايم رکهنے کے واسطے برتي گئي — اس لڑائي ميں همارے يهه مددگار جنکو خدا جزاے خير دے خاص اپنے هم مذهب يعني روسيوں کے مقابله پر جنهوں نے ظلم پر کمر باندهي تهي کندهے سے کندها اور سينه سے سينه ملاکر لڑے اور جهاں همارا خون گرا وهاں اُنهوں نے اپنے خونوں کي بهي دهاريں بهاديں اور همارے دشمنوں کو مغلوب کيا اور حرمين شريفين پر جنکا نام ليکر همارے عالم و جد ميں آجاتے هيں همارا قبضه قايم رکها مگر يهه سب اس ليئے هوا که سلطان روم خلدالله ملکه اپنے ان مددگاروں سے نهايت صفائي اور خلوص کے ساتهه دوستانه ملا — بغارا ميں اس کے برخلاف اور علماء ناعاقبت انديش کي مرضي کے مطابق کام هوا غارت هوگيا پهر کيا مسلمانوں پر يهه فرض نهيں هے که جب کبهي خدا نخواسته اور نصيب اعدا کوئي موقع آوے تو جهاں همارے ان مددگاروں کے پسينا گرنے کا احتمال هو وهاں اپنے خون کے نالے بهاديں — اب هم اپنے عالموں سے دريافت کرتے هيں نه کيا ايسے ايسے معاملات کے بعد بهي دو مختلف قوموں کے باهم سچي محبت اور دوستي نهيں هوسکتي مگر افسوس جو شخص يهه بهي نه جانتا هو که انگلستان اور فرانس کي مدد کيسي اور کريميا کسي جانور کا نام هے يا کسي زبان کا لفظ هے اور کهاں روس اور کهاں مکه و مدينه وه کيا خاک ان باتوں کا جواب دے سکتا هے — اين از صدرے و از شمس بازغه نمي آيد *

خدا نے همکو اجازت دي که هم اهل کتاب عورتوں سے نکاح کريں پس جو اولاد اُن عورتوں سے هوگي کيا وه اپني ماؤں سے دلي پيار اور محبت نکريگي معهذا جسقدر استحقاق بيبيوں کے خاوند پر هماري شريعت کے بموجب هيں اور جيسي کچهه رعايت اور محبت اور حسن اخلاق همکو مسلمان بيبيوں کے ساتهه برتنا چاهيئے وه سب همکو اُن اهل کتاب بيبيوں کي نسبت برتنا ضرور هوگا ورنه هم گنهگار هونگے پهر کيا يهه هوسکتا هے که وهي خدا غير مذهب والوں سے ايسے ايسے رشتوں اور قرابتوں کو جنميں محبت ثواب اور ترک محبت گناه هو همارے ليئے جائز کرے اور خود هي همارے واسطے اور قوموں کو همارا دوست ٹهراوے اور پهر وهي خدا همکو يهه حکم دے که تم اُن سے بغض اور عداوت کرو يهه خدائي کاهيکو هے يونانيوں کي فلکيات يا لڑکوں کا کهيل هے — و هذا بهتان عظيم گر مسلماني همين ست که واعظ گويد * واے گر در پس امروز بود فردائے

مسلمانوں کو يهه بات بهولنا نه چاهيئے نه قران شريف تمام کتب سماوي کا مصدق هے جسميں انجيل کي اخلاقي هدايتيں بهي شامل هيں اور يهه بهي اُن کو معلوم هے که جناب سرور کائنات صلی الله عليه و سلم کي بعثت سے ايک بڑي غرض يهه بهي تهي که اخلاق انساني اپنے حد و کمال کو پهنچ جاوے مسلمان اُس نبي برحق کي اُمت ميں هيں جسکي تعريف ميں خدا ارشاد فرماتا هے * وانک لعلی خلق عظيم اور جسکا خطاب رحمة العالمين هے همارا مذهب تمام نيکوں کا سر چشمه اور هرايک قسم کے انساني اخلاق کا مکمل اور متمم هے پس مسلمانوں کو چاهيئے که گذشته خيالات پر صلوات کهکر آينده ٹهيک ٹهيک

تعلیم

خدا اور رسول کی مرضی اور منشاء کے مطابق کام کریں — ہمارا کمال اسی میں ہی کہ کوئی مسلمان ہو یا غیر مسلمان دوست ہو یا دشمن سب کے ساتھہ ہم سلوک اور محبت سے پیش آویں اور جس محبت سے اب تک ہم اپنی نا سمجھی کے سبب سے محروم رہے آیندہ اُس کے حصول کے واسطے بدل کوشش کریں اور اُس نعمت بانی اتو تو تام میں لاویں جو ہمارے سچے مذہب نے ہم میں غیروں کو اپنی طرف مائل کرنے کی غرض سے رکھدیا ہی — اب مسلمانوں کو ضرور ہی کہ جس حد تک برانداز مصلحت کے اثر نے ہماری شریعت کے وسیع دائرہ کو دو غیر مساوی حصوں میں تقسیم کرکے ایک بہت چھوٹا حصہ ہماری بسر زندگانی کے قیدخانہ کے واسطے خاص کردیا ہی کہ اُسی میں چاہیں ہم سوویں جاہیں ہم زندہ رہیں اُس مصلحت خلاف کو درمیان سے اُٹھاکر اور تنگ قید سے آزاد ہوکر اپنی شریعت کے پورے دایرہ کی وسعت میں خوشی اور خورمی سے گلگشت کریں اور ان خدا داد نعمتوں پر اپنے خدا کا شکر ادا کریں *

راقــــــم
مشتاق حسین

نمبر ۱۱۵

تعلیم

میں سمجھتا ہوں کہ انسان کی روح بغیر تعلیم کے چمکیلے سنگ مرمر کے پہاڑ کی مانند ہی کہ جب تک سنگ تراش اُس میں ہاتھہ نہیں لگاتا اُس کا دھوندلا اور کھردرا پن دور نہیں کرتا اُسکو خراش تراش کر سڈول نہیں بناتا اُس پر پالش اور جلا سے آراستہ نہیں کرتا اس وقت تک اُس کے جوہر اُسی میں چھپے رہتے ہیں اور اُس کی خوش نما نسیں اور دلربا رنگتیں اور خوبصورت خوبصورت بیل بوٹے ظاہر نہیں ہوتے — یہی حال انسان کی روح کا ہی انسان کا دل کیسا ہی نیک ہو مگر جب تک اُس پر عمدہ تعلیم کا اثر نہیں ہوتا اُس وقت تک ہر ایک نیکی اور ہر ایک قسم کے کمال کی خوبیاں جو اُس میں چھپی ہوئی ہیں اور جو بغیر اس قسم کی مدد کے نمود نہیں ہوسکتیں ظاہر نہیں ہوتیں *

ارسطو نے تعلیم کے اثر کو مجسم مورتوں کے بنانے کی تشبیہہ میں نہایت خوبصورتی سے بیان کیا ہی وہ کہتا ہی کہ موتنی مورت ایک پتھر کے ڈھوکے میں چھپی ہوئی ہوتی ہی مگر مورت بنانے کا ہنر صرف فضول چیزوں کو اُس میں سے کھو دیتا ہی — مورت تو پتھر ہی میں ہوتی ہی مگر آذر صرف اُس کو نمود کردیتا ہی — جو نسبت کہ مورت گھڑنے والے کو اُس پتھر کے ڈھوکے سے ہی وہی نسبت تعلیم کو انسان کی روح سے ہی — بڑے بڑے حکیم اور عالم — ولی و ابدال — نیک و عقلمند — بہادر و نامور ایک گنوار آدمی کی سی صورت میں چھپے ہوئے ہوں مگر اُن کی یہہ تمام خوبیاں عمدہ تعلیم کے ذریعہ سے ظاہر ہوتی ہیں جب میں جاہل اور وحشی قوموں کے حالات پڑھتا ہوں تو اُن نیکیوں سے جو اُن میں ہیں مگر ناشایستہ اور اُس دلیری اور جرأت سے جو اُن میں ہی مگر خوفناک اور اُس استقلال سے جو اُن میں ہی مگر بے ڈھنگا اور اُس دانائی اور عقلمندی سے جو اُن میں ہی مگر جانوروں کے سے مکر و فریب سے ملی ہوئی اور اُس صبر و قناعت سے جو اُن میں ہی اور گویا نا اُمیدیاں ہی اُس کی اُمیدیں ہیں نہایت خوش ہوتا ہوں — سچ ہی کہ انسان کے دل کے جوش مختلف طرح پر کام کرتے ہیں اور جس قدر کم و بیش عقل کی ہدایت اُن کو ہوتی ہی اور جس قدر کہ عقل اُن جوشوں کو درست کرتی ہی اُسی قدر مختلف طور پر اُن سے کام ہوتے ہیں — امریکا کے حبشی غلاموں کا جب ہم یہہ حال سنتے ہیں کہ اپنے آقا کے مرنے پر یا ایک کام پر سے چھڑا کر دوسرے کام میں لگانے پر جنگلوں کے درختوں میں لٹک کر اپنی جان دے دیتے ہیں یا ایک ہندو عورت اپنے خاوند کی لاش کے ساتھہ زندہ جل کر ستی ہوجاتی ہی تو کون شخص ہی جو اُن کی وفا داری اور محبت کی تعریف نہ کریگا گو کہ ویسے ہی ناشایستہ اور نا مہذب طور سے ظاہر ہوتی ہی — اس قسم کی جاہل اور وحشی قوموں کے دلوں میں بھی نہایت عمدہ عمدہ باتیں پائی جاتی ہیں گو وہ وحشی پنے ہی کی حالت میں کیوں نہوں لیکن اگر اُن کی مناسب طور سے اور عمدہ تعلیم سے درستی کی جاوے تو یہی وحشیانہ نیکیاں کسقدر ترقی پا سکتی ہیں اور کیسے کیسے عمدہ کام اور مہذب و شایستہ نیکیاں اُن سے پیدا ہوسکتی ہیں *

مجھکو اسی بات کا رنج ہی کہ میں اپنی قوم میں ہزاروں نیکیاں دیکھتا ہوں پر نا شایستہ — اُن میں نہایت دلیری اور جرأت پاتا ہوں پر خوفناک — اُن میں نہایت قوی استقلال دیکھتا ہوں پر بے ڈھنگا — اُن کو نہایت دانا اور عقلمند پاتا ہوں پر اکثر مکرو فریب اور زور سے ملے ہوئے — اُن میں صبر و قناعت بھی اعلی درجہ کی ہی مگر غیر مفید اور بے موقع پس میرا دل جلتا ہی اور میں خیال کرتا ہوں کہ اگر یہی اُن کی عمدہ صفتیں عمدہ تعلیم و تربیت سے آراستہ ہو جاویں تو دین اور دنیا دونو کے لیئے کیسی کچھہ مفید ہوں *

میری یہی خواہش ہی کہ اس قسم کی تحریرات سے نیکی کو ترقی دوں گو میری یہہ خواہش پوری نہو مگر میں اس خیال سے تو بہت خوش ہوں کہ میں ہر پندرہ روز میں انسان کے دل کی درستی میں کچھہ نکچھہ مدد کرتا رہتا ہوں *

راقــــــم
اے ڈی سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد سوم] ۱۵ شوال سنه۱۲۸۶ هجري سنه۱۳۰۳ نبوي [نمبر ۱۸

بسم‌الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشريح قيمت و مصرف منافع تهذيب‌الاخلاق

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چنده خواه بطور قيمت وصول هو وه کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چنده دے وه اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که مقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو چار روپيه سالانه قيمت پيشگي ديني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهيگا اُس کو في پرچه چار انه معه اخراجات روانگي پرچه دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وه چاهيں اختيار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خريداران و ناظرين تهذيب‌الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو يا خريداري اِس پرچه کي مد نظر هو يا کوئي مضمون اِس پرچه ميں مندرج هونے کے ليے بهيجنا هو يا زر قيمت اخبار يا زر چنده يا کچهه روپيه بطور ڈونيشن کے عنايت فرمانا هو تو سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجا جاوے غرضکه تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کيونکه يهه پرچه عليگڈه ميں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هی اور وهاں سے تقسيم هوتا هی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هی *

اس پرچه ميں صرف مضامين مفيده جو مسلمانوں سے متعلق هيں چهاپه هوتے هيں اور اس سبب سے اخبار امصار و ديار اس ميں مندرج نهيں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے يهه هی که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذيب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هيں وه مٹاے جاويں *

مضمون نمبر ١١٦

وحشیانہ نیکی

انسان وحشیانہ طور پر ایک نیک کام کرتا ہے اور جو کہ وہ اصل میں نیک ہوتا ہے لوگوں کے دل میں بیٹھ جاتا ہے اور اُس وحشیانہ پن کی برائی جس وحشیانہ پن سے وہ کام ہوا آنکھوں سے چھپ جاتی ہے مگر عمدہ تعلیم میں یہہ اثر ہے کہ اُن وحشیانہ حرکتوں کو چھوڑا دیتی ہے اور صرف نیکی ہی نیکی رہ جاتی ہے *

نقل ہے کہ ایک شخص کے پاس دو حبشی لڑکے تھے جوان نو عمر اور اپنی قسم کے لوگوں میں نہایت حسین اور خوبصورت اور آپس میں اُن دونوں کے جانی دوستی اور دلی محبت تھی اُسی شخص کے پاس ایک حبشن نو عمر لڑکی بھی تھی جو اُس قوم میں نہایت ہی خوبصورت سمجھی جاتی تھی اتفاقاً وہ دونوں جوان لڑکے اُس پر عاشق ہوگئے اور دونوں نے اُس کو شادی کا پیغام دیا جو کہ وہ دونوں نہایت خوبصورت بھی تھے اور دونوں کا مزاج بھی اچھا تھا اور ہم عمر بھی تھے وہ لڑکی دونوں میں سے جس کے ساتھہ شادی ہو راضی تھی مگر اُس نے یہہ کہا کہ تم دونوں دوست آپس میں اس بات کا تصفیہ کرلو کہ دونوں میں سے کس کے ساتھہ شادی ہو — دونوں لڑکے دل و جان سے اُس پر عاشق تھے عشق اس بات کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ ایک تو اُس سے شادی کرلے اور دوسرا محروم رہے اور دوستی بھی اُن میں ایسی سچی تھی کہ ایک کو دوسرے کا رنج اور بغیر آپس کی صلاح اور بغیر آپس کی خوشی کے دونوں میں سے کسی کو شادی کرلینا پسند نہ تھا — آخر کار عشق اور دوستی میں جھگڑا ہوا یہہ چاہتا تھا کہ میں غالب آؤں اور وہ چاہتی تھی کہ میں فتح پاؤں مگر کوئی جیت نہ سکا دونوں برابر رہے تب وہ دونوں لڑکے اپنی معشوق کو ایک دن جنگل میں لیگئے اور دونوں نے اُس کو چھوری مارکر مار ڈالا اور جب اُس کا خون بہنے لگا تو دونوں اُسے چاٹنے لگے دونوں نے مردہ لاش کو خوب گلے لگایا اور دلی محبت سے اُس کے دلفریب گالوں کا بے گناہ بوسہ لیا اور پھر اُس کی لاش کے گرد بیٹھہ کر رونے اور پیٹنے لگے خوب ماتم کیا خوب چھاتی پیٹی اور پھر دونوں نے اپنے تئیں بھی مار ڈالا *

اس عجیب واقعہ سے انسان کے دل کے جوشوں کی جو تعلیم و تربیت سے شایستہ نہیں ہوئیں عجیب و غریب حالتیں معلوم ہوتی ہیں جو واقعہ کہ میںنے ابھی بیان کیا وہ حیرت اور گناہ سے بالکل بھرا ہوا ہے تو بھی ایسے نیک دل اور دلی ایمانداری سے سرزد ہوا ہے کہ اگر اُس کی عمدہ طور سے تعلیم و تربیت ہوتی تو اُس سے نہایت عمدہ عمدہ نتیجے حاصل ہوتے *

انسان کا ایسے ملک میں پیدا ہونا یا وہاں جاکر رہنا اور تربیت پانا جہاں تعلیم و تربیت کا چرچا ہو اور علم و شایستگی پھیلی ہوئی ہو نہایت خوش قسمتی کی بات ہے — گو اُن ملکوں میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو اُن حبشی لڑکوں سے کچھہ بہتر نہیں ہوتے مگر ایسے بھی ضرور ہوتے ہیں جن کو تعلیم و تربیت کے بے شمار فائدے حاصل ہوتے ہیں اور مختلف درجہ کا اُس میں کمال رکھتے ہیں *

شایستہ ملک کی مثال مورت بنانے والے سنگ تراش کے کارخانہ کی سی ہے کہ جب آدمی وہاں جاتا ہے تو دیکھتا ہے کہ ابھی تو کوئی پتھر اُسی طرح ڈھونکے کا ڈھونکا ہی رکھا ہوا ہے اور کسی میں صرف ابھی ٹانگیں ہی بنی ہیں اور کسی میں ہاتھہ پاؤں منہہ سب کٹ چکا مگر ابھی انگھڑ ہے اور کسی میں انسان کے تمام اعضا درستی سے بن چکے ہیں مگر صاف ہونے اور جلا ہونے باقی ہیں اور کوئی مورت نہایت خوبصورت اور دلربا بالکل بنکر طیار ہوچکی ہے اُس وقت انسان کے دل میں ضرور یہہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ پتھر کا ڈھونکا کہاں تک ترقی پاسکتا ہے اور ہر ایک انگھڑ صورت سوائے شاذ و نادر کے آذر سے بت تراش کے ہاتھہ سے نہایت خوبصورت یا قریب قریب خوبصورت کے ہوسکتی ہے *

نا مہذب ملک کی مثال ننگے پہاڑوں کی سی ہے جہاں بجز پتھر کے ڈھونکوں کے اور کچھہ نظر نہیں آتا کوئی مثال ایسی نظر نہیں آتی جس سے انسان کو یہہ خیال ہو کہ وہ کہاں تک ترقی کرسکتا ہے اور اُسمیں کیا چیز نہیں ہے جو وہ اب تک انگھڑ پتھر کی مانند ہے — جو نیکیاں خود اُس میں ہیں اُن سے بھی وہ ناواقف ہے کیونکہ وہ نیکیاں مثل پتھر کے ڈھونکے کے اُس کے جگر میں چھپی ہوئی ہیں اور بے تعلیم و تربیت کے وہ ظاہر نہیں ہوسکتیں *

یہی خیالات مجھکو اس بات پر برانگیختہ کرتے ہیں کہ میں اپنی قوم کو مہذب قوم سے ملنے اور شایستہ ملک میں جانے کی ترغیب کرتا ہوں اور اس خیال سے ہمیشہ رنج میں رہتا ہوں کہ ہماری قوم میں جس قدر نیکیاں ہیں وہ بھی نامہذب ہیں دنیاوی برتاؤ آپس کا ملاپ دوستوں کی دوستی دینداروں کی دینداری امیروں کی امیری نہایت ناشایستہ اور نا مہذب طور سے واقع ہوتی ہے اگر وہ عمدہ تعلیم و تربیت سے آراستہ ہو جاوے تو انسان کے لیئے اس زندگی میں اور آنے والی زندگی میں دونوں میں نہایت ہی مفید ہو *

راقــــــم

اے - کی - سید احمد

مضمون نمبر ۱۱۷

اُمید

دنیا باُمید قایم ھی

موجودہ حالت گو وہ کیسی ھی اچھی یا بری ھو انسان کے دل کے مشغلہ کو کافی نہیں ھوتی — موجودہ رنج و خوشی محبت و دوستی کی چیزیں اتنی نہیں ھوتیں کہ انسان کے دل کی قوتوں کو ھمیشہ مشغول رکھیں اس لیئے اُس بڑے کاریگر نے جسنے انسان کے پتلے کو اپنے ھاتھہ سے اور اپنی ھی مانند بنایا اُس میں چند اور قوتیں دی ھیں جن کے سبب سے دل کے لیئے کاموں کی کبھی کمی نہیں ھوتی اور ھمیشہ و ھر وقت دل کے مشغول رھنے کا سامان مہیا اور موجود رھتا ھی — اُنہیں قوتوں کے ذریعہ سے گذری ھوئی باتیں پھر دل میں آتی ھیں اور آیندہ کی باتوں کا اُنکے ھونے سے پیشتر خیال ھوتا ھی *

وہ عجیب قوت جس کو ھم یاد کہتے ھیں ھمیشہ پیچھے دیکھتی رھتی ھی جب کوئی موجودہ چیز ھمکو شغل کے لیئے نہیں ملتی تو وہ قوت پچھلی باتوں کو بلا لاتی ھی اور اُسی کے ذکر یا خیال سے ھمارے دل کو بہلائے رکھتی ھی اُس کی مثال جگالی کرنے والے جانوروں کی ھی کہ وہ پہلے تو گھاس دانہ سب کھا لیتے ھیں اور جب ھوچکتا ھی تو ایک کونے میں بیٹھکر پھر اُسکو پیٹ میں سے نکال کر چباتے جاتے ھیں *

جسطرح کہ یاد پچھلی باتوں کو خالی وقت میں ھمارے دل کے مشغلہ کو بلا لاتی ھی اسی طرح ایک اَور قوت ھی جو آیندہ ھونے والی باتوں کے خیال میں دل کو مشغول کردیتی ھی اور جسکا نام اُمید و بیم یا خوف و رجا ھی — اِنھی دونوں قسم کے خیالوں سے ھم آیندہ زمانہ تک پھونچ جاتے ھیں اور جو باتیں کہ دور زمانہ میں شاید ھونے والی ھیں اور ظلمات کے پردوں میں چھپی ھوئی ھیں اور بڑے گھرے اندھیرے گڑھوں میں پڑی ھوئی ھیں اُن کو ایسا سمجھتے ھیں کہ ابھی ھو رھی ھیں — اُنکے ھونے سے پہلے اُنکی خوشی یا رنج اُٹھانے لگتے ھیں یہاں تک کہ اُس زمانہ کا بھی جب نہ یہہ زمین ھوگی نہ آسمان اور ھر چہار طرف سے لمن الملک الیوم کی آواز آتی ھوگی ابھی خیال کرلیتے ھیں — پھر کون کہہ سکتا ھی کہ انسان کی زندگی صرف موجودہ وقت پر محدود ھی *

میرا ارادہ ھی کہ میں اس تحریر میں صرف اُسی کا کچھہ بیان کروں جسکو اُمید کہتے ھیں — ھماری خوشیاں اسقدر کم و چند روزہ ھیں کہ اگر وہ قوت ھم میں نہوتی جس سے انسان اُن عمدہ اور دل خوش کن چیزوں کا اُن کے ھونے سے پہلے مزہ اوٹھاتا ھی جنکا کبھی ھو جانا ممکن ھی تو ھماری زندگی نہایت ھی خراب اور بدمزہ ھوتی ایک شاعر کا قول ھی کہ "ھمکو تمام عمدہ چیزوں کے حاصل ھونے کی اُمید رکھنی چاھیئے کیونکہ کوئی چیز ایسی نہیں ھی جسکی اُمید نہوسکے اور کوئی چیز ایسی نہیں ھی جو خدا ھمکو دے نسکے" — فارسی زبان میں مشہور مقولہ ھی کہ "تمنا را عیبی نیست" ایک ظریف نے کہا کہ دنیا میں مجھے کسی چیز کا رنج نہیں ھی کیونکہ اُمید مجھے ھمیشہ خوش رکھتی ھی — دوستوں نے پوچھا کہ کیا تمکو مرنے کا بھی رنج نہیں ھی اُسنے کہا کہ کیا عجب ھی کہ میں کبھی نہ مروں کیونکہ خدا اسپر بھی قادر ھی کہ ایک ایسا شخص پیدا کرے جسکو موت نہو اور مجھکو اُمید ھی کہ شاید وہ شخص میں ھی ھوں — یہہ قول تو ایک ظرافت کا تھا مگر سچ یہہ ھی کہ زندگی کی اُمید ھی موت کا رنج ھمسے مٹاتی ھی اگر ھمکو زندگی کی اُمید نہوتی تو ھمسے زیادہ بدتر حالت کسیکی نہوتی — زندگی ایک بیجان چیز کی مانند ھی جس میں کچھہ حرکت نہیں ھوتی اُمید اُس میں حرکت پیدا کرتی ھی — اُمید ھی کے سبب سے انسان میں سنجیدگی اور بردباری اور خوش مزاجی کی عادت ھوجاتی ھی — گویا اُمید انسان کی روح کی جان ھی ھمیشہ روح کو خوش رکھتی ھی اور تمام تکلیفوں کو آسان کردیتی ھی — محنت پر رغبت دلاتی ھی اور انسان کو نہایت سخت اور مشکل کاموں کے کرنے پر آمادہ رکھتی ھی — اُمید سے ایک اور بھی فائدہ ھی جو کچھہ کم نہیں ھی کہ ھم موجودہ خوشیوں کی کچھہ بہت قدر نہیں کرتے اور اُسی میں محو نہیں ھوجاتے سیزر نے جب اپنا تمام مال اسباب اپنے دوستوں کو بانٹ دیا تو اُس سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ نے اپنے لیئے کیا رکھا اُس نے کہا کہ اُمید — اُس کی عالی طبیعت اُن چیزوں کی کچھہ قدر نہیں کرتی تھی جو اُسکے پاس تھیں بلکہ ھمیشہ اُسکا خیال کسی بہتر چیز کی طرف رھتا تھا *

اگلے زمانہ کے لوگ بغیر اُمید کے زندگی کو نہایت ھی برا سمجھتے تھے نقل ھی کہ خدا نے انسان کے پاس ایک صندوقچہ بھجوایا جب اُسکو کھولا تو اُس میں سے ھر ایک قسم کی بلائیں اور مصیبتیں اور بیماریاں جو انسان کو ھوتی ھیں سب نکل پڑیں اُمید بھی اُسی صندوقچہ میں تھی وہ نہ نکلی بلکہ ڈھکنے میں چمٹ رھی اور صندوقچہ ھی میں بند ھوگئی تاکہ مصیبت کے وقت انسان کو تسلی دے پس جس زندگی میں اُمید ھی اُس سے بڑھکر کوئی خوش زندگی نہیں ھی خصوصاً جبکہ اُمید ایک عمدہ چیز کی اور اچھی بنا پر ھو اور ایسی چیز کی ھو جو اُمید کرنے والے کو حقیقت میں خوش کرسکتی ھو اسباب

کی حقیقت وہی لوگ خوب جانتے ہیں جو سمجھتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ خوشحال آدمی کے لیئے بھی زمانہ موجودہ میں کافی خوشی نہیں ہی *

میں یہہ بھی سمجھتا ہوں کہ مذہبی زندگی میں عمدہ عمدہ چیزوں کی بہت سی امیدیں ہوتی ہیں اور ایسی چیزوں کی ہوتی ہیں جو ہمکو پورا پورا خوش کرسکتی ہیں دینی چیزوں کی اُمیدیں دنیوی چیزوں کی اُمیدوں سے بہت زیادہ قوی اور مضبوط ہوتی ہیں کیونکہ اُن میں عقل کے علاوہ مذہبی اعتقاد کی بھی نہایت قوت ہوتی ہی اس قسم کی اُمیدوں کا خیال ہی ہمکو پورا پورا خوش رکھتا ہی بلاشبہہ امید کے اثر سے انسان کی زندگی نہایت شیریں ہوجاتی ہی اگر وہ موجودہ حالت سے خوش نہیں رہتا تو اُسپر صبر تو ضرور آجاتا ہی —— مگر مذہبی اُمیدیں اس سے بھی زیادہ فائدہ مند ہیں تکلیف کی حالت میں دل کو سنبھال دیتی ہیں بلکہ اُسکو اس خیال سے خوش رکھتی ہیں کہ شاید یہی تکلیف اُس اُمید کے حاصل ہونے کا ذریعہ ہو مذہبی اُمید گویا مردہ کو زندہ کردیتی ہی اور اُس کے دلکو غایت درجہ کی خوشی بخشتی ہی انسان اپنی تکلیفوں میں خوش رہتا ہی اور روح اُس بڑی چیز کے لیک لینے کو اوچھلتی ہی جو ہمیشہ اُس کی نظر میں رہتی ہی اور آخر کار اس اُمید کی خوشی میں اس فانی جسم کو چھوڑ دیتی ہی کہ قیامت کے دن اُس سے مل جاویگی *

حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے نہایت مصیبت اور تکلیف کے وقت میں خدا کی مناجات میں اس مضمون کا گیت گایا تھا *

" میں ہمیشہ خدا کو اپنے سامنے رکھتا ہوں وہ میری دائیں طرف ہی اسی لیئے میں گھبراتا نہیں میرا دل خوش ہی میرا گوشت بھی اسی اُمید میں رہیگا کہ تو میری روح کو جہنم میں نڈالے —— تو اپنی چیز کو خراب ہوتے ہوئے نہ دیکھیگا —— توہی مجھکو زندگی کے طریق دکھلائیگا —— تیری ہی حضور میں خوشی کا کمال ہی —— تیری ہی دائیں طرف ہمیشہ کی خوشی ہی آمین " *

راقم
اے - ڈی - سید احمد

نمبر ۱۱۸

اخلاق

مسٹر اڈیسن کا قول ہی کہ مذہب کے دو حصہ ہوسکتے ہیں ایک اعتقادیات دوسرا عملیات مسٹر اڈیسن کی غرض اعتقادیات سے صرف وہ مسائل ہیں جو وحی سے معلوم ہوئے ہیں اور جو عقل سے یا کارخانہ قدرت پر غور کرنے سے معلوم نہیں ہوسکتے —— مگر ہم کو اُنکے اس بیان سے کسی قدر اختلاف ہی —— ہم اعتقادیات اُن مسائل کو کہتے ہیں جن کا ہونا عقل و نیچر یعنی کارخانہ قدرت کے اصول پر ناممکن نہیں ہی الا ہم اُن دونوں کی بنا پر اُن کے ہونے کا یقین نہیں کرسکتے تھے وحی نے صرف اُن کے ہونے پر جب وہ ہوں ہمکو یقین دلایا ہی یا اُن کا ہونا بتلایا ہی —— ہم نے اس مقام پر حرف تردید کو اس لیئے استعمال کیا ہی کہ ہم کو اس بات میں شبہہ ہی کہ اُن مسائل پر جن کو ہمنے اعتقادیات میں داخل کیا ہی یقین لانا جزو ایمان ہی یا نہیں —— عملیات میں مسٹر اڈیسن نے اُن مسائل کو داخل کیا ہی جن کو عقل و نیچر کے مطابق مذہب نے بھی ہدایت کی ہی پس وہ پہلے حصہ کا نام عقاید رکھتے ہیں اور دوسرے حصہ کا نام اخلاق *

پھر وہ لکھتے ہیں کہ ہم اکثر لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ اعتقادیات پر اس قدر خیال کرتے ہیں کہ اخلاق کو بالکل بھول جاتے ہیں اور بعضے اخلاق پر ایسے متوجہہ ہوتے ہیں کہ اعتقادیات کا کچھہ خیال نہیں کرتے —— صاحب کمال آدمی کو ان دونوں میں سے کسی بات میں ناقص نہ رہنا چاہیئے —— جو لوگ اس بات پر غور کرتے ہیں کہ ہر ایک سے کیا کیا فائدہ حاصل ہوتا ہی وہ دل سے ہمارے اس بیان کی تصدیق کرینگے *

افسوس ہی کہ اس مقام پر بھی مجھکو مسٹر اڈیسن سے کچھہ تھوڑا سا اختلاف ہی پچھلا حصہ اُن کے اس مضمون کا نہایت سچ ہی مگر پہلے حصہ میں کچھہ غلطی ہی —— میں سمجھتا ہوں کہ اعتقادیات میں اور عملیات میں جس کو مسٹر اڈیسن اخلاق کہتے ہیں کچھہ علاقہ نہیں ہی انسان اعتقادیات پر کتنا ہی زیادہ خیال کرے اُس کے اخلاق میں کچھہ تفاوت نہیں ہوسکتا —— اسی طرح اخلاق پر کیسا ہی متوجہہ ہو اُس کے اعتقادیات میں کچھہ نقصان نہیں آسکتا کیونکہ یہہ دونو کام دو جدا جدا آلوں اور دو جدا جدا شخصوں سے متعلق ہیں پہلا ہمارے دل یا ہماری روح اور خدا سے —— دوسرا ہماری ظاہری حرکات اور جذبات اور انسان سے *

پھر وہ لکھتے ہیں کہ گو مذہب اخلاق اور اعتقاد پر منقسم ہی اور اُن دونوں میں خاص خاص خوبیاں ہیں مگر اخلاق کو اعتقاد پر اکثر باتوں میں ترجیح ہی *

۱ کیونکہ اخلاق کی اکثر باتیں نہایت صحیح اور بہت مضبوط ہیں یہاں تک کہ اگر اعتقاد بالکل قایم نہ رہے تب بھی وہ باتیں (یعنی اخلاق کے مسائل) بدستور قایم رہتی ہیں *

۲ جس شخص میں اخلاق ہی اور اعتقاد نہیں وہ شخص بہ نسبت اُس شخص کے جس میں اعتقاد ہی اور اخلاق نہیں انسان

کے لیئے دنیا میں بہت زیادہ بہتري کرسکتا هی — اور میں اس سے اور زیادہ کہتا هوں کہ انسان کے لیئے دین اور دنیا دونوں میں بہت زیادہ بھلائي کرسکتا هی *

٣ اخلاق انسان کي فطرت کو زیادہ کمال بخشتا هی کیونکہ اُس سے دل کو قرار و آسودگي هوتي هی دل کے جذبات اعتدال پر رهتے هیں اور هر ایک انسان کي خوشي کو ترقي هوتي هی *

٤ اخلاق میں ایک نہایت زیادہ فائدہ انسان سے یہہ هی کہ اگر وہ ٹھیک ٹھیک هوں تو تمام دنیا کي مہذب قومیں اخلاق کے بڑے بڑے اصولوں میں متفق هوتي هیں گو کہ مذاہب میں وہ کیسي هي مختلف هوں *

٥ کفر سے بھي بد اخلاقي زیادہ بدتر هی یا اس مطلب کو یوں کہو کہ اکثر لوگوں نے اس بات کو تسلیم کیا هی کہ ایک نیک چلن نہایت جاهل وحشي جس کو خدا کي باتوں کي کچھہ خبر بھي نہیں پہونچي نجات پاسکتا هی مگر بد چلن معتقد آدمي نجات نہیں پاسکتا *

٦ اعتقاد کي خوبي اِسي میں هی کہ اُس کا اثر اخلاق پر هوتا هی اگر هم اِس بات پر غور کریں کہ اعتقاد کي یعني خدا کے ماننے هوئے مذهب پر ایمان رکھنے کي خوبیاں کیا هیں تو همکو اِس بات کي صحت جو همنے ابھي بیان کي بخوبي معلوم هو۔ اورکي — میں سمجھتا هوں کہ مذهب کي خوبیاں اِن باتوں میں هیں جنکو میں بیان کرتا هوں *

١ اخلاق کي باتوں کو سمجھنا اور اُن کو اعلی درجہ پر پہنچانا *

٢ نیک اخلاق پر عمل کرنے کے لیئے نئے نئے اور قوي قوي اعراض کو بہم پہنچانا *

٣ خدا کي نسبت عمدہ خیالات پیدا کرنا اور اپنے همجنسوں میں اچھا برتاؤ کرنا جس سے آپسمیں محبت زیادہ هو اور خود انسان اپني سچي حالت کو کیا بلحاظ اپنے نیچر کي خوبي کے اور کیا بلحاظ اُس کي بدي کے بخوبي سمجھے *

٤ برائي کي برائیوں کو ظاهر کرنا *

٥ نجات کے لیئے نیک اخلاق کو عام ذریعہ ٹہرانا *

مذهب کي خوبیوں کا یہہ ایک مختصر بیان هی مگر جو لوگ اِس قسم کے مباحثوں میں مشغول رهتے هیں وہ نہایت آساني سے اِن خیالوں میں ترقي دے سکتے هیں اور مفید نتیجے اِن سے نکال سکتے هیں — مگر میں یقیناً کہہ سکتا هوں کہ ان سب باتوں کا ظاهر

نتیجہ یہہ هی کہ دنیا بغض اخلاق میں کمال حاصل نہیں کرسکتا جب تک اخلاق کو عیسائي مذهب کا سہارا نہو — یہہ قول مسٹر ادیسن کا هی مگر میں یہہ کہتا هوں کہ کوئي اعتقاد یا کوئي مذهب عمدہ هو هي نہیں سکتا جسکا نتیجہ اخلاق کي عمدگي نہو پس اخلاق کو کسي مذهب کا کچھہ سہارا درکار نہیں هی بلکہ مذهب یا اعتقاد کے سچے سمجھنے کو اخلاق کا سہارا درکار هی *

مسٹر ادیسن اور بھي دو ایک اصول قائم کرتے هیں جو اِس تذکرہ سے علاقہ رکھتے هیں *

١ وہ کہتے هیں کہ همکو ایسي بات کو اعتقاد کي جز نہ قرار دینا چاهیئے جس سے اخلاق کو استحکام اور ترقي نہوتي هو *

٢ کوئي اعتقاد صحیح بنیاد پر هو هي نہیں سکتا جس سے اخلاق خراب یا اُن میں تنزل هوتا هو *

یہہ دونوں اصول مسٹر ادیسن کے ایسے عمدہ هیں کہ دنیا میں کوئي شخص جسکے دل کي آنکھہ خدا نے اندھي نہ کي هو اُن سے انکار نہیں کرسکتا *

اِس کے بعد مسٹر ادیسن اِنہیں اصلوں پر ایک اور مسئلہ متفرع کرتے هیں وہ کہتے هیں کہ تمام مشتبہہ مقدموں میں همکو نہایت غور کرني چاهیئے کہ اگر بالفرض وہ غلط هو تو اُس سے کیا کیا بد نتیجے پیدا هوسکتے هیں — مثلاً اپنے ایمان کے مضبوط کرنے اور خدا کي ثواب حاصل کرنے کي امید میں لوگوں کو تکلیف دینا — لوگوں کے دلوں میں رنج اور نفرت غصہ اور سخت عداوت پیدا کرنا اور جس چیز پر اُن کو اعتقاد نہیں هی بزبردستي اُن سے قبول کروانا ایسے جذبات میں هم اسي پر بس نہیں کرتے بلکہ ان سب باتوں کے سوا هم اُن کو دنیا کے فائدہ اور خوشي سے بھي محروم کرتے هیں — اُن کے جسم کو تکلیف دیتے هیں اُن کي دولت کو خراب کرتے هیں اُن کي ناموریوں کو خاک میں ملاتے هیں — اُن کے خاندانوں کو برباد کرتے هیں اُن کي زندگیوں کو تلخ کر ڈالتے هیں — یہاں تک کہ آخرکار ان کو مار ڈالتے هیں — پس جب کسي مسئلہ سے ایسے بد نتیجے نکلیں تو مجھکو اُس مسئلہ کے مشکوک هونے میں کچھہ شبہہ نہیں رهتا جیسےکہ علم حساب میں دو اور دو چار هونے میں کچھہ شبہہ نہیں هوتا پس ایسے مسئلہ کو اپنے مذهب کي بنیاد نہیں ٹہرا سکتا اور نہ اُس پر عمل کرسکتا هوں *

اِس قسم کے معاملات میں هم صریح اپنے همجنسوں کو ضرر پہنچاتے هیں اور جس مسئلہ سے هم ایسا کرتے هیں بلاشبہہ وہ مشکوک اور قابل اعتراض هی اخلاق اُس سے بالکل خراب هوجاتے هیں *

یہہ مضمون مسٹر اڈیسن کا غالباً عیسائی مذہب کے اُس زمانہ پر اشارہ ہی جب کہ رومن کیتھلک اور پروٹسٹنٹ فرقہ میں دشمنی کی آگ بھڑک رہی تھی اور مرد اور عورت و بچے مذہب نہ ماننے پر آگ میں جلائے جاتے تھے اور نہایت بد بخت خونریزیاں جو در حقیقت کرسچانٹی کے بالکل برخلاف تھیں ہو رہی تھیں *

لوگ خیال کرتے ہیں کہ مسلمانوں کے مذہب میں بھی ایسا ہی خونخوار اصول اور اخلاق کے برخلاف جہاد کا مسئلہ ہی اگر وہ مسئلہ در حقیقت ایسا ہی ہو جیسا کہ بعض یا اکثر حقیقت تک نہ پہنچنے والے یا خود غرض لوگوں نے سمجھا ہی یا اکثر ظالم و مکار مسلمان حکمرانوں نے برتا ہی تو تو اُسکے اخلاق کے برخلاف ہونے میں کون شبہہ کرسکتا ہی مگر ہمارا اعتقاد یہہ نہیں ہی — بلکہ جو حقیقت جہاد کی درحقیقت مذہب اسلام کی رو سے ہی وہ اخلاق کے برخلاف نہیں ہی — اُس میں کسی قسم کا جبر یا کسی کے مذہب کو بجبر چھڑانا یا مذہب کے لیئے کسیکا خون بہانا مطلق نہیں ہی وہ صرف نیشنلا پر یعنی اُس قانون پر جو مختلف قوموں کو آپس میں برتنا چاہیئے مبنی ہی اور جو آج کل مہذب سے مہذب قوموں میں جاری ہی *

اس مسئلہ کا ذکر ہمنے اپنی متعدد تصنیفات میں کیا ہی اور اُمید ہی کہ کبھی اُس مضمون پر کوئی تحریر اس پرچہ میں بھی چھاپینگے *

مسٹر اڈیسن اپنے اس مضمون کو کسی مصنف کے نہایت عمدہ اور دل میں اثر کرنے والے کلام پر ختم کرتے ہیں اور وہ کلام یہہ ہی "آپس میں نفرت پیدا کرنے کو تو ہمارے لیئے مذہب کافی ہی مگر ایک دوسرے میں محبت پیدا کرنے کے لیئے کافی نہیں" *

میں اسبات کو تسلیم کرتا ہوں کہ جو برتاؤ مذہبوں کا اس زمانہ میں ہی وہ ایسا ہی ہی اور مسلمانوں کا برتاؤ سب سے زیادہ برا ہی مگر سچے مذہب کا یعنی اسلام کا سچا مسئلہ یہہ ہی کہ "خدا کو ایک جاننا اور انسان کو اپنا بھائی سمجھنا" پس جو کوئی اس مسئلہ کے برخلاف ہی وہ غلطی پر ہی *

راقم
اے - ڈی - سید احمد

نمبر ۱۱۹

ریا

دنیا میں ایسے لوگ بھی بہت ہیں جنکا ظاہر کچھہ اور باطن کچھہ ہوتا ہی — دنیا دار اور رند مشرب آدمی جسقدر کہ در اصل وہ بد ہیں اُس سے زیادہ اپنے تئیں بد بتاتے ہیں — دینداری کی بناوٹ کرنے والے جسقدر کہ ہوتے ہیں اُس سے زیادہ نیک اپنے آپ کو جتلاتے ہیں — وہ تو دینداری کی ذرا ذرا سی باتوں سے بھی بھاگتے ہیں اور دن رات عشق و تماش بینی اور لچ پنے کی باتوں کی جنکو در اصل اُنہوں نے کیا بھی نہیں گپیں اوڑاتے ہیں — اور یہہ حضرت بیشمار گناہوں اور بدیوں کو ایک ظاہری دینداری کے پردہ میں چھپاتے ہیں اور تقوی کی اوجھل شکار کھیلتے ہیں — میں سمجھتا ہوں کہ یہہ دونوں قسم کے آدمی چنداں برے نہیں ہیں مگر ایک اور تیسری قسم کے لوگ ہیں جو ان دونوں قسموں سے علحدہ ہیں اور اُنہیں کا کچھہ ذکر میں اس تحریر میں کرنا چاہتا ہوں — اُن کی بناوٹ ایک اور ہی عجیب قسم کی ہی وہ اپنی بناوٹ سے دنیا کے لوگوں ہی کو فریب نہیں دیتے بلکہ اکثر خود آپ بھی دھوکہ میں پڑتے ہیں — وہ بناوٹ خود اُن سے اُنہیں کے دل کے حال کو چھپاتی ہی جسقدر کہ در حقیقت وہ نیک ہیں اُس سے زیادہ اُن کو نیک جتاتی ہی — پھر تو وہ لوگ یا اپنی بدیوں پر خیال ہی نہیں کرتے یا اُن بدیوں کو نیکیاں سمجھتے ہیں مقدس داؤد نے نہایت دلچسپ لفظوں میں اس برائی سے پناہ مانگی ہی اور اس طرح پر خدا کی مناجات کی ہی "کون اپنی غلطیوں کو سمجھہ سکتا ہی تو ہی مجھکو میرے پوشیدہ عیبوں سے پاک کر" جو لوگ علانیہ بدی کرتے ہیں اگر اُن کو بدیوں اور گناہوں سے بچانے کے لیئے نصیحت کی ضرورت ہی تو وہ لوگ جو در حقیقت موت کی راہ چلتے ہیں اور اپنے تئیں نیکی اور زندگی کے رستہ پر سمجھتے ہیں کسقدر رحم کے لایق ہیں اور کتنی نصیحت کے محتاج ہیں — پس میں چند قاعدے بیان کرنا چاہتا ہوں جن سے وہ بدیاں جو دل کے کونوں میں چھپی ہوتی ہیں اور جنکے چھپے رہنے سے انسان خود اپنے دل کا سچا حال آپ نہیں جان سکتا معلوم ہوسکیں *

عام قاعدہ تو اس کے لیئے یہہ ہی کہ ہم خود اپنے آپ کو اُن مذہبی اصول سے جو ہماری ہدایت کے لیئے مقدس کتاب الله میں لکھے ہیں جانچیں اور اپنی زندگی کو اُس پاک شخص کی زندگی سے مقابلہ کریں جس نے یہہ فرمایا کہ "انا بشر مثلکم یوحی الی انما الٰهکم اله واحد" اور جو اُس درجہ کمال تک پہنچا جہاں تک انسانکا پہنچنا ممکن ہی — اور جسکی زندگی ہماری زندگی کے لیئے نمونہ ہی اور جو اپنی پیروی کرنے والوں کے لیئے بلکہ تمام دنیا کے لیئے بڑا ہادی اور بہت بڑا دانا اُستاد ہی — ان دونوں قاعدوں کے برتنے میں بڑی بڑی غلطیاں پڑتی ہیں کچھہ تو لوگوں کی سمجھہ

میں غلطیاں ہوتی ہیں اور کچھ آپس میں اختلاف راے ہوتا ہی جو بس ہوئے وہ نہیں سکتا اور کچھ زمانہ کے گذرنے سے ٹھیک ٹھیک حالت اور کیفیت اُن واقعات کی جو گذرے معلوم نہیں ہوسکتی زمانے برخلاف اگلے مسلمان مصنفوں کے صرف انھی قاعدوں کے بیان کرنے پر میں اکتفا نہیں کرتا بلکہ اور بھی قاعدے بیان کرتا ہوں جو انسان کو ٹھیک ٹھیک مطلوبہ راہ پر لے آتے ہیں *

اپنے پوشیدہ عیبوں کے معلوم کرنے کا ایک عمدہ قاعدہ یہہ ہی کہ ہم اِس بات پر غور کریں کہ ہمارے دشمن ہمکو کیا کہتے ہیں — ہمارے دوست اکثر ہمارے دل کے موافق ہماری تعریف کرتے ہیں یا تو ہمارے عیب اُن کو عیب ہی نہیں معلوم ہوتے اور یا ہماری خاطر کو ایسا عزیز رکھتے ہیں کہ اُس کو رنجیدہ نہ کرنے کے خیال سے اُن کو چھپاتے ہیں یا ایسی نرمی سے کہتے ہیں کہ ہم اُن کو نہایت ہی خفیف سمجھتے ہیں — برخلاف اس کے دشمن ہمکو خوب تاکتا ہی اور کرید کرید کر ڈھونڈ کر ہمارے عیب نکالتا ہی — گو وہ دشمنی سے چھوٹی بات کو بہت بڑا کر دیتا ہی مگر اکثر اُس کی کچھہ نہ کچھہ اصل ہوتی ہی *

تا نباشد چیز کے مردم نگویند چیز ہا

دوست ہمیشہ اپنے دوست کی نیکیوں کو بڑھاتا ہی اور دشمن عیبوں کو اس لیئے ہمکو اپنے دشمن کا زیادہ احسانمند ہونا چاہیئے کہ وہ ہمکو ہمارے عیبوں سے مطلع کرتا ہی اگر ہم نے اُس کے طعنوں کے سبب اُن عیبوں کو چھوڑ دیا تو دشمن سے ہمکو وہی نتیجہ ملا جو ایک شفیق اُستاد سے ملنا چاہیئے تھا *

دشمن جو عیب صحیح یا غلط ہم میں لگاتا ہی ہمارے فائدہ سے خالی نہیں اگر وہ ہم میں ہوتا ہی تو ہم اپنے عیب سے مطلع ہوتے ہیں اور اگر نہیں ہوتا تو خدا کا شکر کرتے ہیں کہ وہ عیب ہم میں نہیں سچ ہی کہ "دشمن از دوست ناصح تراست این جز نکوئی نگوید واں جز بدی نجوید" *

پلوٹارک کا دشمنی کے فائدوں پر جو مضمون ہی اُس میں اُس نے یہہ بات لکھی ہی کہ "دشمن جو ہمکو بدنام کرتے ہیں اُس سے ہمکو ہماری برائیاں معلوم ہوتی ہیں اور ہماری گفتگو میں اور ہمارے چال چلن میں اور ہماری تحریر میں جو نقص ہیں وہ بغیر ایسے دشمن کی مدد کے کبھی معلوم نہیں ہوتے" *

علی ہذا القیاس اگر ہم خود اپنے آپکو سمجھنا چاہیں کہ ہم کیا ہیں تو ہم کو اسبات پر غور کرنی چاہیئے کہ جو لوگ ہماری تعریف کرتے ہیں اُس میں سے ہم کسقدر کے مستحق ہیں اور پھر یہہ سوچنا چاہیئے کہ جن کاموں کے سبب سے وہ تعریف کرتے ہیں وہ کام ہم عمدہ غرض سے اور نیک نیتی سے دنیا کو فائدہ پہنچانے کے لیئے کرتے ہیں یا نہیں اور پھر ہمکو یہہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ وہ نیکیاں جنکے سبب ہماری تعریف کرنے والے ہماری تعریف کرتے ہیں در اصل ہم میں کہاں تک ہیں — ان باتوں پر انسان کو بخوبی غور کرنا نہایت ضرور ہی کیونکہ ہمارا یہہ حال ہی کہ جبھی تو ہم لوگوں کی رایوں کو جو ہماری نسبت ہیں پسند کرکر اپنے تئیں بہت بڑا سمجھنے لگتے ہیں اور کبھی اُن کو ناپسند کرتے ہیں اور جو کچھہ ہمارا دل کہتا ہی اُس کے مقابلہ میں اُن تمام رایوں کو نہیں مانتے *

ہمکو ایسی نیکی پر بھی جسکو ہم نے اپنے خیال میں نیک سمجھا ہی مگر در حقیقت اُس کی نیکی مشتبہ ہی زیادہ اصرار کرنا نہیں چاہیئے بلکہ ان لوگوں کی رایوں کی بھی نہایت قدر و منزلت کرنی چاہیئے جو ہم سے اختلاف رکھتے ہیں اور جو عقلمند اور نیک دل ہیں اور جسطرح ہم نیک دلی سے بات کہتے ہیں اُسی طرح وہ بھی نیک دلی سے ہم سے مخالفت کرتے ہیں — مگر یہہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ اُس اختلاف کرنے والوں نے صرف آزادی راے اور اُس کی نیکی سے جسکے سرچشمہ کی سوت قدرت نے ہرایک انسان کے دل میں ڈالی ہی اختلاف کیا ہی یا کسی بیرونی دباؤ — یعنی رسم و رواج اور تعصب اور تقلید نے ان کے دل کو پھیرا ہی کیونکہ اگر یہہ پچھلی بات اختلاف راے کا سبب ہو تو وہ نہایت بےقدر ہوجاتی ہی *

جہاں ہمکو دھوکا کھانے کا احتمال ہی وہاں ہمکو نہایت ہوشیاری اور بہت خبرداری سے کام کرنا چاہیئے — حد سے زیادہ سرگرمی اور تعصب اور کسی خاص فرقہ کو یا کسی خاص راے کے لوگوں کو برا اور حقیر سمجھنا یہہ ایسی باتیں ہیں جنسے ہزاروں آفتیں پیدا ہوتی ہیں — وہ فی نفسہ نہایت بری ہیں گو کہ وہ ہم سے کمزور دل آدمیوں کو اچھی معلوم ہوتی ہوں — مگر اسپر بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ ایسے لوگ بھی دنیا میں ہیں جو دینداری اور نیکی کے لیئے نہایت مشہور ہیں مگر نہایت غیر اور برے شیطانی اصولوں کو نیکی سمجھکر اپنے دلوں میں اُس کی جڑ گاڑ دی ہی — میں اِس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ میں نے آج تک کوئی ایسا عقلمند اور انصاف پسند شخص نہیں دیکھا جسمیں یہہ سب باتیں ہوں اور پھر بھی وہ گناہ سے پاک ہو *

اِسی طرح ہمکو اُن کاموں سے بھی ڈرنا چاہیئے جو انسان کے کمزور دل کی قدرتی بناوٹ سے یا کسی خاص شوق سے یا کسی خاص تعلیم کے اثر سے یا کسی اور سبب سے ہوتے ہیں جسمیں ہمارا ضمیر

فائدہ ہی — ایسی حالت میں انسان کی سمجھ نہایت آسانی سے حق بات کیطرف سے پھر جاتی ہی اور اُس کا دل غلطی کی طرف مایل ہوجاتا ہی اور یہی باتیں ہیں جن کے سبب سے تعصب اور ہزاروں قباحتیں اور پوشیدہ برائیاں اور لا معلوم عیب انسان کے دل میں گھس جاتے ہیں — جس کام کے کرنے میں عقل کے سوا اور جذبوں کی بھی ترغیب ہو اُس کے کرنے میں عقلمند آدمی کو ہمیشہ ڈرنا اور ہمیشہ اُس پر شبہہ کرنا چاہیئے کہ ضرور اس میں کوئی نہ کوئی برائی چھپی ہوئی ہوگی *

ان اصولوں پر اپنے خیالوں کو جانچنا اور اپنے دل کو ٹٹولنا اور دل کے تاریک جذبوں کو ڈھونڈنا ہمارے لیئے اُس سے بڑا کر کوئی چیز مفید نہیں ہی — اگر ہم اپنے دل میں ایسی مضبوط نیکی بٹھانی چاہیں جو قیامت کے دن ہمارے کام آوے — جس دن کہ ہمارے بھیدوں کا جاننے والا ہمارے دل کو جانچیگا جسکی عقل اور انصاف کی کچھہ انتہا نہیں — تو ان اصولوں پر چلنے سے بہتر ہمارے لیئے نیکی راہ نہیں — ہمارے بانی اسلام نے جب ہمکو یہہ سکھلایا ہی کہ خدا ہر جگہہ حاضر و ناظر ہی ہمارے دل کے چھپے بھیدوں کو جانتا ہی تو اُس نے کس خوبی اور خوبصورتی سے اُس ریاکاری کی برائی ہمکو بتلا دی جس سے انسان دنیا کو دھوکا دیتا ہی اور خود اپنے آپ کو بھی فریب میں ڈالتا ہی داؤد نے بھی اپنی مناجات میں اُس ریاکاری کے خوف کو جس سے انسان خود اپنے آپ کو دھوکا دیتا ہی نہایت دلچسپ لفظوں میں ادا کیا ہی جہاں اُس نے کہا ہی کہ ' ای خدا مجھکو جانچ ' میرے دل کی تہہ کو ڈھونڈ ' میرے خیالوں کو دیکھہ ' مجھکو ٹٹول ' مجھکو بخوبی پرکھہ ' کہ مجھہ میں کس برائی نے راہ کی ہی اور مجھکو ایسی راہ پر لیچل جو ہمیشہ کو قایم رہے ' سلا *

راقم
اے - ڈی - سید احمد

اشتہار

معاوضۂ اخبار

ہم نے کچھہ عرصہ سے تہذیب الاخلاق کا معاوضہ اور اخباروں سے صرف اس خیال سے نہیں کیا تھا کہ جو اخبار معاوضہ میں ہمارے پاس آوینگے اُن سے صرف مجھکو فائدہ ہوگا اور تہذیب الاخلاق کے اور ممبروں کو اُن سے کچھہ فائدہ نہ پہونچیگا — لیکن اب اکثر ممبروں کی راے یہہ ہی کہ معاوضہ کرنا چاہیئے اسلیئے اب ہم اطلاع دیتے ہیں کہ جو مہتممان اخبار ہمارے پرچہ تہذیب الاخلاق سے معاوضہ کرنا چاہینگے تو ہم بہت خوشی اور شکرگذاری سے معاوضہ کو منظور کرینگے *

راقم
سید احمد
منیجر اور ممبر تہذیب الاخلاق

اطلاع

بخدمت خریداران تہذیب الاخلاق

جو کہ ماہ محرم قریب آیا ہی اور سال سنہ ۱۲۸۹ ھجری ختم ہونے کو ہی اسلیئے خریداران تہذیب الاخلاق کی خدمت میں التماس ہی کہ قبل اختتام سال ھجری چار روپیہ زر قیمت تہذیب الاخلاق بابت سال سنہ ۱۲۹۰ ھجری پیشگی مرحمت فرماویں جس صاحب کے پاس سے پیشگی زر قیمت قبل اختتام سال ھجری نہ آجاویگا اُن کے نام پر یکم محرم سنہ ۱۲۹۰ ھجری سے تہذیب الاخلاق روانہ نہوگا *

راقم
سید احمد
از بنارس

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] یکم ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۹ ھجری سنہ ۱۳۰۲ نبوی [نمبر ۱۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

بیع قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار انہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے نرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنہی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

مسلمانوں اور عیسائیونکا جلسہ

مضمون نمبر ۱۲۰

مسلمانوں اور عیسائیوں کا جلسہ

۲۶ نومبر سنہ ۱۸۷۲ع کو مولوي سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي نے جو ایک معقول اور دور اندیش رئیس ھیں اپنے بیٹے سید محمد محمود صاحب کي اُس کامیابي کي خوشي میں جو ساڑھے چار برس کیمبرج یونیورسٹي اور لنکن اِن کي تحصیل علم میں اُنکو حاصل ھوئي اور جو ایک مدید عرصہ کے بعد بہ نیل مرام اپنے وطن کو واپس تشریف لائے بنارس میں ایک ڈنر دیا اس عمدہ جلسہ میں چند نامي اور معزز مسلمان بھي شریک تھے جن میں سے ایک تو نواب صاحب سنواني اور دوسرے مولوي مہدي علي ڈپٹي کلکٹر مرزاپور اور مولوي زین العابدین منصف بلند شہر تھے میں یقین کرتا ھوں کہ ان اضلاع کي تواریخ میں یہہ اول ھي یادگار ھوگي کہ چند مسلمانوں نے انگریزوں کے ساتھہ ایک جلسہ میں کھانا کھایا اور دوستانہ طور پر ایک جگہہ باھم مل‌جلکر سب نے خوشي کي یقیناً یہہ اُس مدبر اور مستقل مزاج شخص کي عمدہ کوششوں کا نتیجہ ھوا جو اس جلسہ کا میزبان تھا اس شخص کے استقلال کو یہاں تک رسوخ اور استحکام حاصل ھوگیا ھی کہ اب گو اکثر اُسکے ھم مذھب بھي اُسکو برا بھلا کہتے ھیں اور اکثر اھل یورپ بھي اُسکو ایک اکھڑ آدمي بتاتے ھیں مگر وہ صرف اس اُمید پر کہ کبھي نہ کبھي مجھکو میري کوششوں کا ضرور نتیجہ ملیگا ایسي باتوں کا خیال بھي نہیں کرتا اور اُسکے ثابت قدمي میں ذرا کو بھي لغزش نہیں آتي اُس دور اندیش شخص کے ذھن میں یہہ بات بخوبي جم گئي ھی کہ غیر قوموں کے ساتھہ مسلمانوں کا میل جول نہونا اور اُن کے جلسوں اور دعوتوں میں اُنکا شریک نہونا نہایت ھي مضر ھی اور مسلمانوں کا یہہ اصرار کہ غیر قوموں کے ساتھہ کھانا پینا جایز نہیں ھی بالکل ایک اچھي سمجھہ کے برخلاف ھی ایسے خیالات ان میں صرف ھندوں کے پاس صدھا برس رھنے سہنے سے پیدا ھوگئے ھیں وہ اسبات کو بھي خوب سمجھے ھوئے ھیں کہ انگریزوں کے ساتھہ نہ کھانے سے انگریزوں کو اسبات کا کسقدر خیال ھی کہ ایسے مسلمان جن کے خیالات کي عمدگي کے سبب سے ھمکو اُنکے ساتھہ کھانا خوش معلوم ھو بہت ھي کم ھیں اور وہ ھندوستاني شرفاء کي اس شکایت کو بھي خوب سمجھتے ھیں کہ انگریز ھمارے ساتھہ ایسے نہیں ملتے جس میں ھمکو اُن کے ساتھہ کچھہ تکلف نہو اور اُنکو ھمارے سبب سے کچھہ تکلیف نہو اور اُنکو یہہ بات بھي اچھي طرح معلوم ھی کہ سب سے بڑا خلل انداز باھمي میل جول میں زبان کا اختلاف ھی جس کے لحاظ سے اس قسم کے ھندوستاني جو انگریزوں کے جلسوں میں مجلسي گفتگو کرسکیں نہایت ھي قلیل ھیں اور نیز ایسے انگریز بھي بہت کم ھیں جو ایسے جلسوں میں اچھي طرح اُردو بول سکیں مگر چونکہ بالفعل اس قلت کے سبب سے آیندہ کی نسبت مولوي سید احمد خاں صاحب کو کچھہ

A CHRISTIAN cum MAHOMMEDAN ENTERTAINMENT.

On the 26th November 1872, that fine old gentleman, Syed Ahmed, gave a public dinner at Benares to welcome his son, Syed Mahmood, who has just returned from a most successful career of four and a half years at Cambridge and Lincoln's Inn. A very noticeable feature in the evening's entertainment was the presence of a number of Mahomedan gentlemen, amongst them the Nawab of Sinwanee, Moulvi Mehdee Ally of Mirzapore, Moulvi Zianool Abadeen and others, all of whom ate at table in common with their European friends. This is, I believe, the first time in the history of these Provinces that Mahomedans in any number have sat down to dinner with Englishmen. This result is owing to the steady exertions of that excellent and talented man, the host on this occasion, who, although abused by some of his co-religionists and looked on askance by some of the European community, has nevertheless worked continuously and steadfastly, trusting to time and his exertions for his reward. He has long perceived how prejudicial it is to his race not to have that great social banner—a dinner, in common with men of every nation and every creed; and how contrary to his religion and to common sense is that custom prevalent amongst his race in India of not eating with Europeans—a custom entailed on his people by centuries of contact with Hindooism. He knows full well the aspect of the matter from both sides; how English gentlemen complain, and with reason too, that there are but a very limited number of Mahomedan gentlemen, whose habits and ways of thought would make it at all a pleasure to sit at the dinner table with; how native gentlemen complained, and with just as much reason, that many English gentlemen look upon them as intruders and take no trouble whatever to make them feel at ease. He knows also what difficulties the difference of language presents in the way of real social intercourse; how few natives know English sufficiently well to enable them to join thoroughly in that social chitchat which is the very essence of good dinner conversation, and how few Englishmen there are, comparatively, who can keep up an ordinarily intellectual conversation in Oordoo. He does not, however, despair. There are signs in the times now that real social in-

مسلمانوں اور عیسائیونکا جلسہ

مسلمانوں اور عیسائیونکا جلسہ

مایوسي نہیں ہی اسلیئے اُنکو اپنے ارادوں میں پوري ترقي حاصل ہی اور اب زمانہ کي کیفیت دیکھنے سے بھي ایسا معلوم ہوتا ہی کہ جس زمانہ میں ہندوستانوں اور انگریزوں کے باہم پورا میل جول ہوگا وہ زمانہ کچھہ دور نہیں رہا اور اگر آج تمام مسلمان مولوي سید احمد خاں صاحب اور سید محمد محمود صاحب کي مثل ہوجاویں تو بہت جلد یہہ کام انجام کو پہونچ جاوے *

اس جلسہ میں مسٹر شیکسپیر صاحب بہادر کمشنر اور کرنیل واکر صاحب بہادر وي سي اور مسٹر ایم برادھرسٹ صاحب بہادر سي ایس اور کرنل کنگ صاحب بہادر افسر رسالہ فوج پیادگان ہندوستاني نمبر ۱۳ اور مسٹر لمسڈن صاحب بہادر سي ایس اور میجر ریڈن صاحب بہادر آر اے اور ریورینڈ مسٹر نکلس صاحب اور مسٹر شیرنگ صاحب اور میجر موزلي صاحب اور میجر پلیفئر صاحب متعلقہ پلٹن پیادگان ہندوستاني نمبر ۱۳ اور کپتان بیلکسلي صاحب اور قریب تیس اَور یوروپین اور ہندوستاني رؤساء بنارس کے شریک تھے کھانے کے بعد مسٹر شیکسپیر صاحب بہادر نے چند مختصر الفاظ میں سید محمد محمود صاحب کي سلامتي کے ٹوسٹ کے پیئے جانے کي تحریک کي اور درخواست کي کہ جو کچھہ سید محمد محمود نے انگلستان میں عجیب بات دیکھي ہی اُس کي کچھہ کیفیت بیان کریں چنانچہ جب سب لوگ اس ٹوسٹ کو دلي مسرت اور ہر طرح کي تعظیم کے ساتھہ پي چکے تو سید محمد محمود صاحب نے کھڑے ہوکر نہایت فصاحت اور جوش کے ساتھہ مندرجہ ذیل گفتگو کي *

اے مسٹر شیکسپیر و دیگر صاحبو — مجھکو اسبات کے دیکھنے سے نہایت خوشي حاصل ہوئي کہ آج کي رات بہت سے صاحبان انگریز اور میرے بعض ہموطن صرف میري خاطر سے ایک ہي میز پر کھانا کھانے کے واسطے بیٹھے ہوئے ہیں مجھکو اسبات کے دیکھنے سے اور بھي زیادہ خوشي ہوئي کہ میںنے اپنے واپس انے کے بعد بہت ہي جلد یہہ جلسہ دیکھا جس گرم جوشي کے ساتھہ میري سلامتي کا ٹوسٹ پیا گیا ہی وہ میري بڑي سے بڑي اُمیدوں سے بھي بہت زیادہ ہی اور اے صاحبو گو اسوقت میرے دل میں کیسا ہي فخر اور خوشي اور احسانمندي کا اثر ہو مگر میں اس جلسہ کو قطع نظر اس سے کہ وہ صرف میري خاطر سے ترتیب دیا گیا في نفسہ ایک بڑا معاملہ سمجھتا ہوں میں اسکو اُس خواہش کي ایک نشاني سمجھتا ہوں جو ہندوستان کے انگریزوں کي طبیعتوں میں آج کل پیدا ہوئي ہی اور میں اُمید کرتا ہوں کہ وہ روز بروز ترقي پذیر ہوگي وہ خواہش یہہ ہی کہ انگلستان اور ہندوستان کے باہم ملکي اُمور کي بہ نسبت اخلاقي معاملات میں زیادہ اتحاد پیدا کیا جاوے ہندوستان میں انگریزي حکومت اُسي وقت عمدہ اور فائدہ مند ہوگي کہ وہ ہمیشہ کے واسطے رہے اور یہہ اُس وقت تک ہرگز نہیں ہوسکتا جب تک کہ ہم انگریزوں کو بجاے

tercourse between the English and their native brethren is not very far distant, and certainly if all Mahomedans were like Syed Ahmed and Syed Mahmood that desirable consummation would be ***very*** **close at hand.**

At the dinner in question were Mr. Shakespear, A. G. G. and Commissioner; Colonel Walker, V. C., "The Buffs;" Mr. Maynard Brodhurst, C. S.; Colonel King, Commanding 13th N. I.; Mr. Lumsden, C. S.; Major Readen, R. A.; the Rev. Messrs. Nicholls and Shering; Majors Mosely and Playfair, 13th N. I.; Captain Balkesly, "The Buffs," and about thirty residents of Benares, European and Native. After dinner Mr. Shakespear proposed the health of Syed Mahmood in a few well-chosen words, and requested him to give an account of his experiences in England. After the toast had been drunk with all the honors, Syed Mahmood gave the following, very fluently and feelingly :—

"MR. SHAKESPEAR AND GENTLEMEN,—It affords me the greatest satisfaction to find myself surrounded by a large number of the English community of this city, as well as by some of my own countrymen assembled here to-night to dine at the same table, as a mark of favor to me. It is the more pleasing to me to find myself thus situated so soon after my arrival, for the cordiality with which the toast has been drunk is far more than the fondest hopes I could possibly entertain. But, gentlemen, by whatever feelings of pride, of satisfaction, and of gratitude I may at the present moment be animated, I cannot help regarding this meeting of far greater importance than a matter of mere personal favor. I regard *this as a demonstration* of a feeling which has commenced, and I hope is daily growing, among the Anglo-Indian community—a feeling to unite England and India socially even more than politically. The English rule in India, in order to be good must promise to be eternal; and it can never do so till the English people are known to us more as friends and fellow subjects, than as rulers and foreign conquerors. The 26th of November 1872 will always be remembered, in the annals of Indian society, as the day on which Englishmen first joined at a public dinner with the Musulmans of India. It is in this fact that I am cheered to see the most healthy symptoms of our future prosperity and the best promises of a social amity between the Musulmans of India and

فتح مند اور حاکم ہونے کے اپنا دلی دوست اور ہم عصر رعایا نہ تصور کرینگے ہندوستان کی تواریخ میں ۲۶ نومبر سنہ ۱۸۷۲ ع اسبات کے لحاظ سے ہمیشہ یادگار رہیگی کہ اُس دن انگریز اول ہی مرتبہ ہندوستان کے مسلمانوں کے ساتھہ ایک پبلک ڈنر میں شریک ہوئے اسی بات سے مجھکو اپنی قوم کی آیندہ بہبودی اور ہندوستان کے مسلمانوں اور اُن کی عیسائی ہم عصر رعایا کے درمیان باہمی میل جول کی نہایت قوی اُمید ہوتی ہی اور اُس کے عمدہ آثار نظر آتے ہیں میرے حق میں بھی خاص یہہ معاملہ کچھہ کم خوشی کا باعث نہیں ہی کیونکہ جسوقت میں انگلستان سے چلا تھا اُس وقت میرے دل میں طرح طرح کے خیالات تھے چنانچہ جس وقت میںنے انگلستان سے مفارقت کی تھی اس وقت مجھکو اپنے وطن میں پہونچنے اور اپنے دوستوں سے ملنے کی اسقدر خوشی نہ تھی جسقدر کہ مجھکو اسبات کا رنج تھا کہ اب میں ایک ایسی عمدہ صحبت سے جدا ہوتا ہوں جس میں میںنے اپنی زندگی کے نہایت بےنظیر حصہ کو چار برس تک بڑی خوشی اور طرح طرح کے فائدوں کے ساتھہ بسر کیا جب مجھکو انگلستان سے جدائی ہوئی تھی تو مجھکو اسبات کی بڑی فکر تھی کہ دیکھیئے اب مجھکو اہل یورپ کی مفید صحبت سے پھر بھی حظ حاصل ہوگا یا نہوگا مگر جس دوستانہ اور مخلصانہ طور پر اس جلسہ میں مجھکو اہالیان یورپ کی ملاقات نصیب ہوئی مجھکو اُسکے سبب سے قوی اُمید ہوتی ہی کہ گو میں انگریزوں کے ملک سے اب ہزارہا میل کے فاصلہ پر ہوں مگر تاہم میں اُن فوائد سے محروم نرہونگا جو میں نے اپنی خوش قسمتی سے انگلستان میں حاصل کیئے مسٹر شیکسپیر نے مجھہ سے یہہ درخواست فرمائی ہی کہ جو بات میںنے انگلستان میں سب سے زیادہ پسندیدہ دیکھی ہو اُس کی میں کچھہ کیفیت بیان کروں پس میری دانست میں گو ملک انگلستان باعتبار اپنی بڑی صنعت اور دولت اور علم جر ثقیل کے لحاظ سے بھی بےنظیر ملک ہی مگر مجھکو انگلستان کی ان باتوں نے اسقدر حیرت اور تعجب میں نہیں ڈالا جسقدر کہ اُس کے باشندوں کی حسن معاشرت اور طریق تمدن نے متحیر کیا ہی سب سے زیادہ میرا خیال اس طرف جاتا تھا اور میرا دل بھی اسی بات کو بہت پسند کرتا تھا اور گو ابتداء میں مجھکو اُس کی حالت معاشرت ایک پیچیدہ چیز معلوم ہوتی تھی مگر اب میرے ذہن میں اُس کی اصلی کیفیت آگئی اور اب مجھکو یہی کلمۂ انصاف کا معلوم ہوتا ہی کہ شریف اور تعلیم یافتہ انگریزی جنٹلمین سے بہتر دنیا میں کوئی آدمی نہیں ہوسکتا اور میں اپنے اسی خیال کی وجہہ سے اوگوں میں کسی شخص کا رتبہ جنٹلمین کے رتبہ سے زیادہ نہیں سمجھتا ملکی معاملات میں تو میں ریپبلکن نہیں ہوں لیکن معاملات معاشرت میں میری یہہ تحقیق رائے ہی دنیا میں کسی شخص کا رتبہ جنٹلمین

their Christian fellow-subjects. To me personally it is a matter of no ordinary pleasure, for I parted from England with feelings of a very mixed nature. It was not entirely with pleasure that I looked forward to returning to my native country and to my old friends. It was with pain that I looked forward to being separated, perhaps for many years to come, from a society in which I had spent four years of the most important portion of my life, with great happiness and advantage. When I left England I could not help feeling with anxiety that I was perhaps destined no longer to enjoy the advantage of the refined society of Englishmen; but the manner and friendly way in which we have spent this evening justifies a hope that, though separated by thousands of miles from the land of Britons, I may not altogether be deprived of the advantages which I had the good fortune to enjoy during my residence in England. Mr. Shakespear has asked me to give you some idea of what struck me most in your country. It is no compliment when I say that it was neither the great mechanical power of England, nor her extensive labour, nor even her wealth, that produced in me feelings of the greatest admiration. It was the refinement of the English society and its institutions that I took the greatest interest in, and admired most. The society in England, which at first appeared to me to be a net-work of the most complicated nature, is perfectly clear to me now, and it is only just to say that I cannot conceive a nobler human being than an English gentleman of good birth and good education. It is in this persuasion of mind that I recognize no rank in society higher than that of a gentleman. I am no republican in politics, but in social matters I certainly feel that there can be no rank higher than that of a *gentleman*, if the word is good enough to express my meaning. As a sociol republican, I attach no great importance to birth or any other matter of chance; but at the same time I cannot help saying that the disadvantage of having no family traditions is a disadvantage which education alone can very seldom overcome. I have dwelt thus much upon the social peculiarities of England, for I believe that to be by far the greatest secret of her prosperity and greatness.

"Gentlemen, I have already detained you long, and it is not my intention to give a lecture upon England in responding to your good wishes; I have only

attempted to say what I honestly feel, and of the truth of which I am sincerely convinced. But to express to you in a way at all adequate the intensity of my sensations upon the present occasion is beyond my power, and perhaps a needless task. I can only say that no language of mine can possibly do justice to my feelings, and that I regard this meeting as the beginning of a great revolution in the society of India, and a matter of equal satisfaction both to the English community and the native gentry of this country. And, gentlemen, because we are all assembled here at the same table, and because it is an occasion of more than mere personal interest, you will allow me to express in a public manner what I privately feel—the gratitude which I owe to my father for the liberal manner in which he has conducted my education. He has done for me far more than the most unreasonable wishes of a son could justify him to expect from his father, and I mention this as an especial point of satisfaction because I have sincere hopes that my father's example may be followed by other gentlemen of this country. It is not because I consider myself, or any attainments of mine, worthy of imitation; but because I firmly believe that so long as my countrymen do not see that education is the most important benefit that a father can confer on his son, there can be no hope for the regeneration of India. And, gentlemen, while talking of education and especially of the advantages that I have derived by my residence in England, it is hardly possible for me not to mention a name, which will ever be remembered by me with feelings of the greatest respect and gratitude. It is the name of our present Lieutenant-Governor, Sir William Muir, to whom, I may say, I owe all that I have gained by my education in England; for without the favor which I had the good fortune to receive at his hands, I think my intended voyage to England would have been very doubtful, and perhaps never accomplished. At an age when most young men are at school he nominated me to an appointment for which I have no doubt he could have got others of greater ability and greater promise. I have ever since tried my best to make myself worthy of the estimate which he made of me; and I only wish that he had a few years more to re-

سے زیادہ نہیں ہوسکتا اور میرے نزدیک معاملات معاشرت میں کسی نسل یا اتفاقی امر کا بھی چنداں اعتبار نہیں ہی البتہ میں یہہ کہہ سکتا ہوں کہ کسی خاندانی شہرت اور نام کے نہونے کی قباحت ایسی چیز نہیں ہی کہ کوئی شخص اُسکو صرف تعلیم و تربیت کے ذریعہ سے رفع کرسکے اور چونکہ میرے نزدیک انگلستان کی اس عظمت اور شہرت کا بڑا سبب اُس کی حسن معاشرت ہی ہی اس سبب سے میں نے اسی بات کو سب سے بہتر اور ذکر کرنے کے لایق خیال کیا ہی ٭

اے صاحبو میں نے آپ کی بہت کچھہ سمع خراشی کی اور میرا یہہ ارادہ ہرگز نہیں ہی کہ میں آپ کی عمدہ خواہشوں کی تحصیل میں انگلستان پر کوئی لکچر دوں بلکہ میں نے صرف وہی بات بیان کی ہی جس کا مجھکو سچے دل سے خیال ہی اور جسکے راست ہونے پر مجھکو اعتماد کلی ہی جو کیفیت اس وقت میرے دل کی ہی اُس کو پورا پورا بیان کرنا میری طاقت سے باہر ہی اور شاید وہ فضول کام بھی ہی اس لیئے میں اسی بات پر اکتفا کرتا ہوں کہ میری کسی تقریر سے میرے خیالات پورے پورے ادا نہیں ہوسکتے اور میں اس جلسہ کو ہندوستان کی حالت معاشرت کے انقلاب کا آغاز اور انگریزی قوم اور اس ملک کے ہندوستانی شرفاء دونوں کی برابر رضا مندی کا باعث سمجھتا ہوں اے صاحبو چونکہ اس وقت ہم سب ایک ہی میز پر بیٹھے ہوئے ہیں اور اس جلسہ سے کچھہ ہماری ذاتی ہی غرض متعلق نہیں ہی بلکہ اس سے بہت سے عمدہ نتیجوں کی اُمید ہی اس وجہہ سے جو خیال اس وقت میرے دل میں ہی اُس کو میں عام طور پر ظاہر کرتا ہوں یعنی جس فیاضی اور عالی ہمتی کے ساتھہ میرے والد ماجد نے میری تعلیم و تربیت کا اہتمام کیا اُس کا شکریہ ادا کرنا بھی کیف میری طاقت سے باہر ہی کیونکہ جو توقع ایک بیٹا اپنے باپ سے کرسکتا ہی اُس سے بہت ہی کچھہ زیادہ اُنہوں نے میرے واسطے کیا ہی اور میں اس بات کو اس وجہہ سے زیادہ رضامندی کا باعث بیان کرتا ہوں کہ مجھکو دلی اُمید ہی کہ اس ملک کے اور رؤسا بھی اس باب میں میرے والد کی پیروی کرینگے میں اپنے تئیں یا اپنی لیاقتوں کو اس پیروی کے قابل نہیں سمجھتا بلکہ مجھکو یقین واثق ہی کہ جبتک میرے ہموطنوں کو اس بات کا خیال نہوگا کہ جو فائدے باپ اپنے بیٹے کو پہونچا سکتا ہی اُن سب میں تعلیم کا نہایت بڑا فائدہ ہی اُس وقت تک ہندوستان کی تہذیب کی توقع نہیں ہوسکتی اے صاحبو تعلیم و تربیت کے ذکر کے ساتھہ اور خصوصاً اُن فائدوں کے ذکر کے ساتھہ جو مجھے انگلستان میں رہنے سے حاصل ہوئے ہیں ممکن نہیں ہی کہ میں ایسے نام کو بیان نہ کروں جس کو میں ہمیشہ نہایت تعظیم و تکریم اور

شکر گذاری کے ساتھہ یاد کرونگا وہ نام سر ولیم میور ہمارے لفٹننٹ گورنر حال کا نام ہی جو کچھہ میںنے انگلستان میں اپنی تعلیم و تربیت کے باعث سے حاصل کیا ہی وہ سب حضور ممدوح کی ہی بدولت ہی کیونکہ جو عنایت و کرم جناب ممدوح نے میرے حال پر کیا تھا اُس کے بغیر میرا انگلستان کا سفر ایک امر مشتبہ ہوتا اور شاید کبھی پورا نہوتا جس زمانہ میں اکثر نوجوان آدمی مدرسے ہی میں تعلیم پاتے ہیں اُس زمانہ میں جناب ممدوح نے مجھکو ایک ایسے کام کے واسطے منتخب فرمایا جس کے لیئے حضور ممدوح کو مجھہ سے زیادہ لئیق آدمی مل سکتے تھے چنانچہ اُسی زمانہ سے میںنے ہمیشہ اس باب میں کوشش کی کہ جو اندازہ جناب ممدوح نے میری لیاقتوں کا کیا تھا اپنے تئیں اُس کے لایق بناؤں اور اب صرف میری یہہ تمنا ہی کہ جناب ممدوح چند سال اس ملک میں اور رونق افروز رہیں تاکہ اُن کو یہہ بات معلوم ہو جاوے کہ جو اُمیدیں اُنہوں نے از راہ مہربانی میری نسبت فرمائی تھیں آیا وہ پوری ہونگی یا نہیں *

میں چاہتا ہوں کہ اپنی جگہہ پر بیٹھنے سے پہلے مکرر یہہ بات آپ صاحبوں کے روبرو بیان کروں کہ اسوقت ہمارا یہہ دوستانہ جلسہ اور باہمی ارتباط و محبت کے ساتھہ ایک جگہہ بیٹھنا ہندوستان کے حق میں بڑے بڑے فائدوں کی خبر دیتا ہی اور گویا ہندوستان کی آیندہ بہبودی کی عمدہ پیشین گوئی ہی اگر نظر غور سے دیکھا جاوے تو ہندوستان میں انگریزی حکومت ایک ایسی عجیب و غریب شی ہی کہ دنیا کی تواریخ میں اُس سے زیادہ کوئی عجیب نہیں دیکھی گئی اور مجھکو دلی اُمید ہی کہ جو نتیجے اس بےبہا حکومت سے ہندوستان میں پیدا ہونے والے ہیں وہ اس سے بھی زیادہ عجیب و پر لطف ہونگے بعض لوگوں کا یہہ قول ہی کہ ہندوستان میں انگریزی حکومت ہونے کے سبب سے صرف انگلستان کا ہی فائدہ ہی اور بعض کی یہہ راے ہی کہ انگلستان جو ہندوستان پر حکومت کرتی ہی اُس سے صرف ہندوستان کا ہی فائدہ ہی مگر میرے نزدیک یہہ دونوں رائیں صحیح نہیں ہیں اور اصل یہہ ہی کہ ہندوستان پر انگلستان کی حکومت سے انگلستان اور ہندوستان دونوں کا فائدہ ہی اور جسقدر ہمکو ترقی کا خیال زیادہ ہوگا اُسیقدر ہمکو وہ فائدے زیادہ معلوم ہوتے جاوینگے جو دونوں کو اس ربط و اتحاد سے متصور ہیں ظاہرا ہندوستان کی ترقی ہندوستان کے ساتھہ مخصوص معلوم ہوتی ہی مگر حقیقت میں ہندوستان کی ترقی سلطنت برطانیہ کے ایک بڑے حصہ کی ترقی ہی اسیوجہہ سے میرا یہہ اعتقاد ہی کہ جس کام میں انگلستان اور ہندوستان دونوں ملکوں کے مقاصد کی مطابقت کا لحاظ نہوگا وہ کام ہمیشہ ناکامل رہیگا میری دانست میں ملک انگلستان ہندوستان کو اس غرض سے تعلیم و تربیت نہیں دیتا کہ ایک زمانہ میں اُسکو اصلاح دیکر اُس سے علحدہ ہوجاوے بلکہ مجھکو یہہ اُمید ہی کہ ایک دن نہ ایک دن ہندوستان کے دل پر یہہ بات منقش ہوجاویگی کہ انگلستان دولت کا لالچی اور اجنبی ظالم نہیں ہی وہ ہمارا ایسا سچا مربی ہی جسکی بدولت ہم عقل اور مال و دولت سب کچھہ حاصل کرسکتے ہیں اور جب ہندوستان میں ایسے خیالات پیدا ہوجاوینگے تو وہ ہندوستان کے لیئے بڑی ترقی کا زمانہ اور

main amongst us in this country, when he could see whether his hopes, which he was good enough to entertain for me, were at all destined to be realized.

"And now, gentlemen, before I sit down, I must again remind you that our assembling here to-night in a friendly way foretells great things for India. The British rule in India is perhaps the most wonderful phenomenon the history of the world has ever seen; and I sincerely hope that the results which are destined to follow from it will be still more wonderful. I have heard it said that the English rule in India is for the sake of England. I have also been told that England rules India for the good of India. I for one am an advocate of neither of these opinions. I regard the British rule in India as a benefit both to India and to England, and the more we advance, the more clearly we shall see the advantages which both countries desire from this union. The prosperity of India is the prosperity of one of the most important and most intrinsic portions of the British empire, and it is my sincere conviction that any policy must be unsound which does not consider the interests of the two countries identical. I do not consider that the mission of England in this country is to educate it in order to leave it. On the contrary I hope a day may come when the people of India will regard England not as a greedy accumulator of wealth, nor as a foreign tyrant, but as a mother from whom they derive nourishment and support, both material and intellectual. That will be a day of the greatest prosperity to India, and of the greatest glory to England. The British rule in India will then be upon a basis of eternal strength—fearless of any foreign aggression or inimical policy. The more we advance in our political course, the stronger will become the ties of friendship between us, and the British rule will then be regarded, neither as a rule of conquest and of arms, nor as a calamity to India, but as a great blessing from Heaven."

انگلستان کے لیئے ایک فخر کا زمانہ ہوگا اور پھر اُس زمانہ میں انگلستان کی حکومت بھی ایسی مستحکم بنیاد پر قایم ہوجاویگی کہ غیر ملکوں کے حملوں یا انکی مخالفانہ تدبیر مملکت سے کچھہ اُسکو جنبش نہوگی جسقدر ہم اپنی ملکی حالت کو شگفتہ دیکھنگے اُسیقدر ہمارے اور انگلستان کے باہم اتحاد کا ازدیاد ہوگا اور اُسوقت لوگ انگریزی حکومت کو ایک خدا داد نعمت سمجھنے لگینگے *

بعد اس کے کپتان گریہیم صاحب بہادر نے مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی کی سلامتی کے ٹوسٹ کی تحریک کی جس کو سب لوگوں نے نہایت خوشی سے منظور کیا اور سلامتی کا پیالہ پیا *

بعد اس کے سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی نے ارباب جلسہ کا شکریہ ادا کیا اور جو انگریز اور مسلمان اُس جلسہ میں موجود تھے اُن سب کو ایک میز پر کھانا کھاتے دیکھہ کر اپنی نہایت خوشی ظاہر کی اور کہا کہ اس دنیا میں انسان صرف اسی واسطے پیدا ہوئے ہیں کہ ایک دوسرے کو فائدہ پہونچاویں اور ایسکی صحبت اور جلسوں سے حظ اوٹھاویں پس جو لوگ اس عام برادرانہ تعلق کو سمجھتے ہیں وہ یقینا ایسے جلسوں سے بہت خوش ہونگے جنمیں ایسے لوگ دوستانہ طور پر شریک ہوں جنکے ساتھہ ہمکو ملکی تعلقات کے لحاظ سے ایک بڑا ارتباط ہی اور سید احمد خاں صاحب نے یہہ بھی فرمایا کہ مسلمانوں کے مذہب میں صاف اسبات کی ہدایت موجود ہی کہ مسلمان انگریزوں کے ساتھہ سچی دوستی پیدا کریں اگر دنیا میں کوئی قوم ایسی ہی جس کے ساتھہ مسلمان دوستانہ راہ و رسم رکھہ سکتے ہیں تو وہ قوم صرف عیسائی ہی ہیں جنکو خداے تعالی نے قران پاک میں اہل کتاب کہا ہی مولوی سید احمد خاں صاحب نے یہہ بھی فرمایا کہ مینے انگریزوں اور ہندوستانیوں کے درمیان ربط و ارتباط پیدا کرنے اور انکے باہم محبت کو ترقی دینے میں نہایت کوشش کی ہی اور میری یہہ کوشش صرف زبانی ہی نہیں ہی بلکہ میں نے اسی غرض کی تکمیل کے واسطے اپنے بیٹے سید محمد محمود کو انگلستان میں تعلیم حاصل کرنے کے واسطے بھیجا تھا میں نے اس کام کو اس امید سے کیا ہی کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لیئے یہہ ایک نمونہ قایم ہو اور ان کے دلوں میں یہہ بات بیٹھہ جاوے کہ انگریزی حکام اور ان کی مسلمان رعایا کے باہم دوستانہ ربط و ضبط پیدا ہونا اور مسلمانوں کو اپنی اولاد کا اس طریقہ سے تعلیم دینا بڑی ضروری بات ہی جو لوگ کسی شایستہ ملک میں پیدا ہوں یا ایسے ملک میں تعلیم پاویں میری راے میں وہ لوگ بڑے خوش قسمت ہیں چنانچہ مینے اپنے اسی عقیدہ کو عمل کی رو سے ثابت کرنے کے لیئے اپنے لڑکے کو انگلستان میں بھیجا اور درحقیقت مینے اس کے حق میں یہہ ایک بڑی دوستی کا کام کیا ہی اُس کے بعد مولوی صاحب نے اُن مقاصد کو بیان فرمایا جو انگلستان کے جانے سے اُنکو مد نظر تھے چنانچہ فرمایا کہ میں انگلستان کو صرف وہاں کے باشندوں کے طور و طریق دیکھنے اور اُنکے طریق معاشرت

Captain Graham then proposed the health of the host, which was most warmly responded to. Syed Ahmed spoke in Oordoo to the following effect:—

He expressed his thanks to the assembly, and his great pleasure at finding himself in the company of so many Englishmen and Musulmans—all dining at the same table at his house. He said that he always held it as a truth that mankind were created to do good to one another and to enjoy each other's society in this world. To one who believed in this universal brotherhood of man how much satisfaction such a meeting would afford, where those so intimately connected in their political relations should join with feelings of mutual friendship and cordiality. He expressed it to be his opinion that the religion in which he believed taught no other feelings towards Christians than those of real friendship. If there is any nation in this world with whom the Musulmans ought to have friendly intercourse it is the Christians, who are styled in the Musulman Scriptures as the people of "the book." He also said that he had done his best to improve a feeling of friendship between the English rulers and the Musulmans of India, and that he did not entertain it as a mere opinion, but had sent his son, then present, to England for accomplishing his education. In doing this he hoped to establish an example for the Musulmans of India in order to impress upon them the importance both of a friendly intercourse between the English rulers and their Musulman fellow-subjects, and the importance of educating their children. He considered that being born or educated in a civilized country was a fortunate thing for a man, and in order to show the truth of it by practice itself he had done, as he believed, an act of the greatest friendship to his son by sending him to England for education. He then dwelt upon the object of his own visit to Europe, that it was not for any business that he went to England, but simply to study her

کی حالت جانچنے کے واسطے گئے تھا اور میرے نزدیک سید محمد محمود کا ایک ہی دفعہ انگلستان میں جانا کافی نہیں ہے بلکہ اُسپر لازم ہے کہ جب اُسکو موقع ملے تو پھر یورپ کو جاوے اور مجھکو بھی یہہ آرزو ہے کہ پھر میں ایک مرتبہ انگلستان کو دیکھوں اور مقام اسکاٹلینڈ میں اپنے پرانے دوست مسٹر گریہیم صاحب بہادر کے پڑوس میں چند مہینے بسر کروں ✱ پایونیر

people and their institutions." He then said that his son ought not to consider only one visit sufficient, but in future to take, if circumstances allow, other opportunities of visiting Europe, and that he himself had a wish and a hope to see England again, and spend a few months of happiness in Scotland in the neighbourhood of his old friend, Captain Graham.—*Pioneer.*

نمبر ۱۲۱

خط

از طرف سید احمد

بنام

مولوی سید مہدی علی صاحب ڈپٹی کلکٹر بہادر مرزاپور

نسبت طیور منخنقۂ اہل کتاب

میرے عزیز مہدی — میںنے اپنا وعدہ پورا کرنے میں یعنی عیسائیوں کی گردن مروڑی ہوئی مرغی کی نسبت آپ کو خط لکھنے میں بہت توقف کیا آپ مجھے معاف کریں اب میں اس معاملہ میں آپ کو خط لکھتا ہوں اور اپنا وعدہ تیسرا خط لکھنے کا پورا کرتا ہوں ✱

میں نے آپ کی تحریرات کو اور آپ کے محاکمہ منصفانہ کو جو رسالہ احکام طعام اہل کتاب اور امدادالاحتساب پر آپنے ارقام فرمایا اور نیز ایک نامی رسالہ مزیل الاوہام کو جسے میرے قدیم شفیق مولوی محمد علی صاحب نے نہایت خوبی اور متانت سے تحریر فرمایا ہے بغور دیکھا — ان تمام تحریروں میں جو باتیں اوپر اوپر کی اور ادھر اودھر کی علم کلام تحریر ہوئی ہیں اُن کی نسبت لکھنا آپ بھی غیر ضروری سمجھتے ہونگے اور جو اصل بات اس مسئلہ میں ہے اُسی کو لکھنا بہتر خیال فرماتے ہونگے اس لیئے میں اس خط کو مثل مباحثہ کرنے والے اور رد و قدح کرنے والے کے نہیں لکھتا بلکہ صرف اصل مطلب ہی کی تحریر پر قناعت کرتا ہوں ✱

اصل بات یہہ ہے کہ یہہ مسئلہ ایسا نہیں ہے جو کسی طرح ہمارے مقاصد اور ترقی حسن و معاشرت کا حارج ہو — اگر کوئی شخص عیسائیوں کے ساتھہ کھانا کھانے میں عیسائیوں کی گردن مروڑی مرغی نہ کھاوے اور اُس کو حرام سمجھے چشم ما روشن دوسری رکابی کا کھانا نوش فرماوے ہم بھی اُس کو محتاط کہینگے اور اُس کے فعل کو اولی سمجھینگے — انگریزوں کے ساتھہ کھانا کھانے میں یہہ ضرور نہیں ہے کہ جو چیز سامنے آوے خواہ نخواہ اُس کو کھا ہی لے — پس ایسی حالت میں اس مسئلہ میں زیادہ بحث کرنی کچھہ بھی ضرور نہیں ہے مگر جو کہ یہہ بات کہی جاتی ہے کہ میں نے ایک حکم خاص منصوص قرانی کے برخلاف کہا اور کہا اس لیئے صرف اسی قدر لکھتا اور اسی بات کی تحقیقات کرتا کہ پرند منخنقہ کی حرمت بموجب آیت مستدلہ کے منصوص قرانی ہے یا نہیں کافی اور وافی ہوگا ✱

میری تحقیق یہہ ہے کہ پرند منخنقہ کی حرمت باستدلال آیت مستدلہ منصوص قرانی نہیں ہے — وہ آیت جسمیں منخنقہ کا ذکر ہے یہہ ہے حرمت علیکم المیتة والدم ولحم الخنزیر و مااھل لغیراللہ بہ والمنخنقة والموقوذة والمتردیة والنطیحة وما اکل السبع الاماذکیتم و ماذبح علی النصب وان تستقسموا بالازلام ذلکم فسق — اب غور کرو کہ اس آیت میں چار لفظ ہیں — المنخنقة — الموقوذة — المتردیة — النطیحة ان چاروں میں حرف تاء فوقانی موجود ہے اور ہمکو بموجب محاورہ زبان عرب کے اسبات کا قرار دینا باقی ہے کہ یہہ تے کس قسم کی ہے اور جو کہ کسی دوسری آیت قران مجید سے قسم تے کا تعین جو لاحقہ منخنقہ میں ہے نہیں پایا اس لیئے ہمکو اپنے اجتہاد سے اُسکا تعین کرنا پڑتا ہے پس اب ہم اُس تے کو کسی قسم کا قرار دیں اور کسی جانور کی حرمت کا مسئلہ اُس سے نکالیں اُسکی حرمت منصوص نہوگی کیونکہ ممکن ہے کہ وہ تے اُس قسم کی نہو بلکہ دوسری قسم کی ہو اور اُس قسم کے جانوروں کی حرمت پر حاوی نہو ✱

مثلاً ہم قرار دیتے ہیں کہ ان چاروں لفظوں میں تاء تانیث ہے جیساکہ اکثر مفسروں نے بھی قرار دیا ہے پس اس حالت میں بموجب محاورہ زبان عرب کے ضرور ہے کہ یہہ چاروں لفظ صفت ہوں کسی موصوف محذوف مونث کے ✱

اب ہمکو دوسرا اجتہاد کرنا پڑا کہ وہ موصوف مونث محذوف کون ہے جسکو ہم قرار دیں بہر حال جس کو قرار دیں اُس کی حرمت البتہ اس آیت سے نکلے گی مگر اُس کی حرمت اجتہادی ہوگی نہ منصوصی کیونکہ ہمنے دو باتونکو یعنی قسم تے کو اور موصوف محذوف کو نص قرانی سے نہیں بلکہ صرف اپنے اجتہاد سے قایم کیا ہے — امام فخرالاسلام رازی فرماتے ہیں کہ یہاں موصوف مونث محذوف

(شاۃ) ہی کہ وہی اکثر کہانے میں آتی ہی اور باقی تمام جانوروں چرند و پرند کی حرمت کا اُسپر قیاس کیا جاتا ہی — قبول کرو کہ یہی اجتہاد صحیح ہی اس حالت میں اُس مرغی کی حرمت دو اجتہادوں اور ایک قیاس غیر منصوص العلت سے قرار پاویگی نہ نص قطعی سے *

مگر امام صاحب نے تاحق شاۃ کو موصوف مونث محذوف مانا ہی ہم اُن کو اُس سے بھی عمدہ موصوف مونث محذوف بتاتے ہیں جس میں تمام منخنقہ جانوروں کی حرمت آ جاتی ہی اور بکری کی حرمت پر باقی جانوروں کے قیاس کی حاجت نہیں رہتی اور وہ موصوف مونث محذوف — نفس — ہی پس تقدیر کلام یہہ ہوگی کہ حرمت علیکم النفس المنخنقۃ الخ اور اس میں تمام منخنقہ جانوروں کی حرمت یہاں تک کہ مچھلی اور ٹڈی کی بھی داخل ہوجاویگی اب قبول کرو کہ یہی اجتہاد صحیح ہی تو بھی مرغی کی حرمت دو اجتہادوں مذکورہ بالا سے قرار پاویگی نہ نص قطعی سے *

اب ہم اس تے کو تاء تانیث نہیں قرار دیتے بلکہ تاء نقل و تحویل قرار دیتے ہیں جیسا کہ صاحب تفسیر بیضاوی نے قرار دیا ہی اور جو کہ یہہ تے صفت کو اسم بنا دیتی ہی اس لیئے کسی موصوف مونث محذوف کی تلاش کی حاجت نہیں رہتی اور جسپر اطلاق منخنقۃ اور متردیہ وغیرہ کا ہوگا اُس کی حرمت اِس آیت سے ثابت ہوگی مگر اُس کی حرمت کا ثبوت ایک اجتہاد سے یعنی حرف تا کو تاء نقل قرار دینے سے ہوگا نہ نص صریح قطعی سے — فتدبر *

اب میں کہتا ہوں کہ میرے نزدیک ان چاروں کلموں میں تاء تانیث ہی اور موصوف مونث محذوف بہیمہ ہی بمعنی مویشی یا چوپایہ یا چرند کے پس تقدیر آیت کی یہہ ہی کہ حرمت علیکم البہیمۃ المنخنقۃ و البہیمۃ الموقوذۃ و البہیمۃ المتردیۃ و البہیمۃ النطیحۃ پس پرند اس حکم میں داخل نہیں ہیں *

خود قرآن مجید سے بوجوہات مفصلہ ذیل ثابت ہی کہ یہاں موصوف محذوف بہیمہ ہی، اول یہہ کہ خود قرآن مجید میں اِسی آیت کے قبل شروع سورۃ میں خدا نے فرمایا " احلت علیکم بہیمۃ الانعام الا مایتلی علیکم " یعنی حلال ہوئے تمہارے لیئے چوپائے مویشی مگر وہ جو آگے بتاوینگے پس اسکے بعد جو حرام جانور باشارہ صفت مونث بتائے وہ خود خدا کے فرمانے سے اُسی استثنا کی تفصیل ہیں جنکی نسبت فرمایا تھا الاما یتلی علیکم نہ اور کسی کی اور موصوف مونث محذوف بھی وہی بہیمہ ہی جسکی نسبت اوپر فرمایا تھا کہ احلت علیکم بہیمۃ الانعام پس اگر انصاف سے بغیر تعصب اور بغیر اُن خیالات کے جو تقلیداً بغیر تحقیق کے دل میں بیٹھہ گئے ہیں دیکھو تو خود خدا نے صاف بتا دیا ہی کہ وہ موصوف مونث محذوف بہیمہ ہی نہ امام رازی صاحب کی بکری اور نہ ہماری تمہاری کوکڑی — اب کون شخص ہی جو اپنی دلی سچائی سے اِس بات پر کہ اِس آیت میں پرند داخل ہیں دلی یقین کرتا ہوگا گو تقلیداً خواہ تعصباً اُس کو منہہ سے نہ نکالے *

دوسرے یہہ کہ منجملہ صفات چہارگانہ کے جو اِس آیت میں مذکور ہوئیں اخیر دو صفتوں — تردی — یعنی اوپر سے گرکر مرجانے اور — نطاح — یعنی لڑتے میں سینگ کی چوٹ سے مرجانے کی صفت سوائے بہیمہ یعنی چرند کے پرند میں متحقق ہی نہیں ہوسکتی باقی رہا — وقذ — یعنی لکڑی سے یا لٹھہ سے یا اور کسی چیز سے مار ڈالنا اگرچہ یہہ فعل پرند کی نسبت بھی ممکن ہی مگر جو لوگ اگلے زمانہ کی تاریخ سے اور جنگلی قوموں کے حالات سے اور خود عرب کے بیاباں کے رہنے والوں کی عادات سے واقف ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ صرف چوپائے جانوروں کا اس طرح پر شکار ہوتا تھا کہ اُنکو گھیرکر لٹھوں سے مارڈالتے تھے نہ پرند کا پس یہہ صفت بھی درحقیقت مختص بہائم سے ہی نہ پرند سے — اب صرف باقی رہا — خنق — یعنی گلا گھونٹ کر مارڈالنا — اگرچہ یہہ فعل پرند کی نسبت بھی شاید ممکن ہی مگر عرب میں چوپاؤں کا گلا گھونٹ کر مار ڈالنا مروج تھا جسکی حرمت میں یہہ آیت نازل ہوئی پس نہایت افسوس ہی کہ انسان اپنے خیالات کے پھندے میں پڑے اور احکام الہی کے منشاء اور مراد کو نہ سمجھے *

امام فخرالدین رازی صاحب تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ واما ان المنخنقۃ علی وجوہ منہا ان اہل الجاہلیۃ کانوا یخنقون الشاۃ فاذا ماتت اکلوہا و منہا ما یختنق بحبل الصائد و منہا ماید خل راسہا بین عودین فی شجرۃ فتختنق فتموت الخ پس اس بیان سے بخوبی ظاہر ہوتا ہی کہ جو احکام اس آیت میں مذکور ہیں وہ بہیمہ کی نسبت ہیں نہ پرند کی اسلیئے اس آیت سے طیور منخنقہ کی حرمت منصوص نہیں ہی البتہ ممکن ہی کہ قیاسی ہو *

اس تقریر پر یہہ سوال ہوسکتا ہی کہ اگر اس آیت میں اُس استثناء کی تفصیل ہی جسکا ذکر الا مایتلی علیکم میں ہی تو یہہ آیت من اولہا الی اخرہا بہیمۃ الانعام ہی سے متعلق ہوگی پھر کلمہ میتۃ — ودم — وما اہل لغیراللہ — وما اکل السبع — وما ذبح علی النصب — سے کیوں حرمت چرند و پرند کی لیجاتی ہی چاہیئے کہ وہ بھی مخصوص بہ بہیمۃ الانعام رہیں *

مگر یہہ سوال صحیح نہیں ہی اسلیئے کہ اُن تمام کلموں کا مفہوم عام ہی گو محل خاص ہو اسلیئے بسبب اپنے مفہوم عام ہونیکے

چرند و پرند دونوں کو شامل ہیں برخلاف منخنقہ — و موقوذہ و متردیہ — و نطیحۃ کے کہ بسبب صفت ہونے ایک موصوف محذوف کے اُنکا مفہوم عام ہی اور یہ محتمل عام ہی اسلیئے وہ سوائے جنس مستثنی منہ کے اور کسی سے متعلق نہیں ہوسکتی اور ایسے طیور منخنقہ اہل کتاب کو ایہ کریمہ و طعام الذین اوتوالکتاب حل لکم نے ہمارے لیئے حلال کردیا ہی *

اگرچہ میں نے چاہا تھا کہ ہر کتنہ؟ اصحاب میں میری تحریر کی نسبت لوگوں نے لکھا ہی اور جو غلط فہمیاں میری تحریر کی نسبت کی ہیں یا جو مسامحہ کسی تحریر میں خود مجھسے ہوا ہی اور جو غلط استدلال توریت مقدس سے اس معاملہ میں لوگوں نے کیا ہی اُس سب کو بالتفصیل لکھنا مگر جیسا کہ میتے ابھی التماس کیا صرف اسی بات کے بیان کرنے پر اکتفا کرتا ہوں کہ آیت مذکورہ حرمت طیور منخنقہ کو شامل نہیں ہی پس اُسکو منصوص کہنا صحیح نہیں البتہ قیاسی غیر منصوص اُسکا ہونا ممکن ہی نصوص شاید یسلمہ وہی پشتہ لایسلمہ عیسائی مذہب کے بموجب جیسا کہ اُن کے رہبان اور قسیس قبل نزول قران مجید سے سمجھتے آتے تھے طیور منخنقہ حرام نہیں ہیں اور اُس کے دلایل عیسائی مذہب کی کتب دینیہ میں مندرج ہیں پس جب کہ عیسائی وہ فعل مطابق اپنے مذہب کے کرتے ہیں تو باستدلال و طعام الذین اوتوالکتاب حل لکم ہمارے لیئے حلال ہی میں سمجھتا ہوں کہ میرے لیئے میرا یہہ اجتہاد کافی ہی دوسرا شخص خواہ اُس کو صحیح سمجھے خواہ نہ سمجھے — مگر آپ سے اتنی بات اور کہنی چاہتا ہوں کہ تم اپنے دل کو خوب ٹٹولو کہ کہیں یہہ تمہارا اختلاف میرے ساتھہ اُسی تقلید کا اثر تو نہیں ہی جس سے انسان قبل تحقیق ہر ایک بات کا فیصلہ کردیتا ہی اب میں اس نیازنامہ کو ختم کرتا ہوں اور اگر کبھی دل میں آیا تو ابو داؤد کی حدیث کی نسبت بھی آپکو خط لکھونگا — والسلام *

راقم
سید احمد

۵ دسمبر سنہ ۱۸۷۲ع

نمبر ۱۲۲

ہندوؤں میں ترقی تہذیب

یہہ ایک نہایت عمدہ قول ایک بڑے فلاسفر کا ہی کہ زمانہ سب سے بڑا رفارمر یعنی مصلح امورات ہی *

ہندوؤں کا حال دیکھہ کر ہم کو اس قول کی تصدیق ہوتی ہی — انہی دنوں میں ہزہینس مہاراجہ صاحب ریجے نگرام کے بیٹے کی شادی ہزہینس مہاراجہ جےپور کے ہاں ہوئی ہی وہ اور اُن کے احباب جےپور بیاہنے کو گئے تھے اور چند رئیسان بنارس بھی اُن کے ساتھہ تھے جب سب لوگ شادی کرکر واپس آئے تو دو صاحبوں نے جو نہایت عالی خاندان رئیس ہیں مجھہ سے دعوت کا یہہ حال بیان کیا کہ وہاں کئی سو راجپوت نے جو نہایت عمدہ قوم کے ہیں اور جن میں مہاراجہ جےپور و مہاراجہ ریجے نگرام بھی شامل تھے اس طرح پر کچی رسوئی کھائی کہ ایک نہایت پر تکلف مکان فرش فروش سے آراستہ تھا شطرنجی اور نہایت عمدہ دھوئی ہوئی سفید چاندنی بچھی ہوئی تھی اور اُس پر بہت بڑی لمبی خوبصورت مہاگنی کی میز لگی ہوئی تھی اور ہر چہار طرف کرسیاں بچھی ہوئی تھیں تمام راجپوت اپنی پوشاک دستار و قبا پہنے ہوئے اور پاؤں میں جوتیاں پہنے ہوئے ہتیار لگائے ہوئے سب کرسیوں پر آن بیٹھے میز پر سب کے سامنے انواع اقسام کا کھانا چنا گیا جس میں دال بھات بھی تھا اور سب نے بے تکلف ایک میز پر بیٹھہ کر کھانا تناول فرمایا *

زیادہ تعجب یہہ ہی کہ چوکہ کی بھی کچھہ قید نہ تھی کچی رسوئی بھی چل کر بہت دور فاصلہ سے آتی تھی اور سب راجپوت بلا عذر کھاتے تھے *

اس بات کے سننے سے البتہ ہمکو افسوس ہی کہ میز پر بجائے نفیس نفیس برتنوں کے پتوں کی رکابیاں تھیں جس کو ہندی میں پتل کہتے ہیں اور صرف یہی ایک چیز تھی جو اُس زمانہ کو یاد دلاتی تھی جب کہ دنیا کی قوموں کو برتن بنانے کا فن نہیں آتا تھا مگر ہم کو اُمید کرنی چاہیئے کہ ہمارے ہندو بھائی اپنے دھرم کو قایم رکھہ کر بہت جلد تہذیب و شایستگی میں ترقی کرینگے *

در حقیقت ہمارے لیئے اور خصوص میرے لیئے یہہ بات نہایت خوشی کی ہی اِسلیئے کہ میں ہمیشہ یہہ خیال رکھتا تھا کہ ہمارے ہندو بھائیوں میں سویلزیشن کی ترقی معہ قیام اُن کے مذہب کے نہیں ہوسکتی مگر اس حال کے سننے سے جو جےپور میں ہوا مجھے یقین ہوگیا کہ میرا یہہ خیال غلط تھا اور میں اپنے اِس خیال کے غلط نکلنے سے بے انتہا خوش ہوا ہوں اور خود اپنے کو آپ مبارکبادی دیتا ہوں *

میری یہہ سمجھہ ہی کہ ہندوستان میں دو قومیں ہندو اور مسلمان ہیں اگر ایک قوم نے ترقی کی اور دوسری نے نہ کی تو ہندوستان کا حال کچھہ اچھا نہیں ہونے کا بلکہ اُس کی مثال ایک کانڑے آدمی کی سی ہوگی لیکن اگر دونوں قومیں برابر ترقی کرتی جاویں تو ہندوستان کے نام کو بھی عزت ہوگی اور بجائے اس کے کہ وہ ایک کانڑی اور بدّھی بال بکھری دانت ٹوٹی بیوہ کہلاوے ایک نہایت خوبصورت پیاری دلہن بن جاویگی *

او خدا تو ایسا ہی کر آمین *

راقـــــــم
سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] یکم ذیحجہ سنہ ۱۲۸۹ ہجری سنہ ۱۳۰۳ نبوي [نمبر ۲۰

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساتھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ هر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاهیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاهیں اختیار ہوگا *

طلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنهي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا هی اور وهاں سے تقسیم ہوتا هی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق هیں چھاپے ہوتے هیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ هی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هیں مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۲۳

مخالفت

دشمني اور عداوت حسد اور رنجش اور ناراضي کے سوا ایک اور جذبہ انسان میں ھی جو خود اُسي شخص میں کمینہ عادتیں اور رذیل اخلاق پیدا کرتا ھی اور بعوض اس کے کہ وہ اپنے مخالف کو کچھہ نقصان پہنچاوے خود اپنا آپ نقصان کرتا ھی اس انساني جذبہ کو ھم مخالفت کہتے ھیں *

دشمني اور عداوت کا منشا اکثر اتلاف حقوق کے سبب سے ھوتا ھی زن یا زر زمین یا خون اُس جذبہ کے جوش میں آنے کے باعث ھوتے ھیں *

حسد کا منشاء صرف وہ اوصاف حمیدہ ھوتے ھیں جو محسود میں ھیں اور حاسد ان کا خواھاں ھی مگر وہ اُس میں نہیں ھیں اور نہ ھوسکتے ھیں *

رنجش اور ناراضي اکثر باھمي معاشرت میں خلل واقع ھونے سے ھوتي ھی *

مگر ان سب کے سوا ایک اور جذبہ انسان میں ھی جو بغیر ان سببوں کے جوش میں آتا ھی اُس کا منشاء نہ زر و زمین و زن کي دشمني ھوتي ھی اور نہ مخالف کے اوصاف حمیدہ کي خواھش ھوتي ھی کیونکہ یہہ شخص اپنے مخالف کے اوصاف حمیدہ کو اوصاف حمیدہ ھي نہیں تصور کرتا اور نہ باھمي معاشرت کا خلل اُس کا باعث ھوتا ھی اسلیئے کہ اکثر اُن دونوں میں ملاقات اور واقفیت بھي نہیں ھوتي بلکہ اس کا منشاء صرف یہہ ھوتا ھی کہ اُسکي مخالف رائے یا عقل و سمجھہ دوسرے فریق کي رائے اور سمجھہ سے مخالف ھوتي ھی *

یہہ جذبہ مخالفت قریبا کل انسانوں میں پایا جاتا ھی مگر مہذب اور تربیت یافتہ اور نیک دل آدمیوں میں اُسکا ظہور اور طرحپر ھوتا ھی اور نا مہذب اور نا تربیت یافتہ بد ذات آدمیوں میں اُسکا ظہور دوسري طرحپر ھوتا ھی پہلا اُس مخالفت سے ھر قسم کے فائدے اُٹھاتا ھی اور دوسرا اُن فائدوں سے بھي محروم رھتا ھی اور دنیا میں خود اپنے تئیں بد طینت اور کذاب اور نا مہذب ثابت کرتا ھی *

دنیا میں یہہ بات قریبا نا ممکن ھی کہ تمام لوگ ایک رائے پر گو وہ کیسي ھي صحیح و سچ ھو متفق ھوجاویں پس ضرور ھی کہ آپسمیں اختلاف رائے ھو نیک آدمي اپنے مخالف کي رائے کو نہایت نیک دلي سے سونچتا ھی اور ھمیشہ یہہ ارادہ رکھتا ھی کہ اگر اُس میں کوئي اچھي بات ھو تو اُسکو چن لوں اور اگر سمجھہ میں کوئي غلطي ھو تو اُسکو صحیح کرلوں اور جب ایسي کوئي بات اُسمیں نہیں پاتا تو اپنے مخالف کي غلطیوں کي اصلاح کے درپے ھوتا ھی اور اُن غلطیوں کو اِس طرح پر بتاتا ھی جیسے ایک دلسوز دوست بتاتا ھی کہیں کہیں طبیعت کو ترو تازہ کرنے کے لیئے نہایت دلچسپ ظرافت بھي کر بیٹھتا ھی اور کبھي کبھي کوئي لطیفہ بھي بول اُٹھتا ھی اور باوجود مخالفت کے ایک دوسرے کو فائدہ پہنچتا ھی *

کمینہ طبیعت اور نا مہذب نا شایستہ آدمي یہہ رستہ نہیں چلتا وہ بات کي حسن و قبح کي طرف متوجہہ نہیں ھوتا بلکہ اپنے مخالف کے عیوب ذاتي سے بحث کرنے لگتا ھی سخت کلامي درشت گوئي سب و شتم اپنا پیشہ کرلیتا ھی اپنے مخالف کے عیوب واقعي ھي کے بیان پر بس نہیں کرتا بلکہ ھر قسم کے بہتان اُس پر لگاتا ھی اور جھوٹي جھوٹي باتیں اُسکي طرف منسوب کرتا ھی اور خود مورد لعنۃ اللہ علی الکاذبین بنتا ھی — اس راہ چلنے سے اور جھوٹ اتہام کرنے سے اور لعنت خدا کا مورد بننے سے اُس کا مطلب اپنے مخالف کو بدنام کرنا اور عام لوگوں میں جو اُس کے مخالف کے حال سے واقف نہیں ھیں ناراضي پیدا کرنا ھوتا ھی — مگر در حقیقت اُس کا یہہ مطلب حاصل نہیں ھوتا اور بعوض اس کے کہ اُس کا مخالف بدنام ھو خود وھي زیادہ رسوا اور بدنام ھوتا ھی اس لیئے کہ جب اُس مخالف کي برائي جو اُس نے براہ کذب و اتہام اُس کي نسبت منسوب کي ھی مشہور ھوتي ھی تو کوئي تو اُس کو سچ سمجھتا ھی اور بہت لوگ اُس کي تحقیق کے درپے ھوتے ھیں اور جب اُس کي کچھہ اصل نہیں پاتے تو بعوض اُس کے مخالف کے خود اُسي کذاب پر لعنت اور تھوہ تھوہ کرتے ھیں اور بقول شخصے کہ دروغ کو فروغ نہیں ھوتا تھوڑے ھي دنوں میں اُس کي قلعي کھل جاتي ھی اور وہ جھوٹا بد گو خود اُسي گڑھے میں گرتا ھی جو اُس نے اپنے مخالف کے لیئے کھودا تھا پس انسان کو چاھیئے کہ اپنے مخالف سے بھي مخالفت کرنے میں سچائي اور راستبازي نیکي اور نیک دلي کو کام میں لاوے کہ یھي طریقہ اپنے مخالف پر فتح پانے کا ھی ورنہ بعوض اپنے مخالف کے خود اپنے تئیں آپ رسوا کرنا ھی *

ھمکو بڑا افسوس ھی کہ ھمارے مخالف اِس پچھلے طریقہ پر ھم سے مخالفت کرتے ھیں ھمکو اپني مخالفت کا یا اپنے پر اتہام کرنے کا یا اپني بدنامي کا کچھہ اندیشہ نہیں ھی بلکہ اِس بات کا افسوس ھی کہ انجام کو ھمارے مخالف ھي رسوا و بد نام ھوتے ھیں اور دنیا اُنھي کو دروغ گو و کذاب قرار دیتي ھی اگر اُن کو ھمارے حال پر رحم نہیں ھی تو خود اُن کو اپنے حال پر رحم کرنا چاھیئے — ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم *

راقم
سید احمد

نمبر ۱۲۳

خوشامد

دل کی جسقدر بیماریاں ہیں اُن میں سب سے زیادہ مہلک خوشامد کا اچھا لگنا ہے — جسوقت کہ انسان کے بدن میں ایسا مادہ پیدا ہوجاتا ہے جو وبائی ہوا کے اثر کو جلد قبول کرلیتا ہے تو اُسی وقت انسان مرض مہلک میں گرفتار ہوجاتا ہے — اسیطرح جبکہ خوشامد کے اچھا لگنے کی بیماری انسان کو لگ جاتی ہے تو اُس کے دل میں ایک ایسا مادہ پیدا ہوجاتا ہے جو ہمیشہ زہریلی باتوں کے زہر کو چوس لینے کی خواہش رکھتا ہے — جس طرح کہ خوش گلو گانے والے کا راگ اور خوش آیند باجے کی آواز انسان کے دلکو نرم کردیتی ہے اسیطرح خوشامد بھی انسان کے دلکو ایسا پگھلادیتی ہے کہ ہر ایک کانٹے کے چبھنے کی جگہہ اُس میں ہوجاتی ہے *

اول اول یہہ ہوتا ہے کہ ہم اپنی آپ خوشامد کرتے ہیں اور اپنی ہر ایک چیز کو اچھا سمجھتے ہیں اور آپ ہی آپ اپنی خوشامد کرکر اپنے دلکو خوش کرتے ہیں پھر رفتہ رفتہ اوروں کی خوشامد ہم میں اثر کرنے لگتی ہے — اسکا نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ اول تو خود ہمکو اپنی محبت پیدا ہوتی ہے پھر یہی محبت ہم سے باغی ہوجاتی ہے اور ہمارے بیرونی دشمنوں سے جا ملتی ہے اور جو محبت و مہربانی ہم خود اپنے ساتھہ کرتے تھے وہ ہم خوشامدیوں کے ساتھہ کرنے لگتے ہیں اور وہی ہماری محبت ہمکو یہہ بتلاتی ہے کہ اُن خوشامدیوں پر مہربانی کرنا نہایت حق اور انصاف ہے جو ہماری باتوں کو ایسا اچھا سمجھتے ہیں اور اُنکی اسقدر قدر کرتے ہیں — جبکہ ہمارا دل ایسا نرم ہوجاتا ہے اور اس قسم کے پھسلاوے اور فریب میں آجاتا ہے تو ہماری عقل خوشامدیوں کے مکر و فریب سے اندھی ہوجاتی ہے اور وہ مکر و فریب ہماری بیمار طبیعت پر بالکل غالب آجاتا ہے *

لیکن اگر ہر شخص کو یہہ بات معلوم ہوجاوے کہ خوشامد کا شوق کیسے نالایق اور کمینہ سببوں سے پیدا ہوتا ہے تو یقینی خوشامد کی خواہش کرنے والا شخص بھی ویساہی نالایق اور کمینہ متصور ہونے لگیگا — جبکہ ہم کو کسی ایسے وصف کا شوق پیدا ہوتا ہے جو ہم میں نہیں ہے یا ہم ایسے بنا چاہتے ہیں جیسے کہ درحقیقت ہم نہیں ہیں تب ہم اپنے تئیں خوشامدیوں کے حوالہ کرتے ہیں جو اوروں کے اوصاف اور اوروں کی خوبیاں ہم میں لگانے لگتے ہیں — گو بسبب اُس کمینہ شوق کے اُس خوشامدی کی باتیں ہمکو اچھی لگتی ہوں مگر درحقیقت وہ ہمکو ایسی ہی بدزیب ہیں جیسیکہ دوسروں کے کپڑے جو ہمارے بدن پر کسیطرح ٹھیک نہیں — اس بات سے کہ ہم اپنی حقیقت کو چھوڑکر دوسرے کے اوصاف اپنے میں سمجھنے لگیں یہہ بات نہایت عمدہ ہے کہ ہم خود اپنی حقیقت کو درست کریں اور سچ مچ وہ اوصاف خود اپنے میں پیدا کریں اور بعوض دوسری نقل بننے کے خود ایک اچھی اصل ہوجاویں کیونکہ ہر قسم کی طبیعتیں جو انسان رکھتے ہیں اپنے اپنے موقع پر مفید ہوسکتی ہیں ایک تیز مزاج اور جست چالاک آدمی اپنے موقع پر ایسا ہی مفید ہوتا ہے جیسے کہ ایک روتی صورت کا چپ چاپ آدمی اپنے موقع پر *

خوشی جو انسان کو برباد کرنے والی چیز ہے جب بے جا سوائی خوشی ہوتی ہے تو خوشامد اُس کو چکنی اور ابھارتی ہے اور جسکی خوشامد کی جاتی ہے اُس میں چھچھورے پن کی ذاتی لیاقت پیدا کردیتی ہے — مگر یہہ بات بھلوئی یاد رکھنی چاہئیے کہ جس طرح خوشامد ایک بدتر چیز ہے اسی طرح مناسب اور سچی تعریف کرنا نہایت عمدہ اور بہت ہی خوب چیز ہے — جس طرح کہ لایق شاعر دوسروں کی تعریف کرتے ہیں کہ اُن اشعار سے اُن لوگوں کا نام باقی رہتا ہے جنکی وہ تعریف کرتے ہیں اور شاعری کی خوبی سے خود اُن شاعروں کا نام بھی دنیا میں باقی رہتا ہے دونوں شخص خوش ہوتے ہیں ایک اپنی لیاقت کے سبب سے اور دوسرا اُس لیاقت کو تسلیم کرنے کے سبب سے — مگر لیاقت شاعری کی یہہ ہے کہ وہ نہایت عمدہ مصور کی مانند ہو کہ وہ اصل صورت اور رنگ اور خال خط کو بھی قایم رکھتا ہے اور پھر بھی تصویر ایسی بناتا ہے کہ خوشنما معلوم ہو *

ایشیا کے شاعروں میں ایک بڑا نقص یہی ہے کہ وہ اس بات کا خیال نہیں رکھتے بلکہ جسکی تعریف کرتے ہیں اُس کے اوصاف ایسے جھوٹے اور ناممکن بیان کرتے ہیں جن کے سبب سے وہ تعریف تعریف نہیں رہتی بلکہ فرضی خیالات ہوجاتے ہیں *

ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوشبو کی ہے جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اُس کا ویسا ہی اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوشبو کا مگر جب کسی کم ظرف شخص کی بیہودہ تعریف سے وہ خوشبو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو پریشان کردیتی ہے — نیک آدمی کو بدنامی [illegible] نیکنامی کا زیادہ خیال ہوتا ہے اور عالی ہمت طبیعت کو مناسب عزت اور تعریف سے ایسی ہی تقویت ہوتی ہے جیسی کہ غفلت اور حقارت سے پست ہمتی ہوتی ہے — جو لوگ کہ عوام کے درجہ سے اوپر ہیں اُنہی لوگوں پر اس کا زیادہ اثر ہوتا ہے جیسے کہ تھرمامیٹر میں وہی حصہ موسم کا زیادہ اثر قبول کرتا ہے جو صاف اور سب سے اوپر ہوتا ہے *

راقــــــم
ایس ـ تی ـ سید احمد

نمبر ۱۲۵

خط شکریه

سلامی

مسلمانوں کے پیارے مولوی سید احمد خاں صاحب

آپ کی اُن ہای کوششوں کا شکریہ ادا کرنا جو مسلمانوں کی دینی و دنیاوی ترقی کے لیئے ملحوظ خاطر رهتی هیں میرے امکان سے زیادہ هی — اُس میں کچھہ شک نہیں کہ آپ بڑے خیرخواہ اهل اسلام هیں اور بیشک آپ اُن اوصاف کے مستحق هیں جس کے امام غزالی اور امام رازی تھے اس وقت آپ کو پیشواے اهل اسلام کہنا بجا اور درین اوصاف هی — آپ نے وہ مردانہ کام کیئے هیں جن کا ثواب میرے نزدیک نفی حج سے زیادہ هی — اسلام کی ترقی کے چاهنے والے زمانہ کے بعد آپ پیدا هوئے اور بیشک اُن نیکیوں کی جزا آپکو خدا سے ملیگی جس کی آپ اُمید رکھتے هیں — جزؤهم عند ربهم جنات عدن ادخلهم الله بها لسایرالطالبین الصادقین و هو حسبی و نعم المعین و عمیم الاحسان و علیه التوکل والتکلان زیادہ والسلام علی من اتبع الهدی *

محمدآباد ضلع اعظم گڈہ
۲۷ جون سنہ ۱۸۷۲ ع

آپ کا تابعدار
امجد الله

قصیدہ مدحیه

قصیدة فی مدح مولانا المولوی سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی مریدالخیرالمسلمین هندا وبنجالة قلتها ارتجالاً بدوسنة الف وثمان مائة واثنین و سبعین من العیسویة *

الحمد للهالعلی الاجلل * والصلواة علی‌النبی الافضل
اخبرنا یالطیف لاتبخلنا * من‌الذی بین‌العوالم تجمل
سید احمد اسمهالمتبرک * خاں بہادر باسمه یتوصل
القابه مشهورة بین‌الوری * نجم منیر الهنداماه ولی
یامن‌تجبروا المسلمین حقیقة * من‌کل حزنان موبین خاذل
انتم مریدالخیر للاسلام قا * طبتلنا فی اخر و اول
تشرفت‌ارض‌الهند بوجودہ * فکانها یــداراسلام نلی
ذوالکرام من عظام زمانه * لم‌یسمعوا من مثله‌المتمثل
واس کرام‌المسلمین‌بجمعهم * خدمله من بینهم فهو الولی
یاسیدی یامقصدی‌المتفضل * رحمة الله علیکم تشمل
اقبالکم اعزازکم ینموا علی * مرالدهور والزمان الا طول
محفل الاشراف لازال لکم * واتقا متو قیــا متجمل

حررهالمفتقر الی اللهالمعبود
محمد عبدالودود اسلام ابادی
فی دارالامارة کلکته

نمبر ۱۲۶

پرچہ تهذیب الاخلاق

پرچه تهذیب الاخلاق کو جاری هوئے اڑهائی سال کا عرصه گذرچکا اور مضامین طرح طرح کے اُس کے ذریعه سے شایع هوئے مگر نہایت افسوس هی که هنوز اُس کی اصل غرض اور مقصود پر همارے هموطن اهل اسلام کو آگاهی نہیں هوئی اور جو سمجھے تو یہه سمجھے که نه کچھہ تھے سمجھے که مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی اور مولوی محمد مہدی علیخاں صاحب ایک نئی قسم کا فرقه اهل اسلام میں قایم کیا چاهتے هیں اور کبھی تقلید سے آزادی حاصل کرنے کی ترغیب دیتے هیں اور کبھی شیعوں کے مذهب کے مسئله اجتہاد کو سراهتے هیں اور مدح و تعریف فرماتے هیں کبھی خلاف قرآن کے وجود آسمان کا باطل ٹھہراتے هیں کبھی کتب اربعه سماوی پر مخالفت کرکے نفس انسان کو شیطان قرار دیتے هیں اور وجود شیطان سے انکار کرتے هیں‌کبھی قرآن کی آیتوں کی من‌مانی تاویلیں کرکے لونڈی و غلاموں کا رکھنا حرام اور ائمه † معصومین اور خلفاء راشدین کے افعال کو غلط العام ٹھہراتے هیں الغرض اپنے خیالات کے مخالف امور مندرجه تهذیب الاخلاق کو پاکر هنستے هیں اور رکاکت والے مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی و مولوی مہدی علی خاں صاحب پر ٹھٹھے اُڑاتے هیں المختصر — اچھے کو برا برے کو اچھا سمجھے کتنی یہه بری سمجھه هی اچھا سمجھے * افسوس یہه نہیں خیال کرتے که در حقیقت یہه صاحبین موصوفین جو دماغ سوزی کرتے هیں اور علاوہ اپنی اوقات عزیز کے زر کثیر بھی ضایع کر رهے هیں اُس کا نتیجه کیا هی حاشا ان سب تمهیدات سے اُنکا وہ مقصود نہیں هی جو همارے بھائی بند سمجھے هوئے هیں ای برادران اسلام یقین جانو که اُن اهل اسلام کو جو اُس قوم سے که جسکو دعوی تهذیب و شایستگی هی ملتے جلتے هیں خوب معلوم هی اور اُنہیں کا دل جانتا هی که ان دنوں کیا کیا طعن و تشنیع اُن کو اپنے دین اسلام کی بابت سننے پڑتے هیں اور اُن افعال کی بدولت جو کچھه جہالت اور کچھه سفاهت اور کچھه تعصب و بدعت سے مسلمانوں میں رائج هوگئے هیں وہ قوم که جو مدعی تهذیب شایستگی هی اُن امور رائجه کو اصول شریعت میں داخل کرکے اسلام کے خوبصورت چہرہ پر برائی کا داغ لگا رهی هی اور اُنہیں

† نعوذ بالله واقعان تهذیب الاخلاق ائمه معصومین علیهم السلام اور خلفائی راشدین کے افعال کو غلط نہیں ٹھہراتے بلکه اُن کے نزدیک اُن افعال کا ائمه هدی اور خلفائے مصطفی سے سرزد هونا ثابت هی نہیں هی اُن کو یقین هی که ائمه معصومین نے کسی عورت پر بطور ملک یمین تصرف نہیں کیا بلکه سب سے نکاح فرمایا هی ۱۲ — مهتمم

داغوں کے مٹانے کے لیئے یہہ پرچہ جاری ہوا ہی اور جن اُمور کو تم اپنے خیالات کے مخالف پاتے ہو یہ مجبوری اُن دونوں صاحبوں کو لکھنے پڑتے ہیں اور مانا کہ اُن کی راے ہمیشہ صائب نہیں اور جو امور کہ وہ کہیں بالکلیہ لایق تسلیم کے نہیں مگر یہہ ضرور نہیں کہ اُن کی راے یا مضمون کے سنتے ہی بگڑنے لگو اور منصفکہ میں ڈال دو و چشم انصاف بند کرکے دیدۂ تعصب کھول دو بلکہ اولاً بنظر و تامل اُن کے خیالات کے حسن و قبح کو جانچو اور اُس مضمون کو جو مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی نے اول پرچہ میں درج کیا ہی اُس سے مطابق کرو اور پھر جو چاہو کہو ہاں اگر تمکو اُس کی بابت کچھہ کہنا ہی اور اُن کی راے سے مخالفت کرنا منظور ہی تو تم میں سے جسکو توفیق اور اہل اسلام کی رعایت اور حمایت اور ہمدردی کا جوش ہو وہ اُس پرچہ کے متعلق معاملات کا مہبر ہوجاوے اور اپنے خاطر خواہ مضامین پرچہ مذکور کا انتظام کرے یہہ بہتر ہی یا وہ بہتر کہ مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر کی مخالفت پر کمر باندھو اور ادھر اودھر کے اُن صاحبوں میں کہ جنہیں چلد روزہ واہ‌واہ طرفداری رسوم دینی اور جوش تائید خیالات مذہبی ہی شریک ہوکر بیکار روپیہ ضایع کرو اور اپنی ڈیڑہ اینٹ کی مسجد الگ بناؤ ذرا تم مسٹر ایڈورڈ هنري پالمر صاحب بہادر کی سنجیدہ راے کو جو اودہ اخبار مطبوعہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۷۵ع میں چھپی ہی غور سے پڑھو اور بقول خود صاحب موصوف کے یہہ کہو کہ ایک کافر نے لکھا ہی ایسے ہی جھٹ پٹ خفا نہو جاؤ جیسے کہ مولویین موصوفین کا نام سنتے ہی بیزار ہوجاتے ہو ــــ وہاں تک تو پڑھو کہ دو دل یک شود بشکند کوہ را * پراگندگی آرد انبوہ را * بعد اُس کے اُس نیک نہاد خیر خواہ اہل ہند کے شفیقانہ اور بیغرضانہ مشورہ کو دیکھو اور ترک معاندت و مخالفت فیمابین کرو کسواسطے کہ مخالفت ہی کی وجہہ سے تمہارے دین میں بہت سے عجیب و غریب فرقہ ہوگئے ہیں اور تمہاری پھوٹ اور نزاع ہی کے سبب سے یعنی جو اقوال مختلفہ اور احکام مؤتلفہ تمہارے اسلاف کے ہیں اُنہیں سے اسلام کے نورانی چہرہ پر غیروں کو دھبے لگانے کی گنجایش ملی اور ملتی جاتی ہی بخلاف اس کے جہاں تک تم لوگ دیکھوگے اور جانچوگے پرچہ تہذیب الاخلاق کے مطالب خالی تعصب و نفاق سے پاؤگے اور شاید تم سب کو اس بات پر یقین ہوگا کہ مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر کو جہاں تک خود اُن کو اپنی ذاتی غرض دنیا اور عقبی نہیں ہی اپنا خیرخواہ پاؤگے اور چاہے تم مسلمانوں میں سے کسی فرقہ اور مذہب کے مقلد و مؤید و پابند ہو اپنے فرقہ و مذہب کا اُن کو دشمن نہ پاؤگے وہ ایسے آدمی نہیں معلوم ہوتے کہ اگر وہ جودگردن مروڑی مرغی عیسائیوں کے

یہاں کی حلال جانکر کھائیں تو نہ کھانے والوں کے دشمن ہوجائیں وہ ایسے نہیں ہیں کہ جو لونڈی و غلام کا رکھنا اچھا جانتے ہوں اُن کے بدخواہ بنیں وہ ایسے نہیں ہیں کہ وہابی ہوکر اُن لوگوں سے جو وہابیوں کو اچھا نہیں سمجھتے عداوت کرنے لگیں وہ ایسے اہل سنت نہیں ہیں کہ معاذاللہ شیعوں کو واجب القتل جانیں اور اُن سے مجالست و موانست و مکالمت میں اکراہ کریں بلکہ اُن کو خلاف اس کے عام معاملات میں جہاں تک اخلاق و تہذیب کی درستی میں خود متوجہہ ہوگے اپنا معین و ممد پاؤگے اور ایک نہایت قوی اعانت اُن سے تمکو ملیگی جبکہ یہاں تک تمکو آگاہی ہوچکی اور یہہ سمجھہ چکے کہ مخالفت و ممانعت میں سراسر زیاں ہی اور مخالفت ہی کی وجہہ سے تمہارے دین میں بہت سا کچھہ نقصان آچکا ہی تو اب تم اپنی ہٹ اور ضد چھوڑ کے اس پرچہ کے مؤید ہو اور ممبری حاصل کرنے اور پرچہ کی اشاعت اور خریداری میں معین و موفق ہو اور خود سوچ سوچ کر جن امور کو دین و تہذیب سے علاقہ اور رسم و رواج پر مبنی پاؤ اور اُن کو مخالف تہذیب و شایستگی دیکھو اُس کی درستی میں متوجہہ ہو اور حتی‌الوسع تہذیب و شایستگی کو پھیلاؤ اور اپنے دین و اسلام کو جیسا وہ نورانی ہی کر دکھاؤ اگر تمکو یہہ معلوم نہیں ہی کہ تمہارے مذہب اور اسلام میں کون سے ایسے امور ہیں کہ جن پر وہ قوم کہ جو تہذیب و شایستگی پر دم بھر رہی ہی اور تمہارے بعضے ہموطنوں نے جنہوں نے کسی وجہہ سے یا جو تمہارے جی میں ہو اُسی سبب سے مذہب اسلام کو چھوڑ دیا ہی مخالف تہذیب و اخلاق کہتے ہیں تو اُسی کی بابت بشراکت مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر اُن امور غیر مہذب کے یکجا اور تنقیح کرنے کے لیئے خاص ایک مجلس مقرر کرو اُس میں اُن صاحبان عیسائی ولایت زا اور ہندوستانیوں کو جو تہذیب و اخلاق کے دعویدار ہیں اور تعصب و غلو مذہبی میں ڈوبے ہوئے ہیں اور ایسے ہی یہودیوں کو شریک کرو اور اپنے علماے نامی جو ہر مذہب اور رؤساء گرامی ذی رعب کو تکلیف دو اور اُس مجلس کے ذریعہ سے بلا رد و قدح ٹھنڈے دل سے پہلے گردن نیچی کیئے ہوئے عیسائیوں اور یہودیوں کو اعتراض کرنے دو اور جو جو اعتراض وہ کریں اُن کو اس پرچہ میں چھپنے دو جب اعتراض تمام ہوجاویں تو سلسلہ وار جس جس فعل سے وہ متعلق ہوں یکجا کراکے اُن سب کو عربی اور انگریزی کرڈالو اور تب اُن پرچوں کو یورپ و امریکہ کے عمدہ اور مشہور عالموں اور حکیموں کے پاس بھیجو اور اپنے ملت و دین کے علماء نامی و گرامی ترک عرب مصر ایران کی خدمات میں بھی ارسال کرو اور سب کو تکلیف دو کہ براہ مہربانی وہ اپنی اپنی راے اُن اعتراضوں کی بابت لکھیں

کہ آیا موافق اخلاق تمام دنیا کے وہ اعتراض صحیح اور مخالف تہذیب و شایستگی ہیں یا نہیں اور اگر ہیں تو اُن کو تہذیب اسلام کی شریعت سے کیا تعلق ہی اور وہ ایسا تعلق ہی کہ جس کے ترک میں گناہ ہی یا نہیں جبکہ اس طرح سے جواب حکماء یورپ و دیگر بلاد مختلفہ کے آویں تب مجلس اُن پر غور کریں اور جو امور متفق علیہ منافی اخلاق ٹھہریں اور جن کے ترک میں گناہ نہ سمجھیں اُنہیں چھوڑ دیں اور ایسا چھوڑیں کہ پھر جو اہل اسلام میں سے اُس کے ارتکاب پر رغبت کرے اس کو مخالف تہذیب سمجھکر معاشرت ترک کریں اور اس سامان کے مہیا ہونے میں جسقدر تاخیر ہو نہ کھیرا ویں اور جب تک تصفیہ ہوجاوے جب تک یہہ ایک ایسی عمدہ تدبیر ہی کہ اس سے سارے اوصاف و ذمائم اخلاق کا شمس فی نصف النہار سارے مسلمانوں پر ظاہر ہو جاوینگے اور اُن کے رفع اور دفع کرنے کا ایسا ذریعہ ہاتھہ آویگا کہ اُس سے بہتر کوئی نہوسکیگا *

راقـــــــم

سید غلام حیدر

از مقام اکبرپور کوٹھی ملک اودھ

نمبر ۱۱۷

تہذیب

مجھے تعجب ہی کہ کسی زمانہ میں مسلمانوں کو کس لیئے مہذب و شایستہ کہا جاتا تھا اور اب کس لیئے بعض قوموں کے ہاں اُن کو ایسے القاب ذمائم یعنی جاہل جانور وحشی سے پکارا جاتا ہی یہہ بات غیر قوم ہی پر منحصر نہیں ہی بعضے مسلمان بھی ایسے ہیں کہ وہ مسلمانوں کی نسبت یہہ القاب کہتے ہیں اگرچہ وہ کسی مصلحت یا درد برادری سے ہی کیوں نہوں اور اکثر مسلمان ان الفاظ کو سنکر برا مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہہ جھوٹ اور اتہام ہی ہم ایسے نہیں ہیں جب اپنے بھائیوں کی نسبت یہہ صدا میرے کان میں پڑی مجھکو نہایت ملال ہوا اور کہا کہ یہہ تہمت ہی ہم مسلمان ہرگز ایسے نہیں ہیں لیکن جب اُس کا زیادہ خیال ہوا تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ اس کو سوچو اور میزان عقل و انصاف میں تولو تعصب و ناانصافی کو دخل ندو آیا یہہ قول بالکل جھوٹ اور بہتان ہی یا کسی قدر اس میں سچ بھی ہی اور سچ ہی تو کس دلیل سے مدت تک میرے دل میں اس بات کی کاوش رہی اور طرح طرح کے خیالات گذرا کیئے جو خیالات آتے تھے اُن کو بدلائل و براہین دفع کرتا رہا کوئی قول فیصل قرار نہ پاتا تھا ایک مرتبہ یہہ خیال آیا کہ جن مسلمانوں کی نسبت جانور و جاہل کا الزام لگایا جاتا ہی وہ کون ہیں اور کہاں کے رہنے والے ہیں آیا ترکی و مصری وغیرہ کی بھی یہی کیفیت ہی یا صرف ہندوستان ہی کے رہنے والے اس بلا میں مبتلا ہیں بعد تامل و غور کے معلوم ہوا کہ یہہ برائی صرف ہندوستان ہی کے حصہ میں آئی ہی دیکھو اُن لوگوں کو جو اب بحالت موجودہ موجود ہیں اور ہندوستان کے رسم و رواج کی پابندی کو مثل احکام شرعی فرض جانتے ہیں تحصیل علوم و کسب فنون کی طرف مطلق توجہہ نہیں نہ مسائل دینی سے واقف نہ احکام شرعی سے ماہر قطع نظر اس کے اس جہالت کی بدولت ہزاروں طرح کی خرابیوں اور لاکھوں آفتوں میں مبتلا ہوتے ہیں میرے نزدیک ہندوستان کے مسلمانوں کو اُن الفاظ سے برا ماننا اور اُن مسلمانوں کو جو اُن کی تائید کرتے ہیں برا جاننا بیجا ہی بلکہ اُن کے مافی‌الضمیر اور دلی مقصد پر غور کرنا چاہیئے وہ حقیقت میں خیر خواہ ہیں اُن بیچاروں کی ان الفاظ سے کچھہ اَور ہی غرض تھی اُن کو نہ مسلمانوں کے مذہب پر اعتراض نہ قواعد اصولی و فروعی کی نسبت بحث اور اختلاف وہ اُس مذہب کو دل سے نہایت سچا اور اچھا جانتے ہیں اور جہانتک اُن سے ہو سکتا ہی اپنی سمجھہ کے موافق اُس کی پیروی اور شایع کرنے میں کوشش کرتے ہیں معاذ اللہ اگر اُن کی نسبت ہم یہہ سمجھیں کہ مذہب یا قواعد مذہب کی نسبت اُن کو اعتراض یا انکار ہی تو ہم سب سے زیادہ اُن کو برا کہیں اور برا جانیں اور جس قدر ممکن ہو لعن طعن کریں مسلمانوں کا سچا مذہب مثل آفتاب کے چمکتا ہوا خدا نے بنایا ہی جس کی روشنی قیامت تک تمام عالم کو گھیرے رہیگی اُس کے احکام قابل تبدیل و تغیر نہیں مگر قواعد معاشرت دنیاوی اور اخلاق و عادات کی تبدیل و اصلاح سے کچھہ قواعد مذہبی کی تبدیل و تغیر لازم نہیں آتی اور اگر کوئی اُس کی یعنی قواعد مذہبی کی تغیر و تبدیل کا قایل ہوجاوے تو پھر اُس کے کفر و الحاد میں کیا شک رہا نعوذ باللہ من وساوس‌الشیاطین — بلکہ بیچارے ناصحین کی اصلی غرض یہہ ہی کہ مسلمان سستی و کاہلی کو چھوڑیں اور دریاے جہالت میں جو ڈوبے ہوئے ہیں اُس سے سر نکالیں بے علمی سے اُن کی حالت خراب ہی نہ کوئی فن اُن کو آتا ہی نہ کوئی پیشہ سیکھتے ہیں جہالت سے عقبی تو یوں خراب ہوئی نہ رسوم نا مشروع اور بدعات کے پابند ہوئے اور دنیا یوں برباد گئی نہ لوگوں کی نگاہوں میں حقیر ہیں نہ عہدۂ جلیلہ کے مستحق نہ حضوری حکام کے سزاوار اُن کے ارادے سست اور ہمتیں پست ہو گئی ہیں اگر خواب غفلت سے بیدار ہوں اصلاح معاش و معاد کے طلبگار ہوں تحصیل علوم کا خیال رہے مد نظر کسب کمال رہے تمام

علوم پڑھیں جمیع فنون سیکھیں نئی نئی راہیں ایجاد کریں نئے نئے آلات بناویں ہر کام میں عقل دوڑاویں تو مقبول اہل جہاں ہوجاویں ہر محکمہ میں اعلی اعلی عہدے پاویں تحسین و آفرین کے سزاوار ہوں غیر قوموں کے دلوں میں جگہہ پاویں شایستہ اور مہذب کہلاویں خدا نے عقل کو اسی واسطے بنایا ہی کہ اس سے کام لیا جاوے اگلے مسلمانوں نے کیا کچھہ نہیں کیا وہ بھی ہمارے واسطے نمونہ ہیں مسلمانوں کے ہاں سواے علوم دین کے جو اب مروج ہو رہے ہیں اور جس کی نسبت ہم یہہ کہیں تو بجا ہی کہ یونانی لکیر پیٹتے ہیں وہ اُن کے مصنفین علما نہیں بلکہ وہ غیر زبان سے اُن کو حاصل ہوئے ہیں نہایت مشکل اور بڑی محنتوں اور جاں فشانیوں سے اُن کو سیکھا حالانکہ وہ غیر زبان میں تھے اول اس زبان کو سیکھا پھر اُن کی کیفیت و ماہیت سے واقف ہوئے بعد اس کے اُس کا ترجمہ اپنی زبان عربی میں کرایا اور اپنے بھائی مسلمانوں کو سکھایا کون سا فن تھا کہ مسلمان نہیں جانتے تھے کون سا علم تھا کہ مسلمان نہیں پڑھتے تھے اب جو قومیں مسلمانوں کو وحشی اور جانور بتاتی ہیں اُنہوں نے بھی تو مسلمانوں سے ہی سیکھا ہی لیکن اس میری تقریر کے سننے والے مجھہ سے یوں فرماتے ہیں کہ جو مسلمان جاہل وحشی کہنے والے ہیں اور جس کی تاویل مطلب اسطرح ہمارے سامنے کی گئی اس کا یہہ مطلب یہہ طرز بیان نہیں ہی وہ نہایت سخت اور درشت الفاظ کہتے ہیں اور تہذیب اور شایستگی سے یہہ غرض اُن کی نہیں جو اس وقت ہمارے روبرو بیان کی گئی اور یہہ ایسا مطلب ہی کہ ہم اُس کو دل سے اچھا جانتے ہیں اور اسکو ہمارے دل نے مان لیا اور ہمنے سچ جان لیا بے شک یہہ سچ ہی ایسی تہذیب اور شایستگی ہم کو حاصل کرنی چاہئیے برخلاف اس تقریر و تاویل کے اُن کا مطلب یہہ ہی کہ جس طرح بعض قوم جن کو وہ مہذب کہتے ہیں آزاد ہیں ہم بھی ایسی ہی آزادی حاصل کریں جس طرح وہ کھاتے ہیں ہم بھی اُسی طرح کھائیں جو اُن کا لباس ہی ہم بھی وہی لباس اختیار کریں جس طرح وہ پابند مذہب نہیں ہیں ہم بھی نرہیں بلکہ تمام معاملات میں اُنہوں نے اپنی عقل و آرام کو دخل دیا ہی ہم بھی دخل دیں جو بات دین کی ہماری سمجھہ میں نہ آوے تو اس تاویل سے کہ بلحاظ امتداد و تغیر زمانہ کے اب قابل عمل نہیں ہی عمل نہ کریں اگر اسی کا نام شایستگی و تہذیب اور روشن ضمیری ہی تو ہم درگذرے ہمارا سلام ہی ہم کو جاہل و جانور وحشی رہنا قبول خدا تعالی خسرالدنیا والاخرۃ نہ کرے مگر میرا یہہ جواب کافی ہوتا ہی یہہ آپ کے خیالات ہیں اُن ناصحین کا دلی مطلب ان الفاظ سے یہہ نہیں ہی بلکہ وہی ہی جو میںنے اوپر بیان کیا البتہ اس قدر میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہہ طریقہ نصیحت کا برا ہی شیریں زبانی اور ملک گیری کی مثل مشہور ہی میٹھی باتوں سے غیر اپنے ہوجاتے ہیں اور سخت کلامی سے اپنے چھوٹ جاتے ہیں اگر یہہ کہا جاوے کہ نصیحت کڑوی معلوم ہوتی ہی تو اُس کا بھی یہہ موقع نہیں ہی کڑوی نصیحت کیسے ہی میٹھے میٹھے بیان سے کیجاویں کڑوی معلوم ہوگی اس کے الفاظ ہی برے ہیں جو لوگ اصلی حقیقت کو اچھا جانتے ہیں وہ بھی ان الفاظ اور اس طریقہ کو پسند نہیں کرتے کہانے اور بکانے کی ایک حقیقت ہی مگر لفظوں میں فرق ہی اگر کوئی ناصح طریق نصیحت سے فہمایش کرے بے شک اثر ہوگا مجھے اندیشہ ہی کہ اگر یہی طریقہ نصیحت ہی تو ساری محبت رایگان ہوجاویگی اگر یہہ کہا جاوے کہ الفاظ اور طریقہ نصیحت اور برتاو ناصح مت دیکھو اصل مطلب کو خیال کرو تو ایسے لوگ بہت کم ہیں جو ایسے ہیں حضرت اُنکو نصیحت کی کچھہ حاجت نہیں ہی وہ خود تہذیب اور شایستگی کے خواہاں ہیں اور جہاں تک ہوسکتا ہی ترقی اور رفاہ عام میں کوشش کر رہے ہیں یہہ نصیحت تو عام لوگوں کے واسطے ہی اور جب تک اُنکے دل خیال ناصح کی طرف سے درست اور ٹھیک نہونگے اُس کی بات کب اُن کے دل میں بیٹھیگی یہہ سب سچ ہی مگر جو لوگ محبت اور عشق میں ڈوبے ہوئے ہیں اُنکو کچھہ معلوم نہیں ہوتا کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں اور کیا ہماری زبان سے نکلتا ہی اسی طرح اُن بیچاروں ناصحین مسلمانوں کا حال ہی کہ وہ بھی مسلمانوں کی ایسی ترقی کے خواہاں ہیں اور اُن کی خیر خواہی کے جوش کے دریا میں ڈوبے ہوے ہیں اُنکو کچھہ اصلا خبر نہیں ہی کہ کیا ہمارا مطلب ہی اور ہم کیا کہتے ہیں جب کوئی غیر قوم مسلمانوں کی نسبت کوئی کلمہ حقارت کا کہتی ہی یا جب مسلمانوں کو وہ تنزل کی حالت میں دیکھتے ہی تو اُن کا دل کباب کی طرح بھن جاتا ہی اور وہ خود مثل ماہی بے آب پیچ و تاب کھاتے ہیں اور جو انکے دل میں آتا ہی سناتے ہیں ایسے خیرخواہوں کے الفاظ کو دیکھنا اور اعتراض کرنا اور اُس کے دلی شوق و ہوا خواہی کو چھوڑنا بالکل خلاف انصاف اور جادہ راستی و عدل سے منحرف ہونا ہی *

راقم

محمد یوسف

وکیل عدالت دیوانی علیگڈہ

نمبر ١٢٨

هر وقت كي مصلحت

هر زمانه كي ضرورت اور هر وقت كي مصلحت كا لحاظ ايک ايسي چيز هي جس سے كوئي مسئله كسي شريعت كا يا كوئي حكم كسي ملت كا خالي نهيں هو سكتا اور أس كي پابندي بغير كسي شخص كو كوئي چاره نهيں رهتا مگر جس طرح اس چيز كي ضرورت عام هي اور جيسي وه ناگزير هي أس طرح خدا تعالى نے أس كا علم عام نهيں كيا (جسميں ايک بڑي باريک مصلحت هي) بلكه أس كے علم كو صرف خاص هي خاص طبائع كے تفويض كيا هي اور جو مصلحتيں أس ميں مستور هيں وه خاص هي لوگوں كو بتاتي هيں جب يهه بات معلوم هوچكي تو اب اس بات سے كسي كو تعجب نهوگا كه هميشه هر زمانه ميں جب كبهي دوراندیش اور خاص لوگ كسي ضروري انتظام يا مناسب تهذيب كو پيش كرتے هيں تو عوام‌الناس كيوں أس كي مخالفت پر كمر باندها كر مستعد هوجاتے هيں اور كيوں أس كے ذمه اس بات كي تهمت لگانے لگتے هيں كه يهه شخص ايسي باتوں كو ايجاد كرتا هي جو كبهي نهيں هوئيں بلكه صريح شريعت كے خلاف هيں حالانكه يهه ايک ايسي مشكل بات هي جس كو عام آدميوں كي سمجهه كبهي دريافت نهيں كرسكتي اور نه ايسے لوگوں كا يهه قول صحيح هي كه وه شريعت كے خلاف هي كيونكه شريعت كے خلاف ثابت كرنا تو كسي ايسے هي شخص كا كام هو سكتا هي جو اسرار دين پر شريعت كے هي مضبوط طريقه سے آگاه هوگيا هو اور جس نے احكام شريعت كے مصالح كے خلاف هونا بوجوه ثابت كرليا هو اور جب تک يهه بات كسي كو ميسر نهو اُسوقت تک كسيكا ادعا محض اسباب ميں هرگز كارآمد نهيں هوسكتا كه زمانه كي مصلحت اور وقت كي ضرورت كوئي چيز نهيں هي خصوصا اس حال ميں جبكه كسي شريعت نے جابجا ضرورت وقت كي خود بهي بڑي پرواه كي هو اور اپنے احكام كو هميشه أسكا تابع ركها هو پس يهي كيفيت في‌زماننا أن تمام مسلمانوں كي هي جو ايک هندوستان كے گهيرے ميں پڑے هوئے هيں اور جنكو نه اپنے شريعت پر كامل اطلاع هي نه ضرورت اور مصلحت وقت كي خبر هي صرف وه ايک بات جانتے هيں كه جب كوئي بات أن كے قديمي عادت اور أن كي محدود معلومات كے خلاف معلوم هو اسكو وه دين ميں ايجاد كهديتے هيں اور ايسے دور انديش كو جو ضرورت وقت پر نظر كرے دهريه بتاتے هيں حالانكه جو شخص اسرار شريعت غراے اسلاميه سے واقف هيں بلكه اسرار بهي نهيں بعض بعض احكام خاصه سے بهي آگاه هيں وه اسبات كو خوب سمجهتے هونگے كه خلفاء شريعت اسلاميه بلكه خود رسول مقبول صلى‌الله عليه و سلم نے ضرورت وقت كي ايسي كچهه مراعات فرمائي هي ايک مرتبه حضرت سلمان فارسي رضي الله تعالى عنه نے آنحضرت سے فرمايا كه فارس والے دشمن سے بچنے كے لئے لڑائي كے وقت اپنے شهروں كے گرد خندقيں كهود ليتے هيں تو آنحضرت نے اِس تدبير كو ضرورت وقت كے مناسب ديكهكر يوم خندق ميں خود خندق كهدوائي اور ايک مرتبه آنحضرت صلى‌الله و سلم نے حضرت عاصم ابن ثابت سے فرمايا كه من قاتل فليقاتل كما يقاتل الخ پس لفظ (كما) سے جو تائيد هماري اِس راے كي هوتي هي وه كسي پر پوشيده نهيں هي علاوه اسكے خلافت كے زمانه ميں حضرت صديق اكبر رض نے حضرت خالد سے لشكر كشي كے وقت صاف يهه فرمايا تها يا خالد عليک بتقوى الله و الرفق بمن معک الى ان قال و الحذر منه اهل اليمامة فان دخلت بلاد هم فالحذر الحذر ثم اذا لقيت القوم فقاتلهم بالسلاح الذي يقاتلونک الخ پس اب انصاف كرنا چاهيئے كه جب هماري شريعت نے ضرورت وقت اور مصلحت كي اس قدر مراعات كي هو تو همكو يهه كب زيبا هي كه هم اپني ناداني سے أس ضرورت كو نه سمجهيں اور أس كے موافق عمل نكريں اور اگر كوئي شخص يهه كهے كه ان سب امور كو جو آنحضرت نے يا صحابه كرام نے ضرورت كے موافق كيا احكام دين كي تغير ميں كچهه دخل نهيں هي بلكه ضرورت دنياوي كے تغير سے علاقه هي تو اول تو هم يهه بات تسليم نه كرينگے اور اگر فرضا تسليم بهي كريں تو كچهه هماري مخل مطلب نهيں هي كيونكه همارا بهي اصلي مدعا يهي هي كه جس دنياوي تهذيب اور ضرورت كو هماري شريعت نے هر زمانه ميں ضرورت كے موافق تجويز كيا هو أسكو تم بهي جائز سمجهو اور اسبات ميں هم تمهارے ساتهه هيں كه بلا شبهه تغيرات دين كو برا جانتے رهو مگر يهه بات سمجهنا كه كس بات ميں كچهه تغير دين كا هي كس ميں نهيں هي نهايت هي مشكل اور ايک بڑے بے نظير عالم كا كام هي وه ايسے لوگوں كا كام نهيں هي جو صرف نزاع لفظي كو اپني كامليت اور واقفيت كا نشان سمجهتے هيں اور جو سراسر اپنے پاس سطر كے غلام بنے رهتے هيں هم انكو اسبات كا يقين دلاتے هيں كه جب تک وه ضرورت وقت كے موافق عمل در آمد نكرينگے اسوقت تک نه انكي عزت هوگي نه انكے دين كي عظمت رهيگي بلكه جو وهي سهي حرمت باقي هي اس ميں بهي تزلزل آجاويگا پس انكو انكے اپنے دين كي كچهه محبت هي اور اپني شريعت كے نام كا پاس هي تو وه اپنے وقت ميں ضرورت وقت كو ايک بڑي زبردست بات سمجهيں اور جو ذليل حالت اور قوموں كے سامنے أنكي هي اسكا خيال كريں ✱

راقم
عبدالله

بمقام عليگڈه —— مطبع عليگڈه انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق كے اهتمام سے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد سوم] ۱۵ ذیحجہ سنہ ۱۲۸۹ ھجري سنہ ۱۳۰۳ نبوي [نمبر ۲۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار انہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

مضمون نمبر ۲۰۱

روایت تلک الغرانیق العلی

یہہ روایت منقول ہی ابن جریر مفسر اور قتادہ اور مقاتل اور زہري اور کلبي سے اور منجملہ ان روایتوں کے ایک حدیث موقوع ہی جو سعید ابن جبیر نے عبداللہ بن عباس سے روایت کي ہی اور باقي روایت کلبي کي بن صالح سے اور روایت ابن شہاب کي ابوبکر بن عبدالرحمن سے غیر مرفوع ہیں اور جس طرح پر یہہ قصہ بیان کیا جوتا ہی اُس کا حاصل یہہ ہی کہ ایک مرتبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کافران قریش کے سامنے سورۃ والنجم پڑہ رہے تھے جب اس آیت پر پہونچے کہ افرأیتم اللات والعزی و منات الثالثۃ الاخری تو آپ نے یہہ پڑھا کہ تلک الغرانیق العلی و ان شفاعتہا لترتجی یہہ سنکر کافران قریش خوش ہوئے اور سمجھے کہ پیغمبر خدا بھي ان بتوں کي شفاعت کے قایل ہوگئے اور بعد ختم ہونے سورۃ کے جب آنحضرت نے سجدہ کیا تو کافران مکہ بھي سجدہ میں شریک ہوئے *

یہہ قصہ اور یہہ روایت محض بے اصل اور غلط اور یہہ حدیث بالکل موضوع ہی اور جنہوں نے اسے نقل کیا ہی اُن کو دھوکہ ہوگیا اور بطلان اس کا عقلاً و نقلاً و اعتقاداً ثابت ہی *

عقلاً بطلان اس کا ظاہر ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم بتوں کی برائیاں اور اُن کی عداوت کرنے اور شفاعت پر اعتقاد رکھنے کو کفر و شرک فرماتے رہے اور ابتدا بعثت سے آخر تک اس وعظ پر ثابت قدم رہے کفار مکہ نے اسی وجہہ سے طرح طرح کی تکلیف دی تو کیونکر قیاس میں آسکتا ہی کہ آنحضرت کی زبان سے ایسا کلمہ نکلا ہو — مردود یا نادان یا احمق ہی جو اس پر یقین کرے کبرت کلمة تخرج من افواههم ان یقولون الا کذبا *

پھر یہہ کلمات ایسے بے ربط و بے ضبط ہیں کہ اول کو آخر سے کچھہ نسبت نہیں اور پیغمبر خدا کی فصاحت و بلاغت مسلم تھی تو کیونکر خیال میں آسکے کہ ایک فقرہ بیچ میں ایسے نظم کے حضرت نے فرمایا ہو جس کو کچھہ بھی مقام اور موقع سے مناسبت نہو *

نقلاً اس کی موضوعیت ظاہر ہی دو طرح سے اول نفس روایت میں اس درجہ اختلاف ہی کہ وہ اختلاف ہی اُس کی موضوعیت پر شاہد ہی کوئی کہتا ہی کہ آنحضرت نے ان شفاعتها لترتجی فرمایا کوئی بکتا ہی کہ لترتضی ارشاد کیا کوئی کہتا ہی کہ انها الغرانقة العلی تلک الشفاعة ترتجی فرمایا کوئی لکھتا ہی کہ انها مع الغرانیق العلی زبان مبارک سے نکلا پھر کوئی نادان کہتا ہی کہ شیطان نے آنحضرت کی زبان سے یہہ لفظ پڑھ دیئے کوئی کہتا ہی کہ شیطان نے لوگوں کے کانوں میں آواز ایسی کہدی کہ اُنہوں نے جانا کہ حضرت فرماتے ہیں اور حضرت کو خبر نہوئی جب تک کہ جبرئیل امین آئے اور اُنہوں نے اس واقعہ کی خبر دی *

دوسرے اس روایت کا سلسلہ منقطع ہی اور رواۃ مشتبہ اور جھوٹے ہیں کلبی ایک جھوٹا ساری دنیا کا ہی گو وہ مفسر ہو اور گو چند جہلا نے اُس کی تفسیر کو عمدہ تفاسیر سمجھا ہو مگر محققین نے اُس کو کذاب اور ضعیف لکھا ہی جیسا کہ ابوبکر بزاز نے کہا ہی کہ اما حدیث الکلبی فمما لا یجوز الروایة منه بقرة ضعفه و کذبه اور باقی روایتوں کے سلسلے منقطع ہیں کوئی متصل نہیں اور وہ حدیث جس میں روایت شعبہ سے ہی وہ معنعن ہی کماروی شعبة عن ابی بشیر عن سعید بن جبیر عن ابن عباس اور اُس کی نسبت قاضی عیاض نے لکھا ہی کہ ولم یسنده عن شعبة الا امیة بن خالد وغیرہ یرسله عن سعید بن جبیر اور یہہ واقعہ عبداللہ بن عباس کی پیدایش یا ہوش سے پہلے کا ہی اور اُنہوں نے راوی کا نام نہیں بتایا مگر حقیقت میں یہہ تہمت ہی عبداللہ بن عباس پر اور یہہ امر تحقیقات سے ظاہر ہی کہ سلسلے روایت عبداللہ بن عباس کے اکثر جھوٹے اور غلط اور موضوع ہیں کیونکہ لوگوں نے اُن پر بہت سی تہمتیں کی ہیں اور اکثر تفسیروں کی غلط روایتوں کو اُن سے منسوب کیا ہی کہ اب ہم تفسیر کے مضمون میں بخوبی ثابت کرچکے ہیں *

اعتقاداً غلطی اس روایت کی اس طرح ثابت ہی کہ ہم مسلمان پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی عصمت کے معتقد ہیں اور اگر معاذاً باللہ یہہ روایت تسلیم کی جاوے تو عصمت کا اعتقاد باقی نہیں رہتا پس قتادہ اور مقاتل نے جو روایت کی ہی اُس سے ظاہر ہوتا ہی کہ پیغمبر خدا وقت پڑھنے اس سورۃ کے اونگھہ گئے اور اُس حالت میں یہہ کلمے بتوں کی تعریف میں زبان مبارک سے نکل گئے پس اگر یہہ روایت مانی جاوے اور وقت قرأت قرآن کے پیغمبر خدا پر خواب کا طاری ہونا اور اُس حالت میں بتوں کی تعریف کے کلمات زبان پر لے آنا تسلیم کیا جاوے تو بلا شبہہ پیغمبر خدا کی نبوت اور عصمت سے انکار کرنا پڑے و نعوذ باللہ من هذه الخرافات *

اور کلبی نے یہہ کہا کہ ان النبی صلی اللہ علیه و سلم حدث نفسه فقال ذلک الشیطان علی لسانه کہ شیطان نے آنحضرت کی زبان سے یہہ لفظ کہدیئے یہہ ایک ایسی بات ہی کہ قطع نظر مسلمان کے کوئی دانشمند کافر بھی نہ مانے گا اور ہم تو کلبی کی صداقت اور ثقاہت کے سبب سے جسکا ثبوت اکثر روایتوں سے ہوچکا ہی ایک جو کے برابر بھی اُنکی باتوں کو نہیں سمجھتے *

اس سے بڑھکر موسی بن عقبہ نے اپنے فتاوی میں بڑی تحقیق کی داد دی ہی کہ ان المسلمین لم یسمعوها وانما القی الشیطان ذلک فی اسماع المشرکین و قلوبهم کہ مسلمانوں نے یہہ کلمہ نہیں سنا بلکہ شیطان نے صرف مشرکین کے کانوں اور اُنکے دلوں میں یہہ بات ڈال دی اس روایت کو وہی لوگ مانیں جو شیطان کو ایسا قادر جانتے ہوں اور ایسی باتوں کو مانتے ہوں اس زمانہ میں تو ایک نادان بچہ بھی سوائے ہنسنے کے ایسی روایتوں پر کچھہ توجہہ نکریگا *

پھر مجاھد رحمة اللہ علیه نے اس قصہ کو یوں روایت فرمایا ہی کہ وہ لفظ جو آنحضرت کی زبان سے نکلے وہ الغرانقة العلی تھے اور بڑے بڑے مفسرین نے اسکی یہہ توجیہہ کی ہی کہ لایبعد ان هذا کان قرانا والمراد بالغرانقة العلی و ان شفاعتهن لترتجی الملائکة کہ اِن لفظوں کا قرآن سے ہونا کچھہ بعید نہیں اور مراد اُن سے ملائکہ ہیں وجه الشفاعة من الملائکة صحیح اور اُنکی شفاعت صحیح ہی پھر بعد اس تاویل کے یہہ فرمایا ہی کہ اب یہہ لفظ جو قرآن میں نہیں ہیں اُسکا سبب یہہ ہی کہ کلمات منسوخ التلاوۃ † میں داخل ہوگئے

† میں اس مقام پر اس سے زیادہ بحث نہیں کرتا اسلیئے کہ میرے نزدیک منسوخ التلاوۃ کوئی چیز نہیں ہی اور اس بحث کو میں نہایت تفصیل سے علحدہ لکھونگا ـــ

جیساکه قاضي عیاض بابن تفصیل فرماتے هیں که و رفع تلاوة تلک
الغانیق التي وجدالشیطان بها سبیلا للالباس کما نسخ کثیر من القران
رفعت تلاوة وکان في انزال الله تعالی ذلک حکمة و في نسخه حکمة
یضل به من یشاء و یهدي من یشاء و مایضل به الاالفاسقین جو شخص
را بهي پیغمبر خدا صلی الله علیه و سلم کے رتبه اور عزت اور مرتبه
ور منزلت سے واقف هوگا وه کبهي ایسي باتوں کو نه مانیگا نه وا
یسي تاویلیں کریگا مگر همارے بعض عالموں کو راویوں کي عصمت
ے خیال نے اس بلا میں ڈالا که اُنهوں نے براه حسن ظن هر شخص
ي روایت کو حتی الوسع تسلیم کیا اور ناقلوں کو معصوم جانا اور جهاں
ک هوسکا اُنکي عصمت کو بچایا مگر افسوس که اُنهوں نے پیغمبر خدا
ي عصمت کا ذرا بهي احاظ نه فرمایا اور قران اور نبوة کے محفوظ
هنے سے روایتوں کي صحت کو مقدم سمجها ورنه ایسي پوچ بیهوده
وایتیں جسے کوئي غیر مذهب کا دانشمند آدمي بهي نه مانیگا هماري
تابوں میں درج هوتیں اور همارے یهاں کے حضرات علما ایسي باتوں
ي تاویلات رکهکه کرنے میں اپني عمر عزیز کا حصه ضایع نه کرتے *

راقـــــم
مهدیعلي عفاعنه

نمبر ۲۰۲

روئداد

إجلاس ممبران مجلس خزنة البضاعة لتاسیس مدرسة العلوم للمسلمین منعقده دسویں فروري سنه ۱۸۷۳ع

نمبر ۱۰

صدر انجمن

نواب محمد حسن خان بهادر *

ممبران موجوده

مرزا محمد رحمت الله بیگ صاحب *
مولوي اشرف حسین خانصاحب *
مولوي محمد عارف صاحب *
منشي سید علي حسن صاحب *
شیخ غلام علي صاحب *
سید محمد حامد صاحب *
سید محمد محمود صاحب *

سکرتري

سید احمد خان بهادر سي ایس آئي *

اجلاس شروع هوا اور روئداد اجلاس منعقده آٹهویں نومبر سنه ۱۸۷۲ع نمبر ۹ جو بدستخط سکرتري مرتب اور کتاب روئداد میں مندرج تهي ملاحظه هوئي *

جو راے که نسبت مقام مدرسة العلوم کے ممبران کمیٹي سے طلب هوئي تهي اُس کے کاغذات پیش هوئے جنکي کیفیت حسب تفصیل ذیل هی *

پچیس ممبروں نے اِس سے پہلے اِس بات پر اتفاق کیا تها که مدرسة العلوم علیگڈه میں قایم کیا جاوے اُن کے علاوه مفصله ذیل ممبروں نے بهي اُسي جگهه کو پسند کیا هی *

۲۶ مولوي اشرف حسین خان صاحب *
۲۷ سید میر بادشاه صاحب *
۲۸ حافظ محمد نظام الدین صاحب *
۲۹ مولوي محمد امانت الله صاحب *
۳۰ مولوي فضل احمد خان صاحب *
۳۱ حضرت مولوي امداد علي صاحب *
۳۲ نواب محمد احمد الله خان صاحب *
۳۳ منشي محمد ذکاء الله صاحب *
۳۴ حکیم محمد حکمت الله صاحب *
۳۵ مولوي محمد حامد حسن خان صاحب *
۳۶ سید محمد احمد خان صاحب *
۳۷ شیخ محمد فیاض علي صاحب *
۳۸ میر سید تراب علي صاحب *
۳۹ مولوي محمد عنایت رسول صاحب *
۴۰ شیخ خیرالدین احمد صاحب *
۴۱ مولوي سید فریدالدین احمد صاحب *
۴۲ منشي محمد اکرام صاحب *
۴۳ مولوي نجم الدین صاحب *
۴۴ شیخ محمد جان صاحب *
۴۵ نواب محمد فیض علي خان بهادر سي ایس آئي *
۴۶ منشي محمد صدیق صاحب *
۴۷ جناب مولوي محمد عثمان خان بهادر نے اگرچه کوئي صاف راے نهیں دي مگر علیگڈه کے پسندیده هونے کو تسلیم کیا هی *

ممبران مفصله نے اختلاف راے کیا

۱ مولوي محمد حیدر حسین صاحب نے الهآباد تجویز کیا *
۲ میر سید ظهور حسین صاحب نے مرادآباد تجویز کیا *

مفصله ذیل ممبروں پاس سے جواب نهیں آیا

۱ محمد عبدالشکور خان صاحب *
۲ مولوي عبدالاحد صاحب *
۳ منشي محمد الهي بخش صاحب *

صدر انجمن نے فرمایا کہ ھوگاہ بارہ ممبروں میں سے سینتالیس ممبروں نے علیگڈہ میں مدرسۃالعلوم قایم ھونے پر اتفاق راے کیا تو اب اس بات کا تصفیہ قطعي ھوگیا کہ علیگڈہ میں مدرسۃالعلوم قایم ھوگا اور اس بات کي تحریک کي کہ سکرتري کو اجازت دي جاوے کہ علیگڈہ میں خواہ اُس کے قرب و جوار کے اضلاع میں مدرسۃالعلوم کے لیئے جائداد خرید کریں *

مرزا رحمت اللہ بیگ صاحب نے اس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ھوئي *

بعد اس کے سکرتري نے کہا کہ دفعہ ۲۰ قواعد کمیٹي میں زر چندہ سے صرف گورنمنٹ پرامیسري نوٹ یا روزینہ ھاے دوامي جنکا ذکر ایکٹ ۲۳ سنہ ۱۸۷۱ ع میں ھی یا بنک آف بنگال کے حصہ یا اراضي معافي دوامي کے خرید نے کي اجازت ھی مگر سواے پرامیسري نوٹ کے جسکو ھم خود اس وجہہ سے کہ اُس سے منافع بہت قلیل حاصل ھوتا ھی خریدنا نہیں چاھتے اور کسي قسم کي جائداد اقسام جائداد مذکورہ بالا میں سے دستیاب نہیں ھوتي یا قدرے قلیل بہت گراں قیمت پر ملتي ھی *

تمام تجربہ کار آدمیوں کي یہہ راے ھی کہ دیہات زمینداري مالگذاري کے خرید نے میں بھي کچھہ نقصان و حرج متصور نہیں ھی پس میں تحریک کرتا ھوں کہ دفعہ مذکورہ ترمیم ھو اور دیہات زمینداري مالگذاري کے خرید نے کي بھي اجازت دي جاوے *

مولوي اشرف حسین خاں صاحب نے اس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق یہہ راے قرار پائي کہ واسطے ترمیم دفعہ مذکورہ کے جملہ ممبران کمیٹي سے حسب منشاء دفعہ ۲۰ قواعد کمیٹي کے راے طلب کي جاوے *

سید محمد محمود صاحب نے کمیٹي سے مخاطب ھوکر یہہ کہا کہ جب میں ولایت میں تھا اور اس کمیٹي کے اس ارادہ کا حال سنا کہ بعد تحقیقات اسباب موانع ترقي تعلیم مسلمانان یہہ ٹھرا ھی کہ مدرسہ خاص مسلمانوں کے لیئے بنایا جاوے جس میں تعلیم مسلمانوں کے حال کے مناسب ھو اور نیز اس بات کي اطلاع پاکر کہ کمیٹي نے مجھکو حقوق ممبري سے مشرف کیا ھی میںنے اس بات پر توجہہ کي کہ ولایت کے اسکولوں اور کالجوں اور یونیورسٹیوں کے انتظام اور طریقہ تعلیم کو دیکھوں اور ایک تدبیر جو کہ میري راے میں ھماري قوم کے حالات کے مناسب ھو بصلاح و مشورہ ولایت کے نامي و قابل احباب کے اس مدرسۃالعلوم کے لیئہ طیار کرکے کمیٹي میں پیش کروں چنانچہ وہ تجویز میںنے مرتب کي ھی اور کمیٹي کے سامنے اس اُمید سے پیش کرتا ھوں کہ اگر اور ممبر بھي اُسکو پسند کریں تو اُس تجویز کے موافق عمل کیا جاوے *

اِس تجویز میں میںنے مدرسوں کو دو حصوں پر منقسم کرديا ھی ایک صیغہ اسکول کا ھی جسکا نام مدرسہ رکھا ھی اور ایک صیغہ کالج کا ھی جسکا نام مدرسۃالعلوم رکھا ھی اور یہہ دونوں صیغے علحدہ علحدہ قایم کیئے ھیں اور قبل قایم ھونے مدرسۃالعلوم کے اَور مدرسوں کا جو اُس کے تحت میں ھونگے قایم ھونا ممکن ھی پس اگر ممبران کمیٹي اس تجویز کو پسند کریں تو میں یہہ بھي تحریک کرتا ھوں کہ بہت جلد مدرسہ مقام مجوزہ میں قایم کیا جاوے اور جبکہ روپیہ کافي جمع ھوجاویگا اُسوقت مدرسۃالعلوم بھي قایم ھوجائیگا *

میري تجویز میں جو میںنے پیش کي ھی اُس میں میںنے یہہ بھي خواھش کي ھی کہ اس کمیٹي کا نام بجاے کمیٹي مدرسۃالعلوم کے کمیٹي دارالعلوم رکھا جاوے اور میں تحریک کرتا ھوں کہ ابھي تھوڑے سے تبدیل نام کے لیئے بھي اور ممبروں سے راے طلب کي جاے *

بعد اس کے سید محمد محمود صاحب نے اپني تجویز پیش کي جو روئداد کے اخیر میں مندرج ھی اُس کے سننے کے بعد ممبران موجودہ نے اُس کو پسند کیا اور صدر انجمن نے اس بات کي تحریک کي کہ امور مذکورہ بالا کي نسبت ممبروں سے راے طلب ھو اور یہہ تجویز چھاپہ ھوکر جملہ ممبروں کے پاس اور نیز جن اخبار نویسوں کے پاس مناسب ھو اُن کے پاس بھي بھیجي جاے اور جو کہ گورنمنٹ شمالي مغربي اضلاع اور نیز گورنمنٹ ھندوستان نے بذریعہ اپني چٹھیات کے اس مدرسہ کے لیئے گرینٹ ان ایڈ مرحمت کرنے کا وعدہ کیا ھی اس لیئے چند کاپیاں اُن دونوں گورنمنٹوں میں بھیجي جاویں اس اُمید سے کہ گورنمنٹ بھي یہہ تجویز پسند فرماویگي اور اگر اس تدبیر کے موافق کالج یا اسکول قایم ھو تو اُس کو گرینٹ ان ایڈ سے مدد دیگي *

مولوي محمد عارف صاحب نے اس تحریک کي تائید کي اور بالاتفاق منظور ھوئي *

بعد اس کے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ھوئي *

دستخط
سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي
سکرتري

بمقام علیگڈہ ـــ مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

A SCHEME

FOR THE PROPOSED

MOHAMMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE,

BY

SYED MOHD. MAHMOOD ESQUIRE,

Member of the Mohammedan Anglo-Oriental College Fund Committee.

Before offering any remarks upon the scheme to be adopted at the proposed Institution, I may be allowed to bring to the notice of the Committee, a word which appears to me to have been used by mistake. This Committee calls itself "The Mohammedan Anglo-Oriental *College* Fund Committee." I think what we mean to found is not a *College*, but a *University*, and I hope the members will consent to my proposal, that instead of the word *College* the word *University* may be substituted.

I beg to lay before the Committee the following remarks, on the management and the course of study, to be adopted at the proposed University :—

1*stly*. I have to mention first of all that the management of this Institution should be perfectly free from any control of the Government, beyond mere supervision.

2*ndly*. That the University should secure for itself sufficient annual income to keep it independent of any external aid.

3*rdly*. That subjects which are not exactly of any practical importance, but which improve the mind, should also be taught.

طریقہ انتظام و سلسلہ تعلیم

جسطرح پر

مجوزہ مدرستہ العلوم مسلمانان میں ہونا چاہیئے

مجوزہ

سید محمد محمود ممبر مجلس خزنۃ البضاعۃ لتاسیس مدرستہ العلوم للمسلمین *

قبل اسکے کہ میں اپنی رای طریقہ تعلیم پر جو مجوزہ مدرستہ العلوم میں ہونا چاہیئے بیان کروں کمیٹی کو اسکے نام کی طرف توجہ دلانیکی آرزو رکھتا ہوں جس میں ایک لفظ میں سمجھتا ہوں کہ سہواً داخل ہوا ہے — اس کمیٹی نے انگریزی زبان میں اپنا نام محمدن اینگلو اورینٹل کالج فنڈ کمیٹی رکھا ہے اور کالج کی جگہہ عربی نام میں مدرستہ العلوم ترجمہ کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہماری غرض صرف ایک مدرسہ یا کالج ہی قایم کرنا نہیں ہے بلکہ ایک یونی ورسٹی قایم کرنا ہے اور جسکو دارالعلوم کہنا چاہیئے اور میں امید کرتا ہوں کہ ممبران کمیٹی اسبات کو پسند کریں گے کہ بجای لفظ کالج کے لفظ یونی ورسٹی کا اور بجای لفظ مدرستہ العلوم کے لفظ دارالعلوم کا داخل کیا جاوے *

دفعہ ۲ — اب میں اس کمیٹی کے سامنے مفصلہ ذیل تجویزیں نسبت بندوبست اور سلسلہ تعلیم کے جو مجوزہ دارالعلوم میں ہونا چاہیئے پیش کرتا ہوں :—

۱ — سب سے پہلے مجھکو یہہ بیان کرنا چاہیئے کہ بجز اسکے کہ گورنمنٹ نگران حال رہے اور کسی قسم کی مداخلت گورنمنٹ کی اس دارالعلوم میں نہونی چاہیئے *

۲ — اس دارالعلوم کے پاس مستقل آمدنی اسقدر ہو جانی چاہیئے کہ کسی بیرونی مدد کی محتاج نرہے *

۳ — وہ علوم بھی جو کہ روز مرہ کار آمد تو نہیں ہوتی مگر انسے ذہن کو اور لیاقت اور استعداد کو ترقی ہوتی ہے اس دارالعلوم میں پڑھائی جاویں *

۴ — ایسا انتظام ہونا چاہیئے کہ جو طالب علم سلسلہ تعلیم

4thly. That success in the course of study appointed by the University, should bring with it pecuniary advantages to the students.

5thly. That at the end of a successful course of study, emoluments should be offered to successful students without any special duties attached to them.

6thly. That residence within the precincts of the University and under its discipline, should be as indispensable as education in the course of study itself.

The above-mentioned six conditions I consider to be of the greatest importance to any Educational Institution, particularly to a University in India. I am so convinced of this, that I can without hesitation say, that unless these are adopted any attempt toward real education and enlightenment of my countrymen must be a failure.

With regard to the *first* condition, I have to state, that unless a sum, large enough to afford a revenue sufficient to cover the necessary expenditure of the University is raised, the thought of founding any thing like the Institution now proposed by the Committee should be at once discharged from the mind. As long as we depend upon Government for wants which are essentially of a domestic nature, as education necessarily is, we really expect to get what is simply impossible to obtain. The best Educational Institutions in Europe are either entirely or next to entirely free from any control of the Government of the country, and this, in countries where the rulers belong to the nation whose education is to be conducted. With how much greater force does this argument hold good in the case of India where the Government is almost wholly composed of persons belonging to a nation, totally different from us in language, in religion, and in mode of thought.

میں کامیاب هو اوسي کے ساتهه اوسکو انعام اور وظیفه بهي ملے ٭

٥—سلسله تعلیم ختم هونے کے بعد اگر کسي طالب علم کي عمدة کامیابي تحصیل علوم میں ثابت هو تو اوسکو بلا شرط خدمت صرف اوسکے ترقي علوم میں مصروف رهنے کے صله میں ایک معتدبه وظیفه ملنا چاهیئے ٭

٦—طالب علموں کا اور وظیفه ترقي علوم پانے والوں کا دارالعلوم میں رهنا اور اوسکي قواعد کا پابند هونا مثل تعلیم کے ضروري سمجهنا چاهیئے ٭

دفعه ٣—میں سمجهتا هوں که یهه امور ششگانه هر ایک مدرسة کے لیئے اور بالتخصیص ایک دارالعلوم کے لیئے جو هندوستان میں مسلمانوں کے لیئے قایم هو نهایت مقدم هیں—اور مجهکو اسبات پر ایسا یقین هی که میں بلا تامل کهتا هوں که جب تک یهه باتیں نه اختیار کي جاوینگي اوسوقت تک کوئي کوشش میرے هموطنوں کي اصلي تعلیم و تربیت کي ترقي کے لیئے کامیاب نهوگي ٭

بیان امر اول

دفعه ٤—نسبت پهلے امر کے مجهکو یهه بیان کرنا هی که جب تک اسقدر روپیه اور جایداد جسکي آمدني ضروري اخراجات دارالعلوم کو کافي هو جمع نهو جاوے اوسوقت تک اس قسم کي کمیٹی کے قایم کرنے کا خیال دل سے کمیٹي کو نکال ڈالنا چاهیئے—جب تک که هم ایسي حاجتوں کي نسبت بهي جو همارے ذاتي باتوں سے متعلق هیں (جیسیکه تعلیم) گورنمنٹ پر بهروسا کرینگے تو در حقیقت اوس شي کے حاصل کرنے کي توقع کرتے هیں جسکا حاصل کرنا بالکل ناممکن هی—سب سے عمدة مدارس تعلیم علوم کے یوروپ میں بهي بالکلیه یا قریب اوسکے اوس ملک کي گورنمنٹ کي مداخلت اور انتظام سے علاحدة هیں اور یهه بات اون ملکوںمیں هی جهاں کي گورنمنٹ اوسي قوم کي هی جسکي که تعلیم منظور هی پس یهه دلیل هندوستان میں کسقدر زیادة قوي هو جاتي هی جهاں که گورنمنٹ قریباً کل کے مرکب هی اون لوگوں سے جو اوس قوم کے هیں جنکي زبان اور مذهب اور خیالات هم سے بالکل مختلف هیں—اس بیان سے میري یهه غرض نهیں هی که میں اون تینوں چیزوں کے کچهه برخلاف کهنا چاهتا هوں یا اونمیں اور اپنے میں مجهکو کچهه مقابله کرنا منظور هی بلکه صرف اپني دلیل کو قوي کرنے کے لیئے کهتا هوں که یهه بات قریباً غیر ممکن کے هی که برٹش گورنمنٹ همارے حاجتوں کو جو تعلیم و تربیت سے تعلق رکهتي هیں پورا پورا سمجهے یا اونکا کامل طرز پر بندوبست کر سکے—حد سے حد جو

By saying so, I simply mean to support my argument that it is next to impossible for the British Government in India to understand fully our wants with respect to education, or to superintend it in any perfect manner. The utmost that we can expect from an enlightened Government is to receive--what we in fact do receive from our Government,--encouragement and patronage. If our University is intended to give sound education, the English Government as a matter of course will patronize such an Institution, and if any direct pecuniary aid is given to us we should not be unwilling to put our University under the Government supervision, provided no interference is made in the management of the Institution. Under the liberal patronage of the Government, we can carry out our plans with far greater facility and success than the Government, under the existing circumstances, can possibly do. I therefore hope that the Committee will not refuse to concede this point which I consider to be of the greatest significance.

The *second* consideration hardly needs any elucidation. It is evident that no great project can be undertaken without first securing the means for its accomplishment. Colleges supported by mere annual or monthly subscriptions, have invariably failed in India, and it would simply be absurd to establish a University without a certainty of its continuance and prosperity hereafter.

But the *third* point, I am afraid, will call forth some opposition from you. You will perhaps say that the wants of our community in India, are chiefly of a practical nature, and it is useless to attempt to give what is not urgently needed at present. For my own part, I certainly think that our wants *at present* are more of a theoretical than of a practical nature. Any education must be unsound which does not enlighten the mind, and if we content

ایک تربیت یافتہ اور روشن ضمیر گورنمنٹ سے ہو سکتی ہی وہ اوس ہی کا حاصل کرنا ہی جو اب بھی ہمکو حاصل ہی یعنی دل بڑھانا اور مربی ہونا—اگر ہمارے دارالعلوم سے عمدہ تعلیم پانی مقصود ہی تو انگریزی گورنمنٹ خود بخود ہمارے دارالعلوم کی مربی ہوگی—اور اگر کچھہ روپیہ کی مدد ہمکو گورنمنٹ دیگی تو ہمکو گورنمنٹ کی نگرانی کرنے پر کچھہ عذر نہوگا بشرطیکہ ہمارے انتظام میں کچھہ مداخلت نہو—گورنمنٹ کی مربیانہ اور فیاضانہ مدد سے ہم اپنے تدبیر کو بہ نسبت اسکے جو گورنمنٹ موجودہ حالات میں کر سکتی ہی بہت زیادہ آسانی اور کامیابی سے انجام کو پہونچا سکتے ہیں اسلیئے میں اُمید کرتا ہوں کہ کمیٹی اس امر کے منظور کرنے میں کچھہ بھی تامل نکرے گی جسکو میں سب سے زیادہ مقدم سمجھتا ہوں ٭

بیان امر دویم

دفعہ ۵—دوسرا امر جو میں نے بیان کیا کچھہ تشریح کا محتاج نہیں ہی—ظاہر ہی کہ کوئی بڑا کام اختیار نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ اوسکے تکمیل کی وسیلے اول مہیا نہو جاویں مدارس جو کہ سالانہ یا ماہواری چندوں سے جاری کیئے جاتے ہیں اونکی استحکام پر کچھہ بھروسا نہیں ہوتا اور نہ اوس چندہ کے بھروسہ پر کوئی عمدہ اور مستقل کام کیا جا سکتا ہی اور تجربہ سے ظاہر ہوا ہی کہ ہندوستان میں جسقدر مدرسہ اسطرح پر جاری ہوی بغیر کسی استثنا کے انجام کو نا کامیاب ہوی اور یہہ بات نہایت ہی بیہودہ ہوگی اگر ایسا بڑا عظیم الشان دارالعلوم اوسکے ہمیشہ چلنے اور سرسبز رہنے کی طمانیت کے بغیر بنا کیا جاوے ٭

بیان امر سویم

دفعہ ۶—مجھے اندیشہ ہی کہ آپ اس امر کی نسبت مجھسے کچھہ مخالفت کریں گے شاید آپ یہہ کہیں کہ ہمارے قوم کی حاجتیں فی زمانا روز مرہ کی بکار آمد چیزوں کی ہیں اور اسلیئے اون چیزوں کے مہیا کرنے کی طرف کوشش کرنا جنکی بالفعل ہمکو ضرورت نہیں ہی بیفایدہ ہی—مگر میں یقیناً خیال کرتا ہوں کہ اب بھی ہمکو بہ نسبت روز مرہ کے بکار آمد تعلیم کے اصولی تعلیم کی زیادہ تر حاجت ہی—جو تعلیم کہ دل کو روشن نہیں کرتی اور عقل اور اخلاق کو کامل ترقی پر نہیں پہونچاتی وہ ہمیشہ نا کامل متصور کیجاتی ہی اور اگر ہم صرف روز مرہ کی بکار آمد تعلیم پر قناعت کریں تو ہمارے قوم کے عمدہ سے عمدہ طالب علم اپنے قوم کے لیئے اون لوگوں سے جنہوں نے ہمارے اس دارالعلوم میں تعلیم نہ پائی ہو کچھہ زیادہ فایدہ پہونچانے والے نہوں گے—میں سمجھتا ہوں

ourselves with mere practical education, our best students will be of no greater use to the community than those who never go through the course of our University. I consider that, by far the greatest benefit, which ought to accrue from our University, is to change the mode of thought of our students, and thus to produce men who may afterwards prove as so many instruments in the hands of the University, for spreading enlightened notions amongst the people at large. If we fail in gaining this object, we must really consider the University as a failure too. But if the University succeeds in producing a class of young Musalmans, having enlightened and progressive ideas, I have no doubt, the result will be of unbounded benefit. Wherever a student of our University will go, there will also go with him the notions which it is the object of our endeavours to spread, and the Musalman community will every day become more alive to their present condition, and more zealous to further the cause of enlightened education. Mere practical education is really no enlightened education, and if the University does not afford sound and deep knowledge, it can hardly be supposed to be worthy of any great consideration.

Respecting the *fourth* and *fifth* points, I have only to say that pecuniary rewards are a great encouragement to study, even in the most civilized countries of Europe, and in India, where wealth and intellectual exertion seldom go together, they are more than encouragement. It often happens that those who wish to learn most have least to maintain themselves, and in such cases pecuniary emoluments can not fail to produce good scholars.

The *sixth* point is of the most vital importance. It is to be the chief distinctive feature between our own Institution and the Universities which already exist in India. The mode

که سب سے بڑا فایدہ همارے اس دارالعلوم کا یهه هونا چاهیئے که مباحث علمي میں همارے طالب علموں کے طرز خیال میں تبدیلي اور ترقي هو—اور اس تعلیم سے ایسے اشخاص پیدا هوں که گویا وہ اس دارالعلوم کے لیئے عام لوگوں میں علم پهیلانے اور مهذب خیالات اور عمدہ اخلاق سکهانے کے لیئے مثل اوزار کے هوں—اگر اب هم اپنے اس مقصد کے حاصل کرنے پر نا کامیاب هوں تو همکو اپنے اس دارالعلوم کو بهي ایک نا کامیاب شي تصور کرنا چاهیئے—لیکن اگر یهه دارالعلوم جو ان مسلمانوں کي ایک ایسي جماعت پیدا کرنے میں کامیاب هو جنکي خیالات مهذب اور ترقي کي طرف مایل هوں تو مجهکو کچهه شک نهیں هی که اوسکا نتیجه یهه الثها فواید سے مالا مال هوگا—جهاں کهیں همارے دارالعلوم کا طالب علم چلا جاریگا اوسکے ساتهه هي وہ عمدہ اور مهذب اور ترقي کرنے والي خیالات اور زندہ علم اور اصلی اخلاق جاویں گي جنکا تعلیم دینا اور پهیلانا همارے دارالعلوم کا مقصد هی اور مسلمان روز بروز زیادہ تر اپني حالت موجودہ پر غور کریں گے اور روشن ضمیر تعلیم پهیلانے میں نهایت گرمجوشي سے کوشش کرنے لگیں گے—صرف روز مرہ کي بکارآمد تعلیم جو ایک اوپري تعلیم هوتي هی کچهه روشن ضمیر تعلیم شمار نهیں کي جا سکتي—اور اگر یهه دارالعلوم نهایت عمیق اور مستحکم اور اعلي علوم نه بخشیگا تو اوسکو ادب اور عزت اور فخر قومي کے لایق سمجهنا مشکل هوگا ●

بیان امر چهارم و پنجم

دفعه ۷—ان دونوں امروں کي نسبت مجهکو اسقدر کهنا هی که روپیه هي کا فایدہ علم سیکهنے پر بهت بڑا رغبت دلانے والا اور تعلیم کو ترقي کرنے والا هی نهایت تربیت یافته ملکوں میں بهي اور هندوستان میں بهي جهاں که دولت اور علم ایک جگهه بهت کم جمع هوتا هی روپیه کا فایدہ تعلیم پر صرف رغبت دلانے اور تعلیم کي ترقي کرنے سے بهي زیادہ فایدہ مند هوگا—یهه اکثر هوتا هی که وہ لوگ جو بهت زیادہ علم حاصل کرنا چاهتے هیں اونکے پاس اپني گذران کرنے کے لیئے بهي بهت کم وسیلے هوتي هیں اور ایسي حالت میں روپیه کا فایدہ همیشه لایق طالب علم پیدا کرنے میں خطا نه کریگا ●

بیان امر ششم

دفعه ۸—یهه امر سب سے زیادہ مقدم هی اور وہ بڑا امتیاز هی درمیان همارے مجوزہ دارالعلوم کے اور اون یونی ورسٹیوں کي جو که اب هندوستان میں موجود هیں—میں سمجهتا هوں که طرز معاشرت مسلمانوں کي اونکے تعلیم سے بهي زیادہ محتاج ترقي کي

of life amongst the Musalmans of India requires far greater reform than even their mode of education. And unless we bring a large number of students and able teachers together in one place, and form a society of their own, whose notions and objects should be different from the present society of Indian Musalmans, no educational project can be carried out to any considerable extent. The Government Educational Institutions have lost a great deal of their utility on account of the difficulty of introducing any change in the life of their students, and our University can do no better if residence of students within the precincts of the University and under its discipline, is not enforced.

If the Committee will consent to adopt the above-mentioned *primary* considerations, I have to submit to their notice the following scheme of the course of study to be pursued at the proposed University :—

The University should be divided into two departments :—

I. THE SCHOOL.

II. THE COLLEGE.

I. THE SCHOOL.

The object of the School Department is to secure for the College, a certain number of undergraduates properly prepared to go through the course of the University, and also to give facilities to boys, too young to reside within the precincts of the school, whose parents, residing in the University Town or where the University has established a school, should intend to send them afterwards to the College. These schools should be considered no more than a preparatory step for those who ultimately intend to join the University. In fact this Department will have no

هی اور جب تک که هم ایک بڑي گروه طالب علموں اور اتالیقوں کو ایک جگهه جمع نکریں گے اور اونکو ایسي صحبت میں نه رکهیں گے جسکي خیالات اور مقاصد مسلمان لڑکوں کي حال کي صحبت کي برائي اور خرابي اور عیوب سے پاک هوں اوسوقت تک کوئي تدبیر تعلیم کي اور اپنے قوم کو اخلاق اور عادات نا ملایم سے محفوظ رکهنے کي نهیں چل سکتي کي—گورنمنت کالجوں کا فایده اس وجهه سے که گورنمنت طرز معاشرت طلباء میں کچهه اصلاح نهیں کر سکتي کچهه بهت کامیاب نهیں هوا هی اور اگر همارا دارالعلوم طالب علموں کا اور اتالیقونکا ایک جگهه ساتهه رهنا اور طالب علموں کا خراب صحبتوں سے علاحده کرنا اور اونکا دارالعلوم هی میں سکونت اختیار کرنا اور اوسکے قواعد کو بجالانا ضرور نه تصور کریگا تو اوس سے کچهه بهتر نتیجه حاصل نهوگا ٭

دفعه ۹—اگر کمیٹي امورات مذکوره بالا کو جو سب سے اقدم هیں منظور کر لے تو اون کے روبرو مفصله ذیل تدبیر سلسله تعلیم کي جو همارے مجوزه دارالعلوم کو اختیار کرني چاهیئے پیش کرتا هوں ٭

دفعه ۱۰—همارے دارالعلوم کي دو ڈپارٹمنٹ یعني صیغے هوني چاهیئیں ٭

اول—اسکول ڈپارٹمنٹ یعني صیغه مدرسه ٭
دویم—کالج ڈپارٹمنٹ یعني صیغه مدرسةالعلوم ٭

بیان صیغه اول یعنے صیغه مدرسه

دفعه ۱۱ ضمن ۱—صیغه مدرسه کا مقصد یهه هی که دارالعلوم کي مدرسةالعلوم کے لیئے ایک گروه طالبعلموں کا جو دارالعلوم میں علوم سیکهنے کے لایق هوں مهیا کرے اور یهه بهي غرض هی که وه لڑکے جنکي عمر مدرسه میں رهنے کے لایق نهیں هی اور جنکي والدین اوسي شهر میں رهتي هوں جهاں دارالعلوم قایم هو یا اوس شهر میں رهتي هوں جهاں همارے دارالعلوم نے اپنا کوئي مدرسه قایم کیا هو اور اپنے لڑکوں کو مدرسه کي تعلیم کے بعد دارالعلوم میں داخل کرنا چاهتے هوں- اس مدرسه میں اپنے لڑکوں کو پڑهاسکیں اس مدرسه کو اون لوگوں کے لیئے جو دارالعلوم میں داخل هونے کا اراده رکهتے هیں آینده کے ترقي کي سیڑهي سے زیاده نه سمجهنا چاهیئے در حقیقت اس صیغه کو بجز اسکے که دارالعلوم سے اوسکا اهتمام اور نگراني هو اور کچهه زیاده تعلق نهوگا ٭

۲—اس مدرسه کے لیئے مکانات اوس روپیه سے بنني چاهیئیں جو کمیٹي جمع کرے اور اوس میں پڑهانے کي کمرے اور

connection with the University beyond mere supervision and management.

The buildings for these schools should be erected from the funds raised by this Committee. And the buildings will consist of lecture rooms and a boarding house to hold a suitable number of boys.

The expenses of the establishments are to be paid partly from the University chest, and partly from the tuition fees. The expenses of the boarding-house should be paid by the boarders themselves. The University might only undertake to keep the school and boarding-house buildings in proper repairs.

Residence in the boarding-house should be quite optional since residence at the University will count only from the date of Matriculation.

The education given by these schools will be of an elementary nature, and the admission of boys will be left entirely to the judgment of the Head of the School.

The Head Master of the school may be a Fellow of the University.

The average age of a student entering the School may be not more than 10 years if he joins the lowest Form. But in exceptional cases the Headmaster will have power to admit boys above that age, after recording the especial reasons which induce him to make such an exception.

The School course is to extend over 5 years and will include :—

1. Persian,—*Language, Literature and Composition.*
2. Arithmetic.
3. Algebra. *(Elementary).*
4. Elements of Euclid.
5. History of India.

طالب علموں کے رھنے کي مکانات هوني لازم هیں جنمیں مناسب تعداد کے لڑکے رہ سکیں ٭

۳—اِس مدرسه کے اخراجات کچھه دارالعلوم کي طرف سے دي جاوینگے اور کچھه اوس فیس سے جو طالب علموں سے لیجاوے گي اور اِخراجات سکونت هر ایک شخص اپنا آپ دیگا صرف مکانات کي درستي اور مرمت دارالعلوم سے متعلق رهیگي ٭

۴—اِس مدرسه میں سکونت اختیار کرنا طالب علم کي مرضي پر منحصر هوگا کیونکه طالب علمونکا دارالعلوم میں سکونت پذیر هونا اوسوقت سے شمار هوگا جبکه طالب علم مدرسةالعلوم میں داخل هوں گے ٭

۵—اِس مدرسه میں صرف اِبتدای تعلیم هوگي اور طالب علمونکا داخل هونا مدرس اول کي راى پر منحصر هوگا ٭

۶—اِس مدرسه میں مدرس اول جو شخص هوگا وه دارالعلوم کا فلو یعني رفیق وظیفه دار هوگا ٭

۷—تخمیني عمر طالب علم کي جو اِس مدرسه کي سب سے ادني جماعت میں داخل هووے دس برس سے زیادہ هونے نہیں چاهیئے مگر خاص صورتوں میں مدرس اول کو اختیار هوگا که کسي لڑکے کو جسکي عمر اوس سے زیادہ هو مدرسه میں داخل کر لے اور اون خاص وجوهات کو کتاب داخله میں لکھدے جنکي سبب سے اوسکو داخل کیا هی ٭

۸—اِس مدرسه میں پانچ برس تک برابر پڑھنا پڑیگا اور مفصله ذیل علوم اوس میں پڑھائي جاویں گے ٭

۱—فارسي زبان * اور فارسي کا علم انشاء ٭
۲—حساب ٭
۳—جبر مقابله اِبتدای ٭
۴—تحریر اُقلیدس ٭
۵—تاریخ هندوستان ٭
۶—جغرافیه ٭
۷—انگریزي زبان اِبتدای ٭
۸—عربي زبان اِبتدای اور ضروري کتب مذهبي ٭

* فارسي زبان کي تعلیم اِسطرح پر هوني چاهیئے جسکے سالهه اُردو زبان کي صرف نحو اور فرق محاورات فارسي و اُردو معلوم هوتا جاوے ٭

6. **Geography.** *(General).*
7. **English.** *(Elementary).*
8. Religious Instruction.
9. Arabic *(Voluntary).*

There may be not more than five hour's attendance at the School.

Boarding students will have to observe the discipline which the Headmaster may think proper for the management of the school.

The Staff of Teachers may consist of:—

1.	The Headmaster who will receive (besides his fellowship allowance,)	Monthly Salary of	Rs., 200
2.	Teacher of English, ...		60
3.	" Arabic and Mahomedan Theology, ..	*Two,*	60
4.	" Mathematics, ..		30
5.	" Persian, ...		20
6.	" History and Geography,		20
7.	" Hand writing, *(Persian,)*		20
8.	" Do. *(English,)* ..		20
	Total, Rs.,		430

At the end of every year the University may appoint a Committee to examine the boys, and award prizes and scholarships to deserving students. There may be twenty Scholarships, each tenable for one year. At the end of the year, the student may be appointed a Scholar again, if the result of his examination deserves such a favour. The Scholarships may be:—

10	of Rs. 5, monthly,...	=	Rs.	50
6	" 7, ...	=	"	42
4	" 10, ...	=	"	40
	Total, Rs.,			132

۹—هر روز پانچ گهنٹه مدرسه میں پڑهائي هوني چاهيئے یعني اپنے مکان پر پڑهنے اور پڑها هوا یاد کرنے کے سوا ٭

۱۰—جو طالب علم که مدرسه میں سکونت بهي اختیار کریں اونکو اون قواعد کي پابندي ضرور هوگي جو مدرس اول مقرر کرے ٭

۱۱—اس مدرسه میں حسب تفصیل ذیل مدرس هوني چاهیئیں ٭

۱—مدرس اول جسکي تنخواه علاوه اوس وظیفه کے جو بسبب رفیق دارالعلوم هونے کے اوسکو ملیگا هوگي ۲۰۰

۲—مدرس انگریزي ۶۰

۳—مدرسان عربي و مذهب شیعه و سني دو مدرس ۶۰

۴—مدرس حساب و ریاضي ۳۰

۵—مدرس فارسي ۲۰

۶—مدرس تاریخ و جغرافیه ۲۰

۷—خوش نویس فارسي ۲۰

۸—خوش نویس انگریزي ۲۰

میزان کل ۴۳۰

۱۲—هر سال کے اخیر پر دارالعلوم کي طرف سے طالب علموں کي امتحان کے لیئے ایک کمیٹي مقرر هوگي اور لایق طالبعلموں کو انعام اور وظیفه ملیگا ٭

۱۳—اس مدرسه میں بیس وظیفه حسب مندرجه ذیل مقرر هوني چاهیئیں جو که هر ایک طالب علم کو ایک سال تک ملیں گے اخیر سال پر اگر نتیجه طالب علم کے امتحان کا اچها هو تو پهر وه وظیفه دار مقرر هو سکیگا ٭

تفصیل وظیفوں کي یهه هی

تعداد وظیفه	تعداد تنخواه ماهواري	میزان
۱۰	۵	۵۰
۶	۷	۴۲
۴	۱۰	۴۰
۲۰		۱۳۲

The amount of Prizes will depend upon the funds of the school and the income arising from the tuition fees of the boys.

It is to be hoped, that benevolent persons may endow the school with money whose interest may be spent in awarding Prizes for merit in some especial subjects of study.

The Head Master will have power to hold any examinations before the Annual Examination above mentioned. But these examinations will be no test to the University nor any Prizes or Scholarships will be awarded for merit. But if the result of a Scholar's examination is very unsatisfactory the Head Master will have power to report accordingly to the University for withdrawal of the Scholarship from such student.

The examination held at the end of the five years' course at the School, will also serve to be the test for admitting boys to the College Department of the University. No student should be admitted to the College Department who fails to show sufficient proficiency in the subjects of Examination, or who has passed his 18th birth day.

In the School there will be an hour every day during the five years, for religious instruction in simple and necessary points of Mahommedan Theology. No controversial point of Theology should be included in the course, and strict regard should be paid to choosing books, which contain doctrines received in general by the Musalmans of India.

Boys of the Imamea persuasion will have to receive religious instruction from a teacher of their own persuasion.

A boy entering the College Department of the University is expected to be acquainted with the general principles and doctrines of the Mohamedan religion, to make it unnecessary

۱۴—مقدار انعاموں کي مدرسة کي آمدني اور فيس کي آمدني پر منحصر هوني چاهيئے ●

۱۵—اُميد هی کہ نيک دل آدمي اِس مدرسة کو اِسقدر روپية ديں گے جسکي آمدني سے خاص خاص مضمونوں ميں لياقت پيدا کرنے پر طالب علموں کو انعام مل سکے ●

۱۶—مدرس اول کو اختيار هوگا کہ سالانة امتحان مذکورة بالا سے پہلے جو امتحان مناسب سمجھے ليوے مگر ان امتحانوں سے دارالعلوم کو کچھہ غرض نہوگي اور نہ اوس امتحان کے نتيجوں پر امتحان يا وظيفة ديا جاويگا ليکن اگر نتيجة کسي وظيفة دار طالب علم کے امتحان کا نہايت خراب هو تو مدرس اول کو دارالعلوم ميں اوسکي رپورٹ کرنيکا اختيار هوگا تاکہ اوس طالب علم کا وظيفة بند هو جاوے ●

۱۷—جو امتحان کہ پانچ برس کي پڑھائي کے بعد هوگا وة صيغة مدرستةالعلوم ميں داخل هونے کے لياقت کي ثبوت کا وسيلة بهي سمجها جاويگا—کوئي طالب علم جوکہ اِس امتحان کے مضامين ميں کافي لياقت نہ دکھاي کا يا اوسکي عمر اٹھارة برس سے زيادة هو گئي هوگي کالج ميں داخل نہو سکيگا ●

۱۸—اِس مدرسة ميں هر روز پانچ برس تک ايک گھنٹة مذهبي تعليم کا هوگا اور سيدهي سادي ضروري مسايل اِسلام کي سکھائي جاوينگے مباحث مذهبي اور دقايق احکام اِسلام جو علم کلام سے علاقة رکھتے هيں اِس سلسلة تعليم ميں داخل نہونگي اور اِسبات کا بہت لحاظ کيا جاويگا کہ جو کتابيں مذهبي پڑھانيکو انتخاب کي جاويں وة ايسے هوں جن کي تعليم پر عموماً مسلمانان هندوستان متفق هوں لڑکے جو اماميہ مذهب کے هوں گے اونکو اونهي کي مذهب کا مدرس مذهبي تعليم ديگا ●

۱۹—اِس مدرسة کي تعليم کے بعد هر ايک طالب علم جو مدرستةالعلوم ميں داخل هوگا اوسکو بالضرور ايسي لياقت هوگي جوعام اور ضروري اصول اور مسايل اِسلام سے واقف هوگا اور اِسليئے آيندة مدرستةالعلوم ميں مذهبي علوم کے پڑھنے پر جبر کرنے کي ضرورت نرهيگي بلکہ جس طالب علم کو اور زيادة دينيات کا پڑھنا اور اوسکو اعلي درجة کي تکميل تک پہونچانا منظور هوگا اوسکو پڑھے جانيکا اختيار هوگا جيسا کہ آيندة اِسکا بيان آويگا ●

for the University to enforce any further compulsory religious instruction. Of course every student will have a perfect right to study the Theology of his religion in particular, as will hereafter be detailed.

II. THE COLLEGE.

The College may be divided into two Departments :—

1 The Lower.
2 The Upper.

The object of the Lower department is to afford instruction in the *general* branches of knowledge necessary for a liberal education.

The Upper Department is meant to afford sound and deep education in one *Special* branch of knowledge, at the choice of the student.

The course of the Lower Department will extend over 4 years. There may be not more than three hour's Lectures every day.

The course of study for the Lower Department of the College will comprise the following subjects :—

I Any two of the following languages :—

1	Arabic, *(language and literature).*		
2	English.	Do.	Do.
3	Sanskrit.	Do.	Do.
4	Latin.	Do.	Do.
5	Greek.	Do.	Do.

II * MATHEMATICS :—*i. e.*

Algebra.
Theory of Equations.
Plane Trigonometry.
Spherical Trigonometry.

* This course is required for the B. A. Examination of the London University.

بیان صیغه دویم یعنی صیغه مدرسة العلوم

دفعه ۱۲ ضمن ۱—مدرسة العلوم کے دو درجه هونگے ●

ایک—ادنی
دوسرا—اعلی

۲—مدرسة العلوم کے درجه ادنی کا مقصد علوم کی عام شاخوں میں تعلیم دینا هوگا جو ایک روشن ضمیر اور ذهن اور عقل کی کهول دینے والی تعلیم کے لیئے ضرور هی ●

۳—مدرسة العلوم کے اعلی درجه کا مقصد کسی خاص علم میں جسکو که طالب علم پسند کرے نهایت عمیق اور قوی اور انتهای تعلیم دینا هوگا ●

۴—ادنی درجه مدرسة العلوم کی پڑهائی چار برس تک هوگی ●

۵—تین گهنته سے زیاده مدرسة العلوم میں سبق نه پڑهائی جاویںگی ●

۶—ادنی درجه مدرسة العلوم میں علوم مفصله ذیل پڑهنے هونگے ●

اول—کوئی دو زبانیں مفصله ذیل زبانوں میں سے ●

۱—عربی—معه زبان دانی و علم ادب ●	
۲—انگریزی	ایضاً
۳—سنسکرت	ایضاً
۴—لیٹن	ایضاً
۵—گریک	ایضاً

دویم—ریاضی جسمیں مفصله ذیل علوم شامل هیں ●

۱—الجبرا یعنی جبر مقابله ●
۲—تهیوری آف ایکویشنز یعنی اصول مسایل معادلات ●
۳—پلین ٹرگنامٹری یعنی علم مثلث مستوی ●
۴—اسفریکل ٹرگنامٹری یعنی علم مثلث کروی ●
۵—کانکس یعنی علم مخروطات ●
۶—سالڈ جامٹری یعنی علم مجسمات ●
۷—ڈفرنشل کلکولس یعنی حساب الجربیات ●

Conics.
Solid Geometry.
Differential Calculus.
Integral Calculus.

STATICS.

Elementary Statics, including the Resolution of Forces, the Mechanical Powers, the Centre of Gravity, and simple cases of Equilibrium of bodies or systems of bodies under the action of Gravity.

DYNAMICS.

Elementary Dynamics including the Laws of Motion, and Propositions required for determining the Rectilinear Motion of a body whether free or along inclined planes.

Motion of Projectiles, and the simpler cases of motion round centres of force.

HYDROSTATICS, HYDRAULICS, AND PNEUMATICS.

Elementary Propositions respecting the nature, transmission, and intensity of Fluid Pressures and the Conditions of Equilibrium of floating bodies.

Nature and simple properties of Elastic Fluids; and the Pressures produced by them.

Specific Gravity and modes of Determining it.

The common Pump and Forcing Pump.

The Hydrostatic Press.

The Barometer.

The air-Pump.

The Steam-Engine.

OPTICS. (*Geometrical.*)

Laws of Reflexion and Refraction;

Reflexion at plane mirrors, Reflection at spherical mirrors, and Refraction through lenses, the incident pencils being direct.

Separation of Solar light into rays of different colours; Description of the Solar Spectrum. Description of the Eye; Simple Optical Ins-

۸—انٹگرل کلکولس یعني حساب الکیات ●

۹—اسٹیٹکس—یعني علم السکون—اس علم کے یہہ مضامین پڑھائي جاوینگے ●

ابتدای مسایل حل کرنے قوتوں کے—قوای جرثقیل—مرکز ثقل—حالتیں میزانی اجسام کي جو ثقل سے پیدا ہوتي ہیں ●

۱۰—ڈینامکس—یعني علم الحرکت – اس علم میں سے مفصلہ ذیل مضامین پڑھائي جاویں گي ●

ابتدای مسایل معہ قانون حرکت اور اشکال جو کہ ایک جسم کي مستقیم حرکت قایم کرنے کے لیئے ضرور ہیں خواہ وہ جسم بے کسي روک کے رکھا ہوا ہو یا ڈھلاو پر ہو—حرکت اشیاء مدفوعہ اور حالتیں حرکت کي گرد مرکز قوۃ کے ●

۱۱—ہیڈراسٹیاٹکس یعني علم ثقل المایعات ہیڈرالکس یعني علم حرکات المایعات نیو میاٹکس یعني علم ثقل و حرکت ہوا ●

ان علوم میں سے مفصلہ ذیل مسایل پڑھائي جاوینگي ● ابتدای شکلیں نسبت خاصیت و انتقال اور مقدار دباو

مایعات کے اور حالتیں میزانی تیرتي ہوئي اجسام کي ● خاصیت لچک دار مایعات کي اور دباو جو اونسے پیدا ہوتے ہیں ●

ثقل اور طریقے اونکي مقرر کرنے کے ●

عام پمپ اور زور دینے والا پمپ ●

شکنجہ پاني کے دباو سے ●

بیرو میٹر یعني مقیاس الموسم ●

ہوا کا پمپ ●

دخاني کل ●

۱۲—اپٹکس (جیو مٹریکل) یعني علم مناظر بالہندسہ اس علم کے یہہ مضامین تعلیم میں ہونگے ●

قوانین عکس و انعکاس— عکس مسطح اینہ پر—عکس کروي آینہ پر—انعکاس شیشہ میں ہوکر ●

تفرق ضیاء شمس مختلف رنگ کي کرنوں میں—بیان آفتاب کي مجمع النور کا ●

truments; Camera-Obscura; Reflecting and Refracting Telescopes.

ACOUSTICS.

Nature of Sounds; mode of Propagations; Musical Tones, and simple propositions respecting them.

OPTICS. (*Physical.*)

Fundamental Hypothesis of the Undulatory theory respecting the Origin and Propagation of light.

General explanation of Interferences; formation of Newton's Rings with the description of simple experiments which elucidate the effects of Interference.

Polarized Light, with the description of simple experimental modes of producing it.

ASTRONOMY.

Systems of Great Circles to which the positions of Heavenly Bodies are referred. Principal phenomena depending on the Motion of the Earth round the Sun, and its Rotatory Motion round its own axis.

General description of the Solar System.

General Explanation of Lunar and Solar Eclipses

III. LOGIC AND RHETORIC.

IV. MENTAL AND MORAL PHILOSOPHY.

V. POLITICAL ECONOMY.

VI. GENERAL HISTORY. (*Anceint and Modern.*)

VII. NATURAL SCIENCE. *i. e.* Chemistry and one of the following :—

1. Animal Physiology.
2. Geology and Mineralogy.
3. Botany.
4. Zoology.

بیان آنکھہ کا — آلات متعلق علم مناظر — کیمرۂ ابسکورہ یعني وہ تاریک خانہ جو هر دیکھنے والي چیزیں میں هیں اور جسمیں شکلیں مبصرات کے معکوس منعکس هوتي هیں — دور بینیں عکسي اور انعکاسي ٭

۱۳ — اکوسٹکس یعني علم آواز — اس علم کے یہہ مضامین تعلیم میں هوں گے ٭

خاصیت آوازوں کي — طریقہ منتشر هونے آوازوں کا — پیدا هونا موسیقي آوازوں کا — اشکال جو اوس سے متعلق هیں ٭

۱۴ — آپٹکس (فزیکل) یعني علم مناظر طبعي اِس علم میں مضامین مندرجہ ذیل تعلیم هونگے ٭

اصولي مسئلہ نسبت اصلیت و پھیلاو روشني کي ٭

عام بیان عوارض کا — بناؤ نیوٹن کے چھلوں کا معہ حال اونکے تجربوں کا جنسے کہ اون عوارض کے اثر ظاهر هوتي هیں ٭

قطبي روشني معہ اون تجربوں کے حال کے جنسے وہ پیدا هوتي هی ٭

۱۵ — اسٹرانمي یعني علم هئیتہ النجوم — اِس علم میں مضامین مندرجہ ذیل درس میں هونگي ٭

انتظام دوایر عظام کا جنسے کہ اجرام سماوي متعلق هیں ٭

معظم قنامنا یعني تغیرات جوالسماء جو زمین کي حرکت گرد آفتاب پر منحصر هیں — زمین کي مستدیر حرکت گرد اپني محور کي ٭

عام حال نظام شمسي کا ٭

عام بیان کسوف و خسوف کا ٭

سویم لاجک اور رٹورک یعني علم منطق و علم بیان ٭

چہارم منٹل اور مارل فلاوفي یعني فلسفہ ذهني و اخلاقي ٭

پنجم پولیٹکل اکونمي یعني اصول علم انتظام و سیاست مدن ٭

ششم تاریخ عام قدیم و جدید ٭

VIII. Mohammedan Theology. *(Voluntary).*

The above-mentioned course will occupy the first four years of the student in the College Department. Out of the three daily Lectures, one is to be devoted to Languages, one to Mathematics, and one to the secondary subjects mentioned above.

The Secondary subjects may be taken in this order :—

1st year. General History *(Ancient and Modern).*

2nd „ Logic, Rhetoric, and Political Economy.

3rd „ Mental and Moral Philosophy.

4th „ Natural Science.

The Educational year will be divided into two Terms, each equal to four months and a half. About the end of each Term the students will be examined in the subjects which have engaged their attention during the Term. These examinations will be tests of their diligence, and if the result of the examination of a student holding a scholarship, is very unsatisfactory, the College authorities will have power to withdraw the scholarship from such student.

Besides these examinations, there will also be Annual Examinations, and Prizes and Scholarships will be awarded to deserving students.

At the end of the above-mentioned four years course, an examination will be held, which will correspond to the B. A. Examination in other Universities. It will be indispensable to pass this Examination before a student can be admitted into the Upper Department of the College.

After passing this Examination, the student

ششم نیچرل سایِنس یعني علوم طبعي—اس علم کي مفصلہ ذیل شاخیں پڑھائي جاویں گي ٭

کیمسٹري یعني علم کیمیا ٭

اور ایک علم مفصلہ ذیل علموں میں سے ٭

١— اینمل فزیالجي یعني علم تشریح حیوانات ٭

٢— جیالوجي—یعني علم الدورانِي حالات زمین کا اور منرالجي یعني علم معدنیات ٭

٣— باٹني یعني علم نباتات ٭

٤— زوالجي یعني علم الحیوان ٭

هفتم دینیات یعني فقہ و حدیث و تفسیر وغیرہ مذهب * اسلام ٭

٧— مذکورہ بالا سلسلہ تعلیم میں طالب علم کو چار برس مدرستہ العلوم میں صرف کرنے هونگے اور روز مرہ ایک سبق زبانوں کا هوگا اور ایک علوم ریاضي پر اور ایک باري باري سے دیگر علوم مختلف پر ٭

٨— علوم مختلف مذکورہ باري باري سے اس ترتیب سے پڑھائي جاوینگي ٭

سال اول میں—تاریخ عام قدیم و جدید ٭

سال دویم میں—منطق علم بیان و علم سیاست مدن ٭

سال سویم میں—فلسفہ ذهني و اخلاقي ٭

سال چهارم میں—علوم طبعیات ٭

٩— هر سال دو تعلیمي زمانوں میں منقسم هوگا اور هر ایک زمانہ ساڑھے چار مهینہ کا هوگا اوز اوسکا نام موعدالتعلیم رکها جاوے گا—قریب ختم هونے هر موعد کي طالب علموں کا امتحان اون علوم میں هوگا جو اس موعد میں اونهوں نے پڑھي هونگے ان امتحانوں سے اونکي محنت کا حال معلوم هوگا اور اگر کسي وظیفہ دار طالب علم کے امتحان کا نتیجہ نهایت خراب هوگا تو منتظمان مدرستہ العلوم کو اوسکے وظیفہ کے بند کر دینے کا اختیار هوگا ٭

* اسلام میں دونوں فرقے شیعہ و سني داخل هیں جو اپني اپني هب کے مدرسوں سے پڑھینگے ٭

vill have a right to enter the Upper Department of the College, and prosecute his studies a one particular branch of knowledge, in order o take Honours. The course for the Honour Examination will extend over two years, but a tudent may, at his choice, be a candidate for Ionours after the expiration of only one Academical year, if he thinks himself prepared for he Examination. If a student failing to take Honours in his first chance, appears again and ucceeds in taking Honours, his name will not tand in the list of successful candidates in order f merit, but at the bottom of the list separate rom the names of other successful students.

The student may choose one of the following branches of knowledge :—

I. LANGUAGE. *i. e.* one of the following :—

1. *Arabic* with Hebrew and Syriac and Comparative Philology of the Semetic Languages.
2. *English* with Anglo-Saxon and Comparative Philology of the Teutonic Stock of languages.
3. *Sanskrit* with Zend, Persian, and Philology.
4. *Sanskrit* with Prakrit and Pali, and Philology.
5. *Greek* and *Latin* with Philology.

II. MORAL SCIENCE. *i. e.* one of the following :—

1. *Logic, Rhetoric, Mental and Moral Philosophy.*
2. *Political Economy,* Political Philosophy and Science of History.

۱۰—علاوہ ان امتحانوں کے سالانہ امتحان بھي ہونگے جنکي نتيجوں کي مطابق انعام اور وظيفے مستحق طلباء کو عطا کيئے جاوينگي •

۱۱—اس سلسلہ تعليم کي چوتھے برس کے اخير ميں تمام علوم ميں جو اس سلسلہ تعليم ميں پڑھے ہونگے ايک امتحان ليا جاوے گا جوکہ سمجھا جاوے گا اور يولي ورسٹيوں کے بي-اے کي امتحان کے مانند اور ہر طالب علم کو درجہ اعلي مدرسۃ العلوم ميں داخل ہونے سے پہلے اس امتحان ميں کامل نکلنا ضرور ہوگا •

دفعہ ۱۲ قسم ۱—اس امتحان کي تکميل کے بعد طالب علم کو مدرسۃ العلوم کے اعلي درجہ ميں داخل ہونے اور کسي خاص علم کو مفاخرت کا امتحان دينے کے ارادہ سے بدرجہ کامل تحصيل کرنے کا حق حاصل ہوگا امتحان مفاخرت کے ليئے دو برس تک پڑھائي ہوگي مگر طالب علم کو اسبات کا اختيار ہوگا کہ اگر وہ ايک ہي برس کي پڑھائي کے بعد اپنے تئيں مفاخرت کا امتحان دينے کے قابل سمجھے تو امتحان دينيکو بيٹھے—مگر وہ طالب علم جو ايک دفعہ امتحان ميں نا کامل نکل کر دوسري امتحان ميں کامل نکلے گا تو اوس کا نام فہرست ميں اون کامياب طالب علموں کے ساتھہ جو پہلے ہي امتحان ميں کامل نکلے ہيں بہ ترتيب لياقت مندرج نہوگا بلکہ فہرست کے اخير ميں اور ان کامياب طالب علموں کے نام سے علاحدہ لکھا جاوے گا •

۲—مفاخرت کا امتحان دينے کے ليئے طالب علم کو اختيار ہي کہ مفصلہ ذيل علوم ميں سے ايک علم جونسا چاہے پسند کر لے •

اول زبان يعني کوئي ايک قسم مفصلہ ذيل ميں سے

۱—عربي معہ عبري و سرياني معہ علم اونکي مطابقت کي •

۲—انگريزي معہ اينگلو سياکسن اور معہ علم اونکي مطابقت کي •

۳—سنسکرت معہ ژند و فارسي اور معہ علم اونکي مطابقت کي •

۴—سنسکرت معہ پراکرت و پالي اور معہ علم اونکي مطابقت کي •

۵—گريک و ليٹن معہ علم اونکي مطابقت کي

دوم علوم اخلاق يعني کوئي ايک قسم مفصلہ ذيل ميں سے •

III. NATURAL PHILOSOPHY. *i. e.* one of the following :—

1. Mathematics (*Pure and Mixed.*)
2. Natural Sciences.

IV. MAHOMEDAN LAW, JURISPRUDENCE AND THEOLOGY.

The application for permission to appear in the Honour Examination, must be accompanied by a Dissertation on some important point of the subject in which the Candidate wishes to take Honours. The permission to appear in the Examination will depend on the approval of the Dissertation. The Candidate will have to aver by a written statement that he wrote the Dissertation without any one's assistance. This Examination will correspond to the M. A. Examination of other Universities.

Towards the end of the Term succeeding the one in which the Honour Examination is held, successful Candidates may compete in an examination held for awarding Fellowships. Each Candidate will be examined in his own particular branch of knowledge. The Examination for Fellowships may consist only of writing Essays in the Hall of the College. The examination may last three days. On each day the Candidate will be required to write an Essay on one of a number of subjects given by the Examiner. Six hours may be allowed for each Essay.

After the result of this examination is known, the Examiners will submit to the authorities of the College the number of marks which each Candidate has obtained in the examination. The marks thus gained by each Candidate, added to the marks which he obtained in his examination for Honours, will decide his election to a Fellowship.

There may be 30 Fellowships, each of the

۱—منطق معہ علم بیان و فلسفہ ذہنی و اخلاقی •

۲—علم الانتظام و سیاست مدن معہ فلسفہ متعلق بہ سیاست و فن تاریخ •

سوم فلسفہ طبعي یعنی ایک مفصلہ ذیل میں سے •

۱ علوم ریاضی •

۲ علوم طبعي •

چہارم دینیات * اسلامي یعني فقہ حدیث و تفسیر وغیرہ •

۳—درخواست امتحان مفاخرت کے ساتھہ طالب علم کو ہمیشہ اپنا تصنیف کیا ہوا رسالہ پیش کرنا ہوگا جو اوسنے اوس علم کے کسي مشکل مسئلہ پر تصنیف کیا ہو جسمیں کہ وہ امتحان مفاخرت دینا چاہتا ہی امتحان میں داخل ہونیکي اجازت اس رسالہ کے پسند ہونے پر منحصر ہوگي اور طالب علم کو تحریراً یہہ اقرار کرنا پڑیگا کہ اس رسالہ کے تصنیف میں کسي دوسرے شخص سے مدد نہیں لي ہی •

۴—یہہ امتحان اور یونی ورسٹیوں کي ایم اے کے امتحان کي مانند تصور کیا جاویگا •

دفعہ ۱۳ ضمن ۱—اوس موعد کي ختم ہونیکے قریب جو اوس موعد کے بعد آوے جسمیں مفاخرت کا امتحان ہوا تھا امتحان میں کامل نکلے ہوئے طالبعلموں کا واسطے عطا کرنے فلو شپ یعني وظیفہ رفاقت دارالعلوم کے پھر امتحان لیا جاویگا اور ہر طالب علم کا امتحان اوسي علم میں ہوگا جو اوسنے اختیار کیا ہی اور یہہ امتحان بیان مضمونوں کي لکھنے کے ذریعہ سے لیا جاریگا جو مدرستہ العلوم کي ایوان میں ممتحنوں کے سامنے لکھنے ہوں گي تین دن تک برابر یہہ امتحان ہوگا اور ممتحن متعدد مضمون طالب علم کو لکھہ کر دے گا اور اون میں سے ایک کا بیان مضمون طالب علم کو ہر روز لکھنا ہوگا اور چھہ گھنٹہ اوس بیان مضمون کي لکھنے کو مہلت دي جاویگي •

۲—اس امتحان کے ختم ہونے پر منتظمان مدرستہ العلوم کے سامنے ممتحن لوگ اون نمبروں کي تعداد پیش کرینگے جو ہر طالب علم کو اس امتحان میں ملي ہیں—یہہ نمبر اون نمبروں کے ساتھہ جمع کیئي جاوینگي جو ہر ایک طالب

* اسلامي اس لفظ میں دینیات شیعہ و سني دونوں داخل ہیں •

value of Rs. 600 a year. A Fellow of the University will receive board and rooms in College free.

Every Fellow of the University will be required to reside within the precincts of the University or in the University Town. But this obligation may be dispensed with in the case of those who leave the University Town with the *express* intention of prosecuting study in any other place of education.

A Fellow will also have to make a promise, not to receive any pecuniary compensation for teaching privately any student who belongs to the College.

Of the 30 Fellowships the number allotted for each subject will be as follows :—

Languages, ...	8
Mathematics, ...	5
Logic, Rhetoric and Philosophy, ...	4
Political Economy, Political Philosophy and Science of History, ...	4
Natural Sciences, ...	4
Mohamedan Law and Jurisprudence, ...	5

Besides these Fellowships, there may be sixty scholarships varying from Rs. 120 to 300 a year.

The annual amount of money spent in Fellowships and Scholarships will be as follows :—

30	Fellowships at	Rs. 600	=	Rs.	18,000
20	Scholarships	„ 120	„	„	2,400
20	„ „	„ 180	„	„	3,600
14	„ „	„ 240	„	„	3,360
6	„ „	„ 300	„	„	1,800
				Rs.	29,160

علم نے امتحان مقابلہ میں پائی تھی اور اسطرح پر جمع کرنے سے اسبات کا فیصلہ ہو جاویگا کہ وظیفہ رفاقت پانے کا کون کون طالب علم مستحق ہی ●

۳—تیس وظیفے رفاقت دارالعلوم کے ہونے چاہئیں اور ہر وظیفہ چھہ سو روپیہ سالانہ کا ہو— اور رفیق دارالعلوم کو علاوہ اوس وظیفہ کے کھانا اور رہنے کا مکان مفت دارالعلوم سے ملیگا ●

۴—ہر رفیق دارالعلوم کو حدود دارالعلوم میں یا اوس شہر میں جہاں دارالعلوم ہی رہنا پڑیگا مگر یہہ شرط ایسی حالت میں موقوف ہو سکتی ہی جبکہ طالب علم اس پر مطمئین کر دے کہ وہ درحقیقت دارالعلوم کو چھوڑ کر کسی علم کے تحصیل کو دوسری جگہہ جانا چاہتا ہی ●

۵—رفیق دارالعلوم کو یہہ بھی اقرار تحریری کرنا پڑیگا کہ وہ مدرسۃالعلوم کے کسی طالب علم سے جو بطور خانگی اوس سے پڑھتا ہو کچھہ معاوضہ نایگا ●

۶—تیس وظیفے رفاقت دارالعلوم کے مفصلہ ذیل علوم کی کامیابی پر طالب علموں کو دی جاوینگی ●

زبانوں کے تکمیل کی کامیابی کے لیئے ..	۸
علوم ریاضی کے تکمیل کی کامیابی کے لیئے ..	۵
علم منطق و بیان و فلسفہ کے تکمیل کی کامیابی کے لیئے	۴
علم انتظام و سیاست مدن و فن جغرافیہ و تاریخ کے تکمیل کی کامیابی کے لیئے ..	۴
علم طبعی کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے ..	۴
فقہ و حدیث و دینیات اسلامی * کے تکمیل کی کامیابی کے لیئے	۵
میزان	۳۰

دفعہ ۱۵ ضمن ۱—رفاقت دارالعلوم کے وظیفوں کے سوا ساٹھہ وظیفے اور طالب علموں کے لیئے ہونے چاہئیں جنکی مقدار ایکسو بیس روپیہ سالانہ سے تین سو روپیہ سالانہ تک ہو ●

۲—پس سالانہ خرچ رفقای دارالعلوم کی وظیفوں اور طالب علموں کے وظیفوں کا حسب تفصیل ذیل ہوگا ●

* لفظ دینیات اسلامی میں دونوں فرقے شیعہ و سنی داخل ہیں ●

A Fellowship will be tenable for seven years, and a Scholarship only for one year. But at the end of every year, a scholar who has done well in his Annual Examination will be elected to another scholarship of an equal or higher value.

A Fellow should not be elected again at the end of the seven years of his fellowship, unless for some extraordinarily especial reason.

If a Fellow is appointed to a Lecturership in the College, he will cease to receive his yearly allowance from the Fellowship Fund, but will continue to be an Honorary Fellow of the University with the rest of the privileges of a Fellowship, as long as he remains a Lecturer in the University. There will be as many Lecturerships in the College as may be necessary for instruction in the different branches of knowledge above-mentioned. The allowance to each Lecturer will vary in amount, and the office will be tenable for life unless there is any special reason against such a course. In case of infirmity either on account of age or any accident which unfits the Lecturer for the performance of his duties, the University may give a pension and appoint a new Lecturer instead. A retired Lecturer who also held an Honorary Fellowship, will continue to hold it for life.

The Fellows will form the governing body of the University. They will meet at least once a Term in the Combination Room to decide points concerning the management of the University. The Senior Fellow will be considered as the President of the Meeting, and will have the casting vote. He will also be considered as the Head of the College.

Whenever the Fellows meet for deciding any point concerning education, the Lecturers who at the same time are not Honorary Fellows, will have a right to appear in the Combination

وظیفه های رفقای دارالعلوم

تعداد وظیفه	ماهواری	یکساله	میزان
۳۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
وظیفه های طالب علمی			
۲۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹۰			[illegible]

۱ـــوظیفه رفاقت دارالعلوم سات برس تک جاری رهیگا [illegible] ایک سال تک لیکن هر سال کے اخیر [illegible] هر طالب علم [illegible] امتحان [illegible] دیگا اوسکو اوسیقدر یا اوس سے بهي زیادة وظیفه پهر ملیگا •

۲ـــرفیق دارالعلوم سات برس کے بعد بجز کسي نهایت خاص حالت کے دوبارة مقرر نهو سکیگا •

۳ـــاگر کوئي رفیق مدرسةالعلوم میں مدرس مقرر هو جاوے تو اوسکو سالانه وظیفه رفاقت ملنا موقوف هو جاویگا مگر اعزازي رفیق دارالعلوم کا متصور هوگا اور وظیفه کے سوا جو اور حقوق رفقای دارالعلوم کے لیئے هیں جب تک که وة مدرس رہے بحال و قایم رهینگے •

دفعه ۱۶ـــعلوم مذکورة بالا کي تعلیم کے لیئے جسقدر مدرسوں کي ضرورت هوگي نوکر رکهے جاوینگے اونکي تنخواهیں مختلف هونگي اور وة عهدة اونکے لیئے بجز کسي خاص حالت کي اونکے زندگي بهر کے لیئے هوگا اگر کوئي مدرس ناطاقت یا ضعیف هو جاوے یا کوئي ایسا صدمه پهونچے جس سے که وة اپنے عهدة کا کام انجام نکر سکے تو دارالعلوم سے اوسکو ایک پنشن مناسب ملني چاهیئے اور نیا مدرس اوسکے جگهه مقرر هوگا اور پهلا معزول اگر اعزازي رفیق بهي هو تو بدستور اپنے زندگي تک اعزازي رفیق رهیگا •

دفعه ۱۷ـــیهي رفقای دارالعلوم منتظمان دارالعلوم بهي هوں گے اور هر موسم میں کم سے کم ایک دفعه دارالعلوم کے ایوان میں امورات متعلق دارالعلوم کي انتظام و تصفیه کرنیکو اجلاس کیا کریں گے سب سے پهلا رفیق دارالعلوم کا میر مجلس هوگا اور اوسکو ترجیح

Room, and give votes like the Fellows of the University.

Under the superintendence of the Senior Fellow, the Fellows of the University will write Annual Reports to this Committee, and receive their sanction as to the expenditure for the succeeding year.

Any person desirous of joining the University, without an intention to pursue exactly the fixed course, but only for the study of some especial subject, may, on receiving the especial permission of the College authorities, enter the University; but he will be barred from obtaining any pecuniary rewards offered by the University. He will however have to reside within the precincts of the University and under its discipline.

* The College authorities will also have power to allow persons desirous of attending lectures only upon some especial subjects, to do so on payment of fees. But such persons will not be considered students of the University, nor will they be required to reside within its precincts or under its discipline.

The College should be situate, as has been decided by this Committee, at Allygurh. But the School Department of the University will comprise schools, similar to the one above-mentioned, situate in other towns wherever it will be possible to establish a school for preparing students for the College Department of the University.

S. M. M.

ایک ہی زیادہ دینے کا حق ہوگا اور وہ مدرسۃ العلوم کا امر بھی سمجھا جاویگا •

دفعہ ۱۸ — جبکہ رفقای دارالعلوم کسی امر متعلق بہ تعلیم کی انتظام کے لیے جمع ہوں تو وہ مدرس بھی جو امتیازی رفیق نہیں ہیں اوس اجلاس میں آنے اور مثل رفیق دارالعلوم کی رای دینے کے مجاز ہونگے •

دفعہ ۱۹ — رفقای دارالعلوم بذریعہ اوس رفیق کے جو مہتمم مجلس ہو اپنی سالانہ رپورٹ کمیٹی خزانۃ البضاعۃ لتاسیس مدرسۃ العلوم المسلمین میں (جسکو میں لتاسیس دارالعلوم المسلمین کہنا چاہتا ہوں) پیش کرینگے اور اخراجات سال آیندہ کی منظوری کمیٹی سے لینگے •

دفعہ ۲۰ — کوئی شخص جو کہ اس دارالعلوم میں کسی خاص علم کی تحصیل کرنے کو داخل ہونا چاہے اور اس تمام سلسلۂ تعلیم کو جو دارالعلوم میں مقرر ہو پڑھنا نہ چاہے تو اجازت خاص منتظمان دارالعلوم سے حاصل کرکر مدرسۃ العلوم میں داخل ہو سکتا ہے لیکن کسی وظیفہ کے پانیکا جو دارالعلوم سے ملتا ہے مستحق نہوگا تاہم اوسکو اندرون حدود دارالعلوم اور بہ تبعیت قواعد معینہ دارالعلوم کے رہنا ہوگا •

دفعہ ۲۱ — منتظمان مدرسۃ العلوم کو یہہ بھی اختیار ہوگا کہ * ایسے اشخاص کو جو کہ مدرسۃ العلوم میں کوئی خاص علم یا علوم پڑھنا چاہیں باداے فیس پڑھنے کی اجازت دیں لیکن یہہ اشخاص طالب علم دارالعلوم کے متصور نہونگے اور نہ اونکو حدود دارالعلوم میں اور بہ تبعیت قواعد دارالعلوم کے رہنا پڑیگا •

دفعہ ۲۲ — دارالعلوم کا بلا شبہہ علیگڈھ میں مقرر ہونا چاہیئے جیسا کہ کمیٹی فیصل کر چکے ہیں مگر مدرسے دارالعلوم کے مختلف مقاموں اور شہروں میں بھی جہاں کہیں کہ ممکن ہو مقرر ہونی چاہیئیں اور جو مدرسہ مشابہ مدرسہ مجوزہ دارالعلوم کے ہوں اونکو اپنے ساتھہ شامل کر لینا چاہیئے تاکہ مدرسۃ العلوم کے لیے بہت سے طالب علم ہر ایک مقام پر طیار ہو سکیں •

العبد المفتقر الی اللہ الودود

محمد محمود

* This rule gives an opportunity to the Hindoos of availing themselves of the University Lectures.

* اسی قاعدہ سے ہندوؤنکو بھی مدرسۃ العلوم میں پڑھنے کا موقع ہاتھہ آجاوے گا •

MEDICAL HALL PRESS, BENARES.—26-2-72—750.